
# لقمانی فارمولے

قدیم و جدید نادر معالجات کے راز 1200 سے زائد مجرب فارمولے



PDFBOOKSFREE.PK

مکتبہ دانیال

www.pdfbooksfree.pk

دانیال طبی مطبوعات

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

## نامور اکابرین اطبائے قدیم و جدید کے تقریباً

## 1200

# لقمانی فارمولے

افاداتِ عالیہ

حکیم سید احمد علی شاہ صاحب دام برکاتہم

حکیم سید سید علی شاہ صاحب عطاری الحق اللہ مقامہ

حکیم چوہدری محمد علی توکلی مرحوم و مغفور


ترتیب و تدوین

حکیم شیخ محمد عمران صاحب

تحریر جدید

ڈاکٹر حکیم محمد عبدالوحید عطاری

ناظم مطب دارالصحت کوٹلی سیالکوٹ



ناشر

مکتبہ دانیال

جلال الدین ہسپتال بلڈنگ سرکلر روڈ چوک اردو بازار لاہور

غزنی سٹریٹ اردو بازار لاہور

فون 0333-4575648, 042-7660736

www.maktabahdaniyal.com


www.pdfbooksfree.pk

جملہ حقوق بحق ناشر محفوظ ہیں

محمد ابوبکر صدیق

نے

ندیم یونس پرنٹرز لاہور

سے چھپوا کر مکتبہ دانیال لاہور

سے شائع کی

قیمت-/500روپے

PAKISTAN VIRTUAL LIBRARY
www.pdfbooksfree.pk

مکتبہ دانیال

جلال الدین ہسپتال بلڈنگ سرکلر روڈ چوک اُردو بازار لاہور

غزنی سٹریٹ اُردو بازار لاہور

www.maktabahdaneyal.com

www.pdfbooksfree.pk



باب 1:

# امراض چشم

آنکھ کو عربی میں عین اور فارسی میں چشم کہتے ہیں یہ اعضائے شریفہ میں سے ایک مرکب عضو ہے جو قوت بصارت کا آلہ ہے تعداد میں دو اور الگ الگ خانوں میں محفوظ رہتی ہیں۔ جدید اطباء کے نزدیک ہر آنکھ میں سات عضلے دو ہڈیاں تین رطوبتیں اور پانچ پردے ہوتے ہیں اس میں وریدیں شریانیں اور اعصاب بھی ہوتے ہیں۔

آنکھیں اللہ عزوجل کی عظیم نعمت ہیں اس نعمت کا بے جا استعمال اور غیر شرعی استعمال انسان کو شدید مصائب و امراض میں مبتلا کر دیتا ہے۔

یہ آنکھیں آپ کے دیدار کی طالب ہیں مدت سے
رخ پرنور سے پردہ ہٹا دو یا رسول اللہ ﷺ

## کیفیت نبض:

اگر کسی کی بائیں نبض قوی ہو تو اس کا دل و دماغ مضبوط ہوں گے ذہانت اور حافظہ مضبوط ہوگا سینہ وسیع پھیپھڑے طاقتور آنکھیں گول اور بڑی ناک کا سرا موٹا' چہرا گول اور آنکھوں کی روشنی تیز ہوگی جب کہ اگر کسی کی دائیں نبض قوی ہو تو اس کا چہرہ لمبا ناک کا سرا باریک آنکھیں بادامی اور چھوٹی ہوں گی۔

قوی نبض سے مراد ایسی نبض جو طویل عریض اور مشرف ہو۔

## آشوب چشم:

دھوپ میں زیادہ چلنے پھرنے زیادہ گرم اشیاء کا استعمال وغیرہ سے صفراوی مادہ سر کی طرف رجوع کرتا ہے جس سے آنکھیں متورم اور سرخ ہو جاتی ہیں اکثر پتلی رطوبت مترشح ہوتی رہتی ہے عموماً صبح بستر سے اٹھنے پر آنکھیں چپک جاتی ہیں شدید درد کے ساتھ ساتھ رڑک بھی ہوتی رہتی ہے۔ چھوٹے بچوں کے دانت نکلنے کی وجہ سے بھی بسا اوقات آنکھیں دکھنا شروع ہو جاتی ہیں نزلہ زکام حار اور گرد وغبار اور شدید دھواں بھی اسباب میں شامل ہے۔

## 1- سرمہ آشوب چشم

**عنایت:** حکیم غلام یٰسین ملتان

**ھوالشافی:** سرمہ سیاہ ایک تولہ' رسونت ایک تولہ' نیلا تھوتھا ڈیڑھ ماشہ' افیون چھ ماشہ' پھٹکڑی

بریاں ایک تولہ۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو مثل غبار بنالیں اور سنبھال رکھیں۔

**ترکیب استعمال:** ایک ایک رتی سلائی آنکھ میں لگائیں۔

**فائدہ:** ایک یا دو دن میں نہ صرف رطوبات کا اخراج بند ہوجائے گا بلکہ سرخی چشم اور درد وغیرہ بھی ختم ہوجائے گا۔

## 2- ہمدرد لوشن

**عنایت:** زبدۃ الحکماء استاد الحکماء جناب محمد الیاس قادری صاحب گجرات (ہند)

**ہوالشافی:** ایکری فلیوین پندرہ ملی گرام' عرق گلاب ایک اونس۔

**ترکیب تیاری:** دونوں کو آپس میں ملا کر محفوظ رکھیں۔

**ترکیب استعمال:** دو دو قطرے ہر آنکھ کی نذر کریں۔

**فائدہ:** پہلے ہی دن درد ختم اور آنکھوں کی سرخی کم ہوجائے گی چند دنوں کا استعمال صحت کا ضامن ہے بنائیں اور دعائیں لیں۔

## 3- راحت لوشن

**عنایت:** جناب حکیم محمد ندیم کاٹھیا کاٹھیا وار (ہند)

**ہوالشافی:** طوطیا ایک رتی' نوشادر دو رتی' عرق گلاب سہ آتشہ ڈھائی تولہ۔

**ترکیب تیاری:** پہلی دونوں ادویات کو خوب غبار بنالیں پھر عرق گلاب میں ملا کر ڈراپر میں بھر لیں اور محفوظ رکھیں۔

**ترکیب استعمال:** دو دو قطرے دونوں آنکھوں میں ڈالیں اور ہر چیز بھول جائیں۔

**فائدہ:** ککرے سوجن' جالا' پھولا' درد' گرد وغبار اور سرخی ختم ہوجائے گی۔

**توجہ:** نوشادر کو تھوڑے سے پانی میں جوش دیں جب پانی خشک ہوجائے تو اتار کر نسخہ میں شامل کریں۔

## 4- تریاقی لوشن

**عنایت:** شمس الحکماء حکیم رام رتن صاحبہ ملک پور انبالہ (انڈیا' ہند)

**ہوالشافی:** کشتہ جست دس تولہ' سرمہ سیاہ دس تولہ' سفیدہ کاشغری دو تولہ' زنگار سبز ڈیڑھ ماشہ' سمندر جھاگ دو ماشہ۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو نہایت باریک پیس کر مثل غبار بنالیں۔

**ترکیب استعمال:** ایک ایک سلائی دونوں آنکھوں میں لگائیں۔

www.pdfbooksfree.pk



**فائدہ:** آشوب چشم' جالا و پھولا اور دمعہ کو جڑ سے اکھاڑنے میں اپنی نظیر آپ ہے۔

## 5- رفیق چشم

**عنایت:** زبدۃ الحکماء حکیم مولوی محمد یار خان صاحب للیانی ضلع لاہور۔

**ہوالشافی:** زنگار سبز تین ماشہ' سفیدہ کاشغری چھ ماشہ' زعفران دو ماشہ' افیون تین ماشہ' کشتہ جست دو تولہ' سمندر جھاگ مصفی چھ ماشہ۔

**ترکیب تیاری:** سب کو نہایت باریک کرکے شیشی میں سنبھال رکھیں۔

**ترکیب استعمال:** دو دو سلائی رات کو آنکھوں میں لگائیں۔

**فائدہ:** دھندلا' جالا' آشوب چشم' سرخی' آنکھوں میں خارش میں نہایت جید الاثر ہے۔

## 6- اکسیر چشم

**عنایت:** فخر الحکماء حکیم عبدالستار صاحب عباسی جھوڑ کھیڑہ فیروز پور (ہند)

**ہوالشافی:** نوشادر ٹکیہ چار تولہ' افیون ایک ماشہ' گائے کی چھاچھ آدھ پاؤ' پرات پیتل ایک عدد' کٹوری پیتل ایک عدد۔

**ترکیب تیاری:** پہلے دونوں دواؤں کو نہایت باریک کرکے پیتل کی پرات میں ڈال دیں پھر گائے کی چھاچھ جو کپڑے سے چھان لی گئی ہو تھوڑی تھوڑی ڈالتے جائیں اور کٹوری سے گھس جب لیپ کی صورت ہوجائے تو خشک کرکے نہایت باریک پیس لیں۔

**ترکیب استعمال:** آشوب چشم ہو تو سلائی سے آنکھ میں لگائیں اور ککروں پر بقدر ضرورت چھڑک دیں۔

**فائدہ:** آشوب چشم' پانی بہنا' سرخی اور ککروں میں سریع الاثر دوا ہے۔

## 7- تسکینی ڈراپ

**عنایت:** محبوب الاطباء حکیم عبدالرحیم رحمانی صاحب جلال آباد ضلع مظفر نگر۔

**ہوالشافی:** پھٹکڑی سفید تین ماشہ' افیون چار رتی' عرق گلاب پانچ تولہ۔

**ترکیب تیاری:** پہلے دونوں دواؤں کو نہایت باریک کرکے عرق گلاب میں حل کرلیں ڈراپ تیار ہیں۔

**ترکیب استعمال:** دو دو قطرے صبح وشام آنکھوں میں ڈالیں۔

**فائدہ:** پہلے دن ہی درد ختم ہوجاتا ہے سرخی چشم اور آب چشم کے لئے نہایت مفید الاثر ہے۔

## 8- عرق چشم

**عنایت:** زبدۃ الحکماء حکیم محمد عبداللہ صاحب طبیب یونانی سرکار عالی تعلقہ شوار پور (ہند)

**ھوالشافی:** پھٹکڑی سفید خام ایک ماشہ، عرق گلاب پانچ تولہ۔

**ترکیب تیاری:** پہلی دوا کو نہایت باریک پیس کر عرق گلاب میں حل کر لیں دوا تیار ہے۔

**ترکیب استعمال:** دو دو قطرے آنکھوں میں ڈالیں۔

**فائدہ:** آشوب چشم اور سرخی کے لئے نہایت مفید ہے۔

## 9- سرمہ شفا

**عنایت:** ابوالاعجاز حکیم سید شفا القادری صاحب ریاست بیکانیر (ہند)

**ھوالشافی:** کشتہ جست، سرمہ سیاہ ہر ایک دو دو ماشہ، زنگار سبز ساڑھے تین ماشہ، افیون ساڑھے تین ماشہ، سفیدہ کاشغری چار ماشہ، سمندر جھاگ چار ماشہ۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو نہایت احتیاط کے ساتھ مانند سرمہ پیس لیں اور شیشی میں محفوظ رکھیں۔

**ترکیب استعمال:** رات کو دو دو سلائی آنکھوں میں سجائیں۔

**فائدہ:** آشوب چشم نزلی، ککرے، خارش، دھند، جالا اور ضعف بصر وغیرہ میں اسم بامسمیٰ ہے۔

## 10- عرق العین

**عنایت:** ویہاری لال شرما راولپنڈی۔

**ھوالشافی:** پھٹکڑی خام دو رتی، افیون تین ماشہ، زعفران تین ماشہ عرق گلاب دو تولہ۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو نہایت باریک پیس کر عرق گلاب میں حل کر کے شیشی میں محفوظ رکھیں۔

**ترکیب استعمال:** ہر چار گھنٹے بعد چار بوند آنکھ میں ڈالیں۔

**فائدہ:** درد چشم، سرخی، جالا وغیرہ میں اکسیر الاثر معمول مطب ہے۔

## 11- عرق آشوب چشم

**عنایت:** حکیم محمد عبدالعزیز صاحب بھلوال (شاہ پور)

**ھوالشافی:** پھٹکڑی بریاں دس رتی، بورک ایسڈ پانچ رتی، عرق گلاب سہ آتشہ پانچ تولہ۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو نہایت باریک کر کے عرق گلاب میں حل کر لیں۔

**ترکیب استعمال:** دو دو قطرے صبح و شام آنکھوں میں ڈالیں۔

www.pdfbooksfree.pk



**فائدہ:** درد چشم، سرخی چشم اور جالا وغیرہ میں نہایت مفید ہے۔

## 12- پچکاری چشم

**عنایت:** حکیم غلام نبی صاحب حافظ آباد۔

**ھوالشافی:** پھٹکڑی خام تین ماشہ، رسونت مصفی تین ماشہ، مصری ایک ماشہ، افیون چھ رتی، نیلا تھوتھا تین رتی، عرق گلاب پانچ تولہ۔

**ترکیب تیاری:** سب کو خوب پیس کر عرق گلاب میں حل کر لیں۔

**ترکیب استعمال:** دو دو قطرے تین وقت ڈالیں۔

**فائدہ:** درد چشم میں نہایت مفید المجرب ہے۔

## 13- عرق شفا

**عنایت:** حکیم غلام حسین صاحب ردولی شریف

**ھوالشافی:** رسونت تین ماشہ، افیون تین ماشہ، پھٹکڑی ایک ماشہ، عرق گلاب پانچ تولہ۔

**ترکیب تیاری:** سب دواؤں کو نہایت باریک پیس کر عرق میں حل کر لیں۔

**ترکیب استعمال:** ایک یا دو قطرے دن میں دو وقت آنکھوں میں ڈالیں۔

**فائدہ:** آنکھوں کی جملہ امراض مثلاً آشوب چشم، دھند جالا، ککرے وغیرہ میں جید الاثر ہے۔

## 14- جالا اور پھولا

**ابتدائیہ:** آنکھ کی پتلی پر چیچک کے باعث یا چوٹ یا زخم وغیرہ کے باعث سفیدی پیدا ہو جاتی ہے اگر یہ سفیدی ہلکی ہو تو اسے جالا کہتے ہیں۔ اور اگر اس میں غلظت پیدا ہو جائے اور جگہ ابھری ہوئی ہو تو اسے پھولا سے موسوم کرتے ہیں یہ پھولا بسا اوقات اس قدر بڑا ہو جاتا ہے کہ آنکھ سے باہر بآسانی دکھائی دیتا ہے۔

## 15- روشنایا

**عنایت:** حاذق العصر حکیم محمد یحییٰ صاحب راولپنڈی۔

**ھوالشافی:** جست شگفتہ چھ ماشہ، کہرباشمعی چھ ماشہ، شادنج مغسول چھ ماشہ، مس سوختہ تین ماشہ، میل چاندی تین ماشہ، ارمنی تین ماشہ، فلفل دراز ایک ماشہ، زعفران ایک ماشہ، زنگار ایک ماشہ، صبر سقوطری ڈیڑھ ماشہ، عرق گلاب بقدر ضرورت۔

**ترکیب تیاری:** تمام دواؤں کو نہایت باریک پیس کر پارچہ بیز کر لیں پھر عرق گلاب میں ملایہ کرکے مٹی کے برتن میں نرم آنچ دیں سرد ہونے پر کھرل کر کے مثل غبار بنالیں۔

**ترکیب استعمال:** جست کی سلائی سے روزانہ صبح وشام آنکھوں میں لگائیں۔
**فائدہ:** بیاض ضعف بصر ابتدائے نزول الماء ومعہ قرحۃ العین میں نہایت مفید ہے۔

## 16- اکسیر جالا و پھولا

**عنایت:** جناب حکیم سردار عطاء اللہ شاہ صاحب چنز پور میرٹھ باب اسلام سندھ
**ھوالشافی:** ہاتھی کے ناخن ایک تولہ آب برگ سرس سو گرام۔
**ترکیب تیاری:** آب برگ سرس میں ہاتھی کے ناخن کو خوب کھرل کریں اور مثل سرمہ بنالیں۔
**ترکیب استعمال:** روزانہ سرمچو سے آنکھوں میں لگائیں۔
**فائدہ:** ایک ماہ کا استعمال جالا و پھولا کو ختم کردے گا۔

## 17- تریاق پھولا

**عنایت:** جناب حکیم سید ضیاء اللہ صاحب شاہ خیر پور میرٹھ باب الاسلام سندھ
**ھوالشافی:** نوشادر پچاس گرام آب برگ سرس سو گرام
**ترکیب تیاری:** نوشادر کو آب برگ سرس میں تر و خشک کرکے یا طریقہ معروف جوہر اڑائیں اور سنبھال رکھیں۔
**ترکیب استعمال:** آدھا چاول نہایت احتیاط سے پھولا پر لگائیں۔
**فائدہ:** اس کے استعمال سے سفیدی اوپر کو ابھر آتی ہے اور ٹکڑے ٹکڑے ہوکر نکل جاتی ہے۔

## 18- تریاق جالا

**عنایت:** جناب حکیم محمد ابوبکر شاہ صاحب خیر پور میرٹھ باب السلام سندھ
**ھوالشافی:** برگ سرس ایک تولہ ادرک سبز تین ماشہ پانی بقدر ضرورت
**ترکیب تیاری:** دونوں کو قدرے پانی لگا کر خوب رگڑیں اور صاف کپڑے سے چھان لیں جب پانی نتھر جائے تو شیشی میں ڈال لیں۔
**فائدہ:** ایک قطرہ آنکھ میں ڈالیں اگرچہ سخت لگے گا مگر جالے کو نیست و نابود کردے گا اس معمولی نسخے کے فوائد کا اندازہ بعد استعمال معلوم ہوگا بتائیں اور دعائے مدینہ سے نوازیں۔

## 19- سرمہ پھولا

**عنایت:** جناب حکیم محمد ظفر اقبال صاحب ساہیوال
**ھوالشافی:** نوشادر ایک تولہ نمک سیندھا ایک تولہ ایلوا ایک تولہ سرمہ سیاہ تین تولہ

www.pdfbooksfree.pk



**ترکیب تیاری:** تمام دواؤں کو کھرل کرکے شیشی میں محفوظ رکھیں
**ترکیب استعمال:** سلائی سے صبح وشام پھولا پر لگائیں۔
**فائدہ:** پھولا کو ختم کردیتا ہے۔

## 20- سرمہ منور العین

**عنایت:** جناب حکیم غلام محمد صاحب گجرات
**ھوالشافی:** بورک ایسڈ ایک تولہ کوزہ مصری ایک تولہ تخم نیل ایک تولہ تخم سرس تین ماشہ کیلومل چھ ماشہ۔
**ترکیب تیاری:** تمام کو نہایت باریک کرکے پارچہ بیز کرلیں اور محفوظ رکھیں۔
**ترکیب استعمال:** رات کو سوتے وقت سلائی سے آنکھوں میں لگائیں۔
**فائدہ:** ضعف بصر، ککرے اور دھند جالا میں نہایت مفید ہے۔

## 21- سرمہ شافی

**عنایت:** حکیم سائیں نظیر حسین صاحب باب المدینہ کراچی
**ھوالشافی:** برادہ مس ایک تولہ قلمی نوشادر دس تولہ طوطیا زنگاری خالص ایک تولہ نمک سنگ ایک کلو۔
**ترکیب تیاری:** ایک آہنی کڑاہی میں پہلے نمک باریک شدہ بیس تولہ فرش کریں پھر اس فرش پر نصف نوشادر باریک شدہ کی تہہ لگادیں اس تہہ پر طوطیے کی سالم ڈلی رکھ دیں اوپر باقی نوشادر باریک شدہ کی تہہ لگادیں بعدہ برادہ مس کو نوشادر کر لگادیں پھر ایک پیالہ مٹی کا ان ادویات پر رکھ دیں مگر پیالہ بڑا ہو تاکہ دوا سے چسپاں نہ ہو اب باقی نمک کو پیالہ کے اوپر اچھی طرح جما دیں تاکہ پیالہ کا منہ ہر طرف سے بند ہوجائے۔ اب اس آہنی کڑاہی کو آہنی انگیٹھی پر رکھیں اور نیچے دو گھنٹے درمیانی آگ جلائیں بعدہ حفاظت کے ساتھ پیالہ اٹھائیں پیالہ کے ساتھ جو دوا لگی ہوگی نہایت احتیاط سے شیشی میں محفوظ رکھیں اور جو طوطیا کی سفید ڈلی برآمد ہوا کسیر آتشک ہے یہ الگ باریک کرلیں اور محفوظ رکھیں۔
**ترکیب استعمال:** سرمہ شافی رات کو سوتے وقت سلائی سے آنکھوں میں لگائیں اور اکسیر آتشک تین رتی مکھن دو تولہ سے صبح وشام استعمال کریں۔
**فائدہ:** سرمہ شافی کے استعمال سے ایک ہفتے کے اندر اندر انشاء اللہ عزوجل جالا و پھولا ختم ہوکر آنکھیں روشن ہوجائیں گی۔ جبکہ اکسیر آتشک سے آتشک کا مرض ختم ہوجائے گا۔
**پرہیز:** دوران علاج ترشی اور سرخ مرچ سے پرہیز واجب ہے۔

## 22- پھولا نل

**عنایت:** حکیم چوہڑ سنگھ لکھا حویلی پاک پتن

**ھوالشافی:** سوہن، پھٹکڑی، قلمی شورہ، سمندر جھاگ، چوڑی کانچ نیلی ہرایک ایک تولہ، افیون چھ ماشہ، ایک پاؤ برگ نیم سبز کا پانی۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو آب نیم میں خوب کھرل کریں اور خشک ہوجائیں تو باریک کپڑے سے چھان کر بوتل میں محفوظ رکھیں۔

**ترکیب استعمال:** روزانہ رات کو سوتے وقت آنکھوں میں لگائیں۔

**فائدہ:** جالا و پھولا ختم کردے اور پھر پیدا نہ ہونے دے۔

## 23- رفیق چشم

**عنایت:** ڈاکٹر عبدالحکیم صاحب نور پور (کانگڑہ)

**ھوالشافی:** کشتہ جست، دھریک کی نازک کونپلیں، قلمی شورہ ہرایک ایک تولہ، صدف سچا ڈیڑھ تولہ، خرمہرہ زرد تین عدد، سمندر سوکھ، سرد چینی، ست لیموں، نمک سیدہ، غنچہ چنبیلی، بلکھ، تخم سرس، ست پودینہ، نوشادر ہرایک چھ چھ ماشہ، پھٹکڑی نو ماشہ، ست الائچی چار ماشہ

**ترکیب تیاری:** سب کو نہایت باریک مثل سرمہ کرلیں

**ترکیب استعمال:** روزانہ رات کو سوتے وقت سلائی کے ساتھ آنکھوں میں ڈالیں۔

**فائدہ:** پھولا، جالا، ککرے، سرخی اور پانی آنے میں نہایت جیدالاثر ہے۔

## 24- بیاض چشم

**عنایت:** زبدۃ الحکماء حکیم بشیر احمد صاحب حیدرآباد دکن (انڈیا)

**ھوالشافی:** قرنفل تین تولہ، شیر عشر بقدر ضرورت، کافور چھ ماشہ۔

**ترکیب تیاری:** قرنفل کو شیر عشر میں ایک پہر کھرل کریں قرص بنا کر ایک سکورے میں رکھ کر اوپر کافور ڈال دیں پھر گل حکمت کرکے نیچے چراغ جلائیں اور جوہر حاصل کریں۔

**ترکیب استعمال:** جوہر بقدر دانہ خشخاش سلائی سے آنکھوں میں ڈالیں۔

**فائدہ:** بیاض چشم کا آخری علاج ہے جو نہایت ہی مجرب ہے کبھی خطا نہیں ہوتی۔

## 25- اکسیر بیاض

**عنایت:** حکیم محمد احسان الٰہی صاحب کلکتہ (انڈیا)

**ھوالشافی:** تخم سرس سیاہ، ناخن فیل، سعد کوفی، سنگ بصری ہرایک پانچ پانچ ماشہ، زعفران

www.pdfbooksfree.pk



اصلی، فلفل دراز، فلفل ابیض، پوست ہلیلہ زرد، پوست ہلیلہ سیاہ، دانہ فرنگ، میرہ چینی، ہرایک تین ماشہ، مار تشیشائے خرھی، تخم کھرنی، پیتال، کبوتر صحرائی ہرایک چار ماشہ، قرنفل ایک ماشہ، لیموں کا پانی بقدر ضرورت۔

**ترکیب تیاری:** سب ادویات کو باریک پیس کر آب لیموں میں تین دن تک کھرل کریں پھر شیاف بنالیں۔

**ترکیب استعمال:** یہ شیاف دو مرتبہ صبح اور دو مرتبہ شام آنکھوں میں لگائیں۔

**فائدہ:** نزول الماء، سبل و بیاض، ناخنہ و دمعہ اور ضعف بصر میں اکسیر لاثانی ہے۔

## 26- مشتاق چشم

**عنایت:** حکیم محمد فضل کریم صاحب دلاور پور مونگیر

**ھوالشافی:** پھٹکڑی بریاں ایک تولہ، کشتہ جست چار ماشہ، گل چنبیلی چار سو عدد، گل کنجد چار سو عدد، فلفل ابیض اسی عدد۔

**ترکیب تیاری:** سب ادویات کو نہایت باریک مثل سرمہ پیس لیں اور محفوظ رکھیں۔

**ترکیب استعمال:** روزانہ رات کو سوتے وقت دو دو سلائی آنکھوں میں لگائیں۔

## 27- اکسیر جالا و پھولا

**عنایت:** حکیم فقیر احمد صاحب حیدرآباد دکن (انڈیا)

**ھوالشافی:** ناخن فیل، مونگ، صابن لاہوری، چوڑی کانچ سبز ہرایک ایک تولہ، سندھور چھ ماشہ

**ترکیب تیاری:** سب اشیاء کو خوب کھرل کرکے سرمہ کی مثل کرلیں اور سنبھال رکھیں۔

**ترکیب استعمال:** رات کو یا وقت ضرورت سلائی سے آنکھوں میں لگائیں۔

## 28- اکسیر چشم

**عنایت:** حکیم محمد عبدالکریم صاحب معکر بنگلور (انڈیا)

**ھوالشافی:** سنکھ کانچ کی سیاہ چوڑیاں، کچی چینی، ہرایک دو تولہ، سرب ایک تولہ، نوشادر، فلفل دراز چھ ماشہ، عرق گلاب، سہ آتشہ حسب ضرورت

**ترکیب تیاری:** سب ادویات کو نہایت باریک مثل سرمہ پیس لیں دوران کھرل عرق گلاب سہ آتشہ بھی ڈالتے رہیں اور محفوظ رکھیں۔

**ترکیب استعمال:** یہ سرمہ روزانہ رات کو آنکھوں میں لگائیں۔

**فائدہ:** پھولا و جالا ختم کردینے میں نہایت ہی مجرب ہے۔

## 29- تریاق العین

**عنایت:** حکیم مرزا جان جاناں نقشبندی مجددی صاحب حیدر آباد دکن (انڈیا)

**ہوالشافی:** پھٹکری سفید' قلمی شورہ' سمندر جھاگ' نمک سیندھا ہر ایک ایک تولہ' طوطیا سبز بریاں چھ ماشہ' آب برگ سرس حسب ضرورت

**ترکیب تیاری:** سب ادویات کو آب برگ سرس میں خوب کھرل کریں کہ سرمہ ہو جائے اور سنبھال رکھیں جس قدر کھرل زیادہ ہوگا اتنا ہی مفید ہوگا۔

**ترکیب استعمال:** روزانہ رات کو ایک ایک سلائی سوتے وقت آنکھوں میں لگائیں۔

**فائدہ:** جالا و پھولا' دھند' غبار' خارش' سرخی وغیرہ میں نہایت مفید الاثر ہے۔

## 30- پھولا گو

**عنایت:** حکیم پربھداس صاحب سکھر (سندھ)

**ہوالشافی:** گندھک آملہ سار ایک تولہ' نوشادر ایک تولہ' برادہ تانبہ چھ ماشہ' رس لیموں سات تولہ۔

**ترکیب تیاری:** سب ادویاب کو شیشے کے صاف برتن میں ڈال کر رس لیموں بھی ڈال دیں عرق سوکھ جانے پر نہایت اچھی طرح مثل سرمہ پیس لیں۔

**ترکیب استعمال:** ایک ایک سلائی روزانہ سوتے وقت آنکھوں میں لگائیں۔

**فائدہ:** سفیدی چشم' پھولا وغیرہ خواہ کتنا ہی پرانا کیوں نہ ہو ایک ہفتہ کے استعمال سے دور ہو جاتا ہے۔

## 31- سرمہ پھولا چشم

**عنایت:** حکیم سید عزیز الدین صاحب نصرتی چرتھاول ضلع مظفر نگر

**ہوالشافی:** شیشہ چار تولہ' قلمی شورہ' سمندر جھاگ' نوشادر' فلفل دراز' فلفل سفید' لوٹا کھار' تخم سرس' زنگار' نمک شیشہ' پھٹکری سفید ہر ایک ایک تولہ۔

**ترکیب تیاری:** سب ادویات کو نہایت باریک مثل سرمہ بنالیں اور محفوظ رکھیں

**ترکیب استعمال:** روزانہ رات کو ایک ایک سلائی آنکھوں میں لگائیں۔

**فائدہ:** جالا و پھولا میں کمال درجہ کا تجربہ شدہ جید الاثر نسخہ ہے بنائیں اور دعائے مدینہ سے نوازیں۔



## 32- دوائے العین

**عنایت:** حکیم پی وینکٹ سوری صاحب حیدر آباد دکن (انڈیا)

**ہوالشافی:** زعفران ایک ماشہ' افیون دو ماشہ' مصری دو ماشہ' شب یمانی چار ماشہ' کف دریا چار ماشہ' نوشادر چار ماشہ' نیلا تھوتھا چار ماشہ' زنگار چار ماشہ' صمغ عربی چھ ماشہ۔

**ترکیب تیاری:** سب ادویاب کو نہایت احتیاط سے کھرل کریں کہ مثل سرمہ بن جائے اور محفوظ رکھیں۔

**ترکیب استعمال:** رات کو ایک ایک سلائی آنکھوں میں لگائیں۔

**فائدہ:** ضعف بصارت' ابتدائے نزول الماء' شب کوری' بیاض ناخنہ پڑبال وغیرہ میں اکسیر صفت مجرب کمال ہے۔

## 33- دوائے اعلیٰ

**عنایت:** حکیم بلدیوراج صاحب بہاول پور

**ہوالشافی:** اسپرین پانچ تولہ (ایک ٹیوب کی شکل میں انگریزی دوا ہے) پانی 1/4 لیٹر

**ترکیب تیاری:** اسپرین لے کر ابلتے ہوئے پانی میں ڈال دیں جب حل ہو جائے تو کھلے منہ والی نیلی شیشے کی بوتل میں ڈال کر سنبھال رکھیں۔

**ترکیب استعمال:** صبح وشام ڈراپر سے دو دو قطرے ڈالیں۔

**فائدہ:** قروح قرینہ کے لئے نہایت ہی مفید ہے سرخی چشم کے لئے اکسیر الخاص بے خطا نسخہ ہے۔

## 34- سرمہ ولیؒ

**عنایت:** حکیم سید محمد اسد علی صاحب جودھ پور انڈیا

**مجربات:** حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلوی صاحبؒ

**ہوالشافی:** سرمہ سیاہ دو تولہ' پارہ پانچ تولہ' سیسہ پانچ تولہ' سمندر جھاگ ڈیڑھ تولہ' تخم نیل ڈیڑھ تولہ' ممیرہ چینی چھ ماشہ' فلفل سیاہ تین ماشہ' سرد چینی ایک تولہ' مغز تخم سرس سیاہ ایک تولہ' سنگ بصری خالص ایک تولہ' ورق نقرہ پچیس عدد' ورق طلاء پندرہ عدد' مروارید ناسفتہ تین ماشہ' عرق بید مشک نصف بوتل 375 ملی لیٹر

**ترکیب تیاری:** سیسہ کو پگھلا کر پارہ میں ملادیں پھر سرمہ ڈال دیں اور خوب کھرل کریں پھر ایک ایک چیز ڈال کر خوب کھرل کریں اور ساتھ ساتھ عرق بید مشک ڈالتے جائیں اور مثل غبار کرلیں اور محفوظ رکھیں۔

www.pdfbooksfree.pk

**ترکیب استعمال:** ایک ایک سلائی آنکھوں میں لگائیں۔

**فائدہ:** ابتدائے موتیا بند' ککرے' ناخونہ' سبل' خارش' دمعہ' قرحہ چشم کے لئے نہایت ہی مجرب المجرب الخاص ہے۔ خوب بنائیں اور خیرخواہی کیجئے۔

## نزول الماء (موتیا بند)

آنکھ میں پانی اُترنا۔ یہ ایک رطوبت ہے جو ثقبہ عنبیہ کے اندر تھوڑی تھوڑی یا ایک ہی بار زیادہ مقدار میں اتر کر ٹھہر جاتی ہے اگر رطوبت غلیظ ہو تو تمام ثقبہ بند ہو جاتا ہے اور بینائی بالکل زائل ہو جاتی ہے اور اگر ثقبہ کچھ کھلا رہے تو بینائی کم ہو جاتی ہے۔ اگر نزول الماء کامل ہو تو پتلی کی حالت میں تغیر واقع ہو جاتا ہے رطوبت کی رنگت اور قوام کے لحاظ سے اطباء نے اس کی بہت سی اقسام کا ذکر کیا ہے:

| | | |
|---|---|---|
| -1 | غمائی | ابر کی طرح |
| -2 | زیبقی | پارہ کی طرح |
| -3 | جصی | چونے کی طرح |
| -4 | آسمانجونی | آسمانی رنگ کی طرح |
| -5 | زجاجی | کانچ کی طرح |
| -6 | اخضر | سبز رنگ کی طرح |
| -7 | ابیض | سفید |
| -8 | بردی | اولے کی طرح |
| -9 | اصفر | زرد |
| -10 | احمر | سرخ |
| -11 | ذہبی | سونے کی طرح |
| -12 | ارزق | سرمئی |
| -13 | اسود | سیاہ |

نوٹ: اطباء جدید کے نزدیک رطوبت جلیدیہ کا گدلا ہو جانا ہے۔

**علامات:** کبھی ایک آنکھ تو کبھی دونوں کے لینز دھندلے ہو جاتے ہیں جس سے دیکھنا مشکل ہو جاتا ہے اگر آنکھوں میں ایٹروپین ڈال کر دیکھیں تو پتلی کے پیچھے نیلگوں سفید مائل یا ہاف وائٹ رنگ کی شے دکھائی دیتی ہے جو دراصل رطوبت جلیدیہ ہوتی ہے۔



## 35- سرمہ موتیا بند

**عنایت:** حکیم عبیدالرحمٰن سندھو' مدینۃ الاولیاء' ملتان شریف

**ھوالشافی:** سرمہ سفید ایک تولہ' مامیراں چینی ایک تولہ' زربی چھ ماشہ' مرچ سفید ایک ماشہ' نمک شیشہ تین ماشہ' پھٹکڑی سرخ تین ماشہ' طوطیا ایک ماشہ' ست پودینہ ڈیڑھ ماشہ' ست لیموں تین ماشہ' آب زہرہ مچھلی رہو پانچ تولہ۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو نہایت باریک کر کے آب زہرہ مچھلی رہو میں کھرل کریں اور شیشی میں محفوظ رکھیں۔

**ترکیب استعمال:** صبح وشام پہلے ایک سلائی بھر کر سیدھی آنکھ میں پھر دوسری سلائی بھر کر الٹی آنکھ میں اور پھر تیسری سلائی بھر کر پہلے الٹی آنکھ میں اور وہی استعمال شدہ سلائی سیدھی آنکھ میں ڈالیں اور سنت کا ثواب لوٹنے کے ساتھ ساتھ شفا بھی پائیں یعنی کل تین سلائی سرمہ بھریں اور سیدھی آنکھ سے شروع کریں اور سیدھی آنکھ ہی پر ختم کریں۔

**فائدہ:** حکیم صاحب فرماتے ہیں کہ اس کے استعمال سے انشاء اللہ الرحمٰن عزوجل سیاہ موتیا بھی دور دور تک نظر نہ آئے گا نیز جالا و پھولا' دھند' خارش' پانی بہنا' غبار اور ضعف بصر میں کامل العلاج لاجواب ہے۔

## 36- اکسیری روغن

**عنایت:** حکیم غلام محمد صاحب سری نگر مقبوضہ کشمیر

**ھوالشافی:** سرسوں کا خالص تیل پانچ تولہ' سرد چینی ڈھائی تولہ

**ترکیب تیاری:** کھرل میں ڈال کر خوب زوردار ہاتھوں سے کھرل کریں اور شیشی میں محفوظ رکھیں۔

**ترکیب استعمال:** رات کے وقت ایک ایک سلائی آنکھوں میں لگائیں۔

**فائدہ:** موتیا سفید و سیاہ میں اکسیر صفت کا حامل ہے۔

## 37- اکسیر نزول الماء

**عنایت:** حکیم حاذق محمد اسماعیل صاحب منارہ جہلم

**ھوالشافی:** زعفران چار رتی' افیون ایک ماشہ' شب یمانی دو تولہ' سمندر جھاگ دو تولہ' نوشادر دو تولہ' نیلا تھوتھا ایک ماشہ' زنگار چار رتی' گوند کیکر تین ماشہ

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو احتیاط کے ساتھ کھرل کریں اور مثل غبار بنائیں۔

**ترکیب استعمال:** ایک ایک سلائی دونوں آنکھوں کے سپرد فرمائیں خصوصاً رات کے

www.pdfbooksfree.pk

وقت۔

**فائدہ:** ابتدائے نزول الماء میں نہایت جید الاثر ہے بنائیں اور آزمائیں

## 38- دوائے موتیا بند

**عنایت:** زبدۃ الحکماء حکیم قاضی عابد علی رضوی صاحب مراد آباد۔

**ہوالشافی:** ریزہ الماس خالص سالم ٹکڑا بقدر پانچ رتی' سرمہ سیاہ بیس تولہ' عنکبوت کلاں ایک عدد

**ترکیب تیاری:** ایک عنکبوت کلاں کو زمین پر الٹا لٹا کر ریزہ الماس بیچوں بیچ شکم عنکبوت پر رکھ دیں فوراً ہی شکم پھٹ جائے گا اور یہ ریزہ اندر دن شکم چلا جائے گا پانچ منٹ کے اندر اندر رطوبات شکم عنکبوت کے امتزاج سے الماس کشتہ ہوجائے گا اس کو نہایت احتیاط کے ساتھ نکالیں اور کھرل کریں ایک ہنڈیا میں ایک کلو نیم کے پتے لیں اور درمیان میں بیس تولہ سرمہ کی ڈلیاں رکھ کر اوپر تین کلو پانی ڈال دیں اور نیچے آگ جلائیں جب پانی خشک ہوجائے تو سرمہ نکال کر کھرل کریں پھر الماس کا کشتہ بھی ملادیں اور خوب کھرل کریں کہ مثل غبار ہوجائے اور سنبھال کر رکھیں۔

**ترکیب استعمال:** روزانہ رات کو ایک سلائی لگائیں۔

**فائدہ:** بے مثل اور لاثانی دوا ہے موتیا بند خواہ کتنا ہی پرانا ہو بغیر جراحت کے زیادہ سے زیادہ پندرہ یوم میں نظر صاف ہوجاتی ہے خوب بنائیں اور استعمال کر کے دعائیں لیں۔

## 39- کحل چشتی

**عنایت:** حکیم عبدالرحمن چشتی صاحب پیر گوٹھ سکھر سندھ۔

**ہوالشافی:** خشخاش' افیون' پھٹکڑی سفید ہر ایک چار ماشہ' طوطیا' خرد مصفور' حرمل' قرنفل' فلفل دراز' عقاب' کباب چینی ہر ایک ایک ماشہ' عرق لیموں

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو آب لیموں میں خوب کھرل کریں کہ خشک ہوجائے اور مثل سرمہ ہوجائے۔

**ترکیب استعمال:** رات سوتے وقت سلائی سے آنکھوں میں لگائیں۔

**فائدہ:** نزول الماء اور دھند وغیرہ اور ضعف اجر میں اسم بامسمیٰ ہے۔

## 40- ضعف بصر

نظر کا کام کرتے وقت یا تھوڑی دیر لکھنے پڑھنے سے آنکھیں جلد تھک جائیں آنکھوں کے آگے اندھیرا چھا جائے سر میں معمولی درد یا آنکھوں سے پانی آجائے تو ضعف بصر کہلاتا



ہے۔ عموماً کثرت جماع کے باعث یا بچپن کی غلط کاریوں کے باعث شدید دماغی کمزوری' نزلہ و زکام' شدید دماغی محنت و مشقت' باریک چیزوں کو بغور دیکھنا' تمباکو نوشی اور مسکرات کا کثرت استعمال اس کے اسباب میں شامل ہے۔

## 41- عینک توڑ

**عنایت:** زبدۃ الحکماء استاد الحکماء جناب حکیم محمد افضل صاحب لاہور

**ہوالشافی:** سرمہ سیاہ دس تولہ' سرچینی چھ ماشہ' قلمی شورہ چار ماشہ' کشتہ جست چھ ماشہ' کف دریا چھ ماشہ' صدف مرواریدی خالص ایک تولہ' ماميران چینی ایک تولہ' ست پودینہ دو رتی' ست الائچی دو رتی' کافور خالص ایک ماشہ' عرق گلاب سہ آتشہ 750 ملی لیٹر۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو دس دن تک عرق گلاب سہ آتشہ میں کھرل کریں خشک ہونے پر ست پودینہ ست الائچی اور کافور ملا کر شیشی میں بحفاظت رکھیں۔

**ترکیب استعمال:** صبح وشام دونوں آنکھوں میں ایک ایک سلائی لگائیں۔

**فائدہ:** ضعف بصارت' پانی آنا' ککرے' شب کوری' دھند' جالا' غبار' سرخی چشم اور آنکھوں کی روشنی بڑھا کر تا عمر قائم رکھنے کے لئے بھروسہ کا نسخہ ہے متواتر استعمال کرنے سے عینک کی عادت ختم ہوجاتی ہے۔ بوڑھوں کی نظر نوجوانوں کی مانند ہوجاتی ہے نہایت ہی مفید اور لاثانی سرمہ ہے' بنائیں اور دعائے مدینہ سے نوازیں۔

## 42- مقوی چشم

**عنایت:** جناب حکیم عبدالغفور صاحب مظفر آباد آزاد کشمیر

**ہوالشافی:** سرب مصفی سائیدہ سات ماشہ' سرمہ سیاہ' سرمہ سفید' فلفل دراز' چاکسو مقشر' اقلیمیا ہر ایک ساڑھے تین ماشہ' سونا مکھی' چینی سفید ماميران' رسونت مصفی' شب یمانی' کستوری خالص (اگر مل جائے تو) افیون ہر ایک دو دو ماشہ' مروارید ناسفتہ ماميران' رتن جوت' نیلا تھوتھا ہر ایک ایک ماشہ' ہلیلہ کا پانی پچاس گرام۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو خوب باریک کریں پھر پانی ہلیلہ ڈالتے جائیں اور کھرل کرتے کرتے مثل غبار بنالیں اور سنبھال رکھیں۔

**ترکیب استعمال:** سلائی کے ساتھ روزانہ آنکھوں میں لگائیں۔

**فائدہ:** ضعف بصارت' پانی آنا' شب کوری' غبار وغیرہ میں نہایت آزمودہ اور مجرب المجرب ہے۔

www.pdfbooksfree.pk

## 43- کحل الشمس

**عنایت:** جناب حکیم ہزاری لال صاحب' مٹھن آباد' بہاول پور

**ھوالشافی:** سرمہ سیاہ ایک تولہ' مروارید ناسفتہ تین رتی' ریگ ماہی تین رتی' جند بیدستر تین رتی' ورق نقرہ دس عدد' ورق طلاء دس عدد' کافور تین رتی' عرق گلاب سہ آتشہ پچاس گرام۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو عرق گلاب میں خوب کھرل کریں اور مثل غبار بنالیں۔

**ترکیب استعمال:** روزانہ رات کو ایک ایک سلائی آنکھوں میں لگائیں۔

**فائدہ:** ضعف بصر اور آنکھ کی دیگر امراض میں مجرب المجرب صدری نسخہ ہے۔ جگر امراض میں بھی استعمال کرکے فوائد حاصل کریں۔

## 44- کحل افلاطون

**عنایت:** حکیم محمد جمشید اعوان صاحب شمالی آرکاٹ

**ھوالشافی:** سرمہ سفید ایک تولہ' سرمہ سیاہ ایک تولہ' مامیراں' زعفران دو دو ماشہ' جند بیدستر دو رتی' آب سونف حسب ضرورت

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو آب سونف میں تین یوم کھرل کریں اور پوڈر بنالیں جو مثل سرمہ ہو۔

**ترکیب استعمال:** روزانہ صبح و شام ایک ایک سلائی آنکھوں کے سپرد فرمائیں۔

**فائدہ:** بینائی کی کمزوری کے لئے اسے استعمال کرنا نہ بھولیں نہایت جید الاثر ہے۔

# ککرے

| اُردو نام | طبی نام | ڈاکٹری نام |
|---|---|---|
| ککرے | جرب العین | ٹرے کوما |

اس میں پپوٹوں کی اندرونی جانب چھوٹے چھوٹے سرخ دانے نکل آتے ہیں جو ریت کی مانند آنکھ میں چبھتے ہیں اور خارش بے حد ہوتی ہے آنکھوں سے پانی آنے لگتا ہے اور متورم ہوجاتی ہیں روشنی سے بھی نفرت ہونے لگتی ہے اگر مرض پرانا ہوجائے تو بینائی کمزور ہوجاتی ہے۔ گرد و غبار اور زیادہ پڑھنے لکھنے اور باریک چیزوں کو بغور دیکھنے کے علاوہ خشک اشیاء کا بکثرت استعمال اس کے اسباب میں شامل ہیں۔



## 45- تریاق ککرہ

**عنایت:** زبدۃ الحکماء خدا بخش صاحب سابقہ پرنسپل ابن سینا میڈیکل کالج ملتان شریف

**ھوالشافی:** افیون ایک ماشہ' زعفران ایک ماشہ' زنگار سرمہ سیاہ' سمندر جھاگ' لونگ' سونا مکھی' روپا مکھی' سبز کانچ' ہر ایک تین تین ماشہ' کشتہ جست پانچ تولہ۔

**ترکیب تیاری:** سب ادویات کو عرق گلاب میں تین یوم تک خوب کھرل کریں اور شیشی میں محفوظ رکھیں۔

**ترکیب استعمال:** ایک ایک سلائی روزانہ رات کو یا بوقت ضرورت آنکھ میں لگائیں یا پپوٹے پلٹ کر چھڑکیں۔

**فائدہ:** ککرے ختم کرکے آنکھوں کی بیماری ختم کرنے میں اپنی مثال آپ ہے۔

## 46- کاجل الشفاء

**عنایت:** حکیم سید احمد علی گیلانی صاحب' گورداسپور (انڈیا)

**ھوالشافی:** برگ نیم سبز پانچ تولہ' روغن سرشف' حسب ضرورت

**ترکیب تیاری:** برگ نیم سبز پانچ تولہ سکورہ میں گل حکمت کرکے پانچ کلو اوپلوں کی آگ میں اور راکھ کو خوب کھرل کریں اور روغن سرشف بھی ملاتے جائیں ایک بہترین مرہم کاجل نما بن جائے گی سنبھال کر رکھیں۔

**ترکیب استعمال:** صبح و شام سلائی کی مدد سے آنکھوں میں لگائیں اور ایک گھنٹے بعد گرم پانی سے دھوئیں۔

**فائدہ:** ککرے کو ختم کرے اور سرخی چشم اور پانی آنے میں نہایت مفید الاثر کاجل ہے۔

## 47- دوائے ککرے

**عنایت:** حکیم محمد بشیر احمد صاحب' ضیا کوٹ سیالکوٹ

**ھوالشافی:** سرمہ سیاہ ایک تولہ' افیون دو تولہ' کشتہ جست دو تولہ' زعفران پانچ ماشہ' آب برگ نیم ایک پاؤ' سونف کا رس ایک پاؤ۔

**ترکیب تیاری:** تمام دواؤں کو آب برگ نیم اور آب سونف میں باری باری کھرل کریں اور خشک کرکے مثل سرمہ بنالیں بس تیار ہے۔

**ترکیب استعمال:** ایک سلائی کے ساتھ آنکھوں کو زینت بخشیں

**فائدہ:** ککروں کو ختم کرنے میں مفید و لاجواب ہے۔

www.pdfbooksfree.pk

## 48- ککروں

**عنایت:** حکیم رہتو لعل صاحب مظفر نگر

**ہوالشافی:** طوطیا، شب یمانی سفید، سہاگہ، سونا مکھی، زنگار، ہیرا کسیس ولائیتی ہر ایک ایک کشتہ جست اور صمغ عربی چھ چھ ماشہ۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو خوب پیس کر صمغ عربی میں ملا کر شیاف بنالیں اور م رکھیں۔

**ترکیب استعمال:** بوقت ضرورت ککروں پر گھس دیا کریں۔

**فائدہ:** ککروں کو چند یوم میں نیست و نابود کردیں گے۔

## 49- اکسیر ککرا

**عنایت:** جناب حکیم ہدایت حسین صاحب۔ جمال پور مونگیر

**ہوالشافی:** پھٹکڑی چار ماشہ، قلمی شورہ آٹھ ماشہ، چاکسو مدبر چودہ ماشہ، افیون سات سرمہ سیاہ تین تولہ، زنگار چھ ماشہ، سفیدہ کاشغری آٹھ ماشہ، کشتہ جست ڈیڑھ تولہ، مصری آٹھ ماشہ، سمندر جھاگ دس ماشہ۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو نہایت باریک کھرل کرکے سرمہ کی مانند بنالیں اور مح رکھیں۔

**ترکیب استعمال:** سلائی کے ہمراہ آنکھوں میں لگائیں یا پپوٹے کو پلٹ کر چھڑکیں دنوں میں ککروں سے نجات مل کر شفا ہوگی۔

## 50- تریاق ککرا

**عنایت:** حکیم محمد احمد صدیقی صاحب، دار الاسلام توبہ ٹیک سنگھ

**ہوالشافی:** کشتہ وجست، پھٹکڑی سفید بریاں، کوزہ مصری ایک ایک تولہ

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو خوب کھرل کریں اور مثل غبار بنا کر شیشی میں محفوظ رکھیں۔

**ترکیب استعمال:** اگر ککرے پرانے اور سخت ہوں تو پلک الٹ کر دوائی چھڑکیں ور سلائی سے لگائیں۔

**فائدہ:** ککرے چند دنوں میں نیست و نابود ہوجائیں گے۔



## 51- عرق ککرا

**عنایت:** ڈاکٹر متھر اداس آف موگا

**ہوالشافی:** گلیسرین ایک اونس، نیلا تھوتھا تیس ملی گرام، پھٹکڑی بریاں پچھتر ملی گرام، زنک سلفاس پچاس ملی گرام، کافور ایک سو پچاس ملی گرام، بورک ایسڈ تین سو ملی گرام۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو شیشے کی بوتل میں ڈال کر دھوپ میں رکھیں پھر دو گھنٹے بعد نتھار کر محفوظ رکھیں۔

**ترکیب استعمال:** یہ عرق سلائی سے آنکھوں میں لگائیں۔

**فائدہ:** ککروں کے لئے درجہ اول کی کامیاب ادویات میں سرفہرست نسخہ ہے جو ککروں کو فوراً ختم کرکے مریض کو سکون عطا کرتا ہے بنائیں اور دعا دیجئے۔

# ناخونہ

| اُردو نام | طبی نام | انگریزی نام |
|---|---|---|
| ناخونہ | طرفہ | Pterygium |

یہ ایک ڈھیلہ چشم پر سرخ مثلث نما پردہ ہوتا ہے اس کی جڑ ناک کی طرف اور نوک پتلی کی طرف ہوتی ہے اور کبھی تمام قرنیہ کو ڈھانپ لیتا ہے جس میں نظر میں واضح فرق آجاتا ہے۔

**ناخونہ اور سبل میں فرق:**

اگر آنکھ کی سفیدی سرخ نقطہ پیدا ہوجائے تو طرفہ کہلاتا ہے جب کہ آنکھ میں رگوں کا سرخ اور متلی ہوکر پردہ سا بن جائے تو سبل کہلاتا ہے۔

**اسباب ناخونہ:**

زور سے کھانسنے، قے کرنے اور زور زور سے چلانے یا آنکھ پر چوٹ لگ جائے یا کوئی باریک رگ کسی وجہ سے پھٹ جائے تو خون بہہ کر سرخ نقطہ بن جاتا ہے۔

**اسباب سبل:**

شدید چوٹ لگنے، زیادہ محنت کرنے یا کسی طبقہ چشم کی ورزش سے آنکھ کی رگیں سرخ اور خون سے بھرپور ہوکر پردہ سا پیدا ہوجاتا ہے بسا اوقات آتشک اور سوزاک وجع المفاصل اور نقرس وغیرہ کے باعث بھی سبل پیدا ہوجاتا ہے۔

www.pdfbooksfree.pk

**نوٹ:** آپریشن سے اگر ناخونہ کاٹ دیا جائے یا کاسٹک سے جلا دیا جائے تو عموماً دوبارہ ہو جاتا ہے۔

**طبی کمالات:**

الحمدللہ عزوجل طب کے اندر آج بھی ایسے کمال نسخہ جات ہیں کہ عقل دنگ رہ جاتی ہے ڈاکٹری سوچ اختتام پذیر ہو جاتی ہے اور برٹش ذہن لوگ کرامت یا جادو تصور کرتے ہیں ہاں کرامتی سرمہ واقعی جادو ہے!

## 52- کرامتی سرمہ

**عنایت:** حکیم کرامت علی تاجی قادری۔ تاج بند اکھوڑا۔

**ھوالشافی:** سرمہ سیاہ ایک تولہ' زہرہ گدہ ایک عدد' عرق ادرک پانچ تولہ۔

**ترکیب تیاری:** سرمہ سیاہ کو پہلے زہرہ گدہ میں خوب کھرل کریں پھر عرق ادرک ڈالتے جائیں اور کھرل کرتے جائیں جب عرق ادرک ختم ہو جائے اور سرمہ مثل غبار بن جائے تو مضبوط ڈھکن والی بوتل میں محفوظ رکھیں۔

**نوٹ:** ساتھ دو چند سرمہ سادہ' الگ بنا کر رکھیں۔

**ترکیب استعمال:** رات سوتے وقت ایک سلائی جھاڑ کر آنکھ میں لگائیں۔ دوا بہت ہی تیز ہے لہٰذا کم مقدار میں استعمال کریں اور ایک دن کا ناغہ کر کے دوسرے دن پھر استعمال کریں۔ ناخونہ اور سبل کے علاوہ دیگر امراض میں سادہ سرمہ دو چند ملا کر استعمال کریں۔

**فائدہ:** ناخونہ اور سبل کے لئے تمام ادویات اس کے سامنے "صفر" ہیں چند دنوں میں آنکھ صاف شفاف اور نظر تیز کر دے گا جب کہ دھند' خارش' ککرے' جالا' پھولا' ضعف بصر' پانی آنا' سرخی چشم اور آنکھوں کی دیگر امراض میں سادہ سرمہ کے ساتھ ملا کر استعمال تمام امراض کو جڑ سے اکھاڑ پھینکنے میں لاثانی اور کرامتی ہے۔

## 53- اکسیر کرمانی

**عنایت:** حکیم حافظ محمد منیر کرمانی صاحب' کرمان الہ آباد

**ھوالشافی:** عرق بید انجیر' لودھ پٹھانی دس ماشہ' شب یمانی شگفتہ ایک تولہ' نیلا تھوتھا چھ ماشہ' رسونت دو تولہ' ہلیلہ زرد دو تولہ' ہلیلہ سیاہ دو تولہ' اجوائن دیسی نو ماشہ' ہلدی نو ماشہ' کمون سفید چھ ماشہ' زعفران اصلی چار ماشہ' افیون خالص چار ماشہ۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو نہایت باریک پیس کر عرق بید انجیر ملا کر قوام بنائیں اور محفوظ رکھیں۔



**ترکیب استعمال:** دوا کا قوام لے کر پلکوں پر لیپ کریں اور عرق گلاب سہ آتشہ میں قوام الگ ملا کر آنکھوں میں دو دو قطرے ڈالیں۔

**فائدہ:** ناخونہ اور سبل سرخی چشم اور درد چشم میں مجرب ہے۔

PVL
PAKISTAN VIRTUAL LIBRARY
www.pdfbooksfree.pk

www.pdfbooksfree.pk

باب 2:

# آنتوں کے امراض

| اُردو نام | عربی نام | ڈاکٹری نام |
|---|---|---|
| آنتیں | امعاء | Intestines |

## اقسام:

اطباء جدید اس کی تین اقسام بیان فرماتے ہیں:
(1) چھوٹی آنتیں (2) بڑی آنتیں (3) امعاء مستقیم اور قولون آنت

## چھوٹی آنتیں:

لمبائی میں تقریباً 22½ فٹ ہوتی ہیں اسے تین حصوں میں تقسیم کیا گیا ہے یہ معدہ کے زیریں سوراخ سے شروع ہوتی ہیں تینوں حصوں کو درج ذیل ناموں سے یاد کیا جاتا ہے:

(i) اثنا عشری (بارہ انگشتی آنت) Duodenum
(ii) صائم (خالی آنت) Jejunum
(iii) معا دقیق (پیچ دار آنت) Illum

## اثنا عشری:

یہ چھوٹی آنت کا پہلا حصہ ہوتا ہے جو معدہ کے بواب سے شروع ہوتا ہے اور معا صائم تک جاتا ہے اس حصہ آنت میں مختلف کیمیاوی عمل ہوتے ہیں کیونکہ صفرا اس نالی میں گرتا ہے اور لبلبے کی رطوبت بھی اسی میں گرتی ہے۔

## صائم:

اسے صائم اس لئے کہتے ہیں کہ بعد موت یہ خالی ہوتی ہے اس کی لمبائی تقریباً ساڑھے سات فٹ ہوتی ہے۔

## معا دقیق:

یہ چھوٹی آنت کا آخری حصہ ہوتا ہے کیونکہ یہ حصہ پیچ دار ہوتا ہے یہ پتلی ہوتی ہے اس کی لمبائی تقریباً ساڑھے گیارہ فٹ ہوتی ہے۔

www.pdfbooksfree.pk



## بڑی آنتیں:

بڑی آنت کی لمبائی تقریباً پانچ فٹ ہوتی ہے یہ چھوٹی آنت کے آخری حصہ سے شروع ہوکر قولون آنت تک جاتی ہے یہ آنت حجم میں بڑی اور ساخت میں دبیز ہوتی ہے یہ آنت چھوٹی آنت کے آخری حصہ سے ایک دم بڑی ہوجاتی ہے۔

## اعور:

بڑی آنت کے شروع میں زائدہ اعور ہوتا ہے زائدہ اعور سے بڑی آنت سیدھی اوپر اٹھتی ہے بڑی آنت کا یہ حصہ تقریباً ڈھائی انچ لمبا ہوتا ہے یہ حصہ پیڑو کی دائیں طرف رہتا ہے معا دقیق اور اعور کے جائے ملاپ پر ایک کواڑ ہوتا ہے جس میں ایک لمبا اور تنگ سوراخ ہوتا ہے یہ کواڑ بڑی آنت سے غذا اور ہوا کو چھوٹی آنتوں میں واپس نہیں جانے دیتا۔ بڑی آنت اعور سے شروع ہوکر اوپر جاتی ہے اور جگر سے مس کرتی ہوئی طحال کی طرف جاتی ہے اور قولون آنت سے ملتی ہے۔

## قولون آنت:

یہ طحال سے نیچے شروع ہوتی ہے اور مبرز کے مقام پر ایک دم باریک ہوجاتی ہے اور امعاء مستقیم کے نام سے مقعد کے ساتھ مل جاتی ہے اسی آنت میں اکثر قولنج ہوتا ہے مستقیم آنت تقریباً آٹھ انچ لمبی ہوتی ہے یہ قولون کے آخر سے شروع ہوکر مبرز پر ختم ہوجاتی ہے۔

# اسہال (دست)

اگر کسی وجہ سے غذا آنتوں میں نہ رکے اور جلد خارج ہوجائے تو اسے اسہال کے نام سے یاد کرتے ہیں عموماً دست غذا کے کسی وجہ سے ہضم نہ ہونے سے آتے ہیں۔

## اسباب:

ثقیل و بادی، کثرت مصالح دار اغذیہ، آنتوں کے اورام یا خراش دار چیز کا استعمال، ضعف جگر، ضعف معدہ، آنتوں کی قوت ماسکہ کی کمزوری کبھی بے جوڑ غذاؤں کے باعث مثلاً کھیرے یا خربوزہ کے ساتھ لسی یا دودھ کا استعمال وغیرہ۔

## 54- حب حابس

**عنایت:** راس الاطباء حکیم سید محمد قاسم شاہ صاحب لکھنو

**ھوالشافی:** جدوار خطائی تین تولہ، افتیمون تین تولہ، رب السوس تین تولہ، صمغ عربی تین تولہ

دانہ الائچی تین تولہ' طباشیر ایک تولہ' زعفران ایک تولہ' جند بید ستر دو ماشہ۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو نہایت باریک پیس لیں اور عرق سونف سے نخودی گولیاں تیار کر لیجئے۔

**ترکیب استعمال:** ایک ایک گولی دن میں تین بار ہمراہ آب سرد لیں۔

**فائدہ:** اسہال کو ختم کر کے اعضاء کو طاقت ور بناتی ہے قوت ماسکہ پیدا کرتی ہے نیز نزلہ کو بھی ختم کرتی ہے۔

**پرہیز:** نرم غذا کے علاوہ ہر قسم کی خوراک بند کر دیں۔

## 55- حب اسہال بند

**عنایت:** زبدۃ الحکماء لقمان الملک حکیم غلام حسین شیرانی تونسوی صاحب' ڈی جی خان

**ہوالشافی:** طباشیر' مصطگی رومی' زہر مہرہ' ناریل دریائی' شنگرف' افیون سہاگہ' بریاں' زنک آکسائیڈ' سونف نیم بریاں' تمام ادویہ ہم وزن

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات نہایت باریک کر کے چونے کے پانی کی مدد سے نخودی حب بنا لیں۔

**ترکیب استعمال:** صبح' دوپہر' شام ہمراہ شربت انار یا آب سرد سے دیں۔

**فائدہ:** ہر قسم کے دست دو تین دنوں میں بند ہو جائیں گے خواہ وہ کتنے ہی سخت حالت میں کیوں نہ ہوں۔

**پرہیز:** تمام قابض اور ثقیل اغذیہ سے پرہیز واجب ہے۔

## 56- سفوف لاجواب

**عنایت:** حکیم محمد حبیب اللہ صاحب۔ سرگودھا

**ہوالشافی:** زہر مہرہ خطائی' سنگ یشب' صدف مروارید' ہر ایک ایک تولہ' طین مغرا تین تولہ۔

**ترکیب تیاری:** پہلی تین ادویات کو عرق گلاب میں کھرل کریں اور پندرہ کلو اوپلوں کی آگ دیں بعدۂ طین مغرا ملا کر خوب کھرل کریں کہ مثل غبار ہو جائے۔

**ترکیب استعمال:** ایک ماشہ سے دو ماشہ شربت انجبار یا شربت صندل یا آب سرد سے پلائیں۔

**فائدہ:** ہمہ اقسام کے دستوں کے لئے نہایت ہی لاجواب ہے پہلی خوراک ہی اثر دکھاتی ہے۔



## 57- سفوف ہمدرد

**عنایت:** زبدۃ الحکماء حکیم غلام قادر صاحب ہوشیار پور

**ہوالشافی:** پوست خشخاش ڈھائی تولہ' نسپال پانچ تولہ' کوڑا سک پانچ تولہ' رال سفید ڈھائی تولہ' کشتہ مرجان ایک تولہ۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو نہایت باریک پوڈر کر کے محفوظ رکھیں۔

**ترکیب استعمال:** تین ماشہ صبح' دوپہر' شام ہمراہ آب سرد لیں

**فائدہ:** مزمن اسہال اور سنگرہنی میں نہایت ہی مجرب ہے۔

نوٹ: پرہیز واجب ہے۔

## 58- حب فیروز

**عنایت:** زبدۃ الحکماء حکیم سید محمد فیروز شاہ صاحب شاہ پور

**ہوالشافی:** مازو نو تولہ' مائیں نو تولہ' شقیقل خالص چار تولہ' صمغ عربی ایک تولہ۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو باریک پیس کر محفوظ رکھیں۔

**ترکیب استعمال:** 250 ملی گرام دن میں تین وقت ہمراہ آب خالص سرد دیں۔

**فائدہ:** تمام اقسام کے اسہال میں اسم بامسمی ہے آزمائیں اور دعاؤں سے نوازیں۔

**پرہیز:** ثقیل اور بادی وسخت اشیاء سے پرہیز واجب ہے۔

## 59- حب شفیق

**عنایت:** جناب حکیم محمد رہبر بکھروی صاحب شاہ پور

**ہوالشافی:** مغز تخم نیب' گوگل بھلسیا' ازراقی مدبر' ہم وزن

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو نہایت باریک پوڈر کر کے عرق سونف کی مدد سے نخودی حبوب تیار کر لیجئے۔

**ترکیب استعمال:** ایک سے دو گولی ہمراہ شیر گاؤ یا آب سرد سے کھلائیں۔

**فائدہ:** بواسیر بادی و ریاحی' قراقر معدہ' سلسل البول' اسہال ریاحی اور ریاح شکم میں تحفہ سے کم نہیں۔

## 60- دوائے سرخ

**عنایت:** جناب حکیم لیش پال صاحب ضلع انبالہ

**ہوالشافی:** سنگ جراحت' گیرو برابر وزن

www.pdfbooksfree.pk

**ترکیب تیاری:** دونوں ادویات کو نہایت باریک مثل غبار کرلیں۔

**ترکیب استعمال:** تین ماشہ صبح' دوپہر' شام ہمراہ شربت کوکنار دیں یا شربت قابض سے دیں۔

**فائدہ:** خونی اسہال' بواسیر خونی' نفث الدم' کثرت حیض کے لئے مجرب ہے۔

## 61- اسہالی

**عنایت:** جناب حکیم عبدالمجید صاحب امرتسر

**ھوالشافی:** اسپغول' تخم ریحان' نشاستہ' حماض' گل ارمنی' صمغ عربی' طباشیر

**ترکیب تیاری:** پہلی تین ادویات کے علاوہ تمام ادویات کو باریک کرکے روغن گل میں چرب کرکے محفوظ رکھیں۔

**ترکیب استعمال:** تین ماشہ صبح' دوپہر' شام ہمراہ عرق گلاب دیں۔

**فائدہ:** پیچش مزمنہ کے لئے نہایت ہی اعلیٰ فوائد کی حامل دوا ہے۔

## 62- سفوف شافی

**عنایت:** جناب حکیم جوہر علی ویلوری صاحب گوشہ محل حیدرآباد دکن۔

**ھوالشافی:** طباشیر نقرہ' کشنیز' صندل سفید' دانہ الائچی خورد' زہر مہرہ' کہربا شمعی' کوزہ مصری ہرایک پانچ پانچ تولہ' نارجیل دریائی تین تولہ' کشتہ عقیق دو تولہ' کشتہ مرجان ایک تولہ' ورق چاندی تین ماشہ۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو نہایت باریک پیس لیں اور کشتہ جات ملا کر محفوظ رکھیں۔

**ترکیب استعمال:** ایک ماشہ سے تین ماشہ تک ہمراہ آب انار یا ہی یا شربت وغیرہ سے کھلائیں۔ ہچکی کے لئے مکھن میں ملا کر چٹائیں تقویت دماغ کے لئے علی الصبح نہار منہ مکھن میں کھلائیں۔

**فائدہ:** الحمدللہ عزوجل ہمہ اقسام کی گرم امراض ایک ہی خوراک سے سکون میں تبدیل ہوجاتی ہیں ہیضہ' طاعون' حمیٰ' گھبراہٹ' دل کی دھڑکن' ہر قسم کا جریان خون مثلاً خونی بواسیر' نکسیر' نفث الدم' خونی پیچش' کثرت حیض وغیرہ کو فوراً بند کرتا ہے ہر قسم کے اسہال اطفال اور حمیات میں معمول طب ہے سینکڑوں مرتبہ کا آزمودہ اور مجرب ہے ہچکی اور تقویت قلب میں بے مثال ہے۔

## 63- دوائے اسہال

**عنایت:** جناب حکیم سید نذر حسین بخاری صاحب۔ اٹک

**ھوالشافی:** طباشیر' اقاقیا' دم الاخوین' گل ارمنی' گوند کیکر' انجبار' مروڑ پھلی' گل سرخ' مائیں'

www.pdfbooksfree.pk



کتھہ سفید' افیون' دانہ الائچی' گلنار سب ہم وزن۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو باریک کرکے محفوظ رکھیں۔

**ترکیب استعمال:** دو سے تین ماشہ ہمراہ آب سرد دن میں تین وقت دیں۔

**فائدہ:** پیچش اور دستوں کے لئے نہایت مفید ہونے کے ساتھ ساتھ زیادتی حیض اور جگر کی کمزوری کے لئے بھی لاثانی ہے۔

## 64- برائے اسہال دموی

**عنایت:** جناب حکیم محمد عبدالخالق سہارنپوری صاحب گنپت سرائے سہارنپور یوپی۔

**ھوالشافی:** زخم حیات ایک تولہ' فلفل سیاہ چار عدد' پانی بارہ تولہ

**ترکیب تیاری:** دونوں دواؤں کو خوب گھوٹیں اور پانی ملا کر اس میں شربت انجبار اور شربت حب الآس تین تین تولہ ملا کر رکھ لیں یہ ایک خوراک ہے۔

**ترکیب استعمال:** ایسی روزانہ دو خوراک ایک صبح اور ایک شام لیں۔

**فائدہ:** تین دن کے اندر اندر اسہال دموی خواہ کتنے ہی پرانے ہوں اللہ عزوجل کے فضل سے ختم ہوجائیں گے۔

**پرہیز:** دہی چاول' کھچڑی دہی' دال چاول' دال مونگ اور ہلکی غذائیں دیں۔

## 65- حب اسہال

**عنایت:** جناب حکیم مولا بخش صاحب چک نمبر 126 چنیوٹ

**ھوالشافی:** شنگرف' مصطگی رومی' کشتہ مرجان' طباشیر نقرہ' کہربا شمعی' افیون سب ادویات ہم وزن۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو باریک پیس کر حبوب نخودی بنالیں۔

**ترکیب استعمال:** روزانہ صبح' دوپہر' شام ایک ایک گولی دیں۔

**فائدہ:** عرصہ دراز سے لاعلاج مریض جن کو دن رات میں تقریباً ستر ستر مرتبہ دست آتے ہیں اس کے استعمال سے صحت یاب ہوگئے۔

**پرہیز:** لطیف اور سادہ غذا دیں۔

## 66- عرق کافوری

**عنایت:** جناب حکیم محمد عصمت اللہ قریشی صاحب پٹیالہ گورداسپور

**ھوالشافی:** کافور دو تولہ' سپرٹ چار تولہ۔

**ترکیب تیاری:** کافور کو پیس کر بوتل میں ڈال لیں اور اوپر سے سپرٹ ڈال کر محفوظ رکھیں۔

**ترکیب استعمال:** دو قطرے سے تین قطرے کوزہ مصری یا بتاشہ پر ڈال کر ہر دو گھنٹے بعد دیں ہیضہ کے لئے تین قطرے ایک چمچ پانی میں ملا کر دیں۔

**فائدہ:** ہیضہ میں اگر مریض کا بدن سرد اور ناخن نیلے ہوجائیں اور جسم میں تشنج واقع ہوا جائے تو اس کی ایک خوراک سے مریض آنکھیں کھول لیتا ہے اس کے علاوہ کثرت حیض نفث الدم، خونی بواسیر، خونی اسہال یا پھیپھڑوں سے خون آنے میں نہایت ہی اکسیر الاثر ہے۔

## 67- تریاق سنگرہنی

**عنایت:** جناب حکیم عزیز علی صاحب چنیوٹ

**ھوالشافی:** سکہ پانچ تولہ، آب لیموں پاؤ

**ترکیب تیاری:** سکہ کے اندر تھوڑا تھوڑا آب لیموں ڈال کر کھرل کرتے رہیں یہاں تک کہ آب لیموں ختم ہوجائے تو محفوظ رکھیں۔

**ترکیب استعمال:** صبح، دوپہر، شام تین تین ماشہ ہمراہ آب سرد سے دیں۔

**فائدہ:** اس نسخے کی جتنی تعریف کی جائے کم ہے سنگرہنی جیسے عسر العلاج اور اسہال کہنہ کو چند خوراکوں سے صحت حاصل ہوجاتی ہے۔ بنائیں اور دعاؤں میں یاد رکھیں۔

## 68- حب حابس

**عنایت:** جناب حکیم محمد شفیع صاحب سادھوکا انبالہ

**ھوالشافی:** شنگرف، سہاگہ، افیون، مصطگی رومی برابر وزن

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات باریک کرکے نخودی گولیاں تیار کرلیجئے۔

**ترکیب استعمال:** صبح وشام ایک ایک حب ہمراہ آب تازہ دیں۔

**فائدہ:** خونی اسہال اور مروڑ میں پہلی خوراک اثر دکھاتی ہے۔

## 69- اکسیر اسہال

**عنایت:** جناب حکیم ایشرداس شرما صاحب بھوآ گورداسپور

**ھوالشافی:** صمغ عربی، گوند کتیرا، طباشیر، سنگ جراحت ہم وزن

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو باریک کرکے سنبھال رکھیں۔

**ترکیب استعمال:** صبح، دوپہر، شام چار ماشہ ہمراہ شربت خشخاش چار تولہ یا شربت انجبار چار تولہ دیں۔

**فائدہ:** ہر اقسام کے اسہال میں مفید ہے۔



## 70- سفوف بے مثال

**عنایت:** جناب حکیم محمد عبدالحکیم صاحب برہان پور (سی پی)

**ھوالشافی:** گندھک آملہ سار، سیماب، موچرس، گل دھاوا، لودھ پٹھانی، بیلگری، ناگرموتھا، اندرجو شیریں، افیون برابر وزن لیں۔

**ترکیب تیاری:** پہلے دونوں اجزاء کو کجلی بنالیں پھر دیگر باریک کرکے پوڈر بنالیں۔

**ترکیب استعمال:** 250 سے 500 ملی گرام دوا چاولوں کے پانی کے ہمراہ دن میں دو مرتبہ دیں۔

**فائدہ:** اسہال کہنہ و جدید اور پیچش میں مفید و مجرب ہے۔

## 71- کشتہ فولاد سیمابی

**عنایت:** جناب حکیم ودھایا رام صاحب بلوال شاہ پور

**ھوالشافی:** برادہ فولاد پانچ تولہ، سیماب تین ماشہ

**ترکیب تیاری:** دونوں ادویات کو آب کنوار گندل میں ایک گھنٹہ کھرل کریں اور ٹکیہ بنا کر پانچ کلو اوپلوں کی آگ دیں یہ عمل پانچ بار کریں اس کے بعد آک کے دودھ میں ایک گھنٹہ کھرل کریں اور ٹکیہ بنا کر پانچ کلو اوپلوں کی آگ دیں پھر ڈنڈا تھوہر کے آب میں ایک گھنٹہ کھرل کریں اور پانچ کلو اوپلوں کی آگ دیں پھر مولی کے پانی میں ایک گھنٹہ کھرل کریں اور پانچ کلو اوپلوں کی آگ دیں یعنی ہر بوٹی کے پانی سے پانچ بار عمل کریں اور ہر بار تین تین ماشہ سیماب ملاتے جائیں بس کشتہ تیار ہے۔ سنبھال رکھیں۔

**ترکیب استعمال:** دو رتی مکھن یا ملائی میں لپیٹ کر دیں۔

**فائدہ:** ضعف جگر، یرقان، سوالقنیہ، استسقاء، اسہال خونی، بواسیر خونی اور دمہ میں نہایت ہی مجرب اور متعدد مرتبہ کا تجربہ شدہ خاص نسخہ ہے۔

## 72- سفوف داسن

**عنایت:** جناب حکیم درشن داس صاحب گڑھا فضل سنگھ (ظہیر آباد شہید) ضلع وہاڑی

**ھوالشافی:** پودینہ خشک دو تولہ، فلفل اسود آٹھ ماشہ، ساق، نمک طعام ہر ایک ایک تولہ

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو پیس کر محفوظ رکھیں۔

**ترکیب استعمال:** اسہال میں تین ماشہ صبح تین ماشہ شام ٹھنڈے پانی سے کھائیں جب کہ دیگر امراض میں گرم پانی سے دیں۔

**فائدہ:** اسہال، ہاضم طعام، مقوی معدہ، درد معدہ، محلل ریاح، قولنج ریحی میں مفید ہے۔

www.pdfbooksfree.pk

## 73- سفوف سنگرہنی

**عنایت:** جناب حکیم پنڈت بھگت رام صاحب راج پور بھائیاں ہوشیار پور

**ہوالشافی:** ناگرموتھا' موچرس' لودھ پٹھانی' گل دھاوا' بیلگری' اندرجو شیریں' افیون' پارہ' گندھک آملہ سار ہم وزن۔

**ترکیب تیاری:** گندھک آملہ سار اور پارہ کی کجلی تیار کریں باقی ادویات باریک کر میں ملا کر تین گھنٹے کھرل کریں دوا تیار ہے۔

**ترکیب استعمال:** 250 ملی گرام صبح' دوپہر' شام ہمراہ لسی دیں۔

**فائدہ:** ہر اقسام کے دستوں کی اکسیر دوا خصوصاً سنگرہنی کے لئے جید الاثر ہے۔

## 74- دوائے انتخاب

**عنایت:** جناب حکیم محمد ندیم کاٹھیا ضلع ساہیوال

**ہوالشافی:** پوست سنگدانہ مرغ ایک تولہ' سنڈھ دس تولہ' غنچہ انار ترس تازہ پانچ تولہ' ا چھ ماشہ۔

**ترکیب تیاری:** سنڈھ کو بھون لیں پھر باریک پیس لیں پھر افیون اور سنگدانہ مرغ پوڈر کر مکس کرلیں بعدہ غنچہ انار ڈال کر خوب کھرل کریں کہ گولی بندھ جائے۔

**ترکیب استعمال:** دو سے چار گولی دن میں تین مرتبہ ہمراہ آب سرد دیں بعدہ مقدا کرتے جائیں حتیٰ کہ ایک ایک گولی رہ جائے۔

**فائدہ:** یہ ایک کامیاب نسخہ ہے جو پرانے سے پرانے اسہال جو کسی بھی دوا سے ٹھیک ہوتے ان اسہال کو ٹھیک کرنا اس کا ادنیٰ سا کرشمہ ہے۔

**پرہیز:** دھلی دال مونگ اور چاول کی کھچڑی کے علاوہ دیگر اغذیہ سے پرہیز واجب ہے۔

## 75- برشعشا

**عنایت:** جناب حکیم محمد زبیر قادری ڈنڈے وال جھنگ

**ہوالشافی:** فلفل اسود' فلفل ابیض' اجوائن خراسانی ہر ایک سات تولہ' افیون چار تولہ' زعفرا ڈیڑھ تولہ' بالچھڑ' عقرقرحا' فرفیون ہر ایک پانچ ماشہ۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو الگ الگ پیس لیں پھر سہ چند شہد میں ملا کر تین ماہ کے گندم میں دبا دیں پھر نکال کر استعمال کریں۔

**ترکیب استعمال:** ایک رتی سے ایک ماشہ تک بوقت ضرورت استعمال کریں۔

**فائدہ:** ہر اقسام امراض میں نہایت ہی مفید الاثر ہے مگر تجربہ ان میں نہایت ہی لاجواب۔

www.pdfbooksfree.pk



مثلاً نزلہ و زکام' نئی پرانی کھانسی' بے خوابی خصوصاً ہر قسم کے اسہال میں بے عدیل ہے۔

# پیچش

پیچش کی دو اقسام معروف ہیں جنہیں صادق اور کاذب کے نام سے پکارتے ہیں:

### پیچش کاذب:

پیچش کاذب میں جگر سے صفرا کا اخراج رُک جاتا ہے جس کی وجہ سے سدے پیدا ہوجاتے ہیں۔

### پیچش صادق:

اس میں جگر سے صفرا کے کثرت اخراج کے باعث انتڑیوں میں سوزش پیدا ہوجاتی ہے، جس سے مروڑ اور دکھ کے ساتھ تھوڑا تھوڑا پاخانہ بار بار آتا ہے۔

### اسباب مرض:

عموماً دیر ہضم غذاؤں کا کثرت استعمال' سڑی باسی اغذیہ کا استعمال' بار بار مسہل لینا' صف اور بلغم شور کے باہم مل کر آنتوں پر گرنے سے یا کسی غلیظ لیسدار چیز یا خشک سدوں کے آنتو میں پیدا ہوجانے یا آنتوں کا ورم ہوتا ہے عموماً موسم برسات میں یہ مرض عام ہوتا ہے۔

## 76- حب پیچش

**عنایت:** زبدۃ الحکماء رئیس الاطباء جناب حکیم غلام کبریا خان صاحب دھلی

**ہوالشافی:** پوست بلیلہ زرد' پوست آملہ' مازو ہر ایک تولہ' زعفران چھ ماشہ

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو عرق گلاب میں کھرل کریں اور نخودی خبوب تیار کرلیجئے

**ترکیب استعمال:** ایک سے تین گولی ہمراہ آب تازہ دن میں تین مرتبہ دیں۔

**فائدہ:** آنتوں میں کثرت صفرا کے گرنے کے باعث سوزش کو ختم کرتی ہے اور دیگر پیچش میں بھی اعلیٰ فوائد کی حامل ہے۔

## 77- عرق حیات

**عنایت:** جناب حکیم سید ممتاز علی قادری صاحب چک نمبر 21 نواب شاہ سندھ

**ہوالشافی:** سپرٹ ایتھر نائٹروسائی ایک ڈرام' کلورڈین دو ڈرام' اڑتالیس منم ٹنکچر کارڈمم کو ایک ڈرام تیس منم' سپرٹ کیمفر تیس منم۔

**ترکیب تیاری:** سب کو ملا کر رکھ لیجئے۔

**ترکیب استعمال:** آٹھ سے اکیس منقم بتاشہ میں ڈال کر دیں۔

**فائدہ:** بدہضمی، درد شکم، نزلہ و زکام، کھانسی، اسہال و پیچش میں بھی مفید ہے۔

## 78- حب پیچش

**عنایت:** جناب حکیم قاضی حمید احمد صاحب سندر چک لوربیاں گورداسپور (انڈیا)

**هوالشافی:** مصطگی رومی، قشرف رومی، جدوار خطائی، افیون ہر ایک چھ چھ تولہ، سہاگہ سفید[illegible] تولہ

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو نہایت باریک کرکے دانہ ماش برابر حب تیار کرلیں اور[illegible] رکھیں۔

**ترکیب استعمال:** روزانہ صبح و شام ایک ایک گولی سے دو دو گولی ہمراہ شربت انجبار[illegible] شربت انار یا تازہ پانی دیں۔

**فائدہ:** پیچش خواہ کتنے ہی پرانے ہوں نہایت ہی مفید الاثر ہے۔

## 79- شربت پیچش

**عنایت:** جناب حکیم لاھارام صاحب گلزار طبیہ سرگودھا۔

**هوالشافی:** بہدانہ، اسپغول، عناب، لسوڑیاں، گل نیلوفر، بنفشہ، تخم خطمی، گل خطمی، ریشہ[illegible] سونف ہر ایک ایک تولہ۔

**ترکیب تیاری:** پہلے بہیدانہ اور اسپغول کا الگ لعاب نکال لیں اور دوسری ادویہ کا جوشاندہ تیار کرلیں پھر دونوں کو ملا کر چینی تین پاؤ ڈال کر قوام تیار کرلیں اور محفوظ رکھیں۔

**ترکیب استعمال:** روزانہ دو دو تولہ شربت عرق سونف میں ملا کر استعمال کریں۔

**فائدہ:** لاعلاج پیچش کے لئے نہایت ہی مفید ہے۔

## 80- سفوف درویشی

**عنایت:** جناب حکیم حضرت صاحبزادہ محمد عمر صاحب سجادہ نشین پیربل شریف شاہ پور۔

**هوالشافی:** شاخ مرجان پچاس گرام

**ترکیب تیاری:** شاخ مرجان پچاس گرام کو اچھی طرح کوٹ چھان کر سنبھال رکھیں۔

**ترکیب استعمال:** ایک ہزار ملی گرام کیپسول دن میں دو مرتبہ دیں ہمراہ آب سرد خالص۔

**فائدہ:** خواہ زحیر صادق میں کتنا ہی درد اور خون آ رہا ہو اس کے استعمال سے مرض نابود ہو جاتا ہے۔

www.pdfbooksfree.pk



## 81- دوائے انمول

**عنایت:** جناب حکیم خوشی محمد قادری چک مغلانی جالندھر (انڈیا)

**هوالشافی:** مغز بادام شیریں پانچ عدد لگا کر پودینہ، کھوی، سونف، انار دانہ ہر ایک چھ ماشہ، گل قند دو تولہ، مصری پانچ تولہ

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو گھوٹ کر شیرہ نکال کر محفوظ رکھیں۔

**ترکیب استعمال:** صبح و شام دونوں وقت پلائیں البتہ یہ ایک خوراک ہے جو صبح پلائیں گے۔

**فائدہ:** پیچش خواہ کتنے ہی دیرینہ ہوں اس دوا سے صحت یابی ہو جاتی ہے۔

## 82- سفوف ہرڑ

**عنایت:** جناب حکیم محمد افضل الٰہی راولپنڈی

**هوالشافی:** ہلیلہ سیاہ حسب ضرورت

**ترکیب تیاری:** ہلیلہ سیاہ کو روغن زرد میں بریاں کرکے پوڈر بنا کر محفوظ رکھیں۔

**ترکیب استعمال:** تین تین ماشہ صبح و شام اور دوپہر ہمراہ آب سرد دیں۔

**فائدہ:** زحیر صادق میں نہایت ہی لاجواب ہے آزمائیں اور دعا مدینہ دیں۔ خون آنے کی حالت میں بھی لاجواب ہے۔

## 83- زحیری ٹانک

**عنایت:** سید الاطباء جناب حکیم محمد عبداللطیف صاحب گجرات

**هوالشافی:** مغز خستہ انبہ تین ماشہ، رال سفید چھ چھ ماشہ، بادیان مقشر نو ماشہ، لودھ پٹھانی ایک تولہ۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو باریک کرلیں اور محفوظ رکھیں۔

**ترکیب استعمال:** صبح و شام تین تین ماشہ ہمراہ لسی دیں۔

**فائدہ:** خونی پیچش ہوں یا مروڑ ہر وقت کی معمول مطب لاجواب ٹانک ہے۔

## 84- دوائے خاص برائے پیچش

**عنایت:** جناب حکیم عبدالرحیم قادری بنگلور (انڈیا)

**هوالشافی:** ہلیلہ سیاہ، سونف ہم وزن

**ترکیب تیاری:** دونوں کو الگ الگ روغن گاؤ میں بریاں کرلیں اور پوڈر بنا کر رکھیں۔

**ترکیب استعمال:** تین تین ماشہ دن میں تین مرتبہ ہمراہ آب سرد خالص دیں۔

**فائدہ:** پیچش خواہ سدی ہوں یا غیر سدی نہایت ہی مفید الاثر ہے۔

## 85- سفوف زحیر

**عنایت:** جناب حکیم رحمت علی صاحب دہار یوال گورداسپور (انڈیا)

**هوالشافی:** بیلگری دو تولہ' گٹھلی آم' موچرس' زیرہ سفید' پوست خشخاش' ہرڑ' گل دھاوا' سفید ہر ایک ایک تولہ۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو پیس کر محفوظ رکھیں۔

**ترکیب استعمال:** صبح' دوپہر' شام دو سے تین ماشہ ہمراہ آب سرد یا دہی والی لسی دیں۔

**فائدہ:** زحیر صادق وکاذب میں نہایت ہی تیز بہدف ہے۔

## 86- اکسیر سنگرہنی

**عنایت:** جناب حکیم عبدالحکیم صاحب محلہ جھوائی ٹولہ لکھنو (ہند)

**هوالشافی:** موچرس' گل سرخ' گل دھاوا' مصطگی رومی' بیلگری' کوکنار' دال چنے ہر ایک ہم وزن۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو باریک پیس کر محفوظ رکھیں۔

**ترکیب استعمال:** صبح' دوپہر' شام چار چار ماشہ ہمراہ آب تازہ دیں۔

**فائدہ:** ہر اقسام کے پیچش خصوصاً سنگرہنی کے لئے مجرب ہے۔

## 87- حب اعلیٰ

**عنایت:** جناب حکیم محمد ابراہیم صاحب کوٹ غازی کلاں گوجرانوالہ

**هوالشافی:** تخم حنظل' صبر زرد' ریوند چینی ہر ایک ڈیڑھ تولہ' کتیرا چار ماشہ' زنجبیل چار ماشہ

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو باریک پیس کر لعاب سے گھیکوار سے حبوب تیار کرلیں۔

**ترکیب استعمال:** ایک سے دو گولی رات کو سوتے وقت ہمراہ شیر گاؤ استعمال کریں۔

**فائدہ:** نہایت ہی اعلیٰ درجہ کی قبض کشا ہے گھبراہٹ' بے چینی وغیرہ بالکل پیدا نہیں کرتی۔

## 88- سفوف رضوی

**عنایت:** جناب حکیم سید آل نبی رضوی صاحب فرخ آباد یوپی (ہند)

**هوالشافی:** خرمہرہ ہائے خورد پانچ تولہ' برگ نیم ایک پاؤ' زخم حیات ایک پاؤ

www.pdfbooksfree.pk



**ترکیب تیاری:** برگ نیم اور زخم حیات کا نغدہ بنا کر خرمہرہ ہائے خورد پانچ تولہ کو ملفوف کر کے دس کلو اوپلوں کی آگ دیں سرد ہونے پر نکال کر محفوظ رکھیں۔

**ترکیب استعمال:** چار رتی سے ایک ماشہ ہمراہ شہد کے استعمال کریں۔

**فائدہ:** خونی پیچش بواسیر خونی اور جریان وغیرہ میں نہایت مفید ہے۔

## 89- برائے پیچش

**عنایت:** جناب حکیم محمد فرحت اللہ قادری صاحب فراشخانہ بلند (ہند)

**هوالشافی:** کالا کوڑا' کاکڑا سنگی برابر وزن

**ترکیب تیاری:** دونوں کو پوڈر کر کے محفوظ رکھیں۔

**ترکیب استعمال:** چار ماشہ سے چھ ماشہ صبح وشام دہی سے دیں اگر تکلیف زیادہ ہو تو دن میں تین مرتبہ بھی دے سکتے ہیں۔

**فائدہ:** پیچش ہمہ اقسام میں لاثانی و بے نظیر دوا ہے۔

## 90- دوائے سیاہ

**عنایت:** جناب حکیم عبدالصمد صاحب چین پور مظفر پور (ہند)

**هوالشافی:** ہلیلہ سیاہ چار تولہ' پلوا پیپاک چار ماشہ' بسمتھ نائٹراس دس ماشہ

**ترکیب تیاری:** ہلیلہ کو پیس کر دونوں دواؤں کو ملا کر سنبھال کر رکھیں۔

**ترکیب استعمال:** چار ماشہ صبح وشام ہمراہ آب سرد دیں۔

**فائدہ:** پیچش سدی ہوں یا خونی جدید ہوں یا قدیم ہمہ اقسام کے لئے جید الاثر ہے۔

## 91- اکسیری دوا

**عنایت:** زبدۃ الحکماء جناب حکیم فضل حق نور صاحب بٹالہ گورداسپور (ہند)

**هوالشافی:** سنگجراحت پانچ تولہ' برگ نیم سبز پاؤ

**ترکیب تیاری:** برگ نیم کے نغدہ میں سنگجراحت رکھ کر اوپر کپڑا لپیٹ دیں اور سات کلو جنگلی اپلوں کی آگ دیں سرد ہونے پر نکال کر محفوظ رکھیں۔

**ترکیب استعمال:** نصف ماشہ سے ایک ماشہ ہمراہ شربت انجبار دیں۔

**فائدہ:** پیچش خونی' قے الدم' نفث الدم' بواسیر خونی واستحاضہ میں مفید ہے۔

## 92- تریاق الدم

**عنایت:** جناب حکیم سید لیاقت حسین رانی منڈی الہ آباد (ہند)

**ھوالشافی:** چڑا کہہ سوختہ ہلدی عمدہ سوختہ ہم وزن دونوں کو ملا کر محفوظ رکھیں۔

**ترکیب تیاری:** دونوں کو ملا کر محفوظ رکھیں۔

**ترکیب استعمال:** تین ماشہ صبح وشام ہمراہ آب ساٹھی کا شربت انجبار دیں

**فائدہ:** ہر قسم کے خون بند کرنے کے لئے اکسیر کثرت الدم' کثرت طمث' نکسیر سے قے الدم' نزلہ پیچش غرض کہیں سے بھی خون آتا ہو مجرب المجرب ہے۔

## 93- آئنہ مطب

**عنایت:** جناب حکیم منوہر لعل صاحب بجے نگر اجمیر شریف (ہند)

**ھوالشافی:** انجبار مائیں' مازو' گوند کتیرا' رال سفید برابر وزن۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو باریک پیس لیں اور محفوظ رکھیں۔

**ترکیب استعمال:** دو ماشہ صبح وشام ہمراہ آب تازہ دیں۔

**فائدہ:** خونی پیچش' کثرت الدم وغیرہ کے لئے معمول ہے۔

## 94- حب پیچش

**عنایت:** جناب حکیم محمد اصغر علی صاحب ضیا کوٹ (سالکوٹ)

**ھوالشافی:** پوست ہلیلہ زرد' مازو سبز' کافور' آملہ' ہر ایک دو دو تولہ زعفران ایک تولہ۔

**ترکیب تیاری:** سب کو باریک کر کے عرق گلاب میں نخودی گولیاں تیار کر لیجئے۔

**ترکیب استعمال:** دن میں تین وقت ایک ایک گولی ہمراہ آب سرد دیں۔

**فائدہ:** ہر اقسام کے پیچش میں لاجواب ہے۔

## 95- سنگرہنی

| اُردو نام | طبی نام | ڈاکٹری نام |
|---|---|---|
| پرانے دست | اسہال | سپرد |

اسہال و پیچش کے پرانے ہونے پر انتڑیوں کے اندر کا پردہ چھل جاتا ہے اور اس کی قوت ماسکہ کمزور ہو جاتی ہے جس کی وجہ سے مریض جو کچھ کھاتا پیتا ہے وہ ہضم ہوئے بغیر ہی دستوں کی صورت میں خارج ہو جاتا ہے عموماً صبح کے وقت پانچ متعفن قسم کے دست آ جاتے ہیں جس کی وجہ سے مریض روز بروز کمزور ہو جاتا ہے بسا اوقات آنتوں میں ورم ہو کر بخار بھی ہو جاتا ہے۔

www.pdfbooksfree.pk



## 96- سفوف سنگرہنی

**عنایت:** رئیس الاطباء جناب حکیم بشیر احمد صاحب بیگوالہ سیالکوٹ۔

**ھوالشافی:** زنجبیل ایک پاؤ

**ترکیب تیاری:** زنجبیل کو آہنی توے پر بریاں کریں جب سرخ ہو جائے تو باریک کر کے سنبھال کر رکھیں۔

**ترکیب استعمال:** دن میں تین مرتبہ تین تین ماشہ ہمراہ لسی گائے دیں جب پیاس لگے تو لسی ہی دیں لسی پلاتے وقت بھی تین ماشہ دوا کھلا دیں نہ ہی کوئی غذا دیں اور نہ ہی پانی دیں۔

**فائدہ:** یہ سفوف سنگرہنی کے لاعلاج مریضوں کے واسطے پیام شفا ہے خواہ وہ کتنے ہی سخت حالت میں کیوں نہ ہوں لاجواب ہے بنائیں اور دعاؤں میں یاد رکھیں۔

## 97- تریاق سنگرہنی

**عنایت:** جناب حکیم عنایت علی صاحب نور محل جالندھر (ہند)

**ھوالشافی:** کوڑا مسک پانچ تولہ' گوند کیکر ڈھائی تولہ۔

**ترکیب تیاری:** دونوں دواؤں کو باریک پیس لیں اور محفوظ رکھیں۔

**ترکیب استعمال:** ایک ماشہ سے تین ماشہ تک ہمراہ لعاب چاول دیں۔

**فائدہ:** سنگرہنی خواہ کتنی ہی پرانی ہو یہ دوا سو فیصد مجرب ہے۔

**پرہیز:** سخت و ثقیل اغذیہ سے پرہیز کروائیں۔

## 98- اکسیر کامیاب

**عنایت:** جناب عبدالکبیر خان صاحب دہلی (ہند)

**ھوالشافی:** بکری کی مستعمل ہڈی پانچ کلو (جو پکانے کے بعد کھا کر عموماً پھینک دی جاتی ہے) خرما مصفی ڈیڑھ کلو' الائچی کلاں پانچ چھٹانک۔

**ترکیب تیاری:** ایک روغنی گھڑا لیں جس کے پیندے میں سوراخ کر کے تانبے کی باریک تاروں کا گچھا لگا دیا گیا ہو اب سب چیزوں کے دو دو حصے کریں پہلے ایک حصہ ہڈی پھر اوپر خرما اور اوپر الائچی رکھ کر اوپر ایک نالی دار ہڈی میں چھ ماشہ لفار بھر کر اس کے دونوں طرف منہ ہڈیوں سے بند کر دیں اور رکھ کر اوپر الائچی پھر خرما اور پھر باقی ماندہ ہڈیاں رکھ دیں منہ اچھی طرح بند کر دیں اور دس سیر اوپلوں کی آگ دیں تاکہ روغن کشید ہو جائے نہایت خوش رنگ اعلیٰ درجہ کا تقریباً آدھ پاؤ تیل برآمد ہوگا سنبھال کر رکھیں۔

**ترکیب استعمال:** ایک یا دو قطرے چینی پر ڈال کر صبح وشام کھلائیں۔

**فائدہ:** سنگرہنی' عام کمزوری' ضعف باہ' کمزوری دماغ اور عضلات کی کمزوری میں نہایت ہی آزمودہ بے مثل مجرب المجرب نسخہ ہے۔

## 99- دافع سنگرہنی

**عنایت:** جناب حکیم عبدالغنی قیصر صاحب خیر پور بہاولنگر۔

**ہوالشافی:** اندر جو تلخ' مغز کدو' مصطگی' طباشیر ہر ایک ایک تولہ' گل دھاوا تخم بھنگ دو دو تولہ' سونف بریاں ایک تولہ' پوست ساق افیون ہر ایک تین ماشہ کچلا مدبر چھ ماشہ کشتہ فولاد ایک تولہ۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو باریک پیس کر نگاہ رکھیں۔

**ترکیب استعمال:** ایک ماشہ دہی کے ہمراہ دن میں دو مرتبہ دیں۔

**فائدہ:** سنگرہنی کے لئے نہایت مفید چیز ہے بہت سے مریضوں پر تجربہ ہو چکا ہے اس سے بڑھ کر کوئی نسخہ نہیں دیکھا آپ بھی آزمائیں۔

## 100- دوائے نعمت

**عنایت:** جناب حکیم فقیر محمد صاحب ضیا کوٹ (سیالکوٹ)

**ہوالشافی:** شنگرف' افیون' لوبان کوڑیہ' کافور' جلوتری ہر ایک ایک تولہ' موگ دو تولہ' جائفل دارچینی ہر ایک دو ماشہ' زعفران تین ماشہ۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو نہایت باریک کر کے نگاہ رکھیں۔

**ترکیب استعمال:** ایک رتی صبح و شام ہمراہ شیر گاؤ استعمال کریں امساک کے لئے ایک رتی دو گھنٹے پیشتر دودھ کے ہمراہ کھائیں اور قدرے لعاب دہن میں گھس کر عضو پر مالش کریں۔

**فائدہ:** اسہال ہمہ اقسام کھانسی' تپ' بلغمی اسہال مبارک کی تپ دموی کے لئے مفید ہے اور مقوی باہ' ممسک و ملذذ بھی نہایت اعلیٰ ہے۔

## قبض

اگر پاخانہ معمول کے مطابق نہ آئے یعنی روزانہ حاجت ہونے کی بجائے دوسرے تیسرے روز آیا کرے یا روزانہ آتا ہو مگر تھوڑا تھوڑا کئی بار آئے اور بافراغت نہ آئے تو دونوں صورتوں کو قبض ہی کہیں گے عموماً دردسر' نزلہ و زکام' نظر کی کمزوری' بھوک کی کمی' دل کی گھبراہٹ' بواسیر' درد کمر وغیرہ قبض کے باعث لاحق ہوتی ہیں۔

**اسباب:**

قابض و ثقیل اغذیہ کا کثرت استعمال حقہ نوشی' سگریٹ' افیون کا استعمال' رحمی امراض'

www.pdfbooksfree.pk



موٹاپا' عصبی امراض' صفرا کی کمی یا پیدا نہ ہونا وغیرہ اسباب میں شامل ہیں۔

**اقسام:**

اس کی دو اقسام ہیں دائمی قبض اور عام قبض۔

دائمی قبض کو عموماً لوگوں کو سالہا سال رہتی ہے جب کہ عام قبض کسی ثقیل غذا وغیرہ سے ہو جاتی ہے۔

درج ذیل نسخہ جات میں سے بنا کر آزمائیں اور خدمت خلق کرتے ہوئے دونوں جہان کی خوشیاں حاصل کریں۔

## 101- ازراقی پلر

**عنایت:** جناب حکیم کریم بخش صاحب آڑہ اکبر شاہ مظفر گڑھ

**ہوالشافی:** ازراقی مدبر دس تولہ' زعفران چھ ماشہ' جلوتری ایک تولہ' دارچینی ایک تولہ' دانہ الائچی کلاں دو تولہ' سرنجاں شیریں تین تولہ' زنجبیل دس تولہ۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو باریک پیس کر محفوظ رکھیں یا گولی کی شکل دے دیں۔

**ترکیب استعمال:** نخودی ایک گولی صبح و شام مناسب بدرقہ دیں۔

**فائدہ:** اعصابی امراض' فالج' لقوہ' دائمی قبض' خرابی معدہ و جگر' ضعف دماغ و باہ اور ضعف اعضائے رئیسہ کے لئے مفید اور مجرب ہے۔

## 102- سفوف قبض

**عنایت:** جناب حکیم بشیر احمد قریشی صاحب چنا کوٹ (سیالکوٹ)

**ہوالشافی:** پوست بلیلہ زرد' برگ سنا مکی مصفیٰ' گل سرخ ہر ایک ایک تولہ۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو پوڈر کر لیں اور محفوظ رکھیں۔

**ترکیب استعمال:** تین سے چھ ماشہ گرم پانی یا گرم دودھ کے ساتھ کھلائیں تجارتی اور راز کا نسخہ ہے۔

**فائدہ:** قبض کے لئے بہت مفید ہے دردسر نزلہ و زکام کو بھی دفع کرتا ہے۔

## 103- افزائش قوت باہ

**عنایت:** جناب حکیم کیسر داس صاحب' ساہیوال

**ہوالشافی:** مغز بادام' زیرہ سفید' چہار مغز ہر ایک ایک تولہ' مغز پستہ چھ ماشہ' سونف چھ ماشہ' زعفران چار رتی' الائچی خورد دو ماشہ' دودھ آدھا کلو۔

**ترکیب تیاری:** تمام چیزوں کو سردائی کی طرح گھوٹ کر چھان کر دودھ ملا کر آگ پر پکائیں جب تیسرا حصہ رہ جائے تو نیچے اتار کر قدرے شیریں کر کے پلائیں۔

**ترکیب استعمال:** یہ ایک خوراک ہے روزانہ ایسی ایک خوراک بنا کر پلائیں نیز اگر موسم گرما ہو تو آگ پر نہ چڑھائیں۔

**فائدہ:** عورتوں کا دودھ بڑھانے کے لئے نہایت ہی اعلیٰ ہے بے شمار عورتوں کے علاج میں سو فیصد کامیابی ہوئی قبض کشا بھی ہے اور قوت باہ کے لئے بھی عجیب الاثر ہے۔

## 104- اکسیر اعلیٰ

**عنایت:** جناب حکیم گوربچن صاحب پٹیالہ (ہند)

**ہوالشافی:** ازراقی مدبر تین تولہ شنگرف رومی ایلوا فلفل اسود ہرایک ایک تولہ آب ادرک حسب ضرورت۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو نہایت باریک کر کے آب ادرک میں حب نخودی بنالیں اور محفوظ رکھیں۔

**ترکیب استعمال:** ایک سے دو گولی دن میں دو مرتبہ ہمراہ شیر گاؤ نیم گرم استعمال کریں۔

**فائدہ:** بدہضمی کھانسی قبض بندش حیض درد کمر ضعف باہ گنٹھیا اور جوڑوں کے دردوں میں نہایت ہی مفید الاثر ہے۔

## 105- عرق مشکل کشا

**عنایت:** جناب حکیم منظور احمد میجوری چشتی صاحب جہلم

**ہوالشافی:** نوشادر ٹھکری پانچ تولہ سہاگہ دو تولہ مصبر ریوند خطائی سوڈا خوردنی آملہ سار گندھک کشتہ فولاد ہرایک تولہ کنوار گندل کا گودہ ایک کلو پودینہ سونف پچاس پچاس گرام الائچی خورد ایک تولہ۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو دو بڑی بوتلوں میں بھر کر اور پانی ڈال کر دھوپ میں رکھیں جب تمام ادویات حل ہو جائیں تو عرق کشید کر لیں اور محفوظ رکھیں۔

**ترکیب استعمال:** ایک تولہ دن میں تین مرتبہ استعمال کریں۔

**فائدہ:** دافع قبض ریح شکن مقوی جگر مصلح طحال مقوی معدہ ہیضہ و بدہضمی فواق دبدفم و معدہ ورم تلی درد تلی کمی خون سوالقینہ اور درد شکم میں نہایت ہی مفید ہے۔

## 106- سفوف اوجاع

**عنایت:** حکیم رام لبھایا صاحب جہلم



**ہوالشافی:** سورنجان شیریں سناکی سونف اسپند زنجبیل ہرایک دو تولہ پوست ترپھلا مغز بادام ایک ایک تولہ زعفران تین ماشہ قند سفید دس تولہ۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کا پوڈر بنا کر محفوظ رکھیں۔

**ترکیب استعمال:** ایک تولہ صبح ایک تولہ شام ہمراہ گرم دودھ دیں۔

**فائدہ:** وجع المفاصل قبض وغیرہ میں مفید ہے۔

## 107- حب خاندانی

**عنایت:** جناب حکیم عبدالقادر قریشی صاحب صوبہ بوہانی جلندھر (ہند)

**ہوالشافی:** اجوائن دیسی ایک تولہ سہاگہ دو تولہ جاکلوٹہ ایک تولہ املی تین تولہ نمک دیسی چھ ماشہ گودہ کوار گندل تین تولہ۔

**ترکیب تیاری:** پہلے تمام خشک اجزاء کو باریک کریں بعدہ زلال املی میں کھرل کریں اور آخر میں کنوار گندل کے پانی میں خشک کریں اور نخودی حبوب تیار کر کے محفوظ رکھیں۔

**ترکیب استعمال:** دو دو گولی ہمراہ شیر گاؤ گرم سے لیں۔

**فائدہ:** قبض درد سر بدہضمی نفخ درد شکم درد ریح وغیرہ کے لئے صدری اور معمول مطب نسخہ ہے۔

## 108- حب لاثانی

**عنایت:** جناب حکیم بشیرالدین صاحب اورنگ آباد دکن (ہند)

**ہوالشافی:** قرانی کاربوناس ایک تولہ مصبر ایک تولہ ست اجوائن تین ماشہ ست بادیان تین ماشہ۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو باریک کر کے لعاب صمغ عربی سے حب نخودی تیار کر لیجئے۔

**ترکیب استعمال:** ایک حب صبح و شام ہمراہ شربت افسنتین تین تولہ و عرق گلاب پانچ تولہ دیں۔

**فائدہ:** قبض سوہضم مالیخولیا مراقی کے لئے مفید الاثر لاجواب ہے۔

## 109- حب ملین

**عنایت:** جناب حکیم سید محمد علی شاہ صاحب الگوہادر جالندھر (ہند)

**ہوالشافی:** مصبر ریوند عصارہ نوشادر دو دو تولہ مصطگی رومی ایک تولہ

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو باریک پیس کر نخودی حبوب تیار کر لیجئے۔

**ترکیب استعمال:** ایک سے دو گولی ہمراہ گرم دودھ دیں۔

www.pdfbooksfree.pk

**فائدہ:** قبض، بدہضمی، دردِ شکم اور قولنج میں خاص دواؤں میں شامل نسخہ ہے۔

## 110- جوارش مراقیہ

**عنایت:** جناب حکیم کرم الٰہی صاحب پنج گرائیں راجوری جموں کشمیر

**ہوالشافی:** مربہ ہلیلہ سات عدد، مربہ سیب پانچ تولہ، رب آملہ سات تولہ، رب ہلیلہ سات تولہ، مصطگی سات ماشہ، الائچی خورد سات ماشہ، زیرہ سفید نو ماشہ، دانہ الائچی کلاں پانچ ماشہ، سنبل الطیب پانچ ماشہ، مرچ سفید پانچ ماشہ، مرچ سیاہ تین ماشہ، گل سرخ پانچ ماشہ، گل سیوتی تین ما(شہ)، گل گاؤزبان پانچ ماشہ، انگوزہ سات ماشہ، پودینہ سات ماشہ، مصری دس تولہ، عرق گلاب دس تولہ

**ترکیب تیاری:** تمام خشک ادویات کا پوڈر بنالیں اور رب ہلیلہ رب آملہ اور مربہ جات مصری کا عرق گلاب میں قوام بنالیں اور مذکورہ دوائیں ملا کر جوارش تیار کرلیں۔

**ترکیب استعمال:** نو ماشہ دن میں دو وقت ہمراہ آب تازہ دیں۔

**فائدہ:** ضعف ہضم، ریح البواسیر، باؤ گولا اور دائمی قبض کے لئے نہایت ہی مفید الاثر ہے نیز دل(و) دماغ کو طاقتور بناتی ہے۔

## 111- قبضی

**عنایت:** جناب حکیم ابراہیم قادری کچا باغ لدھیانہ (ہند)

**ہوالشافی:** مغز بادام مقشر سو عدد، سونف تین تولہ، برگ سنا مصفی تین تولہ، چہار مغز دو تولہ، الائچی خورد دو تولہ، نبات سفید دس تولہ۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کا پوڈر تیار فرمالیجئے اور محفوظ رکھیں۔

**ترکیب استعمال:** نو ماشہ رات سوتے وقت گرم دودھ سے دیں۔

**فائدہ:** دائمی قبض اور اتفاقیہ قبض میں مفید ہے چہرے کو بارونق بناتا ہے فعل امعاء کو یقینی بنانے کے ساتھ ساتھ جسم کو تقویت دے کر وزن بڑھاتا ہے اپنے فوائد میں اسم بامسمّٰی ہے۔

## 112- دوائے قبض

**عنایت:** جناب حکیم مہتہ دھن راج دت صاحب سکھو راولپنڈی

**ہوالشافی:** ہلیلہ سیاہ دو تولہ، مقشر مغز بادام شیریں دو تولہ، شہد چار تولہ۔

**ترکیب تیاری:** سب کو الگ الگ کوٹ کر شہد ملا کر معجون بنالیں۔

**ترکیب استعمال:** ایک تولہ روزانہ رات کو گرم دودھ کے ساتھ کھائیں۔

**فائدہ:** دائمی قبض کو دور کرنا، بواسیر ریحی اور تبخیر کو ختم کرنا اسکا ادنیٰ کرشمہ ہے۔



## 113- حب دائمی قبض

**عنایت:** جناب حکیم ٹھاکر متوال چند صاحب لڈن ملتان

**ہوالشافی:** مغز سونف پانچ تولہ، گودہ گھیکوار پندرہ تولہ۔

**ترکیب تیاری:** دونوں کو خوب کھرل کریں یہاں تک کہ حبوب بننے کے قابل ہوجائیں نخودی حبوب تیار کرلیجئے۔

**ترکیب استعمال:** ایک ایک گولی صبح و شام ہمراہ نیم گرم دودھ سے دیں۔

**فائدہ:** دائمی قبض کو دور کرنے کے لئے سو فیصد مجرب و آزمودہ ہے۔

## 114- حب ملین

**عنایت:** زبدۃ الحکماء جناب حکیم محمد عامر صاحب لاہور۔

**ہوالشافی:** گل بنفشہ پانچ تولہ، بیدانہ پانچ تولہ، سنا مکی پانچ تولہ، گل سرخ پانچ تولہ، پوست ہلیلہ زرد چار تولہ، مغز جمال گوٹہ ایک تولہ۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو نہایت باریک پیس کر حبوب بمثل چار رتی بنالیں اور محفوظ کرلیجئے۔

**ترکیب استعمال:** ایک سے دو گولی رات کو گرم دودھ کے ساتھ استعمال کریں۔

**فائدہ:** قبض پرانی ہو یا نئی زکام موسمی ہو یا بخار ہو یہ گولیاں نہایت مفید ہیں یہ اشتہاری نسخہ ہے۔

## 115- حب امرت

**عنایت:** جناب حکیم مرزا عطا محمد صاحب کوٹ لکھپت لاہور۔

**ہوالشافی:** مصبر پانچ تولہ، مرچ سیاہ تین تولہ، سہاگہ بریاں ایک تولہ، دیسی اجوائن چار تولہ۔

**ترکیب تیاری:** سب ادویات کو باریک کرکے گھیکوار کے گودے میں کھرل کریں پھر قدرے کسٹرآئل میں چرب کرکے چار رتی کی گولیاں بنالیں۔

**ترکیب استعمال:** ایک سے دو گولی رات گرم دودھ سے استعمال کریں۔

**فائدہ:** آہستہ آہستہ دائمی قبض دور ہوجاتی ہے بھوک کھل کر لگتی ہے امعاء کے افعال اور قوت بصارت و سماعت بحال ہوجاتی ہے ہسٹریا اور احتباس طمث میں بھی مفید الاثر ہے نیز حیض کی بے قاعدگی دور ہوجاتی ہے۔

www.pdfbooksfree.pk

## 116- میٹھی موج

**عنایت:** زبدۃ الحکماء جناب حکیم محمد صبغت اللہ پیر محل فیصل آباد۔

**ھوالشافی:** سقمونیا ولایتی دو تولہ، چینی آدھ کلو، روغن بادام پانچ تولہ، شیرہ مربہ بھی حسب ضرورت

**ترکیب تیاری:** سقمونیا کو باریک پیس کر چینی میں ملا کر روغن بادام ڈال کر حسب ذائقہ شیرہ مربہ بھی بالکل تھوڑا سا ڈالیں جس سے رنگین ہو جائے البتہ معجون نہ بنے محفوظ رکھیں۔

**ترکیب استعمال:** ایک تولہ میٹھی موج ایک پاؤ گرم دودھ میں ڈال کر نوش کریں۔

**فائدہ:** قبض دائمی ہو یا عارضی نہایت ہی لاجواب ہے کرشماتی نسخہ ہے بنالیں اور موج کریں۔

## 117- دوائے سیمابی

**عنایت:** حکیم ضیاء الرحمٰن سندھو ملتان

**ھوالشافی:** پارہ مصفیٰ دو تولہ، گندھک آملہ سار دو تولہ، مغز جمال گوٹہ پانچ تولہ، فلفل دراز، فلفل سیاہ، سونٹھ سہاگہ ہر ایک ایک تولہ، مغز تخم ارنڈ تین تولہ۔

**ترکیب تیاری:** پہلے گندھک و پارہ کی کجلی تیار کر لیجئے بعدہ، دیگر ادویات کو ملاتے جائیں اور کھرل کرتے جائیں نہایت باریک کھرل کر کے محفوظ رکھیں۔

**ترکیب استعمال:** چار رتی سے ایک ماشہ ہمراہ گرم دودھ دیں۔

**فائدہ:** بالکل بے ضرر اور اعلیٰ درجہ کی دوا ہے سب سے اہم بات یہ ہے جتنا دودھ گرم ہوگا اتنے جلاب آئیں گے کسی قسم کی گھبراہٹ بھی نہ ہوگی متلی، قے اور کمزوری بھی نہیں ہوگی سرد پانی پینے سے اسہال بند ہو جائیں گے۔

# قولنج

| اُردو نام | طبی نام | انگریزی نام |
|---|---|---|
| قولنج | قولنج | کالک Colic |

قولنج سے مراد قولون آنت میں رکاوٹ یا سدہ یہ رکاوٹ چاہے براز کے خشک ہو کر سدے کی شکل میں ہو یا ہوا رکنے سے یا اس حصہ آنت میں ورم ہو یا سوزش اسے قولنج ہی سے موسوم کرتے ہیں۔



**اسباب:**

خشک اور قابض اشیاء کے کثرت استعمال کے باعث غلیظ مادے آنتوں میں رک کر تکلیف کا سبب بنتے ہیں بعض اوقات بادی اشیاء کے کثرت استعمال سے بھی یہ نوبت آجاتی ہے اس مرض میں شدید درد شکم ہوتا ہے جسے دبانے سے فائدہ محسوس ہوتا ہے اور اگر اس شکایت کے ساتھ پیشاب بھی بند ہو جائے تو مریض کی ہلاکت کا اندیشہ ہوتا ہے۔

## 118- کشتہ فولاد

**عنایت:** جناب حکیم محمد خان صاحب پپلاں میانوالی

**ھوالشافی:** برادہ آہن مصفیٰ سوگرام، آب بلبل قدرے ضرورت۔

**ترکیب تیاری:** برادہ آہن کو آب بلبل میں اس طرح چینی کے برتن میں رکھیں کہ چار انگل پانی اوپر رہے چالیس دنوں تک اس طرح رکھیں پھر خشک کر کے کشتہ محفوظ رکھیں۔

**ترکیب استعمال:** دو سے تین رتی مناسب بدرقہ سے دیں۔

**فائدہ:** ریاح نفخ، درد قولنج، بواسیر ریحی کے لئے تجربہ شدہ بے مثال نسخہ ہے۔

## 119- حب شافی

**عنایت:** جناب حکیم حاجی محمد وزیر صاحب جونا مارکیٹ کراچی

**ھوالشافی:** سیماب گندھک آملہ سار، میٹھا تیلیلہ ایک ایک تولہ، فلفل سیاہ، فلفل دراز زنجبیل آٹھ آٹھ تولہ، ازراقی مدبر، سرنجاں شیریں، گوگل بھنسیا چار چار تولہ، آب ادرک ایک کلو۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو خوب باریک پیس لیں اور پارہ و گندھک کی کجلی تیار کر کے ملا کر آب ادرک میں خوب کھرل کریں اور نخودی گولیاں تیار کر لیں۔

**ترکیب استعمال:** ایک گولی صبح و شام ہمراہ گرم دودھ دیں۔

**فائدہ:** درد قولنج، ذات الریہ، ذات الجنب، درد گردہ، وجع المفاصل، درد کمر، گنٹھیا، نزلہ و زکام میں تیر بہدف ہے۔

## 120- دافع قولنج

**عنایت:** جناب حکیم رام صاحب چک نمبر 56 ساہیوال۔

**ھوالشافی:** جلابہ ہرڑ، گل سرخ، سنامکی ایک ایک تولہ، شہد خالص تین تولہ۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو باریک کر کے شہد ملا کر محفوظ رکھیں۔

**ترکیب استعمال:** نو ماشہ ہمراہ آب گرم دیں۔

www.pdfbooksfree.pk

**فائدہ:** درد قولنج کو یہ نسخہ ہاتھوں ہاتھ لیتا ہے اور میرے تجربہ میں اس سے بڑھ کر کوئی
آپ بھی آزما کر دعائیں دیں۔

## 121- اکسیر قولنج

**عنایت:** جناب حکیم عبدالرحیم جلیل صاحب خان گڑھ۔
**ہوالشافی:** جوکھار ایک تولہ' شربت کا ایک گلاس' شحم حنظل ایک تولہ' پانی دس تولہ
**ترکیب تیاری:** جوکھار باریک کو ایک گلاس شربت میں ملادیں جب کہ شحم حنظل باریک
محفوظ رکھیں۔
**ترکیب استعمال:** پہلے جوکھار ملا شربت پلادیں پندرہ منٹ بعد شحم حنظل کا پوڈر
سے کھلادیں۔
**فائدہ:** درد قولنج سے خواہ مریض کتنا ہی تڑپ رہا ہو انشاء اللہ عزوجل اس ایک خوراک
سکون مل جاتا ہے۔

## پیٹ کے کیڑے

دیدان امعاء کی تین اقسام ہیں:
(1) کدو دانے
(2) کیچوے
(3) چنونے

کدو دانے:
جو کیڑے بیچ دار آنت یا کانی آنت میں پیدا ہوتے ہیں انہیں کدو دانے کہ
کیونکہ یہ اسی آنت کی جسامت کے مطابق ہوتے ہیں۔

کیچوے:
امعاء صائم اور بارہ انگشتی آنت میں جو کیڑے پیدا ہوتے ہیں انہیں کیچوے کہ
کیونکہ یہ آنتیں لمبی اور سیدھی ہوتی ہیں اس لئے اسی سائز کے کیچوے اس میں پیدا ہوتے ہ

چنونے:
یہ آنتوں کے آخری حصے میں پیدا ہوتے ہیں اس حصہ آنت کو مستقیم آنت کا نام د
ہیں کیونکہ یہ آنتیں چھوٹی اور سیدھی ہوتی ہیں اس لئے یہاں پیدا ہونے والے کیڑے



چھوٹے ہوتے ہیں۔
نوٹ: جدید تحقیق سے ثابت ہوتا ہے کہ آنتوں کے اندر جو رطوبات متعفن ہوجاتی ہیں وہی اسی مقام کے کیڑوں میں تبدیل ہوجاتی ہیں۔

## 122- حب کرم کش

**عنایت:** شیخ الرئیس زبدۃ الحکماء جناب حکیم محمد عطاء اللہ گیلانی رابوسال ملتان
**ہوالشافی:** افسنتین' کمیلا' بادبڑنگ' پلاس پاپڑا' مصبر' آڑو کے پتے ہر ایک ایک تولہ۔
**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو باریک پیس کر حبوب جنگل بیر بنالیں۔
**ترکیب استعمال:** دو گولی صبح' دو گولی شام ہمراہ عرق سونف دیں۔
**فائدہ:** ان گولیوں سے کیڑے مر کر خارج ہوجاتے ہیں۔

## 123- تریاق دیدان

**عنایت:** جناب حکیم مرزا الف دین صاحب ہری پور دیوانان جموں کشمیر
**ہوالشافی:** مصبر' کمیلا' سقونین' کیلومل سب برابر وزن۔
**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو باریک پیس لیں اور محفوظ رکھیں۔
**ترکیب استعمال:** بچوں کو دو رتی اور بڑوں کو ایک ماشہ ہمراہ شیر شیریں دیں۔
**فائدہ:** ہر اقسام کے کیڑے مار کر خارج کرنے میں معمول مطب بے خطا لاجواب نسخہ ہے۔

## 124- مسہل عجیب

**عنایت:** استاد الاطباء جناب حکیم احمد دین صوبہ موجد طب جدید شاہدرہ۔
**ہوالشافی:** سقمونیا ولائتی ایک تولہ' جلابہ ہرڑ تین تولہ' جوہر سیماب چھ ماشہ' روغن بادام تین ماشہ۔
**ترکیب تیاری:** جلابہ ہرڑ کو کوٹ کر سقمونیا ملادیں اور خوب کھرل کریں بعدہ جوہر سیماب اور بادام روغن ملا کر خوب کھرل کریں اور محفوظ رکھیں۔
**ترکیب استعمال:** چار ماشہ ہمراہ عرق مکو کے ساتھ استعمال کریں خوراک حسب ضرورت کم وبیش کر سکتے ہیں۔
**فائدہ:** ہر موسم اور ہر مزاج اور ہر عمر میں نہایت ہی مفید ہے اس کے استعمال سے تے گھبراہٹ وغیرہ نہیں آتی اعلیٰ درجہ کا مصفی خون ہے۔

www.pdfbooksfree.pk

## 125- مسہل کامل

**عنایت:** زبدۃ الحکماء جناب حکیم عبدالرحمٰن صاحب صدر بازار راولپنڈی۔

**ہوالشافی:** جمالگوٹہ پانچ تولہ، فلفل سیاہ پانچ تولہ۔

**ترکیب تیاری:** دونوں کو خوب کھرل کریں حتی کہ تیل نکلنے لگے پھر ایک گولا بنا کر ... رکھ کر اوپر اتنا پانی ڈال کر خوب پکائیں جب پانی جل جائے تو نخودی حبوب تیار فرمالیجیے۔

**ترکیب استعمال:** ایک گولی گلقند میں لپیٹ کر استعمال فرمائیں۔

**فائدہ:** مسہل بے ضرر ہے تمام فاسد مادوں کو خارج کرنے میں اسم بامسمی ہے اگر د... نہ ہوں تو کھانڈ ملا شربت نوش فرمائیں۔

## 126- حب جدید

**عنایت:** جناب حکیم مشتاق احمد صاحب احمد نگر، گوجرانوالہ

**ہوالشافی:** سہاگہ پانچ ماشہ، اجوائن خراسانی چھ ماشہ، صبر سقوطری چار تولہ آٹھ ما... سیاہ چار تولہ۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو آب گھیگوار میں کھرل کر کے حبوب نخود بنالیں۔

**ترکیب استعمال:** دو گولی گرم دودھ کے ساتھ استعمال کریں۔

**فائدہ:** دائمی قبض اور وقتی فاسد مادوں کو خارج کرنے میں بھروسہ کا نسخہ ہے۔

## 127- اچھارس

**عنایت:** جناب حکیم پنڈت گوردھن داس سرما پٹیالہ (ہند)

**ہوالشافی:** پارہ، گندھک آملہ سار، سہاگہ، زنجبیل، فلفل سیاہ ہر ایک ایک تولہ، جمالگوٹہ...

**ترکیب تیاری:** پہلے پارہ و گندھک کی کجلی تیار کرلیں پھر دیگر ادویات ملا کر خوب کھرل... اور دو دو رتی کی گولیاں بنالیں۔

**ترکیب استعمال:** ایک گولی ہمراہ مصری ایک تولہ کے کھائیں اوپر سے جتنے گھونٹ پانی پئیں گے اتنے اسہال آئیں گے۔

**فائدہ:** ایرانہ جلاب ہے اس سے جسم ہلکا پھلکا ہوجاتا ہے اور طبیعت میں تازگی آجاتی...

**پرہیز:** کھانے میں دہی اور چاول دیں۔

## 128- اکسیری جلاب

**عنایت:** جناب حکیم محمد فضل اللہ صاحب گلی لنگر خانہ اجمیر شریف (ہند)

www.pdfbooksfree.pk



**ہوالشافی:** تربد عمدہ دو تولہ، جلاب ہرڑ دو تولہ، کتیرا، رب السوس ہر ایک دو ماشہ۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کا پوڈر بنالیں اور محفوظ رکھیں۔

**ترکیب استعمال:** نو ماشہ ہمراہ مغز بادام پندرہ عدد، سونف سات ماشہ، مصری تین تولہ، ڈیڑھ پاؤ پانی میں گھوٹ کر چھان کر استعمال کریں۔

**فائدہ:** بے ضرر نہایت مفید مجرب المجرب مطب ہر موسم ہر مزاج ہر عمر میں مفید ہے۔

## 129- مفید جلاب

**عنایت:** جناب حکیم محمد شریف رضا صاحب پاک پتن شریف

**ہوالشافی:** مغز جمالگوٹہ، مغز بادام شیریں، قلمی شورہ، فلفل دراز۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو خوب کھرل کریں کہ مثل موم بن جائے پھر روغن زرد میں بریاں کریں اور محفوظ رکھیں۔

**ترکیب استعمال:** دو رتی نیم گرم دودھ کھلائیں ہر اجابت کے بعد دو گھونٹ گرم پانی پی لیا کریں اگر دست بند کرنا ہوں تو ٹھنڈا دودھ مصری ملا پلادیں۔

**فائدہ:** نہایت ہی مفید جلاب ہے جو ہر موسم میں یکساں فائدہ مند ہے۔

## 130- مسہل مغلاں

**عنایت:** جناب حکیم میاں عبداللہ خان صاحب کوٹ مغل شیخوپورہ۔

**ہوالشافی:** جلابہ ہرڑ، گل سرخ، ترنجبین، گل بنفشہ، سنا کی مصفی، پوست ہلیلہ زرد، پوست بلیلہ، پوست آملہ، ہر ایک ایک تولہ، مغز جمالگوٹہ تین تولہ، شہد، سہ چند، روغن گاؤ ملا کر گھوٹیں اور محفوظ رکھ لیں۔

**ترکیب تیاری:** پہلے تمام ادویات کو باریک پیس لیں پھر شہد ملا کر پھر آخر میں روغن گاؤ ملا کر گھوٹیں اور محفوظ رکھ لیں۔

**ترکیب استعمال:** صبح و شام مرغن کھچڑی کھلا کر اگلی صبح یہ مسہل نازک مزاج کو ایک ماشہ اور سخت مزاج کو ڈیڑھ ماشہ ہمراہ دودھ گھی ملا شیریں سے دیں اگر اسہال بند کرنا مقصود ہو تو شربت چینی ملا میں اسپغول ایک تولہ ملا کر دیں۔ مرض قولنج مین تین ماشہ ہمراہ دودھ استعمال کرائیں۔

**فائدہ:** ہر موسم اور ہر مزاج کے لئے نہایت ہی مفید الاثر مسہل ہے بدن کو پھول کی مانند کردیتا ہے قولنج میں سریع الاثر ہے۔

## مسہل بے ضرر

-131

**عنایت:** جناب حکیم قادر محی الدین صاحب نئی منڈی بنگلور (ہند)

**ھوالشافی:** گندھک آملہ سار دو تولہ' پارہ ایک تولہ' سہاگہ دو تولہ' قلفل سیاہ تین تولہ' پانچ تولہ' ہلیلہ زرد چھ تولہ' مغز تخم ارنڈ سات تولہ' جمالگوٹہ ایک تولہ۔

**ترکیب تیاری:** پہلے گندھک و پارہ کی کجلی تیار کرلیجئے پھر دیگر ادویات ملا کر کھرل کریں پوڈر ہوجائے پھر محفوظ رکھیں۔

**ترکیب استعمال:** دو سے تین رتی ہمراہ شیر گاؤ دیں۔

**فائدہ:** مسہل بے ضرر ہے اور کسی قسم کی تکلیف بھی نہیں ہوتی۔



باب 3:

# بچوں کے امراض

چھوٹے بچے صحت مند ہوں گے تو صحت مند معاشرہ تشکیل پائے گا چھوٹے بچے ہی مستقبل کی باگ دوڑ سنبھالتے ہیں لہٰذا ان کی صحت کی طرف خصوصی توجہ دینا ضروری ہے نیز ننھے بچے چونکہ اپنی تکلیف کو اپنی زبان سے نہیں بتاسکتے پس انہیں جب کسی قسم کی تکلیف ہوتی ہے تو ان کے چہرے' زبان' پاخانہ اور پیشاب وغیرہ دیکھنے ہی سے ان کی تکلیف کا اندازہ لگایا جاسکتا ہے۔

صحت کی صورت میں چہرہ ہشاش بشاش ہوتا ہے بچہ خوب نیند کرتا ہے مگر مرض کی صورت میں بے چین اور اکثر ڈرتا رہتا ہے اور نیند کی حالت میں چونک پڑتا ہے۔

## تشخیص الامراض اطفال:

(1) اگر بچہ اکثر روتا ہے اور دن بدن کمزور ہوتا جائے تو معمولی بخار کا شکار ہوگا۔

(2) اگر بچے کے ماتھے پر لہریں پڑ جائیں اور سوتے میں چونک پڑے اور رونے لگے یا کسی وقت سسکیاں لینے لگے تو وہ سینہ کی بیماری میں مبتلا ہے۔

(3) بچے کو کھانسی ہو سانس لینے میں جلدی ہو اور منہ کھول کر سانس لیتا ہو ناک کے نتھنے پھول جاتے ہوں اور زیادہ روتا ہو اسے ذات الجنب (نمونیا) سمجھنا چاہئے۔

(4) بچہ روئے اور اپنا ہاتھ کان کی جانب لے جائے تو درد کان سمجھنا چاہئے۔

(5) بچے کی زبان میلی ہو اور پاخانہ بدبودار سیاہی مائل قدرے خشک اور منہ کے قریب بل پڑتے ہوں تو خرابی معدہ تصور کرنا چاہئے۔

(6) اگر بچہ روتے وقت گھٹنے سکیڑے اور بھویں چڑھائے تو سمجھنا چاہئے کہ درد پیٹ ہے۔

(7) اگر پیشاب میں سفید رسوب بیٹھ جائے تو ہاضمے کی خرابی کی دلیل ہے۔

(8) اگر بچہ نیند کی حالت میں دانت پیسے ناک کھجائے پاخانہ یا پیشاب کی جگہ کو ملتا ہے تو پیٹ کے کیڑے ہونے کی دلیل ہے۔

(9) چھوٹے بچوں کو بات بات پر دوا نہیں دینی چاہئے بلکہ غذائی تدبیر اختیار کرنا چاہئے یا احتیاط سے کام لینا نہایت ضروری ہے البتہ شکایت رفع نہ ہونے کی صورت میں علاج کی طرف توجہ دینا ضروری ہے۔

(10) بچوں کی دوا خوش ذائقہ' خوش رنگ اور مناسب مقدار خوراک ہونا چاہئے۔

PAKISTAN VIRTUAL LIBRARY
www.pdfbooksfree.pk

www.pdfbooksfree.pk

# 132- اکسیر اطفال

**عنایت:** رئیس الاطباء حکیم محمد حسن قریشی صاحب پرنسپل طبیہ کالج لاہور۔

**ھوالشافی:** مروارید ناسفتہ چھ ماشہ' ریوند خطائی ایک تولہ' ہلیلہ زرد دو تولہ' پودینہ جنگلی چار تربد سفید مصفیٰ چار تولہ۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو باریک کر کے پوڈر بنالیں اور محفوظ رکھیں۔

**ترکیب استعمال:** دو رتی سے ایک ماشہ ہمراہ آب خالص دن میں دو وقت دیں۔

**فائدہ:** بدہضمی' قبض' ہرے پیلے اسہال' سوکڑا وغیرہ میں نہایت ہی مفید الاثر ہے۔

# 133- سفوف بخشی

**عنایت:** جناب حکیم بخشی حاکم رائے صاحب راجہ بازار راولپنڈی۔

**ھوالشافی:** برنج ساٹھی چار تولہ' ناریل دریائی دو تولہ' زہر مہرہ خطائی دو تولہ' برگ نیم دو سونف چار تولہ۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو پوڈر بنا کر سنبھال کر رکھیں۔

**ترکیب استعمال:** ایک رتی دن میں تین مرتبہ دیں ہمراہ شیر مادر۔

**فائدہ:** بچوں کے سبز دستوں کو روکتا ہے پیاس اور کمزوری کے لئے خاص چیز ہے۔

# 134- تریاق اطفال

**عنایت:** جناب حکیم سید عباس علی شاہ صاحب رام باغ امرتسر (ہند)

**ھوالشافی:** برگ بانسہ' خطمی' چھڑ برابر وزن

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو پوڈر بنالیں اور محفوظ رکھیں۔

**ترکیب استعمال:** ایک رتی سے ایک ماشہ ہمراہ عرق گاؤزبان دیں۔

**فائدہ:** بخار' کھانسی' اسہال' عطاش اطفال میں اسم با مسمی ہیں۔

# 135- سفوف بال

**عنایت:** جناب حکیم گوکل چند صاحب سکندر آباد ملتان۔

**ھوالشافی:** زہر مہرہ خطائی' ماجو' کھنہ گلابی' ناریل دریائی' زیرہ سیاہ' بڑی الائچی' طباشیر' مس گلو ہم وزن۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کا پوڈر کر لیجئے۔

**ترکیب استعمال:** ڈیڑھ سال تک کی عمر میں نصف ماشہ تین سال کی عمر کے لئے ایک

www.pdfbooksfree.pk



ماشہ ہمراہ آب تازہ دیں۔

# 136- زندہ پڑیا

**عنایت:** جناب حکیم ڈاکٹر محمد حسین صاحب بہانپورہ (اندور)

**ھوالشافی:** کیلومل یا ہیڈرا جرائی پرکلورائڈ (ایک مشہور انگریزی دوا ہے)

**ترکیب تیاری:** اسے اپنے پاس محفوظ رکھیں۔

**ترکیب استعمال:** بوقت ضرورت کوئلوں پر نصف ماشہ دوا ڈال کر بچے کو دھونی دیں صرف ایک مرتبہ ہی کافی ہے۔

**فائدہ:** اکثر پیدائش کے بعد بچہ روتا نہیں اور سارا جسم بھی سبز رنگ کا ہوجاتا ہے ایسی حالت میں بچے کو مردہ سمجھ کر زیر گور کردیا جاتا ہے حالانکہ بچہ جلدی نہیں مرتا۔ ایسے موقع پر ایک زندہ پڑیا کی دھونی انشاء اللہ عزوجل بچہ زندہ ہوجائے گا جسم کی سبزی زائل ہوکر سرخی نمودار ہوجائے گی سو فیصد مجرب اور متعدد تصدیقات بھی آچکی ہیں یہ ایک راز کی بات ہے جس سے لاکھوں کا بھلا ہوگا۔

# 137- طفلی تریاق

**عنایت:** جناب حکیم احمد دین صاحب کھیوہ گجرات۔

**ھوالشافی:** برگ نیم' کیسر' فلفل دراز' فلفل سیاہ' قرنفل ہر ایک ایک ماشہ' آملہ ایک دانہ۔

**ترکیب تیاری:** سب ادویات کو باریک پیس لیں اور آب حنا کے ساتھ گولیاں دانہ موٹھ بنالیں۔

**ترکیب استعمال:** ایک گولی شیر مادر میں گھس کر پلائیں۔

**فائدہ:** تمام امراض اطفال میں اکسیر ہے۔

# 138- دوائے بال

**عنایت:** جناب حکیم تربخش رائے صاحب خاندانی طبیب کوئٹہ

**ھوالشافی:** تربد مصفیٰ' پودینہ باغی' پوست ہلیلہ زرد تمام برابر وزن۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو باریک پیس لیں۔

**ترکیب استعمال:** ایک سال تک کے ایک ماشہ اور دو سال کے بچے کو دو ماشہ علی ہذا القیاس ہمراہ عرق سونف یا شیر مادر دیں۔

**فائدہ:** ام الصبیان' ڈبہ' سرسام' درد سر' پیچش' قبض' قولنج' بدہضمی' اسہال وغیرہ میں مفید الاثر ہے۔

# 139- چائلڈ کیسر

**عنایت:** جناب حکیم حبیب اللہ صاحب جگراؤں لدھیانہ (ہند)۔

**ہوالشافی:** ہنگ ایک تولہ' کتھہ گلابی سات ماشہ' افیون تین ماشہ' فلفل سیاہ' برگ ... عدد۔

**ترکیب تیاری:** ہنگ کو روغن گاؤ میں بریاں کریں اور دیگر ادویات کو پوڈر بنا کر مکس کر لیں

**ترکیب استعمال:** چھ ماہ کے بچے کو نصف رتی ایک سال کے بچے کو ایک رتی اسی ... بتدریج مقدار خوراک بڑھائیں ہمراہ شیر مادر۔

**فائدہ:** اسہال' چھارو' پاکہ' سرخ بادہ' جملہ امراض جو فساد خون و فساد معدہ سے ہوں نہایت مفید الاثر ہے۔

# 140- حب ڈبہ

**عنایت:** جناب حکیم فضل محی الدین صاحب آواں شریف

**ہوالشافی:** ثمر حنظل چار کلو پختہ' سہاگہ سیاہ پانچ تولہ۔

**ترکیب تیاری:** ثمر حنظل کو اس قدر پکائیں کہ گداز ہو جائیں پھر سرد ہونے پر مل کر صاف کریں پھر دوبارہ اس رس کو آگ پر غلیظ کریں تو سہاگہ سیاہ بھی ملادیں جب گولیاں باندھنے کے لائق ہو تو گولیاں دانہ ماش برابر باندھیں۔

**ترکیب استعمال:** ایک گولی سادہ پانی سے دیں۔

**فائدہ:** اسہال ہو کر مرض ڈبہ نیست و نابود ہو گا اکسیر لاجواب ہے۔

# 141- شربت مسیحا

**عنایت:** جناب حکیم قاضی سید شاہ صاحب قریش بہاری ترستی (ہند)

**ہوالشافی:** بادیان پانچ تولہ' سہاگہ بریاں چھ ماشہ' قند سفید ایک پاؤ۔

**ترکیب تیاری:** بادیان پانچ تولہ کو ایک کلو پانی میں جوش دیں جب نصف رہ جائے تو قند سفید پاؤ ڈال دیں جب پھر نصف رہ جائے تو سہاگہ بریاں ملا کر محفوظ رکھیں۔

**ترکیب استعمال:** ایک تولہ صبح و شام بچے کو پلا دیا کریں۔

**فائدہ:** بچوں کی جملہ امراض میں نہایت مفید ہے بچے کو مضبوط اور قوی و فربہ کرتا ہے بنائیں اور دعائیں دیجئے۔



# 142- تریاق اطفال

**عنایت:** جناب حکیم لدھا رام صاحب نواب شاہ سندھ

**ہوالشافی:** دانہ الائچی خورد' طباشیر' فلفل دراز' کاکڑا سنگی' آمیں' ہم وزن

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو باریک پیس کر محفوظ رکھیں۔

**ترکیب استعمال:** ایک چٹکی میں شہد ملا کر چٹائیں۔

**فائدہ:** بچوں کی کھانسی' دمہ' بخار کے لئے لاجواب ہے۔ ✓

# 143- اکسیر ام الصبیان

**عنایت:** جناب حکیم تاج الدین احمد صاحب شاہدرہ لاہور۔

**ہوالشافی:** سیماب' گندھک' گوکھرو' تربد سفید' حب السلاطین' مغز تخم' بید انجیر ہم وزن۔

**ترکیب تیاری:** اول سیماب و گندھک کی کجلی تیار کریں پھر دیگر ادویات ڈال کر خوب باریک پوڈر بنالیں اور مونگ کے برابر گولیاں تیار کرلیں۔

**ترکیب استعمال:** ایک ماہ کے بچے کے لئے آدھ گولی چار ماہ کے بچے کے لئے ایک گولی اسی طرح عمر کے مطابق بڑھائیں مگر دو گولی سے زائد بالکل نہ دیں ہمراہ مادر شیر۔

**فائدہ:** ڈبہ اطفال میں نہایت ہی مفید الاثر ہے۔

# 144- حب مرگی

**عنایت:** جناب حکیم سید خورشید عالم صاحب حافظ آباد گوجرانوالہ۔

**ہوالشافی:** صبر زرد' کند' جند بید ستر برابر وزن۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو باریک پیس لیں اور گولیاں مونگ برابر بنا کر محفوظ رکھیں۔

**ترکیب استعمال:** بچوں کو ایک گولی ماں کے دودھ میں گھس کر دیں۔

**فائدہ:** بچوں کی مرگی اور ڈبہ میں نہایت ہی مفید ہے۔

# 145- اکسیر ڈبہ

**عنایت:** جناب حکیم شمس الاسلام صاحب رہتک۔

**ہوالشافی:** پٹاس نائٹراس دو تولہ' چینی دو تولہ' کیلومل چھ ماشہ' اپیکا دانہ ایک تولہ' انٹی مونی پوڈر چھ ماشہ۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو پوڈر بنالیں۔

**ترکیب استعمال:** ایک رتی سے ڈیڑھ رتی ہر تین گھنٹے بعد دیں۔

www.pdfbooksfree.pk

**فائدہ:** صدہا مرتبہ کا مجرب تجربہ شدہ نسخہ جو ڈبہ کے لئے لاثانی ہے۔

## 146- صحت بال

**عنایت:** جناب حکیم نذر محمد انصاری صاحب مکھیانہ (ہند)

**هوالشافی:** کاکڑاسنگی، پیپل دراز دو ماشہ، طباشیر چھ ماشہ، اتیس ایک ماشہ، مغز کنوار گندل ا
تولہ، تخم الائچی کلاں تین ماشہ، سہاگہ چوکیہ بریاں دو ماشہ۔

**ترکیب تیاری:** سب ادویات کا پوڈر بنالیں۔

**ترکیب استعمال:** ایک ماشہ سادہ پانی سے استعمال کروائیں۔

**فائدہ:** بچوں کے دست، قے، بخار، کھانسی وغیرہ میں نہایت مفید معمول طلب ہے۔

## 147- حب دق الاطفال

**عنایت:** جناب حکیم مرزا منظور حسین صاحب کوہ ڈلہوزی

**هوالشافی:** مروارید ناسفتہ چار رتی، زہر مہرہ خطائی چھ ماشہ، ناریل دریائی، طباشیر، حجر الیہ
پوست، ہلیلہ زرد، زرورد، دانہ الائچی خورد، مغز کنول گوٹہ ہرایک چھ چھ ماشہ، کہرباشمعی چار ماشہ۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو عرق گلاب میں کھرل کرکے گولیاں دانہ مونگ بنالیں۔

**ترکیب استعمال:** ایک گولی صبح وشام ہمراہ شیر مادر دیں۔

**فائدہ:** دق الاطفال خصوصاً بچوں کی کمزوری، قے، اسہال کا حکمی علاج ہے۔

## 148- اکسیر ڈبہ

**عنایت:** جناب حکیم سید حشمت علی صاحب بالاکوٹ۔

**هوالشافی:** جائفل، جاوتری، زعفران، مرچ سیاہ، ہرایک تین تین ماشہ، فلفل دراز ایک
حب السلاطین چار ماشہ۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو باریک پیس کر لہسن کے پانی میں مونگ برابر گولیاں بنالیں او
محفوظ رکھیں۔

**ترکیب استعمال:** ایک سے دو گولی بمطابق عمر ہمراہ شیر مادر دیں۔

**فائدہ:** ڈبہ اطفال اور دیگر علامات میں نہایت ہی سریع الاثر ہے۔

## 149- حب لعل طفل

**عنایت:** جناب حکیم عبدالعلیم صاحب شورکوٹ۔

**هوالشافی:** برنج ساٹھی چار ماشہ، تارجیل دریائی دو ماشہ، زہر مہرہ دو ماشہ، برگ نیم دو ما



بادیان چار ماشہ۔

**ترکیب تیاری:** سب ادویات کو باریک پیس کر مونگ کے برابر حبوب تیار کرلیں۔

**ترکیب استعمال:** ایک گولی شیر مادر گھس کردیں۔

**فائدہ:** سبز اسہال، پیاس، کمزوری میں ایک ہی گولی فوری نفع دیتی ہے۔

## 150- اکسیر ام الصبیان

**عنایت:** حکیم محمد یوسف صاحب سکندر آباد دکن (ہند)

**هوالشافی:** فلفل سیاہ، شیر تھوہر قدرے مناسب۔

**ترکیب تیاری:** فلفل سیاہ کو شیر تھوہر میں بھگودیں بعد ازاں خشک کرکے پوڈر بناکر محفوظ رکھیں۔

**ترکیب استعمال:** مذکورہ پوڈر کی نسوار دیں۔

**فائدہ:** ہزار ہا مرتبہ کا مجرب نسخہ ہے مرض مذکورہ شرطیہ ختم ہوگا اور پھر عود بھی نہ کرے گا انشاء اللہ عزوجل۔

## 151- حب ڈبہ

**عنایت:** جناب حکیم لالہ ہرچند رائے سورام صاحب۔ باغ روڈ کراچی۔

**هوالشافی:** جدوار خطائی، عود صلیب، زہر مہرہ، عنبر اشہب ہرایک برابر وزن، عرق بید مشک حسب ضرورت۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو عرق بید مشک میں کھرل کریں تقریباً ڈھائی گھنٹے بعد حب بقدر دانہ مونگ بنالیں۔

**ترکیب استعمال:** ایک گولی سے دو گولی ہمراہ شربت عناب یا عرق سونف دیں۔

**فائدہ:** سریع الاثر بے خطا نسخہ ہے اور ڈبہ کو جڑ سے ختم کرتا ہے۔

## 152- تریاق دق الاطفال

**عنایت:** جناب حکیم نادر خان صاحب۔ ڈھڈی تھل جہلم۔

**هوالشافی:** طباشیر، دانہ ہیل خورد، کہرباشمعی، ست گلو، مغز تخم کدو، تخم کاسنی، خرفہ سیاہ، تخم لیموں کاغذی، زرورد اعلیٰ ہرایک چھ ماشہ، زہر مہرہ، تارجیل دریائی ہرایک ایک تولہ، عرق بید مشک حسب ضرورت۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو عرق بید مشک میں کھرل کرکے پوڈر بنالیں۔

**ترکیب استعمال:** روزانہ تین ماشہ دن میں تین مرتبہ پانی میں گھس کر یا حل کرکے

www.pdfbooksfree.pk

پلائیں۔
اگر بچہ دن بدن کمزور اور سوکھتا جاتا ہو پانی کی طرح پھٹے ہوئے دست آئیں اور
**فائدہ:** بھی بہت زیادہ آئے پیاس کا غلبہ ہو تو بہت ہی مفید الاثر ہے۔

## 153- ہیلتھ کیئر

**عنایت:** جناب حکیم منصور احمد خان صاحب موئی بارہ بنکی۔

**ھوالشافی:** گل دیگ دان سوختہ، سم اسپ مشکی سوختہ برابر وزن۔

**ترکیب تیاری:** دونوں کو باریک پیس کر دانہ مونگ برابر گولیاں تیار کر لیجئے۔

**ترکیب استعمال:** چھ ماہ کے بچے کے لئے ایک گولی روزانہ ایک سال کی عمر کے لئے گولی روزانہ ایک صبح، ایک شام دیں۔

**فائدہ:** اس کے استعمال سے بچہ دن بدن موٹا ہوتا جائے گا عجیب الاثر فوائد کی حامل دوا ہے۔

## 154- نسوار مرگی

**عنایت:** زبدۃ الحکماء جناب حکیم سید اخلاق حسین رضوی صاحب تالکنڈہ حیدر آباد دکن (ہند)

**ھوالشافی:** چھکنی، کشمیری پتر، اسطوخودوس ہر ایک ڈھائی تولہ، نوشادر سات ماشہ، چھلکا ریٹھہ پانچ ماشہ۔

**ترکیب تیاری:** سب کو باریک پیس کر محفوظ رکھیں۔

**ترکیب استعمال:** بطور نسوار استعمال کر دیں۔

**فائدہ:** ام الصبیان، مرگی، درد شقیقہ و عصابہ میں نہایت مفید الاثر ہے۔

## 155- اسہالی

**عنایت:** جناب حکیم پرتھوی چند صاحب پنڈی گھیب اٹک۔

**ھوالشافی:** تخم، مازو سبز ایک تولہ، زعفران اصلی ایک رتی۔

**ترکیب تیاری:** سب کو پوڈر کر لیں اور محفوظ رکھیں۔

**ترکیب استعمال:** ایک سال تک کے لئے ایک رتی دو سال کے لئے دو دو رتی ہمراہ عرق سونف یا سادہ پانی دیں۔

**فائدہ:** اسہال اطفال میں مجرب ہے۔

## 156- اکسیر اطفال

**عنایت:** جناب حکیم عبدالحق صاحب شاہ پور۔

www.pdfbooksfree.pk



**ھوالشافی:** پوست ہلیلہ زرد، پودینہ خشک، تربد سفید، برابر وزن۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو باریک پیس کر محفوظ کر لیں۔

**ترکیب استعمال:** ایک سال کی عمر تک چار رتی دو سال تک کے لئے ایک ماشہ پھر بتدریج دیں ہمراہ عرق سونف یا شیر مادر۔

**فائدہ:** امراض معدہ اور ام الصبیان میں مفید ہے۔

## 157- اکسیر چھارو

**عنایت:** زبدۃ الحکماء جناب حکیم رحمت علی قریشی صاحب جلندھر (ہند)

**ھوالشافی:** گندھک آملہ سار، الائچی خورد، گل سرخ ہر ایک ایک تولہ، نیلا تھوتھا ایک ماشہ۔

**ترکیب تیاری:** سب کو خوب باریک پیس لیں اور محفوظ رکھیں۔

**ترکیب استعمال:** ایک چاول سے دو چاول ملائی میں استعمال کریں۔

**فائدہ:** مرض چھارو میں نہایت ہی مفید ہے خرابی خون اور ضعف ہضم کے لئے نہایت مجرب ہے۔

## 158- اسہالی پوڈر

**عنایت:** جناب حکیم حکم چند صاحب صبوئی مظفر گڑھ۔

**ھوالشافی:** ریوند خطائی، پوست ہلیلہ زرد، کچور ہر ایک دو تولہ، سوڈیم بائی کارب ایک تولہ۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو سفوف بنالیں اور محفوظ رکھیں۔

**ترکیب استعمال:** چار رتی سے ایک ماشہ ہمراہ شیر مادر دیں۔

**فائدہ:** ہاضمہ کو درست کرنا اس کا ادنیٰ سا کرشمہ ہے دستوں میں بھی مفید ہے۔

## 159- گریمالٹ سیرپ

**عنایت:** ڈاکٹر و حکیم جناب راجندر سنگھ صاحب سمرا کلنکاری آسٹریلیا

**ھوالشافی:** ہائپو فاسفائٹ آف لائم 160 گرین یا 2400 گرام، ڈسٹلڈ واٹر 60 گرام، کوزہ مصری 250 گرام، ہائپو فاسفورس ایسڈ 20 قطرے، ٹنکچر کوجی انخدام

**ترکیب تیاری:** پہلی دونوں دواؤں کو ملا کر فلٹر کریں اور کوزہ مصری ڈال کر قوام شربت تیار کریں پھر باقی دونوں دواؤں کو ملا کر محفوظ رکھیں۔

**ترکیب استعمال:** ایک اونس دن میں تین مرتبہ دیں۔

**فائدہ:** سرفہ و کمزوری بدن کے لئے کمال درجہ کی دوا ہے۔

## 160- اکسیر ڈبہ

**عنایت:** جناب حکیم سنت لعل ۔ باغ ڈھل جھنگ۔

**ہوالشافی:** الماس کی پھلی، شہد حسب منشا۔

**ترکیب تیاری:** الماس کی پھلی جلا کر راکھ کر لیجئے اور پیس کر محفوظ رکھیے۔

**ترکیب استعمال:** شہد میں ملا کر تھوڑا تھوڑا چٹائیں۔

**فائدہ:** جس وقت بچے کی پسلی چلنے لگے اور گڑھا پڑ کر موت کا خوف ہو تو اس وقت [illegible] کا حکم رکھتی ہے بنائیں اور دعائیں دیجئے۔

## 161- حب پیچش

**عنایت:** جناب حکیم سید حسین علی شاہ صاحب حیدر آباد دکن (ہند)

**ہوالشافی:** سہاگہ تین ماشہ، افیون ڈیڑھ ماشہ، شنگرف ایک ماشہ، مصطگی دو ماشہ۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو باریک پیس کر آب لیموں میں حب دانہ موٹھ بنالیں اور رکھیں۔

**ترکیب استعمال:** ایک گولی گھس کر دیں۔

**فائدہ:** بچوں کے اسہال میں نہایت ہی مفید تجربہ شدہ دوا ہے۔

## 162- تریاق چھارو

**عنایت:** جناب حکیم محمد سمیع اللہ صاحب گوجر گڑھی مردان۔

**ہوالشافی:** برگ چنبہ، برگ آڑو، کھتہ سفید، مرچ سیاہ، نوشادر۔

**ترکیب تیاری:** سب ادویات کو پوڈر کر لیجئے اور سنبھال کر رکھیے۔

**ترکیب استعمال:** شیر خوار بچے کو نصف ماشہ دو سال تک کے لئے ایک ماشہ پانی سے دیں۔

**فائدہ:** مرض چھارو اطفال میں سینکڑوں مرتبہ کا تجربہ شدہ خاص معمول مطب ہے۔

## 163- دوائے نعم

**عنایت:** حکیم پنوں رام صاحب میانوالی۔

**ہوالشافی:** سہاگہ سیاہ، سہاگہ تیلیہ مثوی، ریوند چینی، ریوند خطائی ہر ایک تین تولہ۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو پوڈر کر لیں اور آب برگ لسوڑی میں دو پہر کھرل کر کے نخودی حبوب بنالیں۔





**ترکیب استعمال:** بچوں کو نصف گولی شیر مادر میں دیں جب کہ بڑوں کے لئے مناسب بدرقہ دیں۔

**فائدہ:** تشنج، نسیان، لقوہ، فالج، کھانسی، صدع، دمہ، سستی دماغ، بچوں کی کھانسی، ام الصبیان اور سینے سے بلغم کو صاف کرنے کے لئے نہایت مفید الاثر ہے۔

## 164- مشتاق اطفال

**عنایت:** زبدۃ الحکماء جناب حکیم احمد علی صاحب سمت نگر پربھنی دکن (ہند)

**ہوالشافی:** سہاگہ بریاں تین ماشہ، نوشادر ڈیڑھ ماشہ، ہینگ بریاں ایک ماشہ، قلمی شورہ چھ رتی، نمک سینڈھا دو ماشہ، زنجبیل ڈیڑھ ماشہ۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کا پوڈر بنا کر محفوظ کر لیجئے۔

**ترکیب استعمال:** بچوں کے لئے بمطابق عمر ایک رتی سے ایک ماشہ تک دیں۔

**فائدہ:** بچوں کی قبض، درد شکم، بدہضمی، کالرریاح غرض ہر مرض کے لئے نہایت مفید الاثر ہے۔

## 165- سعال طفل

**عنایت:** جناب حکیم خان محمد صاحب میرا شریف جہلم۔

**ہوالشافی:** نشاستہ، صمغ عربی، رب السوس، خشخاش سفید ہر ایک چھ ماشہ، افیون تین ماشہ۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو باریک کر کے لعاب بہیدانہ میں حب نخود تیار کر لیں۔

**ترکیب استعمال:** ایک گولی پانی میں گھس کر دیں۔

**فائدہ:** بچوں کی کھانسی اور اسہال میں مفید الاثر لاجواب دوا ہے۔

## 166- اکسیر ڈبہ اطفال

**عنایت:** جناب حکیم طاہر حسین صاحب مڈل بازار شملہ

**ہوالشافی:** نوشادر دو ماشہ، توتیا تین ماشہ، گیرو ایک ماشہ۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو نہایت باریک پیسکر دانہ موٹھ کے برابر گولیاں بنالیں۔

**ترکیب استعمال:** ایک گولی ماں کے دودھ میں گھس کر دیں۔

**فائدہ:** ڈبہ اطفال میں نہایت مجرب دوا حاضر خدمت ہے۔

## 167- دوائے سعال

**عنایت:** زبدۃ الحکماء جناب حضرت علامہ مفتی حکیم محمد فاروق صاحب کراچی۔

**ہوالشافی:** نوشادر دو تولہ، جوکھار دو تولہ، سہاگہ دو تولہ، نمک سونچل دو تولہ، اجوائن خراسانی

ایک تولہ، ثمر کیلی خورد ایک پاؤ۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو پیس لیں پھر ایک ہنڈیا میں ڈال کر گل حکمت کریں اور
ہونے پر دس کلو اوپلوں کی آگ دیں سرد ہونے پر نکال کر محفوظ رکھیں۔

**ترکیب استعمال:** ایک رتی سے دو رتی مناسب بدرقہ بمطابق عمر بچے کو دیں۔

**فائدہ:** کالی کھانسی کو دور کرنے سوء ہضم، قبض، گیس، بدہضمی، عسر البول اور پیٹ کے کیڑ
مار کر خارج کرنے میں سریع الاثر بے نظیر ہے۔

## 168- کھانسول

**عنایت:** جناب حکیم محمد ندیم صاحب چیچہ وطنی ساہیوال

**ہوالشافی:** میعہ سائلہ، نوشادر، سہاگہ، رب السوس، ہرایک ایک تولہ، مرکی، گوند کیکر، ہرایک
ماشہ، افیون، زعفران ہرایک تین ماشہ۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو باریک پیس کر لعاب اسپغول سے فلفل سیاہ برابر حبوب
کرلیں۔

**ترکیب استعمال:** ایک حب صبح ایک شام ہمراہ تازہ پانی۔

**فائدہ:** کھانسی خشک ہو یا تر دوا کی پہلی خوراک ہی سے دفع ہو جاتی ہے۔

## 169- حب اُم الصبیان

**عنایت:** جناب حکیم قیصر نوید صاحب، پسرور سیالکوٹ

**ہوالشافی:** مغز جمالگوٹہ، مغز کرنجوہ، فلفل اسود، سونٹھ برابر وزن۔

**ترکیب تیاری:** تمام اجزاء کو نہایت باریک پیس کر عرق سونف میں دانہ مونگ برابر حبوب
کرلیں۔

**ترکیب استعمال:** روزانہ ایک گولی صبح ایک شام شیر مادر میں دیں۔

**فائدہ:** اس سے اسہال با فراغت آ کر مرض رفع ہو جاتا ہے۔

## 170- حب موتی

**عنایت:** جناب حکیم پیر عبدالرحیم جلیل صاحب دہلی (ہند)

**ہوالشافی:** مروارید ناسفتہ چار رتی، زہر مہرہ خطائی، دانہ الائچی خورد، مغز کنول گھوٹہ، طباشیر
حجر الیہود، زراوند مدحرج، ناریل دریائی ہرایک چھ ماشہ، پوست ہلیلہ زرد پانچ ماشہ۔

**ترکیب تیاری:** سب ادویات کو نہایت باریک پوڈر کر کے عرق سونف کی مدد سے حب
مونگ بنالیجئے۔

www.pdfbooksfree.pk



**ترکیب استعمال:** ایک گولی شیر مادر میں گھس کر دیں۔

**فائدہ:** دست، قے، اپھارہ، سوکھا مسان کا اکسیری علاج بے مثل ہے۔ یہ ایک خاص راز کا نسخہ ہے جو آپ کی خدمت میں پیش ہے۔

## 171- قلندری پوڈر

**عنایت:** جناب حکیم محمد سیف الرحمٰن سندھو ملتان۔

**ہوالشافی:** مصطگی رومی، طباشیر کبود، الائچی خورد، پودینہ خشک ہم وزن۔

**ترکیب تیاری:** بطریقہ معروف پوڈر بنا کر احتیاط سے سنبھال لیجئے۔

**ترکیب استعمال:** ایک رتی سے تین رتی تک دیں۔

**فائدہ:** ہمہ اقسام کے دست، قے، اپھارہ، سوکھا مسان کا اعلیٰ اور کم خرچ بالانشین اور سریع الاثر کا حقیقی مصداق نسخہ پیش نظر دانا ہے۔

## 172- شربت ہمیلیتھی

**عنایت:** جناب حکیم پنڈت کرشن کنور دت صاحب (ہند)

**ہوالشافی:** برگ اڑوسہ ایک کلو، گاؤ زبان 250 گرام، گل بنفشہ 250 گرام، خوب کلاں ایک سو بیس گرام، ملٹھی ایک سو بیس گرام، سرطان نہری تیس گرام۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو چار گنا پانی میں بھگو دیں پھر چوبیس گھنٹے بعد بذریعہ قرع انبیق عرق کشید کریں مزید کافور کی پوٹلی بوتل کے منہ پر باندھ دیں تاکہ عرق کے قطرے کافور کی تاثیر سمیت بوتل میں جمع ہوں جب پانچ کلو عرق کشید ہو جائے تو بطریقہ معروف شربت تیار کرلیجئے اور ایک بوتل میں عرق ایک تولہ چونا ملا کر نتار لیں پھر شربت تیار کرلیجئے۔ مزید لطیف و خوش رنگ بنانے کے لئے روز کلر کے چند قطرے ملا دیں تاکہ شربت کا رنگ سرخ ہو جائے۔

**ترکیب استعمال:** ایک ماشہ سے چار ماشہ بمطابق عمر صبح و شام دیں۔

**فائدہ:** بدہضمی، دودھ الٹنا، دست خصوصاً ہرے پیلے دست وغیرہ کا کامیاب علاج ہے نیز اس کے استعمال سے دانت بآسانی نکلتے ہیں مروڑ پیچش کا حتمی علاج ہے سوکھا مسان، کھانسی، بخار کی بھروسہ کی دوا ہے۔ گویا طبیب کی عزت بڑھاتا ہے اور مرتبے کی حفاظت کرتا ہے۔

## 173- حب سرخبادہ

**عنایت:** زبدۃ الحکماء استاد الاطباء جناب حکیم محمد رمضان صاحب گڑھا موڑ ملتان۔

**ہوالشافی:** رسونت خالص مصفیٰ، مغز انمولی نیم، ہرایک دو تولہ، صندل سرخ، چرائتہ، شاہترہ، مغز چاکسو، نرکچور، برگ نیم، سیرگ بکائن، گل حنا، کھتہ سفید، گل نیم، فلفل سیاہ، زرد چوب ہرایک

[ترکیب تیاری: تمام ادویات] کو نہایت باریک پیس کر حب دانہ ماش برابر گولیاں بنا...
تین تین ماشہ۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو نہایت باریک پیس کر حب دانہ ماش برابر گولیاں بنا...

**ترکیب استعمال:** ایک گولی صبح' ایک گولی شام اور ایک دوپہر شیر مادر میں گھس کر...

**فائدہ:** سرخبادہ اطفال میں درجہ کمال کی مفید دوا ہے پھوڑے پھنسیوں کے لئے ...
ہے۔

## 174- حب صافی

**عنایت:** زبدۃ الحکماء جناب حکیم محمد تنویر احمد شاکر صاحب ملتان

**ہوالشافی:** نرکچور' ریونت' چاکسو' مردارسنگ' دھماسہ' صندل سرخ' ہلیلہ سیاہ' برگ م... منڈی' پریم ڈنڈی' کنگھی' نیل' برگ نیم' برگ بکائن ہم وزن۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو خوب باریک کرکے برگ حنا کے پانی سے حب دانہ م... بنالیں اور محفوظ رکھیں۔

**ترکیب استعمال:** ایک گولی صبح و شام شیر مادر میں گھس کر دیں۔

**فائدہ:** پھوڑے پھنسیوں اور دانوں کے لئے یا سرخبادہ اطفال میں نہایت ہی جید الاثر ... یعنی مجرب نسخہ پیش خدمت ہے۔

PVL
PAKISTAN VIRTUAL LIBRARY
www.pdfbooksfree.pk



باب 4:

# بالوں کے امراض

## گنج

| اردو نام | طبی نام | ڈاکٹری نام |
|---|---|---|
| گنج | [illegible] | [illegible] |

**اسباب:**

جوانوں اور بوڑھوں کے اکثر سر گنجے ہوجاتے ہیں یہ مرض کسی تعارف کی محتاج نہیں ہے عموماً یہ مرض حرارت عزیزی کی کمی' داد' خارش' چنبل وغیرہ کے باعث عام جسمانی کمزوری' دماغی کمزوری' کثرت دماغی مشقت وغیرہ یا اعصابی نظام کا کمزور ہونا اسباب ہیں۔

**علامات:**

عموماً شروع شروع میں بال باریک قدرے بھورے رنگ کے اور پھر آہستہ آہستہ کمزوری کا شکار ہوکر گرنا شروع کردیتے ہیں اور جلدی مسامات کے ساتھ ساتھ بند ہوکر گنجے پن کا باعث بنتا ہے جہاں سے گنجے پن کا اظہار ہوتا ہے وہاں پر جلد ملائم اور چمکدار ہوجاتی ہے۔

## 175- روغن گنج

**عنایت:** زبدۃ الحکماء جناب حکیم سید اقبال حسین شاہ صاحب رام نگر بنارس (ہند)

**ہوالشافی:** آب برگ گومہ دو کلو آب گل نارنجی آدھ کلو' قلمی شورہ ایک سو بیس گرام' روغن ناریل خالص ایک پاؤ۔

**ترکیب تیاری:** قلمی شورہ کو آب گومہ میں ڈالیں اور روغن بھی ڈال کر نرم آگ پر رکھ دیں جب تمام عرق خشک ہوجائے تو روغن فلٹر کرکے محفوظ رکھیں۔

**ترکیب استعمال:** دن میں دو مرتبہ کاربالک سوپ اور نیم کے پتوں کے جوشاندے سے سر کو دھوئیں اور روغن لگا لیا کریں۔

**فائدہ:** چند روز میں جلد پر کھرنڈ آکر خود بخود جھڑ جائے گا خشکی اور سکری خواہ عمر کے بمابر حصہ سے ہو ختم ہوجائے گی بال تراشنے کی بھی ضرورت نہیں ہوتی کچھ دنوں بعد بال نئے آنا شروع

www.pdfbooksfree.pk

ہوجائیں گے صحت کے بعد بال کم بالکل نہیں ہوتے اور نہ ہی کوئی زخم کا نشان وغیرہ رہتا بلکہ گنج ختم ہوجاتا ہے۔

## 176- بال گرنا بند

**عنایت:** جناب حکیم وڈاکٹر ہری چند ملتانی۔ ملتان

**ہوالشافی:** روغن ناریل ایک پونڈ' روغن بادام ایک اونس' روغن کدو آدھا اونس' روغن تلی سفید ایک اونس' خوشبو چنبیلی آدھا اونس' خوشبو صندل آدھا ڈرام' خوشبو گلاب آدھا ڈرام' خوشبو کیوڑا آدھا ڈرام۔

**ترکیب تیاری:** تمام چیزوں کو ملالیں اور تین ہفتوں کے لئے محفوظ رکھیں پھر نکال کر استعمال کریں۔

**ترکیب استعمال:** بالوں کو دھو کر خشک کرکے روزانہ صبح لگائیں اور جڑوں میں مساج کریں۔

**فائدہ:** یہ تیل دماغی خشکی کو ختم کرتا ہے بال گرنا بند ہوجاتے ہیں دو منہ ہونا' ٹوٹنا' دراز نہ ہونا وغیرہ میں لاجواب ہے۔

## 177- شاہی خضاب

**عنایت:** جناب حکیم سید پیرامیر شاہ قریشی صاحب جہلم۔

**ہوالشافی:** پارہ چھ ماشہ' بیضہ زاغ سیاہ کا پانی چار تولہ' عرق گلاب پانچ تولہ۔

**ترکیب تیاری:** ایک برتن میں زاغ سیاہ کا پانی ڈال کر اوپر پارہ ڈال دیں ایک گٹکا بن جائے گا اسے کھرل کریں اور عرق گلاب میں ملا کر رکھ دیں۔

**ترکیب استعمال:** پہلے بالوں کو آملہ کے پانی سے دھوئیں پھر برش کی مدد سے خضاب شاہی لگادیں۔

**فائدہ:** بالوں کو قدرتی رنگت و چمک سے نواز کر حسن کو دوبالا کرنا اس کا ادنی کرشمہ ہے نیز متعدد مرتبہ کا تجربہ شدہ ہے۔

## 178- خضاب جوان

**عنایت:** جناب حکیم عبداللہ صاحب گوٹھ گل محمد خان سکھر سندھ۔

**ہوالشافی:** پارہ پانچ تولہ' قلعی ایک تولہ' سکہ ایک تولہ' جست ایک تولہ' تیزاب فاروقی خالص تین تولہ۔

**ترکیب تیاری:** پہلے دھاتوں کو پگھلالیں پھر پارہ ڈال کر خوب کھرل کریں اور شیشی میں ڈال

www.pdfbooksfree.pk



کر اوپر تیزاب فاروقی ڈال دیں سب کو کھا جائے گا جب اچھی طرح کھا جائے تو کڑاہی میں ڈال کر آگ پر رکھیں جب تمام چیزیں راکھ کی مانند ہوجائیں تو تیار ہے محفوظ رکھیں۔

**ترکیب استعمال:** ایک رتی سے دو رتی تک عرق گلاب میں حل کرکے برش سے بالوں کو لگائیں۔

**فائدہ:** بالوں کو قدرتی حسن عطا کرکے سو سالہ بوڑھے کو چھتیس سالہ جوان بنادیتا ہے۔

## 179- خضاب اسود

**عنایت:** جناب حکیم لالہ دولت رام صاحب خوشاب۔

**ہوالشافی:** پیرافین لی ڈائمن درجہ اول ایک پونڈ' سائٹراک ایسڈ آدھ پونڈ' بیریم پروکسائیڈ ایک پونڈ' مینگنیز ڈائی اوکسائیڈ نصف اونس۔

**ترکیب تیاری:** سب کو الگ الگ باریک کرکے رکھ لیں اور ملا کر محفوظ کیجئے۔

**ترکیب استعمال:** ایک ماشہ دوا کو نو ماشہ عرق گلاب میں حل کرکے برش سے لگائیں۔

**فائدہ:** یہ خضاب رنگت اور پختگی کے لحاظ سے نہایت ہی لاجواب ہے اور بالوں کو ریشم کی مانند ملائم اور چمکدار بناتا ہے۔

## 180- خضاب صدیقی

**عنایت:** جناب حکیم محمد یوسف صدیقی صاحب۔

**ہوالشافی:** پیرافین لی ڈائمن 10 گرام' مہندی 100 گرام۔

**ترکیب تیاری:** پیرافین لی ڈائمن کو باریک کرکے مہندی میں ڈال کر چار گھنٹے تک بھیگا رہنے دیجئے۔

**ترکیب استعمال:** دن کے وقت بالوں پر لگائیں اور چھ گھنٹے لگا رہنے دیجئے۔

**فائدہ:** بال سیاہ ریشم کی مانند نرم اور مضبوط ہوں گے۔

باب 5:

# پستانوں کے امراض

یہ دو ایسے ابھار ہوتے ہیں جن سے بچوں کی پرورش کے لئے دودھ کے چشمے پھوٹتے ہیں یہ ابھار مردوں میں برائے نام جب کہ عورتوں میں نمایاں ہوتے ہیں یہی ابھار عورت کے حسن کو دوبالا کرتے ہیں اور کشش کا باعث ہوتے ہیں۔ ان ابھاروں کے درمیان ایک سیاہ مائل چھوٹا ابھار ہوتا ہے جس میں تقریباً بیس سے پچیس باریک باریک سوراخ ہوتے ہیں جن سے دودھ کے چشمے پھوٹتے ہیں ان چھوٹے ابھاروں کو نپل کہتے ہیں۔

## کثرت لبن

اگر دودھ بکثرت پیدا ہو تو پستانوں میں تناؤ پیدا کرکے درد کا باعث بنتا ہے یا پستانوں میں دوران خون کی زیادتی سے ورم بھی پیدا ہو جاتا ہے۔ کثرت لبن کے باعث عموماً دودھ خود بخود بہنا شروع ہو جاتا ہے۔

اسباب:

جسم میں کثرت خون اور رقت خون ایسی اغذیہ و ادویہ کا استعمال جو کثرت پیدائش لبن کا باعث بنیں، محبت اولاد کی زیادتی، بے فکری، فراغت، دودھ چھوڑنا وغیرہ وغیرہ۔

## 181- ضماد قلت لبن

**عنایت:** زبدۃ الحکماء جناب حکیم بابا محمد حسین بورے والا ملتان

**ھوالشافی:** مردار سنگ، زیرہ سیاہ، میتھی، سرکہ تمام ادویات ہم وزن۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو باریک پیس کر سرکہ سے لیپ بنا کر محفوظ رکھیں۔

**ترکیب استعمال:** دن میں دو مرتبہ ضماد کر لیا کریں۔

**فائدہ:** بغیر کسی تکلیف کے دودھ کی پیدائش کم ہو جاتی ہے اور پستانوں میں سختی بھی پیدا ہوتی ہے۔

مفرد علاج:

پھٹکڑی سفید پستانوں پر لگانا بھی قلت لبن کا باعث بنتا ہے۔



## قلت لبن

اس مرض میں پستانوں میں دودھ کی پیدائش کم ہو جاتی ہے جس سے بچے کی پرورش میں کمی آجاتی ہے اور وہ سیر نہیں ہوتا۔

اسباب:

کمی خون، کثرت غم و فکر و رنج، پستانوں کی قوت جاذبہ کی کمزوری، دودھ پلانے کے زمانے میں کثرت مباشرت، گرم جگہوں پر کام کاج کرنا، بچے سے عدم محبت، جسم سے کثرت اخراج خون، ایسی اغذیہ و ادویہ کا استعمال جو قلت لبن کا باعث بنیں وغیرہ۔

توجہ:

اسباب کو مدنظر رکھتے ہوئے تدارک کی تدابیر اختیار کرنا طبیب کی اہم ذمہ داری ہے۔

## 182- پوڈر افزائش لبن

**عنایت:** جناب حکیم پیر محبوب عالم صدیقی صاحب گوجرانوالہ۔

**ھوالشافی:** تودری سرخ، ستاور ہم وزن۔

**ترکیب تیاری:** دونوں کو باریک پیس لیں اور محفوظ رکھیں۔

**ترکیب استعمال:** ایک تولہ پوڈر روزانہ صبح گائے کے دودھ کے ساتھ استعمال کروائیں۔

**فائدہ:** انشاء اللہ عزوجل چند ہی دنوں میں دودھ کی نہریں بہہ نکلیں گی نیز کثرت مادہ منویہ بھی پیدا شروع ہو جاتا ہے اور اس میں غلظت بھی پیدا ہو جاتی ہے بدن کو موٹا کرتا ہے اور قوی کرتا ہے۔

## 183- ضماد پیدائش لبن

**عنایت:** جناب حکیم پنڈت حکم چند صاحب شیخوپورہ۔

**ھوالشافی:** آرد باقلہ، گل بنفشہ، گل خطمی، جو مقشر، آرد برنج ساٹھی ہم وزن۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو باریک کرکے چقندر کے پانی میں گوندھ کر قدرے روغن کنجد ملائیں اور محفوظ رکھیں۔

**ترکیب استعمال:** بوقت ضرورت نیم گرم کرکے پستانوں پر لگائیں۔

**فائدہ:** اس ضماد سے عورتوں کے پستانوں میں دودھ کی کثرت ہو جاتی ہے اور کسی قسم کی تکلیف بھی نہیں ہوتی۔

www.pdfbooksfree.pk

## 184- معجون کثرت دودھ

**عنایت:** جناب چوہدری حکیم محمد شریف ملتانی صاحب ملتان۔

**ہوالشافی:** تودری سرخ، تودری سفید، تخم خشخاش سفید، مغز بادام، مغز چلغوزہ، مغز چرونجی، مغز فندق، مغز حبۃ الخضر ہم وزن۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو باریک کرکے گائے کے گھی میں چرب کرکے سہ چند چینی کا قوام بنا کر پوڈر مکس کرکے معجون تیار کریں اور محفوظ رکھیں۔

**ترکیب استعمال:** ایک تولہ صبح اور ایک تولہ شام ہمراہ شیر گاؤ میں۔

**فائدہ:** عورت کی بھرپور جوانی کو لوٹاتی ہے اور جسم میں طاقت کا خزانہ پیدا کرکے دودھ کی کثرت کردیتی ہے لاثانی مجرب ہے۔

## 185- طغرے

(1) مغز بنولہ ایک تولہ ایک پاؤ دودھ میں کھیر بنا کر کھانا بے

(2) زیرہ سفید تین ماشہ صبح اور تین ماشہ شام ہمراہ دودھ کھانا مفید و مجرب ہے۔

(3) کشتہ فولاد کا استعمال بھی بہی فوائد کا حامل ہے۔

(4) کثرت سے دودھ پینا بھی بے حد مفید ہے۔

## دودھ کا جم جانا

اس مرض میں دودھ پستانوں میں جم جاتا ہے اور بعض اوقات نالیوں میں رک کر متعفن ہو کر پنیر کی مانند جم کر پستانوں کو سخت کرکے درد کا باعث بنتا ہے۔

**اسباب:**

دودھ کی نالیوں میں بلغم کا جمنا، نالیوں میں سدے بننا، پستانوں کے عضلات کا رگوں پر دباؤ، دودھ کا زیادہ دیر تک پستانوں میں رکے رہنا، نالیوں میں رسولیاں پیدا ہونا، بعض اوقات کوئی زہریلی کیفیت کا پیدا ہونا وغیرہ۔

## 186- طلاء چنبیلی

**عنایت:** جناب حکیم محمد اکمل قادری صاحب فیصل آباد۔

**ہوالشافی:** خراطین مصفی پچاس گرام، روغن چنبیلی پچاس گرام۔

**ترکیب تیاری:** خراطین مصفی کو پوڈر بنا کر روغن چنبیلی ڈال کر محفوظ رکھیں۔



**ترکیب استعمال:** بوقت ضرورت پستانوں پر طلاء کیجئے۔

**فائدہ:** اندر کی رسولیوں کو تحلیل کرکے اور سدوں کو خارج کرکے دودھ کی رکاوٹ کو دور کرتا ہے۔

## 187- ٹکور جلالی

**عنایت:** جناب حکیم جلال الدین جلالی میرپور سندھ۔

**ہوالشافی:** گل بابونہ، پودینہ، میتھرے، خطمی، السی ہر ایک ایک تولہ، پانی ایک کلو۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو ایک کلو پانی میں پکائیں۔

**ترکیب استعمال:** گرم گرم پانی سے پستانوں پر ٹکور کریں مفید الاثر لاجواب ہے نیز اس کے ثفل کو روغن بابونہ میں ملا کر لیپ کریں۔

**فائدہ:** دودھ کو رقیق کرکے سدوں کو خارج کرکے دودھ کو جاری کرتا ہے۔

**مفرد علاج:**

نمکین گرم پانی کا بہنا مفید الاثر ہے۔

## پستانوں کا ڈھیلا ہونا

اس مرض میں عورت کے پستان ڈھیلے ہو کر لٹک جاتے ہیں جس سے عورت کا حسن برباد ہو جاتا ہے عورت احساس کمتری کا شکار ہو جاتی ہے۔

**اسباب:**

کمی خون، بچوں کو لمبے عرصے تک دودھ پلانا، پستانوں کی رگوں کا خون سے خالی ہونا، بلغم کی کثرت وغیرہ۔

## 188- روغن جامن

**عنایت:** زبدۃ الحکماء جناب حکیم ابو علی صاحب نواب گنج دہلی۔

**ہوالشافی:** پوست درخت انار، پوست درخت بکائن، پوست کیکر، پوست درخت جامن ہر ایک ایک پاؤ، پوست ہلیلہ زرد دس تولہ، اجوائن خراسانی پانچ تولہ، آب افشردہ ثمر بکائن دس تولہ، آب افشردہ ثمر کیکر دس تولہ، آب خالص تین کلو، روغن سرسوں آدھا کلو۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو آب خالص تین کلو خوب پکائیں جب آدھا پانی جل جائے تو چھان کر تیل سرسوں ڈال کر نرم آگ پر پکائیں جب پانی جل جائے تو آئل کو فلٹر کرلیں اور پھر اس میں صحرائی کبوتر کی سوختہ ہڈیاں، ثمر بکائن سوختہ، گلنار سوختہ ہر ایک ایک تولہ شامل کرکے

www.pdfbooksfree.pk

کر رکھ لیں اور محفوظ رکھیں۔

**ترکیب استعمال:** پستانوں کو دو وقت مل کر سینہ بند باندھ لیں۔

**فائدہ:** پستانوں کو چھوٹا گول اور سخت کرتا ہے بشرطیکہ عرصہ تک استعمال کریں۔

## 189- برسٹنگ آئل

**عنایت:** جناب حکیم حیات علی عطار صاحب بہاولپور۔

**ھوالشافی:** پوست درخت کیلا' پوست درخت انجیر' پوست درخت انار' ہر ایک ایک تولہ' زرد چوب تین تولہ' روغن گاؤ تین تولہ۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو روغن زرد میں جلا دیں اور فلٹر کر کے محفوظ رکھیں۔

**ترکیب استعمال:** دن میں دو وقت نیم گرم مالش کریں اور بریزر چڑھالیں۔

**فائدہ:** چند دنوں میں پستانوں کو مثل شباب آور بنادے اور سخت بنا کر بڑھاپے کو جوانی کی صورت میں پیش کرے مجرب ہے۔

PVL
PAKISTAN VIRTUAL LIBRARY
www.pdfbooksfree.pk



باب 6:

# جگر کے امراض

**جگر کی مختصر تشریح:**

جگر اعضائے رئیسہ میں سے ایک عضو ہے جو سرخ مائل بہ سیاہی بینگنی شکل کا عضو ہے جسم میں دائیں جانب پسلیوں کے نیچے اور معدے کے اوپر ہوتا ہے اس کا وزن عموماً تندرست جوان آدمی میں ڈیڑھ سیر سے دو سیر ہوتا ہے۔

جگر کے اندر شریانیں' وریدیں اور صفراوی نالیوں کا جال بچھا ہوتا ہے اس کے علاوہ اعصاب و عضلات بھی ہوتے ہیں اخلاط مثلاً بلغم' سودا' صفرا وغیرہ جگر ہی میں بنتے ہیں جو صفرا پیدا ہوتا ہے پتہ میں سٹور ہوتا رہتا ہے اور بوقت ضرورت آنتوں پر گرتا ہے خون میں شامل ہو کر مختلف اعضاء کی خوراک بنتا ہے وغیرہ۔ حالت صحت میں چوبیس گھنٹے میں صفرا تقریباً سو گرام سے ایک سو بیس گرام آنتوں پر گرتا رہتا ہے۔ جگر کی اہمیت مسلمہ ہے' اگر اس میں خرابی آ جائے تو تمام اعضائے جسم کے افعال میں خلل واقع ہو جاتا ہے کیونکہ جسم کی پرورش اور تغذیہ کے افعال وغیرہ اس کے ذاتی افعال ہیں۔

**ضعف جگر:**

جب جگر کے افعال میں سستی آ جائے تو اسے ضعف جگر کا نام دیں گے اطباء کرام کے نزدیک جگر کی چاروں یا کوئی ایک قوت مثلاً قوت ماسکہ' قوت دافعہ' قوت جاذبہ یا قوت ہاضمہ میں سستی یا خرابی سے ضعف جگر واقع ہو جاتا ہے۔

**اسباب:**

مباشرت اور شدید محنت و مشقت اور دھوپ میں زیادہ رہنے کے فوراً بعد پانی پی لینا' ٹھنڈے مشروب یا برف کا کثرت استعمال' مرطوب غذاؤں کی زیادتی' بندش حیض' سدہ جگر' ورم جگر' تبریدات و مسہلات کا کثرت استعمال وغیرہ ضعف جگر کے اسباب میں شامل ہے۔

**علامات:**

بدن کمزور' جسم کا رنگ سفیدی یا زردی مائل نیلگوں' بلغم کی کثرت' ہونٹ اور زبان کی رنگت سفیدی مائل' بدن میں سستی اور ڈھیلا پن' چہرے پر بھربھراہٹ' پیشاب گاڑھا' نبض قدرے مشرف اور مریض بعض اوقات نبض ست اور آہستہ چلتی ہے پاخانہ غسالی یعنی گوشت کے دھوں

www.pdfbooksfree.pk

خون قدرے کار ملا ہوا، منہ کا ذائقہ قدرے تلخ، پیشاب سرخ زردی یا سفیدی مائل جیسا وغیرہ وغیرہ۔

**علاج:** درج ذیل مجربات میں سے منتخب فرما کر استعمال کیجئے۔

## 190- جگری مطبوخ

**عنایت:** جناب حکیم پیر سید مشتاق شاہ صاحب جہانیاں ملتان۔

**ھوالشافی:** بنفشہ، کنو، ملٹھی، تخم کشوث، سونف، بیخ کاسنی، گاؤزبان، بیخ بادیان، مویز منقیٰ بادیان خطائی ہر ایک چھ ماشہ۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو اچھی طرح پاؤ پانی میں ابال لیں پھر گلقند ملا کر محفوظ رکھیں۔

**ترکیب استعمال:** روزانہ دو مرتبہ صبح و شام نوش فرمائیں۔

**فائدہ:** اس جوشاندے سے سدا خواہ جگر میں ہو یا ماساریقا میں ہو، تحلیل ہو جاتا ہے سوالقنیہ اور استسقاء میں بھی جید الاثر ہے۔

## 191- معجون کبد

**عنایت:** جناب حکیم محمد ممتاز صاحب دہاڑی ملتان

**ھوالشافی:** پوست آملہ اٹھائیس ماشہ، پوست ہلیلہ اٹھائیس ماشہ، پوست بلیلہ چودہ ماشہ، فلفل سیاہ چودہ ماشہ، فلفل سفید چودہ ماشہ، ملٹھی چھپن ماشہ، نمک سنگ سات ماشہ، طباشیر چودہ ماشہ، ہمنیت آف لائم چودہ ماشہ، روغن گاؤ سات تولہ، شہد خالص بارہ ماشہ، کوزہ مصری پندرہ تولہ۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو باریک کر کے روغن گاؤ میں چرب کریں پھر مصری کا قوام تیار کریں اور شہد ڈال کر باقی چرب شدہ پوڈر ملا کر معجون بنالیجئے۔

**ترکیب استعمال:** تین ماشہ صبح، تین ماشہ شام ہمراہ شیر شتر جوشیدہ دیں۔

**فائدہ:** مولد خون ہے مقوی دل و دماغ جگر و معدہ ہے بھوک خوب لگاتی ہے مقوی باہ بھی ہے کسی تحفے سے کم نہیں۔

## 192- اکسیر جگر

**عنایت:** جناب حکیم غوث محی الدین صاحب حیدرآباد دکن (ہند)

**ھوالشافی:** خبث الحدید مصفیٰ ایک پاؤ، شیر مدار ایک کلوگرام، دودھ کی لسی پانچ کلو، سرکہ انگوری دو کلوگرام۔

www.pdfbooksfree.pk



**ترکیب تیاری:** پہلے خبث الحدید کو کڑاھی میں ڈال کر شیر مدار ڈال دیں اور ہلکی ہلکی آنچ دیں کر خشک ہو جائے پھر دودھ کی لسی ڈال کر خشک کریں پھر سرکہ انگوری ڈال کر کے بعد دیگر خشک کریں مگر دودھ کی لسی اور سرکہ انگوری تھوڑا تھوڑا ڈال کر خشک کرنا ہے پھر محفوظ رکھ لیں۔

**ترکیب استعمال:** ایک رتی سے دو رتی مکھن میں ملا کر کھلائیں۔

**فائدہ:** ضعف جگر کے لئے انمول تحفہ جو مجرب ہے۔

## 193- کشتہ قلعی

**عنایت:** جناب حکیم حبیب الرحمٰن صاحب، لاہور

**ھوالشافی:** قلعی مصفیٰ چار تولہ، دودھی خورد کا نغدہ ایک کلو۔

**ترکیب تیاری:** قلعی کے باریک پترے بنا کر دودھی خورد کے نغدہ میں دے دیں یہ پترے الگ الگ رکھنے ہیں اور اوپر کاٹن کے کپڑے کی پٹی آدھ کلو لپیٹ دیں اور گل حکمت کر دیں پھر پندرہ کلو اوپلوں کی آگ دیں کشتہ تیار نکلے گا محفوظ رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** ایک رتی مکھن میں رکھ کر نگل جائیں۔

**فائدہ:** ضعف جگر کا خاتمہ کر دیتی ہے اور یرقان میں بے حد مفید ہے

## 194- اکسیر اعظم

**عنایت:** زبدۃ الحکماء حکیم تاج دین صاحب دھریمہ شاہ پور

**ھوالشافی:** گندھک آملہ سار پانچ تولہ، روغن زرد سو گرام، دودھ گائے ایک کلو۔

**ترکیب تیاری:** گندھک آملہ سار کو آگ پر پکائیں پھر چھوٹا چمچ دیسی گھی ڈال دیں جب گندھک چرخ کھائے تو اٹھا کر ایک پاؤ دودھ میں ڈال دیں پھر نکال کر یہی عمل پھر دھرائیں ہر تین مرتبہ کے بعد دودھ پاؤ تبدیل کر لیں یہ عمل بارہ مرتبہ کریں اور محفوظ رکھیں۔

**ترکیب استعمال:** ایک رتی سے دو رتی صبح نہار منہ مکھن میں رکھ کر کھائیے۔

**فائدہ:** مقوی معدہ و جگر ہے مصفی خون اعلیٰ درجہ کا ہے سرعت انزال کا مرض دور کرنے میں کامیاب ہے نیز دافع ریاح بھی ہے۔ اکسیر الاثر معمول مطب نسخہ ہے بنائیے اور دعا دیجئے۔

## 195- تریاق لیور

**عنایت:** جناب حکیم بابو رام صاحب حسن پور مراد آباد (ہند)

**ھوالشافی:** گل سرخ ایک تولہ، زرشک، لک مغسول ہر ایک تین ماشہ، تخم حماض پانچ ماشہ، زعفران چار رتی، کافور ایک ماشہ۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو باریک پیس کر محفوظ رکھیں۔

**ترکیب استعمال:** دو ماشہ دن میں دو یا تین مرتبہ ہمراہ عرق مکو دیں۔

**فائدہ:** صفرا کی کثرت کو رکتا ہے اور جگر کو تقویت دیتا ہے۔

## 196- لیور ایکس ٹب

**عنایت:** زبدۃ الحکماء حکیم عنایت اللہ صاحب دریا گنج دھلی (ہند)

**ہوالشافی:** برگ کو سبز، برگ سنبھالو، برگ کسونڈی سبز، مرچ سیاہ ہر ایک ایک تولہ۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو باریک پیس لیں اور حب نخود تیار کر لیں۔

**ترکیب استعمال:** پہلے دن صبح نہار منہ ایک گولی ہمراہ آب تازہ دیں دوسرے دن دو گولی اسی طرح چودہ ویں دن چودہ گولیاں کھلا دیں پھر ایک ایک گولی کم کرتے ہوئے اٹھائیس روز کے بعد دوا کھلانا موقوف فرما دیجئے۔

**فائدہ:** ہر قسم کا استسقاء خاک میں مل جائے ضعف جگر کا قلع قمع کر دینے میں سریع الاثر ہے۔

**پرہیز:** موٹھ کی روٹی اور موٹھ اور مونگ کی دال دیں۔

## 197- جگری

**عنایت:** جناب حکیم عبدالمجید قریشی بھنگالہ ہوشیار پور (ہند)

**ہوالشافی:** ریوند خطائی، نوشادر ایک ایک تولہ، قلمی شورہ دو تولہ۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو پوڈر کر لیں اور محفوظ رکھیں۔

**ترکیب استعمال:** چار چار رتی صبح و شام ہمراہ آب خالص دیں۔

**فائدہ:** جگر کا شافی علاج ہے۔

## 198- اکسیری روغن

**عنایت:** جناب حکیم غلام علی شاہ صاحب چوہال گجرات۔

**ہوالشافی:** سم الفار سفید ایک تولہ، رتیاں سفید دو تولہ، مہوکڑی دو تولہ، شیر گاؤ دس کلو۔

**ترکیب تیاری:** پہلی تینوں ادویات کو نہایت باریک کر کے شیر گاؤ دس کلو ہلکی ہلکی آنچ پر پکائیں جب دودھ آدھا حصہ رہ جائے پھر جغرات لگا دیں صبح مکھن حاصل کریں پھر گھی بنا کر محفوظ رکھیں۔

**ترکیب استعمال:** روزانہ صبح نہار منہ دو قطرے مکھن میں لپیٹ کر نگل جائیں۔

**فائدہ:** دافع جریان و احتلام، ضعف جگر اور ضعف معدہ و مثانہ وغیرہ کے لئے اکسیری دوا بے نظیر ہے۔



## 199- سفوف ریوندی

**عنایت:** جناب حکیم سراج الدین صاحب شادیوال، گجرات

**ہوالشافی:** ریوند چینی حسب حاجت

**ترکیب تیاری:** اسے باریک پوڈر بنالیں۔

**ترکیب استعمال:** دو ماشہ پوڈر ایک تولہ گلقند میں ملا کر عرق سونف کے ہمراہ لیجئے۔

**فائدہ:** ابتدائے استسقاء اور ضعف جگر میں مفید الاثر کامیاب دوا ہے۔

## 200- سفوف احمر

**عنایت:** جناب حکیم و ڈاکٹر عبدالاحد صاحب گوہر گنج بھوپال (ہند)

**ہوالشافی:** تخم خرسہ چھ ماشہ، سمندر سوکھ، پکھان بید، صمغ عربی ایک ایک تولہ، کشتہ عقیق تین تین ماشہ، کشتہ بیضہ مرغ ہفت آتشہ در شیر مدار تین ماشہ، کشتہ فولاد، کشتہ قلعی در بھنگ، کشتہ سنکھ در باتھو تین ماشہ، کشتہ مرجان در مسکہ تین ماشہ، کالپی مصری ڈیڑھ تولہ، درجامن ایک ماشہ

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو نہایت باریک پوڈر بنا کر محفوظ رکھیں۔

**ترکیب استعمال:** چار رتی مکھن میں لپیٹ کر نہار منہ نگل لیجئے۔

**فائدہ:** پرانے سے پرانا جریان و احتلام اور ذکاوت حس کو ختم کرتا ہے، جگر و مثانہ کو طاقتور بناتا، اور خون کو صاف کرتا ہے نیز مادہ منویہ کی مقدار کو زیادہ بڑھاتا ہے پہلی خوراک ہی فائدہ دکھاتی ہے۔

## 201- عرق کیمیا

**عنایت:** زبدۃ الحکماء شاہین الاطباء جناب حکیم مرزا اختر حسین اختر صاحب کپورتھلا (ہند)

**ہوالشافی:** راکھ برگ جھاؤ چھ کلو، برادہ آہن ایک پاؤ، میگنیشیا آدھ کلو، آب جامن دو کلو، آب پودینہ دو کلو، نوشادر، سہاگہ، لوٹا سجی، جوکھار پانچ پانچ تولہ، ہیرا کسیس ایک تولہ، سبز کونین ایک تولہ، تیزاب گندھک ڈھائی تولہ، پانی خالص آٹھ کلو گرام۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو پانی میں ڈال کر خوب بند کر کے اچھی طرح ہلائیں۔ پھر بیس یوم کے لئے رکھ چھوڑیں پھر فلٹر کر کے بوتلوں میں بھر کر رکھ دیں۔

**ترکیب استعمال:** ایک ایک اونس دن میں تین مرتبہ استعمال کریں۔

**فائدہ:** معدہ و جگر کو تقویت دینے میں سریع الاثر ہے۔ ضعف جگر، سدہ جگر، ورم طحال، سوالقنیہ، استسقاء اور یرقان میں نہایت ہی اکسیر ہے۔

www.pdfbooksfree.pk

صد ہا بار کا آزمودہ اور مجرب المجرب بے خطا نسخہ ہے۔

**پرہیز:** ثقیل اور دیر ہضم اغذیہ سے پرہیز واجب ہے۔

## 202- تریاق کبد

**عنایت:** زبدۃ الحکماء جناب حکیم اکبر علی صاحب، جہلم

**ہوالشافی:** اجوائن دیسی آٹھ ماشہ، ہلیلہ زرد دو تولہ، لوہا چون ڈھائی تولہ، آب سرکہ ...

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات سے آٹھ گنا زیادہ آب سرکہ میں ڈال کر اور مٹی کے ... منہ اچھی طرح بند کر کے گرم جگہ پر دفن کر دیں بیس دن بعد نکال کر محفوظ رکھیں۔

**ترکیب استعمال:** چھ رتی دوا، عرق گلاب اور عرق سونف میں ڈال کر دن میں ... استعمال کریں۔

**فائدہ:** ضعف جگر میں نہایت ہی مفید الاثر ہے خون پیدا کرتی ہے اور جسم کو مضبوط بناتی ہے۔

## 203- کشتہ چاندی

**عنایت:** جناب حکیم شیخ محمد امین صاحب سکندر آباد دکن (ہند)

**ہوالشافی:** چاندی خالص ایک تولہ، آب ستیاناسی ایک پاؤ، اجوائن خراسانی ایک تولہ، ... دو تولہ، برم ڈنڈی کا تندو ایک پاؤ۔

**ترکیب تیاری:** پہلے چاندی کو پگھلائیں اور آب ستیاناسی میں بجھا دیں تقریباً اکیس بار ... اجوائن خراسانی کو شیر مدار میں کھرل کریں اور پترے پر لیپ کر کے خشک کریں اور ... کے تندے میں دے کر گل حکمت کیجئے خشک ہونے پر پندرہ کلو اوپلوں کی آگ دیں ... پر نکال کر محفوظ رکھیں۔

**ترکیب استعمال:** ایک چاول سے دو چاول ہمراہ مسکہ دیں۔

**فائدہ:** جریان، سرعت انزال، احتلام میں جید الاثر ہے۔ دل و دماغ و جگر کو طاقتور بنا کر ... مزید برانگیختہ کرتا ہے۔

## 204- لیورین

**عنایت:** زبدۃ الحکماء استاد الاطباء جناب حکیم کفایت علی قریشی بجنور۔

**ہوالشافی:** نوشادر دو تولہ، افسنتین ایک تولہ۔

**ترکیب تیاری:** دونوں ادویات کو نہایت باریک کر لیجئے اور محفوظ رکھیں۔

**ترکیب استعمال:** ایک ماشہ سے ڈیڑھ ماشہ ہمراہ آب تازہ یا نیم گرم۔

**فائدہ:** صلب جگر و طحال، سوء القنیہ، ضعف جگر وغیرہ میں نہایت جید الاثر ہے۔ نیز جگر ...



خاتمہ کرتی ہے۔

# ورم جگر / ہیپاٹائٹس

اس مرض میں جگر میں ورم پیدا ہو کر افعال جگر کو متاثر کرتا ہے۔

**اسباب:**

عموماً سانپ کا زہر، سپٹونین، ایٹوفان، سنکھیا وغیرہ کا کثرت استعمال، شدید بخاروں مثلاً ملیریا، کالا آزار، محرقہ، پلیگ، انفلوئنزہ، پیچش، شدید آتشک، جگر کو چوٹ، شدت گرمی، شراب نوشی کی کثرت، گوشت و مصالحہ جات کا کثرت استعمال، تیز گرم ادویات کی بھرمار وغیرہ سے یہ مرض لاحق ہو جاتا ہے۔

**اقسام:**

ورم جگر کی دو اقسام ہیں:

(1) ورم جگر

(2) ورم غلاف جگر

**علامات:**

اگر ورم غلاف جگر میں تنہا ہو تو جگر کے مقام پر درد ہوگا سانس میں تنگی افعال جگر میں نقص ہوگا۔ اگر جگر میں ورم ہو تو بخار لازم ہوتا ہے جگر کے مقام پر دائیں جانب درد ہوگا سانس لینے سے درد میں اضافہ ہوتا ہے ورم جگر اگر گہرا ہو تو قبض ہوتی ہے ہچکیاں آتی ہیں ہاتھ پاؤں ٹھنڈے ہو جاتے ہیں کبھی کبھی غشی ہو جاتی ہے۔ اگر ورم ابھرے حصے میں ہو تو سانس میں مشکل ہوگی کھانسی ہوگی بسا اوقات پیشاب بند ہو جاتا ہے۔

اگر ورم دونوں جانب ہو تو علامات مشترک ہوں گی اور یہ قسم نہایت ہی شدید خطرناک ہے۔

**علاج:**

درج ذیل نسخہ جات میں سے استعمال کیجئے۔

## 205- حب ورم

**عنایت:** جناب حکیم محمد یوسف خان صاحب، سمندری فیصل آباد

**ہوالشافی:** صبر سقوطری، بزرالبنج سفید، جوکھار، مصطگی رومی، فلفل سیاہ ہم وزن۔

www.pdfbooksfree.pk

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو الگ الگ باریک کر کے عرق گلاب میں نخودی [illegible] کر لیجئے۔

**ترکیب استعمال:** ایک گولی سے چار گولی نیم گرم پانی سے دن میں تین مرتبہ دیا کریں۔

**فائدہ:** مفاصلی اورام میں مفید ہے نیز ورم جگر و طحال کے لئے نہایت کامیاب ہے۔

## 206- جگرین

**عنایت:** جناب حکیم مشرف علی صاحب نارنول پٹیالہ (ہند)۔

**ھوالشافی:** گل سرخ، قسط تلخ، سنبل الطیب، مصطگی رومی ہر ایک ایک تولہ ریوند چینی [illegible] لک مغسول دو تولہ۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو باریک پیس کر محفوظ رکھیں۔

**ترکیب استعمال:** چھ ماشہ صبح، چھ ماشہ شام ہمراہ عرق بادیان استعمال کریں۔

**فائدہ:** جگر کی امراض میں نہایت مفید ہے۔

# استسقاء

اس مرض میں جسم کے احشاء میں کسی وجہ سے پانی جمع ہو جاتا ہے۔

اقسام:

اس کی تین اقسام ہیں:

(1) استسقاء زقی

(2) استسقاء لحمی

(3) استسقاء طبلی

استسقاء زقی:

حقیقت میں یہی استسقاء ہے ایسے مریض کو پہلے پہل یرقان ہوتا ہے پھر [illegible] اور بعد میں پانی بھرنا شروع ہو جاتا ہے۔ استسقاء زقی کے مریض کا پیٹ پھول کر مشک [illegible] پھولا ہوا اور کھچا ہوا ہوتا ہے۔ حرکت کرنے سے پانی چھلکتا ہے۔ یہ پانی صفاق اور [illegible] کے درمیان ہوتا ہے چونکہ یہ خالص صفراوی رطوبت ہوتی ہے اسی لئے اس کا رنگ [illegible] ہوتا ہے اور گرمی و خشکی کی انتہا کے باعث ہوتا ہے۔

استسقاء زقی خطرناک ہوتا ہے۔

استسقاء لحمی:

یہ بھی استسقاء کی قسم ہے اس میں پانی پردوں میں جمع نہیں ہوتا بلکہ سیلز اور ٹشوز میں یعنی گوشت کے ذروں میں ہوتا ہے جس کی وجہ سے خلیات وغیرہ پھول کر بڑھ جاتے ہیں یہ قسم خطرناک نہیں ہوتی۔

استسقاء طبلی:

یہ بھی استسقاء کی قسم ہے اس قسم میں نہ ہی پانی پردوں میں ہوتا ہے اور نہ ہی خلیات میں ہوتا ہے بلکہ ریاح ہوتی ہے یہ خلیات پیٹ میں رطوبت کی نسبت زیادہ ہوتی ہے اور پیٹ میں ہوتا ہے اکثر رطوبت میں مکمل تبخیر ہونے سے پیدا ہوتی ہے اسی وجہ سے پیٹ پھول کر ڈھول کی مانند ہو جاتا ہے اور ہاتھ مارنے سے ڈھول کی مانند آواز دیتا ہے۔

علاج:

درج ذیل نسخہ جات میں سے علاج کیجئے۔

## 207- اکسیر یرقان

**عنایت:** جناب حکیم شرف الدین صاحب شورکوٹ۔

**ھوالشافی:** پھٹکڑی سفید تین تولہ، گودہ بینگن دس تولہ۔

**ترکیب تیاری:** دونوں ادویات کو نہایت باریک پیس کر نخودی حبوب تیار کر لیجئے۔

**ترکیب استعمال:** روزانہ ایک ایک گولی دن میں تین مرتبہ ہمراہ شربت بزوری دیں۔

**فائدہ:** یرقان میں نہایت مفید الاثر ہے مرض استسقاء کا خاتمہ کرنا اس کا ادنی سا کرشمہ ہے۔

**پرہیز:** تمام آئل والی اشیاء سے پرہیز واجب ہے۔

## 208- اکسیر استسقاء

**عنایت:** جناب حکیم قادر بخش صاحب لکھا حویلی پاکپتن۔

**ھوالشافی:** سیماب، گندھک آملہ سار، تربد سفید، کمیلا، نمک نلی ہر ایک ایک تولہ [illegible] تولہ، جمالگوٹہ چار تولہ۔

**ترکیب تیاری:** پہلے سیماب و گندھک کی کجلی بنالیں پھر دیگر ادویات کو نہایت باریک ملالیں اور آب کھیکوار سے حبوب نخودی تیار کر لیجئے۔

**ترکیب استعمال:** ایک ایک حب دن میں تین مرتبہ ہمراہ عرق مکو دیں۔

**فائدہ:** مرض استسقاء کا قلع قمع کرنے میں اس سے بڑھ کر کوئی نسخہ نہیں ہے۔

www.pdfbooksfree.pk

## 209- تریاق استسقاء

**عنایت:** جناب حکیم محمد اسحاق صاحب جالندھر (ہند)

**ھوالشافی:** کیلا چھ ماشہ، تربد سفید چھ ماشہ، شیر تھوہر بقدر حاجت۔

**ترکیب تیاری:** دونوں دواؤں کو شیر تھوہر میں کھرل کریں اور دانہ ماش برابر حبوب بنا کر لیجئے۔

**ترکیب استعمال:** ایک گولی روزانہ رات ہمراہ عرق سونف، عرق گلاب اور عرق کا تین تولہ دیں۔

**فائدہ:** انشاء اللہ عزوجل چند دنوں میں استسقاء زقی ولحمی نابود ہو کر کلی صحت ہو جاتی ہے۔

## 210- حب استسقاء

**عنایت:** جناب حکیم امرت لعل صاحب جنید (ہند)

**ھوالشافی:** دارچینی، مقل ہندی، جوزبوا، سعد کوفی، خردل، زیرہ سفید ہر ایک برابر وزن بقدر ضرورت۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو خوب باریک پیس کر شہد میں حبوب تیار فرمالیجئے۔

**ترکیب استعمال:** روزانہ صبح، دوپہر، شام ایک ایک گولی ہمراہ عرق مکو دیں۔

**فائدہ:** استسقاء میں مفید الاثر دوا ہے۔

## 211- اسرار استسقاء

**عنایت:** جناب حکیم شمس الدین صاحب دھنوٹ کبیر والا ملتان۔

**ھوالشافی:** سہاگہ بریاں، فلفل سیاہ، گندھک آملہ سار، لک مغسول، جوکھار و پارہ، ہلیلہ، بلیلہ، آملہ، لوٹا کھار، نمک سیاہ، زنجبیل، نمک لاہوری، نمک سانبھر ہر ایک تین ماشہ، جمالگوٹہ ... تولہ۔

**ترکیب تیاری:** پہلے گندھک و پارہ کی کجلی بنالیں پھر دیگر ادویات ڈال کر عرق لیموں اکتالیس دن تک خوب کھرل کریں اور دانہ مونگ برابر گولیوں کی شکل دے دیں۔

**ترکیب استعمال:** دو گولی صبح دو گولی شام ہمراہ شیر بکری شہد ملا دیں۔

**فائدہ:** صرف پانچ دن کے استعمال سے استسقاء جسم انسانی سے کوسوں دور کہ نظر نہ آئے شرط یقین کامل۔



## 212- دافع استسقاء زقی

**عنایت:** جناب حکیم عبدالشکور قادری گڑھا موڑ ملتان

**ھوالشافی:** مرچ سرخ کے سبز پتے پچیس عدد، مرچ سیاہ گیارہ دانے، نوشادر ایک ماشہ، نمک بقدر ضرورت۔

**ترکیب تیاری:** تمام چیزوں کو سردائی کی مانند گھوٹیں اور چھان کر محفوظ رکھیں۔

**ترکیب استعمال:** یہ صرف ایک ٹائم کی خوراک ہے صبح وشام تازہ بنا کر پلائیں۔

**فائدہ:** استسقاء زقی میں اسم با مسمیٰ بدرجہ اولیٰ مفید الاثر ہے۔

## 213- تریاق استسقاء طبلی

**عنایت:** زبدۃ الحکماء استاذ الحکماء جناب حکیم غلام مرتضیٰ قادری گلڈار باغ آزاد کشمیر

**ھوالشافی:** ہلیلہ سبز تین تولہ، ہلیلہ سیاہ تین تولہ، اجوائن تین تولہ، سونف تین تولہ، سونٹھ تین تولہ، جائفل تین تولہ۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو نہایت باریک کر لیجئے اور محفوظ رکھیں۔

**ترکیب استعمال:** صبح وشام چھ ماشہ پوڈر ہمراہ پانی دیں۔

**فائدہ:** استسقاء طبلی میں نہایت اعلیٰ درجہ کی مفید دوا ہے۔

## 214- تریاق استسقاء لحمی

**عنایت:** جناب حکیم احمد دین صاحب، کورنگی کراچی

**ھوالشافی:** کیکر کا پوست دس تولہ، پانی دو کلو۔

**ترکیب تیاری:** چھلکے کے باریک باریک ٹکڑے کر کے پانی میں اچھی طرح پکالیں جب پانی سو گرام رہ جائے تو اتار کر آدھ پاؤ گائے کی چھاچھ ملا کر محفوظ رکھیں۔

**ترکیب استعمال:** یہ ایک خوراک ہے اسی طرح روزانہ دن میں دو مرتبہ یعنی صبح وشام دیں۔

**فائدہ:** جسم کے کسی حصے میں سوجن ہو گلٹیاں ہوں یا استسقاء لحمی ہو تمام علامات کو جڑ سے اکھاڑ کر دور پھینکنے میں کمال درجہ رکھتی ہے۔

**پرہیز:** گائے کی چھاچھ کے علاوہ کچھ نہ دیں۔

## 215- حیات رس

**عنایت:** جناب حکیم کمال الدین کمال، جالندھر (ہند)

www.pdfbooksfree.pk

**هوالشافی:** شنگرف رومی ایک تولہ، قلمی شورہ تین تولہ، حجر الیہود تین تولہ، رس ڈنڈا تھوہر

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو ڈنڈا تھوہر کے رس میں خوب کھرل کر لیجئے اور محفوظ رکھیں۔

**ترکیب استعمال:** دو رتی صبح، دو رتی شام حلوہ میں رکھ کر دیں۔

**فائدہ:** تینوں قسم کے مرض استسقاء کا شافی علاج ہے۔

**پرہیز:** جب پیاس لگے تو ناریل کا پانی یا اونٹنی کا دودھ غذا میں روٹی شوربا گوشت دیں اس کے علاوہ ہر چیز پر پابندی لگا دیں۔

## 216- مطبوخ اعلیٰ

**عنایت:** جناب حکیم غلام رسول صاحب، رائے ونڈ لاہور

**هوالشافی:** مکو خشک پانچ ماشہ، مویز منقیٰ نو دانہ، بیخ کاسنی سات ماشہ، بیخ سونف سات ماشہ، ہنسراج سات ماشہ، گل غافث پانچ ماشہ، سونف تخم خیارین، ملٹھی ہر ایک پانچ ماشہ، تخم کشوث ماشہ۔

**ترکیب تیاری:** رات کو تمام ادویات پانی میں بھگو دیں اور صبح اس کا زلال حاصل کیجئے۔

**ترکیب استعمال:** روزانہ دن میں تین مرتبہ یہ زلال لے کر شربت دینار سے میٹھا کر کے پلائیں۔

## 217- شربت دینار

**عنایت:**

**هوالشافی:** بسفائج، تربد سفید ہر ایک چھ ماشہ، گل سرخ، بیخ کاسنی ہر ایک پانچ ماشہ، تخم کاسنی تین تولہ، پوست بیخ سونف ڈھائی تولہ، سونف ڈیڑھ تولہ، گل نیلوفر، گل بنفشہ، گل گاؤزبان، انجیر، اسطوخودوس ہر ایک چودہ ماشہ، سنائے، کالا دانہ ہر ایک تین تولہ، تخم کشوث دو تولہ۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو نیم کوب کر کے چار کلو پانی میں بھگو دیں اور صبح جوش دیں جب ڈیڑھ کلو پانی رہ جائے چھان کر ایک کلو چینی ڈال کر قوام تیار کیجئے آخر میں بارہ تولہ ریوند خطائی نہایت باریک شدہ ملا دیں اور محفوظ رکھیں۔

**ترکیب استعمال:** چار تولہ سے پانچ تولہ شربت ہمراہ عرق مکو دن میں دو وقت پلائیں۔

**فائدہ:** اس دوا سے مادہ بذریعہ اسہال خارج ہو کر مریض صحت یاب ہو جاتا ہے ہر ایک قسم استسقاء میں نہایت مفید اور جگر کی اصلاح کرنے میں جید الاثر ہے۔

## 218- کیمیائے استسقاء

**عنایت:** جناب حکیم عرفان حفیظ گڑھا

www.pdfbooksfree.pk



**هوالشافی:** سنائے مکی مصفیٰ، لونگ، شہد خالص ہر ایک ایک تولہ۔

**ترکیب تیاری:** پہلی دونوں دواؤں کو باریک پیس کر شہد ملا لیں پھر تولہ تولہ کی تین خوراک بنا کر محفوظ رکھیں۔

**ترکیب استعمال:** مریض کو مغرب سے پہلے غذا دیں پھر شام کے وقت ایک خوراک دے دیں۔ دوا کھانے کے بعد مریض کو صبح تک نہ ہی پانی اور نہ ہی کوئی دوسری چیز کھانے کو بالکل نہ دیں۔ مریض کو رات اسہال آئیں گے کسی مریض کو کم آتے ہیں تو کسی کو زیادہ کوئی پریشانی والی بات نہیں ہے اس سے مادے کا اخراج ہوتا ہے اور مریض کو پیاس یا گھبراہٹ بھی نہیں ہوتی اس سے صبح تک انشاء اللہ عزوجل نصف ورم زائل ہو چکا ہوگا صبح کو سوکھی روٹی اور کباب کھانے کو دیں اور پینے کے لئے گرم پانی اور شام کو پھر یہی کباب اور سوکھی روٹی دیں اور شام کو دوسری خوراک دیں اسی طرح تین دن کریں۔

**فائدہ:** اس نسخہ کی شان یہ ہے کہ یہ دوا ایسے مریضوں کے لئے پیام زندگی ہے جن کے بدن پر ورم کے دبانے سے گڑھا پڑ جائے ایسے استسقاء کے مریض صرف تین خوراک یا کم و بیش خوراک سے شفایاب ہو جاتے ہیں۔

**پرہیز:** تین دن تک پرہیز واجب ہے۔

**نوٹ:** تین دن کے بعد مریض کو معجون خبث الحدید یا کشتہ فولاد تقریباً پندرہ یوم تک کھلائیں تاکہ مرض عود نہ کرے نیز جو لوگ گوشت پسند نہ کریں ایسوں کو ارہر کی دال اور سوکھی روٹی کھلا سکتے ہیں۔

## طغرے

* ریوند چینی اور نبات سفید برابر وزن بقدر تین ماشہ دن میں تین مرتبہ ہمراہ عرق کاسنی و مکو دیں لاجواب ہے۔
* تربد سفید شیر تھوہر میں گولیاں بنا کر ایک ایک گولی دیں دو مرتبہ اونٹنی کے دودھ سے دیں، لاجواب ہے۔

## 219- اکسیر استسقاء

**عنایت:** جناب حکیم چندر پال صاحب لکھنؤ (ہند)

**هوالشافی:** گندھک آملہ سار ایک تولہ، پارہ ایک تولہ، کمیلا ایک تولہ، تخم حنظل ایک تولہ، ہلیلہ زرد ایک تولہ، نمک تلی ایک تولہ، جمالگوٹہ دو تولہ۔

**ترکیب تیاری:** پہلے گندھک و پارہ کی کجلی بنا لیجئے اور باقی تمام ادویات کا پوڈر بنا کر کس

کرکے شیرِ زقوم میں ایک گھنٹہ خوب کھرل کریں اور حبوب نخودی بنالیجئے۔

**ترکیب استعمال:** روزانہ ایک گولی سے چار گولی ہمراہ شیر شتر استعمال کریں۔

**فائدہ:** اس سے اسہال آکر استسقاء زقی کی تمام رطوبات ردیہ کا اخراج ہوکر مریض [illegible] ہوجاتا ہے۔

**نوٹ:** شیر شتر کی بجائے عرق مکو بھی دے سکتے ہیں۔

# سوالقینہ

اس مرض میں چہرے اور ہاتھ و پاؤں پر ورم ہوجاتا ہے یہ مرض عموماً کیلوں کے افعال میں خلل کے باعث ہوتا ہے اور یہی مرض بعد میں استسقاء کا پیش خیمہ ہوتا ہے۔

## 220- اکسیر سوالقینہ

**عنایت:** جناب حکیم محمد نواز صاحب پشاور۔

**ھوالشافی:** ریوند چینی، قلمی شورہ، سوڈیم بائی کارب ہر ایک ایک تولہ، نوشادر چھ ماشہ۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو نہایت باریک پوڈر بنا کر محفوظ رکھیں۔

**ترکیب استعمال:** ڈیڑھ ماشہ دن میں تین مرتبہ یعنی صبح، دوپہر، شام ہمراہ عرق مکو دیں۔

**فائدہ:** یہ دوا سوالقینہ کی مفید ترین دوا ہے۔

**پرھیز:** تمام سرد اشیاء، کھانا پینا اور نہانا مضر ہے۔ کھانے میں سادہ اور جلد ہضم اغذیہ دیا کریں۔

# یرقان

یرقان سے مراد جسم کی رنگت کا متغیر ہونا۔ یرقان کی تین اقسام اطباء کرام کے نزدیک معروف ہیں:

**(1) یرقان ابیض:**
اس میں جسمانی رنگت سفید ہوجاتی ہے۔

**(2) یرقان اسود:**
اس میں جسمانی رنگت سیاہ ہوجاتی ہے۔



**(3) یرقان اصفر:**
اس میں جسمانی رنگت زرد ہوجاتی ہے۔
ان کو بالعموم ہیپاٹائیٹس A-B-C کہتے ہیں۔

**اسباب:** یرقان ابیض میں گرم وتر اغذیہ و ادویات کی کثرت سے جسمانی رنگت میں بلغم کی کثرت ہوکر یرقان ابیض کا باعث بنتا ہے۔ اسی طرح یرقان اصفر میں گرم وخشک اغذیہ و ادویات کی بھرمار سے جسمانی رنگت میں زردی نمایاں ہوکر یرقان اصفر کا پیش خیمہ ہوتا ہے اور یرقان اسود میں سرد وخشک ادویات و اغذیہ سے جسمانی رنگت میں تغیر واقع ہوکر سیاہ ہوجاتا ہے اور یوں یرقان اسود یا کالا یرقان نمودار ہوجاتا ہے۔ بسااوقات کسی زہریلے جاندار کے کاٹنے سے بھی یرقان ہوجاتا ہے۔

## 221- اکسیر یرقان

**عنایت:** جناب حکیم غلام یٰسین قادری صاحب احمد آباد (ہند)

**ھوالشافی:** ریوند خطائی ایک تولہ، نوشادر چار ماشہ، قلمی شورہ چھ ماشہ۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو پوڈر بنا کر محفوظ رکھیں۔

**ترکیب استعمال:** صبح وشام پانچ سو ملی گرام کیپسول ہمراہ آب تازہ یا عرق مکو دیں۔

**فائدہ:** انشاء اللہ عزوجل ایک ہفتے کے اندر اندر ہمہ اقسام کا یرقان ختم ہوجائے گا۔

**پرھیز:** زود ہضم اغذیہ استعمال کریں۔

## 222- سرمہ یرقانی

**عنایت:** جناب حکیم محمد گلزار عطار، والٹن لاہور

**ھوالشافی:** گیرو، ہلدی، آملہ برابر وزن۔

**ترکیب تیاری:** سات دن تک عرق گلاب سہ آتشہ میں خوب کھرل کریں اور محفوظ رکھیں۔

**ترکیب استعمال:** یرقان کا مریض آنکھوں میں سرمچو سے روزانہ لگائے۔

**فائدہ:** چند دنوں میں یرقان نابود ہوجائے گا۔

### طغرہ

- ٹاٹری ایک رتی سے چار رتی تک ہمراہ عرق کاسنی دن میں تین مرتبہ دیں۔ یرقان کے لئے نہایت سستا اور مفید چٹکلہ ہے۔

www.pdfbooksfree.pk

## 223- پرویو

**عنایت:** حکیم جنگ رام ست پور ہشیار پور۔

**ھوالشافی:** السلمین، کالی زیری چھ چھ ماشہ، قلمی شورہ ایک تولہ، سہاگہ بریاں چھ ماشہ، زلال املی حسب ضرورت۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو باریک کر کے زلال املی سے گولیاں بنا لیجئے اور محفوظ رکھیں۔

**ترکیب استعمال:** دو گولی صبح، دو گولی شام ہمراہ عرق کاسنی دیں۔

**فائدہ:** ضعف جگر، ورم جگر، بدہضمی، بدن کی زردی، یرقان وغیرہ میں معجزہ نما اثرات کی حامل ہے۔

## 224- سفوف یرقان اسود

**عنایت:** حکیم ابن انشا صاحب گھنگھرول پٹیالہ

**ھوالشافی:** ریوند خطائی، ہلدی برابر وزن۔

**ترکیب تیاری:** دونوں دواؤں کو نیم کوفتہ کر کے نیم آنچ پر بریاں کر لیجئے۔ بعدہ باریک پوڈر بنا کر محفوظ رکھیں۔

**ترکیب استعمال:** صبح وشام چھ چھ ماشہ ہمراہ شربت دینار تین تولہ عرق مکو بارہ تولہ دیں۔

**فائدہ:** یرقان سیاہ جس میں بدن، آنکھیں، ناخن وغیرہ سیاہ ہو جائیں نہایت ہی جید الاثر ہے۔

### طغرہ

* پرانے یرقان میں پھٹکری شگفتہ ایک ماشہ، دس تولہ دہی میں ملا کر نہار منہ کھلائیں دوسرے دن دو ماشہ اسی طرح ساتویں روز تک پانچ ماشہ کھلائیں اسی طرح کم کرتے جائیں۔ یہ تیر بے خطا ہے جس کا نشانہ کبھی خطا نہیں ہوتا۔

## 225- برائے یرقان اصفر

**عنایت:** جناب حکیم محمد یعقوب چشتی صاحب چک نمبر 379 گ ب ٹوبہ ٹیک سنگھ فیصل آباد۔

**ھوالشافی:** کافور ایک تولہ، شب یمانی خام ایک تولہ۔

**ترکیب تیاری:** دونوں کو باریک کر کے شیشی میں ڈال کر غلہ جو میں چالیس یوم کے لئے رکھ دیں بعدہ کام میں لائیں۔

**ترکیب استعمال:** ایک رتی سے تین رتی ہمراہ مکھن کھلائیں۔

**فائدہ:** پرانے سے پرانے یرقان میں جید الاثر ہے۔



## 226- ناقری

**عنایت:** جناب حکیم گورچین سنگھ صاحب فیروز والا (ہند)

**ھوالشافی:** املی دو تولہ، پانی آدھا لیٹر، تخم بلنگو چھ ماشہ۔

**ترکیب تیاری:** املی کو پانی میں بھگو کر محفوظ رکھیں۔

**ترکیب استعمال:** زلال املی سے چھ ماشہ تخم بلنگو مسلم کھائیں۔ یہ ایک خوراک ہے، روزانہ صبح وشام ایسی دو خوراکیں دیں۔

**فائدہ:** پندرہ یوم میں مرض نابود ہوگا۔ بارہا مرتبہ کا مجرب نسخہ ہے چند روز کے استعمال سے نمایاں فرق محسوس ہوتا ہے یرقان کو جڑ سے اکھاڑ کر پھینکنے میں لاجواب ہے۔

## 227- کشتہ قلعی

**عنایت:** جناب حکیم محمد رمضان شاہ صاحب اسٹیشن دریام جھنگ

**ھوالشافی:** قلعی تین تولہ، سیماب تین تولہ، قلمی شورہ دس تولہ۔

**ترکیب تیاری:** پہلے قلعی کو پگھلائیں اور سیماب اس میں ڈال دیں اور قلمی شورہ تھوڑا تھوڑا ڈال کر خوب کھرل کرتے جائیں جب تمام قلمی شورہ ختم ہو جائے تو اچھی طرح گل حکمت کر کے بارہ کلو اوپلوں کی آگ دیں مگر سکورے کے منہ پر کوئی پانچ کلو تک وزنی چیز ضرور رکھ دیں تاکہ منہ نہ پھٹے۔ سرد ہونے پر نکال کر بہت سے پانی میں دھو دیں تاکہ قلمی شورہ کا ذائقہ اور تیزی ختم ہو جائے دھونے کا طریقہ یہ ہے کہ پہلے پانی ڈال کر رکھ دیں جب پانی نتھر جائے تو پانی نکال دیں اسی طرح پانچ چھ مرتبہ کریں اور خشک کر کے محفوظ رکھیں۔

**ترکیب استعمال:** دو رتی مکھن میں رکھ کر صبح وشام دیں۔

**فائدہ:** یرقان میں نہایت مفید ہے جریان واحتلام ذکاوت حس، جریان الرحم سوزاک وغیرہ میں جید الاثر ہے۔

## 228- دوائے اصلی

**عنایت:** جناب حکیم امیر علی صاحب کبیر والا ملتان

**ھوالشافی:** لوہ چون، ہلیلہ زرد، ہلیلہ سیاہ، آملہ، بلیلہ، ہر ایک ایک پاؤ، دہی گائے ترش ڈیڑھ کلو۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو نیم کوفتہ کر کے دہی میں ڈال کر دھوپ میں رکھیں خشک ہونے پر پوڈر بنا کر محفوظ رکھیں اب اس میں قرکتا ایک سو پچاس گرام ملا کر رکھ لیجئے۔

**ترکیب استعمال:** تین ماشہ ادھ رڑکہ سے روزانہ ایک ٹائم دیں۔

**فائدہ:** سات دن کا استعمال ہی کافی ہے۔ یرقان کو جڑ سے اکھاڑ پھینکنے میں نہایت ہی ترقی

www.pdfbooksfree.pk

پاتہ لگو ہے۔

## 229- تریاق جنڈس

**عنایت:** جناب حکیم عبدالرحمن قلعہ دیدار سنگھ گوجرانوالہ۔

**ھوالشافی:** زہر مہرہ خطائی سبز دس تولہ، عرق بید مشک و روح کیوڑہ ایک بوتل (750 لیٹر)

**ترکیب تیاری:** عرق میں سحق بلیغ کیجئے اور محفوظ رکھیں۔

**ترکیب استعمال:** ایک گرام ریوند چینی پانی میں ڈال کر آب انار سے شیریں کر کے ایک ماشہ دوا دن میں تین مرتبہ کھلائیں۔

**فائدہ:** سو فیصد کامیاب نسخہ ہے ایک ہفتہ کے اندر سخت سے سخت یرقان نیست و نابود ہو جائے گا۔

## 230- سفوف اعداد

**عنایت:** زبدۃ الحکماء جناب حکیم ہربنس لال صاحب کمام جالندھر (ہند)

**ھوالشافی:** زیری سیاہ، اجوائن دیسی، فلفل سیاہ، نمک سیاہ، ہلیلہ زرد، برابر وزن۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو باریک پوڈر بنالیجئے اور نگاہ رکھیے۔

**ترکیب استعمال:** دن میں تین مرتبہ کھانے کے بعد چھ چھ ماشہ ہمراہ عرق مکو وغیرہ دیں۔

**فائدہ:** ضعف ہضم، تپ لرزہ و بلغمی تپ، یرقان، کثرت ریاح وغیرہ میں آزمودہ نوٹ ہے۔

## 231- کشتہ ایشت

**عنایت:** حکیم افلاطون زمانہ جدید جناب حکیم عبدالعزیز صاحب، فیصل آباد

**ھوالشافی:** ایشت سبز بے داغ پانچ تولہ، عرق گلاب دس تولہ، عرق گاؤ زبان پندرہ تولہ، سرخ ایک پاؤ۔

**ترکیب تیاری:** پہلے ایشت کو گرم کر کے دونوں عرقوں میں تین تین مرتبہ بجھا دیں بعد سرخ کے تغدہ میں دے کر بارہ کلو اوپلوں میں جھونک دیں۔ سرد ہونے پر باریک پیس کر ہو جائیں۔

**ترکیب استعمال:** پانچ سو ملی گرام سے سات سو پچاس ملی گرام کے کیپسول بھر کر روزانہ صبح وشام دودھ کے ساتھ دیں۔

**فائدہ:** ضعف قلب، خفقان، اختلاج قلب، یرقان وغیرہ میں خاص کشتہ ہے۔



## 232- دوائے جگری

**عنایت:** جناب حکیم سید محمد تقی شاہ صاحب لوہد گڑھ امرتسر (ہند)

**ھوالشافی:** پانچوں نمک، تربد سفید، ہلیلہ سیاہ، قند سیاہ کہنہ، ہر ایک پچاس پچاس گرام، اجوائن دیسی، کاہی سبز، سہاگہ بریاں دو دو تولہ، نوشادر، کشتہ خبث الحدید، تین تین تولہ، گودہ حنظل حسب ضرورت۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو نہایت باریک پیس کر گودہ حنظل میں کھرل کر کے گولیاں نخودی بنا لیجئے۔

**ترکیب استعمال:** تین گولی صبح وشام ہمراہ عرق مکو کاسنی دس دس تولہ، دن میں صبح وشام دیں۔

**فائدہ:** جگر کے تمام امراض میں اکسیر لاثانی ہے۔

PVL
PAKISTAN VIRTUAL LIBRARY
www.pdfbooksfree.pk

www.pdfbooksfree.pk

باب 7:

# جوڑوں کے امراض

جسم انسانی میں جوڑوں کا اہم کردار ہے اس کی دو اقسام ہیں ایک متحرک جوڑ اور ایک غیر متحرک جوڑ۔ جوڑوں کے درد کا نام مقامات کے لحاظ سے الگ الگ ہے چنانچہ اگر بڑے جسمانی جوڑوں میں درد ہو تو وجع المفاصل سرین کے جوڑ میں درد ہو تو عرق النساء گھٹنے کے درد کو وجع الرکبہ، چھوٹے جوڑوں میں درد ہو تو نقرس کے نام سے یاد کرتے ہیں۔

**اسباب:**

بارش میں بھیگنے، سردی لگنے، سرد و بادی اشیاء کے کثرت استعمال، یورک ایسڈ کا زیادہ ہونا، رطوبات بلغمیہ کے باعث، سوزاک و آتشک کے مادے کے باعث، نظام انہضام کے خراب ہونے سے امراض رحم کے باعث وغیرہ وغیرہ۔

**وجع المفاصل:**

بڑے جوڑوں کے درد کو وجع المفاصل یا گنٹھیا کہتے ہیں۔

**اسباب:**

سرد و تر اشیاء یا سرد و خشک اشیاء کے کثرت استعمال سے وجع المفاصل ہو جاتا ہے یا رطوبات بلغمیہ کے جوڑوں میں اجتماع کے باعث ورم پیدا ہو جاتا ہے اور سخت درد محسوس ہوتا ہے سوزاک و آتشک کے باعث بھی یہ مرض دامن گیر ہو جاتا ہے۔

**علاج:**

درج ذیل مجربات میں سے علاج کیجئے۔

## 233- روغن مالش

**عنایت:** جناب حکیم فرمان الٰہی، بھیرہ

**ہوالشافی:** لونگ، دار چینی، قسط شیریں، قسط تلخ، سرنجاں تلخ، مالکنگنی، جائفل، جلوتری، کچلہ، لوبان، کوڑیہ ہر ایک پچاس گرام، روغن کنجد ایک کلو۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو روغن کنجد میں ہلکی آنچ پر جلا دیں اور روغن کو فلٹر کر کے محفوظ رکھیں۔



**ترکیب استعمال:** روزانہ رات متاثرہ مقام پر مالش کر کے روئی باندھ دیں تاکہ ہوا نہ لگے۔

**فائدہ:** پہلے دن ہی درد کافور ہو جائے گا میں اسے بنا کر خوب استعمال کرتا ہوں اس کے ساتھ کھانے کے لئے بھی دوا دیں تو سونے پر سہاگہ ہے۔

## 234- پوڈر اکسیری

**عنایت:** جناب حکیم محمد انعام اللہ صاحب، خانیوال ملتان

**ہوالشافی:** سورنجاں تلخ ایک تولہ، انٹی فیرین ایک تولہ، سوڈا اسکی سلاس تین تولہ، میٹھا تیلیہ تین ماشہ۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو پوڈر بنا کر محفوظ رکھیں۔

**ترکیب استعمال:** دو رتی سے پانچ رتی ہمراہ شیر گرم تین مرتبہ روزانہ۔

**فائدہ:** جوڑوں کے دردوں میں نہایت مفید ہے کمر درد کو نافع ہے۔

## 235- آتشکی درد

**عنایت:** جناب حکیم محمد اشفاق صاحب، ڈھرکی سندھ

**ہوالشافی:** پوٹاشیم آیوڈائیڈ پینتالیس ملی گرام، ڈکاکشن آف سارسپریلا ایک اونس۔

**ترکیب تیاری:** دونوں کو ملا کر محفوظ رکھیں۔

**ترکیب استعمال:** یہ ایک خوراک ہے ایسی تین خوراکیں روزانہ دیں۔

**فائدہ:** جوڑوں کے دردوں میں اکسیر ہے۔

## 236- حب آرام

**عنایت:** زبدۃ الحکماء استاد الحکماء جناب حکیم وحید احمد عباسی صاحب، راولاکوٹ آزاد کشمیر

**ہوالشافی:** دانہ الائچی کلاں، ثمر کثائی خورد، تخم دھتورہ، تخم حرمل، تخم سویا، تالمکھانہ، سمندر سوکھ، تج، کرکر، ازرقی مدبر، گوگل، سونٹھ، فلفل دراز، فلفل اسود، عقرقرحا، مویز منقی، تمام ادویات ہم وزن۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو آب ادرک میں خوب کھرل کریں اور حبوب نخودی تیار کر لیجئے اور سنبھال کر رکھیں۔

**ترکیب استعمال:** بلغمی مزاج کے حامل کو لونگ و دار چینی کے قہوے کے ساتھ جب کہ صفراوی مزاج میں دودھ کے ساتھ روزانہ دو گولی صبح، دو گولی شام دیں۔

**فائدہ:** ریاحی دردوں وجع المفاصل اور کمر درد وغیرہ میں لاجواب نسخہ ہے۔

www.pdfbooksfree.pk

## 237- حب مفاصلی

**عنایت:** جناب حکیم محمد نعیم قادری صاحب سبی بلوچستان۔

**هوالشافی:** بچھناگ مدبر چھ تولہ، شنگرف رومی چھ تولہ، مرچ سیاہ چھ تولہ، الونن
گندھک آملہ سار اور سیماب چار چار تولہ۔

**ترکیب تیاری:** پہلے گندھک و سیماب کی کجلی تیار کریں اور دیگر ادویات کو ڈال کر
ادرک میں کھرل کر کے نخودی حبوب بنالیں۔

**ترکیب استعمال:** روزانہ صبح و شام ایک ایک گولی ہمراہ شیر شیریں نیم گرم دیں۔

**فائدہ:** وجع المفاصل، عرق النسا، وجع الورک وغیرہ میں استعمال کر کے قدرت کا تماشہ
اس کے علاوہ دمہ اور کھانسی میں تریاق کا حکم رکھتی ہے ان کا ہر مطب میں تیار رہنا نہایت ضروری
ہے۔

## 238- حب نجتاور

**عنایت:** حکیم فیروز دین صاحب اوکاڑہ۔

**هوالشافی:** سم الفار ایک ماشہ، قند سیاہ کہنہ ایک تولہ۔

**ترکیب تیاری:** دونوں کو ملا کر خوب کھرل کریں اور فلفل سیاہ برابر حبوب تیار کر
رکھیں۔

**ترکیب استعمال:** ایک گولی صبح ایک شام مکھن یا ملائی دیں۔

**فائدہ:** سات یوم کے استعمال سے انشاء اللہ عزوجل برسوں کا جڑا ہوا مریض صحت یاب
درد کافور ہو جائے گا۔ دوران استعمال گھی دیسی زیادہ استعمال کریں۔ وجع المفاصل، وجع الورک
عرق النساء میں بے حد مفید الاثر دوا ہے۔

## 239- اکسیری بام

**عنایت:** جناب حکیم محمد عمران عطاری کراچی۔

**هوالشافی:** روغن کنجد دو تولہ، ازراقی ڈھائی تولہ، موم پانچ تولہ، روغن دار چینی ڈھائی تولہ
ایک تولہ، ست پودینہ چھ ماشہ، ست اجوائن چھ ماشہ۔

**ترکیب تیاری:** پہلے تیل کنجد میں ازراقی کو جلا کر فلٹر کر لیں پھر کافور، ست پودینہ
آپس میں شیشے کی بوتل میں بند کر کے دھوپ میں رکھیں گے تو روغن ہو جائے گا پھر دار
روغن بھی مکس کر دیں اب موم کو پگھلائیں اور روغن کنجد بھی ڈال دیں۔ جب موم اور روغن
مکس ہو جائے تو کڑاھی نیچے اتار کر دیگر روغن بھی مکس کر کے اور یک جان کر لیں اور



ڈھکن والی بوتلوں میں بند کر لیں بام تیار ہے۔

**ترکیب استعمال:** متاثرہ مقام پر ہلکے ہاتھوں سے مالش کر کے روئی باندھ دیں۔

**فائدہ:** ہر قسم کے درد خواہ جسم کے کسی بھی حصے میں ہوں تیز چوٹ وغیرہ کے لئے بھی اکسیری
بام ہے نہایت آسان اور ہر مطب کی زینت ہونی چاہئے ایک قابل قدر تجارتی ذریعہ ہے۔

## طغرہ

* سرنجان تلخ ایک تولہ، اسپند نو تولہ سرمہ کی مانند باریک کر کے ایک ماشہ صبح و شام تازہ پانی
سے دیں دردوں کا بے مثل علاج ہے۔

## 240- سفوف حیات

**عنایت:** زبدۃ الحکماء جناب حکیم محمد عزیز صاحب، ہنگو بازار کوہاٹ

**هوالشافی:** افیون خالص ایک تولہ، پوست بیخ مدار ایک تولہ، قلمی شورہ آٹھ تولہ۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو نہایت باریک پوڈر بنا کر محفوظ رکھیں۔

**ترکیب استعمال:** دو رتی سے پانچ رتی ہمراہ دودھ پتی یا گرم پانی دیں صبح و شام دیں۔

**فائدہ:** نزلہ و زکام، کھانسی، ضیق النفس کے لئے آب حیات ہے ہر قسم کے درد معدہ میں بے
حل ہے۔ ذات الجنب اور ذات الریہ کے اوائل میں مفید ترین دوا ہے نیز وجع المفاصل میں
تریاق ہے۔

## 241- کامیاب دوا

**عنایت:** جناب حکیم محمد انور خان صاحب، ڈرو میر پور سندھ

**هوالشافی:** سم الفار سفید دو تولہ، آب کریلہ دس تولہ، آب لہسن دس تولہ۔

**ترکیب تیاری:** سم الفار کو پہلے آب کریلہ میں خوب کھرل کریں پھر آب لہسن میں کھرل
کریں اور دانہ ماش برابر گولیاں تیار کر لیجئے۔

**ترکیب استعمال:** ایک حب ہمراہ مکھن گائے بعد از ناشتہ مرغن صبح دیں، مختلف امراض میں
مناسب بدرقہ دیں۔

**فائدہ:** نامردی والی نامراد مرض سے چھٹکارہ پانے قوت باہ کو بڑھانے عصبی و بلغمی اوجاع
مفاصل ونقرس وعرق النساء کہنہ وغیرہ پر تجربہ شدہ ہے۔

www.pdfbooksfree.pk

## 242- حب شہنشاہی

**عنایت:** فخر الحکماء حکیم شیخ محمد سلطان صاحب بھپن مال مارواڑ کوہ آبو (ہند)۔

**ھوالشافی:** سم الفار سفید کا جوہر ایک تولہ' آب لہسن ڈھائی کلو' زعفران عمدہ' مروارید
ورق طلاء' ورق نقرہ ہر ایک تین ماشہ۔

**ترکیب تیاری:** پہلے سم الفار کا جوہر ایک تولہ کو ایک کلو آب لہسن میں پکائیں پھر ایک
کلو آب لہسن کھرل کریں خشک ہونے پر تمام ادویات کو اس میں ڈال کر کھرل کریں اور
لہسن مزید کھرل کر کے نخودی حبوب تیار کر لیجئے۔

**ترکیب استعمال:** ایک گولی صبح و شام ہمراہ شیر گاؤ شیریں دیں۔

**فائدہ:** قوت باہ اور دماغ میں قوت کے لئے بے نظیر تحفہ ہے پٹھوں کو مضبوط کرتا ہے
اور اوجاع مفاصل کے لئے اکسیر ہے مولد خون ہونے کے ساتھ ساتھ اعلیٰ درجہ کی مقوی
ہے نیز آتشک و سوزاک میں بھی کارآمد ہے۔

## 243- حب گنٹھیا

**عنایت:** شاہین اطباء جناب حکیم عبدالقادر صاحب مومن خورد گورداسپور (ہند)۔

**ھوالشافی:** تربد سفید' جوکھار' سورنجاں شیریں' گوگل بھنسیا' فلفل سیاہ ہر ایک برابر وزن
منقی حسب ضرورت۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو نہایت باریک کر کے مویز منقی میں گولیاں نخودی باندھ لیں
محفوظ رکھیں۔

**ترکیب استعمال:** روزانہ صبح' دوپہر' شام ایک ایک گولی ہمراہ دارچینی اور لونگ
دیں۔

**فائدہ:** گنٹھیا کا مفت پشت مجرب نسخہ ہے برسوں کا درد دنوں میں ختم کر دیتا ہے۔ آزمائیں
دعائیں دیجئے۔

## 244- اکسیر گنٹھیا

**عنایت:** جناب حکیم کشن لعل صاحب نگینہ بجنور (ہند)۔

**ھوالشافی:** لونگ' جائفل' سورنجاں شیریں' زنجبیل' مصطگی رومی' روغن سرسوں' کسٹرائل
کنجد' آب کریلہ سب ایک ایک تولہ' کافور چھ ماشہ' پٹرول ایک تولہ۔

**ترکیب تیاری:** پہلے افیون اور کافور کو دو تولہ پانی میں حل کر لیجئے اور کوٹنے والی ادویات
پوڈر بنا کر روغنیات میں ملا کر بریاں کر لیجئے اب دیگر چیزیں ڈال کر غلیظ مرہم بنا

www.pdfbooksfree.pk



رکھیں۔

**ترکیب استعمال:** جس جگہ درد ہو خوب مالش کر کے اوپر ارنڈ کا پتہ گرم کر کے اور اس پر
روئی باندھ دیں۔

**فائدہ:** گنٹھیا' رینگن باؤ' درد کمر' درد پیٹ وغیرہ کا ایک سو ایک فیصدی کامیاب اور ذاتی مجرب
ہے چند دن لگانے سے فائدہ ہو جاتا ہے۔

## 245- کشتہ شنگرفی مرکب

**عنایت:** جناب حکیم علی احمد صاحب بڑیلہ گجرات۔

**ھوالشافی:** پھل مہوکڑی پختہ ڈیڑھ کلو' شنگرف رومی پانچ تولہ' سم الفار ایک تولہ۔

**ترکیب تیاری:** پہلے شنگرف اور سم الفار کو کھرل کر کے ایک ٹکی بنائیں خشک ہونے پر مہوکڑی
کے انڈے میں دے کر پانچ کلو اوپلوں کی آگ دیں پھر سرد ہونے پر احتیاط سے نکال کر خوب
کھرل کر کے محفوظ رکھیں۔

**ترکیب استعمال:** ایک رتی سے دو رتی ہمراہ مکھن و ملائی یا مویز منقی میں رکھ کر نگل جائیں
اوپر سے کچھ دیر بعد پیاس لگنے پر گھی و شہد ملا دودھ پی لیں۔

**فائدہ:** تمام اقسام کے دردوں کو دور کرنے کے لئے یقینی دوا ہے۔

## 246- حب یقینی

**عنایت:** جناب حکیم ایم اے زیدی دہلوی' فیصل آباد

**ھوالشافی:** تخم حنظل' ایلوہ' غاریقون' سورنجاں شیریں' پوست ہلیلہ زرد' سنائی برابر وزن۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو نہایت باریک کر کے آب گھیکوار میں حبوب نخودی تیار
کر کے محفوظ رکھیں۔

**ترکیب استعمال:** روزانہ تین دن تک چھ گولیاں پانی گرم کے ساتھ پھر دو گولیاں روزانہ
تازہ پانی سے کھلائیں۔

**فائدہ:** یہ نسخہ درد کمر کے لئے یقینی اور دوسرے جوڑوں کے درد کے لئے عموماً مفید ہے۔

## 247- کشتہ ازراقی

**عنایت:** جناب حاجی حکیم محمد اصغر صاحب لودھیانہ (ہند)۔

**ھوالشافی:** ازراقی ایک کلو' آب گھیکوار چار کلو' آب ادرک تین کلو۔

**ترکیب تیاری:** پہلے پہل ازراقی غیر مدبر ایک کلو لے کر مشین سے پوڈر بنالیجئے پھر پلاسٹک
کے ٹب میں اس پوڈر کو ڈال کر آب گھیکوار چار کلو ڈال کر روزانہ ہلاتے رہیں خشک ہونے پر

آب ادرک تین کلو ڈال کر خشک کریں بعدہ پوڈر بنا کر محفوظ رکھیئے۔

**ترکیب استعمال:** ایک رتی سے ڈیڑھ رتی پوڈر کیپسول میں بند کر کے صبح وشام ہمراہ …
گاؤ، شہد ملا کھلائیں۔

**فائدہ:** لقوہ، رعشہ، فالج، لی، تشنج، وجع المفاصل، ضعف باہ، ضعف اعصاب دمہ، عرق النسا …
خصوصیت سے جید الاثر دوا ہے۔

**نوٹ:** پتہ بالکل نہ نکالیں، حقیقتاً اسی میں شفاء ہے۔

(تخریج شدہ مصنف حکیم محمد عبدالوحید …

## 248- حب درد

**عنایت:** جناب حکیم مقبول احمد صاحب، فیصل آباد

**ھوالشافی:** پوست ہلیلہ زرد، سورنجاں شیریں، سورنجاں تلخ، فلفل سیاہ، فلفل دراز …
اسگند ناگوری، ازراقی مدبر ہر ایک ایک تولہ، برگ سنا مکی مصفی دو تولہ، مویز منقی نو تولہ، …
ستھیا، کشتہ گاؤدنتی ایک ایک تولہ، گوگل بھنسیا ایک تولہ۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو پوڈر بنالیجئے اور کشتہ جات شامل کر کے مویز منقی …
نخودی بنا کر محفوظ فرمائیے۔

**ترکیب استعمال:** ایک سے دو گولی دن میں تین وقت ہمراہ آب گرم یا شیرہ …
دیں۔

**فائدہ:** وجع المفاصل، عرق النسا، نقرس و وجع الورک میں خصوصیت سے فائدہ مند ہے۔

(تخریج شدہ حکیم محمد عبدالوحید …

## 249- دوائے خاص

**عنایت:** جناب حکیم فضل الٰہی، جھنگ

**ھوالشافی:** سم الفار چھ ماشہ، ثمر پختہ کتائی دو عدد، عرق لیموں پچاس گرام۔

**ترکیب تیاری:** دونوں دواؤں کو عرق لیموں میں خوب کھرل کیجئے اور دانہ باجرہ …
بنالیں۔

**ترکیب استعمال:** روزانہ ایک گولی گھی دیسی و شہد پانچ تولہ دودھ میں ملا کر دیں۔

**فائدہ:** تقویت باہ اور امساک کے لئے لاجواب جب کہ وجع المفاصل کے لئے بے …
سات دن تک کا استعمال نمایاں فائدہ ہوتا ہے۔



## 250- تریاق وجع المفاصل

**عنایت:** جناب حکیم نور احمد صاحب گوالیار (ہند)۔

**ھوالشافی:** پوست بیخ آکسن چھ تولہ، کشتہ شاخ گوزن در شیر مدار، زنجبیل فلفل گرد ہر ایک
ایک تولہ، سودا سلی سلاس دو تولہ، سوڈیم بائیکارب تین تولہ، ریوند خطائی ایک تولہ۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو پوڈر بنالیجئے اور محفوظ رکھیئے۔

**ترکیب استعمال:** ایک ایک ماشہ ہمراہ آب تازہ دن میں تین مرتبہ دیں۔

**فائدہ:** ہر قسم کی دردیں ختم کرنے میں اسم با مسمی ہے۔

**نوٹ:** اگر مرض آتشک میں گنٹھیا ہو جائے تو نہایت فائدہ مند ہے۔

## 251- تریاق الاوجاع

**عنایت:** جناب حکیم عبدالخالق صاحب کلنجر ہزارہ۔

**ھوالشافی:** گندھک آملہ سار، سیماب، میٹھا تیلیہ ایک ایک تولہ، فلفل سیاہ، فلفل دراز، زنجبیل
ہر ایک آٹھ تولہ، آب ادرک ایک کلو۔

**ترکیب تیاری:** پہلے سیماب و گندھک کی کجلی بنالیجئے پھر دیگر ادویات نہایت باریک کردہ
کمس کر کے آب ادرک ایک کلو میں خوب کھرل کر کے حبوب نخودی بنا کر محفوظ فرمائیے۔

**ترکیب استعمال:** ایک گولی صبح و شام یا تین وقت ہمراہ آب گرم دیں یا مناسب بدرقہ
دیجئے۔

**فائدہ:** ہر قسم کا درد خواہ نزلہ و زکام سے ہو یا کسی اور وجہ سے وجع المفاصل، عرق النسا، درد گردہ، ذات الجنب، ذات الریہ، درد قولنج، وجع الورک وغیرہ میں جید الاثر مجرب المجرب لاثانی دوا ہے۔

**نوٹ:** لیپ بھی کر سکتے ہیں اور کھا بھی سکتے ہیں۔

## 252- شنگرف پلز

**عنایت:** زبدۃ الحکماء شاہین اطباء جناب حکیم تاج الدین صاحب راجو خانانی حیدر آباد سندھ۔

**ھوالشافی:** شنگرف رومی، جائفل، بیر بہوٹی ہر ایک ایک تولہ، فلفل اسود دو تولہ، لونگ، الائچی
کلاں، دارچینی، جلوتری، ہر ایک چھ ماشہ زعفران ایک ماشہ۔

**ترکیب تیاری:** پہلے فلفل سیاہ و شنگرف رومی کو خوب کھرل کر کے پھر دیگر ادویات داخل کر کے
مثل غبار بنالیجئے اور محفوظ رکھیئے۔

**ترکیب استعمال:** چار چاول تک مکھن یا منقی میں لپیٹ کر کھلائیں وجع المفاصل کے لئے
حسب لقمہ سے کھلائیں۔

www.pdfbooksfree.pk

**فائدہ:** بے حد مقوی باہ اور ممسک ہے وجع المفاصل لقوہ، فالج میں جید الاثر ہے۔

## 253- کشتہ شنگرف

**عنایت:** جناب حکیم علی احمد صاحب، شکار پور سندھ

**ھوالشافی:** شنگرف رومی، مغز ارنڈ آدھا کلو، بھلانوہ آدھا کلو، شہد خالص پاؤ، روغن ز[illegible]
ادرک پاؤ، پیاز پاؤ، لہسن پاؤ، تل سیاہ آدھا کلو، روغن سرشف پاؤ۔

**ترکیب تیاری:** مغز ارنڈ، بھلانوہ، تل سیاہ، ادرک اور پیاز کو کوٹ کر مکس کر کے تقریباً [illegible]
کے درمیان شنگرف کی پچاس پچاس گرام کی دو ڈلیاں رکھ دیں اور کڑاہی آگ پر چڑھا [illegible]
روغن زرد اور شہد اور روغن سرشف ڈال دیں اور ہلکی آنچ پر اٹھائیس گھنٹے دیں سرد ہونے [illegible]
سے شنگرف نکال لیجئے اور روح کیوڑہ میں کھرل کر کے محفوظ رکھیں۔

**ترکیب استعمال:** ایک چاول سے تین چاول روزانہ ایک خوراک ہمراہ مکھن یا [illegible]
رکھ کر دیں۔

**فائدہ:** تقویت باہ، آتشک، گنٹھیا میں جید الاثر ہے ایک خوراک سے بارہ بارہ گولی [illegible]
ہو جاتا ہے تجربہ شدہ ہے۔ (تحریر شدہ حکیم محمد عبدالوحید عطاری)

## 254- حب اوجاع

**عنایت:** جناب حکیم غلام محمد صاحب ڈیرہ اسماعیل خان۔

**ھوالشافی:** سناور، زنجبیل، اسگند ناگوری، مصبر، سورنجاں شیریں، چھلکا ہلیلہ کابلی ہر ایک [illegible]
تولہ، گھیکوار کا رس تین تولہ۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو نہایت باریک کر کے آب گھیکوار میں کھرل کر کے [illegible]
حبوب تیار کر کے محفوظ فرما لیجئے۔

**ترکیب استعمال:** ایک سے دو گولی دن میں تین مرتبہ کھلائیں۔

**فائدہ:** ہر قسم کے درد خواہ وجع المفاصل ہو یا عرق النسا میں لاثانی دوا ہے کوڑیوں کی [illegible]
کے فوائد کی حامل ہے بنائیں اور فوائد سے مطب کو زینت بخشیں۔

## 255- حب کافوری

**عنایت:** جناب حکیم سید افضل حسن گیلانی صاحب بوہڑ والا ملتان کینٹ۔

**ھوالشافی:** کافور، رسکپور، کتھہ، موصلی سفید ہر ایک ایک تولہ، عرق پان ستر گرام۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو عرق پان میں خوب کھرل کر کے حبوب نخودی بنا [illegible]
رکھیں۔



**ترکیب استعمال:** ایک گولی روزانہ منقی میں بند کر کے نگل لیجئے۔

**فائدہ:** آتشک اور گنٹھیا کے لئے نہایت مفید الاثر ہے مزید سوداوی امراض میں مفید ہے۔

**پرہیز:** دال ارہر میں روغن زرد خوب ڈال کر استعمال کریں اس کے علاوہ دیگر اغذیہ بند کر دیجئے۔

## 256- حب آتشک

**عنایت:** جناب حکیم کوڑا رام صاحب مظفر گڑھ۔

**ھوالشافی:** مصبر زرد، ریوند چینی، رسکپور ہم وزن، آب حنظل حسب ضرورت۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات خوب کھرل کیجئے پھر آب حنظل میں کھرل کیجئے اور حبوب نخودی تیار کر کے محفوظ رکھیں۔

**ترکیب استعمال:** ایک گولی صبح، ایک گولی شام ہمراہ تازہ پانی استعمال کیجئے۔

**فائدہ:** آتشک میں خصوصیت سے مفید ہے زخم کو بھرنے کے ساتھ ساتھ آتشکی عوارض میں خصوصیت سے نافع ہے اعلیٰ درجہ کی قبض کشا ہے اور جوڑوں کے دردوں میں مجرب ہے۔

## 257- پین آف

**عنایت:** جناب حکیم سید محمد طالب صاحب زید پور بارہ بنکی (ہند)۔

**ھوالشافی:** لائیکہ آرسینک پندرہ بونڈ، پوٹاشیم آیوڈم چار گرین، اسپر کلوروفارم پندرہ بونڈ سار پرپلا ایکسرواکٹ تین اونس، لائیکرم کیوری پندرہ بونڈ، ڈسٹلڈ واٹر سولہ اونس۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات ملا کر محفوظ رکھیں۔

**ترکیب استعمال:** ایک اونس دن میں تین بار پئیں۔

**فائدہ:** آتشک میں مفید الاثر ہے وجع المفاصل میں سریع الاثر ہے ہزار ہا مرتبہ کا آزمودہ مجرب نسخہ ہے۔

**پرہیز:** گوشت وتیل وغیرہ کی اشیاء نہ کھائیے۔

## 258- حب وجع المفاصل

**عنایت:** جناب حکیم عبدالرحیم صاحب پیلی بھیت (ہند)۔

**ھوالشافی:** لونگ، جائفل، جلوتری، ازراقی مدبر، دارچینی ہر ایک ایک تولہ، زعفران تین ماشہ، ورق نقرہ ایک تولہ، عرق ادرک حسب ضرورت، فلفل سیاہ وسونٹھ دو دو تولہ۔

**ترکیب تیاری:** تمام خشک ادویات کو پوڈر بنا کر عرق ادرک میں خوب کھرل کیجئے اور نخودی حبوب نخودی تیار کر کے محفوظ رکھ لیجئے۔

www.pdfbooksfree.pk

**ترکیب استعمال:** روزانہ صبح، دوپہر، شام ایک ایک گولی ہمراہ شیر گاؤ نیم گرم دلائیں
**فائدہ:** وجع المفاصل میں خصوصیت سے فائدہ مند ہے مقوی باہ و ممسک بھی ہے۔

## 259- حب مفاصل

**عنایت:** جناب حکیم محمد سعید اللہ خان صاحب مدراس (ہند)۔
**ہوالشافی:** فلفل سیاہ، فلفل دراز، گندھک آملہ سار، سیماب، شنگرف، سہاگہ، مصبر زرد، بیش، ہڑتال ورقیہ ہم وزن آب سہانجنہ حسب ضرورت۔
**ترکیب تیاری:** تمام ادویات نہایت باریک کرکے آب سہانجنہ میں خوب کھرل کرکے نخودی حبوب تیار کرکے محفوظ رکھیے۔
**ترکیب استعمال:** ایک گولی روزانہ روغن زرد میں پانچ تولہ دیں۔
**فائدہ:** عرق النساء، وجع المفاصل، نقرس، لقوہ، فالج، نزلہ و زکام وغیرہ میں اکسیر الشفاء ہے۔
**پرہیز:** تمام تیل والی اور کھٹی اشیاء سے پرہیز واجب ہے۔

## 260- حب درد

**عنایت:** جناب حکیم تلوک سنگھ صاحب کھنہ لودھیانہ (ہند)۔
**ہوالشافی:** مصبر دو تولہ، سقمونیا ولائتی چھ ماشہ، ریوند عصارہ دس تولہ، آب حنظل بیس ا
**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو خوب کھرل کرکے پھر آب حنظل میں کھرل کرکے دانہ برابر حبوب تیار کرکے محفوظ رکھیں۔
**ترکیب استعمال:** روزانہ ایک گولی ہمراہ آب گرم دیں۔
**فائدہ:** یورک ایسڈ کو خارج کرکے دردوں کو سکون عطا کرتا ہے۔

## 261- درد آئل

**عنایت:** جناب حکیم حاکم سنگھ ملکہ ہانسی ساہیوال۔
**ہوالشافی:** آب برگ دھتورہ، آب برگ گندنا سبز، آب برگ سنبھالو سبز، آب برگ ثعلب سبز ہر ایک پچاس گرام، روغن السی ایک پاؤ۔
**ترکیب تیاری:** تمام پانیوں کو روغن میں ملا کر ہلکی آنچ پر رکھیں جب پانی جل جائے فلٹر کرلیجے اور محفوظ رکھیے۔
**ترکیب استعمال:** رات روزانہ نیم گرم مالش کرکے روئی باندھ دیا کریں۔
**فائدہ:** وجع الورک و نقرس درد کمر وغیرہ میں مفید الاثر ہے۔

www.pdfbooksfree.pk



## 262- حب سرخ

**عنایت:** جناب حکیم عبدالصمد صاحب لاکھنی جھنڈارہ (ہند)۔
**ہوالشافی:** بیش مدبر، سہاگہ، فلفل دراز، فلفل سیاہ، شنگرف برابر وزن آب لیموں حسب ضرورت۔
**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو آب لیموں میں خوب کھرل کیجیے اور حبوب فلفل سیاہ برابر بنا کر محفوظ رکھیں۔
**ترکیب استعمال:** روزانہ ایک گولی صبح، ایک شام ہمراہ آب نیم گرم دیں۔
**فائدہ:** وجع المفاصل، عرق النسا، نقرس، درد کمر میں خاص اکسیری نسخہ ہے بنا کر دعائیں دیجیے۔

## 263- دوائے مفاصلی

**عنایت:** جناب حکیم محمد سعید مبارک صاحب بنگلور (ہند)۔
**ہوالشافی:** سہاگہ سیاہ، سرنجاں شیریں، پوست ہلیلہ زرد، مصطگی رومی، سنائی، ازراقی مدبر، فلفل سیاہ، زنجبیل، مویز منقی برابر وزن آب ادرک حسب ضرورت۔
**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو باریک کرکے آب ادرک میں خوب کھرل کرکے نخودی گولیاں تیار کرکے محفوظ رکھیں۔
**ترکیب استعمال:** روزانہ صبح، دوپہر، شام ایک ایک گولی نیم گرم دودھ کے ہمراہ دیں۔
**فائدہ:** وجع المفاصل، اعصابی دردیں، عرق النساء، وجع الرکبہ وغیرہ میں بھروسہ کا نسخہ ہے۔
(تخریج حکیم محمد عبدالوحید عطاری)۔

## 264- کشتہ سنکھیا

**عنایت:** جناب حکیم جشول صاحب شکار پور سندھ۔
**ہوالشافی:** سم الفار دودھیا، ایک تولہ، شیر مدار ایک کلو۔
**ترکیب تیاری:** سم الفار کو ایک توے پر رکھ کر ایک ایک قطرہ شیر مدار ڈالتے جائیں نیچے ہلکی آگ ہونی چاہیے حتیٰ کہ ایک کلو شیر مدار ختم ہوجائے کشتہ تیار ہے۔
**ترکیب استعمال:** روزانہ ایک وقت ایک خشخاش کے دانے برابر مکھن میں لپیٹ کر کھلادیں۔
**فائدہ:** وجع المفاصل، گنٹھیا، عرق النسا میں تجربہ شدہ ہے اس کے علاوہ دمہ، کھانسی بلغمی اور ضعف باہ کو ختم کرنے میں اکسیر صفت ہے۔

## 265- حب سرنجاں

عنایت: جناب حکیم سید عبدالرحیم قادری صاحب اچھر شریف گیا (ہند)۔

**ہوالشافی:** سورنجاں شیریں' مصبر' زنجبیل' فلفل سیاہ' سنا مکی' تربد سفید' مصطگی رومی' ...
بادام برابر وزن' آب ادرک حسب ضرورت۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو آب ادرک میں خوب کھرل کر کے نخودی حبوب تیار کر ...
محفوظ رکھیں۔

**ترکیب استعمال:** روزانہ صبح وشام دو دو گولی ہمراہ نیم گرم دودھ دیں۔

**فائدہ:** وجع المفاصل کے دردوں میں تجربہ شدہ نسخہ ہے۔

**پرہیز:** ترش و بادی اغذیہ سے پرہیز واجب ہے۔

## 266- سفوف اکبر

**عنایت:** جناب زبدۃ الحکماء جناب حکیم رحیم بخش نواب گنج بریلی (ہند)۔

**ہوالشافی:** اسپرین' سوڈا سلی سلاس' سوڈیم بائیکارب' کشتہ بارہ سنگھا' ازراقی مدبر ...
وزن۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو خوب کھرل کر کے محفوظ رکھیں۔

**ترکیب استعمال:** تین رتی سے پانچ رتی دن میں تین مرتبہ کھلائیں بچوں کو عمر کے ...
شہد میں ملا کر چٹائیں۔

**فائدہ:** وجع المفاصل' عرق النساء' نقرس اور دیگر عصبی دردوں اور امراض باردہ میں مفید
ہے۔ نمونیا میں تجربہ شدہ ہے۔ (تخریج شدہ حکیم محمد عبدالوحید عطاری)

**نوٹ:** کمزور مریضوں کو ہرگز نہ دیں۔

## 267- دوائے لاثانی

**عنایت:** جناب حکیم حافظ محمد سردار بخش صاحب موچیوال جھنگ۔

**ہوالشافی:** برادہ بارہ سنگھا تین تولہ' صدف کلاں' قلمی شورہ' نوشادر' شنگرف' سم الفار سفید'
تیلیہ ہر ایک چھ ماشہ' آب بیخ آک' شیر مدار' آب لہسن' کھیکھوار کا رس ہر ایک پانچ تولہ۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو خوب کھرل کریں اور ٹکیہ بنا کر گل حکمت کر کے دس کلو ...
کی آگ میں سرد ہونے پر نکال رکھیں۔

**ترکیب استعمال:** روزانہ صبح وشام تین رتی عرق گاؤ زبان کے ہمراہ دیں۔

**فائدہ:** وجع المفاصل' نقرس' ذات الجنب کے لئے تیر بہدف ہے۔

www.pdfbooksfree.pk



## 268- حب ازراقی

**عنایت:** جناب حکیم قاضی خورشید حسن صاحب' پانی پت کرنال (ہند)

**ہوالشافی:** ازراقی مدبر چار تولہ' ارزق چار تولہ' قند سیاہ کہنہ آٹھ تولہ۔

**ترکیب تیاری:** سب ادویات کو ہاون دستہ میں خوب کوٹیں پھر جنگلی بیر کے برابر گولیاں بنا کر
محفوظ رکھیں۔

**ترکیب استعمال:** ایک گولی روزانہ مناسب بدرقہ سے دیں۔

**فائدہ:** وجع المفاصل اور دیگر دردوں میں اکسیر صفت دوا ہے۔

# لنگڑی کا درد

| طبی نام | اُردو نام | انگریزی نام |
|---|---|---|
| عرق النساء | لنگڑی کا درد/ ریگن باؤ | شیاٹیکا Seiatica |

**تعارف:**

یہ درد عموماً سرین کے بیچ سے شروع ہو کر ٹانگ کے بیرونی رخ پاؤں کے انگوٹھے تک جاتا ہے کبھی گھٹنے تک ہی موقوف ہوتا ہے۔ نساء ایک رگ ہے اور درد بھی اسی مقام پر ہوتا ہے اس لئے اطباء کرام اسے عرق النساء سے موسوم کرتے ہیں البتہ یہ درد رگ میں نہیں ہوتا بلکہ پیڑو کے عقب سے شروع ہوتا ہے یہ ایک عصبی درد ہے اسی لئے ڈاکٹری میں شیاٹیکا نرو کہتے ہیں۔

**اسباب:**

اگر درد دائیں طرف کی ٹانگ میں ہو تو یہ کثرت جماع' کثرت شراب نوشی' قوت باہ کو بڑھانے والی ادویات مثلاً پارہ' شنگرف' سم الفار وغیرہ' چٹ پٹے مصالح دار غذائیں مثلاً کباب' بھنے گوشت' انڈے وغیرہ میں یا سوداوی مادہ کی کثرت سخت قبض وغیرہ وغیرہ۔

اور اگر درد بائیں طرف ہو تو تو کثرت بول و پاخانے کی بار بار حاجت سرد و مرطوب جگہ پر زیادہ بیٹھنا حرام مغز یا پشت کے مہروں پر چوٹ وغیرہ لگنا وجع المفاصل بلغمی وغیرہ اس کے اسباب ہیں۔ اکثر یہ امراض گردوں کی ناقص کارکردگی کے باعث ہوتے ہیں۔

**علامات:**

یہ درد سرین سے بیرونی جانب ٹانگ میں ہوتا ہوا انگوٹھے تک آتا ہے درد کبھی تھوڑا اور

کبھی شدید ہو جاتا ہے کہ برداشت نہیں ہوتا اور عموماً دوروں سے ہوتا ہے یہ درد بھی دائیں
میں تو کبھی بائیں ٹانگ میں ہوتا ہے دونوں کی تشخیص و علاج الگ الگ ہے مثلاً دائیں
ہونے والا درد کثرت سودا کے باعث جب کہ بائیں طرف ہونے والا درد گرمی تری کے
ہوتا ہے اسی لئے ان کی رعایت رکھتے ہوئے علاج ہی شفا کا باعث بنتا ہے۔

**علاج:**
درج ذیل مجربات میں سے علاج فرمائیے۔

## 269- اکسیر اعظم

**عنایت:** جناب حکیم چندرائی صاحب' بنگلور (ہند)

**ھوالشافی:** ازراقی مدبر' ریوند چینی' فلفل دراز' فلفل سیاہ ہر ایک تین تولہ' گڑ بقدر ضرورت۔

**ترکیب تیاری:** ہر ایک کو باریک کرنے کے بعد ملا کر گودہ گھیکوار میں خوب کھرل کیجئے حبوب فلفل سیاہ برابر بنا کر محفوظ رکھیں۔

**ترکیب استعمال:** ایک سے دو گولی ہمراہ آب گرم یا چائے دیں۔

**فائدہ:** عرق النساء میں اسم با مسمیٰ ہے۔ (تخریج شدہ حکیم محمد عبدالوحید عطاری)

## 270- دوائے ہند

**عنایت:** جناب حکیم سید سراج الدولہ صاحب لکھنو (ہند)

**ھوالشافی:** صبر سقوطری ایک تولہ' پوست بلیلہ زرد ایک تولہ' سنا مکی ایک تولہ' سورنجاں شیریں ایک تولہ' مصطگی رومی ایک تولہ۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو پوڈر بنا کر محفوظ رکھیں۔

**ترکیب استعمال:** روزانہ نو ماشہ صبح و شام ہمراہ عرق مکو و سونف بارہ تولہ دیں۔

**فائدہ:** عرق النساء میں اکسیر صفت دوا ہے۔

## 271- دوائے صفتی

**عنایت:** جناب حکیم شیخ عبداللطیف صاحب فیروز پور (ہند)۔

**ھوالشافی:** پھٹکڑی سفید' لوبان کوڑیہ ہم وزن۔

**ترکیب تیاری:** دونوں کو خوب باریک کر کے پانچ سو ملی گرام کیپسول فل کر کے محفوظ رکھیں۔

**ترکیب استعمال:** ایک کیپسول دن میں تین مرتبہ ہمراہ دودھ شہد ملا کر کھلائیں۔

www.pdfbooksfree.pk



**فائدہ:** ہر قسم کے درد خواہ کہیں ہو مثلاً ریگن' درد کمر' درد سر وغیرہ میں جید الاثر ہے۔

## 272- دوائے شفا

**عنایت:** جناب حکیم غلام محمد صاحب کندیاں

**ھوالشافی:** بیضہ مرغ ایک عدد' روغن زرد' شکر سفید' دودھی خشخاش ہر ایک دو تولہ۔

**ترکیب تیاری:** سب کو ملا کر قدرے گرم کر کے رکھیں۔

**ترکیب استعمال:** قدرے نیم گرم مریض کو پلا دیں یہ ایک خوراک ہے ایسی دو خوراک روزانہ دیں۔

**فائدہ:** عرق النساء' درد نقرس اور تقویت باہ میں لاجواب دوا ہے۔

## 273- تریاق درد

**عنایت:** جناب حکیم نور علی صاحب' پٹیالہ (ہند)

**ھوالشافی:** جدوار خطائی' ہڑتال ورقیہ' سیماب' گندھک آملہ سار' ہر ایک چھ ماشہ' بیش مدبر ایک تولہ' عرق بھنگرہ ڈیڑھ پاؤ۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو باریک کر کے عرق بھنگرا میں کھرل کریں اور دانہ مونگ برابر حبوب تیار کریں۔

**ترکیب استعمال:** روزانہ دو وقت ایک سے دو گولی ہمراہ جوشاندہ زنجبیل دیں۔

**فائدہ:** رعشہ' عرق النسا' وجع المفاصل' نقرس میں بے مثال نسخہ ہے۔

## 274- اکسیر سندر

**عنایت:** جناب حکیم سندر سنگھ صاحب چک نمبر 38 ج سرگودھا۔

**ھوالشافی:** سم الفار سفید پانچ ماشہ' نمک شیشہ پانچ تولہ' شیر مدار پچاس گرام' فلفل سیاہ' فلفل دراز' تخم کرفس' اجوائن خراسانی تین تین تولہ۔

**ترکیب تیاری:** پہلی تین دوا ڈال کر خوب کھرل کریں اور ٹکیہ بنا کر خشک کر کے سکورہ میں ڈال کر گل حکمت کر کے دو کلو اوپلوں کی آگ دیں پھر نکال کر دیگر ادویات کا پوڈر مکس کر کے آب لیموں میں بارہ گھنٹے کھرل کر کے نخودی حبوب تیار کر کے محفوظ رکھیں۔

**ترکیب استعمال:** ایک سے دو گولی ہمراہ آب تازہ دن میں دو مرتبہ دیں۔

**فائدہ:** ہر قسم کے دردوں خصوصاً عرق النساء میں اکسیر اعظم ہے اور ریاحی امراض میں کثیر الفوائد کی حامل دوا ہے۔

# نقرس

| اردو نام | طبی نام | انگریزی نام |
|---|---|---|
| چھوٹے جوڑوں کا درد | نقرس | گاؤٹ Gout |

**تعارف:**

اس مرض میں پیروں اور ہاتھوں کی انگلیوں کے جوڑ ماؤف اور سوج جاتے ہیں اکثر یہ مرض پاؤں کی انگلیوں کے جوڑوں سے شروع ہوتا ہے۔ عموماً اس کا دورہ پانچ دنوں تک رہتا ہے علامات کے لحاظ سے اس کی دو اقسام ہیں:

(1) ایکیوٹ حاد (2) کرانک مزمن

**اسباب:**

عموماً یورک ایسڈ کی زیادتی سے ہوتا ہے ضعف گردہ اس کے اسباب میں سے ہیں عیش وعشرت کی زندگی گزارنے والے بھی اس کا شکار ہوجاتے ہیں۔

**علامات:**

اکثر دائیں پاؤں کے انگوٹھے کے جوڑ میں آدھی رات کے وقت شدید درد ہوتا ہے کہ مریض بے چین ہوجاتا ہے اور معمولی سردی سے بخار بھی ہوجاتا ہے اور کچھ وقت کے بعد پسینہ آکر بخار اتر جاتا ہے صبح جوڑ متورم اور سرخی مائل ہوتے ہیں اور درد کی وجہ سے چھونے سے تکلیف ہوتی ہے یہ مرض دیگر جوڑوں تک بھی پھیل جاتا ہے اور جوڑ بدوضع ہوجاتے ہیں اور ان پر گانٹھیں پڑ جاتی ہیں کبھی چمڑا پھٹ جاتا ہے اور جلد اچھے نہیں ہوتے۔

**نوٹ:** اس مرض کو گنٹھیا اور جوڑوں کا پتھرا جانا سے تشخیص کرنا نہایت ضروری ہے۔

**علاج:**

درج ذیل مجربات میں سے علاج فرمایئے۔

## 275- دافع نقرس

**عنایت:** جناب حکیم محمد آصف قادری' کوٹ لکھپت لاہور

**ھوالشافی:** چھوہارے سات عدد' افیون تین ماشہ' ہنگ پانچ ماشہ۔

**ترکیب تیاری:** پہلے افیون اور ہینگ کو خوب کوٹ لیں اور پھر چھوہارے کی گٹھلیاں نکال کر اس میں بھر دیں اور اوپر آٹا لپیٹ کر بھوبھل میں دبا دیں جب آٹا سرخ ہوجائے تو نکال کر ہتھوڑے سے ایک سو ایک زوردار چوٹ لگائیں اور نخودی حبوب تیار کرکے محفوظ رکھیں۔





**ترکیب استعمال:** ایک گولی صبح' ایک شام ہمراہ شیر گاؤ شہد ملا دیں۔

**فائدہ:** نقرس کے لئے سو فیصد لاجواب دوا ہے نضج کے بعد مسہل دے کر اسکا استعمال سونے پر سہاگہ ہے۔ سرعت انزال اور ضعف باہ میں بھی اکسیری فوائد کا حامل نسخہ ہے۔

## 276- تریاق نقرس

**عنایت:** جناب حکیم شمس الدین صاحب' اکال گڑھ گوجرانوالہ

**ھوالشافی:** برگ سنا مکی دو تولہ' تربد سفید دو تولہ' غاریقون' مغز بل' پوست ہلیلہ زرد' ہلیلہ سیاہ' زیرہ سیاہ' زنجبیل' خربق سفید' نمک لاہوری ہر ایک ایک پاؤ' سورنجاں شیریں تین تولہ۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو نہایت باریک کرکے پوڈر بنالیجئے اور محفوظ رکھیئے۔

**ترکیب استعمال:** چھ ماشہ سے نو ماشہ صبح نہار منہ ہمراہ آب تازہ دیں۔

**فائدہ:** عرق النساء اور نقرس میں خصوصیت سے فائدہ مند ہے۔

## 277- اکسیر نامور

**عنایت:** جناب حکیم عبدالشکور صاحب کیمبل پور (ہند)

**ھوالشافی:** سم الفار سفید ایک تولہ' آب کریلہ سبز دس تولہ' آب لہسن دس تولہ۔

**ترکیب تیاری:** سم الفار کو دونوں پانیوں میں خوب کھرل کرکے دانہ ماش برابر گولیاں تیار کیجئے اور محفوظ رکھیئے۔

**ترکیب استعمال:** روزانہ ایک گولی کھانے کے بعد ہمراہ مکھن میں لپیٹ کر دیں اور بعد میں شیر گاؤ اور روغن زرد کثرت سے استعمال کریں۔

**فائدہ:** نقرس وجع المفاصل' عرق النساء کے لئے تیر بہدف ہے حتیٰ کہ قوت باہ میں زبردست اضافہ کرتی ہے۔

## 278- روغن نقرس

**عنایت:** جناب حکیم عبدالحمید خان صاحب سنگھوتی جہلم۔

**ھوالشافی:** لونگ' دارچینی' رتن جوت' مال کنگنی' جائفل' قسط تلخ' سورنجاں تلخ' ہر ایک ایک تولہ' روغن کنجد آدھا کلو۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو نہایت باریک کرکے روغن کنجد میں ملا کر قدرے گرم کریں اور محفوظ رکھیں۔

**ترکیب استعمال:** روزانہ قدرے نیم گرم اچھی طرح ہلا کر متاثرہ مقام پر مالش کریں اور روئی باندھ دیں۔

**فائدہ:** ایسا درد جو ناقابل برداشت ہو ایسی حالت میں اکسیر کا کام دیتا ہے۔ (تخریج شدہ حکیم محمد عبدالوحید عطاری)۔

## 279- اکسیر ذات الجنب

**عنایت:** جناب حکیم عبدالمجید صاحب سدہ کمبوہ شاہ پور۔

**ھوالشافی:** سنکھ سالم ٹکڑا ایک پاؤ' اسپند آدھا پاؤ' ہاتھی سونڈی ایک پاؤ۔

**ترکیب تیاری:** اسپند کو پوڈر بنا کر ہاتھی سونڈی میں ملا کر پیس کر نغدہ بنا کر سنکھ کو درمیان میں رکھ کر گل حکمت کریں اور بیس کلو اوپلوں کی آگ دیں سرد ہونے پر نکال کر پیس کر محفوظ رکھیں۔

**ترکیب استعمال:** ایک ماشہ ہمراہ شہد کھلائیں یا مناسب بدرقہ دیں مارگزیدہ کے لئے ہمراہ دیسی گھی دیں۔

**فائدہ:** ذات الجنب' ذات الریہ مارگزیدہ سگ گزیدہ کے لئے نہایت مفید الاثر ہے۔ (تخریج شدہ حکیم محمد عبدالوحید عطاری)

## 280- اکسیر الاوجاع

**عنایت:** جناب حکیم عبدالرحیم صاحب گجرات۔

**ھوالشافی:** بیخ مداز' قلمی شورہ' سوڈا سلی سلاس' اسپرین' کشتہ بارہ سنگھا ہر ایک چار تولہ' الائچی ازراقی مدبر' سورنجاں شیریں ہر ایک ایک تولہ' میٹھا تیلیہ چھ ماشہ' چینی پانچ تولہ۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو پوڈر بنا کر محفوظ رکھیں۔

**ترکیب استعمال:** روزانہ صبح دوپہر شام چار چار رتی ہمراہ نیم گرم پانی دیں۔

**فائدہ:** ہر قسم کے دردوں کے لئے تریاق ہے خاص صدری اسراری نسخہ ہے بنا کر خوب کمائیں اور خوب نیکیاں لوٹیے۔ ذات الجنب' وجع المفاصل' درد کمر وغیرہ نیز نزلہ و زکام کے لئے مجرب ہے۔

## 281- اکسیری تریاق درد

**عنایت:** جناب حکیم فضل حق صاحب پشاور۔

**ھوالشافی:** ازراقی مدبر پانچ تولہ' فلفل سیاہ' فلفل دراز' زنجبیل' سہاگہ' دارچینی ہر ایک ایک تولہ

www.pdfbooksfree.pk



**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو باریک پیس کر محفوظ رکھیں۔

**ترکیب استعمال:** روزانہ صبح' دوپہر' شام ایک ایک ماشہ ہمراہ آب تازہ یا گرم دودھ دیں۔

**فائدہ:** ذات الجنب' وجع المفاصل' عرق النساء' نزلہ و زکام' کھانسی' بلغمی بخار وغیرہ میں جید الاثر مفید دوا ہے۔

## 282- حب سہانجنہ

**عنایت:** جناب حکیم عبدالرحمٰن صاحب رانی پورہ اندور (ہند)

**ھوالشافی:** ہینگ ہیرا ایک تولہ' زنجبیل ایک تولہ' سوہانجنا کا تیل حسب ضرورت۔

**ترکیب تیاری:** دونوں ادویات کو پیس کر سوہانجنا میں کھرل کر کے حبوب نخودی تیار کر لیجئے۔

**ترکیب استعمال:** دو سے چار گولیاں صبح' شام ہمراہ شیر گاؤ روغن زرد ملا دیں۔

**فائدہ:** معمول مطب ہے ہر قسم کے دردوں میں نہایت ہی مفید الاثر نسخہ ہے مثلاً عرق النساء' گنٹھیا' وجع الرکبہ' وجع الورک وغیرہ میں مستعمل ہے۔

## 283- حب اوجاع

**عنایت:** جناب حکیم تجمل حسین صاحب چوک حضرت شرف الدین بوعلی قلندر پانی پت (ہند)

**ھوالشافی:** ازراقی مدبر' کشتہ فولاد ہر ایک پانچ تولہ' فلفل سیاہ' زعفران کشمیری ہر ایک ایک تولہ' سلاجیت خالص چار تولہ۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو آب ادرک میں خوب کھرل کر کے نخودی حبوب تیار کر کے محفوظ فرما لیجئے۔

**ترکیب استعمال:** ایک گولی صبح و شام ہمراہ شیر سبز استعمال کروائیں۔

**فائدہ:** ہر قسم کی دردوں میں کمال درجہ ہے مستند نسخہ ہے نیز ضعف باہ میں بھی بے نظیر ہے زیادہ تعریف فضول ہے بنا کر خود نظارہ کر لیجئے۔

# امراض پشت کے نسخے

## 284- اکسیر کاربنکل

**عنایت:** جناب حکیم محمد تقی شاہ صاحب' جوبستی (ہند)

**ھوالشافی:** ارہر کی تازہ پتی' نمک لاہوری دونوں برابر وزن' ارہر کی پتی' کھتہ سفید۔

کرمحفوظ رکھیں۔

**ترکیب تیاری:** دونوں کو باریک پیس کر نیم گرم کر کے دونوں وقت اوپر رکھیں جب ہو

**ترکیب استعمال:** ٹکی سی بنا کر توے پر رکھیں۔

خارج ہونے لگے تو نمبر 2 ملا کر رکھیں۔

**فائدہ:** کاربنکل جو قلب کے مقام کے مقابل پشت پر ہوتا ہے اور دیکھنے میں نظر نہیں آتا اس کے لئے مجرب نسخہ ہے متعدد بار کا آزمودہ مجرب ہے۔

## 285- سفوف محمود

**عنایت:** جناب حکیم تاج محمود صاحب' لالیاں جھنگ

**ھوالشافی:** بوپھلی' تخم اوٹنگن' تخم کونچ' کرکس' ثعلب مصری' موچرس' صمغ عربی' تج ہر ایک ایک تولہ' زنجبیل' حب القطن' آرد موصلی سفید' تج' تخم سروالی' تالمکھانہ' روغن زرد دس تولہ' کوزہ مصری دس تولہ' کشتہ قلعی ایک تولہ۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو سوائے کشتہ قلعی اور کوزہ مصری کے روغن زرد میں بریاں کریں پھر کوزہ مصری و کشتہ قلعی ملادیں اور محفوظ رکھیں۔

**ترکیب استعمال:** چھ ماشہ صبح وشام ہمراہ شیر گاؤ دیں۔

**فائدہ:** احتلام' سرعت انزال' کمر درد اور ضعف اعضائے رئیسہ کے لئے معمول مطب ہے نیز قوی باہ ہے۔

## 286- تریاق اوجاع

**عنایت:** جناب حکیم باسط علی صاحب محلہ گڑھیاں حکیماں آگرہ (ہند)۔

**ھوالشافی:** سورنجاں شیریں' کشنیز خشک ہر ایک دو تولہ' اپس پائیرین ایک تولہ' اینٹی فازہ پانچ ماشہ' کیفین سائٹراس سات ماشہ' نبات سفید چھ تولہ۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو نہایت باریک کر لیجئے اور نگاہ رکھیں۔

**ترکیب استعمال:** روزانہ صبح' دوپہر' شام دو ماشہ سے تین ماشہ ہمراہ نیم گرم دودھ دیں۔

**فائدہ:** ہر قسم کے دردوں میں مفید الاثر ہے مثلاً درد کمر' درد عصبی' درد سینہ' درد سر وغیرہ معمول مطب تجربہ شدہ نسخہ ہے۔



باب 8:

# حلق کے امراض

حلق یا گلا اس خلا کو کہتے ہیں جہاں سے غذا کی نالی شروع ہوتی ہے اور ہوا کی نالی بھی یہاں سے شروع ہوتی ہے جب کہ آلہ آواز یعنی نرخرہ یا حجرہ زبان کی جڑ کے نیچے غذا کی نلی کے سامنے والے حصے کو کہتے ہیں نرخرہ کے بالائی سوراخ پر پان کی شکل کی ایک کری ہوتی ہے جو حرکات تنفس میں کھڑی ہوجاتی ہے جب کہ غذا نگلتے وقت ہوا کے سوراخ کو بند کردیتی ہے۔ لوزتین دو گلینڈز ہوتے ہیں جو حلق کے دونوں جانب تالو کے سامنے واقع ہوتے ہیں ان کی شکل بیضوی ہوتی ہے۔

# خناق

تعارف:

ایسا مرض ہے جس میں سانس لینا' غذا یا کوئی چیز نگلنا دشوار بلکہ ناممکن ہوجاتا ہے یہ ورم حلق اور متعلقات حلق میں پیدا ہوکر اذیت کا باعث بنتا ہے۔

اسباب:

حلق کی سوزش' کوا گرنا' نزلہ وزکام' جسم میں صفرا کی کثرت' گردوغبار وغیرہ یا کسی خراش دار چیز کا حلق میں چلا جانا وغیرہ اسباب میں شامل ہیں۔

علامات:

حلق میں خشکی اور کھرکھراہٹ محسوس ہونا' لرزہ سے بخار خفیف ہونا' گلے میں درد اور گرانی ایسے محسوس ہوتا ہے جیسے کوئی چیز حلق میں اٹکی ہوئی ہے لعاب دہن نگلنے میں مشکل پیش آتی ہے منہ کا ذائقہ تیز کڑوا' بے چینی وغیرہ۔

علاج:

درج ذیل مجربات میں سے علاج کیجئے۔

www.pdfbooksfree.pk

## 287- کشتہ مار

**عنایت:** جناب حکیم محمد بشیر احمد صاحب چک نمبر 507 گ' فیصل آباد

**ھوالشافی:** ایک سیاہ مردہ سانپ جو نیچے اوپر سے کالا سیاہ ہو۔

**ترکیب تیاری:** اس سانپ کو گل حکمت کر کے بیس کلو اوپلوں کی آگ دیں اور سرد ہونے پر نکال کر باریک کر کے محفوظ رکھیں۔

**ترکیب استعمال:** صرف ایک رتی منہ میں ڈال کر اوپر سے ماء العسل چار یا چھ چمچ پلائیں یا شہد ملا کر چٹائیں نیز اس کا لیپ بھی کیا جاسکتا ہے جو صرف گلٹیوں کے لئے ہے۔

**فائدہ:** صرف ایک رتی کی ایک خوراک سے ساری زندگی تک خناق نہ ہوگی اور اسی خوراک سے خناق خواہ کتنا ہی مہلک کیوں نہ ہو نابود ہوجائے گا ہر قسم کی گلٹیاں اور اورام تحلیل ہوجائیں گے مرض طاعون کو جڑ سے ختم کر دیتی ہے۔

## 288- اکسیر خناق

**عنایت:** جناب حکیم دلپذیر صاحب' راولپنڈی

**ھوالشافی:** پوست ریٹھا ایک تولہ' پانی 250 ملی لیٹر۔

**ترکیب تیاری:** دونوں کو آپس میں ملا کر گرم کریں۔

**ترکیب استعمال:** اگر مریض بالکل بے ہوش ہو تو مریض کے منہ میں دوا ڈال کر ادھر ادھر ہلائیں ورنہ یہ دوا منہ میں ڈال کر غرارے کرائیں۔

**فائدہ:** اس دوا کے استعمال سے الحمدللہ عزوجل بے ہوش مریض بھی فوراً ہوش میں آجاتا ہے جس کے حلق سے پانی جیسی پتلی چیز نہ گزرے فوراً دودھ یا کوئی سیال غذا کھانے کو تیار ہوجاتا ہے۔ قریب المرگ مریض شفایاب ہوئے ہر جگہ کامیابی کا لوہا منوایا یہ نسخہ نہیں بلکہ لوگ اسے طبیب کی کرامت جانتے ہیں۔ ایک گھونٹ دوا منہ میں ڈالتے ہی جبڑے سمیت حلق بھی کھلنا شروع ہوجاتا ہے مریض کے منہ سے بافراط لیس دار رطوبت نکل کر آرام آجاتا ہے۔

**نوٹ:** مرض کی حالت میں ریٹھا کڑوا نہیں لگتا۔

### طغرہ

✿ املتاس کے غرارے معمولی خناق کا خاتمہ کرنے میں مفید ہے۔



## 289- شفائی حقہ

**عنایت:** جناب حکیم عبدالخالق صاحب مچھلی کانچ برہانپور (ہند)۔

**ھوالشافی:** مغز تخم نیم ایک تولہ' حقہ ایک عدد۔

**ترکیب تیاری:** مغز نیم کو چلم میں رکھ کر حقہ تیار کر لیجئے۔

**ترکیب استعمال:** حقہ کھینچئے بعدہ سر نیچے کر لیجئے۔

**فائدہ:** تمام فاسد رطوبات خارج ہو کر چند مرتبہ میں شفا کلی حاصل ہوجائے گی۔

# کوا گرنا

# (Elongation of the Uvula)

**تعارف:** اس مرض میں کوا ڈھیلا ہو کر لٹک جاتا ہے۔

**اسباب:** بادی و ترش چیزیں کھانے پینے سے کبھی بلغم کی کثرت کے باعث حلق کا کوا ڈھیلا ہو کر لٹک جاتا ہے حلق کی پرانی سوزش وجع المفاصل وغیرہ کا مادہ جسم میں بکثرت ہونا' بچوں میں سخت گرمی اور سخت سردی سے کوا لٹک جاتا ہے۔

**علامات:** عموماً کوا لمبا اور ڈھیلا ہو کر خراش پیدا ہوتی ہے بار بار خشک کھانسی بھی آتی ہے اور عموماً لیٹ کر زیادہ ہوتی ہے کہ مریض اٹھ کر بیٹھ جاتا ہے کبھی کھانسی کی شدت سے متلی اور قے بھی ہوجاتی ہے بھوک بند ہوجاتی ہے چہرے کا رنگ زرد پڑ جاتا ہے بغیر کسی ظاہری مرض کے مریض کمزور سے کمزور تر ہوتا جاتا ہے اور اکثر بخار بھی ہوجاتا ہے جسے عموماً دق سمجھا جاتا ہے جو غلطی ہے۔

**نوٹ:** گلے کی تمام امراض میں کوا کا معائنہ لازم کریں۔

**علاج:** درج ذیل مجربات میں سے منتخب فرما کر علاج کیجئے۔

www.pdfbooksfree.pk

## 290- نسخہ لاہوری

**عنایت:** حکیم مفتی سلیم اللہ خان صاحب لاہوری، فیصل آباد
**ھوالشافی:** پھٹکوی بریاں، مازو، فلفل سیاہ ہم وزن۔
**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو باریک پیس کر محفوظ رکھیں۔
**ترکیب استعمال:** انگلی سے کوے پر لگا کر اوپر اٹھا دیں۔
**فائدہ:** کوا گرنے میں بے حد مفید ہے کھانسی جاتی رہتی ہے۔

## 291- گلیسرین پلز

**عنایت:** جناب حکیم محمد ندیم صاحب لکھنو ہند۔
**ھوالشافی:** ٹنکچر فرائی پرکلورائیڈ تیس بوند، روغن پودینہ پانچ بوند، گلیسرین ایک اونس۔
**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو چوڑے منہ والی بوتل میں ڈال کر حل کر کے محفوظ رکھئے۔
**ترکیب استعمال:** روئی کا پھایہ لتھڑ کر ٹیوزر سے کوے پر لیپ کریں۔
**فائدہ:** حلق سے بکثرت رطوبت خارج ہو کر کوا اٹھ کر اصلی حالت پر آ جائے گا۔

## 292- اکسیری دوا

**عنایت:** حکیم غلام یسین قادری خان پور سندھ۔
**ھوالشافی:** گل سرخ، مازو، گل سپاری، کاتھ سپاری، گلنار، سماق دانہ، شب یمانی، سہاگہ ہم وزن۔
**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو باریک کر کے محفوظ رکھیں۔
**ترکیب استعمال:** ایک چٹکی چھوٹے چمچ میں رکھ کر کوے کے نیچے سے اوپر اٹھائیں۔
**فائدہ:** منٹوں میں فائدہ دینے والی اکسیری دوا ہے۔

## 293- شفائی غرغرہ

**عنایت:** جناب حکیم محمد شفیق ٹھٹہ ملتان۔
**ھوالشافی:** پھٹکوی، مازو سبز، گلنار، سہاگہ، گل سپاری، ہر ایک تین ماشہ، پانی 3/4 کلو۔
**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو پانی میں جوش دے کر سنبھال رکھیں۔
**ترکیب استعمال:** نیم گرم کے غرارے کیجئے۔
**فائدہ:** چند دفعہ کے استعمال سے کوا اپنی اصلی حالت پر آ جائے گا۔



### طغرہ

☆ آئرن گلیسرین پھریری سے لگا کر کوا پر دو تین مرتبہ لگائیں یہ بھی تجربہ شدہ ہے۔

# آواز کا بیٹھ جانا

| اُردو نام | طبی نام | انگریزی نام |
|---|---|---|
| آواز کا بیٹھ جانا | بحتہ الصوت | Efonia |

**تعریف مرض:**
اس مرض میں مریض کی آواز بالکل بیٹھ جاتی ہے۔

**اسباب:**
نزلہ و زکام، حنجرہ کی ساخت میں خرابی، سردی لگنا، حجز کا ورم، زیادہ چیخنا، دھویں میں رہنا، گرد و غبار وغیرہ، زہریلے مادے وغیرہ، سرمہ و سیندور کھا لینا، مرض دق کے آخری درجے میں بھی آواز بیٹھ جاتی ہے۔

**علامات:**
اس مرض میں آواز نکلنا بالکل دشوار ہو جاتی ہے۔ اگر کوشش کی جائے تو معمولی آواز نکلتی ہے اور مریض کو کافی مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے اپنے آپ کو ادھورہ سمجھتا ہے آنکھیں کھول کھول کر دیکھتا ہے۔

**علاج:**
درج ذیل مجربات میں سے منتخب فرما کر علاج کیجئے۔

## 294- اکسیر کرشمہ

**عنایت:** جناب حکیم محمد سلیم صاحب سرگودھا۔
**ھوالشافی:** شب یمانی پانچ تولہ، شیر مدار پندرہ تولہ، آب دھتورہ مروق دس تولہ۔
**ترکیب تیاری:** پہلے شب یمانی کو شیر مدار پھر آب دھتورہ میں بتدریج خوب کھرل کیجئے اور ٹکیہ بنا کر خشک کر کے گل حکمت کر کے دس کلو اوپلوں کی آگ میں سرد ہونے پر نکال کر نگاہ رکھئے۔
**ترکیب استعمال:** ایک رتی نیم گرم حلوے میں رکھ کر نگلوا دیں۔

www.pdfbooksfree.pk

**فائدہ:** دوسری حد تیسری خوراک سے آواز کھل جائے گی اگر نزلہ ہو تو پہلے نزلہ کا علاج فربہ ہوتو ہے۔

## 295- لحن داؤدی

**عنایت:** جناب حکیم مظفر قادری صاحب پانی پت (ہند)

**ھوالشافی:** جوہر لوبان خانہ ساز، کبابہ زعفران، قرنفل، دارچینی، ملٹھی، جڑ پان، فلفل دراز ہر ایک تین ماشہ، مغز چلغوزہ چھ سو عدد، کوزہ مصری چھ ماشہ۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو باریک پیس کر پان کے رس میں حبوب نخودی بنالیجئے۔

**ترکیب استعمال:** ایک سے دو گولی منہ میں رکھ کر چوسیں۔

**فائدہ:** یہ حبوب زیادہ بولنے والے وکیلوں، بیرسٹروں، قاریوں، مبلغین، علماء عقلاء، لیکچرار، پروفیسر، شاعر، ایکٹر، طالب علم و سنگر وغیرہ کے لئے تحفہ الماس ہے۔ گلے کی خراش رکاوٹ نزلہ وغیرہ ختم کرکے آواز کوئل کی مانند تیز اور سریلی ہوجاتی ہے کہ جس کے کان سے ٹکرائے وہاں ہی کرا ہوجائے۔

## طغرے

- چراغ کا گل پانی میں لپیٹ کھانے سے آواز کھل جاتی ہے۔
- سیندور سب ہو تو نمک تمباکو بقدر دو چاول پان میں رکھ کر کھانے سے آواز کھل جاتی ہے۔ غضب کا طغرہ ہے۔

# کنٹھ مالا

| اردو نام | طبی نام | انگریزی نام |
|---|---|---|
| گلہڑ | غر | برانکوسیل |

**تعارف:**

ٹھوڑی کے نیچے گردن پر نرخرہ کے اردگرد ایک ابھار پیدا ہوجاتا ہے جو بعض مریضوں میں معمولی اور بعض میں زیادہ اور مرتے دم تک قائم رہتا ہے۔ کبھی اتنا بڑھ جاتا ہے کہ ٹھوڑی سینے پر نہیں لگتی بلکہ جھکتی ہی نہیں زیادہ بڑا ہوجانے سے اسکا بوجھ نرخرہ پر پڑنے لگتا ہے جس کی وجہ سے سانس میں تنگی محسوس ہوتی ہے۔

www.pdfbooksfree.pk



**اسباب:**

عموماً ایسے لوگ اس مرض میں مبتلا ہوتے ہیں جن کے خون میں پوٹاشیم یا آئیوڈین کی کمی واقع ہوجائے جب کہ فولاد کے مرکبات زیادہ ہوجائیں۔ رسولیاں بھی سرد و تر مزاج کی حامل ہوتی ہیں اسی لئے گلہڑ رسولی کی طرح ہی ہوتا ہے۔

**علامات:**

گلٹیاں گردن کے اردگرد اور بغل میں پیدا ہوجاتی ہیں یہ گلٹیاں گوشت سے جڑی ہوتی ہیں اور انگلی سے بھی اپنی جگہ نہیں چھوڑتی یہی اس مرض کی خاص علامت ہے ہلکا ہلکا بخار رہتا ہے اگر گلٹیاں پک کر پھوٹ جائیں تو رفتہ رفتہ مواد ٹپکتا رہتا ہے۔

**علاج:**

درج ذیل مجربات میں سے منتخب فرما کر علاج کیجئے۔

## 296- حب شافی

**عنایت:** جناب حکیم سلیم اللہ خان ڈوگر پانی پت (ہند)

**ھوالشافی:** شنگرف ایک تولہ، خولنجاں تین تولہ، بابچی تین تولہ، رائی تین تولہ، رسکپور چھ ماشہ۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو نہایت باریک پیس لیجئے اور حبوب نخودی بنالیجئے۔

**ترکیب استعمال:** ایک ایک گولی دن میں تین بار ہمراہ قہوہ اجوائن کھلائیں۔

**فائدہ:** مرض کنٹھ مالا یعنی گلہڑ نابود ہوجائے گا مقوی باہ بھی ہے جسم میں حرارت بکثرت پیدا کرتا ہے۔

## 297- مرہم کنٹھ مالا

**عنایت:** جناب حکیم خلیق الزمان قادری صاحب ساہیوال۔

**ھوالشافی:** فلفل سیاہ ایک تولہ، طوطیا اخضر ایک تولہ، برگ حنا ایک تولہ، مکھن دس تولہ۔

**ترکیب تیاری:** پہلی تینوں ادویات کو نہایت اچھی طرح پوڈر بنالیجئے اور مکھن میں ملا کر مرہم بنا کر نگاہ رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** مقام مرض پر ہر روز لیپ کیجئے اور پٹی کر لیجئے۔

**فائدہ:** چند روز ہی میں گلٹیاں نیست و نابود ہوجائیں گی۔

## 298- اکسیر خنازیر

**عنایت:** جناب حکیم منظور حسین سنیاسی صاحب لکھنو (ہند)

**ھوالشافی:** سم الفار سفید چھ ماشہ' جلوتری چھ ماشہ' جائفل تین ماشہ' مرچ سیاہ پانچ تولہ' برگ آک حسب ضرورت۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو برگ آک میں خوب کھرل کر لیجئے اور حبوب دانہ مسور بنا لیجئے

**ترکیب استعمال:** ایک گولی روزانہ مکھن میں لپیٹ کر کھا لیجئے پیاس لگنے پر نیم گرم دودھ پی لیا کریں۔

**فائدہ:** خنازیر کو ختم کر کے گردن کو اصلی حالت پر لاتی ہے آہستہ آہستہ جسم میں طاقت کا پہاڑ پیدا کرتی ہے۔

## 299- روغن کچنال

**عنایت:** جناب حکیم کریم بخش نوشاہی گجرات۔

**ھوالشافی:** کچنال کا چھلکا دو کلو' پانی گیارہ کلو' تیل بنولہ دو کلو' برگ کچنال آدھا کلو۔

**ترکیب تیاری:** پہلے پوست کچنال کو خوب پکائیں کہ پانی تین کلو تک رہ جائے پھر اس کو اچھی طرح پن چھان کر روغن بنولہ ڈال دیں اور برگ کچنال کی خوب چٹنی سی بنا کر بھی ڈال کر نرم آنچ پر پکائیں جب چٹنی جل جائے پانی جل جائے تیل فلٹر کر کے محفوظ رکھیں۔

**ترکیب استعمال:** روزانہ ایک تولہ صبح ایک تولہ شام دودھ میں ڈال کر پلائیں اگر گلٹیاں پھوٹ جائیں تو یہی تیل لگانا شروع کر دیں۔

**فائدہ:** بیس یوم میں کنٹھ مالا کو نابود کر دیتا ہے لاجواب دوا ہے۔



باب 9:

# حمیات

**تعریف مرض:**

جب اعضاء رئیسہ میں سے کسی عضو کے فعل میں بگاڑ پیدا ہو کر حرارت غریبہ پیدا ہو جائے تو اسے بخار کا نام دیتے ہیں جو حالت صحت 98.5°F سے تجاوز کر جاتی ہے۔ اعضاء رئیسہ کے لحاظ سے بخاروں کی تین بڑی اقسام ہیں:

(1) صفراوی بخار

(2) سوداوی بخار

(3) بلغمی بخار

مزید تقسیم کرنے پر مزاج کا لحاظ رکھتے ہوئے چند مزید اقسام بھی بن جاتی ہیں اختصار کو ملحوظ رکھتے ہوئے معروف اقسام بیان کئے دیتا ہوں تاکہ آسانی رہے۔

## اخلاط کی حالتیں

ہر خلط کی تین صورتیں ہوتی ہیں جیسے جو کچھ ہمیں نظر آتا ہے وہ مادہ ہے مگر اس کی تین حالتیں ہوتی ہیں۔ مثلاً پانی کبھی بھاپ کبھی مائع یعنی سیال اور کبھی ٹھوس برف کی صورت میں ہوتا ہے۔ کبھی خلط گیس کی صورت اختیار کر کے روح کہلاتی ہے کبھی مائع حالت میں اخلاط کہلاتی ہے اور کبھی ٹھوس حالت میں اعضاء کے اندر صلابت کا درجہ رکھتی ہے پتھریاں اور اماس و تہیج وغیرہ یہ تینوں حالتیں فاضل مواد کے رکنے کی مختلف شکلیں ہیں جو اعضائے رئیسہ کے لحاظ سے تقسیم کی گئی ہیں۔

بخار کی مدت کا انحصار مادہ کی مقدار پر ہوتا ہے مثلاً مادہ جس قدر لطیف ہوگا جلد متعفن ہوگا اور جلد اخراج پا کر شفا کا باعث بنے گا مثلاً ایک روزہ بخار مزید سمجھئے کہ جب مادہ گیس کی شکل میں ہوتا ہے تو وہ جلد کیفیات میں تبدیل ہونے کے قابل ہوتا ہے یا نفسیاتی جذبات سے جلد متاثر ہو جاتا ہے لہذا بخاروں کی لطیف اقسام کیفیاتی و نفسیاتی ہوتی ہیں۔

کیفیاتی و نفسیاتی جذبات کے باعث اس کی بے شمار اقسام ہیں چند ایک درج ہیں:

| | | | |
|---|---|---|---|
| حمی غم | حمی اہتمام | حمی فکر | حمی غصہ |
| حمی نیند و آرام | حمی خوف | حمی تھکاوٹ | حمی درد |

www.pdfbooksfree.pk

حمی بھوک — حمی پیاس — حمی بدہضمی
حمی اسہال وپیچش — حمی سدے وغیرہ — حمی نزلہ وزکام

## جراثیم اور چھوت دار بخار کی حقیقت

میٹھے میٹھے اسلامی بھائیو! جب تک اعضاء رئیسہ میں سے کسی عضو میں کمزوری یا خرابی واقع نہ ہو اس وقت تک نہ بدن کے کسی حصے میں کوئی مادہ رکتا ہے اور نہ ہی مادہ متعفن ہوتا ہے اور نہ ہی تپ (بخار) ہوتا ہے۔ جب کسی عضو کی کمزوری کے باعث کوئی مادہ رکتا ہے تو آہستہ آہستہ وہاں تعفن پیدا ہوتا ہے جو زہر ہوتا ہے خمیر وتعفن کے فوراً بعد وہاں نہایت باریک باریک کیڑے (جراثیم) پیدا ہونا شروع ہوجاتے ہیں اگر اس متاثرہ حصے کو خورد بین سے بغور دیکھیں تو مخصوص شکل کے کیڑے (جراثیم) نظر آئیں گے اور یہی متعفن مادہ یا کیڑے جب کسی تندرست شخص کو لگ جاتے ہیں یا تندرست شخص کے بدن میں داخل ہوجاتے ہیں تو تندرست شخص کو بھی بیماری کے رنگ میں رنگ دیتے ہیں۔ یہاں ایک سوال پیدا ہوتا ہے کہ ہر شخص تو اس متعفن مادہ سے بیمار نہیں ہوتا؟ جواب یہ ہے کہ ہر شخص کی انفرادی حیثیت ہوتی ہے انفرادی ترکیب ہوتی ہے اعضائے رئیسہ اور متعلقہ اعضاء جس قدر طاقتور' صحت مند ہوں گے اتنی ہی قوت مدافعت ہوگی جو بیماری لگنے نہیں دیتی کیونکہ کوئی بھی متعفن مادہ جب کسی غریب بدن میں جاتا ہے تو پہلے پہل وہ اعضاء رئیسہ کو متاثر کرتا ہے اگر کامیاب ہوجائے تو پھر وہاں کوئی بیماری پیدا کرتا ہے۔ مزید یہ کہ جو مزاج اخلاط کا ہوگا وہی مزاج متعفن مادہ سے پیدا ہونے والے جراثیم کا ہوگا۔

## حمیات اخلاط و یوم

**تعریف مرض:**

کیفیات ونفسیات وروحانی کے باعث پیدا ہونے والے بخار کو حمی یوم کے نام سے یاد کرتے ہیں۔

**اسباب:**

جس قدر اسباب اس قدر اقسام ہوتی ہیں مثلاً غم کا بخار' اہتمام کا بخار' فکر کا بخار' خوف کا بخار' ڈر کا بخار' نزلہ وزکام کا بخار' نیند وآرام کا بخار' پیاس اور بھوک کا بخار' بدہضمی کا بخار' چوٹ کا بخار' درد کا بخار' پیچش کا بخار' سدوں کے باعث بخار' تھکاوٹ کا بخار وغیرہ۔

**علامات:**

اسباب کے مطابق علامات کا اظہار ہوتا ہے عموماً ایک دو روز میں ختم ہوجاتے ہیں بسا



اوقات چھ گھنٹے میں ختم ہوجاتے ہیں اس کی حرارت برابر ہی رہتی ہے شام کا بخار آرام کی صورت میں صبح اتر ہی جاتا ہے مگر کبھی ایسا نہیں ہوتا۔

**علاج:** درج ذیل مجربات میں سے منتخب فرما کر علاج کیجئے۔

## 300- سفوف حمی

**عنایت:** جناب حکیم وڈاکٹر ظفر علی خان صاحب' بنوں کوہاٹ

**ہوالشافی:** سنکونا فیبری فیوج کونین سلفاس' طباشیر برابر وزن۔

**ترکیب تیاری:** سب کو پوڈر بنا کر نگاہ رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** چھ رتی سے آٹھ رتی گرم پانی یا چائے وغیرہ سے دن میں تین وقت کھلائیں۔

**فائدہ:** بخار کی باری فوراً رک جائے گی موسمی بخار کے علاوہ ہر قسم کے بخاروں میں مفید الاثر نایاب دوا ہے۔

## 301- حب حمی

**عنایت:** جناب ڈاکٹر آر۔ این بالچندانی صاحب شکار پور سندھ۔

**ہوالشافی:** کونین ایک تولہ' ست گلو ایک تولہ' صمغ عربی دو تولہ' طباشیر دو تولہ۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو دانہ مونگ برابر حبوب بنا کر محفوظ رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** ایک ایک گولی صبح' دوپہر' شام ہمراہ آب تازہ یا چائے دیں۔

**فائدہ:** موسمی بخاروں میں مفید ہے جب کہ ملیریا بخاروں میں خصوصیت سے فائدہ مند ہے۔

## 302- اکسیر لرزہ

**عنایت:** جناب حکیم عبدالوہاب انصاری صاحب حیدرآباد دکن (ہند)۔

**ہوالشافی:** صندل سرخ دو تولہ' لونگ چار ماشہ' عقرقرحا تین ماشہ' پہلا مول چار ماشہ' دارچینی تین ماشہ' پلی چار ماشہ

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو نہایت باریک کرلیجئے اور سنبھال رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** چار رتی سے ایک ماشہ ہمراہ مناسب بدرقہ دیجئے۔

**فائدہ:** تپ لرزہ کثرت پسینہ کمزوری و درد پر سوت میں نہایت جید الاثر دوا ہے۔

www.pdfbooksfree.pk

## 303- کافور پلز

**عنایت:** جناب حکیم و ڈاکٹر محمد عثمان صاحب حیدر آباد دکن (ہند)۔

**ہوالشافی:** طباشیر نقرہ، گیرو، کافور ایک ایک تولہ، دانہ الائچی خورد چھ ماشہ، ست گلو کشتہ ابرک سفید ہر ایک تین ماشہ۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو نہایت باریک کرکے نگاہ رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** دو رتی ہر دو گھنٹے بعد دیجئے ہمراہ شربت نیلوفر یا شربت بنفشہ و عرق بید مشک۔

**فائدہ:** مفرادی بخار، سرسام، پیاس کی شدت کے لئے شدید بے چینی گھبراہٹ میں نہایت مفید الاثر بے خطا نسخہ ہے۔

## 304- حب جانبر

**عنایت:** جناب حکیم محمد رحمت اللہ خان صاحب بلہاری مدراس (ہند)۔

**ہوالشافی:** فلفل سیاہ، سونٹھ، فلفل دراز، ریوند چینی، ہینگ خالص، لہسن، لونگ، نوشادر، مصبر، چرائتہ، زیرہ سفید، زیرہ سیاہ، گلو، اجوائن، شنگرف ہم وزن۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو نہایت باریک پوڈر کرلیجئے اور دودھ ملا کر حبوب دانہ مونگ برابر بنا کر سنبھال کر رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** ایک حب ہمراہ آب نیم گرم یا چائے دیجئے بچوں کو نصف گولی دودھ کے ہمراہ دیجئے۔

**فائدہ:** ہر قسم کے بخاروں میں نہایت ہی مفید الاثر لاجواب دوا ہے۔ (تخریج شدہ حکیم محمد عبدالوحید عطاری)۔

## 305- ملیریل پوڈر

**عنایت:** جناب حکیم مفتی شیر علی صاحب چٹا محل لاہور۔

**ہوالشافی:** برگ نیم، شگوفہ ارنڈ، برگ تلسی، برگ سداب ہم وزن۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات باریک کرکے نخودی حبوب تیار فرمالیجئے۔

**ترکیب استعمال:** ایک ایک گولی صبح، دوپہر، شام کھانے کے بعد ہمراہ نیم گرم دودھ یا گرم پانی دیں۔

**فائدہ:** عام بخاروں کے لئے نہایت مفید جب کہ ملیریا کے لئے خصوصیت سے مفید ہے۔

**پرہیز:** نرم غذا کے علاوہ تمام غذائیں بند کردیجئے۔



## 306- شافی ڈراپ

**عنایت:** جناب حکیم میاں احمد صابر صاحب گڑھی اسماعیل پشاور۔

**ہوالشافی:** پارہ، گندھک آملہ سار، زعفران تین تین ماشہ، کاربالک ایسڈ، ست پودینہ، ست اجوائن، ست الائچی، ٹنکچر کیمفر ہر ایک دو دو تولہ۔

**ترکیب تیاری:** پہلے گندھک و پارہ کی کجلی تیار کرلیجئے بعد زعفران کو ملا کر خوب کھرل کیجئے اور دیگر ادویات ملا کر دو ہفتوں کے لئے سنبھال رکھئے بعدہ زرد رنگ کا زلال حاصل کرکے محفوظ کیجئے۔

**ترکیب استعمال:** اندرونی طور پر تین قطرے تک چینی یا مصری پر ڈال کر کھلائیں بیرونی طور پر مالش کیجئے۔

**فائدہ:** دردسر، سوء ہضم، نفخ شکم، ہیضہ، درد دانت، زنبور کا ڈسنا، ضعف معدہ، بخار وغیرہ میں اسم [illegible]ا کی ہے۔

## 307- حب بخار

**عنایت:** جناب حکیم مول چند صاحب اندور اسٹیٹ (ہند)۔

**ہوالشافی:** کونین چار تولہ، لاکوار آرسینی ایک تولہ، گوند حسب ضرورت۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو باریک کرکے فلفل سیاہ برابر گولیاں بنائیں۔

**ترکیب استعمال:** روزانہ صبح، دوپہر، شام ایک ایک گولی ہمراہ دودھ میٹھا دیں۔

**فائدہ:** کیسا ہی ملیریا ہوگا ٹھیک ہو جائے گا تیر بہدف ہے۔

## 308- تریاق بخار

**عنایت:** جناب حکیم محمد فضل الدین صاحب وری گولہ امرتسر (ہند)۔

**ہوالشافی:** زہر مہرہ خطائی، طباشیر، دانہ الائچی خورد، ست گلو ایک ایک تولہ۔

**ترکیب تیاری:** لعاب اسپغول میں نخودی حبوب تیار کرلیجئے۔

**ترکیب استعمال:** روزانہ تین تین گھنٹے بعد ایک ایک گولی شربت نیلوفر یا سادہ پانی سے دیں۔

**فائدہ:** تپ لرزہ ہو یا تپ بغیر لرزہ دونوں میں نہایت مفید ہے۔

## 309- حب تپ جدید

**عنایت:** جناب حکیم عبدالرحیم نیازی صاحب میانوالی۔

www.pdfbooksfree.pk

**ھوالشافی:** کونین، سلفاس ایک تولہ، فنسٹین، دانہ الائچی خورد، ست گلو چار چار ماشہ، طباشیر دو تولہ، عرق لیموں ایک پاؤ۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو باریک کر کے عرق لیموں میں خوب کھرل کیجئے اور نخودی حبوب تیار فرما کر محفوظ رکھیں۔

**ترکیب استعمال:** روزانہ صبح، دوپہر، شام ایک ایک گولی ہمراہ آب نیم گرم دیجئے۔

**فائدہ:** نوبتی بخاروں اور موسمی بخاروں میں جید الاثر دوا ہے۔

## 310- عرق مبارکی

**عنایت:** جناب حکیم گورکھ سنگھ صاحب چوکیرہ شاہ پور۔

**ھوالشافی:** گل گاؤزبان، مکوہ، گاؤزبان، ازخر، عناب پانچ پانچ تولہ، کاسنی گل سرخ، خوب کلاں چار چار تولہ، گل نیلوفر تین تولہ، پانی پانچ کلو۔

**ترکیب تیاری:** بطریقہ معروف بذریعہ قرع انبیق دو لیٹر عرق کشید کیجئے۔

**ترکیب استعمال:** پانچ تولہ صبح پانچ تولہ شام ہمراہ سفوف طباشیر دیں۔

**فائدہ:** مبارکی اور عام بخاروں کے لئے بے حد فائدہ مند دوا ہے۔

## 311- کشتہ گاؤدنتی

**عنایت:** جناب حکیم وہاج احمد صاحب، ہاپوڑ میرٹھ (ہند)

**ھوالشافی:** گاؤدنتی دو تولہ، نغدہ پیاز ایک کلو، اوپلے دس کلو۔

**ترکیب تیاری:** گاؤدنتی کو نغدہ میں دے کر دس کلو اوپلوں میں جھونک دیں سرد ہونے پر کھرل کر کے محفوظ رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** دو رتی صبح، دوپہر، شام۔ صفراوی بخاروں میں شربت بنفشہ کے ہمراہ، بلغمی بخاروں میں مویز منقی میں رکھ کر اور سوداوی بخاروں میں شربت گاؤزبان میں، تپ پرسوت میں خمیرہ گاؤزبان سادہ کے ہمراہ استعمال کروائیے۔

**فائدہ:** ہر قسم کے بخاروں میں بے مثل دوا ہے۔

## 312- کشتہ گاؤدنتی

**عنایت:** جناب حکیم شیخ عبدالحکیم صاحب، سرہند شریف (ہند)

**ھوالشافی:** گاؤدنتی پانچ تولہ، آدھا کلو گلو سبز کا نغدہ، اوپلے دس کلو۔

**ترکیب تیاری:** گاؤدنتی کو گلو کے نغدے میں دے کر محفوظ جگہ پر دس کلو اوپلوں کی آگ دیں، سرد ہونے پر سنبھال ...

www.pdfbooksfree.pk



**ترکیب استعمال:** دو رتی سے چار رتی موسمی بخار کے لئے شربت بنفشہ کے ساتھ بلغمی بخار کے لئے مویز منقی میں دیں جب کہ سوداوی بخار میں خمیرہ گاؤزبان سادہ کے ہمراہ استعمال کرائیے۔

**فائدہ:** موسمی بخار، تیجہ، چوتھیہ بلکہ ہر قسم بخار میں اکسیر ہے بچہ و بوڑھا استعمال کر سکتا ہے۔

(تخریج شدہ حکیم محمد عبدالوحید عطاری)

## 313- کشتہ ہڑتال گاؤدنتی

**عنایت:** جناب حکیم اللہ یار خان صاحب کبیر والا ملتان۔

**ھوالشافی:** گاؤدنتی دو تولہ، عرق نیم پچاس گرام نغدہ نیم ایک پاؤ۔

**ترکیب تیاری:** پہلے گاؤدنتی کو عرق نیم میں کھرل کیجئے پھر نغدہ میں رکھ کر دس کلو اوپلوں کی آگ دیں سرد ہونے پر محفوظ رکھیں۔

**ترکیب استعمال:** ایک رتی سے دو رتی نزف الدم کے لئے ہمراہ طباشیر، ضیق النفس کے لئے مسکہ میں یا شربت بنفشہ کے ہمراہ۔

**فائدہ:** ہر قسم کے بخاروں میں لاجواب ہے نزف الدم ضیق النفس میں اکسیر اعظم ہے۔

## 314- بخارین

**عنایت:** جناب حکیم منظور احمد صاحب سلانوالی سرگودھا۔

**ھوالشافی:** کونین سلفاس ایک تولہ، ریوند چینی دو تولہ۔

**ترکیب تیاری:** دونوں کو خوب پوڈر بنا کر نخودی حبوب تیار کر لیجئے۔

**ترکیب استعمال:** ایک سے دو گولی صبح، دوپہر، شام ہمراہ شیر نیم گرم دیجئے۔

**فائدہ:** ہر قسم کے بخار کے لئے سو فیصد مفید ہے۔

## 315- اکسیر ملیریا

**عنایت:** جناب حکیم خواجہ رضوان احمد صاحب دہلی (ہند)۔

**ھوالشافی:** ریوند عصارہ، مصطگی رومی ہم وزن، جوشاندہ بادیان، چرائتہ، افسنتین تین تین ماشہ۔

**ترکیب تیاری:** پہلی دونوں دواؤں کو پیس کر ملا کر حبوب نخودی بنا کر محفوظ رکھیں۔ نیز جوشاندہ الگ بنا کر رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** صبح، دوپہر، شام ایک ایک گولی ہمراہ جوشاندہ دن میں تین مرتبہ دیجئے۔

**فائدہ:** ہر قسم کے ملیریا بخار وغیرہ میں بے مثال دوا ہے۔

## 316- بخارون

**عنایت:** جناب حکیم محمد حسین انصاری ملتان شریف۔
**ہوالشافی:** شنگرف سے نکالا ہوا پارہ ایک تولہ، فلفل دراز، مصبر، ہلیلہ سیاہ، عقرقرحا، گوگل، آملہ ساز، تخم حنظل تازہ ہر ایک چار چار تولہ۔
**ترکیب تیاری:** پہلے پارہ و گندھک کی کجلی تیار کر لیجئے بعدہ دیگر اشیاء باریک پیس کر کجلی میں خوب کھرل کر کے نخودی حبوب تیار کر لیجئے۔
**ترکیب استعمال:** صبح، دوپہر، شام ایک ایک گولی آب گلو کے ساتھ دیجئے۔
**فائدہ:** ازحد مفید نسخہ ہے جو لاکھوں مریضوں پر آزمایا ہوا ہے۔

## 317- اکسیر بخار

**عنایت:** جناب حکیم سید اشفاق حسین صاحب رانی منڈی آلہ آباد (ہند)۔
**ہوالشافی:** سنکونا چھ ماشہ، ست گلو، کونین سلفاس، طباشیر، کافور، سنبل الطیب، ست اجوائن، ست پودینہ، ہر ایک تین تین ماشہ، میگنیشیا سالٹ پانچ تولہ، سائٹرک ایسڈ ایک تولہ۔
**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو باریک کر کے ایک بوتل میں حل کر لیجئے۔
**ترکیب استعمال:** ایک تولہ صبح ایک تولہ شام پانی میں ملا کر دیں۔
**فائدہ:** تپ دق کے علاوہ ہر قسم کے بخاروں میں مفید الاثر ہے۔

## 318- اکسیر بخار

**عنایت:** جناب حکیم پنڈت رام سری صاحب بلب گڑھ گوڑ گانوہ (ہند)۔
**ہوالشافی:** کشتہ ابرک سفید، کشتہ گاؤدنتی، کشتہ ناتوس، ست گلو برابر وزن۔
**ترکیب تیاری:** معروف طریقوں کے کشتہ لے کر آپس میں ملا کر سنبھال رکھئے۔
**ترکیب استعمال:** دو سے تین رتی دن میں تین مرتبہ ہمراہ سادہ پانی دیں۔
**فائدہ:** ہر قسم کے بخاروں کے لئے خصوصاً موسمی بخاروں میں اسم بامسمّی ہے۔

## 319- دوائے جدید

**عنایت:** جناب حکیم محمد غنی خان صاحب کنکوئی امروہہ یوپی (ہند)۔
**ہوالشافی:** فرائی ایٹ کونین سائٹراس
**ترکیب تیاری:** یہ لے کر محفوظ رکھیں۔
**ترکیب استعمال:** ایک رتی سے ڈیڑھ رتی عرق سونف کے ہمراہ دیں۔



**فائدہ:** ایسا بخار جو بدن میں رچ بس چکا ہو رفع ہو جاتا ہے کمزوری دور ہو کر بھوک بڑھ جاتی ہے۔ تجربہ پر نہایت اکسیر ثابت ہوا ہے ہمیشہ کا معمول مطب ہے آپ بھی دعاؤں میں یاد رکھئے
**نوٹ:** ۱۔ یہ ایک انگریزی دوا ہے جو فولادی کونین اور ست لیموں سے مرکب ہے۔

## 320- دوائے لیور

**عنایت:** جناب حکیم حافظ محمد ابراہیم صاحب موسیٰ زئی شریف ڈی جی خان۔
**ہوالشافی:** ریوند خطائی، نوشادر، قلمی شورہ برابر وزن۔
**ترکیب تیاری:** سب کا سفوف بنا کر محفوظ رکھیں۔
**ترکیب استعمال:** چار رتی سے چھ رتی سادہ پانی کے ساتھ دیں۔
**فائدہ:** نہایت مفید اور مجرب نسخہ ہے جو جگر کی خرابی اور کہنہ تپوں میں اور یرقان کے لئے لاجواب ہے۔

## 321- اکسیر ملیریا

**عنایت:** جناب حکیم مرزا خورشید علی خان صاحب کمیدان جے پور (ہند)۔
**ہوالشافی:** طباشیر، دانہ الائچی خورد، ست گلو، ست چرائتہ، کونین سلفیٹ ہر ایک دو ماشہ، مغز کرنجوہ ایک تولہ۔ جوشاندہ چرائتہ، برگ نیم، افسنتین ایک ایک تولہ۔
**ترکیب تیاری:** پہلی ادویات کو خوب کھرل کریں پھر جوشاندہ میں خوب کھرل کیجئے کہ جوشاندہ ختم ہو جائے اور نخودی حبوب تیار کر لیں۔
**ترکیب استعمال:** ایک سے دو گولیاں ہمراہ شربت بنفشہ دیں۔
**فائدہ:** ہر قسم کے موسمی بخاروں میں مفید دوا ہے۔

## 322- اکسیر فیور

**عنایت:** جناب حکیم عبدالشکور صاحب پرتھی گنج مراد آباد (ہند)۔
**ہوالشافی:** طباشیر دو تولہ، زیرہ سفید، کشنیز خشک، قلمی شورہ، ست گلو، ہر ایک ایک تولہ، دانہ الائچی خورد، زہر مہرہ، کونین سلفیٹ چھ چھ ماشہ۔
**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو نہایت باریک پیس کر شیرہ کاسنی میں کھرل کریں اور نخودی گولیاں بنا کر محفوظ رکھیں۔
**ترکیب استعمال:** ایک گولی صبح، ایک دوپہر اور ایک شام ہمراہ شربت نیلوفر استعمال کیجئے۔
**فائدہ:** ہر قسم کے بخاروں میں مفید نسخہ ہے۔

www.pdfbooksfree.pk

## 323- حب احمر

**عنایت:** جناب حکیم احمد علی صاحب فزیشن طبیہ کالج دہلی (ہند)۔

**ہوالشافی:** تخم دھتورہ ایک تولہ، افیون ایک ماشہ، جائفل چھ ماشہ، مشک خالص دو ماشہ، زعفران تین ماشہ، مرچ سیاہ دو ماشہ، زنجبیل دو دو ماشہ، تج دو ماشہ۔

**ترکیب تیاری:** سب ادویات کو نہایت باریک پیس کر نخودی گولیاں بنالیں اور محفوظ رکھیں۔

**ترکیب استعمال:** ایک ایک گولی صبح و شام ہمراہ آب تازہ دیں۔ امساک کے لئے دو گولی پیشتر ہمراہ دودھ دیں۔ جس قدر افیون کم کرتے جائیں یہ دوا بڑھاتے جائیں حتیٰ کہ افیون ختم ہوجائے پھر دوا کی مقدار بھی آہستہ آہستہ کم کرتے جائیں حتیٰ کہ دوا کی مقدار بھی ختم ہوجائے۔

**فائدہ:** نزلہ و زکام، کھانسی، بخار کی نوبت کو روکتی ہے امراض بلغمیہ ممسک مقوی باہ ہے نیز افیون کی عادت کو چھڑا دیتی ہے۔

## 324- حب تپ

**عنایت:** جناب حکیم بابو رام چندر صاحب کرنال (ہند)۔

**ہوالشافی:** ست گلو، طباشیر، دانہ الائچی خورد، زہر مہرہ خطائی ایک ایک تولہ، کافور تین ماشہ لعاب اسپغول حسب ضرورت۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو پوڈر بنا کر لعاب اسپغول میں نخودی حبوب تیار کر کے سنبھال رکھیں۔

**ترکیب استعمال:** ایک گولی باری سے دو گھنٹے یا تین گھنٹے پہلے کھلائیں۔

**فائدہ:** پہلے دن ہی بخار دفع ہوجائے گا ورنہ دوسری باری پر دوا استعمال کروائیں تو بالکل بخار جاتا رہے گا ہزار ہا مرتبہ کا تجربہ شدہ نسخہ ہے۔

## 325- اکسیر حمیٰ

**عنایت:** جناب حکیم عبدالحمید صاحب کلکتہ (ہند)۔

**ہوالشافی:** مغز کرنجوہ پندرہ تولہ، افسنتین دو تولہ، برگ گاؤزبان تین ماشہ، گل سرخ تین ماشہ طباشیر ایک تولہ، ست گلو ایک تولہ، الائچی خورد ایک تولہ۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو پوڈر بنا کر گلو سبز کے پانی میں کھرل کر کے نخودی حبوب بنا کر کے محفوظ رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** دن میں تین وقت ایک ایک گولی ہمراہ عرق گاؤزبان دیں۔

**فائدہ:** ہر قسم کے بخاروں کو دفع کرنے میں لاجواب ہے۔

www.pdfbooksfree.pk



## 326- حب تپ

**عنایت:** جناب حکیم احمد بخش صاحب ہزارہ شاہ پور۔

**ہوالشافی:** کشتہ ابرک سفید، اتیس، طباشیر، ست گلو، دانہ الائچی خورد، کونین فولادی، ہم وزن لعاب صمغ عربی حسب ضرورت۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو پوڈر بنا لیجئے اور لعاب صمغ عربی میں حب نخودی تیار فرما کر محفوظ رکھیں۔

**ترکیب استعمال:** صبح، دوپہر، شام ایک ایک حب ہمراہ شربت بزوری دیں یا گرم پانی یا قہوہ کھلائیں۔

**فائدہ:** ہر قسم کے بخاروں میں خصوصاً کہنہ بخاروں میں نہایت جید الاثر دوا ہے۔

## 327- بنسلوچن پلز

**عنایت:** جناب حکیم حاکم علی صاحب چنیوٹ۔

**ہوالشافی:** بنسلوچن، دانہ الائچی خورد، زہر مہرہ خطائی، ست گلو ہر ایک ایک تولہ، کافور، سبز کونین تین تین ماشہ، شیرہ اسپغول قدرے مناسب۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو باریک پوڈر بنا کر شیرہ اسپغول میں حبوب نخودی بنا کر محفوظ رکھیے۔

**ترکیب استعمال:** روزانہ صبح، دوپہر، شام ایک ایک گولی ہمراہ سادہ پانی دیں اگر باری کا بخار ہو تو تین گھنٹے پہلے دو گولی کھلا دیں۔

**فائدہ:** موسمی بخار ملیریا صفراوی و دیگر بخاروں میں بے مثال دوا ہے بنا کر خدمت کیجئے۔

## 328- یمانی کمپاؤنڈ

**عنایت:** جناب ڈاکٹر محمد علی فضل صاحب ہوشیار پور (ہند)۔

**ہوالشافی:** شب یمانی پانچ تولہ، قلمی شورہ دو تولہ، گیرو ایک تولہ۔

**ترکیب تیاری:** شب یمانی اور قلمی شورہ کو کڑاہی میں ڈال کر خوب ہلائیں کہ بریاں ہوجائے پھر ایک تولہ گیرو ملا کر سفوف بنا کر محفوظ رکھیں۔

**ترکیب استعمال:** دو رتی سے چار رتی مناسب بدرقہ سے دیجئے۔

**فائدہ:** موسمی بخاروں کے لئے لاجواب دوا ہے۔

## 329- کشتہ صدف

**عنایت:** جناب حکیم مشرف الدین صاحب شورکوٹ۔
**ھوالشافی:** صدف مرواریدی پچاس گرام' بھنگ کا نغدہ ایک پاؤ۔
**ترکیب تیاری:** نغدہ بھنگ میں صدف دے کر دس کلواوپلوں کی آگ دیں [illegible]
باریک پیس کر محفوظ رکھیں۔
**ترکیب استعمال:** دو رتی صبح' دو رتی دوپہر' دو رتی شام ہمراہ چائے تازہ پانی [illegible]
بنفشہ دیجئے۔
**فائدہ:** یہ کشتہ تپ مزمنہ وکہنہ اور تپ دق میں اکسیر صفت کا حامل ہے۔

## 330- کرشماتی سرمہ

**عنایت:** جناب حکیم عبدالستار انصاری صاحب فقیر آباد آلہ آباد (ہند)۔
**ھوالشافی:** نیلا تھوتھا اعلیٰ درجہ پچاس گرام' آب لیموں مقطر ایک کلوگرام۔
**ترکیب تیاری:** نیلا تھوتھا کو آب لیموں مقطر سے خوب کھرل کیجئے کہ پانی ختم ہوکر [illegible]
جائے تو محفوظ رکھئے۔
**ترکیب استعمال:** بوقت ضرورت ایک سلائی جھاڑ کر دونوں آنکھوں میں لگائیں۔
**فائدہ:** تیز سے تیز بخار بھی پندرہ منٹ میں اتر جائے گا یہ ایک وقتی کرشمہ ہے مستقل [illegible]
میں کریں۔

## 331- تریاق ملیریا

**عنایت:** جناب حکیم عبدالرحمٰن صدیقی صاحب امروہہ مراد آباد (ہند)۔
**ھوالشافی:** شب یمانی پانچ تولہ' آب برگ کریلہ پندرہ تولہ۔
**ترکیب تیاری:** پہلے دونوں کو خوب کھرل کیجئے بعدہ کوزہ گلی میں بند کرکے پانچ کلو اپلوں
میں جھونک دیں سرد ہونے پر باریک پیس کر محفوظ رکھیں۔
**ترکیب استعمال:** دو رتی سے چار رتی شربت بنفشہ' عرق گاؤزبان کے ساتھ دن [illegible]
مرتبہ استعمال کروائیے۔
**فائدہ:** ملیریا کے لئے نہایت مفید دوا ہے۔

## 332- حب صفراوی تپ

**عنایت:** جناب حکیم [illegible] شرما صاحب ٹوہانہ حصار (ہند)

www.pdfbooksfree.pk



**ھوالشافی:** کافور ایک تولہ' گیرو ایک تولہ' طباشیر' الائچی خورد ایک تولہ۔
**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو باریک پوڈر بنا کر محفوظ رکھیں۔
**ترکیب استعمال:** دو رتی سے چار رتی دن میں تین مرتبہ ہمراہ شربت صندل یا عرق صندل
یا عرق کیوڑہ دیں)۔
**فائدہ:** ان شاء اللہ عزوجل صفراوی بخار پہلے دن میں ختم ہوجائے گا بخار کی حالت میں ایک
ایک گھنٹہ کے وقفہ سے دینے سے شفا مل جاتی ہے۔

## 333- دوائے تپ

**عنایت:** جناب حکیم مہتاب الدین صاحب ہارون آباد بہاولپور۔
**ھوالشافی:** زنجبیل' لونگ' اجوائن' مرچ سیاہ' فلفل دراز' ہلیلہ سیاہ' چترہ ہم وزن۔
**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو نہایت باریک پیس کر محفوظ رکھیں۔
**ترکیب استعمال:** تین ماشہ دن میں تین مرتبہ ہمراہ آب گرم دیجئے۔
**فائدہ:** تپ کہنہ خواہ کیسا ہی ہو مفید و لاجواب ہے۔

## 334- دوائے بخار خاص

**عنایت:** جناب حکیم قاضی محمد اختر صاحب انبالہ چنبیلی والا (ہند)
**ھوالشافی:** الائچی خورد دو تولہ' ست گلو دو تولہ' طباشیر ایک تولہ' مغز کرنجوہ ایک تولہ' کشتہ
ابرک سفید ایک تولہ' کونین سلفاس ایک تولہ' کافور چھ ماشہ۔
**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو باریک پیس کر پوڈر بنالیجئے۔
**ترکیب استعمال:** چار رتی سے چھ رتی ہمراہ تازہ پانی دن میں تین مرتبہ دیں۔
**فائدہ:** خاص الخاص معمول مطب تجربہ شدہ نسخہ ہے جو ہر قسم کے بخاروں میں اکسیر کا حکم رکھتا
ہے۔

## 335- اکسیر بخار

**عنایت:** جناب حکیم محمد یوسف صاحب شاہ کوٹ جالندھر (ہند)
**ھوالشافی:** چونا ان بجھا دو تولہ' ہڑتال ورقیہ دو تولہ' طوطیا سبز ایک تولہ' عرق گھیکوار بقدر
ضرورت۔
**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو عرق گھیکوار میں تین یوم تک کھرل کرکے کوزہ گلی میں رکھ
کر دس کلو اوپلوں میں پھونک دیں سرد ہونے پر نکال کر پیس کر نگاہ رکھئے۔
**ترکیب استعمال:** ایک ماشہ بخار چڑھنے سے ایک گھنٹہ پہلے دیجئے اسی طرح روزانہ

کیجئے۔

فائدہ: بادی والا بخار، تیجہ، چوتھیا وغیرہ میں کامیاب خاندانی تجربہ شدہ ہیروں کے برابر تولنے
والا نسخہ ہے بنا کر غریب عوام کی خدمت کیجئے۔

## 336- کشتہ ہڑتال ورقیہ

**عنایت:** جناب حکیم محمد ثناء اللہ صاحب موناتھ اعظم گڑھ (ہند)

**ہوالشافی:** ہڑتال ورقیہ پانچ تولہ، آب بھنگرہ سیاہ ایک پاؤ، آب برہمی بوٹی ایک پاؤ، کر
سبز کا نغدہ ایک پاؤ۔

**ترکیب تیاری:** پہلے ہڑتال ورقیہ کو آب بھنگڑا میں کھرل کیجئے پھر آب برہمی بوٹی میں اور ا
کو کے نغدہ میں دے کر گل حکمت کر کے دس کلو اوپلوں کی آگ دیں سرد ہونے پر نکال رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** ایک چاول سے دو چاول مسکہ یا ملائی یا منقی میں مرض کے مطابق
دیجئے۔

**فائدہ:** مقوی باہ و مولد خون، سوزاک، آتشک، بواسیر، خنازیر، بخار کہنہ کے لئے اکسیر صفت کا
حامل لاجواب کشتہ ہے۔

## 337- دوائے کافوری

**عنایت:** جناب حکیم سید احمد خان صاحب پوٹ روپٹی ٹھہرائچ (ہند)

**ہوالشافی:** بیش مدبر، فلفل سیاہ، سہاگہ ہر ایک ایک تولہ، رسونت، مصبر، ہلدی ہر ایک دو تولہ
کافور ایک تولہ۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو نہایت باریک پیس کر محفوظ رکھیں۔

**ترکیب استعمال:** ایک ماشہ تک صبح و شام ہمراہ آب تازہ دیجئے۔

**فائدہ:** موسمی بخار جو لرزہ سے ہوتا ہے اس کے لئے نہایت مفید دوا ہے۔

## 338- کشتہ احمر

**عنایت:** جناب حکیم شمس الرحمٰن صاحب جھالر پاٹن راجپوتانہ (ہند)۔

**ہوالشافی:** شنگرف رومی ایک تولہ، مشک کافور ڈیڑھ تولہ۔

**ترکیب تیاری:** مشک کافور کے درمیان شنگرف دے کے جلا دیں۔

**ترکیب استعمال:** ایک رتی خالص شہد میں حل کر کے چٹا دیجئے۔ روزانہ دو مرتبہ دیجئے۔

**فائدہ:** ہر قسم کے بخاروں میں لاجواب ہے، فوراً بخار اتر جاتا ہے۔



## 339- دوائے مدنی

**عنایت:** شمس الاطباء جناب حکیم مرزا قاسم علی مدنی مہاجر (مدینہ منورہ شریف)

**ہوالشافی:** سم الفار ایک تولہ، سنگ بصری دو تولہ، آب کریلہ صحرائی بقدر ضرورت۔

**ترکیب تیاری:** دونوں کو دو یوم تک آب کریلہ میں خوب کھرل کر کے دانہ ماش برابر حبوب
تیار کیجئے اور سنبھال کر رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** ایک گولی صبح ایک گولی شام ہمراہ بوڑھوں کو جلاب شکری کے ہمراہ جب
کہ نوجوانوں کو شیرہ خرفہ و خیارین و مصری کے ساتھ دیجئے۔

**فائدہ:** دو تین دن کے استعمال سے تپ دور ہو جائے گا۔

**پرہیز:** دودھ چاول دیں جب کہ ترشی، گوشت، گھی، چربی وغیرہ سے پرہیز لازم ہے۔

## 340- حب شفاء

**عنایت:** جناب حکیم سید محمد ابراہیم سکندر آباد دکن (ہند)۔

**ہوالشافی:** تخم جوز ماثل چھ تولہ، ریوند چینی چار تولہ، زنجبیل دو تولہ، صمغ عربی دو تولہ۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو نہایت باریک پوڈر بنا کر نخودی حبوب تیار کر لیجئے۔

**ترکیب استعمال:** ایک حب صبح ایک شام ہمراہ آب تازہ دیجئے۔ اگر پیاس زیادہ لگے تو
شیرہ خرفہ پی لیجئے۔

**فائدہ:** دردسر، نزلہ و زکام، بخار، مزمنہ بخار میں مفید و مجرب ہے۔

## 341- دوائے سوتک

**عنایت:** عمدۃ الحکماء جناب حکیم فرید الدین صاحب، مگھیانہ جھنگ

**ہوالشافی:** زیرہ سفید ایک تولہ، قند سفید ایک تولہ۔

**ترکیب تیاری:** دونوں کو باریک پیس کر سات پڑیاں بنا لیجئے۔

**ترکیب استعمال:** ایک پڑیہ صبح بکری کے دودھ کے ساتھ دیجئے۔

**فائدہ:** میرا خود تجربہ شدہ ہے جو عورتوں کو سوتکی بخار ہو جاتا ہے اس سے یقیناً فائدہ ہو جاتا ہے
مگر وقت درکار ہے۔

**پرہیز:** تمام ترش اشیاء، مرچ و مصالحہ جات اور قند سیاہ سے پرہیز واجب ہے۔

**غذا:** دودھ چاول دیجئے۔

**کورس:** چار ہفتے دوا دیجئے۔

www.pdfbooksfree.pk

## 342- دوائے کثیر الامراض

**عنایت:** جناب حکیم غلام محمد صاحب لالوالی شاہ پور۔

**ہوالشافی:** ناتوس پچاس گرام' آب کریلا بقدر ضرورت۔ نغدہ بتھوا پاؤ۔

**ترکیب تیاری:** ناتوس کو روغنی برتن میں رکھ کر آب کریلا میں تھوڑا سا ڈال دیں' جب خشک ہوجائے اور ڈال دیں حتیٰ کہ دو روز گزر جائیں بعدہٗ بتھوا کے نغدے میں دے کر دس کلو اوپلوں کی آگ دیں سرد ہونے پر باریک پوڈر بنا کر محفوظ رکھیں۔

**ترکیب استعمال:** ایک رتی سے چار رتی مناسب بدرقہ دیجئے۔

**فائدہ:** ہر قسم کے زہریلے جانوروں کے کاٹنے میں مفید ہے فالج' لقوہ' تشنج اور ہر قسم کے بخاروں کے لئے موتی جھرا' چیچک' خسرہ وغیرہ کو دفع کرنے کے لئے نہایت عمدہ دوا ہے ایک طبیب اس سے ہزاروں کام لے سکتا ہے۔

## 343- تریاق بخار

**عنایت:** جناب حکیم عنایت اللہ صاحب لدھیانہ (ہند)۔

**ہوالشافی:** لوبان چھ تولہ' کشتہ ابرک سفید ایک تولہ' کشتہ ہڑتال ایک تولہ۔

**ترکیب تیاری:** سب کو باریک پوڈر بنا کر محفوظ رکھیں۔

**ترکیب استعمال:** ایک ماشہ سے دو ماشہ ہمراہ شربت بزوری یا عرق گاؤزبان وغیرہ دیں۔

**فائدہ:** صفراوی بخار کا تریاق ہے طب یونانی کا منہ بولتا جادو ہے جو سر چڑھ کر بولتا ہے چند دنوں میں بخار اتر جاتا ہے۔

## 344- کشتہ ابرک سفید

**عنایت:** جناب حکیم عطاء اللہ خان صاحب پشاور۔

**ہوالشافی:** ابرک سفید ایک پاؤ' دہی ترش ایک کلو' قلمی شورہ ایک پاؤ۔

**ترکیب تیاری:** پہلے ابرک سفید کو ترش دہی میں خوب گھوٹیں بعدہ ایک کوزہ گلی میں پہلے قلمی شورہ نصف بچھا دیجئے پھر ابرک رکھ دیجئے اور پھر قلمی شورہ ڈال کر خوب گل حکمت کرکے مضبوط بوتہ تیار کرکے خشک ہونے پر پندرہ کلو اوپلوں میں جھونک دیں۔ سرد ہونے پر نکال کر دیکھئے یہ کشتہ سفید بے چمک برآمد ہوگا اگر چمک رہ جائے تو دوبارہ پھر یہی عمل کیجئے اور آخر میں بہت سے پانی میں حل کرکے قلمی شورے کی تیزی کو ختم کیجئے اور خشک ہونے پر سنبھال کر محفوظ رکھیں۔

**ترکیب استعمال:** ایک رتی سے چار رتی ہمراہ مناسب بدرقہ استعمال کیجئے۔

www.pdfbooksfree.pk



**فائدہ:** ہر قسم کے بخاروں میں نہایت مفید ہے۔

**نوٹ:** اگر اس میں ست گلو اور ست چرائتہ ایک ایک تولہ اضافہ کرلیا جائے تو نتائج نہایت ہی مفید برآمد ہوں گے۔ (حکیم محمد عبدالوحید عطاری)

## 345- کشتہ ابرک سیاہ

**عنایت:** زبدۃ الحکماء جناب حکیم علامہ ذوالنون عطا صاحب کوئٹہ بلوچستان۔

**ہوالشافی:** ابرک سیاہ ایک پاؤ' دودھ گائے دو کلو' جوشاندہ گلو' چرائتہ آدھا کلو۔

**ترکیب تیاری:** ابرک سیاہ کو پہلے آگ پر سرخ اور دودھ گائے میں بجھاوا دیتے جائیں پانچ مرتبہ ایسا کرنے سے ابرک پوڈر ہونے کے قابل ہوجائے گا پھر ایک دن دودھ میں کھرل کرکے مضبوط گل حکمت کرکے دس کلو اوپلوں کی آگ دیجئے پھر جوشاندہ میں ایک دن کھرل کرکے گل حکمت کرکے دس کلو اپلوں کی آگ دیجئے پھر دودھ میں کھرل کرکے ایسا کیجئے یہ عمل سات مرتبہ دہرائیے۔ نہایت اعلیٰ سرخ رنگ بے چمک کشتہ تیار ہوجائے گا محفوظ رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** ایک رتی دن میں تین مرتبہ ہمراہ مناسب بدرقہ دیجئے۔

**فائدہ:** ہر قسم کے بخاروں میں اعلیٰ درجہ کا نسخہ ہے بنا کر استعمال کیجئے اور ڈھیروں دعائیں لیجئے۔

## 346- حب سونوخس

**عنایت:** جناب حکیم محمد آصف مدینۃ الاولیا ملتان شریف۔

**ہوالشافی:** صندل سفید' صندل سرخ' ہر ایک باون گرام' طباشیر نقرہ' نشاستہ' ہر ایک سترہ گرام' اجوائن خراسانی باون ماشہ' کافور' زعفران ہر ایک چار ماشہ۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو نہایت باریک پوڈر بنا کر لعاب بہیدانہ سے حبوب نخودی تیار فرما کر محفوظ فرمائیے۔

**ترکیب استعمال:** روزانہ چار سے پانچ گولی ہمراہ شربت عناب دن میں تین مرتبہ دیجئے۔

**فائدہ:** دموی بخاروں صفراوی بخاروں میں خصوصیت سے مفید و مجرب ہے۔

## 347- اکسیر تپ

**عنایت:** جناب حکیم عبدالرحمٰن چشتی پاک پتن۔

**ہوالشافی:** الائچی خورد' ست گلو' طباشیر' مغز کرنجوہ' کشتہ ابرک سفید ایک ایک تولہ' کونین سلفاس' کافور تین تین ماشہ۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو نہایت باریک پوڈر بنا کر محفوظ رکھیں۔

**ترکیب استعمال:** تین سے چار رتی دن میں تین مرتبہ ہمراہ شربت عناب یا شربت نیلوفر یا مناسب بدرقہ دیجئے۔

**فائدہ:** صفراوی بخاروں کے خاتمہ کے لئے اکسیری نسخہ ہے۔

## 348- کشتہ گاؤ دنتی

**عنایت:** شمس الاطباء جناب حکیم پری چند ڈھولنوال لاہور۔

**ھوالشافی:** گاؤ دنتی آدھ پاؤ' اسگندنا گوری پاؤ۔

**ترکیب تیاری:** گاؤ دنتی کو اسگندنا گوری کے درمیان رکھ کر ایک کوزہ گلی کو سرپوش سے ڈھک کر خوب مضبوط گل حکمت کرکے پندرہ کلو اوپلوں کی آگ دیجئے سرد ہونے پر نکال کر کشتہ الگ کرکے خوب کھرل کرکے محفوظ رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** دو سے چار رتی ہمراہ مناسب بدرقہ دیجئے۔

**فائدہ:** ہر قسم کے بخار کے لئے خواہ روزانہ ہو یا تیسرے دن یا پانچویں دن وبائی ہو یا ملیریا سب کے لئے اعلیٰ پایہ کا لاجواب کشتہ ہے۔

## 349- حب نجات

**عنایت:** جناب حکیم محمد سہیل قادری صاحب کراچی۔

**ھوالشافی:** کشتہ ابرک سفید' کشتہ ابرک سیاہ' ریوند عصارہ' گلوکاست' طباشیر نقرہ' کوئین' الائچی سبز' کشتہ گاؤ دنتی ہر ایک چھ تولہ' مغز کرنجوہ ڈیڑھ پاؤ۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو خوب باریک پوڈر بنا کر کشتہ جات ملا کر جوشاندہ سے حبوب نخودی تیار کرکے محفوظ رکھیں۔

**ترکیب استعمال:** ایک سے دو گولی دن میں تین مرتبہ ہمراہ نیم گرم دودھ یا شربت عناب یا مناسب بدرقہ دیجئے۔

**فائدہ:** نہایت ہی اعلیٰ درجہ کا مفید الاثر بے خطا نسخہ ہے جو کہیں بھی خطا نہیں گیا ہر قسم کا بخار خواہ باری سے ہو یا بغیر باری کے لاجواب نسخہ ہے۔

## طغرے

* صفراوی بخار میں خشک دھنیا کوٹ کر مٹی کے برتن میں بھگو کر مریض کو پلائیں بے حد مفید و مجرب ہے۔
* سکنجبین عرق گلاب کے ہمراہ پلانا قاطع صفراء ہے۔
* برادہ صندل سفید' تخم کاسنی' تخم خیارین ہر ایک چار ماشہ گھوٹ کر چھان کر پینا مفید



مجرب ہے۔

## 350- صحتی

**عنایت:** جناب حکیم سراج الدین صاحب' دہلی (ہند)

**ھوالشافی:** سیماب ایک تولہ' گندھک آملہ سار ایک تولہ' میٹھا تیلیہ مدبر چار تولہ' سہاگہ شگفتہ [illegible] تولہ' سونٹھ دو تولہ' زعفران دو تولہ' لونگ دو تولہ' برگ ہرنولی کا رس بارہ تولہ' فلفل سیاہ بارہ تولہ' آب کھیکھوار بارہ تولہ۔

**ترکیب تیاری:** پہلے تمام ادویات کو کوٹ پھوٹ کر برگ ہرنولی کے رس میں کھرل کیجئے بعدہ آب کھیکھوار میں کھرل کیجئے اور نخودی حبوب تیار کرکے محفوظ رکھیں۔

**ترکیب استعمال:** ایک گولی دن میں تین وقت ہمراہ مناسب بدرقہ دیجئے۔

**فائدہ:** ہر قسم کے بخار' عرق النساء' گنٹھیا' وجع الرکبہ' جریان' بدہضمی وغیرہ میں نہایت جید الاثر دوا ہے۔

**نوٹ:** اگر ایک گھنٹے تک ایک گولی اثر نہ کرے تو فوراً دوسری گولی کھلا دیجئے۔

## 351- اکسیر بخار

**عنایت:** جناب حکیم اختر حسین یزدانی' گجرات (ہند)

**ھوالشافی:** کشتہ ابرک سیاہ' کشتہ تانبا' سیماب' گندھک آملہ سار' میٹھا تیلیہ ہر ایک ایک تولہ' تخم جوز ماثل دو تولہ' فلفل سیاہ' فلفل سیاہ' سونٹھ ہر ایک ڈیڑھ تولہ۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو پوڈر بنا کر محفوظ رکھیں اور گندھک و پارہ کی کجلی الگ تیار کرکے ملا کر چنے برابر حبوب سے تیار کرکے محفوظ رکھیں۔

**ترکیب استعمال:** روزانہ ایک گولی دن میں تین مرتبہ ہمراہ آب تازہ دیجئے۔

**فائدہ:** تلوار کا وار خالی جاسکتا ہے مگر اس دوا کا وار خالی نہیں جاسکتا پرانے اور خلطی بخاروں میں لاثانی اکسیر ہے کھانسی رفع کرتی ہے۔

## 352- حب غافث

**عنایت:** جناب حکیم عبدالرزاق صاحب وہاڑی ملتان۔

**ھوالشافی:** مغز کرنجوہ' فلفل دراز' گل غافث' نوشادر' ست گلو' گیرو۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو خوب باریک پیس کر آب کھیکھوار سے حبوب نخودی تیار کرکے محفوظ رکھیں۔

**ترکیب استعمال:** دو گولی دن میں تین مرتبہ ہمراہ آب تازہ دیں۔

www.pdfbooksfree.pk

**فائدہ:** موسمی بخاروں اور خلطی بخاروں میں آب حیات کا کام کرتی ہے سنگ گردہ و مثانہ میں مفید اور ضعف معدہ میں لاجواب ہے۔ ان گولیوں کو پوڈر بنا کر دانتوں پر بطور منجن استعمال کریں تو مسوڑھوں اور امراض دندان کا تریاق ہے۔ درد شقیقہ میں مخالف نتھنے میں نسوار استعمال کرنے سے درد فوراً کافور ہو جاتا ہے اندرونی اورام میں مستعمل ہے۔

## طغرے

- برگ تلسی خشک اور فلفل سیاہ چھ چھ ماشہ، پانی اڑھائی تولہ میں کھرل کر کے حب نازمونگ تیار کر کے صبح، دوپہر، شام ایک ایک گولی ہمراہ تازہ پانی دیں تو مفید ہے۔
- فلفل دراز ایک تولہ، روح کیوڑہ دس تولہ میں کھرل کر کے ایک رتی صبح و شام عرق گاؤزبان کے ہمراہ دیجئے مجرب ہے۔
مغز کرنجوہ فلفل دراز برابر وزن تیار کر لیجئے اور چار رتی سے چھ رتی دن میں تین بار دیجئے مستعمل و مفید ہے۔
- مغز کرنجوہ اور نوشادر برابر وزن دیجئے بخار نابود ہو جائے گا۔

## 353- اکسیر اعظم

**عنایت:** حکیم محمد رمضان صاحب وہاڑی ملتان۔

**ہوالشافی:** پھٹکری سفید پانچ تولہ، کافور دیسی دو تولہ، آب لیموں دس تولہ، اوپلے تین کلو۔

**ترکیب تیاری:** پہلی تینوں ادویات کو خوب کھرل کر کے ٹکیہ بنا کر ایک کوزہ گلی میں گل حکمت کر کے خشک ہونے پر تین کلو اوپلوں کی آگ دیجئے سرد ہونے پر نکال کر خوب کھرل کر کے محفوظ رکھیں۔

**ترکیب استعمال:** دو رتی سے تین رتی دن میں تین مرتبہ ہمراہ مکھن یا بالائی دیجئے۔ شدت کی صورت میں ہر دو دو گھنٹے بعد دیجئے۔

**فائدہ:** سوداوی بخار، تپ محرقہ شدید، سرمائی کیفیت، تپ دق دیگر موسمی بخاروں میں جید الاثر دوا ہے۔

**نوٹ:** سوداوی بخار کا خاص الخاص نسخہ ہے۔

## 354- حب خراسانی پلز

**عنایت:** جناب زبدۃ الحکماء استاد الاطباء محمد حسن صاحب لکھنو (ہند)

**ہوالشافی:** پھٹکری بریاں دو تولہ، سہاگہ بریاں دو تولہ، اجوائن خراسانی دو تولہ، نمک طعام ایک تولہ، ز... خطائی تین ماشہ، کونین سلفاس تین ماشہ، فناسٹین دو ماشہ۔

www.pdfbooksfree.pk



**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو پوڈر بنا کر آب برگ دھتورہ میں حبوب دانہ مونگ برابر تیار کیجئے اور محفوظ رکھیے۔

**ترکیب استعمال:** بخاروں میں نوبت سے پہلے دو دو گولی ہر دو گھنٹے بعد تین دفعہ دیجئے۔

**فائدہ:** بخاروں کی تمام اقسام میں مفید الاثر ہیں۔

## 355- اکسیر رحمت

**عنایت:** جناب حکیم رحمت علی صاحب دکن (ہند)

**ہوالشافی:** (1) گلو، چرائتہ، برگ نیم، خاکسی ہر ایک پانچ تولہ، برگ مہندی، برگ سورج مکھی، برگ تلسی ہر ایک تین تولہ، مرچ سیاہ، اتیس ہر ایک دو تولہ
(2) ست گلو، طباشیر، الائچی خورد، ہر ایک ایک تولہ، مغز کرنجوہ پانچ تولہ، کونین سلفاس، بابونہ، کشتہ ابرک سیاہ، کشتہ ابرک سفید، ہر ایک ایک تولہ، زیرہ سفید، فلفل دراز چھ چھ ماشہ، کافور تین ماشہ

**ترکیب تیاری:** نمبر 2 ادویات کو باریک پیس کر نمبر 1 ادویات کا جوشاندہ خوب گاڑھا کر لیجئے پھر نمبر 2 ادویات اس میں داخل کر کے حبوب نخودی تیار فرما لیجئے۔

**ترکیب استعمال:** ایک ایک گولی دن میں تین مرتبہ یا باری سے پہلے استعمال کروائیے۔

**فائدہ:** یہ گولیاں واقعی رحمت ہیں جو ہر طرح کے بخاروں میں مستعمل ہیں نوبتی بخاروں کو روکتی ہے۔

## طغرے

- دھتورہ کے پتے جلا کر ایک سے دو رتی باری سے تین گھنٹے پہلے دینا مفید ہے۔
- ہڑتال ورقی چھ ماشہ، پھٹکری خام ایک تولہ، توے پر شگفتہ کر لیجئے سنہری کشتہ تیار ہو گا ایک ایک رتی دن میں تین مرتبہ ہمراہ آب تازہ دیجئے جید الاثر ہے۔
- مکڑی کا جالا گڑ میں لپیٹ کر نوبت سے پہلے دیجئے مفید ہے۔

## 356- کرنجوہ پلز

**عنایت:** جناب حکیم محمد احسان صاحب بہاولنگر۔

**ہوالشافی:** مغز کرنجوہ دو تولہ، مکھاں دو تولہ، برگ کیکر ڈیڑھ تولہ، پھٹکری شگفتہ ایک تولہ، زیرہ سفید ایک تولہ۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو باریک پیس کر حب نخودی تیار کر لیجئے۔

**ترکیب استعمال:** دو گولی سے تین گولی ہمراہ آب تازہ دیجئے۔

**فائدہ:** ملیریا کا تریاق ہے۔

## 357- ملیرین

**عنایت:** جناب حکیم نظام الدین صاحب پٹنہ (ہند)

**ہوالشافی:** سونٹھ، مغز کرنجوہ ایک ایک تولہ، بیخ دھتورہ دو تولہ۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو نہایت باریک پورڈر بنا کر حبوب فلفل سیاہ برابر تیار کر کے محفوظ کر لیجئے۔

**ترکیب استعمال:** دو سے تین گولی ہمراہ آب تازہ دیجئے۔

**فائدہ:** پہلے دن ہی اثر دکھاتی ہے تپ لرزہ میں ملیریا بخار میں جیدالاثر ہے۔

## 358- حب نایاب

**عنایت:** جناب حکیم وندرد سنگھ فیروز پور (ہند)۔

**ہوالشافی:** پھٹکڑی سرخ پانچ تولہ، شنگرف ایک تولہ، فلفل سیاہ پانچ تولہ، عرق لیموں پچاس گرام۔

**ترکیب تیاری:** پھٹکڑی اور شنگرف کو خوب کھرل کیجئے اور کوزی گلی میں گل حکمت کر کے پانچ کلو اوپلوں کی آگ دیجئے سرد ہونے پر نکال کر فلفل سیاہ کھرل کر کے عرق لیموں میں پھر کھرل کیجئے پھر حبوب نخودی تیار کر کے محفوظ رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** روزانہ ایک ایک گولی ہمراہ آب تازہ دن میں تین مرتبہ دیجئے۔

**فائدہ:** ملیریا کے لئے نایاب ہے کونین سے بدرجہا بہتر ہے بخار کو پسینہ لا کر اتارتی ہے تجربہ اور چوتھیہ بخار کے لئے تریاق کا درجہ رکھتی ہے۔

## 359- حب تپ

**عنایت:** جناب حکیم غلام مرتضیٰ صاحب رام داس امرتسر (ہند)۔

**ہوالشافی:** ہڑتال گاؤدنتی پانچ تولہ، پھل دھتورہ تازہ ایک پاؤ۔

**ترکیب تیاری:** پھل دھتورہ کا نغدہ تیار کر کے ہڑتال گاؤدنتی اس میں رکھ کر دس کلو اوپلوں کی آگ دیجئے سرد ہونے پر نکال کر نگاہ رکھیں۔

**ترکیب استعمال:** دو رتی سے تین رتی دن میں تین مرتبہ ہمراہ تازہ دیجئے۔

**فائدہ:** موسمی بخار کے لئے نہایت اعلیٰ چیز ہے چند خوراکوں سے بخار اتر جاتا ہے کھانسی بھی رفع ہو جاتی ہے۔



## 360- حب بخارون

**عنایت:** جناب حکیم گورکھ سنگھ حصار (ہند)۔

**ہوالشافی:** کشتہ گاؤدنتی بیس تولہ، کشتہ سنکھ دس تولہ، کشتہ اپیکاک سفید پانچ تولہ، کشتہ ہڑتال ورقیہ چھ ماشہ۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو آپس میں ملا کر محفوظ رکھیں۔

**ترکیب استعمال:** روزانہ ایک سے دو رتی دن میں دو مرتبہ ہمراہ آب تازہ دیجئے۔

**فائدہ:** یہ ہر قسم کے بخار کے لئے بے مثال دوا ہے پسینہ لا کر بخار اتارنے والی بے مثال دوا ہے اس نسخہ کا تیر کبھی بھی بے خطا نہیں ہوا نہایت ہی مفید اور جیدالاثر دوا ہے۔

## 361- اکسیر لرزہ

**عنایت:** جناب حکیم محمد ندیم صاحب دادو سندھ۔

**ہوالشافی:** کوڑ پانچ تولہ۔

**ترکیب تیاری:** کوڑ کو کوٹ چھان کر پورڈر بنا کر محفوظ رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** ایک ماشہ کیپسول میں بند کر کے نوبت سے ڈیڑھ گھنٹہ پہلے دیجئے۔

**فائدہ:** پہلے دن ہی بخار رک جائے گا ورنہ بالکل ہلکا ہوگا دوسرے تیسرے روز قطعی رفع ہو جائے گا تقریباً اٹھارہ سال سے معمول مطب ہے ہر قسم کے نوبتی بخاروں کے لئے نہایت کارآمد چیز ہے۔

## 362- اکسیر تپ محرقہ

**عنایت:** جناب حکیم عظمت اللہ صاحب لاڑکانہ سندھ۔

**ہوالشافی:** پھٹکڑی سفید سات تولہ، کافور دیسی دو تولہ، عرق لیموں دس تولہ۔

**ترکیب تیاری:** دونوں کو عرق لیموں میں خوب کھرل کیجئے اور کوزہ گلی میں بند کر کے گل حکمت کرنے تین کلو اوپلوں کی آگ دیجئے سرد ہونے پر نکال کر محفوظ رکھیں۔

**ترکیب استعمال:** دو رتی سے چار رتی ہمراہ آب تازہ دن میں تین مرتبہ دیجئے۔

**فائدہ:** تپ محرقہ کے لئے اور شدید اضطرابی کیفیت میں مخصوص چیز ہے۔

## 363- کشتہ سنکھ

**عنایت:** جناب حکیم پربھار بررام کلکتہ (ہند)۔

**ہوالشافی:** سنکھ پانچ تولہ، سرکہ انگوری تین تولہ۔

www.pdfbooksfree.pk

**ترکیب تیاری:** دونوں کو خوب کھرل کرکے ٹکیہ بنا کر کوزہ گلی میں دس کلو اوپلوں کی آنچ دیجئے سرد ہونے پر نکال کر نگاہ رکھیں۔

**ترکیب استعمال:** ایک رتی سے چار رتی ہمراہ عرق مرکب دن میں تین مرتبہ دیجئے۔

**فائدہ:** دستوں کو روکنا' نفخ شکم کو ختم کرنا اور بخار اتارنا اس کا ادنیٰ سا کرشمہ ہے۔

## 364- دوائے صفراوی بخار

**عنایت:** جناب حکیم محمد شاہد ایوب صاحب لاہور۔

**ھوالشافی:** طباشیر' کافور' گیرو ہر ایک ایک تولہ' الائچی خورد چھ ماشہ' ست گلو' کشتہ ابرک سفید ہر ایک ڈیڑھ تولہ۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو نہایت باریک پوڈر بنا کر محفوظ رکھیں۔

**ترکیب استعمال:** ایک رتی سے دو رتی دن میں تین مرتبہ ہمراہ شربت نیلوفر و عرق گاؤزبان دیجئے۔

**فائدہ:** یہ نسخہ خالص صفراوی بخار میں مستعمل ہے پیاس کی شدت اور قے کی وجہ سے مریض سخت بے چین ہو اور نوبت سرسام تک پہنچ گئی ہو تو اس کے لئے تیر بہدف ہے۔

## 365- تریاق مبارکی

**عنایت:** جناب حکیم سید مظفر علی دہلوی صاحب منشی محلہ فیصل آباد۔

**ھوالشافی:** سنکھ سو گرام' مغز کھیکھوار دو سو گرام۔

**ترکیب تیاری:** سنکھ کو مغز کھیکھوار میں کھرل کیجئے اور ٹکیہ بنا کر ایک کوزہ گلی میں بند کرکے دس کلو اوپلوں میں پھونک دیجئے سرد ہونے پر نکال کر باریک کرکے محفوظ رکھیں۔

**ترکیب استعمال:** ایک رتی دن میں چار مرتبہ ہمراہ عرق مکو عرق پودینہ' عرق بادیان' شربت الائچی' شربت عناب ہر ایک دس تولہ کے ہمراہ دیں۔

**فائدہ:** مبارکی کے دستوں کو روکتی ہے نفخ وغیرہ نہیں ہونے دیتی مبارکی بڑے زور شور سے یک دم نکل آتی ہے نہایت مفید سو فیصد مجرب نسخہ ہے۔

## 366- اکسیر مبارکی

**عنایت:** جناب حکیم محمد صادق صاحب فیروز پور شہر (ہند)۔

**ھوالشافی:** مروارد ناسفتہ چار رتی' کشتہ سنکھ' کشتہ مرجان' برادہ استخوان' سرطان نہری ہر ایک ڈیڑھ ماشہ' ورق طلاء پانچ عدد' ورق نقرہ پندرہ عدد۔

**ترکیب تیاری:** پہلے مروارید کو دس گھنٹے تک روح کیوڑہ میں کھرل کیجئے پھر دیگر ادویات کو

www.pdfbooksfree.pk



باریک کرکے ملا لیں پھر ایک ایک ورق کھرل کیجئے اور محفوظ فرما لیجئے۔

**ترکیب استعمال:** ایک رتی بچوں کے لئے 1/4 رتی منقیٰ یا بتاشہ میں رکھ کر کھلا کر اوپر سے عرق گلاب دے دیجئے۔

**فائدہ:** مبارکی کا تریاق نسخہ ہے مفید و مجرب معمول مطب ہے۔

# تپ دق

**تعریف مرض:**

تپ سے مراد بخار اور دق کے معنی دبلا پن اور باریک ہونے کے ہیں کیونکہ اس بخار میں قلب کے اندر تک حرارت پہنچ کر رطوبات بدن کو فنا کر دیتی ہے جس کی وجہ سے بدن دبلا پتلا ہو جاتا ہے اسی لئے اسے تپ دق کے نام سے یاد کرتے ہیں۔

**وجوہات:**

ایلوپیتھی طریقہ علاج کے اندر اس کا سبب ایک مائیکو بیکٹر یا ٹیوبر کیولوسس ہے ساخت کے لحاظ سے چھوٹی چھوٹی گانٹھوں کی صورت میں ہوتا ہے جب کہ طبی نقطہ نظر سے یہ بھی خلطی بخار ہے جس میں مادہ متعفن ہو جاتا ہے اور اسی متعفن مادہ سے جراثیم پیدا ہوتے ہیں یہ مرض موروثی بھی ہوتا ہے چھوت سے بھی ہو جاتا ہے۔ تپ کی تین اقسام ہیں جب تپ دق کے جراثیم کسی ایک عضو میں داخل ہو جائیں تو سارے بدن کو تکلیف میں مبتلا کر دیتے ہیں یہ کیڑے خشک بلغم میں بھی زندہ رہتے ہیں بذریعہ سانس بھی یہ جراثیم تندرست شخص کے اندر چلے جاتے ہیں۔

**علامات:**

اقسام کے لحاظ سے علامات کے بھی تین درجات ہیں درحقیقت یہ اسی مرض کی ترقی یافتہ علامات ہوتی ہیں جن کو اطباء کرام نے اقسام میں تقسیم کر دیا ہے۔

**پہلا درجہ:**

پہلے درجہ میں معمولی معمولی بخار رہتا ہے صرف نبض میں تیزی اور پھولی ہوئی ہوتی ہے طبیعت ست رہتی ہے اور سستی کا اثر شام کو زیادہ ہوتا ہے صبح کو طبیعت بحال ہو جاتی ہے پھر آہستہ آہستہ بخار ہونے لگتا ہے جو پہلی رات قدرے تیز اور آخری حصہ رات میں پسینہ آ کر اتر جاتا ہے۔

**دوسرا درجہ:**

اس درجے میں ٹمپریچر میں شدت پیدا ہونا شروع ہو جاتی ہے کچھ دیر بعد پسینہ آ کر بخار اتر جاتا ہے کبھی اس بخار کی دو نوبتیں ہوتی ہیں ایک دوپہر میں اور دوسری تقریباً چوتھے پہر شروع ہوتی ہے اس میں پیشاب سرخ رنگ کا کم مقدار میں اور قبض ہوتی ہے گھبراہٹ بھی ہوتی ہے بھوک کی بھی شدت ہوتی ہے رخساروں پر سرخ رنگ کے حلقے پڑ جاتے ہیں چہرے کی رونق ختم ہو جاتی ہے مریض کمزور دبلا پتلا ہو جاتا ہے جلد کھنچ جاتی ہے آنکھیں اندر دھنس جاتی ہیں کندھوں کی ہڈیاں اونچی ہو جاتی ہیں کان تنگ اور چھوٹے اور رنگت زرد مائل سیاہ ہو جاتی ہے۔

**تیسرا درجہ:**

پیشاب میں روغنی اجزاء کا اخراج شروع ہو جاتا ہے خوب جسم خشک ہو کر ہڈیوں کا ڈھانچہ رہ جاتا ہے بال گرنا شروع ہو جاتے ہیں بخار روز کا ہوتا ہے اس میں کمی کا وقت بہت کم ہو جاتا ہے نرم ہڈیاں گلنا شروع ہو جاتی ہیں پاؤں متورم اور نہایت کمزوری ہو جاتی ہے اکثر اوقات تھوک کے ساتھ خون بھی آنے لگتا ہے۔

**نوٹ:**

الحمدللہ عزوجل تپ دق کا علاج نہایت ہی آسان ہے اتنا مشکل نہیں جتنا ایلوپیتھی سمجھ جاتی ہے البتہ وقت درکار ہے اور وہ بھی کم و بیش تیس یوم جب کہ ایلوپیتھی نو ماہ کا کورس کروانے کے ساتھ ساتھ سالانہ ایک ماہ دوا کھانے کا مشورہ دیتی ہے۔ چند نسخہ جات حاضر خدمت ہیں بنا کر استعمال کیجئے اور شفا کا تناسب دیکھ کر آپ بھی اسلامی طریقہ علاج اپنا کر خوب خوب دین و دنیا کی بھلائیاں حاصل کیجئے۔

**علاج:**

درج ذیل نسخہ جات میں سے منتخب فرما کر علاج کیجئے۔

## 367- تریاق اعلیٰ

**عنایت:** استاد الاطباء محقق طب جدید جناب محمد صابر ملتانیؒ ملتان۔

**ھوالشافی:** شیر مدار پانچ تولہ، نوشادر ٹھکری پانچ تولہ، سہاگہ بریاں پانچ تولہ، ہلدی دس تولہ۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو نیم کوفتہ کر کے کڑاہی میں ڈال کر نیچے آگ روشن کیجئے جب شیر مدار جذب ہو جائے اور مرکب قدرے سیاہی مائل ہو جائے تو فوراً سرد کر کے حبوب نخودی تیار فرما لیجئے۔



**ترکیب استعمال:** ایک سے دو گولی ہمراہ عرق سونف، عرق زیرہ اور عرق گلاب چار چار تولے ہمراہ دن میں تین مرتبہ دیجئے۔

**فائدہ:** جسم کے اندر رطوبات کو پیدا کرنے کے ساتھ ساتھ جراثیم تپ دق کو ختم کر کے جسم میں [illegible] گرمی پیدا کرتی ہے خون فوراً بند ہو جاتا ہے کھانسی اور بخار کم ہونا شروع ہو جاتا ہے اور مریض آہستہ آہستہ صحت مند ہو کر اس بیماری سے مستقل طور پر آزاد ہو جاتا ہے اکسیر ہاضم اور مخرج بلغم ہے۔

## 368- حب دق

**عنایت:** جناب حکیم مہیندر سنگھ گجرات (ہند)۔

**ھوالشافی:** مغز بیدانہ ڈھائی تولہ، تخم دھتورہ ڈیڑھ تولہ، رب السوس ڈیڑھ تولہ، کافور چھ ماشہ، برگ بھنگ چھ ماشہ، ست گلو چھ ماشہ، طباشیر تین ماشہ، کونین دو ماشہ، افیون ایک ماشہ، کریازوٹ بیس قطرے۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو مثل غبار کر لیجئے پھر کریازوٹ ملائیں اور پانی کی مدد سے نخودی گولیاں تیار کر لیجئے۔

**ترکیب استعمال:** روزانہ دو گولی صبح دو دوپہر اور دو شام کو ہمراہ عرق مرکب دیجئے۔

**فائدہ:** سل و دق میں نہایت مفید و مجرب ہیں۔

## 369- دوائے دق

**عنایت:** جناب حکیم دلشاد صاحب کوئٹہ۔

**ھوالشافی:** کشتہ گاؤزبان تین ماشہ، کشتہ ابرک سیاہ تین ماشہ، کشتہ ابرک سفید تین ماشہ، کشتہ ہارسنگھا تین ماشہ، طباشیر ایک تولہ، الائچی سبز ایک تولہ، ست گلو ایک تولہ۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو مثل غبار کر کے محفوظ رکھیں۔

**ترکیب استعمال:** دو رتی سے چار رتی ہمراہ شیر بکری تازہ دن میں تین مرتبہ دیجئے۔

**فائدہ:** سل و دق میں لاجواب نسخہ ہے بنا کر استعمال کریں اور فائدہ اٹھائیے۔

## 370- دقی کشتہ

**عنایت:** جناب ابوالحسنات حکیم محمد عبدالمجید صاحب جودھپور مارواڑ (ہند)۔

**ھوالشافی:** ہڑتال ورقیہ درجہ اعلیٰ ایک تولہ (سالم ڈلی)، آب نیم 750 ملی لیٹر

**ترکیب تیاری:** ہڑتال ورقیہ کو ایک کڑاہی میں ڈال کر اوپر ڈراپر سے آب نیم ڈالتے جائیں حتیٰ کہ آب نیم خشک ہو جائے پھر ایک پاؤ برگ نیم کا نغدہ بنا لیجئے اور اس میں ہڑتال ورقیہ

www.pdfbooksfree.pk

کرگل حکمت کرکے پانچ کلو اوپلوں کی آگ دیجئے سرد ہونے پر نکال لیں نہایت سفید نرم کر
شفاف کشتہ برآمد ہوگا جو باوزن ہوگا سنبھال کر رکھیں۔

**ترکیب استعمال:** ایک رتی سے ڈیڑھ رتی ہمراہ شیر بکری دن میں دو مرتبہ دیجئے۔

**فائدہ:** دق میں پچانوے فیصد کامیاب ہے۔

## 371- اکسیر اعظم

**عنایت:** جناب حکیم محمود علی صاحب فراشخانہ دھلی (ہند)۔

**ہوالشافی:** طباشیر، کہرباشمعی، ست گلو ہرایک ایک تولہ، زعفران، الائچی خورد، فلفل دراز، زہر مہرہ خطائی ہرایک تین ماشہ، ورق طلاء ایک رتی، مروارید ناسفتہ، یشپ ہرایک ایک ماشہ۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو نہایت پوڈر مثل غبار کرلیجئے اور محفوظ رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** ایک ماشہ ہمراہ مناسب بدرقہ دیجئے۔

**فائدہ:** دق وسل کی اکثر حالتوں میں یہ دوا نہایت موثر ہے۔

## 372- کشتہ طلاء

**عنایت:** جناب حکیم قدرت اللہ صاحب سری نگر کشمیر۔

**ہوالشافی:** برادہ طلاء، برادہ فولاد، برادہ خس، سیماب مصفی، سکہ مصفی، ابرک سفید ہرایک تین ماشہ، گھیکوار کا رس قدرے مناسب۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو آب گھیکوار میں دس یوم تک خوب کھرل کیجئے خشک ہونے پر ٹکیہ بنا کر کوزی گلی میں گل حکمت کرکے دس کلو اوپلوں کی آگ دے دیں۔

**ترکیب استعمال:** دو چاول ہمراہ مسکہ استعمال کیجئے صرف روزانہ ایک خوراک دیجئے۔

**فائدہ:** جراثیم دق کو ہلاک کرکے چہرے کو سرخ اور جوانی کو ازسرنو پیدا کرکے قدرتی حسن عطا کرنے میں بے نظیر ہے۔

## 373- طباشیر پلز

**عنایت:** جناب حکیم سید غوث محی الدین صاحب نیلور (ہند)۔

**ہوالشافی:** طباشیر کبود، ست گلو، رب السوس، دانہ ہیل خورد، گل سرخ ہرایک پانچ ماشہ، گاؤزبان
مصری پچیس ماشہ۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو خوب پوڈر بنا کر محفوظ رکھیں۔

**ترکیب استعمال:** پانچ ماشہ صبح نہار منہ مناسب بدرقہ دیجئے۔

**فائدہ:** دق کے پہلے اور دوسرے درجے میں نہایت کارآمد ہے۔ ٹمپریچر کو کم کرنے میں مفید



ہے بخار کو ختم کرتا ہے۔

## 374- دوائے سل و دق

**عنایت:** جناب حکیم رام ناتھ صاحب چک جھمرہ

**ہوالشافی:** سرطان نہری سوختہ، کشتہ سنکھ، صدف مرواریدی، کشتہ مرجان ہرایک دو ماشہ، کشتہ ابرک سفید، ست گلو ہرایک تین ماشہ، کشتہ فولاد ایک ماشہ۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو نہایت باریک کرکے محفوظ کرلیجئے۔

**ترکیب استعمال:** ایک ماشہ صبح وشام ہمراہ خمیرہ ابریشم حکیم ارشد والا میں ملا کر شیر بکری کے ساتھ استعمال کیجئے۔

**فائدہ:** سل کے زخم بھرے اور بخار کی شدت کو کم کرکے صحت مند بنانے میں مفید ہے۔

## 375- کشتہ اسود

**عنایت:** زبدۃ الحکماء جناب حکیم محمد اسماعیل صاحب چنیوٹ۔

**ہوالشافی:** سرطان نہری سوختہ دو تولہ، ورق طلاء سو عدد، مروارید ناسفتہ چھ ماشہ، زرشک شیریں آدھا پاؤ، رب السوس ایک تولہ، افیون تین ماشہ، آب ملٹھی ایک پاؤ۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو آب ملٹھی میں خوب تحق بلیغ کیجئے اور بالکل مثل غبار ہونے پر محفوظ رکھیں۔

**ترکیب استعمال:** ایک رتی روزانہ شربت ابریشم مرکب کے ساتھ صبح وشام دیجئے۔

**فائدہ:** یہ ایک صدری نسخہ ہے جس کو ظاہر کرنے میں مجھے بھی بخل ہو رہا تھا مگر مخلوق کی محبت اور استفادہ عام کے لئے عرض گزار ہو اور بلا کم و کاست عرض گزار ہوں دق وسل کا علاج واحد ہے ایلوپیتھی اس کے آگے سرنگوں ہے اور کوئی دیگر دوا اس کا مقابلہ نہیں کرسکتی مرض کو بیخ و بنیاد سے اکھیڑ کر دنیا کے سمندر میں غرق کردیتی ہے آزمایئے اور بتایئے کیونکہ آزمائش شرط اول ہے۔

## 376- حب بلادر

**عنایت:** جناب حکیم احمد حسن خان نظامی صاحب دھلی (ہند)۔

**ہوالشافی:** میٹھا تیلیہ، فلفل سفید دونوں ایک ایک تولہ، دودھ بکری ڈیڑھ کلوگرام۔

**ترکیب تیاری:** دونوں کو پوٹلی میں باندھ کر دودھ بکری میں ڈال کر ڈول جنتر کے مطابق دیجئے یہاں تک کہ دودھ کا کھویا بن جائے بعدہ بوٹی نکال کر دواؤں کو باریک پوڈر بنا کر حبوب تیار کرلیجئے جب کہ کھویا کو محفوظ الگ کر دیجئے۔

**ترکیب استعمال:** ایک گولی صبح نہار منہ ہمراہ دودھ بکری دیجئے جب کہ کھویا کو کسی

www.pdfbooksfree.pk

کے مریض کو بقدر پانچ گرام روزانہ کھلا دیجئے۔

**فائدہ:** دق وسل کے متعدد مریضوں پر تجربہ کیا گیا ہے نہایت مفید ثابت ہوا ہے۔

## 377- تریاق دق

**عنایت:** جناب حکیم ابوابرکات حکیم محمد اقبال صاحب داتا گنج بخش روڈ لاہور۔

**ھوالشافی:** الائچی خورد، مرچ سیاہ، طباشیر، بھلانوہ مدبر، ست گلو، کہربا شمعی، کشتہ سنگجراحت، ملتانی مٹی، کشتہ یشب، کشتہ عقیق سب برابر وزن۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو نہایت باریک کر کے مثل غبار بنا لیجئے۔

**ترکیب استعمال:** ایک رتی سے دو رتی ہمراہ دودھ بکری دیجئے روزانہ دو خوراک روزانہ دودھ بکری بڑھاتے چلے جائیں حتیٰ کہ دو کلو دودھ روزانہ پی لے۔

**فائدہ:** دق کے بخار کو رفع کرنے کیلئے بے حد مفید دوا ہے کمزور مریض آہستہ آہستہ توانائی محسوس کرنے لگتا ہے کھانسی ختم ہو جاتی ہے۔

## 378- عرق کیمیا

**عنایت:** جناب حکیم امام بخش صاحب بہاولپور۔

**ھوالشافی:** کافور پانچ تولہ، صندل سفید دس تولہ، صندل سرخ ایک پاؤ، پیٹھا تازہ چار کلو، گل گاؤزبان ایک پاؤ، عناب دس تولہ، ابریشم مقرض دس تولہ، کشنیز خشک دس تولہ، عرق بید مشک، عرق شفا، عرق کیوڑہ، عرق گلاب، عرق کیوڑہ ہر ایک ایک کلو، تازہ پانی چھ کلو۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کا قرع انبیق کے ذریعے عرق کشید کیجئے اور سنبھال کر رکھیں۔

**ترکیب استعمال:** چھ ماشہ سے ایک تولہ دن میں تین مرتبہ دیجئے۔

**فائدہ:** تپ دق وسل میں نہایت ہی لاجواب ہے جب حرارت کی تیزی ہو اور مریض خون تھوکتا ہو اس وقت یہ نسخہ کیمیا ہے۔

## 379- کشتہ ابرک سیاہ

**عنایت:** جناب حکیم محمد بخکم الدین صاحب سیالکوٹ۔

**ھوالشافی:** قلمی شورہ دس تولہ، پانی دو کلو، ابرک سیاہ پانچ تولہ۔

**ترکیب تیاری:** قلمی شورہ کو پانی میں حل کر کے ابرک کو اس میں بجھا دیں بار بار دیجئے ابرک ٹکڑے ہو جائے گا پھر گرونده سبز کے رس میں ابرک کو کھرل کر کے سکورہ میں بند کر کے پانچ کلو اوپلوں میں پھونک دیجئے کشتہ تیار ہوگا۔

**ترکیب استعمال:** ایک رتی شربت انجبار میں ملا کر چٹائیے دن میں تین مرتبہ۔

www.pdfbooksfree.pk



**فائدہ:** دق وسل میں نہایت مفید ہے۔

## 380- اکسیر دق

**عنایت:** جناب حکیم بلدیو پرشاد صاحب مراد آباد (ہند)۔

**ھوالشافی:** زہر مہرہ خطائی، سنگجراحت، کھتہ سفید، کتیرا، صمغ عربی، تخم خشخاش، نشاستہ گندم، مغز تخم، تخم خطمی ہر ایک سات سات ماشہ، کافور دو ماشہ، افیون دو ماشہ، زعفران چھ ماشہ، کشتہ مروارید سات ماشہ۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو مثل غبار بنا کر محفوظ فرما لیجئے۔

**ترکیب استعمال:** ایک سے دو رتی صبح دوپہر شام ہمراہ شربت اعجاز دیجئے مفید الاثر ہے۔

**فائدہ:** دق وسل میں نوے فیصد مفید مجرب ہے بنا کر خوب آزمائیے۔

PAKISTAN VIRTUAL LIBRARY
www.pdfbooksfree.pk

باب 10:

# جلد کے امراض

**جلد کی تشریح:**

حکیم و ڈاکٹر غلام جیلانی صاحب مخزن الجواہر میں جلد کی تشریح یوں بیان کرتے ہیں کہ جلد تمام جسم کی بیرونی سطح پر بطور پوشش یا غلاف کے واقع ہے یہ لبوں اور ناک کے نتھنوں پپوٹوں اور کان کے سوراخوں اور مقعد کے کناروں پر اس جھلی سے ملتی ہے جو جسم کی اندرونی تجاویف میں استر کرتی ہے جس کو غشاء مخاطی کہتے ہیں۔ معلوم ہوا کہ گویا جلد جسم کی بیرونی پوشش ہے اور غشاء مخاطی اور تجاویف جسم کا اندرونی استر ہے۔ جلد کے دو پرت ہوتے ہیں:

(1) بالائی پرت

(2) اندرونی پرت

بالائی پرت کو عربی میں بشرہ یا جلد کاذب اور انگریزی میں اپی ڈرمس یا کیوٹیکل کہتے ہیں جبکہ اندرونی پرت کو عربی میں آدمیہ یا جلد صادق اور انگریزی کو رم باڈرما کہتے ہیں۔

عروق واعصاب بالوں کی جڑیں اور پسینہ کے غدود اسی تہہ میں ہوتے ہیں جلد کے اندر لاکھوں سوراخ ہوتے ہیں انہیں مسامات کہتے ہیں ان کے ذریعے فضلات بھی خارج ہوتے ہیں جلد کا مزاج گرم تر ہوتا ہے۔

## داد (Ring Worm)

**تعریف مرض:**

یہ ایک مشہور مرض ہے جو دائرہ کی صورت میں ہوتی ہے۔

**وجوہات:**

خرابی ہاضمہ، خرابی جگر، ملیریائی بخار، زہریلے شرت، کثرت سودا، خشک ادویات کی بھرمار وغیرہ۔

**علامات:**

یہ مرض عموماً کمر، سر، گردن کے پچھلے حصہ پر اثر انداز ہوتی ہے۔ چھوٹی چھوٹی گول پھنسیاں اکٹھی پیدا ہوتی ہیں شروع مرض میں سوزش ٹیس اور جلن ہوتی ہے اکثر شدید خارش ہوتی



ہے۔ مقام مرض پر داغ پیدا ہو جاتے ہیں۔

**علاج:** درج ذیل مجربات میں سے تجویز فرما کر علاج کیجئے۔

### 381- اکسیر داد

**عنایت:** جناب حکیم ابوالفاروق حکیم مخدوم محمد اعظم صاحب، بھیرہ شریف

**ہوالشافی:** شہد ایک تولہ، گوشت خورہ پانچ ماشہ۔

**ترکیب تیاری:** دونوں دواؤں کو خوب حل کر لیجئے اور محفوظ فرما لیجئے۔

**ترکیب استعمال:** پہلے تین یوم لسوڑھے کا پتہ خوب گرم کر کے اور گھی میں چرب کر کے مقام ماؤف پر باندھیں پھر بعد میں دوا مذکورہ لگا دیجئے۔

**فائدہ:** داد کے لئے بے حد مفید ہے۔

### 382- تریاق سوداوی

**عنایت:** جناب حکیم محمد عظیم صاحب نوگزہ میرٹھ (ہند)۔

**ہوالشافی:** روغن جمالگوٹہ ایک تولہ، روغن کسٹر آئل ایک تولہ، روغن عقرقرحا تین ماشہ۔

**ترکیب تیاری:** تینوں روغنوں کو ملا کر رکھ لیجئے۔

**ترکیب استعمال:** تین قطرے کیپسول میں بند کر کے نگل لیجئے اوپر سے گرم گرم دودھ نوش فرمائیے۔

**فائدہ:** آتشک، داد، چنبل، بواسیر، خارش میں سو فیصدی مفید ہے۔

**پرہیز:** تمام مصالحہ دار غذائیں، دہی شیرینی اور سرخ مرچ سے پرہیز واجب ہے۔

(تخریج شدہ حکیم محمد عبدالوحید عطاری)

### 383- حب مصفا

**عنایت:** جناب حکیم محمد افضل الٰہی صاحب، راولپنڈی

**ہوالشافی:** ہڑتال ورقیہ ایک تولہ، فلفل سیاہ چھ ماشہ، شنگرف چھ ماشہ، منقی دو تولہ۔

**ترکیب تیاری:** پہلے تینوں دواؤں کو پانی کی مدد سے خوب کھرل کیجئے پھر منقی ڈال کر چنے برابر گولیاں تیار کر لیجئے۔

**ترکیب استعمال:** ایک گولی بوقت صبح تازہ پانی کے ہمراہ دیجئے۔

**فائدہ:** خون کو صاف کرتی ہے خارش، داد، آتشک، چنبل، داد کے لئے نہایت مفید و مجرب ہے

www.pdfbooksfree.pk

اعلیٰ درجہ کی مصفی خون دوا ہے۔

## 384- دوائے داد

**عنایت:** جناب حکیم غلام غوث صاحب ڈنگہ گجرات۔

**ھوالشافی:** تخم ترب، تخم شلغم، نوشادر، گندھک آملہ سار ہر ایک تین تین ماشہ، طوطیا سبز ایک تولہ، مصری دو تولہ۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو مثل غبار پوڈر بنا کر محفوظ کر لیجئے۔

**ترکیب استعمال:** تھوڑی سی دوا لے کر لعاب دہن میں حل کر کے متاثرہ مقام پر مالش کیجئے۔

**فائدہ:** نہایت بھروسہ کا نسخہ ہے صرف تین مرتبہ لگانے سے فائدہ ہو جاتا ہے۔

## 385- اکسیر داد

**عنایت:** جناب حکیم شبیر احمد انصاری صاحب راجو پورہ مظفر نگر (ہند)۔

**ھوالشافی:** گندھک آملہ سار ایک تولہ، مقل ارزق ایک تولہ، تخم ترب ایک تولہ، طوطیا سبز ایک تولہ۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو مولی کے پانی میں خوب کھرل کیجئے اور لمبی لمبی گولیاں تیار کر کے محفوظ فرمائیے۔

**ترکیب استعمال:** صرف پانی سے گھس کر مقام ماؤف پر لگا دیجئے۔

**فائدہ:** خواہ کیسے ہی نازک مقام پر داد ہو مریض کھجلی سے جان بلب ہو نہایت بے نظیر ہے ہزاروں مرتبہ کا تجربہ شدہ نسخہ ہے۔

## 386- مصفی ہار

**عنایت:** جناب حکیم محمد شفیق صاحب کاندھلہ۔

**ھوالشافی:** رسکپور دو تولہ، سم الفار سفید تین ماشہ، طباشیر دس تولہ۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو نہایت باریک پیس لیجئے اور دو پیالوں میں گل حکمت کر کے بطریقہ معروف جوہر اڑائیں اور جوہر سنبھال کر رکھیں۔

**ترکیب استعمال:** دو چاول ہمراہ مسکہ استعمال کیجئے۔

**فائدہ:** داد، برص، خنازیر، خارش، جذام کے لئے اکسیر و مجرب ہے۔

**پرہیز:** بادی و دیر ہضم غذاؤں سے پرہیز کیجئے۔



## 387- شربت صافی

**عنایت:** جناب حکیم رشید احمد صاحب دائرہ دین پناہ مظفر گڑھ ملتان۔

**ھوالشافی:** زخم حیات پاؤ، پوست درخت نیم پانچ تولہ، بیخ اندرائن پانچ تولہ، پوست شیشم پانچ تولہ، پوست سرس پانچ تولہ، پانی پانچ کلو۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو پانی میں بھگو دیجئے چوبیس گھنٹے بعد خوب جوش دیجئے جب پانی آدھا حصہ رہ جائے تو چینی تین کلو گرام ڈال کر شربت کا قوام لے آیئے اور محفوظ رکھیں۔

**ترکیب استعمال:** دو تولہ روزانہ صبح و شام ہمراہ آب تازہ دیجئے۔

**فائدہ:** آتشک، جذام، داد، چنبل، پھوڑے پھنسی، بھور وغیرہ غرض دنیا بھر کی مصفی خون ادویات کی سرتاج دوا ہے۔

## 388- مرہم اکسیری

**عنایت:** جناب حکیم محمد علی صاحب زیرہ فیروز پور (ہند)۔

**ھوالشافی:** روغن زرد پانچ تولہ، ڈنڈا سکہ ایک عدد، برتن کانسی ایک عدد، کافور تین ماشہ، کتھہ سفید تین ماشہ۔

**ترکیب تیاری:** روغن زرد کو کانسی کے برتن میں ڈال کر سکہ کے ڈنڈے سے گھوٹیں جب سیاہ رنگ ہو جائے تو کافور اور کتھہ ملا کر محفوظ رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** دن میں دو وقت مقام ماؤف پر لگایئے۔

**فائدہ:** مسوں کی تکلیف، داد، خارش کے لئے نہایت ہی جید الاثر دوا ہے۔

## 389- اکسیر مصفی

**عنایت:** جناب حکیم محمد عبدالکریم صاحب ملہار وشنگ (ہند)۔

**ھوالشافی:** پارہ، گندھک آملہ سار، رال سفید، سہاگہ ہر ایک چھ ماشہ، عرق تلسی تین تولہ، دودھ بکری تین تولہ۔

**ترکیب تیاری:** پہلے گندھک و پارہ کی کجلی تیار کر لیجئے بعد دیگر ادویات شامل کر کے خوب کھرل کر لیجئے اور نخودی حبوب تیار فرما لیجئے۔

**ترکیب استعمال:** روزانہ ایک گولی باسی پانی میں رگڑ کر داد و چنبل پر لگا دیا کیجئے۔

**فائدہ:** دو تین روز میں فائدہ ہونا شروع ہو جائے گا اور مرض کا قلع قمع ہو جائے گا۔

www.pdfbooksfree.pk

# مصفی خون نسخہ جات

اکثر اوقات موسم کے باعث یا اعضاء میں خرابی کے باعث خون کے اندر تبدیلیاں پیدا ہو کر جسم پر پھوڑے پھنسیاں کیل مہاسے چھائیاں خارش' داد' چنبل اگزیما وغیرہ پیدا ہو جاتا ہے لہذا ان کے لئے چند خاص الخاص مفید و مجرب نسخہ جات پیش خدمت ہیں دل کے گلدستے میں سجا کر ان کی خوشبوؤں سے دماغ کو معطر کیجئے۔

## 390- جوہر اعظم

**عنایت:** جناب حکیم فیض احمد خان صاحب مڑل مدینۃ الاولیاء ملتان شریف۔

**ھوالشافی:** رسکپور' ہڑتال ورقی' دارچکنا' طوطیا' زنگار مسی' شنگرف رومی' سیماب ہر ایک تولہ' سم الفار چھ ماشہ۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو پہلے سرپھوکہ کے پانی میں کھرل کیجئے پھر کاغذی لیموں کے پانی میں کھرل کیجئے دو نئی ہانڈیوں میں رکھ کر گل حکمت کر کے بطریقہ معروف جوہر اڑائیں چار گھنٹے آگ دینے سے جوہر اوپر آ جائے گا پوٹاشیم آیوڈائیڈ آٹھ تولہ ملا کر خوب کھرل کیجئے اور شیشی میں محفوظ رکھیں۔

**ترکیب استعمال:** گرم و خشک مزاجوں کو مکھن میں جب کہ سرد مزاجوں کو منقی میں رکھ کر ایک چاول سے دو چاول صبح کھانے کے بعد دیجئے۔

**فائدہ:** خرابی خون کے لئے نہایت مجرب اور مطب کا خاص نسخہ ہے۔

## 391- شربت مصفیٰ

**عنایت:** جناب حکیم محمد یاسین صاحب حویلی پانڈے بنارس (ہند)

**ھوالشافی:** برگ مہندی' برگ نیم' شاہترہ' صندل سفید' صندل سرخ ہر ایک چار تولہ' منڈی بوٹی آٹھ تولہ' چرائتہ چھ تولہ' برادہ شیشم آٹھ تولہ' عناب پچاس دانہ' پانی پانچ کلو۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو پانی میں بھگو دیں بارہ گھنٹے بعد جوش دیجئے جب پانی ڈیڑھ کلو خشک ہو جائے مل چھان کر صاف کر لیجئے اور دو کلو چینی ڈال کر شربت تیار کر لیجئے۔

**ترکیب استعمال:** روزانہ صبح دوپہر شام دو دو تولہ ہمراہ آب تازہ مکس کر کے پی لیجئے۔

**فائدہ:** اعلیٰ درجہ کا مصفی خون شربت ہے پھوڑے پھنسیوں کو رفع کرتا ہے بدن کو چمکا دیتا ہے بہترین مصفی خون علاج ہے۔



## 392- دوائے صافی

**عنایت:** جناب حکیم خوشی رام صاحب نواں شہر جالندھر (ہند)۔

**ھوالشافی:** گندھک آملہ سار' پارہ' گیرو' قلمی شورہ ہر ایک برابر وزن۔

**ترکیب تیاری:** ایک کڑاہی کو روغن زرد سے چپڑ لیجئے پھر گندھک آملہ سار کو اس میں ڈال کر نرم کریں تاکہ تیل کی مانند ہو جائے پھر اس میں پارہ ڈال کر ہلا دیجئے سیاہی مائل کشتہ تیار ہو جائے گا۔ پھر گیرو ملا کر اچھی طرح ہلا دیجئے اور آخر میں قلمی شورہ بھی ملا کر خوب کھرل کر کے ٹھنڈا ہو جانے دیجئے سرد ہونے پر کھرل کر کے محفوظ رکھیں۔

**ترکیب استعمال:** ایک ماشہ تک ہمراہ آب تازہ صبح استعمال کیجئے۔

**فائدہ:** مجرب اکسیری مایہ ناز نسخہ ہے جو خون کو صاف کرنے کے لئے سر چڑھ کر بولنے والا ہے۔

## 393- مصفین

**عنایت:** جناب حکیم قاضی عبدالحق انصاری صاحب توپ خانہ بازار راولپنڈی

**ھوالشافی:** چھال نیم' ہلیلہ زرد ہر ایک دو تولہ' عشبہ' منڈی بوٹی' شاہترہ' چوب چینی ہر ایک تین تولہ۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کا پوڈر بنا لیجئے اور نگاہ رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** ایک تولہ صبح و شام ہمراہ شربت عناب تین تولہ اور شربت شاہترہ دس تولہ استعمال کیجئے۔

**فائدہ:** مصفی خون ہے جسم کو نکھار کر کندن بنا دیتا ہے نہایت اعلیٰ چیز ہے۔

**نوٹ:** قبض کے لئے کوئی مسہل ساتھ دیجئے گا۔

## 394- کشتہ سنکھیا

**عنایت:** جناب حکیم ملا محمد علی صاحب ناگلواڑی تماڑا ندور (ہند)

**ھوالشافی:** سم الفار ایک تولہ' حرمل چار کلو۔

**ترکیب تیاری:** حرمل کو باریک پوڈر بنا کر اس کا نغدہ تیار کر لیجئے اور سم الفار درمیان میں رکھ کر گل حکمت فرما کر دس کلو اوپلوں کی آگ دیجئے' کشتہ تیار ہو جائے گا سرد ہونے پر نگاہ کر حفاظت سے رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** ایک چاول روزانہ حلوہ تربہ ترکھی دیسی میں رکھ کر تناول فرمائیے۔

**فائدہ:** مصفی خون نہایت بے نظیر ہے آتشک' خنازیر' داد' چنبل کوڑھ تک رفع کر دیتا ہے مقوی

www.pdfbooksfree.pk

باہ بھی ہے۔

## 395- کندن

**عنایت:** جناب حکیم شیخ محمد حسین صاحب جودھپور مارواڑ (ہند)

**ھوالشافی:** روغن گاؤ، قند سفید، آب گھیکوار، میدہ گندم ہر ایک آدھا کلو، طباشیر، سرا... موصلی سفید انڈین، ثعلب مصری، ہر ایک دو تولہ، الائچی خورد چار تولہ، باچھڑ، دارچینی دو دو تولہ۔

**ترکیب تیاری:** پہلے چاروں ابتدائی اجزاء کا حلوہ تیار کر لیجیے بعدہ دیگر اجزاء نہایت باریک کر کے شامل فرمالیجیے اور محفوظ رکھیں۔

**ترکیب استعمال:** تین تولہ صبح و شام ہمراہ شیر بکری یا گاؤ دیجیے۔

**فائدہ:** نہایت اعلیٰ درجہ کا مصفی خون ہے مقوی باہ ہے اور بدن کو ازحد طاقت عطا کرنے میں اپنی مثال آپ ہے۔

## 396- دوائے اعلیٰ

**عنایت:** جناب حکیم قیصر نوید صاحب سرگودھا۔

**ھوالشافی:** عشبہ دو تولہ، چرائتہ چار تولہ، میگنیشیا دس تولہ، پانی ڈیڑھ کلو۔

**ترکیب تیاری:** پہلے ابتدائی دونوں دواؤں کو خوب جوش دیجیے جب پانی آدھ حصہ رہ جائے تو میگنیشیا حل کر کے محفوظ رکھیں۔

**ترکیب استعمال:** روزانہ رات سوتے وقت ایک اونس لیجیے۔

**فائدہ:** نہایت اعلیٰ مصفی خون ہے تبدیلی موسم کے باعث پیدا ہونے والی جلدی امراض میں خصوصیت سے مفید ہے پھوڑے پھنسیاں اور پت وغیرہ کو بھی رفع کرتا ہے نہایت جیدالاثر ہے۔

## 397- دوائے سارسپریلا خاص

**عنایت:** جناب حکیم جہانگیر کرامت صاحب لگوار کشمیر۔

**ھوالشافی:** لائیکوار آرسینی چھ تولہ، پوٹاشیم آئیوڈائیڈ، ریکٹی فائیڈ سپرٹ ہر ایک دو دو تولہ، جلی ہوئی چینی قدرے مناسب۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو آپس میں ملا کر محفوظ رکھیے یہ بالکل ولائتی سارسپریلا کے قائم مقام ہے۔

**ترکیب استعمال:** ایک ڈرام دوا ایک اونس پانی میں ملا کر بعد غذا دو وقت استعمال کیجیے۔

**فائدہ:** مصفی خون اعلیٰ درجے کی ہے موسمی اثرات کے باعث ہونے والے امراض میں

www.pdfbooksfree.pk



...نیت سے مؤثر ہے۔ خارش خشک وتر میں مفید ہے۔ آتشک کے مادوں کو مؤثر ہے۔

# چھپاکی

...مرض بھی خون میں حدت یا کثرت تیزابیت یا زہریلے مادے کے باعث پیدا ہوتی ہے۔ ...سرخ رنگ کے چھپنے دانے ہوتے ہیں جو دفعتاً جسم پر نکل کر خارش شدید کا باعث بنتے ہیں ...نے کا مواد رک جانے کے باعث بھی چھپاکی پیدا ہو جاتی ہے وغیرہ۔

## طغرے

...قرحا ایک ماشہ باریک کر کے تین ماشہ گڑ ملا کر کھلا دیجیے مفید ہے۔

گیرو تین ماشہ، فلفل سیاہ دو دانہ باریک کر کے شہد میں ملا کر چٹا دینے سے فائدہ ہو جاتا ہے۔

...ل سفید ایک ماشہ سرد پانی سے کھلا دینے سے جوش خون ختم ہو جاتا ہے۔

...ایک تولہ تین تولہ شہد میں حل کر کے ایک ایک تولہ کی ایک دن میں تین خوراک ...یجے جیدالاثر ہے۔

...ل نیم چار تولہ فلفل سیاہ دو تولہ باریک کر کے نخودی گولیاں تیار کر کے دو گولیاں صبح، دوپہر، شام دیجیے نہایت مفید ہے۔

...م جنتری چار ماشہ پانی کے ہمراہ دینے سے چند دن میں ہمیشہ کے لئے چھپاکی بھاگ جاتی ہے۔

# خارش

| اردو نام | طبی نام | ڈاکٹری نام |
|---|---|---|
| خارش | حکہ | پرورائیگو |

**...ب مرض:**

صفائی کے فقدان کے باعث جسم پر گردن سینہ بغل یا دیگر مقامات پر خارش ہونے لگتی ...کے ساتھ خارش دیر تک کرتے کرتے اکثر اوقات جلد چھل کر خون بھی نکل آتا ہے جگہ ...درد ہونے لگتا ہے۔ خارش کی دو مشہور اقسام ہیں:

(1) خشک خارش (2) تر خارش

### ترخارش:

خارش خشک ہو یا تر دونوں کے اسباب قریب قریب ہیں مثلاً دونوں میں تُرشی
تیزابیت کی زیادتی شامل حال ہے تر خارش میں بلغمی رطوبات خون میں موجود ہوتی ہیں
تیزابیت کی زیادتی کے باعث یہی رطوبات غلیظ و سیاہ ہونے لگتی ہیں اور خشکی بھی نمایاں ہوتی ہے
جس کی وجہ سے شریانوں اور وریدوں میں دوران خون میں رکاوٹ کے باعث رکاوٹ
مقام پر پھنسیاں پیدا ہو جاتی ہیں۔ متاثرہ مقام پر ہلکی ہلکی خارش ہونے لگتی ہے۔ مادے کی کمی
بیشی کے لحاظ سے خارش میں کمی بیشی یقینی ہے۔ اکثر مادے کی کمی بیشی کے باعث
مقامات پر خارش ہوتی ہے جب کہ مادے کی زیادتی کے باعث پورے وجود میں خارش
ہو جاتی ہے نیز متاثرہ مقام سے لیسدار پانی بھی نکلتا ہے۔

### خشک خارش:

حقیقی خشک خارش بھی ترشی اور تیزابیت کی وجہ سے ہوتی ہے مگر اس میں بلغمی رطوبات
بالکل نہیں ہوتی بلکہ یہ رطوبات خشک ہو چکی ہوتی ہیں اسی وجہ سے جسم سوزش ناک ہو جاتا
مریض چاہے جتنی مرضی خارش کرے نہ ہی پھنسی بنتی ہے اور نہ ہی خون نکلتا ہے البتہ
لکیریں سی بن کر جسم زخمی ہو جاتا ہے اکثر خشک خارش کے باعث جلد کمزوری ہو جاتی ہے
ہو جاتی ہے۔ مریض شدید بے چینی اور گھبراہٹ اور جلن محسوس کرتا ہے۔

### علاج:

درج ذیل مجربات میں سے منتخب کر کے علاج کیجئے۔

## 398- تریاق خارش

**عنایت:** جناب حکیم محمد سرور الدین صاحب کوہاٹ۔

**ھوالشافی:** گندھک آملہ سار، قسط تلخ، بابچی، انبہ ہلدی ہر ایک چھ ماشہ، پانی چھٹانک۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو جوکوب کر کے سولہ گھنٹے تک پانی میں بھگو دیجئے پھر اس میں چھٹانک تیل سرسوں ڈال کر آگ پر رکھ دیجئے جب پانی جل جائے ادویات سیاہ ہو جائیں تیل فلٹر کر کے سنبھال رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** خارش زدہ مقام پر خوب مالش فرمائیے۔

**فائدہ:** خشک و تر خارش میں سو سالہ مجرب نسخہ ہے بنا کر مخلوق کی دعائیں لیجئے۔



## 399- اکسیر خارش

**عنایت:** جناب حکیم جلال الدین صاحب راو بیتانی نواب شاہ باب الاسلام سندھ۔

**ھوالشافی:** کالی زیری، گیرو، گندھک آملہ سار، برابر مقدار۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو نہایت باریک پوڈر بنا کر محفوظ رکھیں۔

**ترکیب استعمال:** دو ماشہ صبح جب کہ چھ ماشہ صرف دوپہر کو دہی کے ہمراہ دیجئے بقیہ چھ ماشہ دوا پانچ تولہ تیل سرسوں میں پورے بدن پر خوب مالش کیجئے۔

**فائدہ:** پہلے دن ہی فائدہ ہوگا البتہ پرہیز واجب ہے خارش خشک و تر میں مفید ہے۔

**پرہیز:** صرف دودھ چاول یا دہی میٹھی دیجئے باقی ہر چیز بند کر دیجئے۔

## 400- دوائے خارش

**عنایت:** جناب حکیم محمد اکبر صاحب جلال پور آلہ آباد (ہند)۔

**ھوالشافی:** پارہ، گندھک آملہ سار، کالا چھڑ، سفیدہ ہر ایک چھ چھ ماشہ، نیلا تھوتھا چار ماشہ۔

**ترکیب تیاری:** پہلے پارہ و گندھک کی کجلی بنا کر پھر باقی ادویات باریک کر کے اس میں ملا کر کھرل کریں اور محفوظ رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** دو ماشہ دوا ایک تولہ مکھن جو متعدد مرتبہ دھویا گیا ہو میں خوب ملا کر دو رات مالش کریں۔

**فائدہ:** ہر قسم کی خارش تقریباً اڑتالیس گھنٹے کے اندر اندر ختم ہو جائے گی۔

**پرہیز:** تمام تیل والی اشیاء کھٹی اور سرخ مرچ سے پرہیز ضروری ہے۔

## 401- مرہم خارش

**عنایت:** جناب حکیم محمد عظیم صاحب کنجاہ گجرات۔

**ھوالشافی:** پارہ، گندھک آملہ سار، کمیلا، بابچی، سندھور، فلفل سیاہ، نیلا تھوتھا، مشک کافور ہر ایک برابر وزن۔

**ترکیب تیاری:** پہلے گندھک و پارہ کی کجلی تیار فرمائیے پھر دیگر ادویات باریک کر کے ملا کر محفوظ رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** ایک تولہ دوا دو تولہ مکھن جو دھویا گیا ہو میں ملا کر خوب حل کریں اور سارے جسم پر خوب مالش کریں۔

**فائدہ:** تین چار یوم میں ہر طرح کی خارش نابود ہو کر صحت کلی حاصل ہوگی۔ (ان شاء اللہ عزوجل)

www.pdfbooksfree.pk

# 402- دوائے خارش

**عنایت:** زبدۃ الحکماء جناب حکیم عبدالرحیم صاحب خیرپور میرس باب الاسلام سندھ۔

**ہوالشافی:** برگ کنیر خشک دو تولہ، گندھک آملہ سار ایک تولہ، روغن سرسوں پانچ تولہ۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو پوڈر بنا کر روغن سرسوں میں مکس کر کے آگ پر رکھ کر مرہم سی بن جائے مگر آگ نرم ہو بعد اتار کر محفوظ رکھیئے۔

**ترکیب استعمال:** روزانہ رات سوتے وقت متاثرہ مقام پر مالش کیجئے صبح اٹھ کر گرم پانی سے غسل فرمالیجئے۔

**فائدہ:** دوسرے تیسرے روز خارش سے جان چھوٹ جائے گی مفید و مجرب آزمودہ ہے۔

# پھنسی، پھوڑا، برن، بائل ایب سس

**(Boil Abscess)**

## تعریف مرض:

اکثر موسم کی تبدیلی یا کثرت سودا کے باعث پھنسی پھوڑے نکل آتے ہیں۔

## وجوہات:

اکثر جسم میلا کچیلا رہنے سے یا خون کی خرابی سے یہ شکایت لاحق ہو جاتی ہے۔

## علامات:

پھنسی کی صورت میں جلد پر سوجن ہو جاتی ہے بعض اوقات پیپ پڑ جاتی ہے جلد متورم اور درد بھی ہوتا ہے وغیرہ۔

# 403- مرہم اسود

**عنایت:** جناب حکیم حسن محمد قریشی صاحب چودھری والا بٹالہ (ہند)

**ہوالشافی:** سندھور چار تولہ، روغن کنجد دس تولہ، نیلا تھوتھا ایک ماشہ۔

**ترکیب تیاری:** پہلے روغن کنجد کو کڑاہی میں ڈال کر خوب گرم کیجئے پھر سندھور ڈال کر ہلاتے رہیں یہاں تک کہ رنگت سیاہ ہو جائے تو چولہا بند کر کے نیلا تھوتھا باریک ڈال دیجئے سرد ہونے تک مرہم کو گھوٹتے رہیں مرہم سخت ہو کر لاجواب تیار ہو جائے گی۔

**ترکیب استعمال:** پھایہ سے لگا کر زخم پر لگا دیجئے۔

www.pdfbooksfree.pk



**فائدہ:** جب زخم یا پھوڑا اچھا ہو جائے تو یہ پھایہ خود بخود اتر جائے گا نہایت مفید مرہم ہے۔

# 404- مسیحائی

**عنایت:** جناب حکیم شیام نرائن صاحب جھنگ۔

**ہوالشافی:** گندہ بروزہ، نیلا تھوتھا، زنگار پچاس پچاس رتی، تیل سرسوں 250 گرام۔

**ترکیب تیاری:** پہلے بروزہ کو پانچ چھ مرتبہ اچھی طرح دھو لیجئے پھر دیگر ادویات ملا کر روغن ڈال کر خوب گھوٹیں مرہم سی بن جائے گی محفوظ رکھیں۔

**ترکیب استعمال:** پھوڑے وغیرہ پر لگا دیں۔

**فائدہ:** پھوڑے پھنسی وغیرہ کے لئے نہایت مفید ہے۔

# 405- مرہم جادو

**عنایت:** جناب حکیم محمد اسید رضا مدینۃ المرشد کراچی۔

**ہوالشافی:** روغن کنجد پاؤ، سندھور آدھا پاؤ، رال سفید، گندہ بروزہ ہر ایک ایک تولہ، موم سفید ایک تولہ، مردار سنگ چھ ماشہ، نیلا تھوتھا ایک ماشہ۔

**ترکیب تیاری:** اول روغن کنجد کڑاہی میں ڈال کر چولہے کو روشن کیجئے پھر سندھور ڈال کر ہلاتے رہیں یہاں تک کہ آئل سیاہ ہو جائے بعدہٗ دیگر ادویات پوڈر بنا کر ڈال کر خوب ہلایئے اور آگ بند کر کے کڑاہی کو ایک پانی میں بھیگی ہوئی بوری پر رکھ کر ڈنڈے سے خوب گھوٹیں کہ مرہم بن جائے اور سرد ہو جائے پھر ڈبیوں میں محفوظ کر لیجئے۔

**ترکیب استعمال:** ذرا سی مرہم آگ پر سینک کر پھوڑے یا پھنسی پر چپکا دیجئے۔

**فائدہ:** ہر قسم کے پھوڑے پھنسی دنبل زخم آگ سے جلے ہوئے مقام پر لگانے سے متاثرہ مقام بڑا صحت مند ہو جاتا ہے تمام مرہمیں اس کے آگے ہیچ ہیں پھوڑا پکانا پھوڑنا اور صحت مند کرنا سب اسی مرہم سے انجام پاتے ہیں زخم درست ہونے پر پھایہ اُترتا ہے حاجت مندوں کو دے کر ثواب کا انبار حاصل کیجئے۔

# 406- نشتری لوشن

**عنایت:** جناب حکیم محمد عمران قادری صاحب مدینۃ المرشد، کراچی

**ہوالشافی:** تیزاب گندھک ایک تولہ، سادہ پانی منرل واٹر دس تولہ۔

**ترکیب تیاری:** دونوں کو ملا کر سنبھال کر رکھیں۔

**ترکیب استعمال:** متاثرہ حصہ پر دن میں تین چار مرتبہ پھایہ سے لگا دیجئے۔

**فائدہ:** جو ورم ابھی خام ہو بیٹھ جائے اور اگر نیم پختہ ہو تو پک کر پھٹ جانے میں دنیا کی چوٹی

کی ملتی دوا ہے۔ اکثر دنبل پھوڑے وغیرہ کو نشتر کرتے ہیں مریض گھبراتا ہے طب یونانی کے موجدوں نے ایسی ایسی لاثانی ادویات ایجاد کی ہیں کہ عقلیں دنگ رہ جاتی ہیں الحمداللہ عزوجل۔

## 407- پھٹی

**عنایت:** جناب حکیم خلیل الرحمٰن نقشبندی کوٹلی کشمیر۔

**ھوالشافی:** نیلا تھوتھا چار رتی' سہاگہ ایک ماشہ' میدہ گندم چھ ماشہ پانی حسب ضرورت۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو پوڈر بنا کر پانی میں ملا کر آگ پر پکائیں جب مرہم کی بن جائے تو

**ترکیب استعمال:** گرم گرم ہی بقدر برداشت لیپ کر دیجئے۔

**فائدہ:** چند گھنٹوں میں پھوڑے کو پکا دے گا اور مواد خارج ہو جائے گا۔

**نوٹ:** زخم کو مندمل کرنے کے لئے مرہم جادو کا استعمال کیجئے۔

# طاعون/ اگنی روہنی/ پلیگ

# (Plague)

### تعریف مرض:

یہ مرض بھی وبائی صورت میں پیدا ہوتا ہے یہ دراصل چوہوں کی وباء ہے جس میں انسان بھی مبتلا ہو جاتا ہے۔

### وجوہات:

جب چوہوں میں وباء پھیلتی ہے تو وہ مرجاتے ہیں اور ان میں سے پسو پیدا ہو کر یہ پسو مریض کو کاٹنے سے مرض انسانوں میں پھیلتی ہے مریض کے بستر' کھانے پینے کے سامان وغیرہ سے بھی مرض کی چھوت لگ جاتی ہے۔

### علامات:

چھوت لگنے سے تقریباً آٹھ روز بعد مریض شدید بخار میں مبتلا ہو جاتا ہے سخت دردسر ہوتا ہے گلا دکھنے لگتا ہے نیز الٹیاں بھی آنے لگتی ہیں بخار کے بعد جلد سے سبوس جھڑنے لگتی ہے۔



**علاج:** درج ذیل مجربات میں سے علاج کیجئے۔

## 408- طاعونی پھایہ

**عنایت:** جناب حکیم فقیر محمد صاحب پنج پیر جالندھر (ہند)۔

**ھوالشافی:** سم الفار سفید ایک تولہ' افیون ایک تولہ۔

**ترکیب تیاری:** دونوں کو خوب ملا کر لہسن کے عرق میں گوندھ کر چھ پھائے تیار کیجئے۔

**ترکیب استعمال:** ورم پر ہر دو دو گھنٹے بعد ایک ایک پھایہ چڑھ کر لگاتے رہئے اور اوپر پیاز بھون کر باندھ دیجئے اور توے پر کپڑا گرم کر کے تپش برابر رکھئے پھر دو گھنٹے بعد نیا پھایہ لگاتے رہئے۔

**فائدہ:** اگر پہلے دن ورم نہ پکا تو یقیناً دوسرے دن ضرور پک جائے گا اور پک کر پھوٹ جائے گا نہایت مفید و مجرب ہے۔

## 409- حب طاعون

**عنایت:** جناب حکیم خواجہ محمد علی صاحب' دھوبی گھاٹ کراچی

**ھوالشافی:** گل ارمنی' جدوار خطائی' تخم لیموں' زہر مہرہ خطائی' ہر ایک چھ ماشہ' کافور ایک ماشہ' عرق نیلوفر بقدر ضرورت۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو عرق نیلوفر میں کھرل کیجئے اور جنگلی بیر کے برابر حبوب تیار فرمالیجئے۔

**ترکیب استعمال:** ایک گولی ہمراہ عرق گاؤزبان صبح' دوپہر' شام دیجئے۔

**فائدہ:** ہزاروں مرتبہ کا تجربہ شدہ نسخہ ہے طاعون میں بے حد مفید ہے۔

## 410- اکسیر طاعون

**عنایت:** جناب حکیم شیخ محمد عبداللہ صاحب تلونڈی چودھریاں کپورتھلہ (ہند)

**ھوالشافی:** اجوائن دیسی آٹھ تولہ' فلفل سیاہ پانچ تولہ' زنجبیل ایک تولہ' پوست ہلیلہ کلاں دو تولہ' زیرہ سیاہ ایک تولہ' پوست بیخ مدار دو تولہ' نمک دیسی آٹھ تولہ' تیزاب گندھک پانچ تولہ۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو پوڈر بنالیجئے اور تیزاب گندھک قطرہ قطرہ ڈال کر کھرل کرتے رہیں۔ تمام تیزاب ختم ہو جائے تو شیشے کی بوتل میں ڈال کر منہ اچھی طرح بند کر دیجئے چوبیس گھنٹے پڑا رہنے دیجئے تاکہ رنگت دوا سیاہ ہو جائے پھر محفوظ رکھئے۔

www.pdfbooksfree.pk

**ترکیب استعمال:** ہر چار گھنٹے بعد ایک ماشہ ہمراہ عرق گلاب دیجئے۔

**فائدہ:** مرض طاعون ختم کرنے میں بے مثال نسخہ ہے۔

نسخہ نمبر 62 ملاحظہ فرمائیے۔

# خنازیر/کنٹھ مالا/ہجیراں

# (Scrufula)

**تعریف مرض:**

اس مرض میں گردن کے غدود پھول کر مالا کی طرح ہوجاتے ہیں۔

**اسباب:**

جدید تحقیقات کے مطابق اس مرض کا باعث مادہ سل ہے شرابی والدین یا مرض موروثی بھی ہوسکتا ہے۔

**علامات:**

گردن کے غدود پھول کر مالا کی طرح ہوجاتے ہیں یہ گلٹیاں الگ الگ نظر آتی ہیں کمزور بچوں میں سلی مادہ کی موجودگی سے گردن کے غدود پھول جاتے ہیں یا بعض اوقات پیٹ میں گلٹیاں پیدا ہوجاتی ہیں۔

## 411- روغن خنازیر

**عنایت:** جناب حکیم سید احسان حسین صاحب دھوتری میرٹھ (ہند)۔

**ھوالشافی:** پنجال کبوتر صحرائی تین ماشہ، کشنیز آبی تین ماشہ، شیر مدار بقدر مناسب۔

**ترکیب تیاری:** دونوں دواؤں کو شیر مدار میں کھرل کیجئے اور محفوظ رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** متاثرہ مقام پر ہلکا ہلکا لیپ کردیجئے۔

**فائدہ:** ان شاء اللہ عزوجل ایک ہفتہ میں خنازیر ختم ہوگی اور مزید زخم ایک ہفتہ بعد ختم ہوجائیں گے۔

## 412- اکسیر خنازیر

**عنایت:** جناب حکیم گل حسین شاہ صاحب چھوکر کلاں گجرات۔

**ھوالشافی:** (1) فلفل سیاہ، نیلا تھوتھا، برگ حنا سرخ ہر ایک ایک تولہ، مسکہ (دھلا ہوا) آدھا



(2) زبد سفید پانچ تولہ، زنجبیل پانچ تولہ، نبات سفید دس تولہ۔

**ترکیب تیاری:** نمبر 1 خوب گرینڈ کرکے مکھن میں ملا کر مرہم بنالیجئے اور محفوظ رکھئے۔
نمبر 2 خوب گرینڈ کرکے پورڈر بنا کر محفوظ رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** نمبر 1 خنازیر کے ماؤف حصہ یعنی گلٹیوں پر لگادیجئے دگرنہ گلٹیوں پر نشتر لگا کر دوا لگادیجئے جب کہ دوا نمبر 2 پانچ ماشہ ہمراہ آب تازہ صرف روزانہ صبح استعمال کیجئے۔

**فائدہ:** نہایت اکسیر الاثر موثر شدید خنازیر کا نسخہ ہے بنا کر خوب عزت بڑھائیے۔

## 413- تریاق خنازیر

**عنایت:** جناب حکیم خدا بخش قادری صاحب چک نمبر 429 بہاول نگر۔

**ھوالشافی:** جنگلی چوہا سفید ایک عدد، قند سیاہ کہنہ دس تولہ۔

**ترکیب تیاری:** چوہے کی دم کاٹ کر کھال اتار کر خوب قیمہ بنالیجئے اور قند سیاہ ملا کر خوب باریک کرلیجئے اور حبوب بقدر نخود تیار کرلیجئے اور محفوظ رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** دو گولی صبح و شام ہمراہ آب تازہ استعمال کیجئے۔

**فائدہ:** ہزاروں مرتبہ کا مجرب و مفید دوا ہے۔

**پرہیز:** سرخ مرچ ترش اغذیہ وغیرہ سے پرہیز واجب ہے۔

## 414- دوائے خنازیر

**عنایت:** جناب حکیم سلطان بخش انصاری صاحب کراڑی ہوشیار پور (ہند)۔

**ھوالشافی:** تھوہر ناگ پھنی کے پھول ایک تولہ، روغن سرسوں سیاہ خالص تین تولہ۔

**ترکیب تیاری:** روغن سرسوں کو کڑاہی میں ڈال کر خوب گرم کرکے آگ سے اتار کر پھول مذکورہ نہایت باریک کرکے ڈال دیجئے اور تیل محفوظ رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** دن میں دو مرتبہ یہ تیل گلٹیوں پر مل دیا کریں۔

**فائدہ:** دس سے اکتالیس دن کا کورس ہے۔ خنازیر کی گلٹیاں مکمل تحلیل ہوجائیں گی اور پھر دوبارہ مرض عود بھی نہ کرے گا سو فیصد مجرب شرطیہ مکمل شفا بخشنے والا نسخہ ہے۔

## 415- اکسیر خنازیر

**عنایت:** جناب زبدۃ الحکماء استاد الاطباء حکیم حافظ محمد سعید دھلوی صاحب کھاری باولی کوچہ لب مرزا مکان نمبر 20 دھلی (ہند)۔

**ھوالشافی:** گھونگھچی سرخ ایک تولہ، طوطیا سبز ایک تولہ، روغن نیم تین تولہ، روغن کنجد تین تولہ۔

www.pdfbooksfree.pk

**ترکیب تیاری:** روغنیات کو خوب گرم کرکے گھونگھی ڈال کر جلا دیجئے پھر طوطیا نہایت باریک کردہ ڈال دیجئے اور آگ سے فوراً نیچے اتار دیں رگڑ کر محفوظ رکھیں۔

**ترکیب استعمال:** دن میں دو تین مرتبہ خنازیر پر لگا دیا کریں۔

**فائدہ:** خنازیر گلٹیوں کو تحلیل کرنے میں بے نظیر مجرب نسخہ ہے۔

## 416- اکسیر خبیثہ

**عنایت:** جناب حکیم محمد شفیق احمد صاحب موتی بازار مرکز الاولیا لاہور۔

**ہوالشافی:** سم الفار سفید، چوب چینی، ازراقی، فلفل سیاہ، فلفل دراز ہر ایک ایک تولہ۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو باریک کرکے اکتالیس یوم تک آب ادرک میں کھرل کیجئے اور ایک ایک رتی کی گولیاں بنا کر محفوظ رکھیں۔

**ترکیب استعمال:** ایک گولی صبح ایک شام ہمراہ شیر گاؤ دیجئے۔

**فائدہ:** بھگندر اور ہر قسم کے باطنی پھوڑوں اور ہر وقت بہنے والے زخموں کے لئے اکسیر الاثر ہے۔ خنازیر، ناسور، بھگندر اور دیگر زخم ہائے خبیثہ کو جب خارجی علاج سے فائدہ نہ ہو تو یہ گولیاں اندرونی طور پر استعمال کیجئے لاجواب کامل الاکمل نسخہ ہے۔

## 417- شفائی

**عنایت:** جناب حکیم عبداللطیف بہاری صاحب، پٹیالہ (ہند)

**ہوالشافی:** رسکپور ایک تولہ، گندھک آملہ سار دس تولہ۔

**ترکیب تیاری:** رسکپور کو کڑاہی میں آگ پر رکھئے اور گندھک آملہ سار کی چٹکی دیتے رہے جب ایک چٹکی جل جائے تو پھر دوسری چٹکی دیجئے گندھک ختم ہونے پر سرد کرکے باریک کرلیجئے۔

**ترکیب استعمال:** دو رتی ہمراہ مناسب بدرقہ دیجئے۔

**فائدہ:** بھگندر، جذام، آتشک، بواسیر، آتشک میں اکسیر الاثر اور مجرب لاجواب دوا ہے۔

## 418- اکسیر جذام

**عنایت:** جناب حکیم محمد یوسف صاحب اندرون بازار گورداسپور (ہند)۔

**ہوالشافی:** عرق پیاز سفید تیس تولہ، عرق ادرک چالیس تولہ، عرق حنظل اسی تولہ، پوست درخت کرنجوہ کا عرق بیس تولہ، روغن کنجد اسی تولہ۔

**ترکیب تیاری:** تمام عرقیات کو روغن کنجد میں ڈال کر خوب ابالیں جب 3/4 حصہ عرق جل جائے تو سفوف خربق سیاہ گیارہ تولہ ڈال دیجئے جب بالکل عرق جل جائے تو فلٹر کرکے محفوظ



**ترکیب استعمال:** روزانہ تین ماشہ سے لے کر ایک تولہ مزاج کے مطابق استعمال کیجئے۔

**فائدہ:** جذام کے لئے لاجواب تیر بہدف تجربہ شدہ دوا ہے نیز دیگر معفی خون امراض میں یقینی

## 419- تریاق جذام

**عنایت:** جناب حکیم پنڈت انوپ سنگھ امین نگر میرٹھ (ہند)۔

**ہوالشافی:** ہڑتال طبقی دس تولہ، مرچ سیاہ دس تولہ، عرق ادرک بقدر ضرورت۔

**ترکیب تیاری:** دونوں ادویات کو پانچ مرتبہ تر و خشک عرق ادرک میں کیجئے اور محفوظ رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** ایک ماشہ سے تین ماشہ دن میں دو وقت مناسب بدرقہ دیجئے۔

**فائدہ:** جذام کو نابود کرنے میں اکسیری تجربہ شدہ لاثانی نسخہ ہے بنا کر فوائد اٹھائیے۔ تین ماہ تک دوا جاری رکھئے۔

## 420- حب آرسینکی

**عنایت:** جناب حکیم ایسے جے رماند کپرت پور ہوشیار پور (ہند)۔

**ہوالشافی:** سم الفار سفید ڈیڑھ ماشہ، فلفل سیاہ چھ ماشہ، مویز منقی بیس عدد۔

**ترکیب تیاری:** پہلی دونوں ادویات کو نہایت باریک کھرل کیجئے پھر منقی ڈال کر حبوب نخودی تیار فرمالیجئے اور محفوظ رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** آتشک کے لئے ایک گولی منقی میں رکھ کر استعمال کیجئے اور بعدہ شیر گاؤ بکثرت پی لیجئے۔ جذام، فالج، لقوہ کے لئے ایک حصہ نیم گرم پانی سے کھالیجئے اور دودھ سے پرہیز کروائیے مگر روغن زرد بکثرت دیجئے۔

**فائدہ:** آتشک، جذام، فالج، لقوے کے لئے بے حد مفید ہے فائدہ اٹھائیے۔

## 421- اسراری

**عنایت:** جناب حکیم غلام رسول صاحب جالندھر (ہند)۔

**ہوالشافی:** پارہ پانچ تولہ، گندھک پانچ تولہ، مغز جمالگوٹہ پانچ تولہ، سنگ بصری پانچ تولہ۔

**ترکیب تیاری:** پہلے گندھک و پارہ کی کجلی تیار کیجئے پھر دیگر دونوں ادویات ڈال کر خوب کھرل کیجئے پھر مٹی کے کورے برتن میں پھیلا دیجئے اور تھوڑا سا پانی بھی لگا دیجئے تاکہ جمالگوٹہ کی تیزی کم ہو جائے خشک ہونے پر دوا محفوظ رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** دو رتی دوا روزانہ دودھ گرم سے کھلائیں۔

www.pdfbooksfree.pk

**ترکیب تیاری:** روغنیات کو خوب گرم کر کے گھیکھی ڈال کر جلا دیجئے پھر طوطیا نہایت باریک کردہ ڈال دیجئے اور آگ سے فوراً نیچے اتار دیں رگڑ کر محفوظ رکھیں۔

**ترکیب استعمال:** دن میں دو تین مرتبہ خنازیر پر لگا دیا کریں۔

**فائدہ:** خنازیر گلٹیوں کو تحلیل کرنے میں بے نظیر مجرب نسخہ ہے۔

## 416- اکسیر خبیثہ

**عنایت:** جناب حکیم محمد شفیق احمد صاحب موتی بازار مرکز الاولیا لاہور۔

**ہوالشافی:** سم الفار سفید، چوب چینی، ازراقی، فلفل سیاہ، فلفل دراز ہر ایک ایک تولہ۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو باریک کر کے اکتالیس یوم تک آب ادرک میں کھرل کیجئے اور ایک ایک رتی کی گولیاں بنا کر محفوظ رکھیں۔

**ترکیب استعمال:** ایک گولی صبح ایک شام ہمراہ شیر گاؤ دیجئے۔

**فائدہ:** بھگندر اور ہر قسم کے باطنی پھوڑوں اور ہر وقت بہنے والے زخموں کے لئے اکسیر الاثر ہے۔ خنازیر، ناسور، بھگندر اور دیگر زخم ہائے خبیثہ کو جب خارجی علاج سے فائدہ نہ ہو تو یہ گولیاں اندرونی طور پر استعمال کیجئے لاجواب کامل الاکمل نسخہ ہے۔

## 417- شفائی

**عنایت:** جناب حکیم عبداللطیف بہاری صاحب، پٹیالہ (ہند)

**ہوالشافی:** رسکپور ایک تولہ، گندھک آملہ سار دس تولہ۔

**ترکیب تیاری:** رسکپور کو کڑاہی میں آگ پر رکھئے اور گندھک آملہ سار کی چٹکی دیتے رہیے جب ایک چٹکی جل جائے تو پھر دوسری چٹکی دیجئے گندھک ختم ہونے پر سرد کر کے باریک کر لیجئے۔

**ترکیب استعمال:** دو رتی ہمراہ مناسب بدرقہ دیجئے۔

**فائدہ:** بھگندر، جذام، آتشک، بواسیر، آتشک میں اکسیر الاثر اور مجرب لاجواب دوا ہے۔

## 418- اکسیر جذام

**عنایت:** جناب حکیم محمد یوسف صاحب اندرون بازار گورداسپور (ہند)۔

**ہوالشافی:** عرق پیاز سفید تیس تولہ، عرق ادرک چالیس تولہ، عرق حنظل اسی تولہ، پوست درخت کرنجوہ کا عرق بیس تولہ، روغن کنجد اسی تولہ۔

**ترکیب تیاری:** تمام عرقیات کو روغن کنجد میں ڈال کر خوب ابالیں جب 3/4 حصہ عرق جل جائے تو سفوف خربق سیاہ گیارہ تولہ ڈال دیجئے جب بالکل عرق جل جائے تو فلٹر کر کے محفوظ



رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** روزانہ تین ماشہ سے لے کر ایک تولہ مزاج کے مطابق استعمال کیجئے۔

**فائدہ:** جذام کے لئے لاجواب تیر بہدف تجربہ شدہ دوا ہے نیز دیگر مصفی خون امراض میں یقینی ہے۔

## 419- تریاق جذام

**عنایت:** جناب حکیم پنڈت انوپ سنگھ امین نگر میرٹھ (ہند)۔

**ہوالشافی:** ہڑتال طبقی دس تولہ، مرچ سیاہ دس تولہ، عرق ادرک بقدر ضرورت۔

**ترکیب تیاری:** دونوں ادویات کو پانچ مرتبہ تر و خشک عرق ادرک میں کیجئے اور محفوظ رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** ایک ماشہ سے تین ماشہ دن میں دو وقت مناسب بدرقہ دیجئے۔

**فائدہ:** جذام کو نابود کرنے میں اکسیری تجربہ شدہ لاثانی نسخہ ہے بنا کر فوائد اٹھائیے۔ تین ماہ تک دوا جاری رکھئے۔

## 420- حب آرسینکی

**عنایت:** جناب حکیم ایسے جے رماند کیرت پور ہوشیار پور (ہند)۔

**ہوالشافی:** سم الفار سفید ڈیڑھ ماشہ، فلفل سیاہ چھ ماشہ، مویز منقی بیس عدد۔

**ترکیب تیاری:** پہلی دونوں ادویات کو نہایت باریک کھرل کیجئے پھر منقی ڈال کر حبوب نخودی تیار فرما لیجئے اور محفوظ رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** آتشک کے لئے ایک گولی منقی میں رکھ کر استعمال کیجئے اور بعدہ شیر گاؤ بکثرت پی لیجئے۔ جذام، فالج، لقوہ کے لئے ایک حصہ نیم گرم پانی سے کھا لیجئے اور دودھ سے پرہیز کروائیے مگر روغن زرد بکثرت دیجئے۔

**فائدہ:** آتشک، جذام، فالج، لقوے کے لئے بے حد مفید ہے فائدہ اٹھائیے۔

## 421- اسراری

**عنایت:** جناب حکیم غلام رسول صاحب جالندھر (ہند)۔

**ہوالشافی:** پارہ پانچ تولہ، گندھک پانچ تولہ، مغز جمالگوٹہ پانچ تولہ، سنگ بصری پانچ تولہ۔

**ترکیب تیاری:** پہلے گندھک و پارہ کی کجلی تیار کیجئے پھر دیگر دونوں ادویات ڈال کر خوب کھرل کیجئے پھر مٹی کے کورے برتن میں پھیلا دیجئے اور تھوڑا سا پانی بھی لگا دیجئے تاکہ جمالگوٹہ کی تیزی کم ہو جائے خشک ہونے پر دوا محفوظ رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** دو رتی دوا روزانہ دودھ گرم سے کھلائیں۔

www.pdfbooksfree.pk

**فائدہ:** سودا کو خارج کرنے کے لئے بے نظیر دوا ہے آتشک کو جڑ سے اکھاڑ دیتا ہے کوڑھ کے لئے لاجواب جلاب ہے جوں جوں دست آتے ہیں ویسے ویسے زخم درست ہوتے ہیں۔

## 422- جذامی

**عنایت:** جناب حکیم محمد سلطان صاحب سرگودھا۔

**ھوالشافی:** ہڑتال طبقی ایک تولہ' مغز کرنجوہ اکیس تولہ' شب یمانی دو تولہ۔

**ترکیب تیاری:** پہلے مغز کرنجوہ ایک حصہ ایک کوزہ میں پھیلا دیجئے پھر شب یمانی ایک دم پھیلا دیجئے بعدہ ہڑتال طبقی پھیلا کر اوپر پہلے کرنجوہ اور بعد میں شب یمانی پھیلا کر خوب گل حکمت کرکے خشک ہونے پر سات کلو اوپلوں کی آگ دیجئے سرد ہونے پر نکال کر محفوظ رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** نصف رتی منقی میں لپیٹ کر مریض نگل لیا کرے۔

**فائدہ:** جذام میں نہایت مفید و موثر ہے خونی فسادی امراض میں بے مثل ہے۔ کورس دو ماہ کا ہے۔

# چنبل

| اُردو نام | طبی نام | ڈاکٹری نام |
|---|---|---|
| چنبل | سمکہ صدفیہ | سورائیسس |

یہ جلد پر ابھرا ہوا گول سا داغ ہوتا ہے جس کے نیچے چھوٹی چھوٹی پھنسیاں جو کیل کی مانند سخت ہوتی ہیں نہایت عسر العلاج تکلیف ہے۔

**اسباب:**

میلا کچیلا رہنا' بدہضمی' تیزابیت' سوداوی مادے کی زیادتی' خون کا گاڑھا پن' جسمی فضلات کے اخراج میں بے قاعدگی وغیرہ۔

**علامات:**

جس مقام پر چنبل ظاہر ہوتی ہے پہلے گلابی رنگ کے متفرق ابھار پیدا ہوتے ہیں جس کی سطح پر چھوٹے چھوٹے چھلکے تہہ در تہہ اترتے رہیں یہ متاثرہ حصہ آہستہ آہستہ بڑھتا رہتا ہے۔ شدید خارش ہوتی ہے اور پھنسیاں پیدا ہوجاتی ہیں خارش سے جو جگہ چھل جاتی ہے وہاں سے لیسدار سیاہی مائل رطوبت نکلتی ہے خارش کرتے کرتے اکثر جی نہیں بھرتا اور مزید مریض کنگھے یا لکڑی سے کھجانے لگتا ہے جب خارش کر چکتا ہے تو کچھ دیر بعد ماؤف جگہ درد ناک ہوجاتی



درج ذیل مجربات میں سے منتخب فرما کے علاج کیجئے۔

## 423- راحت

**عنایت:** جناب حکیم محمد سلطان صاحب' وہاڑی ملتان

**ھوالشافی:** ہلدی چار تولہ' ململ' گندھک آملہ سار' لوٹا سجی ہر ایک ایک تولہ' روغن کنجد آدھ کلو۔

**ترکیب تیاری:** پہلی چار ادویات کو ایک برتن میں ڈالیں اور اس میں ایک بچھڑے کا پیشاب ڈال دیجئے ساری رات پڑا رہنے دیجئے صبح اس میں روغن کنجد ڈال کر خوب پکائیں کہ پیشاب جل جائے تو تیل کو فلٹر کرکے محفوظ رکھیں۔

**ترکیب استعمال:** چنبل پر یہ تیل لگا کر چار گھنٹے بعد نہر کے پانی سے دھو ڈالیں۔

**فائدہ:** چنبل کیلوں سمیت نیست و نابود ہوجائے گی یہ ایک فقیر صاحب کا نسخہ ہے نہایت مفید مجرب ہے کوڑیوں کا نسخہ ہے بنائیں اور فوائد اٹھائیں۔

## 424- حب اکسیری

**عنایت:** جناب حکیم خدا بخش صاحب اقبال نگر ساہیوال۔

**ھوالشافی:** گوند پھلاہ ڈھائی تولہ' طوطیا ایک ماشہ۔

**ترکیب تیاری:** دونوں کو ملا کر حبوب نخودی تیار کرلیجئے۔

**ترکیب استعمال:** ایک گولی روزانہ باسی پانی کے ساتھ استعمال کیجئے۔

**فائدہ:** چند ہفتوں میں چنبل نابود ہوجائے گی خوردنی دوا ہے اور مجرب ہے۔

**پرہیز:** ایک ہفتہ تک ہانڈی نہ کھائیں دیسی گھی کی چوری بغیر میٹھے اور بغیر نمک کے کھائیے۔ پرہیز واجب ہے۔

## 425- ضماد چنبل

**عنایت:** جناب حکیم محمد حیات صاحب سنگھ پور کشمیر۔

**ھوالشافی:** رسکپور ایک ماشہ' دار چکنا ایک ماشہ' سرکہ ایک تولہ۔

**ترکیب تیاری:** دونوں چیزوں کو سرکہ میں کھرل کرکے ضماد تیار فرمالیجئے۔

**ترکیب استعمال:** مقام ماؤف پر ضماد کیجئے پندرہ منٹ بعد اتار کر روغن چنبیلی لگا دیجئے۔

**فائدہ:** بے خطا معمول مطب صرف تین ہفتہ کے استعمال سے چنبل کا نام و نشان نہیں رہتا۔

www.pdfbooksfree.pk

**نوٹ:** ایک مرتبہ ضماد کے بعد ایک ہفتے کا ناغہ کیجئے اس دوران زخم درست کرنے کے لئے روغن چنبیلی لگاتے رہیے۔

# آتشک

| اُردو نام | طبّی نام | ڈاکٹری نام |
|---|---|---|
| بادفرنگ | زہرہ | سفلس یا ہارڈ شنکر |

## تعریف مرض:

مرد وعورت کے جنسی اعضاء میں کسی پھنسی یا آبلہ کی شکل میں نمودار ہونے والی چیز کو آتشک کہتے ہیں مریض آتشک کے ماؤف مقام پر ایسے محسوس ہوتا ہے جیسے آگ کا انگارہ رکھ دیا گیا ہے۔

## اسباب:

جب اعصاب و دماغ میں سوزش پیدا ہو جائے تو اس سوزش کے باعث مادے میں تعفن وخمیر پیدا ہو کر زہریلا مادہ آتشک کا سبب بنتا ہے۔ کبھی ادویات کی تیزی کے باعث بھی آتشک ہو جاتی ہے کبھی موسم کی وجہ سے تو کبھی چھوت کے باعث لہٰذا اسباب جو بھی ہو یہ اسباب دماغ، اعصاب میں تیزی پیدا کر کے مرض آتشک کا باعث بنتے ہیں۔

## علامات:

علامات کے لحاظ سے آتشک کے تین درجات ہیں:

## درجہ اوّل:

جب جسم میں آتشک کا زہر داخل ہوتا ہے یا بنتا ہے تو فوراً پہلا درجہ شروع ہو جاتا ہے جو تین ہفتوں سے لے کر پانچ ہفتوں تک قائم رہتا ہے۔ عموماً آٹھ سے دس یوم کے اندر اندر زہر داخل ہونے کی جگہ پر آلہ یا پھنسی پیدا ہو جاتی ہے جو نیچے سے سخت ہوتی ہے اور آہستہ آہستہ بڑھ کر پھٹ جاتی ہے اس سے رقیق مادہ نکلتا ہے اس پھنسی میں سختی ہوتی ہے اس میں درد نہیں ہوتا کبھی کنج ران کی گلٹیاں متورم ہو جاتی ہیں اور ان گلٹیوں کو دبانے سے سخت تکلیف ہوتی ہے مگر درد نہیں ہوتا ان میں پیپ بھی نہیں پڑتی ان گلٹیوں سے اگر نیڈل کے ذریعے رطوبت لے کر خوردبینی معائنہ کیا جائے تو اس میں جراثیم آتشک نظر آئیں گے۔ اس درجے میں تکلیف نہایت کم ہوتی ہے اس لئے مریض لاپرواہی کرتا ہے اسی وجہ سے دوسرے درجے کی علامات



پیدا ہونا شروع ہو جاتی ہیں۔

## درجہ دوئم:

اسی آبلہ میں ایک دم سوزش بڑھ جاتی ہے ورم یا زخم میں شدید درد ہونے لگتا ہے یہ زہر میں سرایت کر جانے کے باعث ہوتا ہے شدید بخار ہونے لگتا ہے یہ بخار کبھی شدید کبھی ہلکا کبھی باری سے تو کبھی نوبتی ہو جاتا ہے مریض کی ہڈیوں میں اور گوشت میں درد محسوس ہوتا ہے مریض ہمت چھوڑ کر نڈھال ہو جاتا ہے۔ نیند میں کمی ہو جاتی ہے دردسر ہونے لگتا ہے جسمانی ضعف ... پھیکی ہو کر کمی خون کا اظہار کرتی ہے اعصابی سوزش کے باعث حلق، تالو اور لوزتین میں سوزش اور ورم ہونے لگتا ہے بازوؤں اور رانوں کے پچھلے حصے میں گلابی داغ پڑنے لگتے ہیں۔ متاثرہ مقامات پر جو دانے یا آبلے نکلتے ہیں وہ دو سے چار ہفتوں تک نکلتے ہیں اور پھر ... کے اندر اندر مرجھا جاتے ہیں اور سیاہ داغ چھوڑ جاتے ہیں۔ بسا اوقات ان دانوں میں ... بھی پڑ جاتی ہے مگر جلن یا خارش بالکل نہیں ہوتی کنج رانوں اور گردن کی گلٹیاں متورم ہو جاتی ہیں لبوں، زبان اور رخساروں کے اندر سفید داغ بن جاتے ہیں عورت کے جسم کے زیریں حصے میں جب کہ مرد کے فوطوں پر انگلیوں کے درمیانی حصوں میں رطوبت بہنے لگتی ہے یہ رطوبت جہاں لگتی ہے وہاں سوزش پیدا کر دیتی ہے۔ بعض اوقات مریض کے ناخن جھڑنے لگتے ہیں بال گرنے لگتے ہیں جسم پر دھبے بن جاتے ہیں ان دھبوں میں خشکی نمایاں ہوتی ہے اور چھلکے اترتے ہیں۔ بعض اوقات ابتداء ہی سے جلد پر سخت پھنسیاں پیدا ہو جاتی ہیں اور اکثر ایک دوسرے سے مل جاتی ہیں ان پھنسیوں پر موٹے کھرنڈ بن جاتے ہیں اور مریض کی شکل بدصورت ہو جاتی ہے۔ ان پھنسیوں میں نہ ہی خارش ہوتی ہے اور نہ ہی گرمی محسوس ہوتی ہے جب کہ جسمانی رنگت تانبے کی طرح ہو جاتی ہے۔

## درجہ سوم:

تیسرے درجے کی علامات عموماً چھ سے آٹھ ماہ بعد پیدا ہوتی ہیں اور بعض مریضوں میں تیسرے درجے کی علامات برسوں تک رہتی ہیں۔ دماغ میں شریانی سدہ قائم ہو جاتا ہے ہاتھوں اور پاؤں کی جلد موٹی ہو جاتی ہے اور بعض مقامات سے جلد پھٹ جاتی ہے اور مچھلی کے چھلکوں کی مانند چھلکے اترتے ہیں متاثرہ جسمانی حصے کے کنارے موٹے ہو جاتے ہیں۔ آنکھ کے پردوں میں ورم ہو جاتا ہے ٹانگوں اور بازوؤں پر تقریباً گول زخم ہو جاتے ہیں انہیں عرف عام میں روپیا کہتے ہیں۔ بعض جسمانی حصوں میں گلٹیاں پیدا ہو جاتی ہیں بعض اوقات دل، زبان، پھیپھڑے، حلق، امعاء، دماغ، نخاع، جگر، تلی، گردوں اور جلد وغیرہ میں حتیٰ کہ ہڈیوں میں بھی یہ گلٹیاں پیدا

www.pdfbooksfree.pk

ہوجاتی ہیں مرض کے اسی آخری درجے میں ہڈیاں گلنے لگتی ہیں تالو گل جاتا ہے ناک کا بانسہ بیٹھ جاتا ہے اور مریض آخرکار موت کے منہ میں چلا جاتا ہے۔

## آتشک کی اقسام:

آتشک کی دو معروف اقسام ہیں:

(1) سافٹ شنکر ......یا...... تر آتشک

(2) ہارڈ شنکر ......یا...... مادہ آتشک

## تر آتشک:

جب رقیق بلغم میں سودا مل جاتا ہے اور اس ملاپ سے جو تعفن پیدا ہوتا ہے تو یہ تر آتشک کہلاتا ہے اس میں جلد زخم پھٹ کر زہریلا مادہ خارج ہونے لگتا ہے اور کچ لہو کی صورت میں جلد سے نکلتا ہے۔

## مادہ آتشک:

جب بلغم کے ساتھ صفرا مل کر متعفن ہوتا ہے تو اس مادہ سے آتشک پیدا ہوتا ہے اس میں آگ سی جلن محسوس ہوتی ہے۔

## علاج:

درج ذیل مجربات میں سے علاج کیجئے۔

## 426- نسخہ شمسیہ

**عنایت:** جناب حکیم نبی داد خان صاحب دہلی (ہند)۔

**ہوالشافی:** ایک عدد غوک کلاں نہری، رسکپور ایک تولہ، کافور ایک تولہ، آب کریلا 750 ملی لیٹر۔

**ترکیب تیاری:** غوک کا تام اور ناخن دور کرکے رسکپور اور کافور پیٹ میں ڈال کر خوب سلائی کردیجئے اور اوپر آب کریلا ڈال کر کوزہ گلی میں گل حکمت کرکے لید میں چالیس یوم کے لئے دفن کردیجئے چالیس یوم بعد تمام چیزیں سوختہ ملیں گی باریک پوڈر بنا کر سنبھال رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** ایک رتی بعد مسہل ملائی کے ساتھ استعمال کیجئے۔

**فائدہ:** آتشک سوزاک کہنہ، نواسیر، بھگندر وغیرہ میں مجرب اور بلاضرر ہے۔

**پرہیز:** نمک سے پرہیز واجب ہے۔

www.pdfbooksfree.pk



## 427- اکسیر آتشک

**عنایت:** جناب حکیم سید ناصر عباس شاہ صاحب پرنسپل طبیہ کالج دہلی (ہند)

**ہوالشافی:** مردار سنگ، کبابہ، الائچی خورد، کتھ سفید، ہم وزن

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو چار پہر خوب کھرل کیجئے اور محفوظ رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** دو رتی سے چار رتی ہمراہ مکھن و ملائی دن میں تین وقت دیجئے۔

**فائدہ:** آتشک و سوزاک میں بے حد مفید ہے ایک ہفتہ میں آرام آجاتا ہے۔

## 428- اکسیر خاص

**عنایت:** جناب حکیم ملک محمد حیات خانکی ہیڈورکس گوجرانوالہ

**ہوالشافی:** شنگرف، گندھک آملہ سار، پارہ، ہڑتال ورقیہ ہر ایک ایک تولہ، مغز کول ڈوڈا، مغز ریٹھا، مغز جمالگوٹہ ہر ایک ایک تولہ، افیون تین ماشہ، شیر مدار بقدر مناسب، آب پیاز بقدر ضرورت۔

**ترکیب تیاری:** پہلے گندھک اور پارہ کو تین گھنٹے خوب کھرل کیجئے اور اسی طرح شنگرف اور ہڑتال ورقیہ کو تین گھنٹے خوب کھرل کیجئے۔ پھر دونوں پوڈر کو ملا کر آب پیاز کی مدد سے حب بنا لیجئے پھر دیگر ادویات کو نہایت باریک کرکے شیر مدار میں کھرل کرکے ان گولیوں پر لیپ کردیجئے اور اوپر برگ ببول دس تولہ کا نغدہ چڑھا دیجئے اور ایک کڑاہی میں ریت بھر کر درمیان میں ان گولیوں کو رکھ کر اوپر ریت دے کر اوپر جوار کے چند دانے ڈال دیجئے نیچے آگ جلا دیجئے جب جوار کے دانے بریاں ہوجائیں تو آگ بند کردیجئے سرد ہونے پر نکال کر گولے سے گولی کو نکال کر باریک پیس کر محفوظ رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** ایک سے دو چاول تک مکھن میں رکھ کر دیجئے مکھن پانچ تولہ ہونا ضروری ہے دوران دوا دیسی گھی دودھ بکثرت پلائیے۔

**فائدہ:** یہ اکسیر آتشک، سوزاک اور نامردگی کے لئے نہایت جیدالاثر دوا ہے۔

**پرہیز:** تیل، ترش، جماع اور سرخ مرچ سے لازمی پرہیز کریں۔

## 429- جوہر قادری

**عنایت:** جناب حکیم محمد نور جمال قادری صاحب چک نمبر 615 گ- ب فیصل آباد

**ہوالشافی:** شنگرف رومی، گندھک آملہ سار، دارچکنا، رسکپور، سم الفار ہر ایک دو تولہ، سیماب مقتل چار ماشہ۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو جوکوب کرکے ایک پیالہ میں رکھ کر دوسرا پیالہ اوپر دے کر

اچھی طرح بند کر دیجئے اور معروف طریقہ کے مطابق جوہر حاصل کیجئے پھر تیار شدہ جوہر سے مزید جوہر نکالیں یعنی دو آتشہ حاصل کریں اور محفوظ رکھیں۔

**ترکیب استعمال:** ایک چاول مکھن یا ملائی میں لپیٹ کر دیجئے۔

**فائدہ:** آتشک' قرحہ' خبیثہ اور ناسور' جذام نیز ہر قسم کے لئے بے مثال دوا ہے۔

## 430- اکسیر آتشک

**عنایت:** جناب حکیم نور محمد صاحب ریاست گولیار (ہند)۔

**ھوالشافی:** میٹھا تیلیہ' دار چکنا' رسکپور' ہر ایک دو دو تولہ' سرکہ انگوری بقدر ضرورت۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو سرکہ انگوری میں خوب کھرل کیجئے اور بطریقہ معروف جوہر حاصل فرمالیجئے۔

**ترکیب استعمال:** نصف چاول سے ایک چاول مکھن میں لپیٹ کر نگل لیجئے۔

**فائدہ:** آتشک خبیثہ اور ناسور وغیرہ میں اکسیر دوا ہے۔

## 431- تریاق آتشک

**عنایت:** جناب حکیم سید پیر شاہ صاحب سرائے عالمگیر گجرات۔

**ھوالشافی:** سیماب تین تولہ' دار چکنا سات ماشہ' آٹا گیہوں گیارہ ماشہ' آب لیموں بقدر مناسب۔

**ترکیب تیاری:** پہلے آب لیموں میں سیماب پھر دار چکنا کو خوب کھرل کیجئے پھر آٹا ملا کر ایک سو عدد گولیاں تیار کیجئے۔

**ترکیب استعمال:** ایک گولی روزانہ پانچ یوم تک کھایئے پھر مسہل لیں پھر روزانہ دس یوم تک تین گولیاں کھائیں پھر مسہل لیجئے اور پھر تا صحت ایک گولی روزانہ کھاتے رہیں ہمراہ پانی۔

**فائدہ:** آتشک کا شرطیہ علاج ہے خواہ کہنہ ہی کیوں نہ ہو۔

**پرہیز:** ترش اور سرد اشیاء ثقیل چیزوں سے پرہیز واجب ہے۔

**نوٹ:** سیماب یہاں تک کھرل کیجئے کہ چمک باقی بالکل نہ رہے۔

## 432- آتشکی

**عنایت:** جناب حکیم اسد اللہ خان صاحب اسلام آباد کشمیر۔

**ھوالشافی:** بلادر' پارہ' سرد چینی' طباشیر' بیروزہ' قلمی شورہ' قرنفل' الائچی کلاں' مرچ سیاہ' کافور' نوشادر' کیسر برابر وزن گڑ کہنہ بقدر ضرورت۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو نہایت باریک کھرل کیجئے اور گڑ ملا کر کوکن بیر برابر گولیاں تیار

www.pdfbooksfree.pk




...ر کر محفوظ کیجئے۔

**ترکیب استعمال:** ایک گولی صبح نہار منہ ہمراہ دہی استعمال کیجئے۔

**فائدہ:** آتشک کے ہر درجہ میں اور ہر قسم میں جید الاثر دوا ہے چند یوم کے استعمال سے کلی ... ہو جاتا ہے۔

**پرہیز:** تمام ترش بادی اور سرد اشیاء سے پرہیز واجب ہے۔

## 433- جوہر آتشک

**عنایت:** زبدۃ الحکماء جناب حکیم امام بخش صاحب بہاولپور۔

**ھوالشافی:** رسکپور' دار چکنا' سم الفار سفید ہر ایک ایک تولہ' لوبان کوڑیہ دو تولہ' سہاگہ خام چھ ماشہ آب ادرک بقدر ضرورت' سرکہ انگوری بقدر ضرورت

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو پہلے آب ادرک میں ایک یوم کھرل کیجئے پھر سرکہ انگوری میں ایک دن کھرل کریں اور حبوب کوکن بیر برابر بنا کر بطریقہ معروف جوہر حاصل کیجئے اور محفوظ رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** دو چاول ہمراہ مویز منقیٰ دیجئے۔

**فائدہ:** آتشک' سوزاک' جذام' ناسور بھگندر وغیرہ میں مستعمل ہے۔

## 434- اکسیر آتشک

**عنایت:** جناب حکیم قمر الدین صابری صاحب کوہاٹ شہر۔

**ھوالشافی:** بھلاواں سر بریدہ چھ ماشہ' گڑ کہنہ دس سال پرانا دو تولہ۔

**ترکیب تیاری:** دونوں کو اس قدر گھوٹیں کہ یک ذات ہو جائیں پھر جنگلی بیر برابر حبوب بنا کر محفوظ رکھیں۔

**ترکیب استعمال:** دہی کا پانی نکال کر منجمد دہی سے ایک تولہ میں گولی رکھ کر نگل جائیں پھر ایک دن ناغہ کر کے ایک گولی کھائیں پھر ایک دن ناغہ کر کے تیسری گولی کھلائیں۔

**فائدہ:** صرف تین گولیاں کھانے سے آتشک نابود ہو جائے گی ان شاء اللہ عزوجل۔

## 435- دوائے آتشک

**عنایت:** جناب حکیم محمد صدیق صاحب پروفیسر کالج شاہدرہ لاہور۔

**ھوالشافی:** نانخواہ' اجوائن خراسانی' اجوائن کرفس' تخم ستیاناسی' الائچی سبز' لونگ' مرچ سیاہ' پیپل' رسکپور ہر ایک چھ ماشہ' سیماب' گندھک آملہ سار ہر ایک آٹھ ماشہ' آب پان پانچ تولہ۔

**ترکیب تیاری:** پہلے گندھک و سیماب کی کجلی تیار کر لیجئے پھر تمام ادویات کو آب پان میں

خوب کھرل کیجئے اور نخودی حبوب تیار فرمالیجئے۔

**ترکیب استعمال:** ایک گولی صبح' ایک شام ہمراہ شیر گاؤ

**فائدہ:** آتشک سافٹ شنکر یا ہارڈ شنکر جو بھی ہو چند یوم میں جڑ سے نکالنے والا نسخہ ہے بنائیں اور دعائے مدینہ سے نوازتے رہیں۔ اس کا کورس دو ہفتہ ہے۔

**پرہیز:** مرچ سرخ' تیل و کھٹی اشیاء وغیرہ۔

## 436- کشتہ طوطیا

**عنایت:** جناب حکیم چند لعل ورما صاحب رائے پینا دھلی (ہند)۔

**ہوالشافی:** طوطیا ایک تولہ' سفوف ریٹھا ایک پاؤ' اوپلے چار کلو۔

**ترکیب تیاری:** ریٹھا پوڈر کے درمیان میں طوطیا کی ڈلی رکھ کر کوزہ گلی میں گل حکمت کرکے چار کلو اوپلوں کو جھونک دیجئے سرد ہونے پر کشتہ برآمد کیجئے۔

**ترکیب استعمال:** ایک رتی بالائی یا مکھن میں رکھ کر کھلائیں اور اگر پیاس لگے تو روغن زرد گرم کرکے پلا دیجئے۔

**فائدہ:** آتشک کو جڑ سے نکال پھینکتا ہے اور دیگر امراض خبیثہ میں لائق تحسین ہے۔

**نوٹ:** ایک دن وقفہ دے کر دوا استعمال کریں۔

## 437- حب شنگرف

**عنایت:** زبدۃ الحکماء سلطان الاطباء جناب حکیم سلطان احمد صاحب سکندر آباد دکن (ہند)۔

**ہوالشافی:** شنگرف رومی آٹھ ماشہ' کھتہ سفید آٹھ ماشہ' طوطیا چھ ماشہ' عرق لیموں ڈھائی کلو۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو عرق لیموں میں خوب کھرل کیجئے اور حب دانہ موٹھ بنا کر محفوظ رکھیں۔

**ترکیب استعمال:** ایک گولی روزانہ سادہ پانی کے ساتھ استعمال کریں بواسیر کی صورت میں ایک گولی روزانہ مسوں پر بھی لگا دیا کریں۔

**فائدہ:** بواسیر' سوزاک کہنہ' آتشک کے لئے تریاق کامل ہے ہزاروں مرتبہ کا تجربہ ہے۔

**پرہیز:** گوشت دال ماش کھٹی ترش اور تیل والی اغذیہ سے پرہیز واجب ہے۔

## 438- کشتہ سم الفار

**عنایت:** جناب حکیم شاہ محمد منہاج الحق صاحب گورکھپور (ہند)

**ہوالشافی:** (1) سم الفار سفید ایک تولہ' برگ پان سو عدد کا پانی۔

www.pdfbooksfree.pk



(2) پوست نیم' کتھہ سفید' گوند کتیرا برابر وزن۔

**ترکیب تیاری:** (1) پہلے سم الفار کو پانی برگ پان میں خوب کھرل کیجئے بعدہ ایک کوزہ گلی میں گل حکمت کرکے چار کلو اوپلوں کی آگ دیجئے سرد ہونے پر کشتہ نکال کر محفوظ رکھیں۔

(2) تمام ادویات کو پوڈر کرلیجئے اور سنبھال رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** نمبر1 دوا کشتہ سم الفار ایک چاول نمبر2 دوا تین رتی میں ملا کر مکھن ایک تولہ کے درمیان رکھ کر کھلا دیجئے اوپر سے دو تولہ مکھن مزید کھلا دیجئے۔

**فائدہ:** اکسیر صفت بے خطا ہزاروں مرتبہ کا تجربہ شدہ نسخہ ہے جو آتشک کو جڑ سے اکھاڑ پھینکنے میں نہایت ہی جید الاثر دوا ہے۔

**پرہیز:** دوران دوا نمک ترشی اور دیگر ثقیل و بادی و سرخ مرچ اور گوشت وغیرہ سے پرہیز لازم ہے۔

## 439- اکسیر آتشک

**عنایت:** جناب حکیم ایشر داس صاحب کنجاہ گجرات۔

**ہوالشافی:** رسکپور ایک تولہ' نیلا تھوتھا تین تولہ' ہلیلہ سیاہ تین تولہ' لیموں کا پانی سو عدد۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو آب لیموں میں خوب کھرل کیجئے اور دانہ مونگ برابر گولیاں تیار فرمالیجئے۔

**ترکیب استعمال:** ایک گولی دودھ کی دہی کے ساتھ استعمال کیجئے خنازیر پر پانی میں گھس کر لگا دیجئے۔

**فائدہ:** آتشک ناسور' بھگندر' خنازیر پرانے پھوڑوں میں مجرب ہے آتشک کو بغیر کسی تکلیف کے جڑ سے اکھاڑ دیتا ہے اسہال' گرمی' گھبراہٹ' منہ آنا وغیرہ کوئی تکلیف نہیں ہوتی مرض دوبارہ عود نہیں کرتا بڑی بے مثال دوا ہے استعمال کیجئے اور دعائیں دیجئے۔

## 440- اکسیر نایاب

**عنایت:** جناب حکیم سید طالب علی شاہ قادری بریلوی صاحب بریلی شریف (ہند)۔

**ہوالشافی:** ملکنگنی' اجوائن خراسانی' اجمود' ازراقی مدبر' کلونجی' تخم دھتورہ ہر ایک ایک تولہ' گوند کیرا چھ ماشہ' افیون ایک ماشہ' گیرو چھ ماشہ۔

**ترکیب تیاری:** گوند' افیون' گیرو کے علاوہ تمام ادویات کو بھونیں مگر جلنے نہ پائے پھر دیگر تینوں اجزاء بھی ڈال کر خوب پوڈر بنا کر حبوب نخودی تیار فرمالیجئے اور محفوظ رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** ایک گولی صبح ایک شام تازہ پانی سے کھالیجئے۔

**فائدہ:** نہایت ہی بے نظیر قابل قدر نسخہ ہے صدری ہونے کے ساتھ ساتھ آتشک کو علاوہ ازیں بھگندر اور دیگر امراض خبیثہ میں مستعمل ہے۔

**پرہیز:** ترش و ثقیل اغذیہ سے پرہیز جبکہ روغن زرد اور گیہوں کی چوری اور گوشت روغن زرد میں بریاں کردہ کھائیں۔

## 441- راحت

**عنایت:** جناب حکیم محمد بشیر احمد صاحب باولی بجنور یوپی (ہند)۔

**ہوالشافی:** کافور تین ماشہ' رسکپور چار ماشہ' مرچ سیاہ ڈیڑھ ماشہ' قرنفل ڈیڑھ ماشہ' آب ادرک بقدر ضرورت۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو آب ادرک میں خوب کھرل کیجئے اور حبوب دانہ مونگ بنالیجئے۔

**ترکیب استعمال:** ایک گولی صبح مکھن یا ملائی میں رکھ کر کھلا دیجئے۔

**فائدہ:** ایک ہفتہ کے اندر اندر آتشک نیست و نابود ہوجائے گی ان شاء اللہ عزوجل۔

## 442- اکسیر بے خطا

**عنایت:** جناب حکیم مشیر الدین صاحب پٹکاپور کانپور (ہند)۔

**ہوالشافی:** رسکپور' دارچکنا' دانہ الائچی خورد' زنگار' کشتہ سفید' مرچ سفید' رال سفید ہرایک تین تولہ' قند سیاہ کہنہ چھ تولہ' اجوائن خراسانی' اجوائن دیسی' اجوائن کرفس' اجوائن اجمود ہرایک نو تولہ' عرق گلاب بقدر ضرورت۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو عرق گلاب میں خوب کھرل کر کے نخودی حبوب تیار فرما کر محفوظ رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** ایک گولی مکھن یا ملائی کے ساتھ استعمال کیجئے۔

**فائدہ:** آتشک جدید و قدیم کے لئے نہایت ہی بے خطا دوا ہے ہزاروں مریضوں پر تجربہ شدہ ہے۔

## 443- دوائے ثانی

**عنایت:** جناب حکیم اللہ بخش صاحب خانیکے خورد بہاولپور۔

**ہوالشافی:** ہلیلہ سیاہ تین تولہ' رسکپور ایک تولہ' نیلا تھوتھا ایک تولہ' عرق لیموں سو عدد۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو عرق لیموں میں خوب کھرل کیجئے اور فلفل سیاہ برابر حبوب تیار فرما کر محفوظ رکھئے۔

www.pdfbooksfree.pk



**ترکیب استعمال:** ایک گولی صبح ایک شام ہمراہ روغن زرد کھالیجئے۔

**فائدہ:** آتشک کا بے ضرر علاج ہے خواہ نیا ہو یا پرانا۔

## 444- حب آتشک

**عنایت:** جناب حکیم محمد احمد خان صاحب منڈی نارنگ شیخوپورہ۔

**ہوالشافی:** کمیلا' نیلا تھوتھا' رسکپور' مردہ سنگ' سپاری چھالیہ' الائچی خورد' کشتہ سفید ہرایک برابر وزن۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو دہی گائے میں چار پہر خوب کھرل کیجئے اور حبوب نخودی تیار فرما کر سنبھال رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** ایک گولی صبح ایک شام تازہ پانی سے دیجئے ایک لعاب دہن میں حل کر کے زخموں پر لگا دیجئے۔

**فائدہ:** معمول مطب تجربہ شدہ نسخہ ہے قے اسہال وغیرہ نہیں آتے جملہ امراض جو خون کی خرابی سے پیدا ہوں ان میں مستعمل ہے۔ خفیف حالت میں ایک ہفتہ کافی ہے۔

## 445- حب آرام

**عنایت:** زبدۃ الحکماء جناب حکیم اوتار سنگھ صاحب کلیانہ گجرات (ہند)۔

**ہوالشافی:** رسکپور' دارچکنا ہرایک ایک تولہ' آب ادرک ڈیڑھ پاؤ۔

**ترکیب تیاری:** دونوں ادویات کو آب ادرک میں ڈیڑھ پاؤ خوب کھرل کیجئے اور حبوب دانہ مونگ بنالیجئے۔

**ترکیب استعمال:** ایک گولی حلوے میں رکھ کر نگل لیجئے۔

**فائدہ:** آتشک خواہ کسی قسم کا ہو نابود ہوجاتا ہے نہایت ہی مجرب نسخہ ہے۔

**خوراک:** دودھ چاول گھی روٹی گندم دیجئے۔

## 446- دوائے آتشک

**عنایت:** جناب حکیم عبدالحکیم صاحب پیر محلہ چودھری ہوشیارپور (ہند)۔

**ہوالشافی:** سم الفار سفید' سم الفار سیاہ' سم الفار سرخ' الائچی خورد' کافور' کشتہ سفید' کھریا مٹی ہم وزن عرق گلاب ڈیڑھ کلو۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو عرق گلاب میں خوب کھرل کیجئے اور حبوب دانہ موٹھ بنا کر سنبھال رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** ایک سے دو گولی تک صبح و شام ہمراہ مکھن پانچ تولہ استعمال کیجئے۔

**فائدہ:** آتشک، جذام، بواسیر وغیرہ میں نہایت جیدالاثر دوا ہے۔

## 447- دوائے لاثانی

**عنایت:** شمس الحکماء جناب حکیم محمد خالد صاحب شمیم آراء شاہ آباد (ہند)

**ہوالشافی:** دارچکنا، مدبر در مولی، حب السلاطین، ہم وزن۔

**ترکیب تیاری:** دارچکنا کو بڑی مولی کو اندر سے کھوکھلا کرکے بھر دیں اور گرم بھوبھل میں دبا دیجئے اوپر سے جل جانے پر نکال کر دونوں دواؤں کو کورے پیالہ میں خوب رگڑیں اور محفوظ رکھیے۔

**ترکیب استعمال:** نازک مزاج ایک رتی جب کہ سخت مزاج دو رتی تک حلوے میں ملا کر کھائیں۔

**فائدہ:** قے اور دست آکر تمام آتشکی فاسد مادہ خارج ہوجائے گا پرانے سے پرانے آتشک میں اکسیر ہے ایک دو خوراک سے فوائد کا ظہور ہونا شروع ہوجاتا ہے۔

## 448- مرہم آتشک

**عنایت:** جناب حکیم کرم داد صاحب کوئٹہ بلوچستان۔

**ہوالشافی:** روغن یاسمین تین تولہ، مردار سنگ دو تولہ، پارہ ایک تولہ۔

**ترکیب تیاری:** پہلے روغن اور پارہ کو خوب کھرل کیجئے تاکہ پارہ غائب ہوجائے پھر مردہ سنگ کو باریک کرکے جلا کر خوب کھرل کیجئے اور یک جان بنا کر محفوظ رکھیے۔

**ترکیب استعمال:** بوقت ضرورت آتشک کے زخموں پر لگا دیجئے۔

**فائدہ:** تین چار یوم کے استعمال سے گہرے زخم مندمل ہوجائیں گے۔

### طغرے

- پوست ریٹھا حسب ضرورت مل چھان کر نخودی حبوب بنا کر صبح، دوپہر، شام دیا کریں مفید ہے۔
- ترپھلہ دو تولہ کو جلا کر شہد میں مرہم بنالیجئے برے سے برے زخم اچھے ہوجائیں گے۔

## 449- دوائے بے نظیر

**عنایت:** جناب حکیم عطاء محمد صاحب قلعہ گجر سنگھ۔

**ہوالشافی:** ارنڈ کی نرم کونپلیں دو تولہ، نیلا تھوتھا چار ماشہ، دہی گائے نیم پاؤ۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو خوب کھرل کیجئے اور حبوب جنگلی بیر برابر بنالیجئے۔



**ترکیب استعمال:** پہلے جمال گوٹہ کا مسہل دیجئے اور بعدہ تین گولیاں روزانہ ہمراہ روغن زرد و گوشت استعمال کروائیے۔

**فائدہ:** سات یوم میں انشاء اللہ عزوجل مرض آتشک جڑ سے جاتا رہتا ہے۔

## 450- دوائے کامیاب

**عنایت:** جناب حکیم محمد منیر بھٹی صاحب کوٹ لکھپت لاہور۔

**ہوالشافی:** پت پاپڑہ ایک پاؤ، سنکھیا بلوری ایک تولہ۔

**ترکیب تیاری:** ڈیڑھ کلو پانی میں پت پاپڑہ کو بھگو دیجئے بارہ گھنٹے بعد سم الفار بلوی ایک تولہ ڈال کر خوب پکائیں جب آدھا پانی خشک ہوجائے اتار کر چھان کر محفوظ فرمالیجئے۔

**ترکیب استعمال:** روزانہ صبح، شام چھ چھ ماشہ دوا بعد غذا پلائیں اوپر سے دیسی گھی چھٹانک چھٹانک کھلا دیجئے۔

**فائدہ:** آتشک کے زہر کو رگ رگ سے نکال کر سینکڑوں گلے سڑے مریضوں کو زندگی ملی ہے زخم جس قدر گہرے یا پرانے ہوں چند روز ہی میں ٹھیک ہوجاتے ہیں۔

## 451- حب آتشک

**عنایت:** جناب حکیم محمد بخش ملتانی احمد آباد (ہند)

**ہوالشافی:** جنگ ہرڑ ایک چھٹانک، کتھہ گلابی ایک چھٹانک، سہاگہ خام ایک چھٹانک، نیلا تھوتھا بریاں تین ماشہ، عرق لیموں آدھ کلو۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو خوب کھرل کیجئے تھوڑا تھوڑا عرق ملاتے جائیں اور کھرل کرتے جائیں خشک ہونے پر سوا لاکھ ہتھوڑے کی چوٹ لگائیں بعدہ کوکن بیر برابر حبوب بنا کر محفوظ رکھیے۔

**ترکیب استعمال:** ایک گولی پانی سے دیجئے سیاہ دست آئیں گے پاؤں پانی میں نہ لگائیں۔

**فائدہ:** آتشک تر ہو یا مادہ انشاء اللہ عزوجل چند دنوں میں نابود ہوجائے گا یہ ایک صدری نسخہ ہے یہ نسخہ ایک اشتہاری حکیم صاحب کا پوشیدہ نسخہ ہے۔

www.pdfbooksfree.pk

# برص

| اُردو نام | طبّی نام | ڈاکٹری نام |
| --- | --- | --- |
| سفید داغ | برص | لیوکوڈرما Leucoderama |

## تعریف مرض:

بعض جسمانی حصوں پر سفید داغ پیدا ہوجاتے ہیں جنہیں اصطلاح طب میں برص کہتے ہیں۔

## اسباب:

خوراکی لحاظ سے یا اخلاط کے تحت یا اعضاء کی کمزوری یا فساد پر مرض برص پیدا ہوتا ہے کیونکہ اسباب خواہ بیرونی ہوں یا اندرونی صفرا اور بلغم کی آمیزش سے جو امتزاج ہوتا ہے اس سے مرض برص وجود میں آتی ہے۔

## علامات:

جلد پر جگہ جگہ سفید داغ پڑ جاتے ہیں شروع میں چھوٹے چھوٹے جب کہ پھر بڑے ہوجاتے ہیں عموماً ہاتھوں پاؤں اور چہرے پر نمایاں ہوتے ہیں۔ برص کی رنگت سفید اور چکنی ہوتی ہے مقام ماؤف دوسری جلد سے نرم ہوتا ہے جو اس جگہ بال پیدا ہوتے ہیں وہ بھی سفید ہی ہوتے ہیں۔ اگر اس جگہ نیڈل چبھو دیں تو سفیدی مائل رطوبت خارج ہوتی ہے جو برص کی علامت ہے۔

## علاج:

درج ذیل مجربات میں سے علاج کیجئے۔

## 452- کرامت

**عنایت:** جناب حکیم محمد اکبر صاحب کپورتھلہ (ہند)۔

**ہوالشافی:** چوب چینی چھ ماشہ' تخم پنواڑ چھ ماشہ' بابچی چھ ماشہ' مرچ سیاہ چھ ماشہ' میٹھا تیلیہ چھ ماشہ' کونین چھ ماشہ' عقرقرحا چھ ماشہ' عرق گلاب تازہ پانچ تولہ۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو عرق گلاب تازہ میں خوب کھرل کیجئے اور نخودی حبوب تیار فرما کر محفوظ رکھئے



**ترکیب استعمال:** پہلے کوئی سخت قسم (جلاب جذام) دیا جائے پھر ایک ایک گولی دن میں صبح وشام ہمراہ عرق منڈی کھلا دیجئے۔

**فائدہ:** برص کے لئے ایک لاجواب نسخہ ہے فوائد کے لحاظ سے طبی کرامت ہے جو صندوقچہ کا صدری نسخہ ہے آپ بھی ضرور فوائد حاصل کیجئے۔

## 453- کشتہ مار

**عنایت:** جناب حکیم سرجیت سنگھ گولیار (ہند)۔

**ہوالشافی:** کالا سانپ تقریباً ڈھائی گز لمبا ایک عدد' بابچی پانچ تولہ' پوست انجیر تین تولہ' کبابہ چینی تین تولہ' سنگ راسخ دو تولہ' سنکھیا سفید دو تولہ' مازو سبز ایک تولہ۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو خوب گل حکمت کر کے چالیس کلو اوپلوں کی آگ دیجئے۔ سرد ہونے پر نکال کر ایک پاؤ عرق گلاب میں کھرل کیجئے۔

**ترکیب استعمال:** مقام ماؤف پر دن میں تین یا چار مرتبہ لگا دیا کریں چار پانچ یوم میں دانے نکل آئیں گے چند دنوں کے وقفے کے بعد پھر لگانا شروع کر دیجئے انشاء اللہ عزوجل تین یوم میں شفاء مل جائے گی۔

## طغرے

مور کی ہڈی بابچی اور ہلدی ہم وزن جلا کر عرق کریلا یا شہد میں ملا کر مقام برص پر لگانے سے داغ نابود ہوجاتے ہیں۔

ہلدی اور برگ حنا برابر وزن ملا کر آدھ ماشہ کی مقدار میں صبح دوپہر شام عرق منڈی سے لینے سے فوائد حاصل ہوتے ہیں۔

## 454- حب برص

**عنایت:** جناب حکیم محمد شہباز صاحب حیدرآباد دکن۔

**ہوالشافی:** زنجبیل' فلفل سیاہ' مغز کرنجوہ' مغز جمالگوٹہ ہم وزن۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو کھرل کیجئے اور حبوب نخودی تیار کریں۔

**ترکیب استعمال:** ایک گولی سے دو گولی ہمراہ دودھ کھلائیں۔

**فائدہ:** بادفرنگ' جذام' برص' بہق وغیرہ میں جید الاثر ہے۔

## 455- حب برص

**عنایت:** جناب حکیم محمد شہباز صاحب حیدرآباد دکن۔

www.pdfbooksfree.pk

**ہوالشافی:** زنجبیل، فلفل سیاہ، مغز کرنجوہ، مغز جمالگوٹہ ہم وزن۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو کھرل کیجئے اور حبوب نخودی تیار کریں۔

**ترکیب استعمال:** ایک گولی سے دو گولی ہمراہ دودھ کھلائیں۔

**فائدہ:** باد فرنگ، جذام، برص، بہق وغیرہ میں جید الاثر ہے۔

## 456- اکسیر پھلبہری

**عنایت:** جناب حکیم باوابشیشر ناتھ صاحب ہنڈوری باوا اداس ہوشیار پور (ہند)۔

**ہوالشافی:** سہاگہ، میٹھا تیلیہ، رسونت، بابچی، فلفل سیاہ ہر ایک ایک تولہ، شیر میش تین پاؤ۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو شیر میش میں ڈال کر محفوظ رکھ دیجئے روزانہ کسی چیز سے ہلاتے رہیں سات یوم تک یہ عمل کرنے کے بعد اس تمام دوا کو محفوظ کر لیجئے۔

**ترکیب استعمال:** داغوں پر بطور ضماد لگا دیا کریں۔

## 457- اکسیر پھلبہری

**عنایت:** جناب حکیم محمد امین صاحب موتی باغ دھلی (ہند)۔

**ہوالشافی:** بابچی، نوشادر، سم الفار، ہڑتال طبقی، لوہا چون، پھٹکڑی سفید ہر ایک ایک تولہ، صندل سفید چھ ماشہ، مشک کافور دو ماشہ۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو خوب کھرل کر کے محفوظ رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** سرکہ انگوری میں تھوڑی سی دوا ملا کر مقام برص پر ضماد کیجئے اور دو گھنٹے بعد گرم پانی سے دھو دیں۔

**فائدہ:** برص میں اکسیر ہے۔

## 458- اکسیر برص

**عنایت:** جناب حکیم محبوب الٰہی صاحب، گوجرانوالہ۔

**ہوالشافی:** انجیر دشت کی جڑ، نرکچور، بابچی، تخم پنواڑ برابر وزن عرق لیموں بقدر ضرورت۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو عرق لیموں میں خوب کھرل کیجئے اور مرہم بنا کر محفوظ رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** مقام ماؤف پر ضماد کر کے چار گھنٹے بعد گرم پانی سے دھو دیجئے۔

**فائدہ:** فساد خون برص وغیرہ میں اکسیر ہے۔

## 459- روغن پھلبہری

**عنایت:** جناب حکیم کیلاش چندر شرما غازی آباد میرٹھ (ہند)۔

www.pdfbooksfree.pk



**ہوالشافی:** بابچی، تخم پنواڑ، چاول مونگرا خالص ہر ایک بارہ تولہ، بوٹی قاضی دستار کا پانی آدھا کلو، آب دودھک بوٹی آدھا کلو۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو آب قاضی دستار میں کھرل کیجئے پھر دودھک بوٹی کے پانی میں کھرل کیجئے بعدہ بذریعہ پتال جنتر روغن کشید کیجئے۔

**ترکیب استعمال:** ایک بوند مسکہ میں رکھ کر نگل لیجئے اور اسی کی مقام ماؤف پر مالش کیجئے۔

**فائدہ:** سفید داغ، برص میں نہایت ہی مجرب نسخہ ہے جو کبھی خطا نہیں گیا۔ چالیس روز میں مکمل آرام ہوگا انشاء اللہ عزوجل۔

## 460- تریاق برص

**عنایت:** جناب حکیم جمال الدین صاحب شاہ پور۔

**ہوالشافی:** پوست بلیلہ، پوست ہلیلہ، پوست آملہ، افتیمون، عقرقرحا ہر ایک ایک تولہ، فلفل دراز چار ماشہ، گنج ڈیڑھ تولہ، شہد خالص ایک پاؤ۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو خوب کھرل کر کے شہد ملا کر محفوظ رکھیں۔

**ترکیب استعمال:** روزانہ صبح چھ ماشہ ہمراہ منڈی کھلا دیجئے جب کہ ضماد کے لئے کوئی دوا استعمال کیجئے۔

**فائدہ:** برص میں فائدہ مند ہے۔

## 461- ضماد برص

**عنایت:** جناب حکیم شیخ احمد صاحب راجواڑ رتنا گری (ہند)۔

**ہوالشافی:** گل ارمنی تین تولہ، عرق گندھک آملہ سار پچاس گرام، عرق کافور سو گرام، آب برگ حنا سو گرام۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو خوب کھرل کرتے جائیں حتیٰ کہ تمام پانی ختم ہو کر مثل غبار پوڈر ہو جائے تو سنبھال کر رکھیں۔

**ترکیب استعمال:** اس میں بوقت ضرورت سرکہ ڈال کر مقام ماؤف پر لیپ کر دیجئے۔

**فائدہ:** چند دنوں تک بلاناغہ لیپ کرنے سے جلد اصلی حالت پر آ جاتی ہے۔

## 462- دوائے خاص

**عنایت:** جناب حکیم عبدالرحمٰن صاحب بستی شیخ جالندھر (ہند)۔

**ہوالشافی:** قسط تلخ، شیطرج ہندی، زرنیخ سرخ، فلفل سیاہ، زنگار ہموزن سرکہ بقدر ضرورت۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو خوب کھرل کیجئے اور سرکہ ملا کر رکھ دیجئے۔

**ترکیب استعمال:** بوقت ضرورت داغوں پر ضماد لگا دیجئے۔

**فائدہ:** برص میں تجربہ شدہ ہے۔

## 463- اکسیر اوتاد

**عنایت:** جناب حکیم محمد خلیل احمد صاحب پیلی بھیت (ہند)

**ھوالشافی:** باؤچی، گیرو، گندھک آملہ سار برابر وزن۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو خوب کھرل کرکے پانی کی مدد سے حبوب تیار فرمالیجئے۔

**ترکیب استعمال:** تین گولی صبح تین گولی شام ہمراہ عرق منڈی کھلا دیا کریں۔

**فائدہ:** برص میں خوردنی طور پر اعلیٰ اوصاف کا حامل نسخہ ہے متعدد مرتبہ کا تجربہ شدہ ہے اللہ عزوجل کے اولیاء کرام سے منظور شدہ ہے۔

## 464- سہانجنہ پلز

**عنایت:** جناب حکیم عبدالغنی صاحب ڈگری باب السلام سندھ۔

**ھوالشافی:** بلادر کلاہ بریدہ پانچ تولہ، ایک موٹی تازہ لکڑی سہانجنہ، باؤچی پانچ تولہ۔

**ترکیب تیاری:** سہانجنہ میں سوراخ کرکے بلادر بھر کر اوپر بورہ لگا کر گل حکمت کرکے دو ماہ کے لئے سنبھال رکھئے پھر بلادر نکال کر باؤچی ڈال کر خوب کھرل کیجئے اور محفوظ رکھیں۔

**ترکیب استعمال:** ایک ماشہ سے چار ماشہ تک آہستہ آہستہ مقدار بڑھائیں ہمراہ دودھ۔

**فائدہ:** برص خواہ عمر سے بھی پرانا ہو انشاء اللہ عزوجل چند یوم میں ختم ہوکر صحت کلی حاصل ہوگی۔



باب 11:

# دانتوں اور مسوڑھوں کی امراض

دانت عمر کے لحاظ سے دو اقسام کے ہوتے ہیں:

**عارضی دانت:** جو بچوں میں چھ ماہ سے سات سال تک نکلتے رہتے ہیں اور گرتے رہتے ہیں انہیں بچوں کے دانت بھی کہتے ہیں ان کی تعداد بیس ہوتی ہے۔

**مستقل دانت:** جو سات سال کی عمر سے بیس سال تک نکلتے رہتے ہیں ان کی تعداد بتیس ہوتی ہے۔

**مسوڑھے:** مسوڑھے ایک طرح کی سخت اور مضبوط لعاب دار جھلی ہے اس میں اعصاب گوشت اور لہذا بھی ہوتے ہیں یہ جھلی دانتوں کی جڑوں سے چسپاں رہتی ہے انہیں مسوڑھے کہتے ہیں۔

## درد دانت

| اُردو نام | طبی نام | ڈاکٹری نام |
| --- | --- | --- |
| دانت کا درد | وجع السن | ٹوتھ ایک Toothache |

**تعارف:** درد دانت سے ہر شخص بخوبی واقف ہے ایسا شدید ہوتا ہے کہ دن کو تارے نظر آ جاتے ہیں۔

**اسباب وعلامات:** دانتوں کی جڑ میں کریڑا لگ جانا اس کی وجہ سے مسوڑھے متورم ہوکر درد کرنے لگتے ہیں دانتوں میں میل کچیل کا جمنا، ترش یا شیریں غذائیں زیادہ استعمال کرنا، حفظان صحت کے اصولوں کے مطابق زندگی نہ گزارنا، مسواک شریف نہ کرنا وغیرہ۔

بیمار دانت میں اس شدت سے درد ہوتا ہے کہ مریض بلبلا اٹھتا ہے نزدیکی مسوڑھے بھی متورم ہوجاتے ہیں یہاں تک کہ بعض اوقات رخسار اور چہرہ بھی متورم ہوجاتا ہے۔

www.pdfbooksfree.pk

علاج:

درج ذیل مجربات میں سے تجویز فرما کر علاج کیجئے۔

## 465- سلطانی منجن

**عنایت:** جناب حکیم محمد بشیر سلطانی صاحب ملتان شریف۔

**ھوالشافی:** فلفل سیاہ تین ماشہ' مشک کافور تین ماشہ' یوکلپٹس آئیل دس قطرے' پھٹکڑی بریاں چھ ماشہ' سوڈیم بائی کارب چھ ماشہ' خاکستر چھالیہ ایک تولہ' چاک مٹی دو تولہ۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو نہایت باریک کر لیجئے بعدہ یوکلپٹس آئیل حل کر کے محفوظ فرما لیجئے۔

**ترکیب استعمال:** صبح و شام بعد طعام دانتوں پر خوب ملیں۔

**فائدہ:** خون بند ہو جاتا ہے سوڑھوں کے درد میں بے حد مفید ہے۔ روتا آئے اور ہنستا جائے کے مصداق ہے۔

## 466- لقمانی آئیل

**عنایت:** جناب حکیم محمد ادریس صاحب دھلی (ہند)۔

**ھوالشافی:** کلورل ہائیڈریٹ چار ماشہ' کافور دیسی چار ماشہ' نوووکین چار رتی' ست پودینہ چار ماشہ' روغن لونگ ایک ماشہ۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو ایک شیشی میں ڈال کر دھوپ میں رکھئے پانی ہو جائیں گی۔

**ترکیب استعمال:** مقام ماؤف پر پھریری سے لگائیے۔

**فائدہ:** یہ ایک مرکب دانت درد کے علاوہ جانوروں کے کاٹے پر لگانے سے فوراً درد کی تکلیف دور ہو جاتی ہے۔

## 467- سنون قریشی

**عنایت:** جناب حکیم بشیر احمد صاحب اتھائیں بجنور (ہند)۔

**ھوالشافی:** ارہر کی دال 250 گرام' پھٹکڑی سفید 75 گرام۔

**ترکیب تیاری:** ارہر کی دال کو پہلے روغن زرد میں بریاں کیجئے بعدہ پھٹکڑی گرینڈ کر کے ملا دیجئے اور سنبھال رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** بوقت ضرورت دانتوں پر ملیں اور لعاب باہر نکال دیا کریں۔

**فائدہ:** دانتوں کے جملہ امراض میں اکسیر ہے۔



## 468- پائیورین

**عنایت:** جناب حکیم سید قائم حسین شاہ صاحب کوچہ چیلان دھلی (ہند)۔

**ھوالشافی:** کالا دانہ ہلدی دو دو تولہ پانی ایک کلو۔

**ترکیب تیاری:** دونوں دواؤں کو پانی میں خوب جوش دیجئے۔

**ترکیب استعمال:** نیم گرم پانی سے کلیاں کیجئے جس قدر پانی منہ میں رہ سکے گا اس قدر ... نا ہوگا۔

**فائدہ:** دانتوں اور مسوڑھوں کا ورم' مسوڑھوں کا منہ' دانتوں تیز ہوں اور مسوڑھوں سے پیپ اور ... نکلنا' دانتوں کا جڑیں چھوڑنا' ہلنا' میرا ذاتی تجربہ شدہ نسخہ ہے۔

## 469- شمسی ٹوتھ پوڈر

**عنایت:** جناب حکیم حاجی پیر بخش شمسی صاحب ڈیرہ غازی خان۔

**ھوالشافی:** پوست مغیلاں چار تولہ' شنگرف سوختہ' نمک بت' پھٹکڑی' چھالیہ ہر ایک ایک تولہ' فلفل سیاہ ایک ماشہ' زنجبیل دو ماشہ' پھٹکڑی بریاں' گل انار' پوست انار ہر ایک دو تولہ' قرنفل تین ... الائچی خورد چھ ماشہ' پوست بادام سوختہ چھ تولہ۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو نہایت باریک کر کے ڈبیوں میں محفوظ رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** ضرورت کے تحت دانتوں پر ملیں۔

**فائدہ:** دانتوں اور داڑھوں کے اکثر امراض کو دور کرتا ہے اور دانتوں کو صاف کرتا ہے ... مسوڑھوں کو مستقل فائدہ کرتا ہے۔

## 470- پین آف

**عنایت:** جناب حکیم ہری سنگھ صاحب چک نمبر 55 ب الہ فیصل آباد۔

**ھوالشافی:** کریازوٹ' ٹنکچر آیوڈین' کاربالک ایسڈ' کلورل ہائیڈریٹ' کافور ہموزن۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو شیشی میں ڈال کر سنبھال کر رکھیں۔

**ترکیب استعمال:** روئی کے پھاہے سے دانت کے سوراخ میں لگا دیجئے چند سیکنڈ میں کامل آرام آجائے گا۔

**فائدہ:** درد دانت وغیرہ میں روتا ہوا آئے مسکراتا لوٹے سیکڑوں مریضوں پر آزمایا گیا ہے۔

www.pdfbooksfree.pk

## 471- ماسخورہ

**عنایت:** جناب حکیم محمد عبدالحق شاہپوری صاحب عنایت پور سرگودھا۔
**ھوالشافی:** نوشادر دو تولہ' کاہی سرخ تین تولہ۔
**ترکیب تیاری:** دونوں ادویات کو نہایت باریک پیس لیجئے۔
**ترکیب استعمال:** بوقت ضرورت تھوڑا سا پوڈر مسوڑھوں پر ملیں اور لعاب دھن گراتے رہیں اور بعدہ مسوڑھوں پر روغن گاؤ لگا دیجئے۔
**فائدہ:** ماسخورہ کے لئے نہایت ہی جید الاثر دوا ہے۔

## 472- اکسیر دندان

**عنایت:** جناب حکیم محمد اسماعیل صاحب جیدار بیٹ ضلع نیلور مدراس (ہند)۔
**ھوالشافی:** عقرقرحا' مرچ سیاہ' نوشادر' مازو' کافور' پھٹکڑی بریاں ہم وزن۔
**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو نہایت باریک کر کے سفوف بنا لیجئے۔
**ترکیب استعمال:** بوقت ضرورت درد والے مقام پر لگا دیجئے۔
**فائدہ:** دانتوں کا درد منٹوں میں دور ہو جاتا ہے۔

## 473- اکسیر گوشت خورہ

**عنایت:** جناب حکیم کرم علی صاحب چک رائب ملکوال۔
**ھوالشافی:** سلفیورک ایسڈ آدھا اونس' صاف پانی چار اونس۔
**ترکیب تیاری:** دونوں کو ملا کر محفوظ رکھیں۔
**ترکیب استعمال:** صبح و شام کھانے کے بعد کلیاں کیجئے۔
**فائدہ:** گوشت خورہ دفع ہو کر دانت موتی کی مانند سفید ہو جائیں گے۔

## 474- اکسیر دانت

**عنایت:** جناب حکیم محمد اسماعیل صاحب چک نمبر 228 ج۔ب بھوانہ جھنگ۔
**ھوالشافی:** چونا تر' نوشادر ہم وزن۔
**ترکیب تیاری:** دونوں کو ملا کر سنبھال رکھئے۔
**ترکیب استعمال:** انگلی سے درد والے مقام پر ملیں نیز مقام درد پر پھایہ رکھیں۔
**فائدہ:** فوراً درد دانت نابود ہو جائے گا مجرب ہے۔



## 475- تریاق گوشت خورہ

**عنایت:** جناب حکیم محمد مظفر ہاشمی صاحب سیانہ ضلع بلند یو پی (ہند)۔
**ھوالشافی:** شب یمانی بریاں ایک تولہ' نیلا تھوتھا بریاں دو ماشہ' گل سرخ تین ماشہ' کتھہ سفید تین ماشہ' طباشیر تین ماشہ' خرمہرہ زرد سوختہ چار عدد' زیرہ سفید دو ماشہ۔
**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو باریک پوڈر بنا کر محفوظ رکھئے۔
**ترکیب استعمال:** قدرے دانتوں پر مل لیجئے اور لعاب گراتے رہیے۔
**فائدہ:** گوشت خورہ میں از حد مجرب ہے۔

## 476- اکسیر دندان

**عنایت:** جناب حکیم محمد انور خان صاحب لکھی سرائے مونگیر (ہند)۔
**ھوالشافی:** عقرقرحا' زیرہ سفید' نمک لاہوری' نوشادر' اجوائن دیسی ہر ایک تین تولہ' فلفل سیاہ دو تولہ' پھٹکڑی بریاں چھ تولہ' مازو سوختہ چھ تولہ' افیون سوختہ چار ماشہ۔
**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو باریک کر کے ڈبیوں میں محفوظ رکھئے۔
**ترکیب استعمال:** بوقت ضرورت دانتوں پر مالش کریں۔
**فائدہ:** درد دندان اور دیگر امراض دندان میں اعلیٰ درجہ کا نسخہ ہے۔

## 477- بنوں ٹوتھ پوڈر

**عنایت:** جناب حکیم نصر اللہ صاحب بازار احمد خان صاحب بنوں۔
**ھوالشافی:** سوڈیم بائیکارب' پھٹکڑی سفید برابر وزن۔
**ترکیب تیاری:** دونوں کو ملا کر خوب کھرل کیجئے۔
**ترکیب استعمال:** بوقت ضرورت دانتوں پر مالش کیجئے۔
**فائدہ:** دانتوں کو صاف اور مضبوط کرتا ہے خون کو روکتا ہے نہایت مفید اور مجرب نسخہ ہے۔

## 478- روغن رحمت

**عنایت:** جناب حکیم محمد عمر صاحب بڈھا پور بجنور (ہند)۔
**ھوالشافی:** کریازوٹ' ٹنکچر لوبیائی' کلوروفارم' ست کافور' ست پودینہ' ست اجوائن' روغن لونگ برابر وزن۔
**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو ایک شیشی میں ڈال کر محفوظ رکھیں۔
**ترکیب استعمال:** روئی کے پھایہ سے دانتوں پر پھریری سے لگا دیا کریں۔

www.pdfbooksfree.pk

**فائدہ:** ہر قسم کے درد دانت، درد کان، درد داڑھ، ورم حلب وغیرہ میں جید الاثر دوا ہے۔

## 479- روغن مدینہ

**عنایت:** جناب حکیم مہتہ بدری ناتھ ستراہ گجرات۔

**ہوالشافی:** ست کافور، کاربالک ایسڈ برابر وزن۔

**ترکیب تیاری:** دونوں کو مضبوط ڈھکن والی بوتل میں ڈال کر محفوظ رکھیں۔

**ترکیب استعمال:** روئی سے مقام درد پر لگائیں۔

**فائدہ:** نہایت ہی قابل رشک نسخہ ہے الحمدللہ عزوجل میرا معمول مطب ہے نہایت ہی اچھے فوائد کا حامل ہے۔

## 480- شفائی منجن

**عنایت:** جناب حکیم عبدالخالق صاحب پیرووال پاکپتن۔

**ہوالشافی:** ازراقی کا کوئلہ ایک تولہ، طوطیا بریاں ایک ماشہ، پھٹکڑی بریاں دو ماشہ، مرچ سیاہ ایک ماشہ۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو خوب پوڈر بنا کر محفوظ رکھیں۔

**ترکیب استعمال:** بوقت ضرورت بطور منجن استعمال کیجئے۔

**فائدہ:** دانتوں کا درد، مسوڑھوں کا پھولنا، ورم درد مسوڑہ، پانی لگنا، دانت کا کیڑا، پائیوریا کا واحد علاج ہے۔

## 481- اکسیر ماسخورہ

**عنایت:** جناب حکیم تبرک حسین شاہ صاحب مرزا پور یوپی (ہند)۔

**ہوالشافی:** گل سپاری، ماجو سبز، عقرقرحا، پھٹکڑی بریاں، کوکنار ہر ایک چھ تولہ۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو خوب پوڈر بنا کر محفوظ رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** پہلے گرم پانی سے کلیاں کیجئے بعدہ پوڈر کو دانتوں پر ملیں۔

**فائدہ:** ماسخورہ میں نہایت ہی مجرب ہے اور شرطیہ حکیمہ علاج ہے۔

## 482- تریاق اسنان

**عنایت:** جناب حکیم ٹھاکر رام دھن صاحب بڑوہ کانگڑہ (ہند)۔

**ہوالشافی:** گل ببول پانچ تولہ، پھٹکڑی بریاں پانچ تولہ۔

**ترکیب تیاری:** دونوں کو خوب کھرل کر کے محفوظ رکھیں۔



**ترکیب استعمال:** دن میں دو یا تین مرتبہ مسوڑھوں پر مل لیا کریں۔

**فائدہ:** مسوڑھوں اور دانتوں کے امراض میں مفید ہے خون نکلنے میں بے حد نافع ہے۔

## 483- دوائے دندان

**عنایت:** جناب حکیم دیوان بوگھا رام صاحب ٹانک سرحد۔

**ہوالشافی:** کافور، کاربالک ایسڈ، کریازوٹ، ٹنکچر آیوڈین، کلورل ہائیڈریٹ برابر وزن۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو ایک شیشی میں محفوظ رکھیں تیل ہو جائے گا۔

**ترکیب استعمال:** احتیاط سے دانت پر روئی سے لگائیں اگر سوراخ ہو تو سوراخ میں لگائیں فوراً آرام آجائے گا۔

**فائدہ:** پہلی مرتبہ کے بعد اگر درد پھر شروع ہو جائے تو دوبارہ لگائیں یا تیسری مرتبہ لگائیں پھر ضرورت نہ ہوگی۔

## 484- سنون سکون بخش

**عنایت:** جناب حکیم سید اللہ بخش صاحب نصیر چمن پٹن بنگلور (ہند)۔

**ہوالشافی:** پوست بیخ مغیلاں آٹھ تولہ، سنگجراحت، کتھہ، پت پاپڑہ، سپاری ہر ایک دو تولہ، فلفل سیاہ تین ماشہ، زنجبیل تین ماشہ۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو باریک کر کے سنون سنبھال کر رکھیں۔

**ترکیب استعمال:** بطور دوا دانتوں پر ملیں اور لعاب بہنے دیجئے۔

**فائدہ:** دانتوں کے جملہ امراض میں مفید الاثر ہے۔

## 485- اکسیر دندان

**عنایت:** جناب حکیم محمد حیات صاحب چک نمبر 407 گ ب تاندلیانوالہ سردار آباد (فیصل آباد)

**ہوالشافی:** پوست بیخ مغیلاں چار تولہ، مصطگی رومی ایک تولہ، فلفل سیاہ ایک ماشہ، سنگجراحت ایک تولہ، ناگرموتھا چھ تولہ، پاپڑہ ایک تولہ، زنجبیل ایک ماشہ۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو نہایت باریک کر کے منجن سنبھال کر رکھیں۔

**ترکیب استعمال:** بوقت ضرورت دن میں تین مرتبہ استعمال کیجئے اور لعاب باہر گراتے جائیں۔

**فائدہ:** امراض دندان میں ہر لحاظ سے لاجواب کمال ہے۔

www.pdfbooksfree.pk

**فائدہ:** ہر قسم کے درد دانت، درد کان، درد داڑھ، ورم صلب وغیرہ میں جید الاثر دوا ہے۔

## 479- روغن مدینہ

**عنایت:** جناب حکیم مہتہ بدری ناتھ ستراہ گجرات۔

**ہوالشافی:** ست کافور، کاربالک ایسڈ برابر وزن۔

**ترکیب تیاری:** دونوں کو مضبوط ڈھکن والی بوتل میں ڈال کر محفوظ رکھیں۔

**ترکیب استعمال:** روئی سے مقام درد پر لگائیں۔

**فائدہ:** نہایت ہی قابل رشک نسخہ ہے الحمدللہ عزوجل میرا معمول مطب ہے نہایت ہی اعلیٰ فوائد کا حامل ہے۔

## 480- شفائی منجن

**عنایت:** جناب حکیم عبدالخالق صاحب پیرووال پاکپتن۔

**ہوالشافی:** ازراقی کا کوئلہ ایک تولہ، طوطیا بریاں ایک ماشہ، پھٹکری بریاں دو ماشہ، مرچ سیاہ ایک ماشہ۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو خوب پوڈر بنا کر محفوظ رکھیں۔

**ترکیب استعمال:** بوقت ضرورت بطور منجن استعمال کیجئے۔

**فائدہ:** دانتوں کا درد، مسوڑھوں کا پھولنا، ورم، درد مسوڑہ، پانی لگنا، دانت کا کیڑا، پائیوریا کا واحد علاج ہے۔

## 481- اکسیر ماسخورہ

**عنایت:** جناب حکیم تبرک حسین شاہ صاحب مرزا پور یوپی (ہند)۔

**ہوالشافی:** گل سپاری، ماجو سبز، عقرقرحا، پھٹکری بریاں، کوکنار ہر ایک چھ تولہ۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو خوب پوڈر بنا کر محفوظ رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** پہلے گرم پانی سے کلیاں کیجئے بعدہ پوڈر کو دانتوں پر ملیں۔

**فائدہ:** ماسخورہ میں نہایت ہی مجرب ہے اور شرطیہ حکیمہ علاج ہے۔

## 482- تریاق اسنان

**عنایت:** جناب حکیم ٹھاکر رام دھن صاحب بردہ کانگڑہ (ہند)۔

**ہوالشافی:** گل ببول پانچ تولہ، پھٹکری بریاں پانچ تولہ۔

**ترکیب تیاری:** دونوں کو خوب کھرل کر کے محفوظ رکھیں۔

www.pdfbooksfree.pk



**ترکیب استعمال:** دن میں دو یا تین مرتبہ مسوڑھوں پر مل لیا کریں۔

**فائدہ:** مسوڑھوں اور دانتوں کے امراض میں مفید ہے خون نکلنے میں بے حد نافع ہے۔

## 483- دوائے دندان

**عنایت:** جناب حکیم دیوان بوگھا رام صاحب ٹانک سرحد۔

**ہوالشافی:** کافور، کاربالک ایسڈ، کریازوٹ، ٹنکچر آیوڈین، کلورل ہائیڈریٹ برابر وزن۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو ایک شیشی میں محفوظ رکھیں تیل ہوجائے گا۔

**ترکیب استعمال:** احتیاط سے دانت پر روئی سے لگائیں اگر سوراخ ہوتو سوراخ میں لگائیں فوراً آرام آجائے گا۔

**فائدہ:** پہلی مرتبہ کے بعد اگر درد پھر شروع ہوجائے تو دوبارہ لگائیں یا تیسری مرتبہ لگائیں پھر ضرورت نہ ہوگی۔

## 484- سنون سکون بخش

**عنایت:** جناب حکیم سید اللہ بخش صاحب نصیر چمن پٹن بنگلور (ہند)۔

**ہوالشافی:** پوست بیخ مغیلاں آٹھ تولہ، سنگجراحت کھتہ، پت پاپڑہ، سپاری ہر ایک دو تولہ، فلفل سیاہ تین ماشہ، زنجبیل تین ماشہ۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو باریک کر کے سنون سنبھال کر رکھیں۔

**ترکیب استعمال:** بطور دوا دانتوں پر ملیں اور لعاب بہنے دیجئے۔

**فائدہ:** دانتوں کے جملہ امراض میں مفید الاثر ہے۔

## 485- اکسیر دندان

**عنایت:** جناب حکیم محمد حیات صاحب چک نمبر 407 گ ب تاندلیانوالہ سردار آباد (فیصل آباد)

**ہوالشافی:** پوست بیخ مغیلاں چار تولہ، مصطگی رومی ایک تولہ، فلفل سیاہ ایک ماشہ، سنگجراحت ایک تولہ، ناگرموتھا چھ تولہ، پاپڑہ ایک تولہ، زنجبیل ایک ماشہ۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو نہایت باریک کر کے منجن سنبھال کر رکھیں۔

**ترکیب استعمال:** بوقت ضرورت دن میں تین مرتبہ استعمال کیجئے اور لعاب باہر گراتے رہیں۔

**فائدہ:** امراض دندان میں ہر لحاظ سے لاجواب کمال ہے۔

## 486- اکسیری منجن

**عنایت:** جناب حکیم محمد ساجد قادری صاحب بمبئی (ہند)۔

**ھوالشافی:** سہاگہ شگفتہ' مازو سبز' کباب چینی ہرایک تین تولہ' ہلیلہ جلا ہوا پھٹکڑی شگفتہ سرایم بائیکارب ہرایک چھ ماشہ' کوڑی شگفتہ تین تولہ' راکھ آک نو تولہ۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو باریک کر کے سفوف بنالیجئے اور سنبھال رکھیں۔

**ترکیب استعمال:** بطور منجن استعمال کیجئے۔

**فائدہ:** اس سے دانتوں کی تمام خرابیاں دور ہوجاتی ہیں ورم اتر جاتا ہے خون بند ہوجاتا ہے اور دانت موتیوں کی طرح چمک دار ہوجاتے ہیں۔

## 487- تریاق ماخورہ

**عنایت:** جناب حکیم غلام رسول صاحب حیدرآباد باب السلام سندھ۔

**ھوالشافی:** شب یمانی دو تولہ' نیلا تھوتھا ایک ماشہ' مصطگی رومی تین ماشہ۔

**ترکیب تیاری:** شب یمانی کو کڑاہی میں رکھیں اور آگ جلادیں جب پگھل جائے تو نیلا تھوتھا باریک شدہ ڈال دیجئے جب نمی قدرے باقی ہو تو مصطگی باریک کردہ اوپر چھڑک کر چاقو سے ہلاتے رہئے یہاں تک کہ رطوبت ختم ہوجائے پھر سرد ہونے پر سنبھال رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** چار رتی منجن کی طرح دانتوں پر ملیں اور رال بہنے دیجئے۔

**فائدہ:** انشاء اللہ عزوجل رطوبت بہت سی خارج ہوکر بدبو' پیپ خون وغیرہ رفع ہوجائے گا۔ دانت مضبوط اور مسوڑھے طاقت ور ہوجائیں گے۔

## 488- دادو منجن

**عنایت:** جناب حکیم محمد حفیظ اللہ صاحب ڈیرہ اسماعیل خان۔

**ھوالشافی:** صدف سوختہ' سمندر جھاگ' سفیدہ کاشغری' پھٹکڑی بریاں ہرایک دو تولہ' مازو بریاں' چھالیہ سوختہ ایک تولہ' پوٹاشیم پرمینگنیٹ نصف رتی' کاربالک ایسڈ ایک رتی' کافور ایک تولہ' برگ کنیر سفید' پوست انار' گٹھلی جامن ہرایک ایک تولہ۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو باریک کرکے آپس میں ملا کر محفوظ رکھیں۔

**ترکیب استعمال:** بطور منجن استعمال کریں۔

**فائدہ:** دانتوں کی تمام تکالیف کا مداوا ہے دانتوں کو موتیوں کی طرح چمکا دیتا ہے بڑے پایا کی چیز ہے۔

www.pdfbooksfree.pk



باب 12:

# دل کے امراض

**دل کی مختصر تشریح:**

دل کو عربی میں قلب اور انگریزی میں ہارٹ کہتے ہیں یہ ایک عضو رئیس ہے جو کہ مخروطی شکل کے غلاف کے اندر ملفوف ہوتا ہے یہ سینے میں بائیں پستان کے قریب واقع ہے اس کا رنگ تازگی میں سرخ اور پھر سرخ سیاہی مائل ہوجاتا ہے اس کے اندر دائیں بائیں خانے ہوتے ہیں اوپر والے خانے اذن جب کہ نیچے والے بطن کہلاتے ہیں سارے جسم کا کثیف خون دائیں اذن میں گرتا ہے پھر نیچے بطن میں آجاتا ہے پھر وہاں سے صفائی کے لئے پھیپھڑوں میں گرتا ہے اور پھر شریان اعظم کے ذریعے تمام جسم میں چلا جاتا ہے اور یہ سلسلہ جاری رہتا ہے دل کی ضرب جو سینے پر ہاتھ رکھنے سے محسوس ہوتی ہے اس کی تعداد عمر کی مختلف حالتوں میں مختلف ہوتی ہے اس کی حرکت بند ہوکر سکون میں تبدیل ہوتی ہے (یعنی موت واقع ہوتی ہے) مردوں میں دل کا وزن پانچ سے چھ چھٹانک جب کہ عورتوں میں چار سے پانچ چھٹانک تک ہوتا ہے۔ دل کے حالات کا پتہ نبض' سانس' سینہ کے بالوں اور بدن کو چھونے سے چلتا ہے۔

# ضعف قلب

اس مرض میں قلب کسی غیر معمولی صدمہ یا کسی اندرونی سبب سے مضطربانہ حرکت کرنے لگتا ہے۔

**اسباب:**

ضعف ہضم' خون کی کمی' ضعف اعصاب' تمباکو نوشی' کثرت چائے نوشی' شراب نوشی' کثرت جماع' مشت زنی' رنج وغم کی زیادتی وغیرہ اس کے اسباب میں شامل ہیں۔

**علامات:**

معمولی اتفاقی حادثے' سیڑھیوں پر چڑھنے اور غصہ کی حالت میں دل سینے میں متعدد زور سے دھڑکتا ہے آنکھوں کے سامنے اندھیرا چھا جاتا ہے طبیعت سست دائمی قبض اور بھوک کم ہوجاتی ہے خیالات زیادہ آتے ہیں وغیرہ۔

## علاج:

درج ذیل مجربات میں سے علاج کریں۔

## 489- خمیرہ گاؤزبان عنبری

**عنایت:** جناب حکیم محمد شریف خان صاحب دہلی (ہند)۔

**ھوالشافی:** گاؤزبان دس ماشہ، گل گاؤزبان، دھنیا خشک، ابریشم مقرض، بہمن سفید، بہمن سرخ، صندل سفید، تخم بلنگو، تخم فرنج مشک ہرایک ایک تولہ، پانی دو کلو گرام، مصری تین پاؤ، شہد خالص دس تولہ، عنبر اشہب ڈیڑھ ماشہ، ورق نقرہ چھ ماشہ، ورق طلاء تین ماشہ۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو خوب باریک کرکے شہد و مصری کا قوام بنا کر ملا دیجئے بعدہ عنبر اشہب مشک ورق نقرہ اور ورق طلا الگ روح کیوڑہ میں خوب کھرل کرکے ملا کر خمیرہ تیار کرلیجیے۔

**ترکیب استعمال:** چار ماشہ سے چھ ماشہ عرق گاؤزبان اور عرق روح کیوڑہ سے صبح وشام لیجیے۔

**فائدہ:** دماغی تقویت اور دل کی تفریح کے لئے بے نظیر ہے اس کے استعمال سے مالیخولیا خفقان اور ضعف قلب کی تمام شکایات رفع ہوجاتی ہیں ہزاروں مریضوں پر آزمایا جاچکا ہے نہایت ہی مجرب ہے۔

## 490- معجون عنبر

**عنایت:** شفا الملک جناب حکیم رشید احمد خان صاحب امروہہ (ہند)۔

**ھوالشافی:** عنبر اشہب ایک ماشہ، کستوری خالص، عاقرقرحا، دارفلفل، پنیر مایہ شترا عرابی، جوزبوا، بسباسہ، زعفران آٹھ ماشہ، زنجبیل، دارچینی، جدوار خطائی، ہرایک ایک تولہ، شہد دو چند۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو نہایت باریک کرلیجے اور شہد میں ملا کر معجون تیار کرکے محفوظ رکھیے۔

**ترکیب استعمال:** چھ ماشہ رات سوتے وقت ہمراہ شیر نیم گرم دیجئے۔

**فائدہ:** ضعف باہ کے لئے نہایت مجرب ہے ضعف قلب و دماغ، سستی کاہلی دور کرتا ہے معمولی مطب اکسیر الاثر ہے۔

## 491- دوائے قلب

**عنایت:** جناب حکیم محمد انوار الحق صاحب تھانہ بھون ضلع مظفر نگر (ہند)۔

www.pdfbooksfree.pk



**ھوالشافی:** زہر مہرہ خطائی، دانہ الائچی خورد، کہربا شمعی، طباشیر، کشنیز خشک، صندل سفید ہرایک دو ماشہ، ناریل دریائی ایک تولہ، کشتہ عقیق ایک تولہ، کشتہ مرجان چھ ماشہ، ورق نقرہ تین ماشہ۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو پوڈر بنا کر محفوظ رکھیے۔

**ترکیب استعمال:** دو ماشہ صبح وشام ہمراہ عرق گاؤزبان عرق بید مشک ہرایک چھ چھ تولہ کھائیں۔

**فائدہ:** اختلاج قلب، ضعف قلب، خفقان وغیرہ میں اکسیر صفت ہے۔

## 492- حب جواہر

**عنایت:** جناب حکیم رفیق احمد صاحب بوڑیہ کلاں ضلع انبالہ (ہند)

**ھوالشافی:** مروارید ناسفتہ، یاقوت، پکھراج، زمرد، زہر مہرہ خطائی، فیروزہ، لبسد، طباشیر، کہربا، ورق طلاء، ورق نقرہ ہرایک چھ ماشہ، عنبر چار ماشہ، مشک تین ماشہ، مومیائی تین ماشہ، ناریل درائی ڈیڑھ ماشہ، جدوار خطائی ایک ماشہ، عرق کیوڑہ، عرق گلاب آتشہ، عرق بید مشک، چھٹانک چھٹانک۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو عرقیات میں خوب کھرل کیجئے جہاں تک گولی بنانے کے قابل ہوجائیں تو حب بقدر ایک رتی بنالیجیے۔

**ترکیب استعمال:** ایک گولی روزانہ شیر گاؤ کے ہمراہ استعمال کیجئے۔

**فائدہ:** مقوی ومفرح ہے خفقان، ضعف قلب و دماغ، ضعف باہ وغیرہ میں نہایت ہی بے مثل ہے۔

## 493- کشتہ مرجان

**عنایت:** جناب حکیم نور محمد صاحب انبالہ (ہند)۔

**ھوالشافی:** مرجان پانچ تولہ، نبات سفید دس تولہ۔

**ترکیب تیاری:** نبات سفید کو نیچے اوپر دے کر مرجان پانچ تولہ درمیان میں رکھ کر گل حکمت کرکے دس کلو اوپلوں کی آگ دیجئے سفید کشتہ برآمد ہوگا پیس کر سنبھال کر رکھیں۔

**ترکیب استعمال:** چار رتی مکھن میں رکھ کر دیجئے جریان کے لئے معجون آرد خرما ایک تولہ میں استعمال کیجئے۔

**فائدہ:** معمول مطب دل و دماغ میں تقویت پیدا کرنے کے لئے مفید الاثر ہے۔

## 494- اکسیر مقوی

**عنایت:** جناب حکیم سید ضمیر انور شاہ صاحب جرگ پٹیالہ (ہند)۔

**هوالشافی:** مغز بادام شیریں دو تولہ' چھوہارہ دو عدد' مغز کپاس دو تولہ' زعفران ایک ماشہ' مشک خالص دو رتی۔

**ترکیب تیاری:** مغزیات کا شیرہ نکالیں پھر ایک کلو دودھ ملا کر آگ پر رکھیں جب گاڑھا ہونے کے قریب ہو تو ایک کلو خالص شہد اور زعفران' عرق بید مشک میں حل کر کے اضافہ کیجئے جب دودھ کی ماہیت جذب ہو جائے تو اتار لیجئے اور سرد ہونے سے پہلے مشک خالص مصری کے ساتھ پیس کر ملا دیجئے۔

**ترکیب استعمال:** سات ماشہ سات دن تک دودھ کے ہمراہ کھائیے۔

**فائدہ:** جوانی کی نئی امنگ پیدا کرنے اور دل و دماغ اور بصارت کی کمزوری دور کرنے کے لئے تجربہ شدہ نسخہ ہے۔

## 495- دوائے خیر

**عنایت:** جناب حکیم ایشر سنگھ صاحب نیروبی کینیا افریقہ۔

**هوالشافی:** عقرقرحا' لونگ' جائفل' جلوتری' دارچینی' فلفل دراز' زنجبیل ہرایک ایک تولہ' زعفران چھ ماشہ' مشک خالص دو رتی' مویز منقیٰ دس تولہ' ازراقی سوختہ آٹھ عدد۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو الگ الگ باریک پیس لیجئے اور منقیٰ مویز میں کھرل کرکے خوب باریک پوڈر بنا کر محفوظ رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** ایک ماشہ سے دو ماشہ نیم گرم پانی سے یا چائے سے کھلا دیجئے۔

**فائدہ:** جملہ امراض بارد کے لئے نہایت مفید ہے فالج' لقوہ' ریح' پرسوت' ضعف قلب وغیرہ میں سینکڑوں مریضوں پر تجربہ شدہ ہے۔

## 496- اکسیر خفقان

**عنایت:** جناب حکیم اسد اللہ صاحب گڈپہ مدراس (ہند)۔

**هوالشافی:** کشتہ عقیق' کشتہ مرجان' کشتہ زمرد' الائچی خورد' زہر مہرہ خطائی' کشنیز' طباشیر' صندل سفید' کہربا شمعی' ناریل دریائی تمام برابر وزن۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو پوڈر بنا کر کشتہ جات ملا کر سنبھال رکھیں۔

**ترکیب استعمال:** دو ماشہ صبح و شام شربت صندل کے ہمراہ استعمال کیجئے۔

**فائدہ:** ضعف قلب' خفقان وغیرہ میں نہایت ہی جید الاثر ہے۔

## 497- معجون نقوی

**عنایت:** جناب حکیم سید ریاض حسین شاہ نقوی بخاری صاحب جھنگ۔

www.pdfbooksfree.pk



**هوالشافی:** پوست آملہ' پوست ہلیلہ' پوست بلیلہ اٹھائیس اٹھائیس ماشہ' فلفل سیاہ' فلفل سفید' فاسفیٹ آف آئرن ہرایک چودہ ماشہ' اصلی السوس چھپن ماشہ' نمک سنگ سات ماشہ' شہد خالص دس تولہ' روغن گاؤ سات تولہ' مصری پندرہ تولہ۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو باریک پیس لیجئے اور روغن گاؤ میں چرب کر کے شہد و مصری کا قوام بنا کر معجون تیار فرمائیے۔

**ترکیب استعمال:** تین ماشہ صبح و شام ہمراہ شیر گاؤ نیم گرم استعمال فرمائیے۔

**فائدہ:** مقوی دماغ و مقوی قلب ہے تجربہ شدہ ہے۔

**پرہیز:** ترش اور تیل والی اشیائے سے پرہیز واجب ہے۔

## 498- حب خفقان

**عنایت:** جناب حکیم و ڈاکٹر سید اولاد حسین نقوی صاحب لاہور۔

**هوالشافی:** طباشیر تین ماشہ' ورق نقرہ پندرہ عدد' مروارید ناسفتہ ایک ماشہ' روح کیوڑہ دس تولہ۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو روح کیوڑہ میں خوب کھرل کیجئے اور بقدر دانہ مسور گولیاں تیار فرمالیجئے اور سنبھال رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** دن میں تین مرتبہ ایک ایک گولی ہمراہ عرق روح کیوڑہ و عرق بید مشک دیجئے۔

**فائدہ:** کمال کی چیز ہے چند سیکنڈوں میں فائدہ کرنے والی اکسیر دوا ہے بنا کر استعمال کیجئے اور دعا خیر سے نوازتے رہیں۔

## 499- اکسیر خفقان

**عنایت:** جناب حکیم سید محمد یوسف صاحب نظام حیدرآباد دکن (ہند)

**هوالشافی:** سنگ یشب دو تولہ' ورق طلاء ایک ماشہ' کستوری تین ماشہ' نبات سفید پانچ تولہ۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو نہایت باریک کھرل فرمالیجئے تقریباً تین چار گھنٹے کھرل فرمائیے۔

**ترکیب استعمال:** تین رتی ہمراہ آب تازہ صبح و شام دیجئے۔

**فائدہ:** خفقان' ضعف قلب اور مراق میں نہایت ہی مفید نسخہ ہے۔

## 500- اکسیر اختلاج

**عنایت:** جناب حکیم علم الدین قریشی صاحب بھاگو والا امرتسر (ہند)

**هوالشافی:** زہر مہرہ اصلی، مروارید ناسفتہ، کشتہ عقیق، کشتہ یشب، دانہ الائچی خورد، مغز کنول گٹہ [illegible] ورق نقرہ ہم وزن۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو عرق روح کیوڑہ میں خوب کھرل کیجئے یہاں تک کہ عرق ختم ہوجائے جب پوڈر بن جائے تو سنبھال کر محفوظ فرمائیے۔

**ترکیب استعمال:** چار رتی صبح وشام ہمراہ خمیرہ گاؤزبان کھلا دیجئے دیجئے۔

**فائدہ:** اختلاج میں نہایت ہی مفید ہے اور دماغی طاقت بھی بڑھ جاتا ہے۔

## 501- اکسیر خفقان حار

**عنایت:** جناب حکیم چونده داس راولپنڈی۔

**هوالشافی:** برگ نیم، برگ مہندی، مغز کنول ڈوڈا، الائچی خورد، کیرو ہم وزن۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو خوب باریک پوڈر بنا کر محفوظ فرمائیے۔

**ترکیب استعمال:** ایک ماشہ پانی سے صبح وشام استعمال کیجئے۔

**فائدہ:** یہ دوا دل کی دھڑکن کے لئے جادو ہے جو سر چڑھ کر بولتا ہے اس کی پہلی خوراک سے فائدہ ہوتا ہے غریبوں کے لئے ہے جو ہیرے جواہرات نہ کھا سکتے ہوں قدر کیجئے۔

### طغرہ

* پھول کنول خشک درسایہ بقدر چار ماشہ صبح وشام پانی سے دیجئے مریض کو فوراً آرام و سکون ہوجاتا ہے پیاس، متلی، قے رفع ہوجاتی ہے گھبراہٹ بے چینی بھی دور ہوجاتی ہے۔

## 502- اکسیر خفقان بارد

**عنایت:** جناب حکیم دلبر شاہ صاحب موضع لڈو گجرات۔

**هوالشافی:** کشتہ فولاد ولائتی، کشتہ مرجان دیسی، مشک ولائتی، ہر ایک ہم وزن۔

**ترکیب تیاری:** تینوں ادویات کو خوب کھرل کیجئے اور محفوظ رکھیں۔

**ترکیب استعمال:** چار رتی ہمراہ دودھ یا پانی صبح وشام دیجئے۔

**فائدہ:** ضعف قلب، وجع القلب، خفقان اور دل کی دیگر تمام امراض میں اکسیر ہے جتنا کام ہر مہرہ سے لیا جاتا ہے، اتنا ہی اس غریبانہ دوائی سے ہوتا ہے۔ چند خوراکوں سے تمام اعضائے سہ میں طاقت آجاتی ہے مقوی باہ بھی حد درجہ کا ہے بلکہ بستر مرگ پر پڑے ہوئے مریضوں کو ت مند بنادیتی ہے جو صاحب آزمائیں گے اس کے گرویدہ ہوجائیں گے۔



### طغرہ

غشی کی حالت میں سپرٹ امونیا ایرومیٹک دس بوند پانی میں حل کر کے پلائیے اور ناک پر کر دیجئے فوراً غشی رفع ہوجائے گی۔

# مفرح قلب نسخہ جات

## 503- اکسیر مفرح

**عنایت:** جناب حکیم رفیق احمد صاحب نجیب آباد بجنور (ہند)

**هوالشافی:** کشتہ مرجان، کشتہ عقیق، کشتہ سنگ یشب، کشتہ زہر مہرہ خطائی، کشتہ سنگ جراحت ورق چھ تولہ، ورق نقرہ تین تولہ، عرق کیوڑہ پاؤ، عرق بید مشک پاؤ۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو عرق کیوڑہ اور عرق بید مشک میں خوب کھرل کیجئے عرقیات تھوڑا تھوڑا ملاتے جائیے اور کھرل کرتے جائیے جب عرقیات خشک ہوجائیں تو پوڈر سنبھال کر رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** ایک رتی صبح ایک رتی شام ہمراہ شیر گاؤ دیجئے پھیپھڑوں میں خون آنے کے لئے شربت انجبار دو تولہ کے ہمراہ استعمال کیجئے۔

**فائدہ:** دل کی دھڑکن یا غشی وغیرہ غم اور افسردگی کو دور کرتا ہے نہایت اعلیٰ مفرح ہے پھیپھڑوں سے خون آنے کو روکتا ہے۔

## 504- شربت مفرح

**عنایت:** جناب حکیم مرزا محمد سکندر بیگ صاحب سروج ٹونک (ہند)۔

**هوالشافی:** مربہ آملہ، مربہ نارنج، مربہ سفرجل ہر ایک دس تولہ، مربہ سیب ڈیڑھ پاؤ، عرق گلاب ایک پاؤ، روح کیوڑہ دو تولہ، مصری آدھا کلو۔

**ترکیب تیاری:** مربہ جات کو عرق میں گھوٹ کر ایک پاؤ پانی ملا کر مصری ملا کر شربت بنالیجئے اور آخر میں روح کیوڑہ ملالیجئے۔

**ترکیب استعمال:** چار تولہ صبح چار تولہ شام ہمراہ عرق بید مشک دیجئے۔

**فائدہ:** مالیخولیا، ضعف قلب اور خفقان میں اکسیر ہے مفرح اعلیٰ درجہ کا ہے۔

www.pdfbooksfree.pk

## 505- پاسبان شربت

**عنایت:** جناب حکیم بے سنگھ صاحب صوارت چک درہ سرحد۔

**هوالشافی:** گل نیلوفر دس تولہ' گل موتیا تین تولہ' گل کیکی تین تولہ' گل نسرین دو تولہ' گل یاسمین ایک تولہ' گل گاؤزبان تین تولہ' نبات سفید ایک کلو' پانی ایک کلو۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو پانی میں ڈال کر بارہ گھنٹے تک رکھیں بعدہ گرم کریں کہ پانی پاؤ خشک ہوجائے پھر مل چھان کر مصری ملا کر شربت تیار کیجئے۔

**ترکیب استعمال:** تین تولہ مناسب پانی میں ملا کر استعمال کیجئے۔

**فائدہ:** موسم گرما کے لئے نہایت مفید ہے ضعف قلب وغیرہ میں مستعمل ہے۔

## 505- شربت بادام

**عنایت:** جناب حکیم تارا چند صاحب لاہور۔

**هوالشافی:** مغز بادام شیریں دس تولہ' مغز تخم خربزہ' مغز تخم خیارین' دانہ الائچی سفید' تخم خرفہ سیاہ ہرایک ڈھائی تولہ' سہاگہ دس ماشہ' آب لیموں تازہ دس تولہ۔

**ترکیب تیاری:** آب لیموں کے علاوہ تمام ادویات کو ایک کلو پانی میں پیس کر شیرہ نکال لیجئے پھر اس میں آب لیموں اور شکر سفید دو کلو ڈال کر شربت کا قوام بنالیجئے۔

**ترکیب استعمال:** پانچ تولہ شربت پانی میں ملا کر پئیں۔

**فائدہ:** موسم گرما میں یہ شربت بہت مفید ہے پیاس روکتا ہے گھبراہٹ بے چینی میں مستعمل ہے۔

## 507- شربت مفرح

**عنایت:** جناب حکیم محمد جمشید علی خان صاحب جے پور (ہند)۔

**هوالشافی:** گل گڑھل سبزی دور کردہ سو عدد' پانی ایک کلو' قند سفید تین پاؤ۔

**ترکیب تیاری:** بطریقہ معروف شربت تیار کیجئے اور محفوظ رکھیں۔

**ترکیب استعمال:** تین سے چار تولہ شربت ایک پاؤ پانی میں ملا کر پی لیجئے۔

**فائدہ:** نہایت عمدہ مفرح ہے گرمیوں کا تحفہ ہے۔

## 508- شربت گل

**عنایت:** جناب حکیم سید غلام علی شاہ صاحب دلیل پور گورداسپور۔

**هوالشافی:** گل نیلوفر' گل موتیا' گل کیوڑہ' گل نسرین' گل چنبیلی' گاؤزبان' صندل سفید' گل

www.pdfbooksfree.pk



... ہم وزن۔

**ترکیب تیاری:** بطریقہ معروف عرق کشید کیجئے اور مصری ملا کر شربت کا قوام بنالیجئے۔

**ترکیب استعمال:** تین تولہ تازہ پانی کے ہمراہ صبح کے وقت استعمال کیجئے۔

**فائدہ:** طبیعت کو تفریح بخشتا ہے حرارت کو رفع کرکے تسکین دیتا ہے موسم گرما کا خاص بے نظیر تحفہ ہے جو خدمت میں پیش ہے۔

## 509- معجون مفرح

**عنایت:** جناب حکیم محمد اسماعیل صاحب قصبہ پاٹ دادو باب الاسلام سندھ۔

**هوالشافی:** مغز چلغوزہ تین تولہ' مغز اخروٹ تین تولہ' مغز بادام چھ تولہ' بیخ زعفران' فلفلہ خشک' کشتہ فولاد' کشتہ مرجان' کشتہ عقیق ہرایک ایک تولہ' گل بابونہ کتیرا' ازرفی ... کشنیز ثعلب مصری ہرایک دو تولہ' لیمن چار تولہ' ورق نقرہ چھ ماشہ' ورق طلاء تین ماشہ ... موصلی سفید ... پانچ تولہ' شہد دوچند۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو نہایت باریک کھرل کرکے شہد میں ملا کر معجون بنالیجئے اور ... رکھیں۔

**ترکیب استعمال:** چھ ماہ صبح چھ ماشہ شام ہمراہ شیر گاؤ استعمال کیجئے۔

## 510- حب جوگی

**عنایت:** مسیح الملک جناب حکیم میاں محمد حسن صاحب سرہند شریف (ہند)۔

**هوالشافی:** زربنی ایک تولہ' زعفران ایک تولہ' افیون دو تولہ' عنبر دو ماشہ' ناریل سالم ایک عدد' دودھ چالیس کلوگرام۔

**ترکیب تیاری:** ناریل میں ایک چھوٹا سا سوراخ نکال کر تمام ادویات اس میں ڈال کر منہ بند کرکے اوپر آرد گندم سے خوب سمپٹ کردیجئے خشک ہونے پر دودھ میں چھوڑ کر دودھ ابالنا شروع کردیجئے اور کھودہ ہلاتے رہیئے جب دودھ کھویا بن جائے تو ناریل نکال لیجئے اور ناریل سے آٹا اتار کر خوب کوٹیں اور دو دو رتی کی گولیاں بنالیجئے اوپر ورق نقرہ لپیٹ لیجئے کھویا کام میں لائیے۔

**ترکیب استعمال:** ایک گولی بوقت صبح شیر گرم دیجئے امساک کے لئے ایک گولی ایک گھنٹہ قبل دیجئے اور بدل افیون کے نصف گولی دیجئے۔

**فائدہ:** مقوی باہ' دافع احتلام' مولد منی' مفرح قلب ہے افیون کی عادت ترک ہوجاتی ہے ممسک درجہ اول ہے بارہا کا تجربہ ہے نہایت اکسیر دوا ہے بنائیں اور شہرت پائیں۔

باب 13:

# زبان اور منہ کے امراض

منہ کو فارسی میں دہن اور انگریزی میں ماؤتھ کہتے ہیں یہ ہضم کا پہلا آلہ ہے جب غذا کو چبایا جاتا ہے تو لعاب دہن کے ملنے سے پہلے ہضم کا عمل شروع ہوجاتا ہے۔

**منہ آنا:**

منہ کے اندر کی جھلی متورم ہوجاتی ہے اور اس کا رنگ کبھی سفید اور کبھی سرخ ہوجاتا ہے گلا زبان مسوڑھوں اندرونی رخساروں لبوں کے اندرونی حصہ میں چھوٹے چھوٹے آبلے بن جاتے ہیں جو درد کرتے ہیں گفتگو کرتے وقت کھاتے پیتے وقت تکلیف ہوتی ہے سانس بدبودار آتا ہے اور آخرکار زخم ہوجاتے ہیں۔

**اسباب:**

گرم اور مصالحہ دار تیز مرچی والی غذائیں کثرت سے کھانا قبض، بدہضمی، سوزا کی مادہ کے باعث یا منہ کے اعصاب میں تحریک پیدا ہوکر سوزش ناک ہوجانے سے بھی منہ آجاتا ہے اور بعض اوقات غدد بھی سوزش ناک ہوکر سرخ رنگ اختیار کرلیتے ہیں وغیرہ۔

**علامات:**

اعصاب میں تیزی کے باعث اگر منہ آئے تو مریض کے اندر تمام علامات سرد پائی جائیں گی مثلاً پیشاب بالکل سفید ہوگا زیادہ مقدار میں آتا ہوگا تکلیف کی شدت میں ہلکا بخار بھی ہوگا زبان اور منہ میں سفیدی مائل دانے ہوں گے رال بکثرت بہتی ہوگی اور اگر غدد ناقلہ کی سوزش سبب ہوگی تو علامات اس کے مطابق ہوں گی مثلاً منہ میں جلن ہوگی، گلا جلتا ہوگا، پیشاب تھوڑا تھوڑا رک کر آتا ہوگا رنگت زرد سفیدی مائل ہوگی غذا نگلنے میں مشکل ہوگی منہ سے لیسدار رال بہتی ہوگی وغیرہ نیز رنگت دانہ سرخ ہوگی سبب کے مطابق علاج کیجئے نیز پرہیز واجب ہے۔

**علاج:**

درج ذیل مجربات میں سے منتخب فرما کر علاج کیجئے۔

## 511- دوائے خاص

**عنایت:** جناب حکیم لیش پال صاحب روپڑ انبالہ (ہند)۔

www.pdfbooksfree.pk



**ہوالشافی:** حجر الاعرابی طین۔ جغری برابر وزن۔

**ترکیب تیاری:** دونوں کو خوب باریک پوڈر بنا کر محفوظ رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** تین ماشہ ہمراہ شربت کو کنار استعمال کیجئے۔

**فائدہ:** ہر قسم کا خون بند کرنے کے لئے صدہا مرتبہ کا مجرب ہے کثرت حیض کے لئے نہایت مفید ہے۔ منہ سے خون آنا، خونی اسہال بواسیر نواسیر خونی وغیرہ میں بے نظیر و بے مثال ہے۔

## 512- سفوف عبیدی

**عنایت:** جناب حکیم محمد رفیق صاحب گوجرانوالہ۔

**ہوالشافی:** زہر مہرہ، کباب چینی، طباشیر، کھتہ سفید، زیرہ سفید، گل سرخ، دانہ الائچی خورد، تل ڈوڈہ ہر ایک برابر وزن۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو خوب باریک کرکے کپڑ چھان کرلیجئے اور محفوظ رکھیں۔

**ترکیب استعمال:** دن میں تین تین دفعہ منہ میں چھڑکیں اور شربت بزوری بارد ایک دو دفعہ دن میں پلائیں۔

**فائدہ:** منہ آنے میں مفید ہے اور بدبو منہ میں مجید الاثر ہے۔

## 513- غرغرہ

**عنایت:** جناب حکیم غلام مرتضی صاحب مدینۃ المرشد کراچی

**ہوالشافی:** دھنیا خشک چھ ماشہ، پھٹکڑی تین ماشہ، برگ حنا تین ماشہ، زرورد ایک ماشہ، نیلا تھوتھا دو رتی۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو باریک پیس لیجئے اور ڈیڑھ پاؤ پانی میں حل کرکے محفوظ رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** کلیاں کیجئے۔

**فائدہ:** شافی مطلق شفا عطا فرمائے گا ان شاء اللہ عزوجل۔

## 514- دوائے لکنت

**عنایت:** جناب حکیم چوہدری شیر محمد خان صاحب کوٹلی نتھو ملی سیالکوٹ۔

**ہوالشافی:** اسطوخودوس، فلفل سیاہ، خولنجاں، عقر قرحا، کندر، تج، لونگ، نوشادر، زمین کند، نمک لاہوری، سہاگہ بریاں، مغز بادام برابر وزن، شہد چار گنا۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو نہایت باریک کرکے شہد میں ملا لیجئے۔

**ترکیب استعمال:** دن میں تین مرتبہ تین تین ماشہ زیر زبان لگا کر مل دیا کریں۔

**فائدہ:** لکنت کے لئے اکسیر صفت ہے۔

## 515- اکسیر قلاع

**عنایت:** جناب حکیم نور محمد صاحب سیالکوٹی کوئٹہ بلوچستان۔

**ھوالشافی:** برگ گاؤ زبان سوختہ، کباب چینی، دانہ الائچی خورد، کتھ سفید، سنگھراحت، الہ سیاہ، قلمی شورہ ہر ایک چھ چھ ماشہ، زیرہ گلاب کشنیز خشک، طباشیر سفید ہر ایک چار چار ماشہ۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو خوب باریک کر کے کپڑ چھان کر لیجئے اور محفوظ رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** بوقت ضرورت چٹکی بھر صبح وشام چھالوں پر چھڑکیں اور منہ نیچے کر دیجئے۔

**فائدہ:** دو یا تین دنوں میں قلاع میں اکسیر مجرب ہے۔

## 516- سفوف قلاع

**عنایت:** جناب حکیم مولوی فضل الٰہی صاحب لوہاری لاہور۔

**ھوالشافی:** گل سرخ، کتھ سفید، شورہ قلمی، الائچی خورد، ہر ایک تین ماشہ، کافور ایک ماشہ، نیلا تھوتھا بریاں چھ رتی۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو باریک پیس کر محفوظ رکھیں۔

**ترکیب استعمال:** دن میں دو تین مرتبہ چھالوں پر لگا دیجئے۔

**فائدہ:** منہ آنے میں نہایت ہی مجرب ہے۔

## 517- اکسیر قلاع

**عنایت:** زبدۃ الحکماء جناب حکیم قطب الدین چک نمبر 79 ہارون آباد بہاولپور۔

**ھوالشافی:** قلمی شورہ، کتھ سفید، الائچی خورد، گل سرخ ہر ایک دو تولہ، کافور ایک تولہ، نیلا تھوتھا بریاں چھ ماشہ۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو باریک پیس کر محفوظ رکھیں۔

**ترکیب استعمال:** ایک چٹکی بھر دوا دانتوں پر مل دیا کریں۔

**فائدہ:** جہاں کوئی دوا مفید نہ ہو یہاں اس دوا کو آزمائیے ایک سو ایک فیصد مجرب ہے۔

## 518- غرغرہ گندہ ذہنی

**عنایت:** جناب حکیم محمد خلیل دیپالپور اوکاڑہ۔

**ھوالشافی:** مازو سبز، حب الآس، زرو درد، گلنار، پھٹکڑی شگفتہ، طباشیر ہر ایک چھ تولہ، سرکہ ایک



پانی ایک کلو۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو باریک پیس کر پانی اور سرکہ ابالیں اور اس میں ڈال دیجئے۔

**ترکیب استعمال:** نیم گرم پانی سے کلیاں کیجئے۔

**فائدہ:** پیپ اور ریشہ کو ختم کرتا ہے اور منہ کی بدبو کو دور کرتا ہے خون آنے میں نہایت ہی مجرب ہے۔

## طغرے

- پھٹکڑی ایک ماشہ، نیلا تھوتھا چار چاول پیس کر پانی میں حل کر کے کلیاں کرائیں۔
- کافور اور ست پودینہ دونوں کو باہم ملا کر پھریری سے لگا دیا کیجئے۔
- ٹکچر آیوڈین دانتوں اور مسوڑھوں پر دن میں دو مرتبہ لگایا کریں۔
- سہاگہ بریاں شہد میں ملا کر دونوں وقت زبان کی جڑ پر ملنا مفید ہے۔
- دارچینی اور قلفل دراز کا چبانا بھی مفید ہے۔
- روغن گاؤ نیم گرم ناف میں لگانے سے ہونٹوں کا پھٹنا ختم ہو جاتا ہے، آزمائش ضروری ہے۔

www.pdfbooksfree.pk

باب 14:

# سینہ اور پھیپھڑوں کی امراض

سینہ دھڑ کے بالائی حصہ پر واقع ہوتا ہے سامنے دونوں جانب چھ چھ پسلیاں اور ان کے سروں کی نرم ہڈیاں' غضروف اور عضلے اور سینہ کی ہڈی پیچھے کی طرف بارہ بارہ ہڈیاں اور ان کے عضلات اور پشت کے مہرے اس میں شامل ہیں۔

پھیپھڑے بھی رنگت میں گلابی سیاہی مائل داغ دار ہوتے ہیں ہر پھیپھڑہ کی بیرونی سطح محدب اور اندرونی سطح مجوف ہوتی ہے پچھلا کنارہ مدور اور لمبا اگلا کنارہ پتلا اور چھوٹا ہوتا ہے یہ ایک گہرے شگاف کی صورت میں چیرا ہوا ہوتا ہے۔

مردوں کی نسبت عورتوں کے پھیپھڑے قدرے ہلکے ہوتے ہیں۔

## دمہ

دمہ لفظ دم سے نکلا ہے دم سے مراد سانس ہے جس کا سانس تنگی سے آتا ہو سانس پھولتا ہو جلدی جلدی سانس لینا پڑتا ہو دمہ کہلاتا ہے۔ عموماً یہ کیفیت ہوائی نالیوں یا اعصابی غیر طبعی حرکات اور صورت سے پیدا ہوتی ہے اس میں کبھی آکسیجن کی کمی اور کاربن ڈائی آکسائیڈ کی زیادتی بھی ہوتی ہے۔

اقسام:

اطباء جدید و قدیم نے دمہ کو تین اقسام میں شمار کیا ہے۔

(1) نزلی دمہ

(2) قلبی دمہ

(3) گلوی دمہ

نزلی دمہ:

اس قسم میں نزلی' بلغمی اور استرخائی اقسام بھی شریک ہیں مریض کے اعضاء صدر پر رطوبات کی کثرت ہوجاتی ہے اعضاء ڈھیلے ہوجاتے ہیں بلغم کا اخراج مشکل ہوجاتا ہے کوشش کے بعد بھی بلغم خارج نہیں ہوتی اور یوں الٹی تک نوبت پہنچ جاتی ہے۔ قارورہ سفید اور غیر منہضم ہوتا ہے کبھی رطوبات کا دباؤ پھیپھڑوں کی طرف بڑھ کر دورے کی کیفیت پیدا ہوجاتی ہے اور انتڑیوں کی طرف کم ہوکر قبض ہوجاتی ہے۔





قلبی دمہ: اس قسم میں بلغمی' ریحی اور معدی دمہ شامل ہیں اکثر پیٹ میں ریاح' قبض کی زیادتی' سینے کی خشکی اور قارورہ کی کمی نبض تیز' گھبراہٹ' حرارت کا بڑھ جانا وغیرہ۔

گلوی دمہ: اس دمہ میں غشاء مخاطی جگر اور گردوں کے افعال میں خرابی ہوتی ہے۔ بلغم چکنی و غلیظ زردی مائل اکثر چہرے اور قارورہ میں زردی جی متلانا' کبھی مروڑ کی کیفیت بعض اوقات پیشاب میں جلن سینے میں جلن رنگت زردی مائل اور ضعف قلب کی شکایت ہوتی ہے۔

علاج: درج ذیل مجربات میں سے علاج کیجئے۔

## 519- حب دمہ

عنایت: جناب حکیم قاضی خورشید حسن صاحب حسین آباد لکھنو (ہند)

ھوالشافی: زعفران' جائفل' جلوتری' ریوند چینی ہر ایک چھ چھ ماشہ' زردی بیضہ مرغ ایک عدد۔

ترکیب تیاری: تمام ادویات کو خوب باریک فرمالیجئے اور زردی بیضہ مرغ میں کھرل کرکے حب دانہ مونگ کرکے محفوظ رکھیے۔

ترکیب استعمال: ایک سال کے بچے کے لئے ایک دو سال کے بچے کے لئے دو گولی ہمراہ عرق سونف دن میں دو مرتبہ دیجئے۔

فائدہ: کھانسی' دمہ' ڈبہ' کثرت پیاس وغیرہ میں مفید الاثر ہے۔

## 520- اکسیر ضیق النفس

عنایت: جناب حکیم حافظ ابوتراب محمد عبدالحق خان صاحب امرتسر (ہند)۔

ھوالشافی: کبوتر صحرائی ایک عدد' الائچی خورد' لونگ ہر ایک ایک تولہ' نمک سانبھر پانچ تولہ۔

ترکیب تیاری: کبوتر کو اندر باہر سے صاف کرکے تمام ادویات اس کے پیٹ میں ڈال کر سلائی کردیجئے پھر ایک کوزہ میں گل حکمت کرکے دس کلو اوپلوں میں جھونک دیجئے سرد ہونے پر باریک کرکے سنبھال لیجئے۔

ترکیب استعمال: چار چاول برابر شہد ملاکر چٹائیں بچوں کو نصف رتی خوراک۔

فائدہ: دمہ' کھانسی ہر قسم کے لئے نہایت مفید الاثر ہے۔

www.pdfbooksfree.pk

# 521- دوائے انمول

**عنایت:** جناب حکیم پیر ظہور احمد شاہ صاحب جلال پور جٹاں گجرات۔

**ھوالشافی:** میٹھا تیلیہ ایک تولہ' فلفل سیاہ ایک تولہ' آب ادرک تازہ تین پاؤ۔

**ترکیب تیاری:** آب ادرک تھوڑا تھوڑا ڈال کر دونوں دواؤں کو خوب کھرل کیجئے حتی کہ بالکل خشک ہوجائے پھر دانہ ماش برابر گولیاں بنا کر محفوظ رکھیں۔

**ترکیب استعمال:** ایک گولی صبح ایک شام ہمراہ عرق سونف کھلا دیجئے۔

**فائدہ:** بلغمی کھانسی چار پانچ یوم میں ختم ہوجاتی ہے دمہ کے لئے دو ہفتے دوا کھلا دیجئے۔ تمام بلغمی امراض میں جید الاثر ہے۔

# 522- اکسیری روغن

**عنایت:** جناب حکیم محمد افضل صاحب لاہور۔

**ھوالشافی:** سم الفار ایک تولہ' زردی بیضہ مرغ بیس عدد' کستوری تین ماشہ۔

**ترکیب تیاری:** پہلے سم الفار کو زردی بیضہ مرغ میں کھرل کیجئے پھر آتشی بوتل سے روغن کشید کیجئے اور کستوری اس میں کھرل کر کے محفوظ رکھیں۔

**ترکیب استعمال:** ایک سے دو قطرے مکھن میں لپیٹ کر نگل جائیں۔

**فائدہ:** تقویت باہ کے لئے نہایت مجرب ہے اور ضیق النفس اور امراض باردہ میں خصوصیت سے مفید ہے گم شدہ طاقت واپس لٹا دیتی ہے۔

# 523- کشتہ قیمتی

**عنایت:** جناب حکیم محمد فضل الرحمٰن صاحب ویٹرنری انسپکٹر کوئٹہ۔

**ھوالشافی:** سم الفار نیلگوں ایک تولہ' پوست درخت املی آدھا کلو۔

**ترکیب تیاری:** پوست کو خوب کوٹ کر نغدہ بنالیجئے اور سم الفار درمیان میں رکھ کر خوب لپیٹ کر کے دس کلو اوپلوں کی آگ دیجئے سرد ہونے پر سم الفار نکال کر محفوظ رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** ایک چاول مکھن یا ملائی میں لپیٹ کر کھا لیجئے۔

**فائدہ:** دمہ کے لئے نہایت ہی اکسیر ہے اس کے علاوہ ضعف باہ میں بھی تجربہ شدہ ہے۔ جب حکیم صاحب خود دمہ میں مبتلا ہوگئے تھے تو ان کے پیر صاحب نے ان کو یہ دوا دی اس وقت یہ ہڈیوں کا ڈھانچہ رہ گئے تھے گوشت تحلیل ہوچکا تھا ایسے میں اس دوا نے ایسا جادو کیا تندرست و توانا ہوگئے تیر بہدف پایا صدہا مریضوں کو دوا دے کر آزمایا شفا ہی نصیب ہوئی

www.pdfbooksfree.pk



# 524- تریاق ضیق النفس

**عنایت:** مسیح الدہر جناب حکیم محمد رحمت علی صاحب سردار آباد (فیصل آباد)۔

**ھوالشافی:** جنگلی کیکر (تمباکو) کا چھلکا ایک پاؤ' ناگردون کا چھلکا ایک پاؤ' ملٹھی دو تولہ' پوست بیخ کیکر چار تولہ' بیخ کندیارہ پانچ تولہ' پانی تین کلوگرام' نبات سفید دو تولہ۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو تین کلو پانی میں ڈال کر ست نکال لیجئے پھر اس ست میں دو تولہ نبات سفید ملا کر پوڈر بنا کر محفوظ رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** روزانہ صبح تین سے چھ ماشہ تک کھلائیں۔

**فائدہ:** پہلے منہ سے گندہ لعاب نکلے گا پھر کھل کر آئے گی اسی طرح تین دن استعمال کیجئے تمام منجمد اور خشک بلغم اندر سے خارج ہوجائے گا اور مریض کلی طور پر صحت یاب ہوجائے گا۔

# 525- حب خاص

**عنایت:** جناب حکیم محمد سیف اللہ صاحب چک نمبر 53 ش۔ل سرگودھا۔

**ھوالشافی:** سم الفار سفید' شنگرف' فلفل دراز' کچیلہ ہر ایک ایک تولہ' آب ادرک ایک کلو۔

**ترکیب تیاری:** پہلے تمام ادویات کو پوڈر بنا لیجئے بعدہ تھوڑا تھوڑا آب ادرک ملاتے جائیے اور کھرل کرتے جائیے حتی کہ تمام آب جذب ہوجائے پھر فلفل سیاہ برابر حبوب بنا کر محفوظ رکھیں۔

**ترکیب استعمال:** ایک گولی صبح ایک شام ہمراہ شیر گاؤ کھلا دیجئے دوران دوا گھی وغیرہ خوب استعمال کیجئے۔

**فائدہ:** ضعف باہ' نامردگی' سستی امراض باردہ' دمہ وغیرہ میں بہت ہی مفید الاثر ہے۔

# 526- حب دمہ

**عنایت:** جناب حکیم کویراج وید رام لعل صاحب سرگودھا۔

**ھوالشافی:** ہرڑ سیاہ' نمک گوماں' چرائتہ' ہر ایک دو تولہ' ملٹھی چار تولہ' ہلدی چھ ماشہ' پوست [illegible] مدار ایک تولہ' گودہ کنوار گندل پانچ کلو۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو خوب گودا میں کھرل کیجئے اور حبوب نخودی بنا کر محفوظ رکھیں۔

**ترکیب استعمال:** دو گولی صبح' دو گولی شام ہمراہ عرق سونف ہفتہ عشرہ استعمال کروائیے۔

**فائدہ:** دمہ کی بیماری رفع ہوجائے گی مگر دوا ایک مہینہ تک مسلسل کھاتے رہیں دوبارہ مرض کے حملے کا ڈر نہیں رہتا۔

## 527- جوشاندہ دمہ

**عنایت:** جناب حکیم اللہ بخش صاحب چھاں میانوالی۔

**ھوالشافی:** گل بنفشہ' بادیان' برگ گاؤ زبان' سپستان' گل زوفا خشک' پرسوشان' تخم خطمی' اصل السوس مقشر ہر ایک چھ چھ ماشہ' انجیر زرد تین ماشہ' السی چھ ماشہ' اجوائن خراسانی تین ماشہ۔

**ترکیب تیاری:** جملہ ادویات کو دو کلو پانی میں بھگو دیجئے خوب ابالیں حتیٰ کہ آدھا حصہ خشک ہوجائے پھر اتار کر چھان کر قدرے مصری ملا کر محفوظ رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** قدرے نیم گرم دن میں ایک ایک کپ تین وقت پی لیجئے۔

**فائدہ:** ضیق النفس' سرفہ بلغمی کے لئے مفید الاثر ہے۔ دو ہفتہ استعمال کیجئے۔

## 528- حب ضیق النفس

**عنایت:** جناب حکیم پنڈت سورام داس صاحب کوچہ دیوان مصدی مل لاہور۔

**ھوالشافی:** تمباکو دیسی آٹھ تولہ' پوست آٹھ تولہ' پانی ایک کلو' پرانا گڑ آٹھ تولہ۔

**ترکیب تیاری:** تمباکو اور پوست کو پانی میں بھگو دیجئے صبح آگ پر خوب پکائیں جب پانی ایک پاؤ رہ جائے تو خوب مل چھان کر اور پانی کو پھر آگ پر رکھیں جب قدرے گاڑھا ہو تو پرانا گڑ باریک کر کے ڈال دیجئے اور جب گولی بننے کے قابل ہو تو گولی بنالیجئے اور محفوظ رکھیں گولی چار چار رتی کے برابر ہو۔

**ترکیب استعمال:** ایک گولی تازہ یا نیم گرم پانی کے ساتھ صبح وشام دیجئے۔

**فائدہ:** دمہ کے لئے نہایت مفید ہے کھانسی کا خاتمہ کرتا ہے بلغم چھانٹتا ہے۔

## 529- سفوف زرد

**عنایت:** جناب حکیم محمد ابراہیم صاحب احمد نگر جھنگ۔

**ھوالشافی:** ہڑتال ورقیہ دو ماشہ' مرچ سیاہ دو ماشہ' فلفل سیاہ مزید اٹھائیس ماشہ۔

**ترکیب تیاری:** پہلے ہڑتال ورقیہ دو ماشہ اور فلفل سیاہ دو ماشہ خوب ایک گھنٹہ تک کھرل کیجئے بعد چار ماشہ فلفل سیاہ مزید ڈال کر ایک گھنٹہ کھرل کیجئے پھر آٹھ ماشہ اور ڈال کر ایک گھنٹہ کھرل کیجئے پھر سولہ ماشہ مزید ڈال کر چوبیس گھنٹہ کھرل کر کے محفوظ رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** دو رتی سے ایک ماشہ تک ہمراہ مناسب بدرقہ دیجئے۔

**فائدہ:** امراض بادرہ وعصبہ ضیق النفس' سرفہ وغیرہ میں نہایت مجرب ہے آتشک اطرہ وغیرہ میں بھی استعمال کیا جاتا ہے۔



## 530- کشتہ صدف مرواریدی

**عنایت:** جناب حکیم احمد علی صاحب کندیاں میانوالی۔

**ھوالشافی:** صدف مرواریدی سوختہ پانچ تولہ' گندھک آملہ سار چار تولہ' نوشادر ٹھکری تین تولہ۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو باریک کر کے ٹکیہ بنا کر گل حکمت کر کے چار کلو اوپلوں کی آگ دیجئے کشتہ ہوجائے گا۔ باریک کر کے محفوظ رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** دو رتی بتاشہ میں رکھ کر کھلا دیجئے غذائیں مرغن دیجئے۔

**فائدہ:** ضیق النفس وغیرہ میں کمال چیز ہے۔

## 531- کشتہ مرجان

**عنایت:** جناب حکیم عزیز محمد صاحب میر پور بار شیخوپورہ۔

**ھوالشافی:** برگ سنا کی ایک پاؤ' مرجان پچاس گرام۔

**ترکیب تیاری:** سنا کی کو باریک کر کے دو نان بنالیجئے درمیان میں مرجان رکھ کر دو صد اوپلوں کی آگ دیجئے کشتہ ہوگا۔

**ترکیب استعمال:** دو یا تین چاول شہد میں ملا کر چٹائیں۔

**فائدہ:** ضیق النفس اور کھانسی مزمن میں مفید ومجرب ہے۔

## 532- تحفہ احمد شاہی

**عنایت:** جناب حکیم ظہور حسین صاحب ڈنگہ گجرات۔

**ھوالشافی:** پارہ گجراتی' گوودنتی' شاخ مرجان سوختہ' شاخ مرجان' عقیق یمنی' صدف مرواریدی ہر ایک دو تولہ' آب گھیکوار برگ چرپٹہ بقدر ضرورت۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو دونوں آب میں خوب کھرل کیجئے اور دس کلو اوپلوں کی آگ میں جھونک دیجئے بعد میں شیر مدار میں کھرل کر کے گل حکمت کر کے دس کلو اوپلوں کی آگ دیجئے پھر برگ اڑوسہ میں کھرل کر کے آگ دیجئے اور سنبھال کر رکھیں۔

**ترکیب استعمال:** ایک رتی سے دو رتی شہد میں ملا کر چٹائیے۔

**فائدہ:** دمہ کے لئے اکسیری چیز ہے پرانی کھانسی کا خاتمہ کرتی ہے ڈبہ اطفال میں بے مثال ہے۔

www.pdfbooksfree.pk

## 533- سیمابی

**عنایت:** جناب حکیم محمد امیر خان صاحب پٹیالہ (ہند)۔
**ھوالشافی:** سیماب ایک تولہ، سم الفار ایک تولہ، ورق نقرہ چار ماشہ، سفیدی بیضہ مرغ ایک عدد۔
**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو سفیدی بیضہ مرغ میں خوب کھرل کیجئے اور کنار سرائی برابر حبوب تیار کر کے مٹی کے برتن میں پانچ مرتبہ گل حکمت کر کے پانچ کلو اوپلوں کی آگ دیجئے سفید رنگ کا کشتہ برآمد ہوگا کھرل کر کے محفوظ فرمالیجئے۔
**ترکیب استعمال:** ایک چاول پان میں رکھ کر کھائیے۔
**فائدہ:** دمہ کے لئے نادر اور مجرب چیز ہے آزمائیے اور دعائیں دیجئے۔

## 534- شربت اعلیٰ

**عنایت:** جناب حکیم محمد اقبال صاحب تاندلیانوالہ فیصل آباد۔
**ھوالشافی:** گل بنفشہ، بزر کتان، ہر ایک تین تین تولہ، بزر قطور دو تولہ، چینی نو چھٹانک
**ترکیب تیاری:** بطریقہ معروف شربت تیار فرمائیے۔
**ترکیب استعمال:** ایک تولہ سے دو تولہ گرم پانی میں ملا کر تین بار پلائیے۔
**فائدہ:** دمہ کھانسی میں اکسیر شربت ہے۔

## 535- کشتہ قصیص

**عنایت:** جناب حکیم فصیح الزمان صاحب بھنڈی بازار بمبئی (ہند)۔
**ھوالشافی:** کشتہ قصیص ایک تولہ، کشتہ مروارید ناسفتہ ڈیڑھ ماشہ، کشتہ تمباکو ایک تولہ، کشتہ کاہی سرخ، قلمی شورہ، گل ارمنی پھٹکری سفید ہر ایک تین ماشہ۔
**ترکیب تیاری:** قصیص کو توا پر رکھ کر اوپر چینی کا برتن اوندھا کر کے سانس بند کر کے نیچے آگ جلائیں کشتہ ہوگا اسی طرح تمباکو کو توا پر رکھ کر سانس بند کر کے آگ روشن کیجئے کشتہ تمباکو تیار ہے کاہی سرخ کو آک کے گودہ میں رکھ کر گل حکمت کر کے آگ دیجئے کشتہ ہوگا۔ مروارید کو عرق گلاب یا روح کیوڑہ میں کھرل کر کے آگ دیجئے کشتہ تیار ہوگا پھٹکری کو شگفتہ کر لیجئے قلمی شورہ اور گل ارمنی کو کھرل کر کے ملا کر پوڈر بنا کر سنبھال رکھئے۔
**ترکیب استعمال:** چار رتی ہمراہ بالائی یا مکھن صرف صبح کے وقت دیجئے۔
**فائدہ:** دمہ کے لئے تیر بہدف نہایت مفید ہے زیادہ تعریف فضول ہے کم لکھنے کو زیادہ سمجھے ضروری تاکید ہے۔

www.pdfbooksfree.pk



...سے مراد مٹی کا ٹکڑا ہوتا ہے جس میں پانی بھرا جاتا ہے۔

## 536- تریاق کھانسی

**عنایت:** جناب حکیم محمد بخش صاحب چک نمبر 196 ر ب فیصل آباد۔
**ھوالشافی:** فلفل سیاہ، فلفل دراز، زنجبیل، ... کاکڑا سنگی، جو کھار، گوند ببول، جاوتری، سہاگہ، عنبر اشہب، ہر ایک چھ چھ ماشہ، پارہ، مصطگی، گندھک آملہ سار آدھا تولہ بھنا ہوا، قند، لونگ، ... ہر ایک ایک تولہ۔
**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو سرمہ کی مانند باریک کر کے جوار کے دانے برابر حبوب بنا...
**ترکیب استعمال:** ایک سے دو حبوب پان میں رکھ کر کھلا دیجئے یا شہد ملی چائے سے دیجئے یا آب ادرک سے کھلا دیجئے۔
**فائدہ:** ہر قسم کی کھانسی کے لئے تریاق ہے ضیق النفس کو جڑ سے اکھاڑ دیتی ہے کھانسی خواہ کتنی پرانی ہو اس کے استعمال سے ہمیشہ کے لئے ختم ہو جاتی ہے ایک تجربہ کا حاصل نسخہ ہے بنا کر خلق خدا کی خدمت کیجئے اور دعائیں لیجئے اور طبی نسخہ جات کا لوہا منوائیے۔

## 537- دورہ دمہ

**عنایت:** جناب حکیم حافظ عبدالقادر رضا صاحب طبیب خاص مہاراجہ بہادر کپورتھلہ دہلی (ہند)
**ھوالشافی:** بادیان، قلمی شورہ تین تین ماشہ۔
**ترکیب تیاری و استعمال:** سفوف کر کے چلم میں تمباکو کی جگہ رکھیں اور نئے حقہ میں رکھ کر نہار منہ کش لگائیے۔
**فائدہ:** ایک ایک مہینہ تک دورہ دمہ نہیں پڑتا دمہ کو عارضی طریقہ سے روکنے کے لئے نہایت مفید ہے مدت سے تجربہ میں چلا آرہا ہے۔

## 538- حب دمہ

**عنایت:** جناب حکیم غلام سرور صاحب گھنٹہ گھر مدینۃ الاولیاء ملتان شریف
**ھوالشافی:** سم الفار کانی، بانچی، پوست بیخ مدار، نمک زقوم خانہ ساز ہر ایک ایک تولہ، برگ بانسہ، ملٹھی، مال کنگنی ہر ایک آٹھ آٹھ تولہ، پانی دو کلو۔
**ترکیب تیاری:** پہلی چاروں ادویات کو خوب کھرل کیجئے اور باقی تینوں ادویات کو پانی میں ڈال کر خوب جوش دیجئے جب پانی تین حصے خشک ہو جائے تو اس ایک حصہ پانی میں پہلی چاروں ادویات کو اچھی طرح کھرل کیجئے اور دانہ موٹھ کے برابر حبوب بنا لیجئے۔

**ترکیب استعمال:** ایک گولی صبح ایک شام ہمراہ شیر بکری دیجئے۔
**فائدہ:** خواہ کسی قسم کا دمہ ہو اکیس یوم میں نابود ہو کر صحت کامل حاصل ہو جاتی ہے۔
**نوٹ:** حلوا دوا سے پہلے کھلا دیجئے تو نہایت ہی مفید ہے۔

## 539- اکسیر بلغمی دمہ

**عنایت:** جناب حکیم عبدالوہاب صاحب شمالی ارکاٹ (ہند)۔
**ھوالشافی:** تنکار، زرنیخ زرد، دار فلفل، میٹھا تیلیہ، گل عشر سبز، اجوائن دیسی، نمک سیاہ برابر ایک تولہ، شیرہ ادرک بقدر ضرورت۔
**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو آب ادرک میں خوب کھرل کیجئے اور گل حکمت کر کے تین کلو اوپلوں کی آگ دیجئے اور باریک کر کے سفوف بنا لیجئے۔
**ترکیب استعمال:** ایک رتی ہمراہ ماء العسل دیجئے۔
**فائدہ:** بلغمی دمہ کے لئے نہایت مجرب ہے۔

## 540- کشتہ شنگرفی

**عنایت:** جناب حکیم تلک پرشاد صاحب ہریانہ ہوشیار پور (ہند)۔
**ھوالشافی:** ہڑتال ورقیہ تین تولہ، شنگرف رومی دو تولہ، کشتہ فولاد آٹھ تولہ، خرگوش ایک عدد۔
**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو خوب کھرل کیجئے اور خرگوش کو آلائش و آلات سے پاک کر کے اس کے پیٹ میں بھر دیجئے اور گل حکمت کر کے بیس کلو اوپلوں کی آگ دیجئے سرد ہونے پر نکال کر باریک پیس کر محفوظ رکھئے۔
**ترکیب استعمال:** دو رتی روزانہ ہمراہ آب تازہ استعمال کروایئے۔
**فائدہ:** ہزاروں مرتبہ کا تجربہ شدہ دمہ کے لئے اکسیر نسخہ ہے بنا کر استعمال کروایئے اور خوب دعائیں لیجئے۔

## 541- سنیاسی جادو

**عنایت:** جناب حکیم محمد گلزار صاحب دھلی (ہند)
**ھوالشافی:** سم الفار ایک تولہ، شیر مدار بقدر مناسب رکھ چر پٹہ ایک کلو۔
**ترکیب تیاری:** سم الفار کو شیر مدار میں تر کیجئے اور خشک کیجئے حتی کہ ستر گرام شیر مدار میں کھرل کے ذریعہ خشک کر لیجئے پھر ٹکیہ بنا کر راکھ میں دبا کر نیچے آگ روشن کیجئے راکھ کے اوپر دانہ مکی رکھ دیجئے جب دانہ جل جائے تو آگ بند کر کے سرد کیجئے۔ سم الفار نکال کر خوب کھرل کیجئے اور محفوظ رکھئے۔



**ترکیب استعمال:** ایک چاول برابر دوا مکھن میں رکھ کر کھلا دیجئے اگر دمہ بلغمی ہو تو حتی [illegible] رکھ کر کھلا دیجئے۔
**فائدہ:** دمہ [illegible] خشک ہو یا تر اس کو ختم کر کے صحت کو بحال کرنے میں لاجواب ہے۔

## 542- حب کرشمہ

**عنایت:** جناب حکیم محمد اقبال صاحب مری کشمیر۔
**ھوالشافی:** سم الفار ایک تولہ، افیون چھ ماشہ، الوا ایک تولہ، تمباکو خوردنی ڈھائی تولہ، شیر مدار [illegible] تولہ، تخم دھتورہ دس تولہ، تخم قنب ایک تولہ، پانی ایک کلو۔
**ترکیب تیاری:** پہلی چار ادویات کو شیر مدار میں خوب کھرل کیجئے جب شیر مدار ختم ہو جائے تو تخم دھتورہ اور تخم قنب کو ایک کلو پانی میں خوب پکایئے جب پانی آدھا پاؤ رہ جائے تو چھان کر اس پانی میں ادویات مذکورہ مزید کھرل کیجئے یہاں تک کہ پانی ختم ہو کر گولیاں بننے کے قابل ہو جائے تو دانہ موٹھ برابر حبوب تیار کیجئے اور سنبھال کر رکھئے۔
**ترکیب استعمال:** ایک ایک گولی صبح وشام مکھن یا حلوا دیسی گھی سے کھلا دیا کیجئے۔
**فائدہ:** دو ہفتہ متواتر کا استعمال لاعلاج سے لاعلاج امراض شفایاب ہو کر دعائیں دیتے ہیں۔

**نوٹ:** دوران دوا دیسی گھی اور مرغن غذائیں خوب استعمال کیجئے۔

## 543- دوائے ثانی

**عنایت:** جناب حکیم محمد اکرم بھٹی صاحب شاہدرہ لاہور۔
**ھوالشافی:** گوند کیکر، مغز بادام شیریں، زراوند مدحرج، حب المحلب برابر وزن۔
**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو خوب باریک پیس کر بادام روغن کی مدد سے حبوب جنگلی بیر برابر بنا لیجئے اور محفوظ رکھیں۔
**ترکیب استعمال:** ایک گولی صبح ایک شام ہمراہ مناسب بدرقہ استعمال کیجئے۔
**فائدہ:** ضیق النفس کے لئے نہایت اکسیر ہے۔

### طغرے

* سوم کلپا تین ماشہ دن میں دو مرتبہ جوش دے کر پینا دمہ میں مفید ہے۔
* نمک بانسہ بقدر دو رتی شہد ملا کر صبح و شام چٹایئے دمہ کے لئے لاجواب ہے آزمائش شرط اول ہے۔

www.pdfbooksfree.pk

## 544- دوائے دورہ دمہ

**عنایت:** جناب حکیم سید معصوم شاہ بخاری صاحب کلکتہ (ہند)۔

**ہوالشافی:** برگ دھتورہ، برگ بھنگ، قلمی شورہ برابر وزن۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو خوب باریک کھرل کیجئے اور سنبھال کر رکھیں۔

**ترکیب استعمال:** دورہ کی حالت میں تین چٹکی چلم میں بھر کر بطور تمباکو پلا دیجئے۔

**فائدہ:** دھواں اندر پہنچتے ہی دورہ ختم ہوجائے گا یہ عارضی دوا ہے بعد دورہ مستقل علاج کیجئے اللہ عزوجل شفا مرحمت فرمائے گا۔ انشاء اللہ عزوجل!

## 545- دوائی اولی

**عنایت:** جناب حکیم محمد سعید احمد صاحب بستی راہو سال ملتان۔

**ہوالشافی:** شنگرف رومی تین ماشہ، پپلی نو ماشہ، دودھ گاؤ پانچ تولہ، دیسی گھی دس تولہ۔

**ترکیب تیاری:** پہلی تینوں دواؤں کو خوب کھرل کرکے پیسہ کے برابر ٹکیہ بنا لیجئے پھر دیسی گھی میں تل کر سرخ کر لیجئے اور گھی کو اچھی طرح نچوڑ کر باریک پیس کر سنبھال رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** دو رتی صبح دو رتی شام سادے پان میں رکھ کر کھائیے اور تھوک نگلتے رہئے۔

**فائدہ:** موجودہ بلغم خارج کرکے آئندہ کے لئے پیدائش روک کر دمہ کو جڑ سے اکھاڑنے میں اعلیٰ درجہ کی دوا ہے۔

## 546- جوشاندہ دمہ

**عنایت:** جناب حکیم محمد ندیم صاحب پٹیالہ (ہند)۔

**ہوالشافی:** گاؤزبان، الائچی خورد، سونف، دھنیا، بہیدانہ، ناگرموتھا، ہم وزن۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو پوڈر بنا کر محفوظ رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** تین ماشہ پوڈر ایک کپ پانی میں جوش دے کر ایک وقت صبح پلائیں اسی طرح شام کو دیجئے قدرے میٹھا بھی ڈال سکتے ہیں۔

**فائدہ:** خشک دمہ میں مفید الاثر دوا ہے۔

# کھانسی

...بیماری پھیپھڑوں یا ہوائی نالیوں میں بلغم یا سوزش کے باعث پیدا ہوجاتی ہے ...دماغ میں فاسد مواد جمع ہوکر چھینکوں کے ذریعے خارج ہوتا ہے اسی طرح پھیپھڑے ...مواد کو خارج کرنے کے لئے بار بار حرکت کرتے ہیں جس سے ایک آواز پیدا ہوتی ہے ...کھانسی کے نام سے موسوم کرتے ہیں۔ کھانسی کی تین اقسام ہیں:

- ...تر کھانسی
- ...یابس کھانسی
- ...حار کھانسی

**تر کھانسی:**
اس کھانسی میں اعصاب سوزش ناک ہوجاتے ہیں اس میں بلغم کی کثرت ہوتی ہے بلغم ...سفید ہوتی ہے بلغم کا اخراج مشکل سے ہوتا ہے وجود سرد ہوجاتا ہے چھینکیں بکثرت آتی ...ناک اور آنکھوں سے اکثر پانی جاری ہوجاتا ہے اور کبھی یہ بلغم رقیق سینے پر گر کر کھانسی کا ...بنتی ہے ایسے مریضوں کو پیشاب سفید اور بکثرت آتا ہے کھانسی کی کثرت سے دل ڈوبتا ...بار کھانسی سے دردسر پیدا ہوجاتا ہے بعض اوقات قے بھی ہوجاتی ہے اگر مرض شدت اختیار کرجائے تو کالی کھانسی یا دمہ کی صورت اختیار کرلیتی ہے۔

**یابس کھانسی:**
خشک کھانسی عموماً پھیپھڑوں کے باعث ہوتی ہے اس میں چہرہ اور قارورہ سرخی مائل ہوجاتا ہے پیٹ میں ریاح کی زیادتی قبض کی شکایت اور نبض منشاری اور تیز تیز چلتی ہے ...قدرے زیادہ ہوتا ہے بلغم گاڑھی اور نہایت ہی مشکل سے خارج ہوتی ہے اگر یہی کیفیت مسلسل قائم رہے تو پھیپھڑوں میں زخم پیدا ہوکر خون آنے لگتا ہے بعض اوقات زخم میں پیپ بھی پیدا ہوجاتی ہے۔

**حار کھانسی:**
گرم کھانسی کا تعلق پھیپھڑوں کی جھلی سے ہوتا ہے اس وقت یہاں سوزش پیدا ہوکر گرم کھانسی کی علامات پیدا ہوجاتی ہیں مثلاً قارورہ قدرے زرد ہوتا ہے۔ بلغم زردی مائل پتلی گلے میں سوزش، کبھی جی متلاتا ہے کبھی پیٹ میں مروڑ پیدا ہوجاتے ہیں بعض اوقات پیشاب میں جلن پیدا ہوتی ہے خفقان ہوجاتا ہے بلڈ پریشر ہائی ہونے لگتا ہے وغیرہ۔

www.pdfbooksfree.pk

**علاج:**

علاج کے لئے درج ذیل مجربات میں سے منتخب کیجئے۔

## 547- حب شفاء

**عنایت:** جناب حکیم سید ظفریاب علی صاحب نگینہ بجنور (ہند)

**ھوالشافی:** مغز بادام شیریں، زعفران، دارچینی، مصری، رب السوس، شکر تری ہر ایک ہم وزن۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو نہایت باریک پیس کر فلفل سیاہ برابر حبوب تیار فرمالیجے اور محفوظ رکھیے۔

**ترکیب استعمال:** ایک گولی صبح وشام تازہ پانی سے دیجئے۔

**فائدہ:** نزلہ وزکام کھانسی وغیرہ کا حکمی علاج ہے پہلی خوراک سے ہی فائدہ ہونا شروع ہو جاتا ہے۔

## 548- حب سعال

**عنایت:** جناب حکیم خان محمد صاحب اچھالہ شاہ پور۔

**ھوالشافی:** افیون دو ماشہ، مرکی دو تولہ۔

**ترکیب تیاری:** دونوں کو باریک کر کے نخودی گولیاں بنالیجے۔

**ترکیب استعمال:** ایک گولی صبح ایک شام ہمراہ شربت بنفشہ دیجئے۔

**فائدہ:** ہر قسم کی کھانسی کے لئے مجرب ہے حتیٰ کہ شہیقہ کے لئے بھی لاجواب دوا ہے۔

## 549- اکسیر شفاء

**عنایت:** جناب حکیم محمد یوسف صاحب آدم کے پٹیالہ (ہند)

**ھوالشافی:** مروارید ناسفتہ، کہربا شمعی، یشب سبز، گوند کتیرا، گوند کیکر، طباشیر، زہر مہرہ ہر ایک چھ ماشہ، کشتہ قلعی دسکہ مرکب ایک ماشہ، کشتہ مرجان جواہر دار تین ماشہ۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو ملا کر نہایت باریک مثل غبار کر کے محفوظ رکھیے۔

**ترکیب استعمال:** چار رتی سے پانچ رتی شیر گاؤ سے روزانہ کھائیے۔

**فائدہ:** امراض قلب کے لئے نہایت ہی مفید ہے۔ جریان احتلام سرعت انزال کے لئے نایاب چیز ہے۔ کمزوری دماغ کے لئے لاثانی دوا ہے۔ کھانسی کو ختم کرنے میں اپنی مثال آپ ہے۔ تجربہ شدہ اولیٰ ہے نسخہ وہ جو صحت بخشے۔



## 550- اکسیر سعال

**عنایت:** جناب حکیم محمد ظہیر الدین صاحب میرٹھ یو پی (ہند)۔

**ھوالشافی:** ناتوس، نوشادر، پھٹکڑی سفید، سہاگہ، نمک سیاہ، لوٹا بھی ہم وزن، شیر مدار بقدر ضرورت۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو خوب کھرل کیجئے اور شیر مدار تھوڑا تھوڑا ڈالتے جائیں اور کھرل کرتے جائیں جب 3/4 حصہ برابر شیر مدار کھرل ہو چکے تو گل حکمت کر کے دس کلو اپلوں کی آگ دیجئے سفید نکلے گا سنبھال کر رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** دو رتی شربت زوفا کے ساتھ استعمال کروائیے۔

**فائدہ:** کھانسی کے لئے نہایت ہی مفید اور تجربہ شدہ چیز ہے۔

## 551- حب سرفہ

**عنایت:** جناب حکیم محمد حبیب الرحمٰن نقشبندی دھرمتلہ کلکتہ (ہند)

**ھوالشافی:** افیون سات ماشہ، کندر اٹھائیس ماشہ، میعہ سائلہ اٹھائیس ماشہ، صمغ عربی چار ماشہ، رب السوس اٹھائیس ماشہ۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو باریک کر کے پانی کی مدد سے حبوب نخودی تیار کر لیجے۔

**ترکیب استعمال:** ایک گولی صبح، دوپہر، شام ہمراہ آب تازہ دیجئے۔

**فائدہ:** ہر قسم کی کھانسی کے لئے حکمی شفا دینے والی دوا ہے۔

## 552- حب سعال

**عنایت:** جناب حکیم غلام محمد صاحب چک نمبر 328 فیصل آباد۔

**ھوالشافی:** رب السوس، ست اسپغول، صمغ عربی، نشاستہ، کتیرا، چاول کہنہ ہر ایک دو تولہ، زعفران ہر ایک دو ماشہ۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو نہایت باریک پیس کر پانی کی مدد سے حبوب نخودی تیار کر لیجے۔

**ترکیب استعمال:** ایک گولی صبح ایک گولی شام ہمراہ سادہ پانی استعمال کیجئے۔

**فائدہ:** ہر قسم کی کھانسی کو دور کرنے میں بے مثال دوا ہے۔

## 553- اکسیر سعال

**عنایت:** جناب حکیم ویشنو داس صاحب گجرات۔

www.pdfbooksfree.pk

**ہوالشافی:** تخم کاہو' تخم خرفہ' رب السوس' خطمی' بہیدانہ' کتیرا ہرایک تین ماشہ' مغز کدو' مغز خیار' مغز بادام ہرایک چھ ماشہ۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات پیس کر اسپغول کے لعاب کے ذریعے حبوب بقدر نخودی تیار فرمالیجئے۔

**ترکیب استعمال:** بوقت ضرورت صبح' دوپہر' شام دو دو گولی منہ میں رکھ کر چوسیں۔

**فائدہ:** خشک کھانسی کے لئے نہایت مفید ہیں عام کھانسی میں بھی فائدہ مند ہیں۔

## 554- دوائے سعال

**عنایت:** جناب حکیم غلام مصطفیٰ صاحب' مالاکنڈ ایجنسی

**ہوالشافی:** افیون' مغز بادام مقشر' مصری' زعفران ہرایک چار ماشہ' شنگرف تین ماشہ۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو خوب کھرل کر کے فلفل سیاہ برابر حبوب تیار کیجئے۔

**ترکیب استعمال:** دو گولی صبح و شام ہمراہ تازہ پانی استعمال کیجئے اوپر سے بعد میں پانی نہ پئیں۔

**فائدہ:** کھانسی جو زکام کے باعث ہو نہایت ہی مفید ہے۔

## 555- معجون ریزش

**عنایت:** زبدۃ الحکماء جناب حکیم محمد عبدالکریم صاحب کھم کرنول (ہند)

**ہوالشافی:** کوکنار' برگ بانسہ ہرایک پانچ تولہ' صمغ عربی کتیرا' ملٹھی ہرایک ایک تولہ' مصطگی رومی چار ماشہ' مرکی پانچ تولہ' افیون دو ماشہ' زعفران دو ماشہ' کوزہ مصری آدھا کلو۔

**ترکیب تیاری:** پہلے برگ بانسہ اور کوکنار کو ایک کلو پانی میں بھگو دیجئے بعدہ صبح جوش دے کر جب پانی ایک پاؤ رہ جائے تو دیگر ادویات خوب باریک پیس کر جب قوام گاڑھا ہو تو ملا کر معجون بنا کر سنبھال رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** دو ماشہ شیر گاؤ نیم گرم دیجئے۔

**فائدہ:** نزلہ و زکام کے لئے بے مثال ہے ہر قسم کی کھانسی میں تریاق کا حکم رکھتی ہے۔

## 556- حب لازم

**عنایت:** جناب حکیم غلام محی الدین صاحب بریلی شریف (ہند)

**ہوالشافی:** مرکی ایک تولہ' افیون ایک ماشہ' گوند کتیرا دو ماشہ۔

**ترکیب تیاری:** تینوں دواؤں کو خوب پیس کر پانی کی مدد سے نخودی حبوب تیار کر لیجئے۔

**ترکیب استعمال:** ایک گولی صبح ایک شام پانی کے ہمراہ دیجئے۔

www.pdfbooksfree.pk



**فائدہ:** اس کے استعمال سے حلق کی خراش اور بار بار جو کھانسی آتی ہے بند ہو جاتی ہے اور بلغم گاڑھی ہو کر آسانی سے خارج ہونے لگتی ہے دائمی نزلہ کے لئے نہایت ہی مفید الاثر دوا ہے۔

## 557- دوائے اپیکا

**عنایت:** جناب حکیم ہرچند داس صاحب ننکانہ صاحب۔

**ہوالشافی:** رب السوس نو ماشہ' فلفل سیاہ ایک ماشہ' نوشادر دو ماشہ' اپیکا کوانا ایک ماشہ۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو باریک کر کے پانی کی مدد سے حبوب نخودی بنا کر محفوظ رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** صبح و شام ایک ایک گولی ہمراہ آب تازہ دیجئے۔

**فائدہ:** یہ دوا اس وقت دیجئے جب بلغم گاڑھی ہونے کے باعث خارج نہ ہو سکے یہ دوا قلیل بلغم کو اکھاڑ کر نکالنے کے ساتھ ساتھ آئندہ کی پیدائش کو روکتی ہے۔

## 558- کھانسول

**عنایت:** جناب حکیم احمد رضا قادری صاحب کوٹ لکھپت لاہور۔

**ہوالشافی:** افیون ایک ماشہ' گوند کیکر تین ماشہ' معیہ سائلہ سات ماشہ' کندر سات ماشہ' رب السوس سات ماشہ۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو کوٹ چھان کر پانی کی مدد سے حبوب دانہ مسور بنا لیجئے۔

**ترکیب استعمال:** ایک گولی سے دو گولی دن میں دو مرتبہ صبح و شام ہمراہ جوشاندہ دیجئے۔

**فائدہ:** شدید کھانسی میں بے حد مفید ہے نزلہ حار ہو یا بارد رفع ہو جاتا ہے مرض سیال میں بھی مفید الاثر ہے۔ پرانی کھانسی اور پھیپھڑوں کے زخم تک درست ہو جاتے ہیں متعفن بلغم کو خارج کرنے میں لاجواب ہے۔

**نوٹ:** ساتھ دیگر معاون ادویات لازمی استعمال کیجئے۔

## 559- اکسیر خشک کھانسی

**عنایت:** جناب حکیم محمد دانیال قادری صاحب بمبئی (ہند)۔

**ہوالشافی:** گوند کیکر' نشاستہ گندم' گوند کتیرا' شکر تیغال ہرایک تین ماشہ' بہیدانہ' مغز کدو' مغز خیارین' مغز بادام مقشر' رب السوس' خشخاش سفید' مویز منقی ہرایک چھ ماشہ' کوزہ مصری سات ماشہ' زعفران ایک ماشہ' اسپغول چھ ماشہ۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو خوب باریک پیس لیجئے پھر لعاب بہیدانہ میں چنے برابر گولیاں تیار کر کے محفوظ فرمالیجئے۔

**ترکیب استعمال:** بوقت ضرورت ایک سے دو گولی منہ میں رکھ کر چوسا کیجئے۔

**فائدہ:** انشاء اللہ عزوجل اس کے استعمال سے مدت سے لگی ہو مرض جلد رفع ہو کر صحت حاصل ہو گی۔

# شہیقہ (کالی کھانسی)

## 560- اکسیر شہیقہ

**عنایت:** جناب حکیم محمد عبداللہ صاحب پٹیالہ (ہند)

**ھوالشافی:** جوکھار، دار فلفل، انار دانہ، فلفل سیاہ، نمک لاہوری ہر ایک تین ماشہ، قند سیاہ ایک تولہ۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو باریک کر کے قند سیاہ ملا کر حبوب نخودی تیار فرمالیجیے۔

**ترکیب استعمال:** روزانہ ایک گولی صبح ایک شام ہمراہ سادہ پانی۔

**فائدہ:** کالی کھانسی میں نہایت ہی مجرب ہے۔

# نفث الدم

نفث الدم سے مراد خون تھوکنا ہے نفث الدم میں عموماً تپ دق کے مریض ہی مبتلا ہوتے ہیں۔ کبھی خون منہ سے خارج ہوتا ہے کبھی دانتوں یا مسوڑھوں سے آتا ہے کبھی حلق یا گلے کی نلی اور پھیپھڑوں سے خارج ہوتا ہے۔ جو خون مسوڑھوں سے خارج ہو تو وہ تو ظاہر ہے کہ جو حلق کوا سے خارج ہو تو کھنگار کے ساتھ نکلتا ہے گلے میں خراش اور خشک کھانسی ہوتی ہے جو خون سر سے آتا ہے اس میں نکسیر کی علامات ملتی ہیں اور جو حنجرہ سے آتا ہے وہ مقدار میں کم دورہ کے ساتھ خارج ہوتا ہے سینہ سے آنے والا خون سیاہی مائل جما ہوا شدید کھانسی کے بعد خارج ہوتا ہے اور جو پھیپھڑوں سے آتا ہے اس کا رنگ شوخ جھاگ دار ہوتا ہے اگر پھیپھڑوں کی کوئی رگ پھٹ جائے تو یک بارگی خون خارج ہوتا ہے اگر دل سے آئے تو غشی اور بعض اوقات تو موت واقع ہو جاتی ہے اگر خون مری معدہ یا جگر سے آئے تو قے کے ذریعے خارج ہوتا ہے۔

**علاج:**

درج ذیل مجربات میں سے منتخب کر کے علاج کیجیے۔

## 561- قرص کہربا

**عنایت:** جناب حکیم حفیظ اللہ صاحب، گڑھی حبیب اللہ سندھ

www.pdfbooksfree.pk



**ھوالشافی:** کہربا شمعی، گوند کیکر، نشاستہ، گوند کتیرا، مغز خیار، مغز کدو ہر ایک دس ماشہ، گلنار ہر ایک دو ماشہ۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو خوب باریک کر کے لعاب اسپغول سے چار چار ماشہ کی ٹکیاں تیار کر رکھیں۔

**ترکیب استعمال:** ایک سے دو ٹکیاں صبح، دوپہر، شام ہمراہ شربت انجبار دیجیے۔

**فائدہ:** نفث الدم، قے الدم، بواسیر خونی کثرت حیض، زخم گردہ و مثانہ بول الدم وغیرہ میں نہایت ہی مفید ہے تجربہ شدہ ہے۔

## 562- سفوف کہربا

**عنایت:** جناب حکیم محمد سمیر بھٹی صاحب کوٹ لکھپت لاہور۔

**ھوالشافی:** پھٹکڑی سفید، سرمہ سیاہ، کھتہ سفید ہر ایک تین ماشہ، سنگ جراحت چار ماشہ، کہربا شمعی، صدف مروارید، اقاقیا ہر ایک دو ماشہ، دم الاخوین گوند ببول، کتیرا ہر ایک سات ماشہ۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو غبار کی طرح پوڈر بنا کر محفوظ رکھیے اکسیر صفت دوا تیار ہے۔

**ترکیب استعمال:** دو ماشہ صبح دو ماشہ شام ہمراہ شربت انجبار دیجیے۔

**فائدہ:** خون خواہ کسی بھی حصہ سے آرہا ہو اس سے بہت جلد فائدہ ہو جاتا ہے اس کے علاوہ خون استحاضہ خون بواسیر اور بول الدم میں بھی مفید ہے۔

### طغرے

- برانا چڑا بقدر ایک ایک ماشہ ہمراہ تازہ پانی دیجیے مفید ہے۔
- گیرو بقدر تین ماشہ پیس کر کھلانا بھی مفید ہے۔
- تخم گانجا سوختہ بھی اکسیر ہے۔
- بانسہ کے تازہ پتے گھوٹ کر آدھا پاؤ پانی ملا کر صبح وشام پلانا اکسیر لاجواب ہے۔

## 563- سیلان الدم

**عنایت:** جناب حکیم جیون مل صاحب جسوال شاہ پور۔

**ھوالشافی:** گیرو، سنگجراحت، طباشیر، دانہ ہیل، گلنار ہر ایک چھ ماشہ، پھٹکڑی بریاں تین ماشہ، دم الاخوین چار ماشہ، کشتہ مرجان تین ماشہ، کہربا شمعی چار ماشہ، ورق نقرہ سو عدد۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو خوب میدہ بنا لیجیے اور سنبھال کر رکھیے۔

**ترکیب استعمال:** ایک ماشہ ہمراہ شربت انجبار دو تولہ، عرق گاؤزبان پانچ تولہ صبح وشام

دیجئے۔

**فائدہ:** نفث الدم' قے الدم' کثرت طمث' بواسیر خونی وغیرہ میں اکسیری ہے۔

## 564- خون بند

**عنایت:** جناب حکیم محمد عبدالرحمٰن صاحب عین الشفاء راولپنڈی۔

**ھوالشافی:** کشتہ گاؤذنتی' کشتہ بارہ سنگھا' کشتہ مرجان' کشتہ ابرک سیاہ' سنگجراحت' گیرودم الاخوائن' کیلشیم لیکیٹ تمام ادویات برابر وزن۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو نہایت باریک کر لیجئے اور سنبھال کر رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** تین ماشہ ہمراہ آب تازہ یا شربت انجبار دیجئے۔

**فائدہ:** ہر قسم کا خون بند کرنے میں اکسیر الاثر ہے نفث الدم کے لئے مخصوص ہے۔

## 565- کشتہ مرکب

**عنایت:** جناب حکیم نور محمد صاحب علاول خیل بنوں۔

**ھوالشافی:** سنگجراحت بقدر ضرورت' آب اندرانی بوٹی بقدر ضرورت۔

**ترکیب تیاری:** سنگجراحت کو آب اندرانی میں بھگو دیجئے حتیٰ کہ چار انگل پانی اوپر رہے خشک ہونے پر گل حکمت کر کے پانچ کلو اوپلوں کی آگ دیجئے سفید کشتہ برآمد ہوگا۔

**ترکیب استعمال:** ایک سے دو رتی مکھن میں رکھ کر دیا کیجئے۔

**فائدہ:** نفث الدم' قے الدم' نزف الدم' زحیر غرض تمام امراض جن میں خون آتا ہے از حد مفید اور مؤثر ہے۔

## 566- تریاق الدم

**عنایت:** جناب حکیم کشن چند صاحب سونی پت رہتک (ہند)

**ھوالشافی:** اقاقیا خالص' دھنیا باریک کردہ' طباشیر' سنگجراحت' کھتہ سفید' کہربا شمعی' گوندکیکر' پھٹکڑی سفید ہر ایک چھ ماشہ' سرمہ سیاہ تین ماشہ۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو نہایت باریک کر لیجئے اور محفوظ رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** ایک ماشہ سے دو ماشہ ہمراہ شربت اعجاز یا شربت انجبار دیجئے۔

**فائدہ:** خون خواہ جس مقام سے جاری ہو فوراً بند کرتا ہے مثلاً بواسیر خونی' کثرت الطمث' نکسیر' قے الدم' نفث الدم وغیرہ وغیرہ کے لئے نہایت مفید مجرب نسخہ ہے۔



# ذات الریہ/نمونیا

# (Pneumonia)

**تعریف مرض:**
یہ ایک خاص قسم کا بخار ہے جس میں پھیپھڑے متورم ہو جاتے ہیں۔

**اسباب:**
عموماً یہ ورم رطوبات کی کھار سے پیدا ہوتا ہے سرد و تر اغذیہ اس کا سبب بنتے ہیں مثلاً چاول' میدے کی بنی ہوئی اشیاء' سخت ٹھنڈے مشروبات' سرد آب و ہوا' موسم سرما کی بے احتیاطی' پھیپھڑوں کے بیرونی پردے میں ورم پیدا کر کے نمونیا جیسی مرض پیدا کر دیتی ہے کبھی اس کا سبب جرثومہ بھی ہوتا ہے جو مادے کے متعفن ہونے سے پیدا ہوتا ہے۔

**علامات:**
اکثر مریض آسانی سے سانس نہیں لے سکتا سانس میں تنگی محسوس ہوتی ہے سانس لیتے وقت شدید درد محسوس ہوتا ہے پردوں میں ورم کے باعث اور درد کی وجہ سے مریض کے ناک کے نتھنے پھول جاتے ہیں اسی وجہ سے بخار بھی ہو جاتا ہے جب یہ ورم شدید حالت سے پھیپھڑوں کے اوپر کے پردوں کو متورم کر دے تو اس کو ڈبل نمونیا کہتے ہیں جس طرف کا پھیپھڑہ متورم ہوتا ہے اسی طرف کا گال بھی سرخ ہوتا ہے۔

## 567- اکسیر نمونیا

**عنایت:** جناب حکیم قاضی شمس الدین صاحب دلنہ کشمیر۔

**ھوالشافی:** کاکڑا سنگی' ورچ' مگھاں' کوزہ مصری' ہینگ ہیرا' سہاگہ شگفتہ' جوکھار برابر وزن۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو خوب باریک کر کے پوڈر بنا لیجئے اور محفوظ رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** تین ماشہ سے چار ماشہ شہد ملا کر چٹائیں۔ بچوں کو عمر کے لحاظ سے دیں۔

**فائدہ:** درد پسلی' نمونیا' بدہضمی وغیرہ میں نہایت مفید الاثر ہے۔

## 568- شافی ڈرایر

**عنایت:** جناب حکیم محمد اسماعیل صاحب دین پور دار الاسلام ٹوبہ ٹیک سنگھ۔

www.pdfbooksfree.pk

**ھوالشافی:** شنگرف رومی ایک تولہ' زردی بیضہ مرغ آٹھ عدد۔

**ترکیب تیاری:** دونوں کو خوب کھرل کر کے بذریعہ تپال جنتر روغن کشید کیجئے اور محفوظ رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** صرف ایک قطرہ بتاشہ میں رکھ کر دیں اور یہی مقام ماؤف پر مالش کیجئے۔

**فائدہ:** نمونیا کے لئے نہایت ہی اکسیر ہے صرف چند منٹ میں نمونیا غائب ہو جاتا ہے۔

## 569- تریاق نمونیا

**عنایت:** شمس الاطباء جناب حکیم قاضی غلام عمر صاحب نعلور ونگ ضلع لاڑکانہ سندھ۔

**ھوالشافی:** افیون تین ماشہ' بیخ مدار نو ماشہ' قلمی شورہ مصفی ستائیس ماشہ۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو خوب باریک کر لیجئے اور ایک تولہ چینی ملا کر رکھ لیجئے۔

**ترکیب استعمال:** دو رتی صبح' دوپہر' شام ہمراہ عرق گاؤ زبان یا عرق سونف دے دیجئے۔

**فائدہ:** ذات الجنب' ذات الریہ اور درد صدر میں شرطیہ کامیاب دوا ہے اسراری نسخہ ہے قدر کیجئے۔

## 570- کشتہ بارہ سنگھا مرکب

**عنایت:** جناب حکیم پنڈت رام سروپ صاحب ساگری راولپنڈی۔

**ھوالشافی:** بارہ سنگھا پاؤ' کنوار گندل کا گودہ چار کلو' سملفار ساڑھے سترہ تولہ۔

**ترکیب تیاری:** سب سے پہلے بارہ سنگھا کو کنوار گندل کے گودے میں کھرل کر کے گج پٹ کی آگ دیجئے پھر نکال کر وزن کیجئے اور پچیس ماشہ سملفار کھرل کریں اور ساتھ ہی کنوار گندل کا گودہ کھرل کیجئے اور اس کو گج پٹ کی آگ دیجئے اور اسی طرح سات آگ دیجئے اور ہر مرتبہ سملفار پچیس مرتبہ ڈال کر کھرل کرنا ہے اور پھر محفوظ رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** نصف رتی کشتہ شہد میں ملا کر چٹائیں اوپر سے گرم دودھ شیریں پلائیے۔

**فائدہ:** ذات الجنب اور نمونیا وغیرہ میں نہایت ہی مجرب ہے تجربہ شرط ہے۔

## 571- اکسیر نمونیا

**عنایت:** جناب ڈاکٹر محمد مسعود صاحب فلیمنگ روڈ لاہور۔

**ھوالشافی:** شب یمانی چھ ماشہ' شہد خالص ایک تولہ۔

**ترکیب تیاری:** دوا کو باریک کر کے شہد میں ملا کر محفوظ رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** مقام درد پر ضماد کر دیجئے۔

www.pdfbooksfree.pk



ہتھیلی پر سرسوں جمانے والا لاثانی نسخہ ہے صرف پانچ منٹ میں نمونیا کا درد ختم ہو جاتا

**فائدہ:** انگریزی پلٹس سے بڑھ چڑھ کر زوردار نسخہ ہے یہ اکسیری نسخہ سینہ کا راز ہے جو آپ کی خدمت میں پیش ہے۔

## 572- کشتہ شنگرف

**عنایت:** جناب حکیم غلام محمد صاحب کلانور ضلع انبالہ (ہند)۔

**ھوالشافی:** شنگرف رومی ایک تولہ' شہد خالص پانچ تولہ' روغن گاؤ پانچ تولہ۔

**ترکیب تیاری:** پہلے کڑاہی میں شنگرف رکھ کر اوپر شہد اور پھر روغن گاؤ ڈال کر کڑاہی کے نیچے آگ روشن کیجئے جب کڑاہی کے اندر بھی آگ لگ جائے تمام شہد روغن گاؤ جل جائے تو آگ سرد ہونے پر شنگرف حاصل کر کے خوب کھرل کیجئے اور محفوظ رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** ایک رتی منقی میں رکھ کر کھلا دیا کیجئے۔

**فائدہ:** مدر حیض ہے چند یوم میں حیض کھل کر آنا شروع ہو جائے گا نمونیا اور ذات الجنب وغیرہ میں جوشاندہ اجوائن سے دیجئے گنٹھیا وغیرہ رعشہ وغیرہ میں زنجبیل ایک تولہ کے جوشاندہ سے دیجئے کھلانے کے بعد پسینہ لینے دیں ضروری تاکید ہے۔

## 573- اکسیر ذات الجنب

**عنایت:** جناب حکیم سید محمد ہادی صاحب رائے پور بیجناتھ محلہ (ہند)۔

**ھوالشافی:** ہڑتال ورقیہ چار تولہ' میٹھا تیلیہ ایک تولہ' لونگ ایک تولہ' آب ادرک ایک پاؤ' آب کنوار گندل ایک پاؤ۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو پہلے آب ادرک میں کھرل کیجئے بعدہ آب کنوار گندل میں کھرل کیجئے اور سنبھال کر رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** ایک رتی دوا ایک تولہ چینی میں ملفوف کر کے کھلا دیجئے ہمراہ دودھ گرم۔

**فائدہ:** سرسام' ذات الریہ' ذات الجنب میں مجرب اور لاجواب تحفہ ہے۔

**نوٹ:** اگر ایک خوراک سے فائدہ نہ ہو تو ایک گھنٹہ مزید بعد ایک خوراک اور دے دیجئے۔

## 574- کشتہ بارہ سنگھا

**عنایت:** جناب حکیم دھرم راج صاحب گولڈن مڈل آنرز کراچی

**ھوالشافی:** بارہ سنگھا پانچ تولہ' شیر مدار بقدر ضرورت۔

**ترکیب تیاری:** بارہ سنگھا کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کر لیجئے اور شیر مدار میں تر کر کے خشک کرنے کے بعد ایک کوزہ گلی میں گل حکمت کر کے پندرہ کلو اوپلوں کی آگ دیجئے سرد ہونے پر

نکال کر ڈیں بجھے پھر شیر مدار میں کھرل کر کے ٹکیہ بنا کر آگ دیجئے اسی طرح مزید دو مرتبہ اور دیجئے اور سنبھال کر رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** یہ کشتہ ایک ماشہ لے کر ایک تولہ سفوف مدار جس کا نسخہ نمبر 574-A ہے ملا کر اس سے ایک ماشہ مقدار ہمراہ عرق اجوائن پانچ تولہ، عرق سونف پانچ تولہ استعمال کیجئے۔

**فائدہ:** ذات الجنب، ذات الریہ میں اکسیر صفت دوا ہے آزمائیے اور دعائیں دیجئے اور اداری بجلی ٹکنی کی داد دیجئے۔

## 574-A سفوف مدار

**ھوالشافی:** پوست بیخ مدار نو ماشہ، افیون تین ماشہ، قلمی شورہ ستائیس ماشہ۔

**ترکیب تیاری:** باریک کر لیجئے اور نسخہ نمبر 574 میں ملا کر مکمل کر لیجئے۔

## 575- حب ذات الریہ

**عنایت:** جناب حکیم فقیر چند صاحب دھریمہ شاہ پور۔

**ھوالشافی:** کشتہ شنگرف، فلفل سیاہ، فلفل دراز، افیون، تخم جوز مائل ہر ایک ایک تولہ، پاؤ رس ادرک۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو آب ادرک میں خوب کھرل کیجئے اور حبوب نخودی بنا کر محفوظ رکھیں۔

**ترکیب استعمال:** ایک گولی دن میں تین مرتبہ ہمراہ چائے دیجئے۔

**فائدہ:** نمونیا کے لئے انتہائی اکسیر دوا ہے ہر قسم کے دردوں میں مفید ہے قوت باہ کو بڑھاتی ہے۔

## 576- تریاق نمونیا

**عنایت:** جناب حکیم راغب حسین صاحب فیروز پور گوڑگانوہ (ہند)

**ھوالشافی:** فلفل دراز، پپلا مول، پوست ہلیلہ زرد، کابلی، شہد ہر ایک پانچ تولہ، پانی تیرہ کلو۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو خوب پکائیں حتی کہ ایک کلو رہ جائے پھر چھان کر محفوظ کر لیجئے۔

**ترکیب استعمال:** دو تولہ دن میں تین مرتبہ استعمال کروائیے۔

**فائدہ:** نمونیا کو جڑ سے ختم کرنے میں لاثانی تجربہ شدہ دوا ہے۔

www.pdfbooksfree.pk



## 577- روغن نمونیا

**عنایت:** جناب حکیم محمد اقبال صاحب بودھا، جہلم۔

**ھوالشافی:** روغن ارنڈ، روغن السی، روغن تارہ میرا، عقرقرحا، اجوائن، مالکنگنی، تخم حرمل ہر ایک پانچ تولہ۔

**ترکیب تیاری:** خشک ادویا کو ڈیڑھ کلو پانی میں خوب پکا لیجئے جب پانی ایک پاؤ رہ جائے تو باقیات اس میں ملا کر جوش دیجئے حتی کہ تمام جوشاندہ جل جائے صرف روغن رہ جائے اور محفوظ رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** درد کی جگہ مالش کیجئے۔

**فائدہ:** ہر قسم کے دردوں کو ختم کرنے میں مفید ہے اور نمونیا کیلئے بے مثال ہے۔

**نوٹ:** مالش کرنے کے بعد روئی گرم ضرور لپیٹ دیجئے۔

## 578- حب سحر اثر

**عنایت:** جناب حکیم محمد زبیر گیلانی صاحب بمبئی (ہند)

**ھوالشافی:** اشق تین ماشہ، پھٹکڑی بریاں ایک تولہ، سہاگہ شگفتہ دو تولہ، افیون تین ماشہ، بارود دو ماشہ، زعفران ایک ماشہ۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو خوب باریک پیس کر پانی کی مدد سے حبوب نخودی بنا کر محفوظ رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** بیماری کی شدت میں ایک گولی ہمراہ نیم گرم پانی سے ہر دو دو گھنٹے بعد دیجئے۔ عام حالت میں ایک گولی صبح ایک شام دیجئے۔

**فائدہ:** ذات الجنب، ذات الریہ، ذات الصدر، ذات العرض وغیرہ میں سحر اثر دوا ہے ایسے مریض جنہیں انجکشن اور پلستر اثر نہیں کرتا اس دوا سے شفایاب ہوجاتے ہیں۔

## 579- شفا

**عنایت:** جناب حکیم محمد حسین صاحب گوالیار (ہند)

**ھوالشافی:** شنگرف رومی ایک تولہ، زردی بیضہ مرغ تین عدد۔

**ترکیب تیاری:** دونوں کو خوب کھرل کیجئے اور حبوب نخودی تیار کر کے بذریعہ جنتر روغن کشید کیجئے اور محفوظ رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** جوان آدمی کو ایک قطرہ بتاشہ میں ڈال کر استعمال کروائیے۔

**فائدہ:** نمونیا کو پہلی خوراک میں تباہ کر دیتا ہے دوسری خوراک کی بہت کم ضرورت پیش آتی

ہے۔ مقوی باہ اعلیٰ درجہ کا ہے' مسک بھی ہے۔

## طغرے

* زردی بیضہ مرغ ایک عدد شہد میں ملا کر دن میں دو مرتبہ چٹائیے۔
* اشق دو رتی دن میں تین مرتبہ جوشاندہ بنفشہ سے دیجئے۔

## 580- دوائے درد

**عنایت:** جناب حکیم محمد عبدالرحمٰن صاحب بیرون بوہڑ گیٹ ملتان

**ہوالشافی:** شنگرف رومی چار رتی' مصبر ایک ماشہ' زردی بیضہ مرغ ایک عدد۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو خوب کھرل کیجئے اور محفوظ رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** مقام درد پر لیپ کر کے اوپر روئی باندھیں۔

**فائدہ:** چند منٹ میں درد بند ہو جائے گا اور مریض سکون کی نیند لے گا۔ نمونیا کے درد میں اکسیر صفت نسخہ ہے۔

## 581- کشتہ بارہ سنگھا

**عنایت:** جناب حکیم محمد سبحان صاحب ملتان شریف۔

**ہوالشافی:** بارہ سنگھا پانچ تولہ' قلمی شورہ اور اجوائن برابر وزن بارہ تولہ۔

**ترکیب تیاری:** قلمی شورہ اور اجوائن کو خوب گھوٹیں اور بارہ سنگھا پر لیپ کر کے خشک کر دیجئے اور کوئلہ پر جلا دیجئے جب اجوائن وغیرہ کوئلہ ہو جائے تو کنوار گندل کے گودہ میں کھرل کیجئے حتیٰ کہ آب کنوار گندل ایک پاؤ کھرل ہو جائے ٹکیہ بنا کر گل حکمت کر کے دس کلو اوپلوں میں جھونک دیجئے پھر تیسری مرتبہ شیر مدار میں کھرل کر کے اسی طرح آگ دیجئے سفید رنگ کا نفیس کشتہ برآمد ہوگا باریک کر کے سنبھال کر رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** دو چاول سے تین چاول تک شہد میں ملا کر دیجئے۔

**فائدہ:** نمونیا کی بہترین دوا ہے اکثر اطباء کرام کا معمول مطب ہے۔

## 582- مالش نمونیا

**عنایت:** جناب پروفیسر حکیم محمد اشفاق صاحب شاہدرہ لاہور۔

**ہوالشافی:** روغن کنجد دس تولہ' موم خالص بیس تولہ' روغن تارپین چھ تولہ' کافور دیسی تین ماشہ۔

**ترکیب تیاری:** پہلے روغن کنجد کو کڑاہی میں گرم کیجئے بعدہ موم ڈال دیجئے پھر گرم گرم اتار کر

www.pdfbooksfree.pk



کافور ڈال کر کسی چیز سے ڈھانپ دیجئے جب تیل سرد ہو جائے تو روغن تارپین شامل کر کے بوتلوں میں بھر کر محفوظ رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** بوقت ضرورت روغن گرم کر کے سینے پر مالش کیجئے اوپر گرم روئی باندھ دیجئے۔

**فائدہ:** نمونیا اور دیگر ریاحی یا دیگر دردوں میں نہایت ہی جید الاثر دوا ہے۔

# سل

**تعریف مرض:**
اس مرض میں پھیپھڑے زخمی ہو کر ان سے خون و پیپ خارج ہونا شروع ہو جاتی ہے۔

**اسباب:**
خشک و گرم اغذیہ کا کثرت استعمال' نزلہ و زکام اور کھانسی کے علاج میں لاپرواہی ایسی جگہ کام کرنا جہاں اکثر دھواں وغیرہ رہتا ہو نمونیا' موتی جھرا' خسرہ اور بعض اوقات موروثی بھی ہوتا ہے۔

**علامات:**
اطباء کرام علامات کے لحاظ سے اس کے تین درجات بتاتے ہیں۔

**پہلا درجہ:**
پہلے درجے میں مریض کو بار بار کھانسی اٹھتی ہے صرف خشک کھانسی آتی ہے۔ کبھی کبھی پتلی سی بلغم یا جھاگ خارج ہوتی ہے' بھوک مرجاتی ہے۔ غذائیں اچھی طرح ہضم نہیں ہوتیں ہاتھوں اور پاؤں کے تلوے جلتے ہیں۔ شام کو طبیعت میں گرانی پیدا ہونا شروع ہو جاتی ہے۔

**دوسرا درجہ:**
اس میں شدید کھانسی آتی ہے اور سینہ میں خفیف ورم ہو جاتا ہے جس کی وجہ سے اس کروٹ لینا مشکل ہو جاتا ہے کھنگار کے ساتھ خون بھی آتا ہے ہلکا ہلکا بخار ہر وقت رہتا ہے کمزوری دن بدن بڑھ کر مریض دبلا ہوتا رہتا ہے۔

**تیسرا درجہ:**
تیسرے درجے میں مادہ سل خوب اثر دکھاتا ہے پھیپھڑوں میں سوراخ ہو جاتے ہیں ان

سے خون و پیپ آمیز خارج ہوتی ہے بخار باری سے دن میں دو مرتبہ ہونے لگتا ہے شدت لرزہ میں لرزہ سے بخار آتا ہے بعض اوقات تمام جسم پر آماس آجاتا ہے بعض اوقات اسہال آنے شروع ہوجاتے ہیں اگر پوری توجہ سے علاج نہ ہوتو مریض مرجاتا ہے۔

**علاج:**

درج ذیل مجربات میں سے انتخاب کرکے علاج کیجئے۔

## 583- تریاق سل

**عنایت:** شمس الاطباء جناب حکیم اکبر حسین صاحب الہ آبادی (ہند)۔

**ھوالشافی:** گیلک ایسڈ (ست مازو) ایک تولہ، کشتہ سنگجراحت ایک تولہ، کافور نو ماشہ۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو خوب باریک پیس کر محفوظ رکھیں۔

**ترکیب استعمال:** دو رتی دن میں تین مرتبہ ہمراہ شربت اعجاز میں ملا کر چٹائیں۔

**فائدہ:** سل کے خون کو روکنے کے واسطے نہایت ہی مفید ہے بخار بھی نہیں رہتا بواسیر خونی میں بھی اکسیر ہے۔

## 584- معجون سل

**عنایت:** جناب حکیم تلسی داس سنیاسی صاحب قدیمی سندھ

**ھوالشافی:** تخم کاہو، مغز تخم کدو، مغز خربوزہ، مغز خیارین ہر ایک ڈیڑھ تولہ، مروارید ناسفتہ نو ماشہ، صندل سرخ، الائچی خورد، عود اگر، درونج عقربی، زرنباد، بہمن سفید ہر ایک چار ماشہ، تباشیر نو ماشہ، گل سرخ ایک تولہ، گل گاؤ زبان سات ماشہ، عنبر اشہب پانچ رتی، مشک خالص ایک ماشہ، مربہ سیب، مربہ گاجر، مربہ آملہ، مربہ ہرڑ ہر ایک پانچ تولہ، کوزہ مصری بیس تولہ، شہد بیس تولہ۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو عرق کیوڑہ و بید مشک میں کھرل کیجئے پھر آپس میں ملا کر خوب گھوٹیں کہ معجون بن جائے سنبھال کر رکھیں۔

**ترکیب استعمال:** چھ ماشہ صبح و شام ہمراہ مناسب بدرقہ دیجئے۔

**فائدہ:** سل اور اس سے پیدا ہونے والی کمزوری میں نہایت ہی کامیاب دوا ہے۔ متعدد مرتبہ کا تجربہ شدہ نسخہ ہے۔

## 585- اکسیر سل

**عنایت:** جناب حکیم خواجہ غلام رسول صاحب دلگیر چرار شریف کشمیر

**ھوالشافی:** طباشیر، گوند کتیرا، صمغ عربی، نشاستہ گندم، مغز خیارین، مغز بہیدانہ، مغز بادام، گل

www.pdfbooksfree.pk




...نیلوفر، تخم خطمی، تخم خبازی، گل سرخ ہر ایک چھ چھ تولہ، کہربا شمعی، گل ارمنی، تخم کاہو، رب السوس، زبان سوختہ، سرطان سوختہ ہر ایک تین ماشہ۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو خوب کھرل کیجئے اور لعاب اسپغول میں قرص چار سو ملی گرام بنا کر محفوظ رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** چار قرص مناسب بدرقہ سے دیجئے۔

**فائدہ:** سل کے لئے نہایت ہی مفید ہے بارہا کا مجرب ہے اور مفید پایا ہے آپ بھی طبی ادویات کو اپنا کر خوب فوائد حاصل کیجئے۔

## 586- دوائے سل

**عنایت:** جناب حکیم گھاسی خان صاحب جے پور (ہند)

**ھوالشافی:** پوست خشخاش پانچ تولہ، برگ اڑوسہ پانچ تولہ، صمغ عربی چار ماشہ، گوند کتیرا چار ماشہ، مصطگی رومی تین ماشہ، مرکی تین ماشہ، افیون خالص ایک ماشہ، زعفران ایک ماشہ، کوزہ مصری بیس تولہ۔

**ترکیب تیاری:** سب سے پہلے پوست اور برگ اڑوسہ ایک کلو پانی میں بھگو دیجئے چوبیس گھنٹے بعد جوش دیجئے چوتھائی حصہ پانی رہ جانے پر مصری ڈال کر قوام بنالیجئے جب غلیظ ہوجائے تو دیگر باریک شدہ ادویات ملا کر محفوظ رکھیں۔

**ترکیب استعمال:** دو ماشہ سے تین ماشہ دن میں دو مرتبہ دیجئے۔

**فائدہ:** سل کہنہ میں جب مریض کو دست آرہے ہوں تو یہ دوا مفید و مجرب ہے آپ بھی خوب کمائیے۔

باب 15:

# سر کے امراض

سر کی بناوٹ میں آٹھ اعضاء شامل ہیں:

(1) جلد (2) ہڈیاں (3) عضلات
(4) پردے (5) جھلیاں (6) شرائین
(7) اعصاب (8) جوہر دماغ

سر کی آٹھ ہڈیاں ہوتی ہیں ایک سامنے پیشانی میں ایک پیچھے گدی میں دو اوپر چندیا میں دو دونوں طرف کنپٹیوں میں ایک کھوپڑی کے نیچے صحن بمنزلہ سطح کے جسے قاعدہ دماغ کہتے ہیں اور آٹھویں جو بہت ہلکی اور سوراخ دار ہوتی ہیں پیشانی کی ہڈی کے سامنے اور نیچے ناک کی چھت ہوتی ہے کھوپڑی کی بناوٹ سر کی آٹھ اور چہرہ کی چودہ ہڈیوں سے مل کر بنتی ہے۔

## دماغ:

دماغ اعضائے رئیسہ میں سے ایک شریف عضو ہے اس کی صحت و تندرستی پر زندگی کا دارومدار ہے اللہ عزوجل نے دماغ کو اکثر اعضاء پر فضیلت عطا فرمائی ہے یعنی عقل کا خزانہ اس میں محفوظ فرما دیا ہے جس کے ذریعے ہم اپنا نفع و نقصان، دوست و دشمن میں تمیز کر سکتے ہیں ناک سے سونگھتے ہیں، زبان سے ذائقہ چکھتے ہیں، پاؤں سے چلتے ہیں مگر آنکھوں سے دیکھتے ہیں، کانوں سے سنتے ہیں ان سب افعال کا مبداء دماغ ہی ہے تکلیف و راحت کا احساس معاملات کو سلجھانا نمٹانا، سوچنا، سمجھنا، یاد رکھنا، خیال، فہم، عمدہ عمدہ مضامین، باتیں، حافظہ وغیرہ وغیرہ اسی عضو کے خزانہ میں محفوظ رہتے ہیں۔ جب تک دماغ اپنے طبعی افعال پورے کرتا رہتا ہے تو تمام انسانی صفات درست رہتی ہیں صحت مند دماغ ہی صحت مند معاشرے کی اکائی ہے۔ صحت مند دماغ ہی اچھی سوچ کا ضامن ہے۔ افق کی بلندیوں کو چھونے کے لئے دماغ کا صحت مند ہونا نہایت ضروری ہے اور اس کی طرف سے غفلت کرنا دین و دنیا میں نقصان کا باعث ہے۔

دماغ کے تین حصے ہوتے ہیں:

(1) دماغ مقدم
(2) دماغ متوسط
(3) دماغ موخر

دماغ چالیس سال کی عمر میں جا کر تکمیل کو پہنچتا ہے اس کے بعد ہر سال اس کا وزن کم



ہوجاتا ہے جن لوگوں کا دماغ وزنی اور بڑا ہوتا ہے وہ ذہین اور عقل مند ہوتے ہیں چھوٹے دماغ والے اکثر کند ذہن اور کم عقل ہوتے ہیں۔

# ضعف دماغ

**تعریف مرض:** جب دماغ کے بعض حصوں میں خون معمول کے مطابق نہ پہنچتا ہو یا غذا کی کمی کے باعث دماغی نشوونما اچھے انداز سے نہ ہوسکے تو اسے ضعف دماغ یا دماغ کی کمزوری کہتے ہیں۔

**اسباب:** کثرت مباشرت، جلق، کثرت احتلام و جریان وغیرہ، تولید خون میں کمی، ضعف ہضم، ضعف جگر، نزلہ و زکام کی کثرت، دماغی شریانوں میں سختی پیدا ہونا یا سدہ پیدا ہونا خشکی کی زیادتی وغیرہ سے دماغ میں ضعف پیدا ہوجاتا ہے مزید جب خشکی اور حرارت میں زیادتی ہوجاتی ہے تو ضعف دماغ ہوجاتا ہے۔

**علامات:** طبیعت ست رہتی ہے معمولی دماغی محنت سے درد سر ہوجاتا ہے بیٹھ کر اٹھنے سے آنکھوں کے سامنے اندھیرا چھا جاتا ہے بینائی کمزور ہوجاتی ہے سانس پھولنے لگتا ہے نزلہ و زکام کی اکثر شکایت ہوتی رہتی ہے نیند کے بعد بھی طبیعت ست رہتی ہوگی خواہش جماع کم ہوجاتی ہے اور اکثر خیال آتے ہیں عضو فوراً مسترخی ہوجاتا ہے، دماغی تھکان بہت جلد پیدا ہوجاتی ہے۔

**علاج:** درج ذیل مجربات میں سے منتخب کر کے علاج کیجئے۔

## 587- حب دماغون

**عنایت:** جناب حکیم محمد یوسف حسن صاحب لاہور۔

**ھوالشافی:** برہمی بوٹی دس تولہ، روغن بادام دس تولہ، مغز اخروٹ پانچ تولہ، فلفل سیاہ ایک تولہ، الائچی خورد ایک تولہ۔

**ترکیب تیاری:** برہمی بوٹی کو پوڈر بنا کر روغن بادام میں چرب کر لیجئے بعدہ دیگر ادویات باریک کر کے ملا کر حبوب کنار دشتی بنا کر محفوظ رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** ایک گولی صبح ایک شام نہار منہ مکھن میں لپیٹ کر دیجئے۔

www.pdfbooksfree.pk

**فائدہ:** دماغی کمزوری اور دائمی نزلہ و زکام میں نہایت ہی مفید دوا ہے۔

## 588- حب ازراقی

**عنایت:** جناب حکیم کریم بخش صاحب مظفر گڑھ۔
**ھوالشافی:** ازراقی مدبر دس تولہ' زعفران چھ ماشہ' جاوتری ایک تولہ' دارچینی ایک تولہ' الائچی کلاں چار تولہ' سرنجاں شیریں تین تولہ' زنجبیل دس تولہ۔
**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو باریک کر کے پانی کے ذریعے حبوب نخودی بنالیجئے۔
**ترکیب استعمال:** ایک گولی صبح ایک گولی شام ہمراہ مناسب بدرقہ دیجئے۔
**فائدہ:** اعصابی کمزوری' لقوہ' فالج' قبض دائمی' خرابی معدہ و جگر ضعف دماغ اور باہ اور ضعف اعضائے رئیسہ میں نہایت ہی کام کی چیز ہے۔

## 589- اکسیر منقی دماغ

**عنایت:** جناب حکیم سید عبدالغفار شاہ صاحب ویلن لاڑکانہ باب الاسلام سندھ۔
**ھوالشافی:** تربد سفید دس ماشہ' فلفل ابیض دس ماشہ' ایارج فیقرا دس ماشہ' ہلیلہ زرد سات ماشہ' افتیمون چھ ماشہ' اسطوخودوس چھ ماشہ' ہلیلہ کابلی پانچ ماشہ' سقمونیا چار ماشہ' تخم حنظل تین ماشہ' زنجبیل تین ماشہ' گل سرخ تین ماشہ' نمک ہندی دو ماشہ' طباشیر ایک ماشہ' کتیرا ایک ماشہ۔
**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو خوب پوڈر بنا کر محفوظ رکھئے۔
**ترکیب استعمال:** ایک تولہ صبح عرق گلاب مصری ملا ہوا سے لیجئے۔
**فائدہ:** کلی صحت ہوگی دماغی فاسد رطوبات کو دفع کر کے دماغ کو طاقت عطا کرنا اس کا ادنیٰ سا کرشمہ ہے۔
**پرہیز:** دیر ہضم اور ثقیل اشیاء دوران دوا ضرور چھوڑ دیجئے۔

## 590- کشتہ نقرہ

**عنایت:** جناب حکیم فضل الدین صاحب ڈاچکوٹ ضلع فیصل آباد۔
**ھوالشافی:** افیون خام تین ماشہ' شیر انجیر (جو کونپلوں سے لیا گیا ہو) چار ماشہ' نغدہ کونپل انجیر' پترا چاندی ایک عدد
**ترکیب تیاری:** افیون اور شیر انجیر کا لیپ بنا کر پترا چاندی پر لگا دیجئے اور نغدہ انجیر میں دے کے گل حکمت کر کے تیس کلو اوپلوں کی آگ دیجئے مانند سفید بتاشہ کی طرح بادرن کشتہ برآمد ہوگا کھرل کر کے محفوظ رکھئے۔
**ترکیب استعمال:** ایک رتی مکھن یا ملائی میں رکھ کر کھلایئے۔

www.pdfbooksfree.pk



**فائدہ:** ضعف دماغ' جریان منی کے لئے حقیقی اکسیر ہے۔

## 591- مقوی دماغ

**عنایت:** جناب حکیم محبوب عالم خان صاحب اسکردو لداخ۔
**ھوالشافی:** چاول سونف' کشنیز' دانہ الائچی کلاں' مغز بادام' کالپی مصری برابر وزن
**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو خوب باریک کر کے محفوظ رکھئے۔
**ترکیب استعمال:** ایک تولہ رات کو سوتے وقت دودھ سے کھا جایئے۔
**فائدہ:** دماغی طاقت کے لئے غریبوں کا ہیروں کے بھاؤ نسخہ ہے دائمی نزلہ وزکام کا خاتمہ کرتا

## 592- جوارش عنبرین

**عنایت:** جناب حکیم پرسرام صاحب موگہ فیروز پور (ہند)۔
**ھوالشافی:** عنبر اشہب دو ماشہ' کستوری خالص دو ماشہ' اسارون' لونگ' زعفران ہر ایک تین ماشہ' دانہ الائچی خورد' دارچینی' فلفل دراز' زنجبیل' جائفل ہر ایک چھ ماشہ' کوزہ مصری' شہد سہ چند۔
**ترکیب تیاری:** بطریقہ معروف جوارش بنالیجئے۔
**ترکیب استعمال:** چار ماشہ ہمراہ عرق سونف سے دیجئے۔
**فائدہ:** معدہ کی سردی کو ختم کر کے حرارت عزیزی پیدا کرتی ہے بلغم کو نکالنے کے ساتھ ساتھ ریاح کو تحلیل کرنے میں بے مثال ہے ضعف دماغ میں نہایت مجرب ہے۔

## 593- دماغی

**عنایت:** جناب حکیم حضرت محمد شاہ صاحب مہار شریف پٹنہ (ہند)۔
**ھوالشافی:** پوست ہلیلہ زرد' پوست بلیلہ' پوست آملہ' اسطوخودوس' ہر ایک تین تین تولہ' ناگرموتھا' لونگ' دارچینی' قلمی شورہ' مصطگی رومی' ہر ایک ایک تولہ' شہد خالص سہ چند۔
**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو خوب باریک کر کے شہد ملا کر بطریقہ معروف معجون تیار کرلیجئے۔
**ترکیب استعمال:** چھ ماشہ صبح' چھ ماشہ شام ہمراہ شیر گاؤ سے کھلا دیجئے۔
**فائدہ:** تقویت دماغ اور تقویت معدہ کے لئے بہت ہی مفید ہے اعصابی کمزوری کو دور کر کے جنسی طاقت بھی پیدا کرتی ہے۔

## 594- کشتہ نقرہ

عنایت: جناب حکیم سید محمد عمر صاحب کوزی بند سندھ۔

هوالشافی: پترا چاندی ایک تولہ، شیر مدار بقدر ضرورت، ریٹھا ایک پاؤ۔

ترکیب تیاری: پترا چاندی کو آگ پر سرخ کر کے بارہ مرتبہ شیر مدار میں بجھا دیجئے بعدہ شیر مدار کو ریٹھا میں ملا کر نغدہ بنالیجئے ریٹھا بمعہ مغز استعمال کیجئے اس نغدہ میں پترا چاندی رکھ کر پارچہ بیز کر کے اوپر ایک انگارہ رکھ دیجئے۔ کشتہ برآمد ہوگا یہ کشتہ پندرہ تولہ سیماب جذب کرنے کی صلاحیت رکھتا ہے۔

ترکیب استعمال: نصف رتی بالائی یا مکھن میں رکھ کر کھلا دیجئے۔

فائدہ: مقوی باہ و مقوی دماغ ہے بہت ہی مفید دوا ہے چند دن کا استعمال مضبوط بنا دیتا ہے۔

## 595- تریاق باہ

عنایت: جناب حکیم عبدالکریم صاحب نیو سعید آباد باب الاسلام سندھ۔

هوالشافی: پوست بیخ اکسن، ثعلب مصری برابر وزن۔

ترکیب تیاری: دونوں کو الگ الگ کوٹ کر ملا کر سنبھال کر رکھئے۔

ترکیب استعمال: تین ماشہ صبح تین ماشہ شام ہمراہ شیر گاؤ دیجئے۔

فائدہ: اعلیٰ درجہ کا مقوی باہ، مقوی بدن و دماغ ہے نیز ممسک بھی اعلیٰ درجہ کا ہے نہایت کم خرچ کی مگر اعلیٰ فوائد کی حامل دوا ہے تجربہ شدہ ہے۔

## 596- حب کامیاب

عنایت: جناب حکیم قاضی محمد غوث صاحب آستانہ عالیہ گولڑہ شریف اسلام آباد۔

هوالشافی: برہمی بوٹی دس تولہ، ملٹھی مقشر تین تولہ، دانہ الائچی سفید ایک تولہ، دانہ الائچی سرخ ایک تولہ، ورق طلاء چار عدد، ورق نقرہ بارہ عدد، زعفران نو ماشہ، مشک خالص تین ماشہ۔

ترکیب تیاری: تمام ادویات کو خوب باریک کر کے شہد کی مدد سے حبوب نخودی تیار کر لیجئے۔

ترکیب استعمال: ایک گولی روزانہ دودھ کے ساتھ استعمال کیجئے۔

فائدہ: اعضاء رئیسہ خصوصاً دماغ و حافظہ کو مضبوط بناتی ہے مقوی باہ ہے اور سرعت انزال میں مفید الاثر ہے۔

## 597- اکسیر باہ

عنایت: زبدۃ الحکماء جناب حکیم مظفر حسین خان صاحب لاہور۔

www.pdfbooksfree.pk



هوالشافی: مغز بادام شیریں، مغز کدو شیریں، مغز جنادین، مغز پٹھہ، برہمی بوٹی، ترپھلہ ہرایک پانچ تولہ، شہد — چند، مروارید سائیدہ، مشک خالص، عنبر اشہب ہرایک ایک ماشہ، ورق نقرہ ایک تولہ، زعفران تین ماشہ۔

ترکیب تیاری: پہلی چھ ادویات کو خوب پوڈر بنا کر شہد میں ملا کر معجون تیار کر لیجئے بعدہ دیگر ادویات کو روح کیوڑہ یا مشک بید میں کھرل کر کے حل کر کے ڈبیوں میں بند کر کے محفوظ رکھئے۔

ترکیب استعمال: ایک تولہ صبح ایک تولہ شام ہمراہ شیر گاؤ دیجئے۔

فائدہ: تقویت دماغ اور تقویت باہ کے لئے نہایت ہی مفید ہے حافظہ کی کمزوری کو دور کرتی ہے۔

## 598- حب مومیائی

عنایت: جناب حکیم سید علی محمد صاحب زیدپور بارہ بنکی (ہند)۔

هوالشافی: مومیائی خالص، موصلی سفید، ثعلب مصری، موچرس، صمغ عربی، عقرقرحا، تخم ترہندی، اقاقیا، مصطگی رومی ہرایک ایک تولہ، شیر بڑ دس تولہ۔

ترکیب تیاری: تمام ادویات کو خوب باریک پیس کر شیر بڑ میں ملا کر حبوب نخودی تیار کر کے محفوظ رکھیں۔

ترکیب استعمال: ایک گولی صبح ایک شام ہمراہ شیر شیریں دیجئے۔

فائدہ: خاندانی مجرب المجرب ہے مقوی باہ و دافع جریان و منی، مقوی دماغ، دافع نزلات غرض دماغی امراض میں اکسیر اعظم ہے آزمایئے اور قدرت حق کا مشاہدہ کیجئے۔

## 599- معجون دانائی

عنایت: جناب حکیم ایس اے صاحب معیر ضلع پٹنہ (ہند)۔

هوالشافی: سعد کوفی، کندر، ورچ ہرایک چار تولہ، سونٹھ، فلفل سیاہ ہرایک دو تولہ، شہد خالص بارہ تولہ۔

ترکیب تیاری: تمام ادویات خوب باریک کر لیجئے اور شہد ملا کر معجون کا قوام بنا لیجئے۔

ترکیب استعمال: چھ ماشہ عرق گاؤ زبان کے ساتھ صبح اور اسی طرح شام دیجئے۔

فائدہ: اعلیٰ درجہ کا مقوی دماغ و دافع نسیان نسخہ ہے معمول مطب تجربہ شدہ ہے آزمایئے۔

## 600- اکسیر دماغی

عنایت: جناب حکیم محمد اسماعیل صاحب شرقپور شریف ضلع شیخوپورہ۔

هوالشافی: چاول سونف، چاول کشنیز، دانہ الائچی کلاں، مغز بادام مقشر، کوزہ مصری ہرایک پانچ

تولہ۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو خوب پوڈر بنالیجئے۔

**ترکیب استعمال:** ایک تولہ روزانہ رات سوتے وقت دودھ کے ساتھ دیجئے۔

**فائدہ:** تقویت دماغی و حافظہ کے لئے نہایت مفید ہے لمبا عرصہ استعمال کیجئے۔

## 601- مرکبین

**عنایت:** جناب حکیم نذر حسین صاحب بھیرہ شریف۔

**ہوالشافی:** یاقوت اعلیٰ، ورق نقرہ خالص ہرایک ایک تولہ، مرجان اعلیٰ پانچ تولہ، عرق گلاب دو آتشہ بقدر ضرورت۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو عرق گلاب میں تین یوم کھرل کیجئے اور ایک ٹکیہ بنا کر گل حکمت کر کے پانچ کلو اوپلوں کی آگ دیجئے سرد ہونے پر یہی عمل مزید دو مرتبہ کیجئے نہایت ہی نفیس کشتہ برآمد ہوگا سنبھال کر رکھیں۔

**ترکیب استعمال:** ایک رتی خمیرہ گاؤزبان عنبری جواہر دار میں دیجئے بعد میں عرق گاؤزبان اور عرق ابریشم دیجئے۔

**فائدہ:** تمام دماغی عوارض میں کثیر المنفعت ہے تجربہ شدہ ہے آزمایئے اور دعائیں دیجئے۔

## 602- حب افزائش عقل

**عنایت:** جناب حکیم محمد اکبر صاحب منڈی بہاؤ الدین۔

**ہوالشافی:** برہمی بوٹی چھبیس تولہ، دانہ ہیل آٹھ تولہ، دانہ الائچی کلاں آٹھ تولہ، ملٹھی چھ ماشہ، مشک خالص دو ماشہ، زعفران نو ماشہ، ورق نقرہ پانچ ماشہ، ورق طلاء ایک ماشہ۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو خوب کوٹ کر شہد کی مدد سے حبوب نخودی بنا کر محفوظ رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** ایک گولی صبح ایک گولی شام ہمراہ شیر گاؤ دیجئے۔

**فائدہ:** ضعف دماغ، نزلہ و زکام کو بے حد مفید ہے دماغی طاقت کو بڑھانے کے لئے نہایت ہی اطمینان بخش ہے حافظہ کی افزائش کرتی ہے دماغی نقص دور کرنے میں لاجواب ہے۔

## 603- معجون عقلی

**عنایت:** سفیر اطباء اُستاد الحکماء جناب حکیم سید ایوب صاحب ملتان شریف۔

**ہوالشافی:** شیرہ آملہ ساڑھے تین تولہ، پوست ہلیلہ کابلی، ہلیلہ سیاہ، پوست بھیڑہ ہرایک ڈیڑھ تولہ، طباشیر، صندل سفید، ابریشم مقرض، بادرنجبویہ، مغز ناریل، مغز پستہ، مغز بادام، مغز کدو، خشخاش ہرایک چھ ماشہ، کوزہ مصری اور شہد سہ چند۔

www.pdfbooksfree.pk



**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو خوب باریک کر لیجئے اور کوزہ مصری اور شہد کا قوام بنا کر بطریقہ معروف معجون بنالیجئے اور سنبھال کر رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** نو ماشہ صبح نو ماشہ شام ہمراہ عرق گاؤزبان سے دیجئے۔

**فائدہ:** حواس ظاہری و باطنی کی حفاظت کرنے عقل کو بڑھانے ذہن کو تروتازہ رکھنے فکروں کو ختم کرنے اور حافظہ کو بڑھانے میں واقعی بے مثال ہے۔

## 604- لذت بخش

**عنایت:** جناب حکیم فصیح الدین صاحب فیصل آباد۔

**ہوالشافی:** مغز بادام مقشر دس عدد، الائچی خورد چار عدد، چھوہارہ دو عدد، کوزہ مصری ڈھائی تولہ، مکھن تازہ ڈھائی تولہ۔

**ترکیب تیاری:** مغز بادام اور چھوہارہ کو رات پانی میں بھگو دیجئے صبح مغز بادام چھیل کر گٹھلی چھوہارہ دور کر کے الائچی کے دانے نکال کر خوب باریک پیس لیجئے مصری بھی ملا لیجئے بعدہ مکھن ملا کر رکھ لیجئے۔

**ترکیب استعمال:** وقت مناسب پر یہ دوا ایک چمچ صبح نہار منہ کھا لیجئے۔

**فائدہ:** دوران سر، ضعف دماغ، نسیان، کمزوری دل کو رفع کرنے میں نہایت ہی پاورفل ہے۔

**نوٹ:** اکیس سے اکتالیس یوم تک استعمال کریں۔

## 605- سفوف دماغی

**عنایت:** جناب حکیم بہار خان صاحب 10-R/133 خانیوال ملتان۔

**ہوالشافی:** مغز کدو، مغز کشنیز، مغز بادام ہرایک ڈھائی تولہ، مغز بادیان ساڑھے تین، خشخاش ڈھائی تولہ، دانہ الائچی خورد ایک تولہ، کشتہ نقرہ ڈھائی ماشہ، کوزہ مصری ساڑھے بارہ تولہ۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو خوب باریک کر کے پوڈر بنالیجئے۔

**ترکیب استعمال:** ایک تولہ صبح ایک تولہ شام ہمراہ شیر گاؤ دیجئے۔

**فائدہ:** مقوی دماغ و حافظہ، نزلہ و زکام دائمی یبوست دماغ اور نسیان کے لئے مجرب دوا ہے۔

**نوٹ:** کورس اکتالیس یوم ہے۔

## 606- کشتہ نقرہ

**ہوالشافی:** کنیر سفید کی جڑ کا پوست بیس تولہ، پترا نقرہ ایک تولہ۔

**ترکیب تیاری:** پوست بیخ کنیر کا نغدہ بنا کر پترا نغدہ اس میں دے کر گل حکمت کر دیجئے اور آٹھ کلو اوپلوں میں جلا دیجئے، سرد ہونے پر شگفتہ نفیس کشتہ برآمد ہوگا سنبھال کر اوپر دوا میں

استعمال کیجئے۔

## طغرے

* چھوٹی چندن بوٹی آدھا ماشہ صبح شام ہمراہ عرق گاؤزبان استعمال کروایئے جنون اور مرگی، ہسٹریا کے لئے مایہ ناز دوا ہے روپیہ لگاؤ لاکھوں کماؤ۔
* سونف اور کوزہ مصری ہم وزن پوڈر بنا کر ہر کھانے کے بعد چھ ماشہ کھا لیجئے نہایت ہی بے مثال نسخہ ہے جس سے بال سفید بھی کالے ہو جاتے ہیں اور ضعف دماغ کا تریاق ہے۔
* روغن مالکنگنی خود نکالا ہوا ایک قطرہ چینی پر ڈال کر کھانا نسیان کو جڑ سے اکھاڑ دیتا ہے۔
* دارچینی تین ماشہ روزانہ صبح نہار منہ پانی سے کھا لیجئے نہایت ہی مفید ہے۔
* ایک انڈا گرم دودھ میں پھینٹ کر شہد ملا کر کھانا تمام نسخہ جات سے بے نیاز کر دیتا ہے ازحد مقوی دماغ ہے۔

## 607- برین ویل

**عنایت:** جناب حکیم محمد اقبال شاہ صاحب فیروز پور (ہند)

**ہوالشافی:** برہمی بوٹی دس تولہ، سفوف ملٹھی پانچ تولہ، ورچ پچاس گرام، مغز کنول ڈوڈا پانچ تولہ، مغز بادام شیریں چالیس عدد، دانہ الائچی ایک تولہ، زعفران چار ماشہ، کستوری چار رتی، ورق طلاء چھ عدد، ورق نقرہ بارہ عدد۔

**ترکیب تیاری:** پہلے برہمی کو گھی میں بھون لیجئے دیگر ادویات پوڈر بنا کر شہد کی مدد سے جنگلی بیر کے برابر گولیاں بنا لیجئے۔

**ترکیب استعمال:** ہر روز رات سوتے وقت گائے کے دودھ کے ہمراہ ایک گولی کھا لیجئے۔

**فائدہ:** دماغی کمزوریوں کو رفع کرتی ہیں حافظہ قابل فخر ہو جاتا ہے سارا دن بھی دماغی محنت کرنے سے طبیعت تر و تازہ رہتی ہے لکھا پڑھا یاد رہتا ہے طالب علموں، ایڈیٹروں، مصنفوں، وکیلوں، لیکچراروں کے لئے نہایت ہی مفید دوا ہے۔

## 608- عطاری حریرہ

**عنایت:** جناب حکیم محمد اسلم شاہین عطاری پھول نگر لاہور۔

**ہوالشافی:** گیہوں تین تولہ، دودھ ایک پاؤ، گھی گاؤ ایک تولہ، زیرہ سفید ایک ماشہ، کوزہ مصری بقدر ضرورت۔

**ترکیب تیاری:** پہلے گیہوں کا شیرہ نکالیں اور دودھ ڈال کر گھی ملا کر ہلکی آنچ پر پکایئے

www.pdfbooksfree.pk



جب گاڑھا ہونے پر زیرہ سفید اور کوزہ مصری ملا کر احتیاط سے رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** سرد ہونے پر حسب تحمل نوش فرمایئے اور بعد ازاں اسی طرح تازہ تیار کر

نوش فرمایئے۔

**فائدہ:** دماغی کمزوری میں نہایت ہی اکسیر ہے۔ سر چکرانا، پڑھتے لکھتے وقت سر درد ہونا، زیادہ آنکھیں زیادہ ہی گرمی یا سردی سے زکام وغیرہ لگ جانا، جسم دبلا پتلا ہو ایسی صورت میں حریرہ کا متواتر کچھ عرصہ تک استعمال کرنے سے تمام شکایات کافور ہو جاتی ہیں۔ عورتوں میں افزائش دودھ ہو جاتا ہے۔

# نسیان (بھول جانا)

## (Amnebia)

**تعریف مرض:**
یادداشت کی طاقت خراب ہو جاتی ہے مریض کو نئی یا پرانی باتیں یاد نہیں رہتیں بعض اوقات یادداشت کی طاقت بالکل مفقود ہو جاتی ہے۔

**اسباب:**
یہ مرض عموماً دماغی کمزوری کے باعث پیدا ہوتی ہے سر پر چوٹ یا گرنے سے بھی پیدا ہو جاتی ہے دائمی نزلہ و زکام، دماغ ورم رسولی کثرت مباشرت، جلق، نشہ آور اشیاء کا کثرت استعمال، دماغی ہیجان کا پیدا ہونا وغیرہ شدید گرم چیزوں کا کثرت استعمال بھی اس کے اسباب میں شامل ہے۔

**علامات:**
کوئی بات یاد نہیں رہتی اکثر دیکھی ہوئی چیزیں بھول جاتی ہیں رات کا خواب بھی صبح یاد نہیں رہتا سستی کاہلی اکثر رہتی ہے درد سر اور چکر آتے ہیں نزلہ و زکام اسباب ہوں تو نیند بکثرت آتی ہے چہرے پر گھبراہٹ اور طبیعت سست رہتی ہے بات کرنے میں مشکل اور قبض کی شکایت رہتی ہے۔

## 609- روغن اکسیر دماغ

**عنایت:** جناب حکیم محمد ناصر صاحب راولپنڈی۔
**ہوالشافی:** بریم ڈنڈی کا تازہ پانی ایک کلو' روغن مالکنگنی ایک پاؤ' روغن گاؤ تین پاؤ' روغن پستہ ایک پاؤ۔
**ترکیب تیاری:** تمام چیزوں کو ایک قلعی دار برتن میں ڈال کر آگ پر رکھئے جب پانی خشک ہوجائے تو روغن کو فلٹر کرلیجئے اور محفوظ رکھئے۔
**ترکیب استعمال:** روزانہ ایک تولہ روٹی پر ڈال کر کھا جایا کریں۔
**فائدہ:** قوت حافظہ کے لئے نہایت ہی مفید ہے آنکھوں کی روشنی بڑھ جاتی ہے قوت باہ جریان سرعت کمزوری اعصاب کے لئے بے حد مفید ہے قبل از وقت بال سفید نہیں ہوتے مدت سے معمول مطب ہے۔

## 610- اکسیر نسیان

**عنایت:** زبدۃ الحکماء جناب حکیم سید علی احمد صاحب نیر واسطی لاہور۔
**ہوالشافی:** رائی' کلونجی ہم وزن شہد بقدر مناسب۔
**ترکیب تیاری:** خشک دواؤں کو خوب پوڈر بنا کر شہد کی مدد سے حبوب نخودی تیار کیجئے اور محفوظ رکھئے۔
**ترکیب استعمال:** دو گولی صبح نہار منہ اور دو گولی شام خالی پیٹ ہمراہ آب تازہ یا دودھ سے دیجئے۔
**فائدہ:** نسیان کے لئے نہایت اعلیٰ ہے۔

## 611- دوائے مقوی

**عنایت:** جناب حکیم کشوری لعل پلکھوہ ضلع میرٹھ (ہند)۔
**ہوالشافی:** برہمی دس تولہ' اصل السوس تین تولہ' الائچی خورد دو تولہ' الائچی کلاں دو تولہ' ورق طلاء چھ عدد' ورق نقرہ بارہ عدد' زعفران نو ماشہ' جند بیدستر ایک تولہ' شہد بقدر ضرورت۔
**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو خوب کھرل کیجئے اور شہد کی مدد سے حبوب نخودی تیار کیجئے۔
**ترکیب استعمال:** ایک گولی روزانہ رات سوتے وقت ہمراہ نیم گرم شہد ملا دودھ دیجئے۔
**فائدہ:** حافظہ کو تقویت ملتی ہے اعلیٰ درجہ کا ممسک ہے مقوی اعضاء رئیسہ ہے۔



## 612- محافظ حافظہ

**عنایت:** جناب حکیم سید محمد حسین صاحب ڈچکوٹ فیصل آباد۔
**ہوالشافی:** الائچی کلاں ایک عدد' مغز بادام شیریں سات عدد' مغز تخم خیارین چھ ماشہ' مغز کدو چھ ماشہ' مصری ایک تولہ' کالی مرچ ایک ماشہ۔
**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو پانی میں گھوٹ لیجئے۔
**ترکیب استعمال:** روزانہ صبح نہار منہ ایک خوراک استعمال کیجئے یہ ایک خوراک کا نسخہ ہے۔
**فائدہ:** دماغ کو تقویت عطا کرتا ہے حافظہ بڑھاتا ہے۔

# دردسر (صداع)

# (Headache)

تعریف مرض:
سر کے کسی حصے میں فساد پیدا ہوکر جو درد ہوتا ہے' دردسر کہلاتا ہے۔ یہ ایک علامت ہے اور یہ عام تکلیف ہے مگر انسان کے لئے بہت پریشانی پیدا کرتا ہے۔

اقسام:
دردسر کی وجوہات کے لحاظ سے کثیر اقسام ہیں مثلاً:

1. صداع صفراوی
2. صداع بلغمی
3. صداع دودی
4. صداع عصابہ
5. صداع گلوی
6. صداع کبدی
7. صداع رحمی
8. صداع ریحی و معدی
9. صداع خماری
10. صداع سوداوی

www.pdfbooksfree.pk

**اسباب:**
زیادہ گرمی یا سردی کا لگنا، کھانے پینے میں بے احتیاطی، ریاحی اغذیہ کا کثرت استعمال، دماغی تھکاوٹ، مرگی، ہسٹریا، کان، ناک، دل، گردہ و مثانہ وغیرہ کے امراض، دماغ میں جالا بعض امراض وغیرہ وغیرہ۔

**علامات:**
سر میں اکثر درد رہتا ہے نبض کمزور، بے قاعدہ، خالی، کبھی عظیم کبھی ضیق ہوتی ہے۔ گرمی کے درد سر میں آنکھوں میں جلن، تپش، جلد سرگرم ہوتی ہے زبان ہونٹ اور ناک کے نتھنے خشک ہوتے ہیں سردی کے درد سر میں چہرہ بھربھرایا ہوا ہوش وحواس کند اور سر کی جلد سرد ہوتی ہے نیز دیگر درد سر میں اس کی علامات موجود ہوں گی کبھی کبھی متلی اور قے بھی آ جاتی ہے۔

## 613- اکسیر درد شقیقہ

**عنایت:** جناب حکیم قاضی محمد صاحب ساگری راولپنڈی۔
**ھوالشافی:** نوشادر ایک تولہ، کافور ایک ماشہ۔
**ترکیب تیاری:** دونوں کو خوب باریک کر کے شیشی میں سنبھال رکھئے۔
**ترکیب استعمال:** بوقت ضرورت ایک چٹکی دونوں نتھنوں میں سنگھائیں۔
**فائدہ:** انشاء اللہ عزوجل ایک مرتبہ کے استعمال سے درد شقیقہ وغیرہ ختم ہوجاتا ہے۔

## 614- تریاق صداع

**عنایت:** جناب حکیم عبدالغنی صاحب سوپور کشمیر۔
**ھوالشافی:** کیفین سائٹراس پانچ گرین، فیناسٹین پانچ گرین، سفوف کشنیز تین ماشہ، نبات سفید تین ماشہ۔
**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو خوب باریک کرلیجئے اور محفوظ رکھیں۔
**ترکیب استعمال:** اس تمام مقدار کو سرد پانی سے لے لیجئے۔
**فائدہ:** درد سر کے مجرب ہے۔
**نوٹ:** یہ ساری ایک خوراک ہے۔

## 615- اکسیر درد سر

**عنایت:** جناب حکیم محمد رمضان صاحب کیروں امرتسر (ہند)
**ھوالشافی:** تخم کاسنی نو ماشہ، تخم کاہو نو ماشہ، ریونت تیرہ ماشہ، افیون دو ماشہ، لعاب بلنگو بقدر ضرورت۔



**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو باریک کر کے لعاب بلنگو میں ملا کر رکھ لیجئے۔
**ترکیب استعمال:** بوقت ضرورت کپڑے پر لگا کر کنپٹی پر چپکا دیجئے۔
**فائدہ:** درد سر فوراً ختم ہوجائے گا۔

## 616- صداعی

**عنایت:** جناب حکیم نظام الدین صاحب پنج گرائیں رام داس امرتسر (ہند)۔
**ھوالشافی:** صندل سفید، صندل سرخ، کتیرا، ہلیلہ کابلی، خشخاش ہر ایک تین تولہ، آملہ پانچ تولہ، پوست ہلیلہ زرد نو تولہ، گل سرخ نو تولہ، ہلیلہ سیاہ، گل بنفشہ، گودہ املتاس ہر ایک دو تولہ، تربد سفید آٹھ تولہ، کشنیز خشک آٹھ تولہ، مغز بادام چھ تولہ، روغن گاؤ پانچ تولہ، کوزہ مصری تین پاؤ۔
**ترکیب تیاری:** تمام خشک ادویات کو خوب باریک پوڈر بنا لیجئے اور روغن گاؤ میں چرب کیجئے۔ مصری کا قوام بنا کر تمام ادویات ملا کر معجون تیار کیجئے اور حفاظت سے رکھئے۔
**ترکیب استعمال:** ایک تولہ صبح ایک تولہ شام ہمراہ نیم گرم دودھ دیجئے دوران دوا گھی زیادہ استعمال کیجئے۔
**فائدہ:** ہر قسم کا درد سر دور ہوجاتا ہے اکسیر تجربہ شدہ دوا ہے۔

## 617- نسوار ثانی

**عنایت:** جناب حکیم لالہ فقیر چند شنکیاری ضلع ہزارہ۔
**ھوالشافی:** نوشادر، زعفران، پوست بندق ہندی، خرمہرہ زرد سوختہ ہر ایک تین ماشہ، کافور ایک ماشہ۔
**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو خوب پوڈر بنا کر شیشی میں حفاظت سے رکھئے۔
**ترکیب استعمال:** بوقت ضرورت بطور نسوار لیجئے۔
**فائدہ:** صداع شقیقہ امراض، دماغیہ، درد چشم وغیرہ میں مجرب ہے۔

## 618- اکسیر درد سر دودی

**عنایت:** جناب حکیم محمد انور صاحب منہ کھوکھر براستہ اٹاری امرتسر (ہند)۔
**ھوالشافی:** ہینگ ایک تولہ، کافور ایک تولہ، روغن گل بقدر ضرورت۔
**ترکیب تیاری:** پہلی دونوں دواؤں کو روغن گل میں خوب کھرل کیجئے اور محفوظ رکھئے۔
**ترکیب استعمال:** ڈراپر کی مدد سے تین چار بوند ناک میں ٹپکائیے۔
**فائدہ:** اس دوا سے دماغی کیڑے باہر نکل آتے ہیں اور درد سر ختم ہوجاتا ہے۔

www.pdfbooksfree.pk

## 619- اکسیر دردسر

**عنایت:** جناب حکیم اخوندزادہ ابوبکر صاحب ولی خان مستونگ روڈ قلات۔

**ھوالشافی:** سوڈا سلی سلاس ایک تولہ' اسپرین' سورنجاں شیریں' پوٹاشیم برومائیڈ ہرایک تین ماشہ' دانہ الائچی خورد چھ ماشہ' قند سفید دو تولہ۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو اچھی طرح مثل غبار کی مانند باریک کرلیجئے اور سنبھال کر رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** دو ماشہ سے تین ماشہ ہمراہ آب تازہ کھلا دیجئے۔

**فائدہ:** پہلی خوراک سے دردسر دور ہوجاتا ہے ورنہ آدھے گھنٹے بعد دوسری خوراک دے دیجئے۔

## 620- اکسیر صداع

**عنایت:** جناب حکیم محمد عرفان صاحب کوئٹہ بلوچستان۔

**ھوالشافی:** کافور چھ ماشہ' دانہ الائچی کلاں نو ماشہ' شب یمانی نو ماشہ' گل منڈی نو ماشہ' عرق کیلا بیس تولہ

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو باریک کرکے عرق میں حل کرلیجئے۔

**ترکیب استعمال:** دونوں آنکھوں میں ایک ایک بوند ڈال دیجئے۔

**فائدہ:** دردسر ہاتھوں ہاتھ ختم ہوجاتا ہے بشرطیکہ بخار نہ ہو۔

## 621- برائے دردسر

**عنایت:** جناب حکیم بے نظیر صاحب کلکتہ (ہند)۔

**ھوالشافی:** فنسٹین چھ ماشہ' اسپرین چھ ماشہ' کیفین سائٹراس چھ ماشہ' دانہ ہیل خورد چھ ماشہ' زہر مہرہ چھ ماشہ۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو خوب پوڈر مثل غبار بنالیجئے اور شیشی میں بحفاظت رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** بوقت ضرورت چار رتی سے ایک ماشہ تک سادہ پانی سے لیجئے۔

**فائدہ:** انشاء اللہ عزوجل ہاتھوں ہاتھ دردسر ختم ہوجائے گا۔

## 622- اطریفل ملین

**عنایت:** جناب حکیم سردیش سنگھ صاحب پٹنہ (ہند)

**ھوالشافی:** پوست ہلیلہ کابلی' ہلیلہ سیاہ' پوست آملہ' تربد سفید (تربد جس کو اوپر سے کھرچ کر



...تکڑی نکالی گئی ہو) ہر ایک نو ماشہ' سونف' مصطگی رومی' اسطوخودوس' سقمونیا' ریوند ... ایک تولہ دس ماشہ' شہد سہ چند۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو خوب پوڈر بنالیجئے اور شہد میں ملا کر اطریفل بنالیجئے۔

**ترکیب استعمال:** بقدر نو ماشہ رات سوتے وقت نیم گرم دودھ کے ہمراہ کھا لیجئے۔

**فائدہ:** پرانے دردسر اور تمام دماغی امراض کو زائل کرتا ہے کان کے درد اور معدے اور آنتوں ... کے درد میں بھی مفید ہے۔

## 623- امرت دھارہ

V

**عنایت:** جناب حکیم محمد صدیق صاحب ڈی جی خان۔

**ھوالشافی:** کافور ایک تولہ' پیپرمنٹ چھ ماشہ' ست اجوائن تین ماشہ' انگریزی موم ایک تولہ' ... زرد دو تولہ۔

**ترکیب تیاری:** پہلے ابتدائی تینوں چیزوں کو آپس میں مضبوط ڈھکن والی بوتل میں ملا کر رکھ ... تاکہ پانی ہوجائیں بعد دیگر دونوں اجزاؤں کو پگھلا کر ملا کر رکھ لیجئے اور ڈبیوں میں بند کر ... مرہم تیار ہے۔

**ترکیب استعمال:** ایک مرہم کے کئی نام ہیں جو بازار سے ملتی ہے اس کا تھوڑا سا حصہ پیشانی پر لگا دیجئے۔

**فائدہ:** سر درد فوراً کافور ہوجائے گا۔

## طغرہ

☆ سانپ کی کینچلی ایک تولہ نبات سفید ایک تولہ کو خوب کھرل کرکے رکھ لیجئے بقدر ایک رتی کیپسول میں بند کرکے مریض کو کھلا دیجئے صرف پانچ خوراک سے دیرینہ دردسر کا خاتمہ ہوکر ہمیشہ ہمیشہ کے لئے نجات مل جائے گی۔

## 624- پین بام

**عنایت:** جناب ڈاکٹر محمد ارشد صاحب ساہیوال

**ھوالشافی:** پیپرمنٹ کرسٹل دس گرین' یوکلپٹس آئیل تیس بونڈ' ویزلین ایک اونس۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو ایک چوڑے منہ والی بوتل میں ملا کر سنبھال کر رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** بوقت ضرورت ذرا سی دوا پیشانی اور کنپٹیوں پر اچھی طرح مل لیجئے۔

**فائدہ:** بس ہاتھوں ہاتھ ملتے ملتے ہی درد ختم ہوجائے گا۔

www.pdfbooksfree.pk

# شقیقہ و عصابہ

**تعریف مرض:**

اگر درد سر کی لمبائی میں ہو تو شقیقہ جب کہ چوڑائی میں ہو تو عصابہ کہلاتا ہے۔ درد شقیقہ کے بخارات کمزور حصہ میں جمع ہو کر درد کا باعث بنتے ہیں درد کی مدت کبھی چند منٹ تو کبھی کئی دن تک ہو سکتی ہے۔

**اسباب:**

سخت محنت، ضعف دماغ، کثرت مباشرت، جلق، عورتوں میں حیض کی کمی، باؤ گولہ، فاقہ کشی، متواتر شب بیداری، بدہضمی، تیز روشنی میں دیکھنا، تیز خوشبوؤں کو سونگھنا، امراض گردہ، ملیریا، نظر کی خرابی، خاص اسباب میں سے ہیں۔

**علامات:**

درد عصابہ میں جو محض آبروؤں میں محسوس ہوتا ہے اس کا تعلق اخلاط حارہ سے ہے جوں جوں حرارت بڑھتی ہے درد میں اضافہ ہوتا جاتا ہے جو عموماً سورج کے طلوع سے غروب تک ہوتا ہے جوں جوں سورج غروب ہوتا جاتا ہے درد میں کمی واقع ہوتی جاتی ہے حتیٰ کہ رات کے وقت درد سر ختم ہو جاتا ہے جب کہ درد سر کے طول میں جو درد ہوتا ہے اسے شقیقہ کہتے ہیں یہ کبھی تیز درد ہوتا ہے تو کبھی خفیف ہوتا ہے اگر یہ درد کچھ عرصہ مسلسل رہے تو موتیا بند ہو کر بینائی ضائع ہونے کا اندیشہ ہوتا ہے۔ درد شقیقہ سے پہلے طبیعت ست اور سر گھومتا معلوم ہوتا ہے آنکھوں کے سامنے چنگاریاں اڑتی نظر آتی ہیں پھر درد شروع ہو جاتا ہے پہلے خفیف اور بعد میں بڑھ کر شدید ہو جاتا ہے نبض کمزور ہو جاتی ہے چہرہ پھیکا ہو جاتا ہے جی متلاتا ہے اور کبھی قے بھی آ جاتی ہے۔

## 625- نسوار اعلیٰ

**عنایت:** جناب حکیم چندر یشک سنگھ بمبئی (ہند)

**ھوالشافی:** پوست ریٹھا، کائپھل، زعفران برابر وزن۔

**ترکیب تیاری:** ان سب ادویات کو باریک کر کے نسوار بنالیجئے۔

**ترکیب استعمال:** بوقت ضرورت ناک میں سونگھئے۔

**فائدہ:** عجیب الاثر دوا ہے چند منٹوں میں درد شقیقہ دور ہو جاتا ہے۔



## 626- نسوار کمال

**عنایت:** جناب حکیم کمال الدین ساغر پٹیالہ (ہند)

**ھوالشافی:** نمک چھکنی، کائپھل، باچھڑ (جٹاماسی)، تخم سرس، ہر ایک دو تولہ، قرنفل، کافور، دانہ الائچی خورد، فلفل اسود ہر ایک ایک تولہ۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو خوب پوڈر بنا کر محفوظ رکھیں۔

**ترکیب استعمال:** بطور نسوار ناک میں چڑھائیں۔

**فائدہ:** یہ نسوار درد عصابہ کے علاوہ پچیس امراض دماغی میں تریاق کا درجہ رکھتی ہے۔ بے ہوشی خواہ کسی وجہ سے ہو چھینک آ کر ہوش آ جائے گا نزلہ وزکام، صداع دودی، سرسام، سنیات، ڈھلکا بال کے لئے بھی مفید ہے درد شقیقہ میں جید الاثر دوا ہے۔

### طغرہ

سونٹھ نہایت سرمہ کردہ درد عصابہ والی آنکھ میں لگا دیجئے فوراً آرام آ جائے گا قدرت کا کمال ہے۔

## 627- تریاق شقیقہ

**عنایت:** جناب حکیم فضل کریم صاحب گجرات شہر۔

**ھوالشافی:** اسطوخودوس چھ ماشہ، فلفل سیاہ سات عدد، کشنیز خشک چھ ماشہ۔

**ترکیب تیاری:** تینوں اجزاء کو سردائی کی طرح خوب گھوٹیے۔

**ترکیب استعمال:** صبح نہار منہ سورج نکلنے سے پہلے پہلے نوش فرمالیجئے۔

**فائدہ:** چند دنوں میں درد شقیقہ نابود ہو جائے گا انشاء اللہ عزوجل۔

## 628- نسوار عظیم

**عنایت:** جناب حکیم محمد عظیم قادری صاحب گولڑہ شریف اسلام آباد۔

**ھوالشافی:** نوشادر تولہ، اسطوخودوس تین ماشہ، مشک کافور چار رتی، گیرو چار رتی۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو غبار کی طرح بنا کر سنبھال کر رکھیں۔

**ترکیب استعمال:** دن میں دو یا تین مرتبہ نسوار لیجئے۔

**فائدہ:** اس سے بہتر نسوار آپ کو کبھی بھی نہ ملے گی درد شقیقہ کے خاتمہ میں اکسیر ہے۔

www.pdfbooksfree.pk

# مالیخولیا/ وہم وسواس

## (Melancholia)

**تعریف مرض:**

اس مرض میں مریض کے خیالات فاسد ہوجاتے ہیں مالیخولیا جنون ہی کی ایک قسم ہے جو ہلکی ہوتی ہے۔

**اسباب:**

عورتوں میں ایام کی بندش' کثرت محنت و ریاضت' کثرت مباشرت' زیادہ جاگنا' شدید بخار' شدید غم وغیرہ وغیرہ اسباب ملتے ہیں جب کہ مردوں میں بھی زیادہ محنت و مشقت' کثرت جماع' زیادہ دماغی محنت کرنا' شدید بخار' دیر تک جاگنا' شراب کا کثرت استعمال کبھی نظام انہضام کے شدید متاثر ہونے سے بھی یہ مرض لاحق ہو جاتا ہے۔ مشکل مسائل کو ہروقت سوچتے رہنا شدید گرم چیزوں کا کثرت استعمال وغیرہ وغیرہ۔

**علامات:**

مریض اکثر حیران و پریشان رہتا ہے چہرے پر زردی چھا جاتی ہے وہم و گمان کی کثرت ہروقت اپنے آپ سے دوسروں سے عجیب وغریب باتیں کرتے رہنا' نیند کا کم آنا' جسم سوکھ جانا' کھانا پینا چھوڑ دینا اپنے آپ کو مٹی یا شیشے کا خیال کرنا کبھی گدھوں کی طرح چلنا کبھی مرغ کی طرح بانگ دینا ہروقت کوئی نہ کوئی وہم دماغ میں رہتا ہے۔

**علاج:**

درج ذیل مجربات میں سے تجویز فرما کر علاج کیجئے۔

## 629- اکسیر الذہب

**عنایت:** جناب حکیم رحیم بخش صاحب' پاک دروازہ مدینۃ الاولیاء ملتان شریف

**ھوالشافی:** صبر زرد سات ماشہ' سقمونیا مشوی پندرہ ماشہ' افتیمون دارچینی' جدائیہ شیریں ہرایک چار ماشہ' لاجورد مغسول' عود ہندی' صمغ عربی' گوند کتیرا' صندل سفید' صندل سرخ ہرایک تین ماشہ' مروارید محلول' ورق طلاء محلول ایک ایک ماشہ۔

**ترکیب تیاری:** تمام خشک ادویات کو خوب پوڈر بنالیجئے اور دونوں محلول میں گوندھ کر چوری بنالیجئے۔

**ترکیب استعمال:** ایک سے دو گولی دن میں دو وقت ہمراہ ماء الجبن دیجئے۔

**فائدہ:** مالیخولیا میں نہایت ہی مجرب ہے بارہا کا آزمودہ تجربہ شدہ نسخہ ہے۔

## 630- اکسیر مالیخولیا

**عنایت:** جناب حکیم محمد انصاری صاحب دیوایا گورکھپور (ہند)

**ھوالشافی:** مغربی عشبہ دو تولہ' پانی آدھا کلو' پوٹاشیم برومائیڈ ایک تولہ۔

**ترکیب تیاری:** عشبہ کو پانی میں ڈال کر خوب ابالیں جب پانی آدھا حصہ جل جائے تو اتار کر ٹھنڈا ہونے پر پوٹاشیم برومائیڈ ملا کر محفوظ رکھیں۔

**ترکیب استعمال:** صبح' دوپہر' شام دو دو تولہ کھانے کے بعد دیجئے۔

**فائدہ:** اس کی پہلی خوراک ہی سے مالیخولیا کے اثرات دور ہونے لگتے ہیں قدرے نیند آور ہے۔ بارہ یوم تک استعمال کروایئے۔

## 631- کشتہ یاقوت جواہر دار

**عنایت:** جناب حکیم محمد اسماعیل صاحب امرتسری جلال آباد مظفرنگر (ہند)

**ھوالشافی:** یاقوت سرخ چھ ماشہ' لبسد' مرجان ہرایک تین ماشہ' مروارید ناسفتہ' ورق طلاء ہرایک ڈیڑھ ماشہ' عرق گلاب آب کریلا بقدر مناسب۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو عرق گلاب میں کھرل کیجئے۔ پھر آب کریلا میں ایک ہفتہ تک کھرل کیجئے اور شیشی میں ڈال کر سنبھال رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** ایک رتی صبح ایک شام ہمراہ مکھن یا ملائی کے ہمراہ استعمال کیجئے۔

**فائدہ:** ضعف اعضاء رئیسہ' خفقان' جنون' مالیخولیا' مرگی' صرع وغیرہ میں نہایت مفید الاثر ہے۔

## 632- شربت شفا

**عنایت:** جناب حکیم جلال الدین صاحب محمد پورہ ضلع شیخوپورہ۔

**ھوالشافی:** گاؤزبان تخم فرنجمشک' گل نیلوفر' برگ بادرنجبویہ' ہلیلہ سیاہ' بسفائج' افسنتین' شاہترہ ہرایک نو تولہ' افتیمون پندرہ تولہ' بنفشہ سات تولہ' اسطوخودوس پندرہ تولہ' سنبل الطیب تیرہ تولہ' گل پستہ پانچ تولہ' کوزہ مصری سات پاؤ' شیر خشک چار چھٹاک۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کا بطریقہ معروف شربت تیار کیجئے اور محفوظ رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** دو تولہ ہمراہ عرق گلاب صبح' دوپہر' شام دیجئے۔

**فائدہ:** مالیخولیا کے لئے نہایت ہی جیدالاثر دوا ہے خاندانی مجرب نسخہ ہے۔



www.pdfbooksfree.pk

## 633- اکسیر مالیخولیا

**عنایت:** جناب حکیم عبدالرشید صاحب کھومیاتری مانڈوی کچھ (ہند)۔

**ہوالشافی:** طباشیر، گل سرخ، گل گاؤزبان سات سات ماشہ، برادہ صندل سفید، مغز کدو، تخم خرفہ ہرایک چار ماشہ، ورق نقرہ، ورق طلاء، عنبراشہب، ہرایک ایک ماشہ، مروارید ناسفتہ، یاقوت، کہربا شمعی، مرجان ہرایک دو ماشہ، رب سیب آٹھ تولہ، شہد سات تولہ، مصری پانچ تولہ۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو خوب باریک کرلیجئے ورقوں اور یاقوتوں کو الگ عرق گلاب میں کھرل کیجئے اور محفوظ رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** چار ماشہ ہمراہ شربت انار عرق کیوڑہ بید مشک پلا دیجئے۔

**فائدہ:** مالیخولیا کو ختم کرنے کے لئے لاجواب اکسیری دوا ہے۔

## 634- معجون نجاح

**عنایت:** جناب حکیم محمد اقبال قادری صاحب، انارکلی لاہور

**ہوالشافی:** ہلیلہ سیاہ، پوست بھیڑہ، آملہ مقشر ہرایک تین تولہ، بسفائج، افتیمون، اسطوخودوس، تربد مقشر ہرایک ڈیڑھ تولہ، شہد تین گنا۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویاب کو خوب باریک کوٹ لیجئے اور شہد ملا کر معجون تیار کرکے محفوظ رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** نو ماشہ صبح وشام ہمراہ شیر گاؤ دیجئے پھر سات روز بعد اس کی مقدار خوراک ڈیڑھ تولہ کردیجئے۔

**فائدہ:** قدیم وجدید اطباء کرام کے نزدیک یہ نسخہ مجرب ہونے کے باعث نہایت ہی اطمینان بخش مشہور ہے بڑی اعلیٰ چیز ہے مالیخولیا جنون وغیرہ نابود ہوجاتا ہے۔

## 635- اکسیر مالیخولیا

**عنایت:** جناب حکیم محمد عرفان اللہ صاحب پنڈ دادن خان۔

**ہوالشافی:** اسرول پچاس گرام۔

**ترکیب تیاری:** اسے نہایت باریک کرکے محفوظ کرلیجئے۔

**ترکیب استعمال:** ایک ماشہ سے ڈیڑھ ماشہ ہمراہ آب تازہ یا عرق گاؤزبان سے صبح وشام دیجئے۔

**فائدہ:** مالیخولیا، جنون، اختناق الرحم، مرگی وغیرہ میں مطب یونانی کی مایہ ناز دوا ہے اس سے مقابلہ کا نسخہ آج تک نہیں آیا نہایت ہی سستی اور مجرب دوا ہے۔

www.pdfbooksfree.pk



# مرگی

**تعریف مرض:** صرع سے مراد گرنا ہے اس میں مریض بے ہوش ہوکر گر پڑتا ہے اعضاء میں تشنج منہ میں جھاگ اور سانس میں خرخراہٹ جاری ہوجاتی ہے چمک دار چیز دیکھنے سے فوراً دورہ پڑ جاتا ہے۔

**اسباب:** مرطوب غذاؤں کا کثرت استعمال، ٹھنڈی اشیاء کا زیادہ استعمال کرنا، کثرت مباشرت، شراب نوشی، رنج وغم، خرابی حیض وغیرہ وغیرہ ہیں۔ اکثر جسم میں رطوبات بلغم بکثرت پیدا ہوکر صرع کا باعث بنتی ہے مرگی کی عموماً اطباء کرام تین اقسام تجویز فرماتے ہیں:

(1) صرع معدی (2) صرع دماغی (3) صرع اطرافی

جب رطوبات بلغم کا غلبہ سر میں ہو تو دماغی مرگی اور دیگر اعضاء میں ہو تو معدی یا پھر اطرافی مرگی کہلاتی ہے۔

**علامات:** دورے کے وقت مریض چیخ مار کر بے ہوش ہوجاتا ہے ہاتھ پاؤں اکڑ جاتے ہیں سانس خراٹے دار آتی ہے اور مشکل سے آتی ہے اکثر زبان دانتوں میں دب کر کٹ جاتی ہے کبھی پاخانہ و پیشاب بھی خطا ہوجاتا ہے مرگی کے مریض میں خوب و ڈر زیادہ پایا جاتا ہے اگر بچپن میں مرض لگ جائے تو لمبے عرصے تک مرض قائم رہتا ہے نبض باریک اور گہری ہوتی ہے منہ سے جھاگ نکلتی ہے تشنج لازمی ہوتا ہے۔

**علاج:** درج ذیل مجربات میں سے تجویز فرما کر علاج کیجئے۔

## 636- جوشاندہ مرگی

**عنایت:** جناب حکیم محمد دین صاحب عارف والا ساہیوال

**ہوالشافی:** گل بنفشہ چھ ماشہ، زوفا خشک چار ماشہ، گاؤزبان، اسطوخودوس، بادرنجبویہ، عود ملیب ہرایک پانچ ماشہ، مویز منقی نو دانہ، انجیر تین عدد، جدوار خطائی تین ماشہ، پرسیاؤشاں پانچ ماشہ۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو رات کو دو کلو پانی میں بھگو دیجئے صبح گرم کرکے جب آدھا

صورہ جائے تو قدرے چینی ملا کر رکھ لیجئے۔

**ترکیب استعمال:** دن میں تین مرتبہ پلاتے رہئے اور پھر مسہل دیجئے۔

**فائدہ:** مرگی کے لئے مفید جوشاندہ ہے۔

## 637- تریاق مرگی

**عنایت:** جناب حکیم محمد جعفر صاحب بریلی شریف (ہند)۔

**ھوالشافی:** ایک سیاہ بچھو (جس کا ڈنک کاٹ کر الگ کر دیا گیا ہو)

**ترکیب تیاری:** اسے بوتل میں بند کر دیجئے جب بالکل خشک ہو جائے تو پوڈر بنا کر محفوظ فرمالیجئے۔

**ترکیب استعمال:** بوقت دورہ ایک ایک چٹکی دونوں نتھنوں میں پھونک دیجئے۔

**فائدہ:** انشاء اللہ عزوجل دو یا تین مرتبہ کے استعمال سے مرض پھر عود نہ کرے گا اس کا استعمال کبھی رایگاں نہیں جاتا ہر جگہ اس نسخہ نے کامیابی کا لوہا منوایا ہے۔

## 638- دورہ نل

**عنایت:** جناب حکیم غلام قادر صاحب امرتسر (ہند)۔

**ھوالشافی:** کھٹل سیاہ ایک تولہ کستوری دو رتی۔

**ترکیب تیاری:** دونوں کو ملا کر خوب کھرل کیجئے اور حفاظت سے رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** دورہ کے وقت ایک رتی دوا کسی نلکی سے مریض کے ناک میں داخل کیجئے۔

**فائدہ:** چند منٹ میں وہ مریض جو بستر مرگ پر کراہ رہا ہوگا ہوش میں آجائے گا اسی طرح دو تین مرتبہ عمل کرنے سے یہ آفت ختم ہو جائے گی۔

# فالج

**تعریف مرض:**

لفظ فالج کے معنی نصف کے ہیں جسم انسانی کے آدھے حصے کا بے حس ہو جانا فالج کہلاتا ہے۔

**اقسام:**

فالج کی تین اقسام معروف ہیں:



(1) مفرادی فالج

(2) اعصابی فالج

(3) سوداوی فالج

**اسباب:** ٹھنڈے مشروبات کا بکثرت استعمال' بلغم کی کثرت' جلدی مسامات بند ہو جانے سے اعصاب کا کٹ جانا' دوران خون کا نظام بگڑ جانا یا کمزور ہو جانا یا شدید ہو جانا وغیرہ۔ اعضائے رئیسہ کے افعال کا ناقص ہونا وغیرہ' شراب نوشی' رنج وغم' آتشک' رعشہ' محرقہ بخار' شریانوں کا سدہ' کثرت جریان خون' کثرت مباشرت وغیرہ اسباب میں شامل ہیں۔

**علامات:** مرض کا حملہ عموماً صبح کے وقت ہوتا ہے مفلوج حصہ پہلے کچھ گرم لیکن بعد میں سرد ہو جاتا ہے بغیر سہارے کے مریض کا بیٹھنا مشکل ہو جاتا ہے مریض کے ہوش و حواس میں فرق پڑ جاتا ہے بیمار ٹھیک طور پر بول بھی نہیں سکتا عموماً زیادہ عمر کے بلغمی اشخاص مبتلا مرض ہوتے ہیں نچلے دھڑ کے فالج میں پہلے مریض کی کمر میں درد ہوتا ہے پھر پاؤں میں کمزوری معلوم ہوتی ہے بیمار لنگڑا کر چلتا ہے اور پھر نچلا دھڑ بالکل مارا جاتا ہے بعض اوقات محرقہ' خسرہ' چیچک اور موسمی بخار کے دور ہو جانے کے بعد یہ نقص واقع ہو جاتا ہے۔
رعشہ فالج میں پہلے تھکان ہوتی ہے پھر ایک پاؤں میں لرزش پیدا ہو کر درد محسوس ہونے لگتا ہے پھر ان میں رعشہ شروع ہو کر عموماً ایک طرف کے اعضاء کو مبتلا کر دیتا ہے۔ اگر چہرے کی طرف فالج ہو تو ماؤف طرف کا چہرہ تندرست طرف کو کھینچ جاتا ہے منہ کا ایک گوشہ نیچے کی طرف لٹک جاتا ہے منہ سے رال بہتی ہے ایک آنکھ کھلی رہتی ہے اور مریض کے ہنسنے رونے میں منہ بالکل ٹیڑھا ہو جاتا ہے مریض کو تھوکنے' سیٹی بجانے اور پھونک مارنے میں سخت تکلیف ہوتی ہے جب اس مرض کا اثر انتڑیوں پر ہو تو پاخانہ خود بخود نکل جاتا ہے مثانہ پر ہو تو پیشاب خود بخود خطا ہو جاتا ہے۔

**علاج:**

درج ذیل مجربات میں سے تجویز فرما کر علاج کیجئے۔

## 639- اکسیر فالج

**عنایت:** جناب حکیم دین محمد صاحب چک نمبر 117 ج۔ب دھنولہ فیصل آباد۔

**ھوالشافی:** بیش مدبر ستائیس ماشہ' سیماب مصفی نو ماشہ' سیسہ نو ماشہ' ازراقی مدبر اٹھارہ ماشہ'

www.pdfbooksfree.pk

زنجبیل چھ ماشہ' جائفل چھ ماشہ' زعفران تین ماشہ' فلفل دراز' مالکنگنی' گندھک آملہ ساز' سہاگہ بریاں ہرایک ایک تولہ' فلفل سیاہ ایک تولہ' خرمہرہ زرد' سوختہ گیارہ عدد' آب ادرک چھ تولہ' آب کیلا پانچ تولہ۔

**ترکیب تیاری:** پہلے سیماب اور سیسہ کو عقد کر لیجئے پھر دیگر ادویات کوٹ چھان کر آب ادرک میں کھرل کیجئے بعد میں آب کیلا میں کھرل کیجئے چوبیس گھنٹے کھرل کرنے کے بعد نخود دانہ موٹھ بنا کر محفوظ فرما لیجئے۔

**ترکیب استعمال:** ایک گولی پان میں رکھ کر رات کو سوتے وقت کھلائیں دن میں تین مرتبہ آب ادرک چار ماشہ ایک پاؤ دودھ میں ملا کر پلائیے۔

**فائدہ:** عمقیہ کے بعد فالج کے لئے نہایت ہی مفید ہے ریاحی دردوں میں لاجواب ہے ہزاروں مرتبہ کا آزمودہ ہے۔

## 640- اکسیر استرخاء

**عنایت:** جناب حکیم محمد ابراہیم صاحب کماں ضلع ملتان شریف

**ہوالشافی:** برگ مدار' برگ دھتورہ' برگ ارنڈ' کنڈیاری' برگ سنبھالو' افتیمون ہرایک پانچ تولہ' کانپھل' قسط تلخ' سورنجان' بابونہ ہرایک دو دو تولہ' پانی تین کلو' روغن کنجد تین پاؤ۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو نیم کوب کر کے پانی میں ڈال کر چند گھنٹے کے لئے رکھ دیجئے بعدہ پانی کو پکائیے جب آدھا پانی جل جائے تو مل چھان کر اس میں روغن کنجد ڈال کر پکائیے جب پانی جل جائے تو روغن کو سنبھال کر رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** درد کے مقام پر رات کو مالش کیجئے۔

**فائدہ:** صدہا مرتبہ کا مجرب ہے فالج وغیرہ اور استرخاء میں جید الاثر ہے۔

## 641- حب فالج

**عنایت:** جناب حکیم سید مظفر علی خان صاحب جانسٹھ ضلع مظفر نگر (ہند)۔

**ہوالشافی:** عاقرقرحا' کباب چینی' خشخاش سفید' خشخاش سیاہ' موصلی سفید' موصلی سیاہ' فلفل دراز' جلوتری' خولنجاں' لونگ' اسگند' بوپھلی' جائفل' دارچینی' مغز بادام مقشر' مغز پستہ' ہرایک ایک تولہ' شہد بقدر ضرورت۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو نہایت باریک پیس لیجئے اور شہد کی مدد سے حبوب نخودی تیار فرما کر سنبھال کر رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** دو سے چار گولی تک دن میں تین وقت ہمراہ چائے شہد ملی یا آب

www.pdfbooksfree.pk



**فائدہ:** فالج کے لئے نہایت ہی مفید ہے سینکڑوں مریضوں پر آزمایا گیا ہے۔

## 642- شفائی

**عنایت:** جناب حکیم ضرغام علی خان صاحب علی گڑھ (ہند)۔

**ہوالشافی:** تخم حرمل دس تولہ' دودھ گائے دو کلو' گھی گاؤ دس تولہ' دیسی کھانڈ پانچ تولہ۔

**ترکیب تیاری:** تخم حرمل کو پوٹلی میں باندھ کر دودھ میں پکائیے جب دودھ آدھا حصہ خشک ہو جائے تو دیسی گھی اور چینی دیسی شامل کر کے ڈھک دیجئے۔

**ترکیب استعمال:** نیم گرم گرم مریض کو پلا دیجئے اوپر سے کپڑا لے لیجئے۔

**فائدہ:** بہت زیادہ پسینہ آئے گا اسے اندر ہی خشک ہونے دیجئے گا انشاء اللہ عزوجل دس بارہ روز میں فالج ختم ہو جائے گا اور صحت نصیب ہوگی۔ دس سے بارہ یوم میں شرطیہ آرام آجاتا ہے۔

## 643- اکسیر لقوہ

**عنایت:** جناب حکیم محمد قیم الدین صاحب کھاتولی ضلع مظفر نگر (ہند)۔

**ہوالشافی:** چھلکا ریٹھا تین تولہ' قند سیاہ دو تولہ۔

**ترکیب تیاری:** دونوں دواؤں کو خوب کوٹ کر یک جان کر لیجئے اور حبوب نخودی بنا لیجئے۔

**ترکیب استعمال:** ایک گولی صبح ایک دوپہر ایک شام ہمراہ آب تازہ دیجئے۔

**فائدہ:** بے مثل اکسیر لقوہ ہے جس کے استعمال سے لقوہ جیسی موذی مرض دفع ہو جاتی ہے۔

## 644- روغن برق

**عنایت:** جناب حکیم سید محبوب علی شاہ صاحب سردار آباد فیصل آباد۔

**ہوالشافی:** انیسون نو ماشہ' سنبل الطیب نو ماشہ' زیرہ کرمانی' فلفل سیاہ' قسط تلخ' عاقرقرحا' زنجبیل' گل کٹو' تخم ترہ' تیزک' تخم سداب' سورنجان تلخ' دارچینی' ہرایک چھ ماشہ' پوست بیخ کرفس ہزارتی' عشبہ مغربی' بابونہ' اکلیل الملک' مکودانہ ہرایک ایک تولہ پانی ایک کلو' روغن کنجد ایک پاؤ۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو جوکوب کر کے پانی میں ڈال دیجئے اور نیچے آگ روشن کیجئے جب پانی آدھا حصہ رہ جائے تو مل چھان کر آہنی کڑاہی میں ڈال کر روغن کنجد ڈال دیجئے جب پانی جل جائے تو روغن فلٹر کر کے سنبھال کر رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** مقام فالج اور دردوں میں مقام ماؤف پر آہستگی سے مالش کیجئے۔

**فائدہ:** فالج وغیرہ اور دردوں میں رعشہ خدر اور استرخاء وغیرہ میں نہایت مجرب ہے۔

## 645- اکسیر لقوہ

عنایت: جناب حکیم سید حاکم علی شاہ صاحب وزیرآباد۔

**ھوالشافی:** بیلما تیلیہ، جائفل، فلفل دراز، اجوائن، مرچ سیاہ، زنجبیل، جلوتری ہر ایک دو ماشہ، فلفل سیاہ کہنہ دو تولہ۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو نہایت باریک کر کے حبوب نخودی تیار کر لیجئے اور حفاظت سے رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** دو گولی صبح، دو گولی شام ہمراہ ماء العسل پانچ تولہ لیجئے۔

**فائدہ:** لقوہ کیلئے ہزاروں مریضوں پر تجربہ شدہ ہے کبھی خطا نہیں گیا قابل اعتبار چیز ہے۔

## 646- حب مرکب

**عنایت:** زبدۃ الحکماء جناب حکیم راج بہادر سنگھ صاحب خضر آباد انبالہ (ہند)۔

**ھوالشافی:** پارہ، گندھک آملہ سار، بیش مدبر، قرنفل ہر ایک ایک تولہ، فلفل سیاہ چار تولہ، دارچینی، جوزبوا، بسباسہ، زعفران آدھ آدھ تولہ، شیرہ برگ تمر ہندی بقدر ضرورت۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو خوب کھرل کیجئے اور شیرہ برگ تمر ہندی میں حبوب دانہ ماش بنا لیجئے اور محفوظ رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** ایک سے دو گولی دن میں تین مرتبہ ہمراہ عرق بادیان دیجئے۔

**فائدہ:** لقوہ، فالج رعشہ کے لئے مجرب المجرب از حکیم عبدالوہاب انصاری دھلوی کا معمول مطب خاص ہے۔

## 647- اکسیر فالج

**عنایت:** جناب حکیم مظفر علی صاحب لانیاں کی حویلی نزد گردی کوٹ جودھپور (ہند)۔

**ھوالشافی:** سملفار سفید، سیماب، افیون برابر وزن۔

**ترکیب تیاری:** تینوں ادویات کو بلاناغہ صبح سے شام تک کھرل کیجئے تیار ہونے کی علامت یہ ہے کہ سفوف سفید ہو جائے گا۔

**ترکیب استعمال:** نصف چاول پان یا منقی میں رکھ کر دیجئے۔

**فائدہ:** فالج کے لئے نہایت ہی مفید ہے۔

**خوراک:** مرغن غذائیں، دودھ، گھی کثرت سے استعمال کیجئے۔



## 648- اکسیر شفا

**عنایت:** جناب حکیم مخدوم غلام محمد صاحب لالوالی ضلع شاہ پور۔

**ھوالشافی:** ناقوس بقدر ضرورت۔

**ترکیب تیاری:** ناقوس کو آب کریلہ میں بھگو دیجئے یہاں تک کہ اکیس روز گزر جائیں جتنا کریلا کم ہو اتنا مزید ڈال دیجئے بعدہ نغدہ بتھوا میں دے کر آگ دیجئے سفید کشتہ برآمد ہوگا اس کو محفوظ کر لیجئے۔

**ترکیب استعمال:** ایک رتی سے دو رتی ہمراہ مناسب بدرقہ دیجئے۔

**فائدہ:** ہر قسم کے زہریلے جانوروں کے کاٹے میں اکسیر ہے۔ فالج، لقوہ، تشنج ہر قسم کے بخاروں میں تریاق ہے۔

## 649- حب سرخ

**عنایت:** جناب حکیم محمد ارشد صاحب جناح باغ لاہور۔

**ھوالشافی:** بیش مدبر، ازراقی مدبر، جندبیدستر ہر ایک چھ ماشہ، شنگرف رومی، سہاگہ سفید، دارچینی ہر ایک ایک تولہ، سملفار تین ماشہ، عرق کھیکھوار بقدر ضرورت۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو خوب باریک کر لیجئے اور عرق کھیکھوار میں دو دن خوب کھرل کیجئے اور 360 گولیاں بنا کر محفوظ بنا لیجئے۔

**ترکیب استعمال:** صبح و شام ایک ایک گولی ہمراہ آب تازہ دیجئے انشاء اللہ عزوجل بہت جلد فائدہ حاصل ہوگا۔

**فائدہ:** فالج، لقوہ، استرخاء درد وغیرہ درد ریاحی اور بلغم میں نہایت ہی مجرب ہے۔

## 650- تریاق فالج

**عنایت:** جناب غلام یسین صاحب فیروز پور (ہند)۔

**ھوالشافی:** بیش مدبر بیس پچیس ماشہ، پارہ نو ماشہ، سیسہ نو ماشہ، ازراقی مدبر نو ماشہ، سونٹھ چھ ماشہ، سہاگہ بریاں ایک تولہ، گندھک آملہ سار ایک تولہ، جائفل چھ ماشہ، زعفران تین ماشہ، فلفل دراز ایک تولہ، ملٹھی ایک تولہ، مرچ سیاہ سات تولہ، خرمہرہ زرد گیارہ عدد، آب ادرک پندرہ تولہ، آب کیلا پانچ تولہ۔

**ترکیب تیاری:** پہلے سیسہ اور پارہ کو عقد کر لیجئے اور دیگر ادویات کو کوٹ چھان کر باریک کر لیجئے پھر اول آب ادرک میں کھرل کیجئے بعدہ آب کیلا میں کھرل کیجئے اور حبوب دانہ مونگ برابر بنا لیجئے۔

www.pdfbooksfree.pk

**ترکیب استعمال:** ایک گولی صبح ایک شام ہمراہ ماء اصل دیجئے صبح دوپہر شام تین ماشہ آب ادرک ایک پاؤ دودھ میں ڈال کر پلا دیجئے۔

**فائدہ:** فالج لقوہ وجع المفاصل ریاحی دردوں میں تیر بہدف ہے مستند نسخہ ہے لازمی بنا کر فائدہ اٹھائیے۔

## 651- روغن جمالی

**عنایت:** جناب حکیم سردار فخر الدین جمالی صاحب کوئٹہ بلوچستان۔

**ھوالشافی:** تخم بوزیدان نو ماشہ اجوائن خراسانی نو ماشہ بلیلہ چھ ماشہ مالکنگنی چھ ماشہ جدوار سونٹھ ہلدی بہیڑہ کلونجی کٹکی عقرقرحا اجوائن کرفس اتیسوں ہر ایک ایک تولہ پانی دو کلو روغن کنجد ایک پاؤ۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو جوکوب کر کے دو کلو پانی میں پکائیے جب پانی آدھا کلو رہ جائے تو مل چھان کر اس میں روغن کنجد ڈال کر پکائیے جب پانی خشک ہو جائے تو تیل فلٹر کر لیجئے اور سنبھال کر رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** مقام ماؤف پر مالش کیجئے طلاء کے کام بھی آتا ہے۔

**فائدہ:** فالج لقوہ رعشہ اور عضو تناسل کی کمزوری میں بے حد مفید ہے۔

# نزلہ و زکام

طبی اصطلاحات میں دماغی رطوبات کا حلق یا سینے پر گرنا نزلہ جب کہ ناک کی طرف بہنے کو زکام کہا جاتا ہے جو نزلہ بار بار ہو جاتا ہے اور اس کا سلسلہ عرصہ دراز تک جاری رہتا ہے اسے نزلہ مزمن یا دائمی نزلہ بھی کہتے ہیں جب کہ نزلہ شدید کو اطباء قدیم نزلہ حار یا گرم نزلہ کہتے ہیں اور اسی طرح نزلہ خفیف نزلہ بارد یا سرد نزلہ کہلاتا ہے۔

**نزلہ وزکام کا شکار:**

اکثر ایسے لوگ نزلہ و زکام کا شکار رہتے ہیں جو ضعف دماغ اور ضعف اعصاب کا شکار ہوں ایسے احباب عموماً کثرت جماع کے باعث ضعف دماغ اور ضعف اعصاب کا شکار ہوتے ہیں کیونکہ اعصاب کی باریک شاخیں جو حلق اور ناک کی جھلی میں پھیلی ہوتی ہیں ان کی قوت مدافعت نہایت کمزور ہو جاتی ہے تبھی تو معمولی سردی' معمولی گرمی گرد و غبار تیز خوشبو اور معمولی غذائی تبدیلی سے شدید سوزش پیدا ہو کر نزلہ و زکام ہو جاتا ہے۔



**شیخ الرئیس کا قول:**

آپ فرماتے ہیں کہ سرد مزاج اشخاص میں گرم مزاج کی نسبت زکام پیدا کرنے والے اسباب کو قبول کرنے کی زیادہ استعداد ہوتی ہے کیونکہ سرد مزاج اشخاص میں دماغ کی حرارت غریزی جو غذا پہنچتی ہے وہ دماغی سردی کے باعث ہضم نہیں پاتی اور جو بخارات اس کی طرف اٹھتے ہیں وہ تحلیل نہیں ہوتے بلکہ غذا فاضل رہتی ہے اور دماغ فضلات دماغ کو واپس لوٹا دیتے ہیں اور بخارات رطوبات کی شکل اختیار کر کے ناک اور حلق کے راستے نازل ہوتے ہیں۔ علاوہ ازیں ایسے لوگ بھی اس مرض کا شکار ہوتے ہیں جن کا معدہ اور آنتیں ضعیف ہوتی ہیں کبھی یہ مرض موروثی بھی ہوتا ہے کبھی یہ صفراوی حرارت کے باعث تو کبھی سوداوی تحریک کے باعث ہو جاتا ہے بعض اوقات نزلہ وزکام میں خفیف حرارت بھی پیدا ہونا شروع ہو جاتی ہے یعنی ٹمپریچر بڑھ جاتا ہے اکثر جب نزلہ وزکام کے ساتھ بخار ہو تو یہ سوداوی نزلہ وزکام کہلاتا ہے۔

**اسباب عامہ:**

سردی لگنا' سخت کام کے فوراً بعد ٹھنڈا پانی پینا' ترش اور سرد چیزوں کا کثرت استعمال' تیز خوشبو کا استعمال' ضعف دماغ' ضعف اعصاب وغیرہ وغیرہ۔

**علاج:**

درج ذیل مجربات میں سے تجویز فرما کر علاج کیجئے۔

## 652- اکسیر نزلہ

**عنایت:** جناب حکیم خواجہ غوث بخش صاحب اوچ شریف بہاولپور۔

**ھوالشافی:** ایپکاک تین گرین' سوڈیم سلی سلاس پانچ گرین' کونین سلفاس دو گرین' سوڈیم بائکارب چھ گرین' کلسٹین تین گرین۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو آپس میں ملا لیجئے یہ ایک خوراک ہے۔

**ترکیب استعمال:** رات سوتے وقت قدرے گرم پانی سے استعمال کیجئے۔

**فائدہ:** نزلہ وزکام دفع ہو جائیں گے صدہا مریضوں پر استعمال کروایا جا چکا ہے صرف ایک خوراک سے فائدہ ہو جاتا ہے۔

## 653- حب اکبر

**عنایت:** جناب حکیم نور مصطفیٰ صاحب بولہ شاہ پور۔

**ھوالشافی:** تربد سفید' مصبر' ست ملٹھی' گوند کتیرا' ہم وزن روغن بادام بقدر ضرورت۔

www.pdfbooksfree.pk

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو خوب باریک کرکے روغن بادام میں چرب کر لیجئے اور حبوب ایک ماشہ برابر بنا کر محفوظ کر لیجئے۔

**ترکیب استعمال:** رات سوتے وقت دو گولی ہمراہ آب تازہ دیجئے۔

**فائدہ:** دائمی نزلہ وزکام کے لئے اکسیر ہے دو تین خوراک سے فائدہ ہو جاتا ہے۔

## 654- حب ریزش

**عنایت:** جناب حکیم حافظ رضوان احمد صاحب نہٹور ضلع بجنور (ہند)۔

**ھوالشافی:** پوست خشخاش ایک تولہ، فلفل سیاہ ایک تولہ، قند سیاہ کہنہ سات تولہ۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو خوب باریک کرکے نخودی حبوب بنالیجئے اور سنبھال کر رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** خوراک ایک گولی اطریفل اسطوخودوس آدھا تولہ کے ہمراہ دیجئے۔

**فائدہ:** نزلہ وزکام کو خدائے فضل و کرم سے جڑ سے اکھاڑ پھینکنے میں لاجواب حبوب ہیں آزمائیے فائدہ اٹھائیے اور دعا مدینہ سے نوازیئے۔

## 655- حب دائمی نزلہ

**عنایت:** جناب حکیم عبدالحمید خان صاحب جہانگیرہ ضلع پشاور۔

**ھوالشافی:** زعفران، مونگرا، افیون، جدوار ہرایک تین ماشہ، کندر ڈیڑھ ماشہ، گوند کتیرا، رب السوس، دارچینی ہرایک ایک ماشہ، شہد بقدر ضرورت۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو خوب پوڈر بنالیجئے اور شہد کی مدد سے نخودی گولیاں بنا کر حفاظت سے محفوظ فرمالیجئے۔

**ترکیب استعمال:** ایک گولی صبح ایک شام ہمراہ شربت بنفشہ تین تولہ، عرق گاؤ زبان چھ تولہ دیجئے۔

**فائدہ:** پرانا نزلہ وزکام ہو یا نیا ہرایک کو ختم کرنے میں بے خطا نسخہ ہے مجرب ہے بے نظیر ہے۔

## 656- دوائے نزلہ وزکام

**عنایت:** جناب حکیم و وید کوپراج شنکرانند صاحب ہری پور ہزارہ۔

**ھوالشافی:** کریازوٹ ڈھائی بونڈ، ٹنکچر بنزویا دس بونڈ، ٹنکچر کوانائٹ ایک بونڈ، ٹنکچر کیمفر کمپاؤنڈ آٹھ بونڈ، گلیسرین تیس بونڈ، وائنم اپیکاک نو بونڈ، سرپ سلا ساٹھ بونڈ، اکوپنچھی پپ ایک اونس۔

**ترکیب تیاری:** تمام اجزاء کو باہم ملا کر سنبھال رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** یہ ایک خوراک ہے ایسی دن میں دو یا تین خوراکیں لیجئے۔



**فائدہ:** جو نزلہ و زکام کسی دوا سے بند نہ ہوتا ہو اس سے نابود ہو جاتا ہے صحت کو بہتر بناتا ہے طاقت بھی پیدا کرتا ہے بنا کر ضرور آزمائیے۔

## 657- حب نزلہ

**عنایت:** جناب حکیم کوپراج جگن ناتھ صاحب جنڈ ضلع اٹک۔

**ھوالشافی:** بادام شیریں مقشر، کوزہ مصری، افیون خالص، زعفران ہرایک تین ماشہ، شنگرف دو ماشہ۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو خوب باریک کر لیجئے اور فلفل سیاہ برابر حبوب تیار کرکے حفاظت سے رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** ایک گولی صبح و شام ہمراہ شیر شیریں نیم گرم لیجئے۔

**فائدہ:** نزلہ و زکام جو ختم ہونے کا نام نہ لے ختم کرنے میں لاجواب مجرب ہے سرعت انزال میں مفید ہے۔

## 658- اکسیر نزلہ

**عنایت:** جناب حکیم عبدالحکیم صاحب کورائی ضلع اٹک۔

**ھوالشافی:** سونف کے چاول ایک کلو، شکر سفید ایک کلو، روغن گاؤ پاؤ۔

**ترکیب تیاری:** سونف کو پیس کر شکر ملا کر اور روغن گاؤ میں ملا کر رکھ لیجئے۔

**ترکیب استعمال:** پانچ تولہ صبح، پانچ تولہ شام ہمراہ دودھ نیم گرم لیجئے۔

**فائدہ:** کہنہ سے کہنہ نزلہ کی اکسیری دوا ہے اس سے دائمی نزلہ جڑ سے ختم ہو جاتا ہے۔

**پرہیز:** ترشی تیل والی اور ثقیل اغذیہ سے پرہیز واجب ہے۔

## 659- مثالی دوا

**عنایت:** جناب حکیم محمد بشیر صاحب رام گلی لاہور۔

**ھوالشافی:** اصل السوس مقشر دو تولہ، بادیان ایک تولہ، قند سفید تین تولہ۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو باریک پوڈر بنالیجئے اور محفوظ رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** ایک تولہ صبح ایک تولہ شام لیجئے۔

**فائدہ:** انشاء اللہ عزوجل نزلہ وزکام، ضیق النفس میں نہایت ہی لاجواب ہے اور ساری زندگی ان امراض سے محفوظ رہتا ہے۔

www.pdfbooksfree.pk

## 660- حب مومیائی

**عنایت:** جناب حکیم محمد آصف صاحب میلسی ملتان۔

**ھوالشافی:** ازراقی مدبر، تخم دھتورہ، مغز پنبہ دانہ، زیرہ سفید، مغز کشنیز، مومیائی خالص ہرایک ہر ماشہ، آب ترپھلہ بقدر ضرورت۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو خوب پوڈر بنا کر آب ترپھلا میں کھرل کیجئے جب حبوب بننے پر گولیاں نخودی تیار کر لیجئے۔

**ترکیب استعمال:** ایک گولی صبح ایک شام ہمراہ مناسب بدرقہ دیجئے ساتھ اطریفل اسطوخودوس دیجئے تو فوائد کو چار چاند لگ جائیں گے۔

**فائدہ:** دائمی نزلہ وزکام ختم ہو کر صحت کامل مل جاتی ہے دماغی طاقت بحال کرتا ہے۔

## 661- اکسیر نزلہ

**عنایت:** جناب حکیم محمد عاشق صاحب سمندری فیصل آباد۔

**ھوالشافی:** جدوار خطائی تین ماشہ، افیون دو ماشہ، دانہ الائچی خورد تین ماشہ، گوند کیکر تین ماشہ، رب السوس تین ماشہ، طباشیر ایک ماشہ، زعفران ایک ماشہ۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو خوب باریک پیس لیجئے اور دانہ فلفل سیاہ برابر حبوب بنالیجئے۔

**ترکیب استعمال:** ایک حب صبح ایک حب شام ہمراہ مناسب بدرقہ دیجئے۔

**فائدہ:** ابتدائے نزلہ میں بلند پایہ کا نسخہ ہے جس کی مثال نہیں بہت مفید ہے۔

## 662- تریاق کیرا

**عنایت:** جناب حکیم غلام فرید صاحب بلال گنج لاہور۔

**ھوالشافی:** (1) اسطوخودوس ایک تولہ، گل گاؤزبان، تخم مورد، دھنیا خشک ہرایک تین تولہ، تخم کاہو پانچ تولہ، اجوائن خراسانی، پوست خشخاش ہرایک آٹھ تولہ، تخم خشخاش بارہ تولہ، چینی ایک کلو۔

(2) گل سرخ، کشنیز، رب السوس، نشاستہ بریاں، گوند کتیرا، گوند کیکر، مرکی ہرایک ایک تولہ

**ترکیب تیاری:** سب سے پہلے نمبر 1 والی ادویات کو چار کلو پانی میں بھگو دیجئے بارہ گھنٹے بعد جوش دیجئے جب پانی نیم کلو رہ جائے تو اتار کر پن چھان کر ایک کلو چینی ملا کر قوام پر لے آئیے سرد ہونے پر نمبر 2 ادویات کو خوب باریک کر کے مذکورہ قوام میں ملا دیجئے اور سنبھال کر رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** نو ماشہ سے ایک تولہ دن میں دو مرتبہ دیجئے۔

**فائدہ:** کھانسی، نزلہ وزکام، کیرا میں بے مثال دوا ہے متعدد مرتبہ کا آزمودہ نسخہ ہے کبھی خطا

www.pdfbooksfree.pk



نہیں ہوا۔

## طغرے

برگ بانسہ ایک تولہ جوش دے کر پینا نزلہ وزکام کے لئے بے حد مفید ہے۔

* دار چینی تین ماشہ جوشاندہ بنا کر پینے سے سرد نزلہ دور ہو جاتا ہے۔
* سپستان پندرہ دانے جوشاندہ بنا کر لینے سے یہی فوائد حاصل ہوتے ہیں۔
* انجیر سات دانے کھانے سے نزلہ وزکام کا شافی علاج ممکن ہے۔

## 663- نسوار چمن

**عنایت:** جناب حکیم گل خیر خان صاحب جلندھر (ہند)۔

**ھوالشافی:** اندرائن کا گودہ خشک، ہلدی، فلفل دراز، کبابہ، سونٹھ، تخم کرفس، سلاجیت، باؤبڑنگ، تخم اوشن برابر وزن۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو باریک پیس کر سنبھال کر رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** ذرا سی ناک میں سونگھیں۔

**فائدہ:** رکا ہوا نزلہ وزکام چھینکیں آ کر خارج ہو جائے گا جسم ہلکا پھلکا اور سانس میں آسانی ہوگی بے حد مفید ہے۔

## 664- دوائے کامل

**عنایت:** جناب حکیم ور محمد صاحب موگھٹ والبنڈین۔

**ھوالشافی:** پوست خشخاش، اسطوخودوس ہرایک ایک ماشہ، مغز کشنیز چار ماشہ، گل سرخ چار ماشہ، الائچی خورد تین عدد، چینی برابر وزن۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو خوب باریک کر لیجئے اور حفاظت سے رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** تین تین ماشہ دن میں تین مرتبہ ہمراہ آب تازہ دیجئے۔

**فائدہ:** نزلہ کی وجہ سے کچا ریشہ جو حلق میں گر رہا ہو سینے میں جلن محسوس ہوتی ہو تمام جسم جکڑا ہوا اور ہلکا سا بخار ہو تو یہ دوا نہایت ہی مفید الاثر ہے تمام علامات کو ختم کر دیتا ہے۔

## 665- اطریفل دماغون

**عنایت:** جناب حکیم محمد احمد یزدانی صاحب گکھڑ منڈی

**ھوالشافی:** گل منڈی، گل بنفشہ، گل سرخ، گاؤزبان، اسطوخودوس، ایک ایک تولہ، سنائے مکی ایک تولہ، مغز کدو، مغز خیار، مغز تربوز، مغز خربوزہ، تخم کاہو، خشخاش ہرایک دو تولہ، تردی تین تولہ،

کشنیز چار تولہ' مغز بادام پانچ تولہ' ترپھلہ چھ تولہ' کھوپا دس تولہ' چینی سہ چند

**ترکیب تیاری:** برگ سنا کو صاف اور تردی کی اندرونی سخت لکڑی دور کر لیجیے پھر تمام ادویات کا پوڈر بنا کر پھر روغن بادام میں اس پوڈر کو چرب کر کے چینی کا قوام بنا کر شامل فرمالیجیے اور خوب گھوٹیں ٹھنڈا ہونے پر محفوظ فرمایئے۔

**ترکیب استعمال:** ایک تولہ صبح ایک تولہ رات کو سوتے وقت ہمراہ دودھ لیجیے۔

**فائدہ:** نزلہ وزکام نیا ہو یا پرانا نہایت مفید ہے قبض کشا ہے جو کھائیں گے گن گائیں گے مردانہ قوت بھی پیدا کرتا ہے وغیرہ۔

PAKISTAN VIRTUAL LIBRARY
www.pdfbooksfree.pk



باب 16:

# طحال (تلی)

## (Spleen)

طحال انسانی وجود میں جگر کے بعد سب سے بڑا غدود ہے جو جگر کے بائیں طرف آخری پسلی کے نیچے موجود ہوتا ہے رنگت کے لحاظ سے سرخ سیاہی مائل اور بے حد نرم و نازک ہوتا ہے صحت مند انسان میں طحال کا سائز لمبائی پانچ انچ' چوڑائی تین انچ' موٹائی ڈیڑھ انچ ہوتی ہے اوسط وزن تقریباً پچھتر گرام سے ڈیڑھ سو گرام ہوتا ہے۔

طحال کو دو حصوں میں تقسیم کیا گیا ہے یہ تقسیم ناف طحال کے ذریعے ہوتی ہے اس جگہ معدے کا ابھار' لبلبہ کا باریک سرا اور خم دار آنت کا موڑ ہوتا ہے تندرستی کی حالت میں طحال بائیں پسلیوں کے نیچے محسوس نہیں ہوتی مگر طحال بڑھ جانے میں یہ محسوس ہوتی ہے یہاں تک کہ ناف اور پیڑو تک چلی جاتی ہے بعض اوقات پورا پیٹ روک لیتی ہے۔

## عظم الطحال

**تعریف مرض:**

طحال کا اپنے حجم اور جسم میں بڑھ جانا عظم الطحال کہلاتا ہے۔

**اسباب:**

عموماً جب سردی اور تری مسلسل قائم رہے تو جسم کے غدود میں تسکین ہوجاتی ہے اور فضلات کے رکنے کی وجہ سے عظیم طحال ہوجاتا ہے کبھی مادوں کی شدت کے باعث جگر میں تعظیم پیدا ہوجاتا ہے کبھی ملیریا بخاروں کے بعد بھی عظیم طحال ہوجاتا ہے۔

**علامات:**

صحت کی حالت میں بائیں طرف پسلیوں کے نیچے ہاتھ لگانے سے محسوس نہیں ہوتی البتہ مرض کی صورت میں بڑھ کر کبھی تمام پیٹ کو روک لیتی ہے پیٹ پھول جاتا ہے ہاضمہ خراب ہوجاتا ہے آنکھوں میں گدلاہٹ پاخانہ سفیدی مائل مریض کمزور لاغر ہوجاتا ہے اکثر ہلکا سا بخار بھی ہوجاتا ہے نبض تیز پھولی ہوئی سخت قبض جسم کا رنگ سیاہی مائل ہوتا ہے ڈراؤنے خواب آتے ہیں وغیرہ۔

www.pdfbooksfree.pk

**علاج:**
درج ذیل مجربات میں سے منتخب کر کے علاج کیجئے۔

## 666- اکسیر طحال

**عنایت:** زبدۃ الحکماء استاد الاطباء جناب حکیم محمد حسین صاحب جالندھر۔
**ھوالشافی:** نوشادر، پھٹکڑی، سہاگہ، لوٹا سجی، شورہ ہر ایک ایک تولہ، تیزاب شورہ دو تولہ۔
**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو خوب پوڈر بنا کر ایک مٹی کے برتن میں رکھ کر اوپر اوپلے کی ڈیڑھ کلو ڈال کر اوپر تیزاب ڈال دیجئے تمام ادویات پکنے لگیں گی اوپر سرپوش رکھ دیجئے اور اکیس یوم کے بعد جو نکلے نکال کر حبوب جنگلی بیر برابر بنا دیجئے اور محفوظ فرمالیجئے۔
**ترکیب استعمال:** ایک گولی صبح و شام ہمراہ تازہ پانی دیجئے۔
**فائدہ:** پرانے سے پرانا عظم الطحال اس سے نابود ہو جاتا ہے بس چند یوم کا استعمال مرض کو نابود کر دیتا ہے۔

## 667- دوائے طحال

**عنایت:** جناب حکیم چندرا سنگھ راولپنڈی۔
**ھوالشافی:** تماں بمعہ برگ بیل (جلا کر خاکستر بنالیجئے)۔
**ترکیب تیاری:** اس خاکستر سے بطریقہ معروف نمک حاصل کیجئے اور محفوظ رکھئے۔
**ترکیب استعمال:** ایک ماشہ روزانہ شربت لیموں سے صبح نہار منہ دیجئے۔
**فائدہ:** نہایت عجیب الاثر اور لاثانی دوا ہے عظم طحال میں جید الاثر ہے ریح البواسیر، درد قولنج، باد گولہ وغیرہ میں اعلیٰ اکسیر ہے۔ ایک ماہ کا کورس مرض کو بیخ و بن سے اڑا دے گا۔

## 668- حب آہن

**عنایت:** جناب حکیم محمد احمد طالب فیروز پور (ہند)۔
**ھوالشافی:** ساڑ لوہا (جو لوہار کے گرم کام کرنے سے گرتا ہے) ایک تولہ، پھل مدار پانچ تولہ، آب لیموں دو تولہ۔
**ترکیب تیاری:** ساڑ لوہا کو اور پھل مدار کو خوب لوہے کے کھرل میں کھرل کیجئے اور ساتھ ساتھ آب لیموں ڈالتے جائیں جب تمام آب لیموں ختم ہو جائے تو نخود حبوب تیار کر لیجئے۔
**ترکیب استعمال:** ایک گولی صبح ایک سہ پہر ہمراہ آب تازہ دیجئے۔
**فائدہ:** بے حد بھوک پیدا ہوتی ہے مقوی جگر مقوی معدہ، دافع بھس، سوالقینہ اور عظم طحال میں

www.pdfbooksfree.pk



مفید ہے۔

## 669- حب طحال

**عنایت:** مسیح الغرباء حکیم دیوان چند لعل صاحب سہگل مفطر پشاور۔
**ھوالشافی:** خرمہرہ زرد دو تولہ، سلفیورک ایسڈ تین تولہ، نوشادر، قلمی شورہ، سہاگہ بریاں، سوڈا زردنی دو دو تولہ، ایلوا ایک تولہ۔
**ترکیب تیاری:** پہلے پہل خرمہرہ زرد پر سلفیورک ایسڈ ڈال کر بریاں کیجئے جب شگفتہ ہو جائیں پھر دیگر ادویات پوڈر بنا کر ملا کر حبوب نخودی بنالیجئے۔
**ترکیب استعمال:** ایک گولی صبح ایک شام ہمراہ آب تازہ دیجئے۔
**فائدہ:** برسوں سے بڑھی ہوئی تلی بالکل ٹھیک ہو جاتی ہے۔

## 670- اکسیر طحال

**عنایت:** جناب مولانا حکیم محمد صادق صاحب سیالکوٹ۔
**ھوالشافی:** تنکار، قلمی شورہ، مصبر زرد، نمک سیاہ، جوکھار، لوٹا کھار، شحم حنظل، پوست ہلیلہ زرد، فلفل دراز، فلفل سیاہ، نوشادر ایک ایک تولہ، رس کنوار گندل بقدر ضرورت، سرکہ انگوری بقدر ضرورت۔
**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو پوڈر بنا کر آب کنوار گندل میں کھرل کیجئے پھر ایک ہفتہ سرکہ میں کھرل کیجئے پھر کنار دشتی برابر گولیاں بنا کر محفوظ رکھیں۔
**ترکیب استعمال:** ایک گولی صبح ایک دوپہر ایک شام ہمراہ آب تازہ دیجئے۔
**فائدہ:** کہنہ سے کہنہ عظم طحال کے لئے مفید ہے نفخ معدہ اور درد معدہ میں الغرض امراض معدہ میں لاثانی نسخہ ہے۔

## 671- ضماد طحال

**عنایت:** جناب حکیم سید محمد عتیق القادر صاحب تجارہ الورا راجپوتانہ (ہند)۔
**ھوالشافی:** اشق دو تولہ، صمغ عربی تین ماشہ، زراوند مدحرج سات ماشہ، کتیرا چار ماشہ۔
**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو پانی کی مدد سے باریک لیپ تیار کر کے سنبھال رکھئے۔
**ترکیب استعمال:** یہ لیپ کپڑے پر لگا کر مقام تلی پر چسپاں کر دیجئے اور اوپر سے کپڑا گرم کر کے ٹکور کیجئے تاکہ لیپ خشک ہو جائے۔
**فائدہ:** ورم طحال عظم الطحال کے لئے سو فیصد مجرب چالیس سال سے معمول مطب ہے ہزاروں مریضوں پر تجربہ شدہ ہے۔ کہنہ مرض میں یہ عمل تین یا چار بار کیجئے۔

## 672- دوائے طحال

**عنایت:** حکیم محمد اکرم صاحب محمود کوٹ مظفر گڑھ۔

**ھوالشافی:** مصبر دو تولہ' نوشادر دو تولہ' لعاب کنوار گندل بقدر ضرورت۔

**ترکیب تیاری:** دونوں دواؤں کو لعاب کنوار گندل میں کھرل کر کے نخودی حبوب بنالیجئے اور محفوظ رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** دو گولی صبح' دو گولی شام ہمراہ دودھ دیجئے۔

**فائدہ:** عظم طحال میں متعدد مرتبہ کا آزمودہ نسخہ ہے۔

## 673- روغن نوشادر

**عنایت:** جناب حکیم محمد ابراہیم انصاری صاحب مظفر پور۔

**ھوالشافی:** نوشادر ایک پاؤ' چونا آب رسیدہ ایک کلو۔

**ترکیب تیاری:** دونوں کو ملا کر پانی میں ڈال دیجئے اور پانی اتنا زیادہ ہو کہ چار انگل اوپر آجائے روزانہ ہلادیا کیجئے تین دن بعد مقطر پانی کو لے کر بطریقہ معروف نمک حاصل کیجئے اب یہی نمک رات کو شبنم میں رکھیں آئل بن جائے گا۔ پھر دوسرے روز رکھ دیجئے سارا نمک تیل بن جائے گا شیشی میں سنبھال کر رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** پانچ سے دس قطرے بتاشے میں ڈال کر کھلا دیا کیجئے۔

**فائدہ:** ہاضم طعام' دافع ریاح معدہ' عظیم طحال میں بے حد مفید ہے۔

## 674- تریاق طحال

**عنایت:** جناب حکیم احمد حسین صاحب عمدہ بازار حیدرآباد دکن (ہند)۔

**ھوالشافی:** نوشادر سیاہ ایک تولہ' فرائی سلفاس پانچ تولہ' کونین سلفاس دو تولہ' میگنیشیا سلفاس سات پاؤ' عرق سونف سات بوتل' سلفیورک ایسڈ دو ڈراپ۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو باریک کر کے ملا دیجئے اور عرق میں حل کر کے سنبھال کر رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** ایک اونس دن میں تین مرتبہ دیجئے۔

**فائدہ:** عظم الطحال میں مفید ہے سیاہ رنگ کے دست آئیں گے فکر نہ کیجئے دیسی گھی دودھ دیجئے۔



## 675- عرق لاجواب

**عنایت:** جناب حکیم عبدالرزاق صاحب بھون جہلم۔

**ھوالشافی:** سالٹ پندرہ تولہ' تیزاب شورہ ایک تولہ' کاہی سبز تین ماشہ' کونین فولادی چھ ماشہ' عرق پودینہ ایک بوتل۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو باریک کر کے عرق پودینہ میں ڈال دیجئے اور اچھی طرح ہلا کر رکھ لیجئے۔

**ترکیب استعمال:** ایک اونس دن میں دو مرتبہ دیجئے۔

**فائدہ:** عظم طحال میں نہایت مفید ہے چند خوراکوں سے طحال کو تحلیل کر دیتا ہے۔

## 676- تریاق طحال

**عنایت:** جناب حکیم محمد کرم حسین صاحب تجارہ الور (ہند)۔

**ھوالشافی:** نوشادر' قلمی شورہ' ہرایک تین ماشہ' ست پودینہ' روغن سونف ایک ایک ماشہ' میگنیشیا بارہ تولہ' عرق سونف ڈھائی پاؤ' کونین فولادی' کونین سلفاس تین تین ماشہ' سلفیورک ایسڈ چوبیس بوند۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو باریک کر کے عرق میں ڈال کر اوپر سے سلفیورک ایسڈ ڈال کر سنبھال کر رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** دو تولہ صبح دو تولہ شام پلا دیا کیجئے۔

**فائدہ:** تجربہ شدہ عظم الطحال کے لئے اکسیر ہے۔

## 677- اکسیر طحال

**عنایت:** جناب حکیم فضل الحسن خان صاحب بنگلہ فاضلکا فیروز پور۔

**ھوالشافی:** میگنیشیا سلفاس دو تولہ' نوشادر چار ماشہ' قلمی شورہ تین ماشہ' سبز کونین چار ماشہ' سرکہ ایک تولہ۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو خوب سرکہ میں ملا لیجئے۔

**ترکیب استعمال:** اس کو تین خوراک میں تقسیم کر کے صبح' دوپہر' شام لیجئے۔

**فائدہ:** عظم الطحال میں نہایت مفید ہے۔

*

www.pdfbooksfree.pk

باب 17:

# عورتوں کے امراض

## بانجھ پن

| اُردو نام | طبی نام | ڈاکٹری نام |
|---|---|---|
| بانجھ پن | عقر | Sterility |

**تعریف مرض:**

نوجوان شادی شدہ عورت کو اولاد نہ ہونے کو بانجھ پن کہتے ہیں صحت مند جوڑے کو اولاد نہ ہونا بدقسمتی سمجھا جاتا ہے سابقہ ادوار سے اب تک اس کی ساری ذمہ داری عورت پر ڈالی جاتی ہے اور ایسی عورتوں کو نفرت سے دیکھا جاتا ہے۔

اب بھی متعدد قومیں اور ممالک میں ایسی عورت کو قصوروار ٹھہرایا جاتا ہے اور مرد دوسری شادی کرلیتا ہے مگر آہ اس بیچاری کا اس میں کیا قصور یا تو کوئی بیماری ہوتی ہے یا میاں صاحب بیمار ہوتے ہیں یا پھر حکم الٰہی ہے جو اولاد جیسی نعمت میسر نہیں آرہی۔

**اسباب:**

اسباب کی دو اقسام ہیں:

(1) پیدائشی یا خلقی

(2) غیر خلقی یا مرضی

**خلقی نقائص:**

رحم، خصیۃ الرحم کے پیدائشی نقائص مثلاً بچہ دانی کا نہ ہونا یا چھوٹا ہونا گردن رحم کا مسدود ہونا، خصیۃ الرحم کا ناقص ہونا پردہ بکارت کا سوراخ بند ہونا، قاذف نالیوں کا مسدود یا بند ہونا یا تنگ ہونا، مہبل کی رسولیاں وغیرہ۔

**غیر خلقی نقائص:**

امراض رحم، سیلان الرحم شدید، انقلاب رحم، رحم کی شدید سوزش، زخم رحم، بواسیر رحم، استقاء رحم، فلوپین ٹیوب اور خصیۃ الرحم کے امراض، کمی خون، موٹاپا آتشک سوزاک۔ ان بیماری کے

www.pdfbooksfree.pk



اسباب میں شامل ہیں:

مردوں کی طرف سے مرض سوزاک، آتشک، ضعف باہ، جلق، مشت زنی کے مریض، سرعت انزال، مادہ منی کے امراض یا شدید امراض میں مبتلا ہونا وغیرہ۔

**علامات:**

مذکورہ بالا امراض میں سے کسی کا ہونا علامات میں واضح محسوس ہوگا:

Semen Enalyses ٹیسٹ کروایا جائے۔ عورتوں کی تشخیص مرض کیا جائے۔ علاج میں مذکورہ بالا امراض کی رعایت رکھ کر اور اسی کے مطابق علاج کیا جائے تو کامیابی ہوگی۔

**علاج:**

درج ذیل مجربات میں سے منتخب کرکے علاج کیجئے۔

### 678- نرینہ

**عنایت:** زبدۃ الحکماء جناب حکیم محمد امیر علی جیلانی صاحب میانوالی۔

**ھوالشافی:** لونگ چار عدد، کستوری خالص، افیون اصلی، زعفران خالص، جوز بوا، بھنگ کے بیج ہر ایک ایک ماشہ، چھالیہ گجراتی تیس عدد، قند سیاہ کہنہ تین ماشہ۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو خوب باریک پیس کر جنگلی بیر برابر حبوب بنالیجئے۔

**ترکیب استعمال:** بعد فراغت حیض پہلے دن سے ایک گولی روزانہ کھائیے اور رات کو مباشرت کریں۔

**فائدہ:** نہایت مفید اور سینکڑوں مرتبہ کی تجربہ شدہ دوا ہے۔

### 679- علاج عقر

**عنایت:** جناب حکیم سید شہباز علی صاحب سیالکوٹ۔

**ھوالشافی:** ناریل دریائی دس تولہ، طباشیر ایک تولہ، الائچی خورد دو تولہ، تالمکھانہ پروردہ سو شیر بز دس تولہ، مغز بادام مقشر بیس تولہ، برادہ بیخ نڑ، برادہ بیخ بھنڈی، کوزہ مصری، داڑھی پیپل ہر ایک پانچ تولہ۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو خوب باریک پوڈر بنالیجئے اور سنبھال کر رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** حیض سے فراغت کے بعد پہلے دن سے ہی آکاش بیل دو تولہ روزانہ رگڑ کر بارہ بجے دوپہر پلاتے رہیں اور ایک بجے ایک رتی کشتہ بارہ سنگھا بتاشہ میں ڈال کر شیر گاؤ شیریں سے تین یوم تک متواتر دیجئے تین دن بعد مذکورہ پوڈر ایک تولہ صبح ایک تولہ شام

اکیس یوم مرد کے لئے اور چودہ یوم عورت کو کھلا دیجئے مقدار (خوراک میں کمی بھی کر سکتے ہیں)
اسی دوران ہر دوسرے دن مباشرت سنت کے مطابق کیجئے۔

**فائدہ:** سو فیصد مجرب نسخہ ہے انشاء اللہ عزوجل پہلے ماہ میں ہی عورت حاملہ ہو جائے گی سینکڑوں ویران گھر اولاد سے شاداب ہو چکے ہیں آپ بھی آزمائیے اور دعائے مدینہ سے نوازیئے۔

**پرہیز:** نباتاتی روغنیات' گرم ترش اور بادی اشیاء سے پرہیز واجب ہے۔

## 680- اکسیر معین حمل

**عنایت:** جناب حکیم غلام حسین صاحب بستی موہن والی مظفر گڑھ۔

**ھوالشافی:** سبوس اسپغول' دودھک بوٹی' خارخسک' بوپھلی ہر ایک تین تولہ' گوند کیکر' گوند کتیرہ' تج' تالمکھانہ ہر ایک دو تولہ۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو خوب باریک کر کے ایک بڑا چمچ دودھ میں ڈال کر کھیر بنا لیجئے۔

**ترکیب استعمال:** صبح نہار منہ دونوں میاں بیوی کھائیں۔

**فائدہ:** اولاد جیسی نعمت سے نوازنے میں مفید الاثر ہے۔

### طغرے

* برادہ دندان فیل پانچ سو ملی گرام کیپ روزانہ صبح و شام ہمراہ شیر گاؤ دیجئے اعلیٰ درجہ کا معین حمل ہے۔
* ایک عدد جگنو گڑ کہنہ میں لپیٹ کر شام چار بجے عورت کو کھلا دیجئے اور رات کو مباشرت کیجئے' پانچ یوم کیجئے انشاء اللہ عزوجل حاملہ ہو جائے گی۔

## 681- اکسیر حمل

**عنایت:** جناب حکیم چودھری عبدالحمید خان صاحب داتا گنج بخش روڈ لاہور۔

**ھوالشافی:** مشک خالص چار رتی' افیون' زعفران خالص جوز بوا' ہر ایک دو ماشہ' برگ تنبو چار ماشہ' سپاری گجراتی چھ عدد' قرنفل تر آٹھ عدد' ورق طلاء آٹھ عدد' قند سیاہ کہنہ ایک تولہ۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو خوب باریک کھرل کر کے نخودی گولیاں بنا لیجئے اور سنبھال کر رکھیے۔

**ترکیب استعمال:** بعد از طہارت حیض دو گولی صبح و شام ہمراہ نیم گرم دودھ دیجئے تین دن استعمال کیجئے پھر مباشرت کیجئے تین ماہ تک ایسے استعمال کیجئے۔

www.pdfbooksfree.pk



**فائدہ:** نہایت اکسیر الاثر دوا ہے تمام رحمی امراض کے لئے نہایت مفید ہے مریضہ کی قوت و [صحت] بحال کر کے رحم میں استقرار کی صلاحیت بڑھاتی ہے۔

## 682- نورین

**عنایت:** جناب حکیم محمد علی صاحب دروازہ مہاں سنگھ امرتسر (ہند)۔

**ھوالشافی:** کستوری ایک ماشہ' زعفران دو ماشہ' جوز بوا' ہینگ ہیرا' سپاری افیون ہر ایک تین ماشہ' عنبر ایک ماشہ' قند سیاہ بقدر ضرورت۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو خوب باریک کھرل کیجئے اور قند سیاہ ملا کر نخودی حبوب بنا کر حفاظت سے رکھیے۔

**ترکیب استعمال:** بعد از غسل حیض تین یوم تک مرد و عورت دونوں ایک ایک گولی صبح و شام ہمراہ شیر گاؤ کھایئے۔

**فائدہ:** خواہ کسی سبب سے بانجھ پن ہو اسے دور کرنے اور ویران گھر بفضل تعالیٰ آباد کرنے میں مایہ ناز نسخہ ہے۔

**نوٹ:** تین ماہ تک یہ عمل ہر ماہ دہرایئے اول تو پہلے ماہ میں کامیابی ہوگی ورنہ دوسرے حد تیسرے مہینے میں ضرور کامیابی ہو جائے گی۔

## 683- ثمر حیات

**عنایت:** جناب حکیم گرداس سنگھ راجپوتانہ (ہند)۔

**ھوالشافی:** برگ تنبو چار ماشہ' کستوری خالص چار رتی' زعفران دو ماشہ' لونگ آٹھ عدد' جائفل دو عدد' سپاری دکھنی چھ عدد' افیون دو ماشہ' قند سیاہ چھ ماشہ' جوز مائل دو ماشہ۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو خوب پوڈر بنا کر حبوب نخودی تیار کر لیجئے۔

**ترکیب استعمال:** روزانہ ایک گولی نیم گرم دودھ سے دیجئے۔

**فائدہ:** اولاد سے محروم عورتوں کی گود ہری ہو جاتی ہے انشاء اللہ عزوجل بے اولاد حضرات کی امید شگفتہ ہو جاتی ہے۔

## 684- امنگ

**عنایت:** جناب حکیم محمد دلاور صاحب کمالیہ فیصل آباد۔

**ھوالشافی:** سنکھ ایک کلو' نمک ملا پانی پانچ کلو' چونا ان بجھا دو کلو' آب باتھو ایک کلو' آب بنفشہ ایک کلو' دودھ آک ایک کلو۔

**ترکیب تیاری:** پہلے نمک ملے پانی میں سنکھ کسی مٹی کے برتن میں آگ پر رکھیں اور نیچے تین

گھنٹے آگ روشن کیجئے پھر دو کلو ان بجھا چونا لے کر اس کے درمیان دے کر ایک من اوپلوں کی آگ دیجئے پھر ایک کلو چونا ایک کلو پانی میں ملا کر اس کا زلال لیجئے اور سنکھ کو اس میں کھرل کر کے گل حکمت کر کے آگ دیجئے پھر آب باتھو میں کھرل کر کے گل حکمت کر کے آگ دیجئے اور آب بنفشہ میں کھرل کر کے آگ دیجئے پھر آخر میں دودھ آک ایک کلو میں کھرل کر کے آگ دیجئے۔ کشتہ تیار ہونے پر سنبھال کر محفوظ رکھیے۔

**ترکیب استعمال:** ایک حیض کم و بیش آتا ہو تو حیض سے پاک ہونے کے بعد روزانہ رات سوتے وقت ایک ماشہ کشتہ چودہ یوم تک ہمراہ شیر گاؤ سے دیجئے دوران دوا مباشرت سے پرہیز واجب ہے۔

دوسرے مہینے حیض سے پاک ہو کر ایک ہفتہ کھلایئے پھر ایک ہفتہ دوا کھانا بند کر دیجئے جس ہفتے دوا کھائیں جماع سے پرہیز کریں جس ہفتے دوا نہ کھائیں جماع لازمی کریں۔

تیسرے مہینے بھی اسی طرح پہلے ہفتے دوا کھائیں اور جماع سے پرہیز کریں دوسرے ہفتے دوا بند اور جماع کریں تیسرے ہفتے دوا کھائیں اور جماع سے پرہیز اور چوتھے ہفتے دوا بند کریں اور جماع کریں۔

**فائدہ:** اس دوا سے بانجھ پن مطلقاً نہیں رہتا نہایت آسان غریبانہ نسخہ ہے بس ایک مرتبہ تیار کر لیجئے عورتوں کے لئے تریاق ہے خواہ حیض تکلیف سے آتا ہو یا کم مقدار سے آتا ہو کمر، پنڈلیوں میں درد ہو، پیڑو بھاری رہتا ہو اولاد نہ ہوتی ہو ان سب کے لئے اکیلی دوا مفید ہے بانجھ پن کیلئے تین ماہ کا کورس ہے کسی کو پہلے مہینے حمل ٹھہر جاتا ہے کسی کو دوسرے تو کسی کو تیسرے مہینے میں حمل ٹھہر جاتا ہے۔

**نوٹ:** دوا ہمیشہ رات سوتے وقت ہی کھانی ہے۔

# اسقاط حمل / اٹھرا

# (Abortion)

## تعریف مرض:

جب جنین مقررہ مدت سے پہلے ہی کسی وجہ سے رحم سے خارج ہو جائے تو اسے اسقاط حمل کہتے ہیں۔ طبی حمل تقریباً نو ماہ اور چند یوم کا ہوتا ہے نیز حمل گرنے کا خطرہ حمل قائم ہونے سے پیدائش تک کسی بھی وقت ہو سکتا ہے عموماً زیادہ خطرہ تیسرے مہینے تک ہوتا ہے بعد میں کم ہی گرتا ہے اگر ساتویں مہینے حمل گر جائے تو بچہ زندہ رہتا ہے اور اگر حمل کی عمر اس سے کم ہو تو زندہ





بچنے کی امید نہیں ہوتی۔

## کن حالات میں حمل گرانا چاہئے:

پاکستان سمیت متعدد ممالک میں حمل گرانا قانونی جرم ہے لہٰذا کبھی بھی حمل گرانا جائز نہیں لیکن بعض حالتوں میں جب دو یا تین مستند معالج یا حکماء متفق ہوں تو مریضہ کی زندگی بچانے کے لئے اسقاط حمل ضروری ہوتا ہے مثلاً پیٹ میں بچہ فوت شدہ ہو، پرسوت کا درد شدید ہو اور بچہ باہر نہ آتا ہو، فوت شدہ بچے کا زہر پھیلنے کے باعث زچہ کے مرنے کا خوف ہو یا خطرناک امراض پیدا ہونے کا اندیشہ ہو تو حمل گرایا جا سکتا ہے۔

## اسباب:

جب رحم کے اعصاب میں ڈھیلا پن پیدا ہو جاتا ہے تو حمل گر جاتا ہے اچھلنے کودنے، دہشت، خوف، رنج و غم، کثرت مباشرت، مسہلات کا استعمال یا شدید قے آور ادویات کا استعمال حمل گرنے کا باعث بنتا ہے۔ جسمانی کمزوری، کمی خون، رحم کی شدید کمزوری، چوٹ لگنا، بھاری بوجھ اٹھانا، جھولے جھولنا، چیچک، نمونیا، سل، شدید بخار، شدید کھانسی بعض عورتیں عادتاً اسقاط حمل کی عادی ہوتی ہیں جو عادت کے باعث اسقاط ہو جاتا ہے وغیرہ وغیرہ۔

## علامات:

اسقاط سے پہلے سستی، کاہلی اور بے چینی پائی جاتی ہے کمر رانوں اور پیٹ میں ہلکا ہلکا درد ہوتا ہے جو آہستہ آہستہ بڑھتا جاتا ہے اور آہستہ آہستہ بچہ دانی سے خون آنا شروع ہو جاتا ہے بعض عورتوں کو اسقاط کے وقت متلی اور قے بھی آتی ہے بعض کو خون کم اور بعض کو شدید جریان خون آ کر زندگی کے لالے پڑ جاتے ہیں پستان نرم ہونا شروع ہو جاتے ہیں ان کی جسامت کم ہونا شروع ہو جاتی ہے اندام نہانی پھیل جاتی ہے رحم نیچے آ جاتا ہے رحم کا منہ کھل جاتا ہے اور جنین کا لوتھڑا خارج ہو جاتا ہے۔

## علاج:

درج ذیل مجربات میں سے منتخب فرما کر علاج کریں۔

### 685- سفوف احمر

**عنایت:** جناب حکیم نورالدین قادیانی صاحب دہلی (ہند)۔

**ھوالشافی:** صندل سفید، صندل سرخ، برگ حنا، برگ نیم، ملٹھی، مجیٹھ، معدہ نرکچور، ہرمچی، گیرو برابر وزن۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو مثل غبار باریک پیس کر سنبھال کر رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** ایک رتی سے دو رتی ہمراہ ٹھنڈا پانی دیجئے۔

**فائدہ:** حاملہ اگر استعمال کرے تو اسقاط حمل کی شکایت سے محفوظ رہے اور انشاء اللہ عزوجل نرینہ اولاد پائے۔ چالیس سال مجرب نسخہ ہے پھوڑے پھنسی خارش میں اکسیر ہے۔

## 686- ثمرین

**عنایت:** جناب حکیم سید علی شاہ ڈومیلی ضلع جہلم۔

**ھوالشافی:** گل پستہ، گل سپاری، صمغ ڈھاک ہرایک چار تولہ اندرجو شیریں دو تولہ اسگندنا گوری دو تولہ کشتہ قلعی، کشتہ مرجان ہرایک تین ماشہ کشتہ عقیق ڈیڑھ ماشہ نبات سفید نو تولہ۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو نہایت باریک پوڈر بنالیجئے اور محفوظ رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** دو ماشہ روزانہ صبح و شام ہمراہ شیر گاؤ دیجئے۔

**فائدہ:** سیلان الرحم و عارضہ رحم کے لئے بہت مفید ہے اسقاط حمل کے لئے مجرب اور معمول مطب ہے۔

## 687- تریاق اسقاط

**عنایت:** جناب حکیم عبدالغفور صاحب اندرون ہاتھ دروازہ شکار پور باب الاسلام سندھ۔

**ھوالشافی:** مروارید ناسفتہ، کہربا شمعی، مونگے کی جلی ہوئی جڑ، صندل سرخ، صندل سفید، طباشیر، کبوڈ، درونج عقربی، مازو سبز، عود صلیب ہرایک ایک تولہ، مغز تربوز، تخم خرفہ ہرایک دو تولہ، ورق نقرہ، ورق طلاء بیس بیس عدد، ابریشم مقشر، بیخ انجبار، گیرو ایک ایک تولہ، عنبر اشہب ایک ماشہ، آب کریلا اٹھائیس تولہ، نبات سفید آدھا کلو۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو نہایت باریک پوڈر بنا کر بطریقہ معروف معجون بنالیجئے اور سنبھال کر رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** پانچ ماشہ صبح روزانہ ہمراہ تازہ پانی دیجئے۔

**فائدہ:** عادتی اسقاط کے لئے یعنی جن کے بچے دو سال سے زیادہ زندہ نہ رہتے ہوں اور ام الصبیان کے مرض میں ضائع ہوجاتے ہوں ان کے لئے الحمدللہ عزوجل نہایت موثر ہے۔



## 688- اکسیر جان

**عنایت:** جناب حکیم جان محمد صاحب حصار (ہند)۔

**ھوالشافی:** کشتہ گاؤدنتی، برگ نیم والا، جینگی ماش برابر وزن۔

**ترکیب تیاری:** دونوں دواؤں کو لے کر خوب باریک پیس کر محفوظ رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** روزانہ ایک ماشہ صبح ہمراہ شیر گاؤ دیجئے بعد زمانہ حمل سے ہر مہینے ایک ہفتہ استعمال کروائیے۔

**فائدہ:** جن عورتوں کو تیسرے یا چوتھے ماہ میں حمل ساقط ہوجاتا ہے یہ دوا ان کے لئے نہایت لاجواب ہے۔ تین ماہ استعمال کروائیے۔

## 689- دافع اسقاط

**عنایت:** جناب حکیم شیر محمد گوندل صاحب عباس پور فیصل آباد۔

**ھوالشافی:** پوست انار دانہ نو ماشہ، تخم ہلاس ایک تولہ۔

**ترکیب تیاری:** دونوں کو تین پاؤ پانی میں جوش دیجئے جب ایک پاؤ رہ جائے تو محفوظ کرلیجئے

**ترکیب استعمال:** یہ جوشاندہ روزانہ ہر دو گھنٹے بعد پلائیے۔

**فائدہ:** اگر حاملہ کو خون آنا شروع ہوجائے تو یہ نسخہ عورت کو دیجئے انشاء اللہ عزوجل خون بند ہوجائے گا۔

## 690- حب استقرار حمل

**عنایت:** شمس الحکماء جناب حکیم زاہد القادری صاحب لاہور۔

**ھوالشافی:** زعفران، جائفل، ناگیسر، لونگ، دانہ الائچی خورد، تخم اونٹکن، طباشیر انڈین، تخم سروالی، الکنی، گل دھاوا، سپاری برابر وزن۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو نہایت باریک پوڈر بنا کر شہد کی مدد سے حبوب نخودی تیار کرلیجئے اور محفوظ رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** روزانہ ایک گولی ہمراہ شیر گاؤ نیم گرم سے دیجئے۔

**فائدہ:** استقرار حمل کی استعداد پیدا کرکے عورت کو صاحب اولاد بنانے میں سینکڑوں مریضوں پر آزمایا ہوا مجرب نسخہ ہے۔ اکتالیس یوم تک استعمال کریں۔

## طغرے

* کہربا شمعی ایک ماشہ ہمراہ شیر گاؤ دینا اسقاط حمل میں مفید الاثر ہے۔

www.pdfbooksfree.pk

- ✿ چرہ کہنہ سوختہ ایک ماشہ شیر گاؤ دیجئے استقاط حمل میں بے مثال ہے۔
- ✿ پرانے مٹی کے دیئے جو سرسوں کے تیل سے اٹے ہوتے ہیں آگ میں سرخ کر کے نہایت باریک پیس کر چار ماشہ پانی سے دیجئے ایک خوراک ہی کافی ہے۔ استحاضہ میں بھی اکسیر ہے اور خون بند کرنے میں لاجواب ہے۔
- ✿ رائی ایک ماشہ دن میں ایسی تین خوراک دیجئے مفید الاثر ہے۔

## لڑکیاں ہی لڑکیاں

بعض عورتوں کے ہاں کثرت سے لڑکیاں ہی لڑکیاں پیدا ہوتی ہیں اور نرینہ اولاد کے لئے مختلف حیلے بہانے تلاش کرتے ہیں اکثر اوقات مایوسی کا منہ دیکھنا پڑتا ہے لڑکیاں ہی لڑکیاں پیدا ہونا بھی ایک بیماری ہے اس کا علاج بھی ممکن ہے۔

### 691- اکسیر اعلیٰ

**عنایت:** جناب حکیم مقصود احماد صاحب' لکھا حویلی پاکپتن

**ھوالشافی:** زعفران کشمیری چھ ماشہ' زیرہ پھول چھ ماشہ۔

**ترکیب تیاری:** دونوں کو ملا کر خوب کھرل کر کے دو دو رتی کی حبوب تیار کر لیجے اور محفوظ رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** تیسرے ماہ کے شروع سے پندرہ یوم تک روزانہ ایک گولی صبح ایک شام ہمراہ شیر گاؤ دیجئے۔

**فائدہ:** اس کے استعمال کے بعد ہی آپ احساس کریں گے کہ اللہ عزوجل نے ادویات میں کیا تاثیر رکھی ہے الحمدللہ اس کے استعمال سے مناصحت مند پیدا ہوگا نہایت آسان بے ضرر اور لاکھ روپیہ کا نسخہ ہے۔

### 692- سفوف نرینہ

**عنایت:** جناب حکیم مظفر سلطان صاحب راولپنڈی۔

**ھوالشافی:** موصلی سیاہ' موصلی سفید' گوکھرو' تخم اوٹنگن' برادہ دندان فیل' تخم عباسی' پوست بیخ سنبل ہر ایک برابر وزن۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو خوب باریک پیس کر محفوظ فرما لیجئے۔

**ترکیب استعمال:** بعد حیض روزانہ ایک تولہ عورت اور ایک تولہ مرد پانچ یوم کھائیں اور مباشرت کریں انشاء اللہ عزوجل اس ترکیب سے ہر مہینے کریں۔

**فائدہ:** اس سے ایک کو رحم کے اندر استقرار حمل کی قوت پیدا ہوگی اور دوسرا جو حمل ہوگا ثابت



تام بچے ہوئے نرینہ اولاد کا حامل ہوگا۔
واللہ تعالیٰ اعلم ورسولہ عزوجل ﷺ

## عسر ولادت

**تعریف مرض:** بچہ باآسانی پیدا نہیں ہوتا اس سے عورت کو وضع حمل کے وقت شدید تکلیف ہوتی ہے حتیٰ کہ بسا اوقات موت واقع ہوجاتی ہے اسی طرح بعض اوقات پیٹ ہی میں بچہ مرجائے تو شدید مشکلات پیدا ہوجاتی ہیں۔

**اسباب:** جسمانی کمزوری' پہلی دفعہ بچے کی پیدائش کا خوف' بہت زیادہ موٹاپا' بہت زیادہ نازک دماغ' بچہ کا سائز بڑا ہونا یا بہت زیادہ کمزور ہونا کہ بچہ دانی کی پکڑ میں نہ آسکے یا دوسر والا بچہ ہونا زیادہ تاتکیں ہونا' بچوں کی تعداد ایک سے زائد ہونا اس کے ایک دوسرے کے نکلنے میں رکاوٹ بنتے ہوں غلط انداز سے پیدائش ہونا یعنی پہلے بازو یا ٹانگ وغیرہ باہر آنا' بچہ دانی کا چھوٹا ہونا یا رطوبت کی عدم موجودگی جس کی وجہ سے بچے کے پھسلنے میں رکاوٹ ہوتی ہے ورم بچہ دانی' زخم بچہ دانی' بواسیر بچہ دانی یا کمزوری بچہ دانی وغیرہ۔ مشیمہ کا بہت زیادہ موٹا ہونا جس کی وجہ سے دانہ پھٹنے یا وقت سے پہلے پھٹ جائے جس کی وجہ سے پھسلا کر نکالنے والی رطوبات خارج نہ ہوں' پیشاب کی بندش' پتھری مثانہ' پیڑو میں رسولی' مہبل کی رسولی وغیرہ جس کی وجہ سے بچہ دانی کے منہ پر دباؤ پڑنے سے بچہ آسانی سے خارج نہیں ہوسکتا' دایہ کی غلطی' سخت سردی میں اعضائے تناسل نہ کھل سکیں یا سخت گرمی میں طاقت کے کمزور ہوجانے سے سخت غم و فکر میں بھی دیر سے پیدائش ہوتی ہے۔ علاج سے پہلے تو تکالیف دور ہوجاتی ہیں یا کبھی سانس کی تنگی سے سینہ اور پھیپھڑوں کی رگیں ٹوٹ جاتی ہیں اور کھانسی میں خون آنے لگتا ہے کبھی درد کی شدت کے باعث اعصاب اور عضلات میں رابطہ منقطع ہوجاتا ہے اور تشنج و کزاز ہونے لگتا ہے شدت درد سے کبھی پیٹ کا پردہ مراق پھٹ جاتا ہے اور عورت ہلاک ہوجاتی ہے عسر ولادت میں اگر عورت کو چھینکیں آئیں تو یہ اچھی علامت ہے اگر بچہ خارج ہونے سے پہلے خون اور رطوبات زیادہ خارج ہوچکی ہوں تو بچہ کی پیدائش مشکل سے ہوتی ہے اگر خون آنے میں دیر ہوجائے تو بچہ کی پیدائش میں آسانی کی امید کی جاسکتی ہے۔

www.pdfbooksfree.pk

علامات:

عورت کو بار بار درد اٹھتا ہے مگر بچہ باہر نہیں آتا عورت زور لگاتی ہے اور درد سے تڑپتی ہے لیکن کوئی فائدہ نہیں ہوتا آخر عورت تھک جاتی ہے اور درد کا اٹھنا کچھ وقت کے لئے موقوف ہو جاتا ہے پھر رہ رہ کر کمر کا درد اٹھتا ہے۔

حفظ ما تقدم:

اگر نویں ماہ کے شروع ہوتے ہی حاملہ کو ہر روز نہار منہ روغن بادام شیریں ایک تولہ دودھ نیم گرم میں پلائیں تو نہایت مفید ہے تیز ترش غلیظ اور قابض دواؤں سے پرہیز واجب ہے اگر سادہ اور مرغن غذائیں کھلائیں تو بچہ بلا تکلیف پیدا ہوگا۔

علاج:

درج ذیل میں سے منتخب فرما کر علاج کیجئے۔

## 693- اکسیر عسر ولادت

**عنایت:** جناب حکیم لعل لال صاحب نوشہرہ کلاں پشاور۔

**ھوالشافی:** زعفران کشمیری ایک تولہ جند بید ستر ایک تولہ۔

**ترکیب تیاری:** دونوں ادویات کو نہایت باریک پیس لیجئے اور محفوظ رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** چار رتی ہمراہ شیر گاؤ دیجئے۔

**فائدہ:** فوراً بچہ پیدا ہو جائے گا۔

**نوٹ:** طاقت کے لئے مزید بعد میں کوئی دوا دیجئے۔

## 694- تحفہ

**عنایت:** جناب وید راج پنڈت جنا شنکر جی صاحب احمد آباد کاٹھیاوار (ہند)۔

**ھوالشافی:** کلوروفارم مناسب مقدار۔

**ترکیب تیاری:** دوا کو شیشی میں نہایت احتیاط سے رکھیں۔

**ترکیب استعمال:** چند قطرے کپڑے پر ڈال کر سونگھیں۔

**فائدہ:** فوراً بچہ پیدا ہو جائے گا انشاء اللہ عزوجل۔

## 695- اکسیر درد رحم

**عنایت:** جناب حکیم غلام یسین صاحب لورالائی بلوچستان۔



**ھوالشافی:** پوست خشخاش تین ماشہ شہد خالص دو تولہ عرق بادیان دس تولہ۔

**ترکیب تیاری:** دونوں کو ایک پاؤ پانی میں جوش دیجئے جب آدھا حصہ رہ جائے چھان کر رکھ لیجئے۔

**ترکیب استعمال:** عرق بادیان اس میں ملا کر اس کو مریضہ کو دو مرتبہ پلا دیجئے۔

**فائدہ:** انشاء اللہ عزوجل ایسا درد جو بعد ولادت ہوتا ہے ختم ہو جائے گا متعدد مرتبہ کا آزمودہ ہے۔

## 696- اکسیر مضیق

**عنایت:** جناب حکیم روچل داس صاحب شکارپور باب الاسلام سندھ۔

**ھوالشافی:** قرنفل تین ماشہ زرورد خالص ایک تولہ سنبل الطیب تین تولہ سعد کوفی تین ماشہ مازو سبز تین ماشہ پھٹکڑی سفید ایک ماشہ۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو نہایت باریک کرکے محفوظ رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** تین ماشہ کی مقدار روزانہ رحم میں رکھیں۔

**فائدہ:** رحم تنگ ہوگا مثل بکر نہایت مفید الاثر دوا ہے۔ ڈیڑھ ہفتہ کافی ہے۔

# سیلان الرحم

تعریف مرض:

اس بیماری میں اندام نہانی سے سفید یا پیلے رنگ کی رطوبت آتی ہے جسے لیکوریا کے نام سے موسوم کرتے ہیں۔

اسباب:

کم عمری میں حمل قرار پانا، عام جسمانی کمزوری، خون کی کمی، ورم رحم، کثرت مباشرت، سوزاک و آتشک، بندش ایام، خوف کا غلبہ، غم و فکر کی کثرت، اعصاب یا غدود کا سوزش ناک ہونا، رحم کا ٹلنا، نقرس وغیرہ وغیرہ اسباب ہیں۔

علامات:

اسباب کے مطابق علامات پیدا ہوں گی مگر اکثر رحم سے پتلی رطوبات خارج ہوتی رہتی ہیں جس سے عورت ناپاک رہتی ہے بعض اوقات سخت بدبو آتی ہے کمر میں درد پیڑو میں بوجھ اور درد کی تکلیف محسوس ہوتی ہے ماہواری میں پریشانی کسی بھی کام میں دل نہیں لگتا پیشاب کی

www.pdfbooksfree.pk

بار بار حاجت ہوتی ہے وغیرہ۔

## اقسام:

عضوی لحاظ سے اس کی پانچ اقسام ہیں:

1- فرجی لیکوریا: مقام فرج سے رطوبت کا اخراج ہونا۔

2- مہبلی لیکوریا: مہبلی مقام (اندام نہانی کے اندرونی حصہ) سے رطوبت کا اخراج ہونا۔

3- عنقی لیکوریا: گردن رحم سے رطوبت کا اخراج ہونا۔

4- رحمی لیکوریا: رحم کے اندر سے رطوبت کا اخراج ہونا۔

5- بیضی لیکوریا: بیضہ سے رطوبت کا اخراج ہونا۔

ان پانچ مقامات میں سے کسی مقام پر تیزی کے باعث لیکوریا کی رطوبات اخراج پاتی ہیں۔

## بنیادی اقسام:

لیکوریا کی بنیادی اقسام دو ہی ہیں:

(1) صفراوی لیکوریا

(2) بلغمی لیکوریا

## صفراوی لیکوریا:

بعض اوقات اندرونی یا بیرونی اسباب کے باعث رحم کے غدود یا غشائی بھی متاثر ہوجاتی ہے جس کے باعث پتلی زردی مائل رطوبت اخراج پاتی ہے جو نکلتے وقت پتلی جب کر کچھ دیر بعد پیپ کی طرح گاڑھی اور بدبودار ہوجاتی ہے اس کی وجہ سے مقام رحم پر ہلکی سی خارش اور جلن ہوتی ہے منہ کا ذائقہ کڑوا ہوتا ہے بے چینی ہوتی ہے گھبراہٹ محسوس ہوتی ہے رحم میں دغدغہ ہوتا ہے وغیرہ۔

## بلغمی لیکوریا:

بعض اوقات کسی اندرونی یا بیرونی اسباب کے باعث رحم کے اعصاب سوزش ناک ہوکر رطوبات کا اخراج شروع ہوجاتا ہے کیونکہ بلغم میں بعض اوقات صفرا مل کر یا بعض اوقات سودا مل کر فساد پیدا کرتا ہے جس کے باعث اعصاب رحم سوزش ناک ہوکر لیکوریا کی شکایت ہوجاتی ہے اس لیکوریا میں رطوبات بے رنگ، بے بو ہوتی ہیں البتہ کیفیت کھاری ہوتی ہے بعض اوقات اس میں بھی ہلکی سی بدبو پیدا ہوجاتی ہے مگر اس وقت جب ان رطوبات کو صاف نہ کیا جائے۔

www.pdfbooksfree.pk



**نوٹ:** تشخیص میں صفراوی اور بلغمی ذہنی علامات صبح وشام کی علامات جسمانی علامات، قارورہ کا امتحان نبض کے ذریعے تشخیص مکمل طور پر اعتماد سے تشخیص کرکے علاج شروع فرمائیے۔

**علاج:** درج ذیل مجربات میں سے منتخب فرما کر علاج کیجیے۔

## 697- سپاری پاک

**عنایت:** جناب حکیم وحید احمد عباسی چکوال۔

**ہوالشافی:** چکنی سپاری ایک پاؤ، شیر گاؤ دو کلو، گھی دیسی آدھ کلو، گوند کیکر ایک تولہ، کہربا شمعی ایک تولہ، مائیں ایک تولہ، سمندر سوکھ ایک تولہ، لودھ پٹھانی ایک تولہ، اسگند ناگوری ڈیڑھ تولہ، ست گلو ڈیڑھ تولہ، گوکھرو کلاں تین تولہ، طباشیر ایک تولہ، زیرہ سفید ایک تولہ، آملہ ایک تولہ، موصلی سفید چار تولہ، دیسی چینی برابر وزن۔

**ترکیب تیاری:** پہلے چکنی سپاری کو شیر گاؤ میں باریک کرکے ڈال کر خوب پکائیے کہ کھویا بن جائے بعد میں اس کھویا کو دیسی گھی میں بریاں کیجیے پھر تمام ادویات دیگر کو خوب باریک کرلیجیے اور چینی کا قوام بنا کر تمام ادویات کو آہستہ آہستہ ملا کر معجون تیار فرما کر نہایت حفاظت سے رکھیے۔

**ترکیب استعمال:** چھ ماشہ سے ایک تولہ ہمراہ شیر گاؤ روزانہ صبح وشام دیجیے۔

**فائدہ:** نئی زمانہ اس نسخہ کی بڑی دھوم ہے عورتوں کے امراض رحم میں خصوصاً سیلان الرحم میں بہت ہی مفید الاثر ہے حتیٰ کہ رحم میں طاقت پیدا کرکے استقرار حمل ہوجاتا ہے۔

## 698- اکسیر لیکوریا

**عنایت:** جناب حکیم محمد شمس الحق دہلوی دہلی (ہند)۔

**ہوالشافی:** چکنی سپاری چار تولہ، لاکھ پیپل نمبر ایک چار تولہ، طباشیر دو تولہ، گیلک ایسڈ ایک تولہ، کشتہ مرجان ایک تولہ، کشتہ بیضہ مرغ ایک تولہ۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو نہایت باریک پیس کر کشتہ جات ملا کر سنبھال کر رکھیے۔

**ترکیب استعمال:** دو ماشہ صبح وشام ہمراہ شیر گاؤ نیم گرم دیجیے۔

**فائدہ:** سیلان الرحم کا تریاق ہے جریان منی میں مجرب ہے ایسی عورتیں جن کے چہرے زرد اور مردنی چھائی ہوتی ہو زندگی نہایت بے لطف ہو تو ان کے لئے معجزہ ہے استعمال کیجیے اور دعائے

مدینہ دیجئے۔

## 699- دوائے احسن

**عنایت:** جناب حکیم محمد مشتاق قادری صاحب جہانیاں ملتان۔

**ھوالشافی:** سہاگہ بریاں' مازو سوختہ ہرایک پانچ تولہ' مصطگی رومی دس تولہ' برادہ ازراقی مدبر پانچ تولہ' مروارید ناسفتہ ایک تولہ' عنبراشہب ایک تولہ۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو خوب کھرل کیجئے پھر عرق گلاب ملا کر کھرل کیجئے اور حبوب نخودی بنا کر سنبھال کر رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** ایک گولی صبح وشام ہمراہ شیر بز دیجئے۔

**فائدہ:** سیلان الرحم میں اکسیر اعظم ہے تیر بے خطا ہے اسکا تیار رہنا ہر مطب کے لئے ضروری ہے بھوک کی کمی' سیلان الرحم جسمانی کمزوری' اعصابی کمزوری' جماع سے نفرت وغیرہ میں لاجواب ہے یہ دوا شباب آور ہے۔

## طغرے

- ✿ کشتہ بیضہ مرغ ایک ماشہ صبح' دوپہر' شام ملائی میں رکھ کر دینے سے مرض دور ہو جاتا ہے۔
- ✿ ملٹھی' آملہ برابر وزن دو ماشہ دن میں دو مرتبہ دینے سے ایک ہفتے میں فائدہ ہو جاتا ہے۔
- ✿ قلمی شورہ' جوکھار' ریوند خطائی برابر وزن میں مفید الاثر ہے مقدار خوراک دو دو ماشہ صبح و شام۔

## 700- تریاق لیکوریا

**عنایت:** جناب حکیم محمد شمس الحق خان صاحب امرتسر (ہند)۔

**ھوالشافی:** اقاقیا' مازو' مائیں' ست انار' تخم حماض' برگ گندنا' کشتہ مرجان' کشتہ صدف' کشتہ عقیق' گل دھاوا' موچرس' کمرکس' موصلی سفید' لاجونتی' تالمکھانہ' تج' لودھ پٹھانی برابر وزن۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو مثل غبار پوڈر بنا لیجئے اور سنبھال کر رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** تین ماشہ صبح' تین ماشہ شام ہمراہ شربت بزوری یا صندل سے دیجئے۔

**فائدہ:** رقت' سرعت' جریان' احتلام' لیکوریا خصوصاً مستورات کے جملہ امراض میں نہایت مفید الاثر دوا ہے۔



## 701- سفوف لیکو آف

**عنایت:** جناب حکیم سید پیر سجاع الملک شاہ صاحب ضلع فیصل آباد۔

**ھوالشافی:** مغز تمر ہندی' کونپل ڈھاک' کونپل کیکر' صندل سفید' مصطگی رومی' گل سرخ ہرایک ایک تولہ' نبات سفید چار تولہ۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادیات کو نہایت باریک کر لیجئے اور محفوظ رکھیں۔

**ترکیب استعمال:** سات ماشہ صبح' سات ماشہ شام ہمراہ شیر گاؤ دیجئے۔

**فائدہ:** سیلان الرحم میں نہایت ہی آزمودہ و مجرب ہے۔

## 702- حب سین

**عنایت:** شفاالہند جناب حکیم جسونت سنگھ صاحب گوجر خان۔

**ھوالشافی:** کشتہ مرجان' راج خام ہرایک ایک تولہ' شیر برگد پانچ تولہ۔

**ترکیب تیاری:** دونوں دواؤں کو شیر برگد میں کھرل کیجئے اور حبوب نخودی بنا لیجئے اور ورق چاندی چڑھا دیجئے اور محفوظ رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** روزانہ ایک گولی صبح وشام ہمراہ شیر گاؤ یا شیر بز دیجئے۔

**فائدہ:** مغلظ منی' جریان' سیلان الرحم' سوزاک' حرقت البول احتلام' ذیابیطس وغیرہ میں مفید الاثر مجرب متعدد مرتبہ ہے بنائیے اور فوائد حاصل کیجئے۔

## 703- کشتہ قلعی سیمابی

**عنایت:** جناب حکیم رام چندر صاحب کوٹ نجیب اللہ ہزارہ۔

**ھوالشافی:** قلعی' سیمابی برابر وزن آب کٹائی' کلاں سبز بقدر ضرورت' بینگن ایک عدد۔

**ترکیب تیاری:** پہلے قلعی اور سیماب کو چھل بند کر کے ایک روز کامل آب کٹائی کلاں میں کھرل کیجئے پھر حبوب نخودی بنا کر بینگن میں بھر دیجئے اور گل حکمت کر کے بیس کلو اوپلوں کی کامل ہوا سے بچا کر آگ دیجئے سرد ہونے پر دوا نکال کر سنبھال کر رکھیں۔

**ترکیب استعمال:** ایک رتی صبح ایک تولہ مکھن میں لپیٹ کر دیجئے۔

**فائدہ:** رحم کے جملہ امراض کے لئے بے خطا نسخہ ہے لیکوریا اور سوزاک میں مستعمل ہے۔

## 704- اکسیر سیلان الرحم

**عنایت:** جناب حکیم محمد جہانگیر صاحب شیخوپورہ لاہور۔

**ھوالشافی:** گل پستہ' گل سپاری' مولسری' خام' پگھاں بید' مصطگی رومی' دانہ الائچی خورد'

www.pdfbooksfree.pk

کہربا شمعی ہر ایک دو تولہ، ثعلب مصری سات تولہ۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو نہایت باریک پوڈر بنالیجئے اور محفوظ رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** ایک تولہ صبح کھانے کے ہمراہ شیر گاؤ دیجئے۔

**فائدہ:** سات دن کے استعمال سے پرانے سے پرانا لیکوریا ہمیشہ کے لئے چلا جاتا ہے نہایت مجرب عجیب الاثر دوا ہے۔

## 705- تحفہ نایاب

**عنایت:** جناب حکیم رحمت علی محلہ انصار پانی پت کرنال (ہند)۔

**ھوالشافی:** رال سفید، مازو، سبوس اسپغول ہر ایک ایک تولہ، شاہدانہ جفت بلوط چھ ماشہ، مصری چار تولہ۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو نہایت باریک کرلیجئے اور محفوظ رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** چھ ماشہ صبح و شام ہمراہ شیر گاؤ دیجئے۔

**فائدہ:** برائے احتلام تجربہ شدہ سیلان الرحم کے لئے نہایت جید الاثر ہے۔ پندرہ یوم استعمال کریں۔

## 706- اکسیر سیلانی

**عنایت:** جناب حکیم خورشید احمد صاحب میاں ونڈ ضلع امرتسر (ہند)۔

**ھوالشافی:** گل دھاوا، موچرس، گل فوفل، تمر ہندی برابر وزن۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو باریک کرلیجئے اور سنبھال کر رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** چھ ماشہ صبح و شام ہمراہ آب تازہ یا شیر گاؤ دیجئے۔

**فائدہ:** سیلان الرحم میں نہایت اہمیت کی حامل دوا ہے۔

## 707- اکسیر لیکوریا

**عنایت:** جناب حکیم سید محمد ابراہیم صاحب انڈین روڈ گیا (ہند)۔

**ھوالشافی:** مازو سبز عمدہ بے سوراخ سات عدد، اڑد مسلم پاؤ، پانی ایک کلو۔

**ترکیب تیاری:** ایک کڑاہی میں اڑد کے درمیان مازو رکھ کر پانی ڈال کر ہلکی آنچ پر پکایئے جب پانی خشک ہوجائے مازو احتیاط سے نکال کر خشک کرکے پوڈر سنبھال کر رکھیے جب کہ اڑد مسلم زمین میں دفن کردیجئے۔

**ترکیب استعمال:** ایک رتی ہمراہ بالائی یا مکھن دیجئے۔

**فائدہ:** بارہا کا مجرب ہے مایوس حالتوں میں استعمال کروا کر خدمت خلق کیجئے۔ جریان مردانہ

www.pdfbooksfree.pk



ہو یا زنانہ نہایت مجرب ہے۔

## 708- دوائے سیلان الرحم

**عنایت:** جناب حکیم صغیر حسین صاحب اجمیر شریف (ہند)

**ھوالشافی:** کشتہ بیضہ مرغ، گل دھاوا، مائیں ایک ایک تولہ، سنگجراحت گوند ڈھاک موچرس ہر ایک دو تولہ، گل ارمنی ایک تولہ، کوزہ مصری پانچ تولہ۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو نہایت باریک کرلیجئے اور سنبھال کر رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** سات ماشہ صبح و شام ہمراہ شیر بکری دیجئے۔

**فائدہ:** جریان الرحم کے لئے نہایت مفید الاثر دوا ہے۔

# اختناق الرحم/ ہسٹریا/ باؤ گولا

# (Hysteria)

**اختناق الرحم:**

اختناق سے مراد گلا گھٹنا ہے چونکہ اس مرض کا تعلق رحم سے ہوتا ہے یہی وجہ ہے کہ اطباء قدیم و جدید اسے اختناق الرحم کہتے ہیں۔

**ہسٹریا:**

ہسٹریا ایک یونانی لغت سے ہے اس سے مراد "رحم" ہے کیونکہ اطباء یونانی بھی اسے رحم کی خرابی وغیرہ سمجھتے اور تسلیم کرتے تھے اسی نسبت سے ڈاکٹری میں اب بھی اس کا نام ہسٹریا ہے۔

**اسباب:**

عموماً اس بیماری میں نازک مزاج نازک اندام شہری عورتیں یا لڑکیاں مبتلا ہوتی ہیں خصوصاً ایسی لڑکیاں جن کو کھانے پینے کام کاج پڑھائی وغیرہ سے بالکل بے فکری ہو اور جوانی بھرپور ہو تو ان شباب کے ایام میں کوئی غیر معمولی صدمہ یا واقعہ ہوجائے تو مزاج بگڑ کر مرض پیدا کردیتا ہے۔

عشق محبت کی داستانیں، غم و غصہ، دہشت، ناک جنز، ناول افسانہ، فلم وغیرہ جو برداشت نہ ہوسکیں جنسی خواہشات کی تشنگی، ایام کی خرابی، عیش پرستی، مایوسی، نفسیاتی جذبات شدت،

دماغی و جسمانی محنت، عورتوں کا زیادہ عمر کنوارہ رہنا، دائمی قبض، نفخ شکم، مشت زنی، منتظر
سنتا یا کرنا، جنسی اشتعال دلانے والی فلمیں دیکھنا وغیرہ وغیرہ اسباب نوجوان بچیوں کو ہسٹریا جیسے
خوفناک مرض میں مبتلا کردیتے ہیں۔

**علامات:**

مرض کی شدت اور خفت کے لحاظ سے علامات کا اظہار ہوتا ہے عموماً مریضہ محسوس کرتی ہے کہ پیڑو سے ایک گولہ اوپر چڑھ رہا ہے اور حلق میں جاکر اٹک جاتا ہے جس سے دم گھٹنے اور بے ہوشی آجاتی ہے معمولی مرض میں غشی برائے نام ہوتی ہے اور مریضہ جلد ہوش میں آجاتی ہے مگر تھکن، دردسر اور مایوسی کا شکار نظر آتی ہے مرض کی شدت میں مریضہ زور زور سے ہنستی یا روتی ہے اور پھر بے ہوش ہوجاتی ہے۔ چہرہ سرخ، سانس تیز، ہاتھ پاؤں سرد اور تشنج ہوتا ہے بعض اوقات مریضہ اپنے سر کے بال نوچتی ہے بدن کے کپڑے پھاڑتی ہے اور دیوار سے سر ٹکراتی ہے اور اردگرد کے آدمیوں کو کاٹتی ہے مارتی ہے بار بار گلے کی جانب انگلی کا اشارہ کرتی ہے جب مرض کا زور کم ہوتا ہے تو مریضہ ہانپنے لگتی ہے کچھ دیر بعد علامات کم ہوجاتی ہیں اور مریضہ آرام سے لیٹ جاتی ہے یا تو مریضہ سوجاتی ہے یا پھر خاموش ہوجاتی ہے یہ دورہ چند منٹ سے چوبیس گھنٹے تک کا ہوتا ہے۔

**علاج:**

درج ذیل مجربات میں سے منتخب فرما کر علاج کیجئے۔

## 709- اکسیر ہسٹریا

**عنایت:** جناب حکیم عبدالرحمٰن صاحب بستی شیخ جالندھر (ہند)

**ھوالشافی:** صندل سفید، جدوار، سونف ہر ایک ایک تولہ، افیون چھ ماشہ، ابریشم مقرض ایک تولہ، تخم کاہو دو تولہ، بادرنجبویہ دو تولہ، پوٹاشیم برومائیڈ ڈیڑھ تولہ، ایمونیم برومائیڈ ڈیڑھ تولہ، سوڈیم برومائیڈ ڈیڑھ تولہ۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو نہایت باریک کرلیجئے اور سنبھال کر رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** دو سے تین ماشہ ہمراہ آب تازہ دیجئے یہ مقدار خوراک دن میں دو مرتبہ دھرائیں۔

**فائدہ:** جنون، مالیخولیا، اوجاع عصبی کے لئے تریاق کامل ہے جب جنون کے لئے کوئی دوا کارگر نہ ہو تو یہ اکسیر اعظم ہے۔ اختناق الرحم، صرع، مراق کے لئے کامل تحفہ ہے۔



## 710- دوائے ہسٹریا

**عنایت:** جناب حکیم سید مقبول شاہ بخاری صاحب راجپوتانہ (ہند)

**ھوالشافی:** ہینگ تین تولہ، نمک سنگ ایک تولہ، نمک دریا ایک تولہ، زنجبیل ایک تولہ، فلفل دراز ایک تولہ، نمک سونچل ایک تولہ، آب لیموں آدھ کلو۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو نہایت باریک کرکے آب لیموں میں کھرل کیجئے اور محفوظ رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** تین ماشہ صبح تین ماشہ شام ہمراہ آب تازہ لیجئے۔

**فائدہ:** اختناق الرحم میں چوٹی کی کمال دوا ہے۔

### طغرے

* ہیرا ہینگ ایک ماشہ کھلانا اور سنگھانا نہایت مفید ہے۔
* عطر گلاب کا شافہ تریاق کا حکم رکھتا ہے۔
* دورہ کی حالت میں امونیا سنگھانا مفید ہے (یعنی جلد ہوش لاتا ہے)۔

## 711- اکسیر اختناق

**عنایت:** جناب حکیم میاں سراج الدین صاحب جھنگ۔

**ھوالشافی:** زعفران، بسباسہ تین تین ماشہ، فلفل دراز، جوزبوا ہر ایک چھ چھ ماشہ، ادرک ایک تولہ، اسگند ناگوری ایک تولہ، برگ پان پانچ عدد۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو نہایت باریک کرلیجئے اور حبوب بقدر دانہ ماش بنالیجئے اور محفوظ رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** ایک گولی سادہ پانی سے روزانہ دیجئے۔

**فائدہ:** اختناق الرحم میں نہایت مفید الاثر ہے۔

## 712- حب ہسٹریا

**عنایت:** جناب حکیم محمد یوسف صاحب خان محمد والا بھیرہ۔

**ھوالشافی:** صبر مغسول دو تولہ، مرکی مصفی دو تولہ، زعفران، ہیرا کسیس چھ چھ ماشہ۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو باریک کرکے رتی رتی کی گولیاں بنائیے۔

**ترکیب استعمال:** دو گولیاں صبح وشام ہمراہ مناسب بدرقہ دیجئے۔

**فائدہ:** عسر طمث، اختناق الرحم کے لئے مجرب ہے۔

www.pdfbooksfree.pk

## 713- دوائے جید

**عنایت:** حکیمہ طیبہ جناب گوہر بیگم صاحبہ ویلورا حاطہ مدراس۔

**ھوالشافی:** ایتھر سلف تین ڈرام' ایتھر کلورل دو ڈرام' ٹنکچر ایسا فائیڈ ایک ڈرام' ٹنکچر ویلیریانہ امونی سائی تین ڈرام' برومائیڈ تین ڈرام' ٹنکچر کیمفر ڈیڑھ ڈرام' ایکوا کلورافارم نو ڈرام۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو ملا کر اس کی چھ خوراکیں بنا کر محفوظ رکھیے۔

**ترکیب استعمال:** دورے کے وقت ہر تین گھنٹہ کے بعد ایک خوراک پلائیں۔

**فائدہ:** اختناق الرحم میں مفید الاثر ہے۔

## 714- تریاق اختناق الرحم

**عنایت:** جناب حکیم منشی محمد یوسف صاحب ڈھولن وال لاہور۔

**ھوالشافی:** ہینگ سہاگہ' زنجبیل نمک سونچر برابر وزن' سہانجنہ کی جڑ کا پانی بقدر ضرورت۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو نہایت باریک پیس کر جنگلی بیر برابر حبوب تیار کر لیجیے۔

**ترکیب استعمال:** دو گولی ہمراہ آب تازہ دن میں دو مرتبہ دیجیے۔

**فائدہ:** امراض شکم کا واحد تیر بہدف علاج ہے ہر قسم کے درد شکم' باؤ گولہ' قراقر' درد معدہ ریحی درد میں نہایت مفید الاثر ہے۔

# احتباس حیض

| اُردو نام | طبی نام | ڈاکٹری نام |
|---|---|---|
| ایام کی تنگی | عسر طمث | حیض کی بندش Dysmenorrhoea |

### تعریف مرض:

زمانہ حیض کے دوران شدید درد اور حیض برائے نام تنگی کے ساتھ تھوڑا تھوڑا آتا ہے۔

### اسباب:

رحم کی غشا مخاطی میں شدید سوزش اور ورم ہو جاتا ہے رحم میں خراش' رحم کا ٹلنا وغیرہ' کمی خون' کسی پرانی بیماری مثلاً ٹی بی' خنازیر' امراض گردہ' پیدائشی کمزوری' جریان خون' بواسیر خونی' تلی کا بڑھ جانا' شدید سردی' جسم کا موٹا ہونا' خصیۃ الرحم کی سوزش ایام کے دنوں میں سردی لگنا وغیرہ۔

www.pdfbooksfree.pk



### علامات:

حیض آنے سے چند یوم پہلے پیڑو میں بوجھ اور کمر میں درد یا شدید کھچاؤ محسوس ہوتا ہے کبھی متلی بھی ہوتی ہے سوزش رحم کے باعث ٹمپریچر بھی ہو جاتا ہے نیز درد سر کی شکایت رہتی ہے پہلے دن خون حیض نہایت کم مقدار میں جب کہ دوسرے دن درد میں اضافہ ہو جاتا ہے اور رحم میں وقفے وقفے سے شدید درد ہوتا ہے اور ساتھ معمولی خون بھی آتا ہے۔

بچہ دانی کی سوزش' کمزوری جگر بواسیر وغیرہ اگر امراض ہوں تو خود ان امراض کا وجود اس کی دلالت کرے گا کمی خون کی حالت میں مریضہ کے جسم کا رنگ پھیکا ہوتا ہے عام کمزوری اور سستی لاحق ہوتی ہے نظام انہضام متاثر ہو جاتا ہے چہرہ بے رونق اور چہرے پر بعض اوقات چھائیاں پیدا ہو جاتی ہیں۔ اگر رحم کا ٹلنا اسباب میں سے ہو تو رحم میں شدید درد ہوتا ہے۔

اس مرض سے لاپرواہی کے نتیجے میں متعدد امراض کے پیدا ہونے کا اندیشہ ہوتا ہے مثلاً بانجھ پن' مرگی' ہسٹریا' مالیخولیا' فالج' تپ محرقہ' فساد خون' غشی' دمہ' بچہ دانی کی سوزش وغیرہ فوراً اپنے طبیب سے رابطہ کر لیجیے تا کہ بروقت علاج سے صحت نصیب ہو جائے۔

### علاج:

درج ذیل مجربات میں سے تجویز فرما کر علاج کیجیے۔

## 715- اکسیر مدر حیض

**عنایت:** جناب حکیم و ڈاکٹر محمد شیر ساکن پنڈی راجپوتاں ضلع لاہور۔

**ھوالشافی:** کشتہ فولاد' ہیرا ہینگ' زعفران ہر ایک تین ماشہ' صبر سقوطری مصفیٰ' مرکی ہر ایک ایک تولہ' فرائی سلف تین ماشہ۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو نہایت باریک پیس کر شہد کی مدد سے حبوب نخودی تیار کر لیجیے اور محفوظ رکھیے۔

**ترکیب استعمال:** بوقت ضرورت ایک گولی ہمراہ شیر گاؤ نیم گرم دیجیے۔

**فائدہ:** درد حیض' حیض کی کمی' بندش اور متعلقہ عوارض مثلاً سیلان الرحم' درد رحم' درد کمر' درد سر' نفخ شکم' ضعف جگر' اعضاء شکنی' وغیرہ چند دنوں میں انشاء اللہ عزوجل سب علامات و شکایات دور ہو جاتی ہیں۔ ایام ماہواری صحیح اور کھل کر آنے شروع ہو جاتے ہیں چہرہ بارونق اور سرخ کمی خون دور ہو جاتا ہے نہایت مفید الاثر دوا کامیاب ہے۔

## 716- مدرین

**عنایت:** جناب حکیم پیر سید محمد اسلم گیلانی صاحب پتوکی ضلع لاہور۔

**ہوالشافی:** عنبر زرد، ہیرا کسیس، زعفران، مرکی برابر وزن۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو نہایت باریک کر کے شہد کی مدد سے حبوب نخودی تیار کر لیجئے اور سنبھال کر رکھیے۔

**ترکیب استعمال:** ایک گولی روزانہ صبح وشام ہمراہ عرق بادیان سے دیجئے۔

**فائدہ:** اعلیٰ درجہ کی مدر حیض دوا ہے بندش حیض اور اس کے متعلقہ تکالیف کو دور کرنے کے لئے لاثانی اور زود الاثر دوا ہے ورم طحال اور ضعف جگر کی خون میں بھی لاثانی دوا ہے۔

## 717- شربت مدر حیض

**عنایت:** جناب حکیم محمد اشرف جلالی صاحب فیروز پور (ہند)

**ہوالشافی:** تخم مولی، تخم سویا، تخم کاسنی، بیخ کاسنی، سونف، بیخ سونف، تخم کرفس، تخم خربوزہ، تخم پالک، حب القلت، ہرایک دو تولہ، پانی تین کلو، چینی تین پاؤ۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو پانی میں ڈال کر خوب ابالیں اور بطریقہ معروف شربت تیار فرمالیجئے۔

**ترکیب استعمال:** دو تولہ شربت میں ایک ماشہ قلمی شورہ ملا کر دن میں دو وقت استعمال کریں۔

**فائدہ:** حیض کی بندش کے عوارض میں نہایت مفید الاثر ہے۔

## 718- جوشاندہ حیض کشا

**عنایت:** جناب حکیم محمد سردار صاحب راولپنڈی۔

**ہوالشافی:** تخم قرطم، گل سرخ، چھلکا پھلی املتاس، انجیر ولائتی، سوئے، پرسیاؤشاں، ڈوڈا کپاس، چھلکا بیخ کپاس ہرایک ایک تولہ، قند کہنہ تین تولہ، پانی ایک کلو۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات سے بطریقہ معروف جوشاندہ تیار کر کے محفوظ رکھیں۔

**ترکیب استعمال:** آدھا کپ دن میں تین مرتبہ دیجئے۔

**فائدہ:** درد حیض میں نہایت لاجواب ہے۔

## طغرے

* مشک بالا دن میں تین دفعہ ایک ایک رتی دودھ میں قند سیاہ کہنہ ملا کر پلا دیجئے نہایت مفید ہے۔
* چھوہارے تین عدد، قند سیاہ کہنہ ڈھائی تولہ دودھ میں جوش دے کر پینا مفید الاثر ہے۔



## 719- اکسیر عسر طمث

**عنایت:** جناب حکیم ہرہنس لال صاحب بلاک 11 سرگودھا۔

**ہوالشافی:** دارچینی چار تولہ، ایلوہ ایک تولہ، ہیرا کسیس ولائتی ایک تولہ، شہد بقدر ضرورت۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو نہایت باریک کر کے شہد کی مدد سے حبوب دو دو رتی تیار کر لیجئے اور حفاظت سے رکھیے۔

**ترکیب استعمال:** دو دو گولیاں صبح وشام ہمراہ چائے دیجئے۔

**فائدہ:** بندش حیض میں اکسیر ہے باقاعدہ استعمال کرنے سے قبض دور ہوجاتی ہے باؤ گولہ اور بے قاعدہ حیض دور ہوجاتی ہے۔

## 720- سفوف مدرین

**عنایت:** جناب حکیم عنایت اللہ نقشبندی صاحب جھبیوال امرتسر (ہند)۔

**ہوالشافی:** سنگ یہود، جوکھار، قلمی شورہ چھ چھ ماشہ، گیرو تین ماشہ۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو نہایت باریک کر لیجئے اور سنبھال کر رکھیے۔

**ترکیب استعمال:** تین تین ماشہ دن میں دو مرتبہ دیجئے۔

**فائدہ:** احتباس الطمث میں نہایت کامل بھروسہ کا نسخہ ہے۔

## 721- حب مدرون

**عنایت:** جناب حکیم عبدالمجید صاحب امین پور بازار فیصل آباد۔

**ہوالشافی:** ہیرا ہینگ بریاں، ایلوا، ہیرا کسیس، مرکی برابر وزن۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو نہایت باریک کر کے حبوب دانہ نخود تیار فرمالیجئے۔

**ترکیب استعمال:** دو گولیاں گرم پانی سے دن میں دو مرتبہ دیجئے۔

**فائدہ:** بندش حیض بے قاعدگی حیض اور ادرار حیض میں سچائی نسخہ ہے۔

## 722- شربت مدر حیض

**عنایت:** جناب حکیم نذیر الدین صاحب پروفیسر طبیہ کالج دہلی (ہند)۔

**ہوالشافی:** اجوائن ایک تولہ، حلبہ سات تولہ، تخم خیارین چار تولہ، سونف، انیسون، تخم کرفس، تخم سویا، مجیٹھ ہرایک دو تولہ، چینی دو گنا۔

www.pdfbooksfree.pk

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات سے بطریقہ معروف شربت تیار فرما لیجئے۔
**ترکیب استعمال:** تین تولہ صبح و شام ہمراہ عرق بادیان یا گرم پانی سے پلا دیجئے۔
**فائدہ:** حیض کو جاری کرنے کے لئے بہترین شربت ہے۔

## 723- اکسیر حیض

**عنایت:** ابوالانوار حکیم سید مظفرالدین صاحب ریاست ٹانک
**ہوالشافی:** پوست بیخ مدار، تخم ترب، بادیان، برگ سداب، تخم شبت، تخم گزر، پوست بیخ کاسنی، کوخشک، ہرایک چار ماشہ، مویز منقی نو دانہ، پانی ڈیڑھ پاؤ، قند سیاہ کہنہ تین تولہ۔
**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو پانی میں اچھی طرح جوش دیجئے اور قند سیاہ ڈال کر سنبھال لیجئے۔
**ترکیب استعمال:** یہ ایک خوراک ہے روزانہ صبح نہار منہ پلا دیجئے۔
**فائدہ:** پندرہ یوم کے استعمال سے بند سے بند حیض کھل کر آ جاتا ہے۔

## 724- اکسیر النساء

**عنایت:** جناب حکیم بہاری لال صاحب مدینۃ الاولیا ملتان شریف۔
**ہوالشافی:** ریوند خطائی، غاریقون، مصبر مصفی، زعفران، ہیرا ہینگ، مرکی ہرایک برابر وزن۔
**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو باریک کرکے عرق بادیان کی مدد سے حبوب نخودی بنا کر حفاظت سے رکھئے۔
**ترکیب استعمال:** دو گولی صبح و شام ہمراہ عرق سونف دیجئے۔
**فائدہ:** بند حیض کو کھول دیتا ہے کی حیض کو دور کرتا ہے نلوں کے درد، کمر درد تمام جسم کے درد جو بندش حیض کی وجہ سے ہوں کو بے حد مفید اور مجرب المجرب ہے۔

## 725- حب مدر حیض

**عنایت:** جناب حکیم بشیر احمد صاحب نواں شہر دوآبہ جالندھر (ہند)۔
**ہوالشافی:** مصبر چھ ماشہ، زعفران، ریوند خطائی، افسنتین ہرایک تین ماشہ، ہیرا کسیس دو ماشہ۔
**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو نہایت باریک پیس کر پانی کی مدد سے حب نخود بنا لیجئے۔
**ترکیب استعمال:** ایک گولی صبح ایک گولی شام ہمراہ عرق گاؤزبان، عرق کاسنی، عرق سونف چار چار تولہ لیجئے۔
**فائدہ:** ادرار حیض کے لئے سریع الاثر ہے۔

www.pdfbooksfree.pk



## 726- دوائے نعمت

**عنایت:** جناب حکیم کرتار چند صاحب جلال پور جٹاں (ہند)۔
**ہوالشافی:** ہڑتال ورقیہ، شنگرف، جائفل، جلوتری، عقرقرحا، دارچینی، لونگ، قلفل دراز، سونٹھ، گل، تخم حرمل، الائچی کلاں، چاکسو، زعفران ہرایک تین ماشہ، افیون دو ماشہ، مشک خالص ایک ماشہ۔
**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو خوب باریک کرکے آب خالص میں آٹھ گھنٹہ کھرل کرکے جنگلی بیر برابر گولیاں بنا لیجئے اور سنبھال کر رکھئے۔
**ترکیب استعمال:** ایک گولی صبح ایک گولی شام چائے سے دیجئے۔
**فائدہ:** احتباس طمث، بے قاعدگی حیض، پرسوت و عقر وغیرہ کے لئے سینکڑوں مرتبہ کا تجربہ شدہ نسخہ ہے۔
**نوٹ:** ایام حیض کی بے قاعدگی کیلئے ایام حیض سے آٹھ دن پہلے شروع کرا کر چودہ دن تک استعمال کیجئے۔

## 727- اکسیر لاجواب

**عنایت:** جناب حکیم غلام مرتضی صاحب شریف پورا امرتسر (ہند)۔
**ہوالشافی:** مصبر زرد ایک تولہ، زعفران، مرکی، دیسی صابن ہرایک برابر وزن۔
**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو باریک کرکے شہد کی مدد سے گولیاں بنا لیجئے اور محفوظ رکھئے۔
**ترکیب استعمال:** تین نخودی گولیاں صبح و شام ہمراہ آب تازہ دیجئے۔
**فائدہ:** بندش حیض کے لئے نہایت مفید الاثر ہے۔

# کثرت طمث اور استحاضہ

**تعریف مرض:**

اگر ماہواری کے دنوں میں حیض بکثرت آئے تو اسے کثرت طمث اور اگر زیادہ دنوں تک آتا رہے تو اسے استحاضہ کہتے ہیں۔

**اسباب:**

کثرت الدم، رقیق الدم کے باعث رگوں کے منہ کھل جانا، کثرت سودا کے باعث رگوں کا منہ کھلنا، رحم کے عضلات کا ڈھیلا ہونا، کثرت مباشرت، جنرل کمزوری، چوٹ کے باعث کسی رگ کا کٹ جانا، استقاط حمل کی عادت، بچہ دانی میں آنول کا حصہ رہ جانا، بچہ دانی کا کینسر

رسولی پھنسیاں وغیرہ امراض جگر وغیرہ وغیرہ۔

**علامات:**

ایام بکثرت آتے ہیں کبھی کبھی کم مقدار میں بار بار آتے ہیں کبھی ایک ہی مرتبہ زیادہ مقدار میں آتے ہیں جسم لاغر اور کمزور ہو جاتا ہے پیڑو اور کمر میں درد رہتا ہے بھوک نہیں لگتی پاؤں پر ورم آ جاتا ہے کبھی کمزوری سے غشی طاری ہو جاتی ہے۔ کثرت ایام کی حالت میں درد اور گرانی زیادہ ہوتی ہے چہرے اور بدن کی رنگت زرد ہوتی ہے خون کے کثرت اخراج کے باعث کمزوری ہوگی نبض تیز چلتی ہوگی قارورہ کا رنگ زردی مائل سرخ ہوگا اعضاء رئیسہ میں کمزوری لازماً ہوگی۔

**علاج:**

درج ذیل مجربات میں سے منتخب فرما کر علاج فرمائیں۔

## 728- دافع کثرت الدم

**عنایت:** جناب حکیم محمد اصغر صاحب فتح پور جھنگ۔

**ہوالشافی:** دم الاخوین' طباشیر' گل ارمنی' گلنار فارسی' نشاستہ' گوند کیکر' گوند کتیرا' کشتہ بارہ سنگھا' برابر وزن۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو نہایت باریک پیس کر پوڈر بنا کر محفوظ رکھ لیجیے۔

**ترکیب استعمال:** چھ ماشہ ہمراہ شربت انجبار اور شربت انار تین تین تولہ دن میں تین مرتبہ دیجیے۔

**فائدہ:** کثرت حیض میں نہایت مفید ہے۔

## 729- اکسیر کثرت حیض

**عنایت:** حکیم ٹھاکر رام صاحب احمد آباد (ہند)۔

**ہوالشافی:** بال ناریل سوختہ پانچ تولہ' دانہ الائچی خورد پانچ تولہ' کشتہ سنگجراحت پانچ تولہ' شہد سہ چند۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو نہایت باریک پیس کر شہد میں معجون بنا لیجیے اور سنبھال کر رکھیے۔

**ترکیب استعمال:** ایک تولہ صبح ایک تولہ شام ہمراہ شیر بکری پانی ملا ہوا دیجیے۔

**فائدہ:** انشاء اللہ عزوجل تین خوراک سے کثرت حیض بند ہو جائے گا بھروسہ کی چیز ہے قدر کیجیے۔

www.pdfbooksfree.pk



## 730- پڑیائے جادو

**عنایت:** حکیم تیز سنگھ راجپوتانہ (ہند)۔

**ہوالشافی:** سنگجراحت شگفتہ' رال سفید' الائچی خورد' گوند کتیرا' تج' سمندر سوکھ ہر ایک برابر وزن۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو باریک پیس کر سفوف بنا لیجیے اور محفوظ رکھیے۔

**ترکیب استعمال:** چھ ماشہ ہمراہ شربت صندل یا شربت انجبار دن میں تین مرتبہ استعمال کیجیے۔

**فائدہ:** کثرت حیض کے لئے بہترین اثرات کی حامل کامیاب و لاثانی دوا ہے۔

## 731- نورانی پوڈر

**عنایت:** جناب حکیم پیر عبدالخالق مدنی صاحب پٹیالہ (ہند)۔

**ہوالشافی:** سونا گیرو' کہربا شمعی' درخت جامن کا اندرونی چھلکا' برابر وزن۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو نہایت باریک کھرل کر لیجیے اور سنبھال کر رکھیے۔

**ترکیب استعمال:** ایک ماشہ صبح' دوپہر' شام ہمراہ بکری کے دودھ کی لسی سے دیجیے۔

**فائدہ:** کثرت حیض خواہ کتنا ہی شدید اور پرانا کیوں نہ ہو فوراً فائدہ ہوگا۔ انشاء اللہ عزوجل۔

## طغرے

* کہربا شمعی ایک ماشہ کی مقدار دن میں تین دفعہ دھرائیے کثرت حیض میں جادو کی دوا ہے۔
* شب یمانی بریاں بقدر ایک ماشہ صبح' دوپہر' شام لیجیے یہی فوائد کی حامل دوا ہے۔
* تخم گانجا سوختہ بقدر دو رتی دن میں تین مرتبہ دیجیے فوائد میں بے مثال ہے۔
* سنگجراحت شگفتہ اور کرکس برابر وزن لے کر چار ماشہ کی مقدار بکری کے دودھ کی لسی سے لیجیے۔ تریاق کامل کی حامل ہے۔

## 732- اکسیر استحاضہ

**عنایت:** جناب حکیم محمد ظہیر الدین صاحب دھلی (ہند)۔

**ہوالشافی:** تالمکھانہ بریاں دو تولہ' کڑا چھال کہربا' اتیس' گیرو' مازو سبز مائیں کلاں' لودھ پٹھانی' رسونت سنگجراحت' گوند چھناں' کاکڑا سنگی' ہر ایک ایک تولہ' شکر سفید بارہ تولہ۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو نہایت باریک کر لیجیے اور سنبھال کر رکھیے۔

**ترکیب استعمال:** نو ماشہ روزانہ بوقت صبح آب تازہ کے ساتھ دے دیجئے۔

**فائدہ:** سیلان خون کے لئے بہت مفید ہے چند روز کے استعمال سے پرانی سے پرانی شکایت دور ہو جاتی ہے۔

## 733- تریاق کثرت حیض

**عنایت:** جناب حکیم سید فضل حسین شاہ صاحب مزنگ لاہور۔

**ہوالشافی:** تخم ہرل ایک ماشہ، شکر سفید تین ماشہ۔

**ترکیب تیاری:** دونوں کو خوب باریک کر لیجئے اور سنبھال کر رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** یہ ایک خوراک ہے روزانہ صبح، دوپہر، شام ایسی تین خوراک ہمراہ لکی دودھ بکری سے لیجئے۔

**فائدہ:** پہلے دن اگر خون بند نہ ہو تو دوسرے دن ضرور بند ہو گا خواہ کتنے ماہ سے کیوں نہ ہو۔

## 734- اکسیر طمث

**عنایت:** جناب حکیم پنڈت لچھمن داس صاحب سانہ دال لدھیانہ (ہند)۔

**ہوالشافی:** عرق گوگرد (سلفیورک ایسڈ ڈائیلوٹ) دس قطرے، پانی ایک اونس۔

**ترکیب تیاری:** دونوں کو آپس میں ملا کر سنبھال لیجئے۔

**ترکیب استعمال:** اس کی چار خوراک بنا کر دن میں چار مرتبہ استعمال کیجئے۔

**فائدہ:** جاری خون کو فوراً بند کرتا ہے نہایت سریع الاثر سو فیصد کامیاب بے ضرر ہے۔

## 735- دوائے نسواں

**عنایت:** حکیم محمد ریاض الدین قریشی صاحب صدر بازار میانوالی۔

**ہوالشافی:** کتھہ سفید، ماجو، سنگجراحت سپاری، ڈھاک گوند، دم الاخوین ہم وزن۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو باریک کر کے سفوف بنا لیجئے۔

**ترکیب استعمال:** تین ماشہ دن میں تین مرتبہ ہمراہ آب تازہ یا شربت انجبار سے دیجئے۔

**فائدہ:** خون حیض بند کرنے میں اکسیر بے نظیر ہے۔

## 736- حب حیضی

**عنایت:** جناب حکیم مولوی گل محمد صاحب بھکو میانوالی۔

**ہوالشافی:** جوہر گندھک پانچ تولہ، آرد دار ہلد پانچ تولہ، گوند کتیرا، ست نیم، ست گلو، ہر ایک چھ ماشہ، شیر بز بقدر ضرورت۔

www.pdfbooksfree.pk



**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو نہایت باریک پوڈر بنا کر شیر بز کے ساتھ حبوب بقدر کنار ہرائی بنا لیجئے۔

**ترکیب استعمال:** ایک گولی دن میں تین بار دودھ کے ساتھ دیجئے۔

**فائدہ:** چند خوراکوں سے زیادتی حیض ختم ہو جائے گی بیس سالہ تجربہ شدہ نسخہ ہے۔ تیس یوم متواتر کھلا دیجئے۔

## 737- سفوف کرامت

**عنایت:** جناب حکیم ولی محمد خان صاحب اوگرہ ضلع ہزارہ۔

**ہوالشافی:** گوند کتیرا، گوند کیکر، مغز کدو، بیج انجبار ہر ایک تین تین ماشہ، گل انار، دم الاخوین ہر ایک دو دو ماشہ۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو نہایت باریک پیس کر سنبھال کر رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** چھ ماشہ ہمراہ آب تازہ دیجئے۔

**فائدہ:** کثرت طمث کے لئے بہت مفید دوا ہے۔

## 738- اکسیر استحاضہ

**عنایت:** جناب حکیم بشن داس صاحب سری نگر جموں کشمیر۔

**ہوالشافی:** خرما، رسونت، تالمکھانہ، لودھ پٹھانی، برابر وزن، دیسی شکر برابر وزن۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو نہایت باریک کر لیجئے اور سنبھال کر رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** ایک تولہ پوڈر دن میں تین مرتبہ ہمراہ شربت انجبار دیجئے۔

**فائدہ:** جب حیض زیادہ دنوں تک جاری رہے تو اس کے لئے نہایت مفید دوا ہے بنائیے اور استعمال کیجئے۔

## 739- سیلان الدم

**عنایت:** حکیم محمد طفیل صاحب ترہائے شکر گڑھ گورداسپور (ہند)۔

**ہوالشافی:** شب یمانی، سرمہ سیاہ، کتھہ سفید، سنگجراحت ہر ایک چار ماشہ، کہربا شمعی، صدف مرواریدی، اقاقیا ہر ایک ایک تولہ، دم الاخوین، گوند ببول، کتیرا اسفید ہر ایک آٹھ ماشہ۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو نہایت باریک مثل غبار بنا کر سنبھال کر رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** دو ماشہ صبح دوپہر شام ہمراہ آب تازہ دیجئے۔

**فائدہ:** جسم کے اندر یا باہر سے خواہ کہیں سے خون آ رہا ہو مثلاً نکسیر، مثانہ، پاخانہ، کثرت ایام سب کے لئے مفید لاجواب ہے۔

## 740- دوائے طمث

**عنایت:** جناب حکیم مولوی دوست محمد صاحب ہوشیار پور (ہند)۔

**ہوالشافی:** رال زرد بقدر ضرورت۔

**ترکیب تیاری:** نہایت باریک کر کے محفوظ رکھ لیجئے۔

**ترکیب استعمال:** ایک ماشہ صبح ایک ماشہ دوپہر اور ایک ماشہ شام ہمراہ آب تازہ دیجئے۔

**فائدہ:** چند ایام میں کثرت حیض سے جان چھوٹ جائے گی ہزار بار کا مجرب نسخہ ہے بواسیر خونی میں بھی کارآمد ہے۔

## 741- اکسیر طمثی

**عنایت:** جناب حکیم ڈی اے جعدار صاحب ہاجیم گلی بلگام (ہند)۔

**ہوالشافی:** اسگندناگوری آٹھ تولہ، کوزہ مصری سولہ تولہ۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو نہایت باریک کر لیجئے اور سنبھال کر رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** ایک تولہ صبح ایک تولہ شام ہمراہ شیر گاؤ دیجئے۔

**فائدہ:** کثرت طمث میں بھروسہ کی دوا ہے آزمایئے اور دعائے مدینہ دیجئے۔

## 742- حب استحاضہ

**عنایت:** جناب حکیم محمد یاسین صاحب پانڈے حویلی بنارس (ہند)۔

**ہوالشافی:** لک مغسول، کہربا شمعی، گل ارمنی، افیون، دم الاخوین، مروارید، شاخ مرجان، اقاقیا، کندر برابر وزن۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو نہایت باریک پیس لیجئے اور حبوب جنگل بیر برابر بنا کر محفوظ رکھیں۔

**ترکیب استعمال:** ایک سے دو گولی ہمراہ شربت انجبار دن میں تین مرتبہ لیجئے۔

**فائدہ:** نکسیر، استحاضہ خواہ کتنا ہی پرانا کیوں نہ ہو بواسیر خونی وغیرہ میں جید الاثر دوا ہے۔

## 743- کشتہ سنگجراح

**عنایت:** جناب حکیم قادر بخش صاحب ٹرپئی بدھلہ سنت مدینۃ الاولیاء ملتان شریف۔

**ہوالشافی:** سنگجراحت پانچ تولہ، شیر گاؤ چار تولہ۔

**ترکیب تیاری:** سنگجراحت کو شیر گاؤ میں کھرل کیجئے اور خشک ہونے پر بیس کلو اوپلوں کی آگ دیجئے سرد ہونے پر نکال کر سنبھال لیجئے۔

www.pdfbooksfree.pk



**ترکیب استعمال:** دو ماشہ دن میں تین مرتبہ ہمراہ شربت انجبار سے دیجئے۔

**فائدہ:** کثرت حیض میں نہایت ہی کامیاب ہے۔

## 744- سفوف استحاضہ

**عنایت:** جناب حکیم محمد اشرف علی صاحب بازید خیل شاہجہانپور (ہند)۔

**ہوالشافی:** خرماخستہ، تمر ہندی خستہ، تالمکھانہ، لودھ پٹھانی، چینیاں گوند برابر وزن۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو نہایت باریک پیس کر محفوظ رکھیں۔

**ترکیب استعمال:** چھ ماشہ صبح و شام ہمراہ آب تازہ دیجئے۔

**فائدہ:** استحاضہ میں نہایت مفید ہے ہزار ہا مرتبہ کا آزمودہ ہے۔

## 745- اکسیر نفاس ✓

**عنایت:** جناب حکیم سید علی معطر صاحب سیوہاروی بجنور (ہند)۔

**ہوالشافی:** تالمکھانہ، سنگ جراحت، تمر ہندی، آملہ مقشر ہر ایک ایک تولہ، گلنار، گیرو ہر ایک چھ چھ ماشہ۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو نہایت باریک کر لیجئے اور سنبھال کر رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** چھ ماشہ صبح و شام ہمراہ آب تازہ استعمال کیجئے۔

**فائدہ:** حاملہ عورتوں کے جاری شدہ خون کو روکنے میں جید الاثر ہے کثرت نفاس کے لئے بھی نہایت مفید ہے۔

# اٹھرا

## 746- اکسیر اٹھرا

**عنایت:** جناب حکیم نانک چند صاحب تلہ امرتسر (ہند)۔

**ہوالشافی:** مغز کول ڈوڈے، فلفل سیاہ، رسونت مصفیٰ، چاکسو، دھماسہ بوٹی، برہم ڈنڈی، منڈی بوٹی، صندل سرخ، افتیمون ہر ایک ایک تولہ، شاہترہ، گل گاؤزبان، برگ نیم، برگ حنا، پوست ہلیلہ کیرو، بھوگنی بوٹی ہر ایک نو نو ماشہ، مروارید ناسفتہ تین ماشہ، کشتہ مرجان چھ ماشہ، کشتہ سنگ یشب چھ ماشہ، شہد خالص بقدر ضرورت۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو نہایت باریک پیس کر کشتہ جات ملا لیجئے اور شہد کی مدد سے نخودی حبوب تیار کر کے سنبھال رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** جب حمل ہوجائے روزانہ ایک گولی کھلانا شروع کر دیجئے اور دودھ چھڑانے تک کھائیے۔

**فائدہ:** جن کے بچے پیدا ہوکر ضائع ہوجاتے ہیں یا حمل کی حالت میں اسقاط ہوجاتا ہے ان کے لئے یہ سو فیصد مجرب شدہ ہے۔

**پرہیز:** سرخ مرچ، بینگن، گوشت، گرم اشیاء سے پرہیز لازم ہے۔

## بثور رحم

### 747- مرہم چاندنی

**عنایت:** جناب حکیم رئیس الدین فریدی صاحب جبل پور۔

**ھوالشافی:** موم سفید چھ ماشہ، روغن گل دو تولہ، سفید بیضہ مرغ ایک عدد، آب کاسنی تین تولہ، آب مکو سبز تین تولہ، صندل سرخ، سفیدہ کاشغری، رسونت ہر ایک تین تین ماشہ، کافور ایک ماشہ۔

**ترکیب تیاری:** پہلے موم کو پگھلا کر روغن گل میں ملا دیجئے پھر سفیدی بیضہ مرغ اور آب ملا کر دیگر ادویات باریک کرکے مکس کرکے مرہم بنا کر حفاظت سے رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** یہ دوا بطور فرزجہ استعمال کیجئے۔

**فائدہ:** رحم اور مہبل کی پھنسیوں کے لئے لاجواب مرہم ہے چند یوم کے استعمال سے پھنسیوں سے نجات مل جاتی ہے۔

## خارش رحم

### 748- اکسیر لاجواب

**عنایت:** جناب حکیم محمد الدین صاحب نور جمال گجرات۔

**ھوالشافی:** کافور ایک ماشہ، عرق گلاب مناسب مقدار۔

**ترکیب تیاری:** کافور کو عرق گلاب میں حل کرکے شیشی میں سنبھال لیجئے۔

**ترکیب استعمال:** فرج میں ملیں۔

**فائدہ:** انشاء اللہ عزوجل چند مرتبہ لگانے سے کلی شفا نصیب ہوگی۔

**پرہیز:** گرم اور سخت اشیاء سے پرہیز واجب ہے۔



## حرقت البول نسواں

### 749- اکسیر اعلیٰ

**عنایت:** جناب حکیم اللہ دتہ صاحب بدھلہ سنت مدینۃ الاولیاء ملتان شریف۔

**ھوالشافی:** سنگ جراحت چودہ ماشہ، گل ارمنی دو ماشہ۔

**ترکیب تیاری:** دونوں دواؤں کو خوب پوڈر بنالیجئے اور سنبھال کر رکھیں۔

**ترکیب استعمال:** چھ ماشہ ہمراہ آب سادہ دن میں دو مرتبہ دیجئے۔

**فائدہ:** زنانہ حرقت البول میں نہایت بھروسہ کا نسخہ ہے۔

## پرسوت

### 750- اکسیر پرسوت

**عنایت:** ڈاکٹر عبدالحمید چغتائی صاحب دھلی دروازہ لاہور۔

**ھوالشافی:** قرآن مقدس کی سورۃ مریم کی آیت وھذی الیک بجذع النخلہ تقسط علیک رطبا جنیاہ فکلی واشربی وقری عینا فاما ترین من البشر احد افقولی انی نذرت للرحمن صوما فلن اکلم الیوم انسیاہ

**ترجمہ:** اور تو کھجور کے تنے کو اپنی طرف ہلا کہ وہ تجھ پر پکی ہوئی تر و تازہ کھجوریں گرائے گی پس تو کھا اور پی اور اپنی آنکھ کو ٹھنڈا کر اگر انسانوں میں سے کسی ایک کو دیکھے تو کہہ دے کہ میں نے اپنے رب عزوجل کے لئے روزہ مانا ہے لہٰذا میں آج کے دن کسی سے بات نہیں کروں گی۔

**ترکیب:** قرآن مقدس سے معلوم ہوا کہ دردزہ کے وقت عورت کو چاہئے کہ کھجوریں تناول فرمائے اور پانی پیئے پھر جب وضع حمل سے فارغ ہو تو بچے کو دیکھ کر اپنی آنکھوں کو ٹھنڈک پہنچائے اور ایک دن مکمل خاموشی اختیار کرے اور کسی سے بھی بات چیت ہرگز نہ کرے الحمدللہ عزوجل یہ ایک عظیم الشان مجرب نسخہ ہے سینکڑوں مرتبہ تجربہ کیا گیا ہے کہ جو عورت ان باتوں کو ملحوظ رکھتی ہے سنت کے مطابق اپنے کام سرانجام دیتی ہے وہ کامیاب زندگی گزارتی ہے کیونکہ ہر سنت کے پہلو میں کروڑوں فضائل و فوائد ہیں۔

**فائدہ:** ایسی عورت رحم کے درد بعد ولادت پرسوت کے بخار اور دیگر امراض زچگی وغیرہ سے محفوظ رہتی ہے لہٰذا ہر کسی کو چاہئے کہ اپنے شب و روز سنت کے مطابق گزار کر دونوں جہاں ک

www.pdfbooksfree.pk

**ترکیب استعمال:** جب حمل ہو جائے روزانہ ایک گولی کھلانا شروع کر دیجئے اور دودھ چھوڑانے تک کھائیے۔

**فائدہ:** جن کے بچے پیدا ہو کر ضائع ہو جاتے ہیں یا حمل کی حالت میں اسقاط ہو جاتا ہے ان کے لئے یہ لیو سو فیصد تجربہ شدہ ہے۔

**پرہیز:** سرخ مرچ، بینگن، گوشت، گرم اشیاء سے پرہیز لازم ہے۔

# بثور رحم

## 747- مرہم چاندنی

**عنایت:** جناب حکیم رئیس الدین فریدی صاحب جبل پور۔

**ہوالشافی:** موم سفید چھ ماشہ، روغن گل دو تولہ، سفید بیضہ مرغ ایک عدد، آب کاسنی تین تولہ، آب مکو سبز تین تولہ، صندل سرخ، سفیدہ کاشغری، رسونت ہر ایک تین تین ماشہ، کافور ایک ماشہ۔

**ترکیب تیاری:** پہلے موم کو پگھلا کر روغن گل میں ملا دیجئے پھر سفیدی بیضہ مرغ اور آب ملا کر دیگر ادویات باریک کر کے مکس کر کے مرہم بنا کر حفاظت سے رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** یہ دوا بطور فرزجہ استعمال کیجئے۔

**فائدہ:** رحم اور مہبل کی پھنسیوں کے لئے لاجواب مرہم ہے چند یوم کے استعمال سے پھنسیوں سے نجات مل جاتی ہے۔

# خارش رحم

## 748- اکسیر لاجواب

**عنایت:** جناب حکیم محمد الدین صاحب نور جمال گجرات۔

**ہوالشافی:** کافور ایک ماشہ، عرق گلاب مناسب مقدار۔

**ترکیب تیاری:** کافور کو عرق گلاب میں حل کر کے شیشی میں سنبھال لیجئے۔

**ترکیب استعمال:** فرج میں ملیں۔

**فائدہ:** انشاء اللہ عزوجل چند مرتبہ لگانے سے کلی شفا نصیب ہوگی۔

**پرہیز:** گرم اور سخت اشیاء سے پرہیز واجب ہے۔

www.pdfbooksfree.pk



# حرقت البول نسواں

## 749- اکسیر اعلیٰ

**عنایت:** جناب حکیم اللہ دتہ صاحب بدھلہ سنت مدینۃ الاولیاء ملتان شریف۔

**ہوالشافی:** سنگ جراحت چودہ ماشہ، گل ارمنی دو ماشہ۔

**ترکیب تیاری:** دونوں دواؤں کو خوب پوڈر بنا لیجئے اور سنبھال کر رکھیں۔

**ترکیب استعمال:** چھ ماشہ ہمراہ آب ساٹھی دن میں دو مرتبہ دیجئے۔

**فائدہ:** زنانہ حرقت البول میں نہایت بھروسہ کا نسخہ ہے۔

# پرسوت

## 750- اکسیر پرسوت

**عنایت:** ڈاکٹر عبدالحمید چغتائی صاحب دہلی دروازہ لاہور۔

**ہوالشافی:** قرآن مقدس کی سورۃ مریم کی آیت **وھذی الیک بجذع النخلہ تقسط علیک رطبا جنیاہ فکلی واشربی وقری عینا فاما ترین من البشر احد افقوانی نذات للرحمن صوما فلن اکلم الیوم نسیاہ**

**ترجمہ:** اور تو کھجور کے تنے کو اپنی طرف ہلا کہ وہ تجھ پر پکی ہوئی تروتازہ کھجوریں گرائے گی پس تو کھا اور پی اور اپنی آنکھ کو ٹھنڈا کر اگر انسانوں میں سے کسی ایک کو دیکھے تو کہہ دے کہ میں نے اپنے رب عزوجل کے لئے روزہ مانا ہے لہٰذا میں آج کے دن کسی سے بات نہیں کروں گی۔

**ترکیب:** قرآن مقدس سے معلوم ہوا کہ دردزہ کے وقت عورت کو چاہئے کہ کھجوریں تناول فرمائے اور پانی پئے پھر جب وضع حمل سے فارغ ہو تو بچے کو دیکھ کر اپنی آنکھوں کو ٹھنڈک پہنچائے اور ایک دن مکمل خاموشی اختیار کرے اور کسی سے بھی بات چیت ہرگز نہ کرے الحمدللہ عزوجل یہ ایک عظیم الشان مجرب نسخہ ہے سینکڑوں مرتبہ تجربہ کیا گیا ہے کہ جو عورت ان باتوں کو ملحوظ رکھتی ہے سنت کے مطابق اپنے کام سرانجام دیتی ہے وہ کامیاب زندگی گزارتی ہے کیونکہ ہر سنت کے پہلو میں کروڑوں فضائل و فوائد ہیں۔

**فائدہ:** ایسی عورت رحم کے درد بعد ولادت پرسوت کے بخار اور دیگر امراض زچگی وغیرہ سے محفوظ رہتی ہے لہٰذا ہر کسی کو چاہئے کہ اپنے شب و روز سنت کے مطابق گزار کر دونوں جہاں ک

خوشیاں سمیٹیں۔

# مسقط جنین

بعض اوقات کسی بیماری یا حاملہ کی صحت کو مدنظر رکھتے ہوئے یا جائز ضرورت کے پیش نظر جنین یا حمل کو گرایا جاتا ہے اسلام کے اندر چار ماہ سے پہلے پہلے شرعی مجبوری کے تحت حمل گرایا جاتا ہے اور اس کی بھی احتیاطیں ہیں بہرحال مزید معلومات کے لئے دارالافتاء کے علماء کرام سے رابطہ کیجئے۔ لہٰذا جائز ضرورت کے پیش نظر یہ لاکھ روپے کا کامل نسخہ ہے قدر کرنے پر ہی آپ کو احساس ہوگا۔

## 751- اکسیر مانع حمل

**عنایت:** جناب رشید احمد سنیاسی گیا (ہند)۔

**ھوالشافی:** سرمہ سفید پچاس گرام، شیر میش دوسو گرام۔

**ترکیب تیاری:** سرمہ کو شیر میش میں خوب کھرل کیجئے اور کوزہ گلی میں بند کر کے بیس کلو اوپلوں کی آگ دیجئے سرد ہونے پر پھر شیر میش میں کھرل کیجئے اور آگ دیجئے اسی طرح تیسری مرتبہ بھی کیجئے بعدہ کھرل کر کے سنبھال کر رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** بوقت ضرورت عورت کے ایام ماہواری ختم ہونے پر ایک رتی روزانہ کھلاتے رہیے۔

**فائدہ:** نہایت مفید مانع حمل دوا ہے سات یوم متواتر استعمال کرنے سے شرطیہ طور پر ایک سال تک حاملہ نہ ہوگی۔

**پرہیز:** دوران دوا ملاپ سے پرہیز نہایت ضروری ہے۔

## 752- رکاوٹ

**عنایت:** جناب حکیم مرزہ خلیل الرحمٰن صاحب حیدرآباد باب الاسلام سندھ۔

**ھوالشافی:** کریر کے تازہ پھول تین تولہ، دیسی گھی بقدر ضرورت۔

**ترکیب تیاری:** اس کی سبزی بنالیجئے یعنی سالن بنالیجئے۔

**ترکیب استعمال:** ایام ماہواری سے فراغت کے بعد روزانہ بلاناغہ تین دن تک کھلاتے رہیے۔

**فائدہ:** تین دن کے استعمال سے ایک سال تک حمل میں رکاوٹ رہے گی۔



**پرہیز:** دوران دوا مباشرت سے پرہیز واجب ہے۔

## 753- جوشاندہ مسقط

**عنایت:** جناب حکیم محمد شاہد اکبر نقشبندی صاحب شیخوپورہ لاہور۔

**ھوالشافی:** بذا سگند ناگوری، سونٹھ، جڑ بانس سیاہ ہر ایک ایک تولہ، ایلوا چھ ماشہ، قند سیاہ کہنہ تین تولہ، پانی تین پاؤ۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو تین پاؤ پانی میں جوش دیجئے اور آدھ حصہ رہ جانے پر مل چھان کر سنبھال لیجئے۔

**ترکیب استعمال:** بوقت ضرورت روزانہ صبح، دوپہر، شام تین تین تولہ سے پانچ پانچ تولہ پلا دیجئے۔

**فائدہ:** جنین یا حمل کو گراتا ہے حیض کھول دیتا ہے ایسا تیر ہے جو کبھی خطا نہیں گیا۔

**نوٹ:** ہر حال میں خوف خدا عزوجل کو دل میں رکھئے اور صرف جائز ضرورت کے لئے استعمال کیجئے۔

### طغرے

- کھینی سیاہ تین رتی ہمراہ شیر گرم دیجئے تسہیل ولادت میں نہایت مفید الاثر ہے۔
- بیخ چرچٹہ بقدر نو ماشہ ہمراہ آب گرم دینے سے بھی یہی مقاصد حاصل ہوتے ہیں۔

## 754- ساقط حمل

**عنایت:** جناب حکیم شیر محمد صاحب خیر اللہ پور جالندھر (ہند)

**ھوالشافی:** لوٹا سجی چھ تولہ، مونگ چار تولہ، ایلوا چھ تولہ، جوکھار چھ تولہ۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو باریک مثل غبار کر لیجئے اور سنبھال کر رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** سب سے پہلے تین یوم تک متواتر جوشاندہ مسقط 753 پلاتے رہیے بعدہ کسی نیک خاتون دایہ کے ذریعے ایک گرم دوا گولی بنا کر خشک کر کے رحم میں رکھوا دیجئے یا پھر کسی سٹک پر لعاب اسپغول کے ذریعے دوا لگا کر خشک کر کے یہ سٹک رحم میں پہنچائیں۔

**فائدہ:** اوّل پہلے دن ورنہ دوسرے دن حد تیسرے دن تک خون آنا شروع ہو ہی جائے گا نہایت مفید مجرب ہے۔ (تخریج حکیم محمد عبدالوحید عطاری)

www.pdfbooksfree.pk

## 755- دوائے مانع حمل

**عنایت:** جناب حکیم عبدالکریم صاحب بزل جہلم۔

**ھوالشافی:** سونف رومی' انیسون' تخم کرفس' پودینہ بہاری' مشک طرامشیع ہرایک ایک تولہ' سنبل الطیب' دارچینی' عود بلسان' قسط شیریں' تخم بلسان' ابہل ہرایک ایک ماشہ۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو خوب پوڈر بنا کر کنار دشتی برابر حبوب بنالیجئے اور سنبھال کر حفاظت سے رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** جب مباشرت کو دل کرے تو ایک گولی آدھا گھنٹہ پہلے ہمراہ آب تازہ کھلا دیجئے۔

**فائدہ:** حمل کو روکنے کے لئے تجربہ شدہ دوا ہے بنالیجئے اور دعائیں دیجئے اور شان طب کے بارے میں سوچئے کہ ماضی اور حال میں طب کیا کیا خدمات سرانجام دے رہی ہے۔



باب 18:

# کان کے امراض

حواس خمسہ ظاہری میں ایک رکن کان بھی ہے جس کا فعل "سننا" ہے یقیناً اللہ عزوجل کی ہر نعمت لاجواب ہے اسی میں سے کان بھی خصوصی اہمیت کا حامل ہے کیونکہ اس کے بغیر انسان آدھا رہ جاتا ہے جگہ جگہ غلطی کرتا معلومات کی کمی کے ساتھ ساتھ سوز و گداز سے بھی محروم رہتا ہے۔ کان سننے کی قوت کا آلہ ہے جو دھیمی سے لے کر تیز آواز سن سکتا ہے اور پیغام کو دماغ تک پہنچا سکتا ہے۔

## درد کان (وجع الاذن)

**تعریف مرض:**

کان کے اندر کسی سبب سے درد ہوتا ہے۔

**اسباب:**

کان میں کچھ پڑ جانا' سردی لگنا' کان کی پھنسیاں' کسی دانت کا بوسیدہ ہونا' کان میں پانی جمع ہونا' وجع المفاصل' چوٹ لگنا' بعض اوقات کثرت بلغم کے باعث بھی درد کان ہو جاتا ہے۔

**علامات:**

درد کان اسباب کی کمی و زیادتی سے کم وبیش ہوتا ہے بعض اوقات درد کی چبھن چہرے پیشانی اور گردن تک محسوس ہوتی ہے کان پر ہاتھ رکھنے سے بھی شدید درد ہوتی ہے درد کے باعث مریض بیٹھ یا لیٹ نہیں سکتا بہت پریشانی اور گھبراہٹ ہوتی ہے۔

تین سال سے اوپر کے مریض درد کان کے متعلق بتا دیتے ہیں جب کہ دو سال سے چھوٹے ننھے منے وہ بتا نہیں سکتے اگر بچہ بار بار روئے اور کان کی طرف ہاتھ لے جائے تو اور کان کو چھیڑنے سے چیخیں مارنے لگے تو درد کان تصور کر کے علاج کیجئے اور اگر کان سرخ ہو اور اندر دیکھنے سے سرخی مائل پھنسی محسوس کریں تو پھنسیاں درد کان کا باعث ہوں گی۔

www.pdfbooksfree.pk

**علاج:**

درج ذیل مجربات میں سے منتخب فرما کر علاج کریں۔

## 756- روغن گوش

**عنایت:** جناب حکیم محمد شفیق صاحب سوہاوہ جہلم۔

**ہوالشافی:** افسنتین ایک تولہ' سرکہ انگوری پندرہ تولہ' روغن بادام پندرہ تولہ۔

**ترکیب تیاری:** پہلے سرکہ میں افسنتین کو بھگو دیجئے اور جوش دے کر چھان لیجئے پھر روغن بادام داخل کرکے سرکہ کو جلا کر روغن حاصل کر لیجئے اور سنبھال کر رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** دو دو قطرے قدرے گرم کرکے کان میں ٹپکائیے۔

## طغرہ

① کلوروفارم سے روئی تر کرکے چمٹی سے پکڑ کر کان کے قریب کرکے چھ سات پھونکیں کان کی طرف ماریں جادو کی مانند اثر ہوگا اور درد کان کافور ہو جائے گا۔

## 757- گوشمین

**عنایت:** جناب حکیم محمد علی نقشبندی مجددی صاحب شاہ گنج حیدرآباد دکن (ہند)۔

**ہوالشافی:** لہسن کی صاف شدہ ڈلیاں بیس عدد' روغن کنجد دس تولہ۔

**ترکیب تیاری:** لہسن کو روغن کنجد میں جلا دیجئے اور روغن فلٹر کرکے سنبھال لیجئے۔

**ترکیب استعمال:** صبح شام چار چار قطرے نیم گرم کان میں ڈالئے۔

**فائدہ:** درد کان اور ورم کان میں اکسیر الاثر مجرب ہے۔

# پیپ کان / بہرہ پن / ورم کان / زخم کان

پیپ کان' بہرہ پن' ورم کان اور زخم کان وغیرہ وغیرہ گو الگ الگ امراض ہیں اسباب و علامات مختلف ہیں مگر الحمدللہ عزوجل طب میں ایسے لاجواب اور تریاقی نسخہ جات موجود ہیں جو فقط ایک نسخہ متعدد امراض کو صحت میں بدل دیتا ہے اسی کے مصداق دو نسخہ جات پیش خدمت ہیں آپ آزمائیں یا نہ آزمائیں مگر نسخہ جات کی حقیقت مسلمہ ہے۔

**علاج:**

درج ذیل نسخہ جات میں سے منتخب فرما کر علاج کریں۔



## 758- شافی

**عنایت:** جناب حکیم رجھل داس صاحب ماہڑہ مظفرگڑھ۔

**ہوالشافی:** شہد خالص' روغن بادام' گلیسرین ہر ایک تین تین تولہ' امرت دھارا ایک تولہ۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو شیشی میں ڈال کر سنبھال لیجئے۔

**ترکیب استعمال:** قدرے نیم گرم تین تین قطرے کان میں ڈال دیجئے۔

**فائدہ:** پیپ' درد کان' زخم کان' ثقل سماعت' ورم کان وغیرہ وغیرہ میں اکسیر بے نظیر ہے۔

## 759- امرت گوش

**عنایت:** جناب حکیم دیوان درگا داس صاحب گوجرانوالہ۔

**ہوالشافی:** مولی خشک دو تولہ' مشک کافور چار ماشہ' رتن جوت چھ ماشہ' قرنفل دو ماشہ' روغن چنبیلی ایک پاؤ۔

**ترکیب تیاری:** پہلے رتن جوت کو پانچ تولہ پانی میں بھگو دیجئے پھر روغن چنبیلی میں ڈال کر آگ پر گرم کیجئے اور تمام اشیاء کو ڈال کر خوب پکائیے جب پانی خشک ہو جائے تو فلٹر کر لیجئے اور مشک کافور ڈال کر محفوظ رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** تین قطرے روزانہ صبح' دوپہر' شام نیم گرم کرکے سپرد کان کیجئے۔

**فائدہ:** درد کان' بہرہ پن' پھنسی' ورم وغیرہ میں اکسیر لاجواب بے مثل و بے مثال ہے۔

www.pdfbooksfree.pk

باب 19:

# گردے اور مثانے کے امراض

گردے کو عربی میں کلیہ جب کہ ڈاکٹری میں کڈنی کہتے ہیں تعداد میں دو ایک دائیں اور دوسرا بائیں جانب ہوتا ہے ہر گردہ گیارہویں پسلی کے نیچے مقام کمر میں پچھلی طرف واقع ہے۔ گردوں کی حفاظت کے لئے ان کے ارد گرد زیادہ مقدار میں چربی ہوتی ہے تاکہ جھٹکے اور ٹھیس وغیرہ سے محفوظ رہیں دائیں طرف کا گردہ جگر کے باعث قدرے نیچے ہوتا ہے اور قدرے چوڑا ہوتا ہے جب کہ بائیں طرف کا گردہ لمبائی میں زیادہ ہوتا ہے اور چوڑائی میں دائیں سے کم ہوتا ہے۔ عموماً گردہ گیارہ سنٹی میٹر لمبا اور تین سنٹی میٹر چوڑا ہوتا ہے مردوں میں گردے کا وزن تقریباً 125 گرام سے 170 گرام ہوتا ہے جب کہ عورتوں میں تقریباً 115 سے 155 گرام تک ہوتا ہے ہر گردے کی اگلی سطح محدب اور پچھلی سطح چپٹی ہوتی ہے بیرونی کنارہ محدب اور اندرونی کنارہ مقعر ہوتا ہے جس میں ایک کھدانہ ہوتا ہے جسے ناف گردہ کہتے ہیں اس راستے سے گردے کی ورید اور شریان اندر اور باہر آتی جاتی ہے نیز اعصاب بھی اسی راستے کو اختیار کرتے ہیں نیز پیشاب کی نالی بھی اسی راستے سے نکلتی ہے۔ گردے کا اوپر کا سر گول اور موٹا ہوتا ہے اس سے اوپر ایک غدود ہوتا ہے جسے ایڈرینل گلینڈ کہتے ہیں جب کہ طبی زبان میں فوق الکلیہ سے موسوم کرتے ہیں۔

## افعال گردہ:

گردے پیشاب پیدا کرتے ہیں خون صاف کرتے ہیں یعنی فضلات خون کو خارج کرتے ہیں لہٰذا گردے بڑی اہمیت کے حامل ہوتے کیونکہ ان کے فعل میں کمی وبیشی سے فضلات رک جاتے ہیں جس سے خارش، چنبل، دھدر، پھوڑے پھنسی، کیل مہاسے، یرقان، نزلہ کی کثرت، اماس تہوج اور سوجن وغیرہ علامات نمودار ہوتی ہیں۔ ڈبل بارہ گھنٹے میں تقریباً ڈیڑھ کلو پیشاب خارج ہوتا ہے۔ گردوں میں خون زیادہ مقدار میں دورہ کرتا ہے کیونکہ ورید گردہ اور شریان گردہ حجم میں بہت بڑی ہوتی ہے پیشاب شریانوں اور وریدوں سے جذب ہو کر حوض گردہ میں جمع ہوتا ہے پھر حالبین کے ذریعے مثانہ میں اترتا ہے جب مثانہ پیشاب سے بھر جاتا ہے تو حاجت ہو کر خارج ہو جاتا ہے۔



# مثانہ

## (Bladder)

پیڑو کے اندر ایک تھیلی ہوتی ہے جس میں گردوں سے پیشاب بذریعہ حالبین آہستہ آہستہ جمع ہوتا رہتا ہے مثانہ غشائی اور عضلی ریشوں سے مرکب ہوتا ہے۔ مثانہ کے سامنے مردوں میں سیدھی آنت ہوتی ہے جب کہ عورتوں میں اندام نہانی اور رحم ہوتا ہے یہی وجہ ہے کہ عورت کو اگر زور سے چھینک آئے یا کھانسی آئے تو پیشاب کے چند قطرے خارج ہو کر کپڑے ناپاک ہو جاتے ہیں۔

عورتوں میں پیشاب کی نالی ڈیڑھ انچ لمبی ہوتی ہے جب کہ مردوں میں پیشاب کی نالی نو انچ لمبی ہوتی ہے اور اس میں دو جھکاؤ ہوتے ہیں ایک جھکاؤ کے ذریعے پیشاب جب کہ دوسرے جھکاؤ کے ذریعے منی خارج ہوتی ہے دونوں چیزیں بیک وقت خارج نہیں ہوتیں کیونکہ ایک جھکاؤ سیدھا ہونے پر دوسرا مزید جھک جاتا ہے یعنی پیشاب والا جھکاؤ سیدھا ہو تو پیشاب خارج ہوگا جب کہ منی کے جھکاؤ میں مزید اضافہ ہو کر منی بند ہو جائے گی اور اسی طرح منی کے جھکاؤ میں سیدھا پن آنے سے پیشاب کے جھکاؤ میں مزید اضافہ ہو جاتا ہے اور منی آسانی سے خارج ہو جاتی ہے۔

مثانہ میں تین سوراخ ہوتے ہیں ایک پیشاب کی اخراجی نالی جب کہ دو نالیاں حالبین کی مثانہ کی گردن پر ایک غدد لگا ہوتا ہے جو عموماً سکڑا رہتا ہے اور پیشاب کو مثانہ سے ہر وقت خارج نہیں ہونے دیتا جب حاجت ہوتی ہے تو یہ غدد ڈھیلا ہو کر اپنے دباؤ نالی سے ہٹا لیتا ہے جس سے پیشاب بآسانی خارج ہو جاتا ہے پیشاب کرنے کے بعد پھر یہ غدد اپنی جگہ پر واپس آجاتا ہے۔ مثانہ جب سکڑتا ہے تو چاروں طرف سے خود بخود ذاتی طور پر سکڑتا ہے اور پیشاب مکمل طور پر خارج ہو جاتا ہے حالبین کے آخری سروں پر مثانہ میں کیواڑیاں لگی ہوتی ہیں جو پیشاب کو واپس پلٹنے سے روکتی ہیں نیز پیشاب گردوں سے آہستہ آہستہ مثانہ میں ہر وقت جمع ہوتا رہتا ہے جب کہ مثانہ سے ایک بار خارج ہوتا ہے۔

www.pdfbooksfree.pk

# درد گردہ

**تعریف مرض:** مقام گردہ پر کسی سبب کے باعث درد ہوتا ہے۔

**اقسام:** اس کی دو معروف اقسام ہیں:

**(1) درد گردہ ریحی:** اس میں ریاح کے باعث تمدد پیدا ہو کر درد گردہ ہوتا ہے۔

**(2) درد گردہ حقیقی:** اس میں پتھریوں یا ریت کے باعث درد گردہ ہوتا ہے اس کا ذکر مناسب جگہ پر ہوگا۔

## درد گردہ ریحی

**اسباب:** بادی چیزوں کے کثرت استعمال یا شدید سردی سے ریاح پیدا ہو کر گردہ میں تمدد پیدا ہو کر درد کا باعث بنتا ہے درد قولنج اور درد گردہ قریب قریب اور علامات تقریباً ایک جیسی ہوتی ہیں لہٰذا ان میں تفرق کر لینا نہایت ضروری ہے۔

## تفرق درد گردہ اور درد قولنج

درد گردہ اپنے خاص مقام پر ہوتا ہے۔ قبض ہونا اس کی خاص علامات سے ہے قارورے میں اگر دیکھا جائے تو جھاگ دار ہوگا پیشاب دھندلا دودھیا رنگ کا حامل ہوگا جب کہ درد قولنج پیٹ میں کبھی دائیں طرف کبھی بائیں طرف کبھی اوپر کبھی نیچے کبھی کر کے معدہ کی طرف پہنچتا ہے یہی علامات ہیں۔

**علاج:** درج ذیل مجربات میں سے منتخب فرما کر علاج کیجئے۔



## 760- اکسیر گردہ

**عنایت:** جناب حکیم محمد ریاض صاحب میلسی ملتان۔

**ھوالشافی:** پھٹکری سفید پچاس گرام آب مولی ایک کلو۔

**ترکیب تیاری:** دونوں کو آگ پر رکھئے جب پھٹکری پھول جائے باریک کر کے سنبھال لیجئے۔

**ترکیب استعمال:** تین رتی ہمراہ عرق مرکب یا عرق بادیان سے دیجئے۔

**فائدہ:** درد گردہ ریحی میں نہایت ہی لاجواب ہے تڑپتے ہوئے مریض کو ایک ہی خوراک میں آرام آجاتا ہے۔

## طغرے

برگ پیپل سات عدد پانی میں جوش دے کر پلا دیجئے قبض اور ریاح کے باعث درد گردہ میں مفید الاثر ہے۔

دیسی نیل ایک ایک رتی صبح و شام پانی سے دیجئے پیشاب نیلے رنگ کا آئے گا درد گردہ ختم ہو جائے گا۔ ضعف گردہ اور درد کمر میں بھی مفید الاثر ہے۔

مغز ریٹھا ہر ایک گھنٹے بعد دیجئے درد گردہ میں سحر اثر ہے۔

* جنگلی کبوتر کی بیٹ کی سفیدی دو رتی پانی سے دینا نہایت مفید ہے۔
* دانہ فرنگ اصلی چاندی کی انگشتری میں بطور نگینہ بنا کر پہن لیجئے انشاء اللہ عزوجل درد گردہ نہ ہوگا۔

## 761- حب گردہ

**عنایت:** جناب حکیم محمد شہاب الدین صاحب کراچی۔

**ھوالشافی:** قلمی شورہ دو تولہ ایکسٹریکٹ ہائیوسائمس چھ ماشہ کشتہ حجر الیہود مولی والا ایک تولہ گوکھرو جوکھار چھ چھ ماشہ۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو باریک کر کے پانی کی مدد سے حبوب نخودی بنا لیجئے اور سنبھال کر رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** ایک گولی ہر چار گھنٹے بعد ہمراہ مناسب بدرقہ سے دیجئے آٹھ پہر میں پانچ گولیوں سے زیادہ نہ دیجئے۔

**فائدہ:** درد گردہ میں بہت مفید ہیں دو تین خوراک میں فائدہ ہو جاتا ہے۔

www.pdfbooksfree.pk

## 762- معجون اعظم

**عنایت:** جناب حکیم محمد اعظم صاحب دہلی (ہند)۔

**ھوالشافی:** مربہ آملہ پانچ عدد، مربہ ہلیلہ چار عدد، مربہ ہی دو عدد، انجیر زرد پانچ عدد، مربہ ترنج دو تولہ، حجر الیہود دو تولہ، سنگ سرماہی نو ماشہ، زہر مہرہ خطائی پانچ ماشہ، مغز تخم قرطم، مغز خربوزہ، مغز خیارین، چوب انگور سوختہ، مغز کدو، گوکھرو، ہر ایک ایک تولہ، کاکنج، تخم خطمی، تخم ملکھنی، تخم کشوث، انیسوں، تخم بلیلون ہر ایک پانچ ماشہ، تخم کرفس، اساروں، گوند ببول ہر ایک سات ماشہ، مغز چلغوزہ نو ماشہ، مصری تیس تولہ۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو باریک کر لیجئے اور مصری کا قوام تیار کر کے ادویات ڈال کر معجون بنالیجئے۔

**ترکیب استعمال:** نو ماشہ صبح و شام ہمراہ عرق مکو، عرق گاؤزبان اور شربت بزوری میٹھا کر کے دیجئے۔

**فائدہ:** درد کمر، ضعف معدہ، پتھریوں کو خارج کرنے میں اور درد گردہ میں تیر بہدف ہے۔

## 763- لعوق گردنی

**عنایت:** جناب حکیم کریم بخش جنجوعہ پیرے وال ملتان شریف۔

**ھوالشافی:** جوکھار، لوناجی، سہاگہ خام، نوشادر، مرچ سیاہ، نمک سیندھا، نمک شیشہ، ہیرا ہینگ، قلمی شورہ برابر وزن، سرکہ انگوری قدرے مناسب۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو نہایت باریک کر لیجئے اور سرکہ ملا کر لعوق بنا کر سنبھال لیجئے۔

**ترکیب استعمال:** ہر پندرہ منٹ بعد تین ماشہ چٹا دیا کیجئے۔

**فائدہ:** الحمدللہ عزوجل ایک گھنٹے کے اندر اندر ریاحی درد گردہ ختم ہوجاتا ہے نہایت کامل مجرب کا نسخہ ہے۔

## 764- رینل پین آف

**عنایت:** جناب حکیم محمد حذیفہ قادری بریلی شریف (ہند)

**ھوالشافی:** نکہ دو تولہ، گوکھرو دو تولہ، کشتہ حجر الیہود تین ماشہ، نمک مولی چار ماشہ۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو باریک سفوف بنالیجئے اور سنبھال کر رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** ایک سے دو ماشہ ہمراہ آب تازہ دیجئے۔

**فائدہ:** یہ دوا پرانے سے پرانے درد گردہ میں اکسیر اعلیٰ ہے، مدتوں کا درد چند روز میں ختم ہوجاتا ہے۔

www.pdfbooksfree.pk



**نوٹ:** دن میں صرف دو مرتبہ دیجئے۔

## 765- اکسیر درد گردہ

**عنایت:** جناب حکیم محمد ابراہیم صاحب لیہ ضلع مظفر گڑھ۔

**ھوالشافی:** درخت شانہ (گیدڑ واڑ) دو تولہ، روغن زرد دو چھٹاک۔

**ترکیب تیاری:** گیدڑ واڑ کو کھوٹ کر ٹکیہ بنالیجئے اور روغن زرد میں بریاں کر کے اور خوب کوٹ کر محفوظ کر لیجئے۔

**ترکیب استعمال:** قدرے نیم گرم تمام دوا پلا دیجئے روزانہ اسی طرح کیجئے۔

**فائدہ:** درد گردہ ریگی یا پتھری کے باعث ہو البتہ پتھری بڑی نہ ہو اور نہ ہی سدہ کلاں ہو نہایت مجرب المجرب ہے۔

## 766- دوائے گردہ

**عنایت:** جناب حکیم مہتہ دینا ناتھ صاحب موہن جہلم۔

**ھوالشافی:** پوست ارنڈ تازہ ڈھائی تولہ، پوست بیخ پلاہ تازہ دو تولہ، اندر جو شیریں چھ ماشہ، ہیرا ہینگ چار رتی، قلمی شورہ ایک ماشہ۔

**ترکیب تیاری:** پہلی دونوں ادویات کو ایک کلو پانی میں جوش دیجئے جب تین چھٹاک رہ جائے تو اتار لیجئے اور دیگر ادویات باریک کر کے ملا کر سنبھال لیجئے۔

**ترکیب استعمال:** مریض کو صبح دوپہر شام ایسی ایک ایک خوراک دیجئے۔

**فائدہ:** درد گردہ کیلئے ایک مفید الاثر دوا ہے۔

**نوٹ:** یہ صرف ایک خوراک ہے۔

**پرہیز:** دودھ سوڈا ہی دیجئے۔

## 767- اکسیر معجزہ

**عنایت:** جناب حکیم بشیر احمد صاحب رہلانوالی مظفر گڑھ۔

**ھوالشافی:** قلمی شورہ خالص چار ماشہ، شکر سرخ پانچ تولہ۔

**ترکیب تیاری:** شورہ کو باریک کر کے شکر میں ملا لیجئے اور محفوظ رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** صبح دوپہر شام ہمراہ آب تازہ دیجئے۔

**فائدہ:** حلق سے اترتے ہی درد گردہ غائب ہوجاتا ہے تیر کی جگہ توپ کا کام کرتی ہے ایک اکسیری اور صدری سینے کا رازہ ہے جو پشت در پشت چلا آرہا ہے۔

**نوٹ:** یہ صرف ایک خوراک ہے۔

**پرہیز:** تماہاری وترش اور دیر ہضم اغذیہ سے پرہیز واجب ہے۔

## 768- کڈنی

**عنایت:** جناب حکیم رام لعل صاحب سمندری فیصل آباد۔

**ہوالشافی:** رائی تین ماشہ، سرکہ انگوری 750 ملی لیٹر۔

**ترکیب تیاری:** رائی کو سرکہ میں خوب کھرل کیجئے جب رائی اچھی طرح کھرل ہو جائے تو پھر باقی سرکہ بھی ملا کر رکھ لیجئے۔

**ترکیب استعمال:** چھ تولہ صبح وشام مریض کو پلا دیجئے۔

**فائدہ:** چند خوراکوں سے درد گردہ غائب ہو جائے گا سو فیصد مجرب دوا ہے۔

## 769- پین گاؤن

**عنایت:** حکیم ایشر داس صاحب لورالائی بلوچستان۔

**ہوالشافی:** افیون، جوکھار، جدوار تین تین ماشہ، بادیان، سرد چینی، خار خسک ہر ایک چھ ماشہ، قلمی شورہ دو تولہ۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو نہایت باریک کر لیجئے اور عرق سونف میں نخودی حب بنا لیجئے۔

**ترکیب استعمال:** ایک گولی ہر تین گھنٹے بعد ہمراہ شربت بزوری دیجئے۔

**فائدہ:** درد گردہ کی حکمی اور فوری اثر کرنے والی بے مثال دوا ہے مجرب ومفید ہے۔

## 770- اکسیر درد گردہ

**عنایت:** جناب حکیم نور عبداللہ خان صاحب کسراں ضلع اٹک۔

**ہوالشافی:** قلمی شورہ پانچ تولہ، شیرہ برگ بیری دس تولہ۔

**ترکیب تیاری:** شورہ کو ایک کوزہ گلی میں ڈال کر شیرہ بیری ڈال کر گل حکمت کیجئے اور بوبھل میں اس انداز سے رکھئے کہ آدھا بوبھل میں دب جائے چودہ گھنٹے بعد نکال کر جو دوا کوزے کے ارد گرد لگی ہوئی ہو حاصل کر کے سنبھال لیجئے۔

**ترکیب استعمال:** دو رتی سے ایک ماشہ تک چینی میں ملا کر دن میں دو مرتبہ ہمراہ شربت بزوری دیجئے۔

**فائدہ:** کنکری پتھری اور درد گردہ میں مفید ہے بے شمار مریضوں کو دی شفا ملی۔ تجربہ شدہ ہے۔



## 771- دافع درد گردہ

**عنایت:** جناب حکیم محمد شفیع صاحب کپورتھلہ (ہند)۔

**ہوالشافی:** جوکھار، قلمی شورہ، لوٹا بجی، سہاگہ خام، نوشادر خام، مرچ سیاہ، نمک سیندھا، نمک [illegible]، ہیراہینگ برابر وزن سرکہ ولائتی بقدر مناسب۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو نہایت باریک کر لیجئے اور سرکہ میں لعوق تیار کر کے سنبھال کر رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** تین ماشہ ہر پندرہ منٹ بعد ہمراہ آب تازہ دیجئے۔

**فائدہ:** ایسا درد گردہ جو باعث سنگ گردہ ہو اسکو دفع کرنے میں بے نظیر ہے پہلی خوراک ہی جوہر دکھا دیتی ہے۔

## 772- تریاق درد گردہ

**عنایت:** جناب حکیم اسانند صاحب رن چھوڑ لین کوئٹہ۔

**ہوالشافی:** گل سرخ، قلمی شورہ، بھنگ، گیرو برابر وزن۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو پوڈر بنا لیجئے اور محفوظ رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** تین ماشہ ہمراہ دوغ گاؤ استعمال کیجئے۔

**فائدہ:** انشاءاللہ عزوجل درد گردہ کافور ہو جاتا ہے ہمارا معمول مطب نسخہ ہے۔

## 773- کڈون

**عنایت:** جناب حکیم سید نصیر علی شاہ صاحب رہنہ سیداں جہلم۔

**ہوالشافی:** سوڈیم بائیکارب دس تولہ، آب حنظل ایک کلو۔

**ترکیب تیاری:** سوڈیم بائیکارب میں آب حنظل کھرل کر لیجئے اور سنبھال کر رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** ایک ماشہ ہمراہ عرق بادیان دیجئے۔

**فائدہ:** پہلی خوراک سے مکمل فائدہ نہ ہو تو دوسری خوراک دے دیجئے مکمل فائدہ ہوگا اور درد گردہ بھاگ جائے گا قریب بھی نہ بھٹکے گا۔

## 774- ریٹھا پلز

**عنایت:** جناب حکیم محمد فضل اللہ صاحب گلزار حوض حیدرآباد دکن (ہند)۔

**ہوالشافی:** پوست ریٹھا اور مغز ریٹھا برابر وزن۔

**ترکیب تیاری:** پانی کی مدد سے خوب باریک کر کے حبوب بنا لیجئے۔

www.pdfbooksfree.pk

**ترکیب استعمال:** ایک گولی صبح' دوپہر' شام ہمراہ آب تازہ دیجئے۔

**فائدہ:** فوراً اثر کرے گی درد گردہ کی مجرب المجرب دوا ہے۔

## 775- حب اطمینان

**عنایت:** جناب حکیم محمد اسحاق صاحب قاضی پور ڈومیل آزاد کشمیر۔

**ھوالشافی:** افسنتین' مصبر' نوشادر' سہاگہ ہرایک ایک تولہ' قلفل دراز پندرہ تولہ' الیون ۴ ماشہ۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو نہایت باریک پوڈر بنالیجئے اور دو دو رتی کی گولیاں بناکر سنبھال لیجئے۔

**ترکیب استعمال:** ایک سے دو گولی ہمراہ آب تازہ دن میں دو مرتبہ دیجئے۔

**فائدہ:** درد گردہ کی تسلی بخش دوا ہے تڑپتے ہوئے مریض کو سکون عطا کردیتی ہے۔

## 776- تریاق گردہ

**عنایت:** جناب حکیم گوبندرام صاحب قمبر علی خان لاڑکانہ باب الاسلام سندھ۔

**ھوالشافی:** سہاگہ' نوشادر' مرچ سیاہ' نمک سیاہ' ہینگ' جوکھار' مولی کھار' قلمی شورہ ہرایک ۲ تولہ' سرکہ عمدہ بقدر مناسب۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو نہایت باریک بناکر سرکہ ملاکر لعوق بنالیجئے۔

**ترکیب استعمال:** تین تین ماشہ ہر پندرہ منٹ بعد چٹا دیجئے۔

**فائدہ:** درد گردہ میں نہایت مفید تیر بہدف نسخہ ہے ایک ورنہ دوسری خوراک میں شرطیہ آرام ہوجاتا ہے۔

## 777- جوہر لقمانی

**عنایت:** جناب حکیم سید محمد صاحب فیروز پور ٹواں شیخوپورہ۔

**ھوالشافی:** نوشادر ایک پاؤ' ابرک سیاہ ایک پاؤ' نمک لاہوری ایک پاؤ۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو باریک کرکے بطریقہ معروف جوہر اڑا لیجئے اور شیشی میں سنبھال لیجئے۔

**ترکیب استعمال:** ایک ماشہ ہمراہ آب تازہ دیجئے۔

**فائدہ:** درد گردہ کے لئے نہایت جیدالاثر جوہر ہے صرف ایک خوراک درد کو نابود کردیتی ہے۔



# ریگ گردہ اور پتھری گردہ

# (Renal Sand & Stone in the Kidney)

**تعریف مرض:**

بعض اوقات گردہ میں کسی وجہ سے ریگ یا پتھری پیدا ہوکر درد کا باعث بنتی ہے۔

**پتھریاں کہاں بنتی ہیں؟**

پتھریاں عموماً گردوں میں پیدا ہوتی ہیں اور جب پیدا ہوتی ہیں تو نہایت چھوٹی چھوٹی ہوتی ہیں۔ ان کا سائز مثانہ میں بڑھتا ہے۔ ریگ بھی اکثر گردوں میں پیدا ہوتی ہے۔ بعض مریضوں میں پتھریاں اور ریگ خارج ہوجاتی ہیں جب کہ بعض میں بنتی بھی رہتی ہیں اور خارج بھی ہوتی رہتی ہیں۔ شاذ و نادر ہی ایک دم دونوں گردوں میں پتھریوں کی پیدائش ہوتی ہو پتھریاں مونگ کے دانے سے لے کر بیس گرام تک ہوتی ہیں جو پتھریاں زیادہ بڑی ہوتی ہیں وہ مثانہ میں نمو پاتی ہیں اور اگر پیشاب میں باریک باریک ذرات خارج ہوں تو انہیں ریگ گردہ کہتے ہیں بناوٹ کے لحاظ سے اس کی تین اقسام ہوتی ہیں:

## اقسام

**(1) فاسفیٹ آف کیلشیم:**

یہ پتھری انڈے کی طرح گول زرد رنگ اور نہایت ملائم ہوتی ہے یہ مثانہ میں جمع ہوتی رہتی ہے۔

**(2) اگزالیٹ آف لائم:**

یہ پتھری کانٹے دار کھردری شکل کی اور وزن میں بھاری ہوتی ہے رنگت سیاہ ہوتی ہے اسے طبی زبان میں سنگ توتی بھی کہتے ہیں یہ ہمیشہ سرجری کے ذریعے نکلتی ہے یہ خبیث پتھری ہے۔

**(3) یورک ایسڈ سٹون:**

یہ اکثر گردوں میں بنتی ہیں کبھی زیادہ مادوں کے مرکب ہونے سے بھی بنتی ہے اس کا رنگ براؤن ہوتا ہے سائز دانہ خشخاش سے لے کر نارنگی تک ہوتا ہے اسے ادویات سے تحلیل کر

www.pdfbooksfree.pk

دیا جاتا ہے اور ریگ کی صورت میں اخراج پاجاتی ہے۔

**اسباب:**

جب جسم میں پانی کی مقدار کم ہوجائے اور خون گاڑھا ہوجائے یا جب پیشاب میں یوریٹس، فاسفیٹس یا آگزالیٹ وغیرہ اجزاء زیادہ ہوجاتے ہیں تو گردوں اور مثانے میں پتھری پیدا ہونا شروع ہوجاتی ہیں یا ریگ بننا شروع ہوجاتی ہے عموماً ناقص پانی پینے زیادہ میٹھی غذائیں کھانے یا گرمی غذائیں کھانے یا جگر و مثانہ یا گردوں کے عوارض سے یہ تکلیف ہوجاتی ہے بادی اور ثقیل غذائیں بکثرت کھانے اور نظام انہضام کے غیر موثر ہونے سے یہ عوارض پیدا ہوتے ہیں۔

**علامات:**

جب پتھری گردہ میں ہوتی ہے تو کمر میں ہلکا ہلکا درد ہوتا ہے جس سے خصیتین اور رانوں میں ٹیس پہنچتی ہیں اگر شام کے پیشاب کو بوتل میں بند رکھا جائے تو صبح دیکھنے پر بھورے یا سرخ رنگ کے ذرات یا سفید اجزاء واضح دکھائی دیتے ہیں پیشاب رک رک کر آتا ہے تکلیف ہوتی ہے اگر پتھری پیشاب کے راستے میں رک جائے تو شدید درد ہوتا ہے بعض اوقات پیشاب میں پیپ یا خون بھی خارج ہوتا ہے کبھی پہلے اور کبھی بعد میں خون یا پیپ اخراج پاتی ہے۔

بعض اوقات پتھری جب گردے میں خراش پیدا کرتی ہے تو اس سے متلی یا قے بھی آتی ہے۔ مریض کمزور ہوجاتا ہے اگر پتھری مثانہ میں ہو تو سیون اور سپاری میں درد ہوتا ہے بچے اس مرض میں پیشاب کرچکنے کے بعد رویا کرتے ہیں اور سپاری کو ہاتھ لگاتے ہیں اسی طرح جب گردے سے کوئی کنکر مثانہ کی طرف اترتی ہے تو زیادہ شدت کا درد ہوتا ہے اور مریض تڑپتا ہے پیٹ کو دباتا ہے اپنی رانوں کو پیٹ سے لگاتا ہے اور لوٹتا پوٹتا ہے۔

گردوں کا درد مردوں میں خصیتین کی طرف اور عورتوں میں زنانہ اعضائے تناسل کی طرف جاتا ہے۔

## تفرق الامراض

**نوٹ:**

درد گردہ کو پیٹ درد، درد جگر اور درد کمر سے تشخیص کرنا نہایت لازمی ہے ورنہ علاج فضول ہوگا:

(1) درد گردہ میں خون پیشاب میں شامل ہوکر آتا ہے درد کی ٹیسیں مقام گردہ سے شروع ہوکر ران کے اندر تک محسوس ہوتی ہیں یعنی مردوں میں خصیتین تک جب کہ عورتوں میں



اعضائے تناسل زنانہ تک محسوس ہوتی ہیں۔

(2) جب پیٹ میں درد ہوتا ہے تو صرف سامنے ناف کے اردگرد ہوتا ہے پیٹ درد میں پیشاب کے دوران درد نہیں ہوتا۔

(3) درد کمر شدید نہیں جس طرح درد گردہ ہوتا ہے نیز پیشاب کے دوران درد نہیں ہوتا نیز درد کمر میں درد صرف مقام کمر تک ہی مخصوص ہوتا ہے۔

(4) درد جگر دائیں جانب مقام جگر پر دبانے سے درد محسوس ہوتا ہے یا پھر اس کا اثر شدت کی صورت میں دائیں کندھے میں محسوس ہوتا ہے۔

**علاج:** درج ذیل مجربات میں سے منتخب کرکے علاج کریں۔

## 778- اکسیر پتھری

**عنایت:** جناب حکیم رام لعل درمانی صاحب وڑچھ نمک شاہ پور۔
**ھوالشافی:** جوکھار، کنکن کھار، شب یمانی، قلمی شورہ، حجرالیہود برابر وزن۔
**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو نہایت باریک کرلیجئے اور محفوظ رکھئے۔
**ترکیب استعمال:** تین ماشہ صبح، دوپہر، شام ہمراہ شربت بزوری یا کچی لسی دیجئے۔
**فائدہ:** سنگ گردہ و مثانہ کے لئے نہایت مفید ہے پتھری کو چند دنوں میں ریزہ ریزہ کرکے نکال دیتی ہے پیشاب کھل کر آتا ہے۔
**پرہیز:** کھٹی دیر ہضم اور تیل والی اشیاء سے پرہیز واجب ہے۔

## 779- اکسیر ریگ

**عنایت:** جناب حکیم قاضی امید علی صاحب رازش پور باب الاسلام سندھ۔
**ھوالشافی:** سنگ سرماہی ایک تولہ، نبات سفید ایک تولہ، پوٹاس کلورس ایک ماشہ۔
**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو نہایت باریک پوڈر بنالیجئے اور سنبھال کر رکھئے۔
**ترکیب استعمال:** تین ماشہ صبح، تین ماشہ شام ہمراہ شربت بزوری استعمال کیجئے۔
**فائدہ:** ریگ گردہ و مثانہ میں نہایت مفید اور تجربہ شدہ ہے چند دنوں میں فائدہ ہوجاتا ہے۔

## 780- اکسیر سنگ

**عنایت:** جناب حکیم محمد حسین سرہم عیسٰی صاحب مبارک منزل لاہور۔
**ھوالشافی:** قلمی شورہ آٹھ تولہ، جوکھار چار تولہ، کشتہ سنگ یہود چار تولہ، نمک مولی دو

www.pdfbooksfree.pk

نمک خربوزہ دو تولہ، قلفل گرد ایک تولہ، ریوند خطائی سہاگہ نوشادر ہر ایک تین تین ماشہ، نمک اکر ایک تولہ۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو نہایت باریک مثل پوڈر بنا کر سنبھال لیجئے۔

**ترکیب استعمال:** ایک ماشہ روزانہ صبح نہار منہ ہمراہ جوشاندہ قلت دیجئے۔

**فائدہ:** سنگ گردہ و مثانہ میں نہایت کامیاب دوا ہے اس کی کوئی ثانی نہیں۔

## 781- جوشاندہ قلت

**ھوالشافی:** بادیان تین تولہ، حب القلت چھ تولہ، مسکہ گاؤ سات تولہ، نمک سیندھا تین ماشہ، پانی ایک کلو۔

**ترکیب تیاری:** پہلے بادیان اور حب القلت کو ایک کلو پانی میں جوش دیجئے پھر چھان کر نمک اور مسکہ ملا کر رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** اکسیر سنگ ایک ماشہ اس جوشاندہ کے ساتھ علی الصبح نہار منہ دیجئے۔

**فائدہ:** پتھری اور ریگ کے لئے لاجواب بدرقہ ہے۔

## 782- پتھری توڑ

**عنایت:** جناب حکیم عبدالحفیظ صاحب پروفیسر طبیہ کالج دہلی (ہند)۔

**ھوالشافی:** سنگ یہود پانچ تولہ، قلمی شورہ دس تولہ، آب مولی تین کلو۔

**ترکیب تیاری:** ایک کوزہ گلی میں پہلے قلمی شورہ پھر سنگ یہود پھر قلمی شورہ رکھ کر اوپر آب مولی آدھ کلو ڈال دیجئے اور گل حکمت کر کے دس کلو اوپلوں میں جھونک دیجئے اور اسی طرح مزید پانچ مرتبہ کیجئے یعنی ہر عمل کل چھ مرتبہ کرنا ہے سرد ہونے پر سنبھال کر محفوظ رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** چار چاول برابر نمک مولی اور جوکھار ایک ایک رتی ملا کر ہمراہ شربت بزوری دن میں دو مرتبہ دیجئے۔

**فائدہ:** چار ریگ اور پتھری گردہ و مثانہ کے لئے نہایت مفید ہے اپریشن کی ضرورت نہیں رہتی سینکڑوں مرتبہ کا تجربہ شدہ ہے آپ بھی فائدہ اٹھایئے اور دعاؤں میں یاد رکھئے۔

## 783- اکسیر سنگ

**عنایت:** جناب حکیم قمرالدین صاحب شیش محل پارک لاہور۔

**ھوالشافی:** جنگلی سوئے کے پتے چھ ماشہ، نمک لاہور چار رتی، مرچ سیاہ پانچ دانہ، پانی آدھ پاؤ۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو پانی میں خوب گھوٹیں اور محفوظ رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** بغیر چھانے سارا پانی پلا دیجئے۔

**فائدہ:** ایسی چند خوراکوں سے پتھری ریزہ ریزہ ہو کر نکل جاتی ہے اس سے بہتر علاج پتھری کا اور کوئی نہیں مفید اور لاجواب ہے۔

**نوٹ:** یہ ایک خوراک ہے۔

## 784- سفوف پتھری پھوڑی

**عنایت:** جناب حکیم محمد منیر الدین صدیقی صاحب کھائی گیا (ہند)۔

**ھوالشافی:** قلمی شورہ، سنگ یہود، سنگ سرماہی، جوکھار، مولی کھار برابر وزن۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کا پوڈر بنالیجئے اور محفوظ رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** تین ماشہ صبح تین ماشہ شام ہمراہ شربت بزوری استعمال کیجئے۔

**فائدہ:** پتھری اور ریگ میں معمول مطب ہے۔

## 785- ستون کرش

**عنایت:** جناب حکیم محمد اسحاق شاہ صاحب سامارہ تھرپارکر باب السلام سندھ۔

**ھوالشافی:** قلمی شورہ دس تولہ، گندھک آملہ سار چھ ماشہ، مولی کھار دو تولہ، جوکھار دو تولہ۔

**ترکیب تیاری:** قلمی شورے کو کڑاہی میں ڈال کر گندھک آملہ سار کی چٹکی دیتے جایئے ختم ہونے پر زمین پر ڈال دیجئے جم جائے گی پھر تمام ادویات کو باریک پوڈر بنالیجئے اور محفوظ رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** چار رتی سے ایک ماشہ تک ہمراہ آب گرم دن میں تین مرتبہ دیجئے۔

**فائدہ:** سنگ گردہ و مثانہ میں نہایت کارآمد ہے معمول مطب مجرب نسخہ ہے۔

## 786- اکسیر سنگ

**عنایت:** جناب حکیم محمد سردار صاحب فیروز پور (ہند)۔

**ھوالشافی:** قلمی شورہ چار تولہ، قلفل سیاہ ایک تولہ۔

**ترکیب تیاری:** گرم توے پر پہلے کالی مرچ کا پوڈر بچھا دیجئے بعدہ قلمی شورہ کی تہہ لگا دیجئے جب شورہ پگھل جائے تو مٹی کے برتن میں الٹ دیجئے تاکہ جم کر سخت ہو جائے پھر پیس کر محفوظ رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** دو ماشہ ہمراہ لسی شیر گاؤ دن میں تین مرتبہ دیجئے۔

**فائدہ:** دو گھنٹے کے اندر اندر ذرے وغیرہ بغیر تکلیف کے پیشاب کے ذریعے خارج ہو جائیں گے۔

www.pdfbooksfree.pk

## 787- تریاق پتھری

**عنایت:** جناب حکیم نصراللہ ریاض صاحب گڑھا لعلیل سنگھ ملتان۔
**ہوالشافی:** سرکنڈے کے پھول ایک کلو' پانی تین کلو۔
**ترکیب تیاری:** سرکنڈے کو بوائل کیجئے جب آدھا حصہ رہ جائے تو نیچے اتار کر چھان کر سنبھال کر رکھئے۔
**ترکیب استعمال:** ایک چھٹانک جوشاندہ روزانہ صبح وشام پلائیے۔
**فائدہ:** سنگ گردہ کے لئے نہایت کارآمد ہے پیشاب کھولتا ہے پتھری کو تحلیل کرتا ہے۔

## 788- دوائے افلاطونی

**عنایت:** جناب حکیم محمد لڈو میاں صاحب عباس پور آزاد کشمیر۔
**ہوالشافی:** پوست ہلیلہ' پوست بلیلہ' آملہ' فلفل دراز ہرایک تین ماشہ گل سرخ چار ماشہ' کہربائے شمعی چار ماشہ' الائچی خورد' الائچی کلاں' ابریشم ہرایک چھ ماشہ' مروارید دو رتی مرجان' گل گاؤزبان ہرایک دو ماشہ' حجرالیہود ڈھائی تولہ' عرق گلاب سہ آتشہ پاؤ' شہد خالص پاؤ۔
**ترکیب تیاری:** پہلے حجرالیہود کو عرق گلاب میں تین دن تک کھرل کیجئے اور پھر دیگر تمام ادویات کو نہایت باریک پیس کر شہد ملا کر معجون کا قوام تیار کیجئے۔
**ترکیب استعمال:** خوراک تین ماشہ دن میں تین وقت ہمراہ آب گرم دیجئے۔
**فائدہ:** الحمدللہ عزوجل یہ نسخہ سو فیصد کامل اکسیر ہے اگر اللہ تعالیٰ جل جلالہ کا فضل شامل حال ہو تو یہ دوا ریت کو خارج کرنے کے ساتھ ساتھ پتھریوں کو توڑ کر خارج کردے گی جن امراض میں اپریشن کا فیصلہ ہوا تھا یہ نسخہ استعمال کرنے پر اپریشن کی نوبت ہی نہ آئی۔

### طغرہ

* آم کے خشک پتے بقدر چھ ماشہ صبح وشام ہمراہ پانی دیجئے پچیس دن کے استعمال سے پتھری خارج ہوجائے گی۔

## 789- اکسیر پتھرین

**عنایت:** جناب حکیم فضل احمد صاحب بدایونی دہلی (ہند)
**ہوالشافی:** سنگ یہود پانچ تولہ' قلمی شورہ دس تولہ' آب لیموں تین کلو۔
**ترکیب تیاری:** تینوں کو ایک کوزہ میں گل حکمت کرکے پانچ کلو اوپلوں کی آگ دیجئے آب لیموں آدھ کلو ہر دفعہ ڈالیں سرد ہونے پر نکال لیجئے کل چھ مرتبہ یہ عمل کیجئے اور دوا شیشی میں



سنبھال کر رکھئے۔
**ترکیب استعمال:** ایک رتی دوا میں جوکھار اور مولی کھار ایک ایک رتی ملا کر شربت بزوری سے ان میں تین مرتبہ دیجئے۔
**فائدہ:** نہایت چوٹی کا نسخہ ہے جو پتھریوں کو توڑ کر گردہ ومثانہ کو کلیئر کردیتا ہے متعدد اطباء کرام کا تصدیق شدہ اور مجرب نسخہ ہے آپ ایک مرتبہ ضرور آزمائیے اسی نسخہ کے ہوکر رہ جائیں گے!

## 790- تریاق گردہ پتھری

**عنایت:** جناب حکیم محمد احمد صدیقی صاحب راجپوتانہ (ہند)۔
**ہوالشافی:** شورکلر ایک کلو' مولی باریک شدہ ایک کلو۔
**ترکیب تیاری:** دونوں دواؤں کو ایک کوزہ میں ڈال کر کھلی جگہ رکھئے دوسرے یا تیسرے روز کوزہ کے اردگرد جو سفیدی نمودار ہو الگ کرلیجئے اسی طرح کرتے جائیں اور یہ دوا محفوظ کرلیجئے۔
**ترکیب استعمال:** چار رتی سے ایک ماشہ تک ہمراہ شربت بزوری سے دیجئے۔
**فائدہ:** انشاء اللہ عزوجل ایک ہفتہ کے استعمال سے مرض جڑ سے ختم ہوجائے گا شرطیہ نسخہ ہے۔

## 791- سنگ گردہ

**عنایت:** حکیم بڑے میاں سنیاسی گیا شہر (ہند)۔
**ہوالشافی:** ایک عدد خرگوش' بھنگڑا سفید پاؤ۔
**ترکیب تیاری:** خرگوش کو ذبح کرکے اس کا چمڑا اتار کر اس چمڑے میں بھنگڑا ڈال کر ایک کوزہ میں بند کرکے پندرہ کلو اوپلوں کی آگ دیجئے اور سرد ہونے پر نکال کر تمام راکھ سنبھال کر محفوظ رکھئے۔
**ترکیب استعمال:** تین ماشہ صبح وشام ہمراہ شربت بزوری دیجئے۔
**فائدہ:** نہایت ہی زود اثر دوا ہے۔ پتھری کے ٹکڑے ٹکڑے کرکے خارج کرتا ہے۔ مریض جاں بلب کے لئے نوید جانفزا ہے۔ ایک مرتبہ ضرور آزمائیے۔

www.pdfbooksfree.pk

# ضعف گردہ

| عربی نام | ڈاکٹری نام |
|---|---|
| ضعف الکلیہ | Albuminuria |

**تعریف مرض:**
اس بیماری میں انسانی خون سے البومن بذریعہ پیشاب خارج ہوجاتا ہے اسے البومینوریا یا ضعف گردہ کے نام سے موسوم کرتے ہیں۔

**اسباب:**
ورم گردہ بارد' کثرت مباشرت' ایسڈٹین کی حامل غذاؤں کا کثرت استعمال' مہمی امراض' شدید بخار' امراض قلب و پھیپھڑے مثلاً سل و دق وغیرہ' گھوڑ سواری کرنا' بائیسکل زیادہ چلانا' ٹھنڈی اشیاء کا کثرت استعمال' پارہ و سکہ وغیرہ کا زہریلا اثر وغیرہ' کثرت سودا کا پیدا ہونا وغیرہ اس کے اسباب ہیں۔

**علامات:**
البومن کے کثرت اخراج کے باعث خرابی خون ہوجاتی ہے جسم کمزور رنگ پھیکا ہاضمہ خراب درد سر چہرہ اداس اور مرجھایا ہوا بعض اوقات قبض تو کبھی دست کمر میں دھیما دھیما درد پیشاب کا رنگ سفید سرخی مائل اور بار بار آتا ہے' قوت مباشرت میں بھی ضعف پیدا ہوجاتا ہے وغیرہ وغیرہ۔

## 792- کشتہ ہڑتال ورقیہ

**عنایت:** جناب حکیم بابا اللہ ہو صاحب ساہیوال شہر۔
**ھوالشافی:** پوست پیپل دو کلو' ہڑتال ورقیہ ایک تولہ۔
**ترکیب تیاری:** پوست پیپل کو سفید راکھ بنالیجئے پھر ایک کڑاہی میں آدھی راکھ اوپر اور آدھی راکھ نیچے درمیان میں ہڑتال رکھ لیجئے اور چھ گھنٹے نرم آنچ دیجئے پھر سرد ہونے پر کشتہ ہڑتال خاکستری رنگ میں حاصل کیجئے اور کھرل کر کے شیشی میں محفوظ رکھئے۔
**ترکیب استعمال:** ایک رتی تا ماشہ میں یا پان میں رکھ کر روزانہ استعمال کیجئے۔
**فائدہ:** ضعف گردہ و مثانہ میں نہایت کارآمد ہے قوت مباشرت پیدا کرتا ہے درد کمر میں مفید ہے تیز امراض بارد میں اکسیر ہے۔

www.pdfbooksfree.pk



## 793- اکسیر خسک

**عنایت:** جناب حکیم محمد نواب صاحب قصور شہر۔
**ھوالشافی:** گوکھرو خشک ایک کلو' پانی گوکھرو دو کلو' سونٹھ دس تولہ۔
**ترکیب تیاری:** گوکھرو کو خوب باریک کر لیجئے پھر اس میں گوکھرو کا آب ڈال کر خشک کیجئے اور کپڑ چھان کر کے آخر میں سونٹھ پوڈر ملا کر محفوظ رکھئے۔
**ترکیب استعمال:** چھ ماشہ صبح و شام ہمراہ دودھ گرم شیریں دیجئے۔
**فائدہ:** گردہ و مثانہ کی کمزوری کو دور کرنے کے ساتھ ساتھ نعوظ لاتی ہے' نہایت کارآمد دوا ہے۔ بندہ کے مجربات سے ہے۔

### طغرے

* مغز بادام چھ ماشہ ایک پاؤ گرم دودھ میں ڈال کر پینا مفید ہے۔
* ترنجبین دو تولہ' عرق گلاب پانچ تولہ میں بھگو کر چھان کر پینا مفید الاثر ہے۔

## 794- اکسیر مقوی

**عنایت:** جناب حکیم ہنس راج صاحب گرمولہ ورکاں گوجرانوالہ۔
**ھوالشافی:** دارچینی' بہمن سفید' شقاقل مصری' تج قلمی ہر ایک دو دو تولہ' ناگرموتھا' بالچھڑ' ہیلون ہر ایک ایک تولہ' ریگ ماہی' عقرز کنجشک ہر ایک تین تولہ' مغز چلغوزہ' مغز پستہ ہر ایک دو تولہ' زعفران ایک تولہ' قند سیاہ ڈیڑھ کلو۔
**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو الگ الگ کوٹ لیجئے اور قند سیاہ کا قوام تیار کر کے بطریقہ معروف معجون تیار فرمالیجئے۔
**ترکیب استعمال:** چار ماشہ روزانہ صبح و شام نہار منہ ہمراہ دودھ شیر گاؤ دیجئے۔
**فائدہ:** تقویت باہ' ضعف گردہ' درد کمر اور نامردوں کے لئے اکسیر۔
**نوٹ:** دودھ گھی اور مرغن غذائیں لیجئے۔

## 795- نسخہ زور آور

**عنایت:** جناب حکیم ہمت رائے صاحب مڑل مدینۃ الاولیا ملتان شریف۔
**ھوالشافی:** الائچی کلاں' طباشیر' موصلی سفید' بہمن سفید' ثعلب مصری' مغز بادام' مغز پستہ' مغز خیارین' مغز خربوزہ' مغز کدو' ستاور ہر ایک دو تولہ' سمندر سوکھ' گوند سنبھل' تالمکھانہ' تخم ریحان ہر ایک تین تولہ' پوست بیخ سنبل چار تولہ' ابریشم محرق سات ماشہ' زعفران کشمیری' جند بیدستر' ست

لوبان، کشتہ بیضہ ناکیاں، کشتہ کوکب الارض، کشتہ سنگ یشب ہر ایک چھ ماشہ، زنجفر محرقہ، کشتہ زہر مہرہ، کشتہ مرجان، کشتہ عقیق، کشتہ خبث الحدید، کشتہ چاندی ہر ایک تین ماشہ، برگ قر کلاں اکبر، مدہ نبات دیسی دس تولہ۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو الگ الگ نہایت باریک مثل غبار پوڈر بنالیجئے اور پھر کھرل کر کے حفاظت سے رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** دو ماشہ سے تین ماشہ صبح و شام ہمراہ شیر گاؤ نیم گرم استعمال کیجئے۔

**فائدہ:** دافع جریان، سرعت انزال، رقت منی، ممسک اور مغلظ منی محرلون ہے چہرے کو بارونق بناتا ہے سرخ و شادابی عطا کرتا ہے ضعف گردہ و مثانہ میں اکسیر صفات کا حامل ہے مجلوق کے لئے آب حیات ہے حرارت عزیزی پیدا کرتا ہے امراء اور فقراء اور غرباء کیلئے یکساں مفید ہے۔

## 796- دوائے مثانہ

**عنایت:** جناب حکیم رام داس صاحب اونہ ہوشیار پور (ہند)

**ھوالشافی:** ست گلو، گڑمار بوٹی، مغز جامن ہر ایک ایک تولہ، کشتہ فولاد، ست سلاجیت، اجمل ہر ایک دو ماشہ، آب گلو سبز بقدر مناسب۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو آب گلو سبز میں خوب کھرل کیجئے اور حبوب چنے برابر بنالیجئے اور سنبھال کر رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** تین حب صبح اور تین حب شام ہمراہ آب تازہ دیجئے۔

**فائدہ:** ضعف مثانہ کے لئے کثرت بول میں مفید ہے شکر کی آمد کو بند کرتی ہے۔ گردہ و مثانہ کو قوت بخشتی ہے۔

## 797- کشتہ قلعی

**عنایت:** جناب حکیم پنڈت رام چند صاحب جلال آباد فیروز پور (ہند)۔

**ھوالشافی:** قلعی ایک تولہ، روغن تلخ پاؤ، سیماب تین تولہ، کرکس آدھ پاؤ۔

**ترکیب تیاری:** پہلے قلعی کو پگھلا کر روغن تلخ میں سرد کیجئے اور پھر سیماب میں چھل بند کر کے کرکس کا پوڈر بنا کر قلعی اس میں ملفوف کر کے بارہ کلو اوپلوں کی آگ دیجئے۔ سرد ہونے پر نکال کر خوب باریک پیس لیجئے اور محفوظ رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** ایک رتی مسکہ یا مکھن یا منقی میں لپیٹ کر صبح و شام دیجئے۔

**فائدہ:** اعلیٰ درجہ کی مقوی باہ و ممسک و مغلظ منی ہے تقویت گردہ و مثانہ اور کمر میں لاجواب دوا ہے۔

www.pdfbooksfree.pk



## 798- اکسیر مثانہ

**عنایت:** جناب ڈاکٹر غلام نبی نظامی صاحب جالندھر (ہند)۔

**ھوالشافی:** کشتہ سکہ ایک تولہ، کشتہ بیضہ مرغ چھ ماشہ، اسپغول چھلکا تین تولہ، کندر دو تولہ، لکنی تین تولہ، گوند کیکر، مویز منقی، برادہ ناریل ہر ایک چار تولہ، کشتہ فولاد چھ ماشہ، روغن ا

**ترکیب تیاری:** پہلے گوند کیکر اور منقی روغن میں پیس لیجئے پھر دیگر ادویات کو باریک کر کے کشتہ جات ملا کر سنبھال کر رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** ایک ماشہ صبح و شام ہمراہ دودھ شیریں نیم گرم دیجئے۔

**فائدہ:** یہ دوا کثرت پیشاب، رقت اور سرعت میں نہایت مفید ہے مثانہ کو قوت عطا کرتی ہے بول بستر میں شافی اثرات کی حامل ہے۔

## 799- اکسیر مقوی مثانہ

**عنایت:** جناب حکیم محمد اسماعیل صاحب براڑہ انبالہ (ہند)۔

**ھوالشافی:** ہلیلہ زرد، مغز کرنجوہ برابر وزن۔

**ترکیب تیاری:** دونوں کو نہایت باریک مثل غبار بنالیجئے اور محفوظ رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** دو ماشہ سے تین ماشہ صبح و شام ہمراہ آب تازہ دیجئے۔

**فائدہ:** کثرت پیشاب، ضعف مثانہ میں نہایت مفید الاثر ہے جسم کی گلٹیوں کو تحلیل کرتا ہے۔

# ذیابیطس

# (Diabetis)

**تعریف مرض:**

اس بیماری میں شکر آمیز پیشاب کثرت سے آتا ہے اور شدت کی پیاس لگتی ہے۔ جسم لاغر اور کمزور ہو جاتا ہے۔

**اسباب:**

ایسے احباب جو کثرت سے دماغی محنت کرتے ہیں اس بیماری میں جلد گرفتار ہوتے ہیں گرم اشیاء کا کثرت استعمال یا شدید گرم دواؤں کا کثرت استعمال یا جگر کے افعال میں خرابی کے باعث ہوتا ہے اکثر غدود ناقلہ کے فعل میں جب تیزی آجاتی ہے تو بالکل خون سے زیادہ

اخراج پاتا ہے جس سے کھائی گئی غذا یا شوگر یا نشاستہ یا مٹھاس وغیرہ سے بنا ہوا گلوکوز خون میں تحلیل ہو کر ہضم نہیں ہو سکتا بلکہ کچا رہ جاتا ہے۔ طبیعت مدبرہ بدن سے فالتو سمجھتے ہوئے گردوں اور مسامات کی راہ خارج کر دیتی ہے یعنی ہائی کی خون میں کمی کے باعث اغذیہ وغیرہ کا انہضام متاثر ہو جاتا ہے۔

**علامات:**

پہلے پہل شوگر کے مریض کو عموماً پیاس زیادہ لگتی ہے اور معمول سے زیادہ بار بار پیشاب بھی آتا ہے اور رات کو بھی دو یا تین مرتبہ پیشاب آتا ہے صحت دن بدن کمزور ہونا شروع ہو جاتی ہے مرض بڑھنے کے ساتھ ساتھ علامات میں شدت آ جاتی ہے پیاس میں شدت ہو جاتی ہے منہ خشک رہنے لگتا ہے منہ کا ذائقہ شیریں ہو جاتا ہے سانس میں میٹھی میٹھی بو آنے لگتی ہے بھوک کی شدت ہونے لگتی ہے بار بار کھانا کھانے کے باوجود بھوک ختم ہونے کا نام نہیں لیتی قبض ہوتی ہے ہاضمہ خراب نہیں ہوتا رطوبات کی کمی کے باعث پاخانہ کرنے میں مشکل پیش آتی ہے جسم کا درجہ حرارت کم ہونے لگتا ہے ہاتھ پاؤں سرد ہونے لگتے ہیں مگر ہتھیلیاں اور پاؤں کے تلوے جلتے اور گرم ہوتے ہیں، رفتار قلب کم ہو جاتی ہے۔ اگر مرض مزید شدت اختیار کر لے تو پیشاب میں دو سے اڑھائی فیصد شکر بڑھ جاتی ہے اور انتہائی حالتوں میں دس سے بارہ فیصد تک ہو جاتی ہے، مریض دن و رات میں سے چھ سے آٹھ کلو سے بھی زائد پیشاب کرتا ہے۔

رات کے پیشاب میں شکر کم جب کہ دن کے پیشاب میں شکر کی زیادتی ہوتی ہے پیشاب میں شکر کے علاوہ یوریا اور فاسفیٹس کا اخراج بھی بڑھ جاتا ہے مردانہ قوت کمزور ہونے لگتی ہے امساک ختم ہو جاتا ہے پیدائش منی میں کمی کے ساتھ ساتھ قوام رقیق ہو جاتا ہے اور نامردی دامن گیر ہو جاتی ہے۔ عورتوں میں حیض بند ہو جاتا ہے موتیا بند یا بینائی ناقص بعض اوقات زائل ہو جاتی ہے آخر میں تپدق وسل یا نمونیا یا کثرت اسہال یا ذیابیطسی قوما ہو کر انتقال ہو جاتا ہے۔

**نوٹ:** مریض کو نفسیاتی طور پر پریشانی یا رنج و غم فکر و تردد سے محفوظ رکھئے کیونکہ ان جذبات کے باعث مرض بڑھتا ہے۔

**علاج:**

درج ذیل مجربات میں سے منتخب فرما کر علاج کیجئے۔



## 800- اکسیر شوگر

**عنایت:** جناب حکیم محمد شاہد رضا قادری بریلی (ہند)

**ھوالشافی:** سندھور تین تولہ، پارہ ایک تولہ، سم الفار ایک تولہ۔

**ترکیب تیاری:** ایک کوزہ لے کر اس میں پہلے ایک تہہ سندھور بچھا کر اوپر سملفار باریک شدہ ڈال دیجئے پھر پارہ رکھ دیجئے اوپر باقی آدھا حصہ سملفار باریک ڈال کر اوپر باقی آدھا حصہ سندھور رکھ کر اچھی طرح کوزہ کو گل حکمت کر لیجئے اب ایک گہری کڑاہی لیجئے اس میں چار انگل تہہ ریت لگا کر اوپر کوزہ رکھ کر اوپر مزید ریت ڈال دیجئے یہاں تک کہ کوزے کے اوپر چار انگل تک موٹی تہہ لگ جائے اب کڑاہی کو آگ پر رکھئے جب ریت اتنی گرم ہو جائے کہ اس میں دانے بھن جائیں تو آگ بند کر کے سرد ہونے کا انتظار کیجئے سرد ہونے پر ساری دوا نکال کر خوب باریک پیس لیجئے۔

**ترکیب استعمال:** صرف ایک چاول مکھن میں رکھ کر کھلا دیجئے۔

**فائدہ:** انشاء اللہ عزوجل دو ہفتے کے استعمال سے بد سے بدتر حالت ذیابیطس صحت میں تبدیل ہو جائے گی ایسی دواؤں کے راز بیان کرنا ہر ایک کے بس کی بات نہیں۔

## 801- حب شوگران

**عنایت:** جناب حکیم محمد اسماعیل صاحب ہریانہ پانی پت (ہند)۔

**ھوالشافی:** کشتہ بیضہ مرغ (اکاس بیل والا) ایک تولہ، افیون ڈھائی تولہ، زعفران ڈیڑھ تولہ، کستوری خالص ایک ماشہ، کونین سلفاس ایک تولہ، جوہر ازراقی دو رتی، ورق نقرہ پچاس عدد، ورق طلاء پچاس عدد۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو نہایت باریک مثل غبار کر کے حبوب دانہ مونگ تیار کر لیجئے اور سنبھال کر رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** دو گولی صبح دو گولی شام ہمراہ سردائی دیجئے۔

**فائدہ:** یہ ذیابیطس کا لاجواب اور حتمی نسخہ ہے اکثر مریضوں پر استعمال کر کے فائدہ حاصل کیا ہے۔

## 802- سفوف شوگر

**عنایت:** جناب حکیم محمد طالب حسین بھمبھیر آزاد کشمیر۔

**ھوالشافی:** افیون ایک تولہ، کشتہ فولاد جامن والا دو تولہ، کشتہ بیضہ مرغ دو تولہ، جامن خستہ دس تولہ۔

www.pdfbooksfree.pk

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کا پوڈر بنالیجئے اور محفوظ رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** ایک ماشہ سے ڈیڑھ ماشہ ہمراہ عرق گاؤ زبان دیجئے۔

**فائدہ:** کثرت پیشاب اور ذیابیطس میں نہایت مفید ہے۔

## 803- اکسیر شوگر

**عنایت:** جناب حکیم محمد شہزاد قادری راجپوتانہ (ہند)۔

**ہوالشافی:** جائفل، لونگ، کیسر دھتورہ ہرایک ایک تولہ کشتہ فولاد جامن والا اڑھائی تولہ ازراقی مدبر ایک تولہ سلاجیت پانچ تولہ آب بھنگ بقدر مناسب۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو نہایت باریک کر کے آب بھنگ میں گوندھ کر حبوب نخودی بنا کر سنبھال لیجئے۔

**ترکیب استعمال:** دو گولی صبح دو گولی شام ہمراہ شیر گاؤ دیجئے۔

**فائدہ:** اس کے استعمال سے جسم میں طاقت پیدا ہونا شروع ہو جاتی ہے ذیابیطس کا گراف گر جاتا ہے بعض مریضوں پر حیرت انگیز نتائج برآمد ہوتے ہیں۔

## 804- ذیابیٹیز نل

**عنایت:** جناب حکیم محمد دریام بھٹی صاحب چک نمبر 228 دہاڑی ملتان۔

**ہوالشافی:** پوست بھیڑہ پاؤ، گندھک آملہ سار پاؤ، پانی آدھا کلو۔

**ترکیب تیاری:** پہلے پوست کو آدھ کلو پانی میں بھگو دیجئے اسی پانی میں رگڑ کر چھان لیجئے اور گندھک آملہ سار اس میں ملا کر خوب کھرل کیجئے یہاں تک کہ خشک ہو جائے پھر کپڑ چھان کر کے محفوظ رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** تین سے چھ ماشہ تک صبح وشام پانی کے ساتھ استعمال کیجئے۔

**فائدہ:** تمام شکایات رفع ہو کر مریض ہمیشہ کے لئے صحت مند اور تندرست وتوانا وطاقت ور ہو جائے گا ہزاروں ناامید اچھے صحت مند ہو چکے ہیں نہایت اطمینان سے استعمال کروایئے اس کے استعمال کروانے سے کاربنکل بغیر اپریشن دور ہو جاتا ہے اطباء اسی آسان نسخہ سے شہرت کی بلندیوں کو حاصل کریں۔

## 805- نسخہ فقیری

**عنایت:** جناب حکیم فقیر محمد صاحب چھانگا مانگا جنگل چوکی لاہور۔

**ہوالشافی:** تخم نیلوفر بقدر ضرورت۔

**ترکیب تیاری:** تخم سے مغز نکال کر نہایت باریک پوڈر بنا کر سنبھال لیجئے۔

www.pdfbooksfree.pk



**ترکیب استعمال:** تین ماشہ صبح وشام ہمراہ آب تازہ دیجئے۔

**فائدہ:** شکر کا آنا موقوف اور پیاس وخشکی رفع ہوتی پیشاب اصلی حالت پر آجانے کا نہایت سستا ور فقیرانہ نسخہ ہے اور بے نظیر مجرب ہے۔

## 806- دوائے ذیابیطس

**عنایت:** جناب حکیم سید ہادی علی صاحب بنارس (ہند)۔

**ہوالشافی:** گڑمار بوٹی تین پاؤ، سونٹھ پاؤ، مغز گٹھلی جامن پاؤ۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو نہایت باریک پوڈر بنالیجئے اور سنبھال کر رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** دو سے تین ماشہ صبح وشام ہمراہ آب تازہ دیجئے۔

**فائدہ:** ذیابیطس کی جملہ علامات کو دور کر کے صحت عطا کرنے کے لئے مفید ہے۔

## 807- اکسیر ذیابیطس

**عنایت:** جناب حکیم سرگیانی لالہ دھنا رام صاحب پٹیالہ (ہند)۔

**ہوالشافی:** سیماب ایک تولہ، گندھک آملہ سار ایک تولہ، شیر برگد پانچ تولہ افیون پانچ رتی۔

**ترکیب تیاری:** پہلے پارہ وگندھک کی کجلی بنالیجئے پھر دیگر ادویات ملا کر حبوب نخودی بنالیجئے اور سنبھال کر رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** صبح وشام ایک ایک گولی ہمراہ شیر گاؤ دیجئے۔

**فائدہ:** شکر کا اخراج بند ہو جاتا ہے ذیابیطس میں مفید الاثر دوا ہے۔

## 808- حب شوگر

**عنایت:** جناب حکیم احمد عثمانی صاحب الہ آباد (ہند)

**ہوالشافی:** تخم جامن ایک تولہ افیون دو ماشہ۔

**ترکیب تیاری:** دونوں دواؤں کو خوب گرینڈ کیجئے اور نخودی حبوب تیار کر کے سنبھال کر محفوظ رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** دو گولی صبح وشام ہمراہ زلال مغز پنبہ دانہ ایک تولہ دیجئے۔

**فائدہ:** پرانے سے پرانا ذیابیطس اس سے دور ہو جاتا ہے نہایت مفید دوا ہے۔

(تخریج حکیم محمد عبدالوحید عطاری)

## 809- معجون شوگر فری

**عنایت:** زبدۃ الحکماء جناب حکیم غلام رسول صاحب کالو والی منڈی بہاؤالدین۔

**ھوالشافی:** آملہ مربہ دھلا ہوا ایک پاؤ' عرق سونف 750 ملی لیٹر' مغز بادام دس تولہ' تخم کدو دس تولہ' تل سیاہ' تل سفید' مغز چرونجی' مغز ناریل' مغز کدو' مغز پستہ' خشخاش ہر ایک دس تولہ' ثمر بلوط' اقاقیا' ست گلو موصلی' گل سرخ' زراوند' خولنجان' آملہ خشک' کشنیز خشک' طباشیر' دانہ الائچی خورد' دانہ الائچی کلاں' کہربا شمعی ہر ایک ایک تولہ' مشک خالص تین ماشہ' زعفران ایک تولہ' عرق کیوڑہ' ورق طلاء تین ماشہ' ورق چاندی تین ماشہ۔

**ترکیب تیاری:** پہلے مربہ آملہ دھلا ہوا کو عرق سونف میں خوب گھوٹیں اور آگ پر ابال کچھ پھر تمام مغزیات باریک کردہ ڈال کر پھر دیگر خشک ادویات کا پوڈر ڈال کر اور آخر میں مشک زعفران عرق کیوڑہ میں کھرل کر کے ورق طلاء و چاندی بھی کھرل کر کے اچھی طرح ملا کر معجون شوگر فری بنالیجئے۔

**ترکیب استعمال:** ایک تولہ صبح وشام ہمراہ شیر گاؤ دیجئے۔

**فائدہ:** انشاء اللہ عزوجل اس کے کچھ عرصہ تک باقاعدہ استعمال کرنے سے ذیابیطس ہمیشہ ہمیشہ کے لئے ختم ہو جاتی ہے۔ خاندانی تجربہ شدہ صدری نسخہ ہے' قدر فرمایئے اور شہرت پایئے۔

## 810- تریاق شوگر

**عنایت:** جناب حکیم محمد فضل الٰہی صاحب سیالکوٹ۔

**ھوالشافی:** سفوف خستہ جامن ایک تولہ' افیون دو ماشہ' کشتہ بیضہ مرغ دو ماشہ' زعفران دو ماشہ' کشتہ فولاد دو ماشہ۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو نہایت باریک پیس کر جوب نخودی بنا کر سنبھال کر رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** ایک ایک گولی صبح وشام ہمراہ آب تازہ دیجئے۔

**فائدہ:** کثرت بول' اور جریان میں اعلیٰ درجہ کا نسخہ ہے حتیٰ کہ ذیابیطس کو کنٹرول کرتا ہے پیشاب میں شکر کا آنا موقوف ہو جاتا ہے۔ (تخریج شدہ حکیم محمد عبدالوحید عطاری)

## 811- سفوف شوگر

**عنایت:** جناب حکیم سید فرزند علی والا فیصل آباد۔

**ھوالشافی:** حشت کہنہ صدسالہ' مازو سبز' نشاستہ' تخم کاہو' گل ارمنی' تخم خرفہ سیاہ' تخم خشخاش' طباشیر' حب آلاس' اقاقیا' صمغ عربی' ست گلو موصلی سفید' اجوائن خراسانی' گل سرخ' جفت بلوط' صندل سفید ہر ایک ایک تولہ' کافور چھ ماشہ' کشتہ قلعی' کشتہ صدف ہر ایک تولہ۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو نہایت باریک پیس کر پوڈر بنالیجئے اور سنبھال کر رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** چھ ماشہ صبح وشام ہمراہ آب تازہ دیجئے۔



**فائدہ:** ذیابیطس شکری یا غیر شکری دونوں میں مجرب ہے۔

# سوزاک

# (Gonorrhoea)

## تعریف مرض:

اس میں پیشاب کی نالی (نائزہ) میں زخم ہو جاتا ہے جس سے پیپ بہنے لگتی ہے۔ اکثر زخم میں درد اور شدید جلن ہوتی ہے۔ مرض کی شدت کے باعث نائزہ میں تنگی پیدا ہو کر مرض میں مزید اضافہ ہو جاتا ہے۔ اس کے جرثومہ کو گونوریا کہتے ہیں۔

## اسباب:

سوزاک کے اسباب میں پیشاب کی نالی میں رطوبت کا اخراج بند ہونا' کثرت مباشرت' دوران حیض مباشرت کا فعل سرانجام دینا' گرم وخشک اغذیہ کا کثرت استعمال یا ادویہ گرم شدید کا کثرت استعمال' اغلام بازی' جلق' تیزابی ادویات وغذاؤں کا کثرت استعمال' زناکاری اس مرض کا خاص سبب ہے۔ دوران حمل کی رطوبت مثلاً لیکوریا وغیرہ کے اثر سے بھی سوزاک ہو جاتا ہے۔ مرد یا عورت کے اندر سوزاک کی مادہ منتقل ہونا اس سے بھی سوزاک پروان چڑھتا ہے۔

شدید گرم اغذیہ مثلاً گرم مصالحہ جات' تیل و ترشی' اچار' چٹنی' شراب خوری' کثرت گوشت خوری وغیرہ رطوبات کو روک کر پیشاب کی نالی میں سوزش پیدا کر دیتی ہیں۔

بعض اوقات ریگ مثانہ یا پتھری مثانہ یا کنکریوں کے اٹکنے کے باعث نالی میں سوزش ہو جاتی ہے۔ کثرت احتلام وغیرہ' بازاری عورتوں سے مباشرت وغیرہ سے بھی مرض سوزاک پیدا ہو جاتا ہے۔

## علامات:

مرض لگنے کے تین یا چار دن سے لے کر بعض اوقات آٹھ یا دس دن میں علامات کا اظہار ہونا شروع ہو جاتا ہے۔ پیشاب کی نالی میں سخت سوجن اور سرخی پیدا ہو جاتی ہے۔ خراش و جلن میں اس قدر اضافہ ہو جاتا ہے کہ مریض تڑپ اٹھتا ہے۔ پیشاب میں شدید جلن اور سخت درد ہوتا ہے۔ پیشاب کے سوراخ سے سرخی مائل زرد پیپ خارج ہونے لگتی ہے۔ پانچ یا چھ دن میں مرض میں شدت آ جاتی ہے' جلن اور درد میں اضافہ ہو جاتا ہے اور پیپ گاڑھی آنے لگتی ہے۔ بعض اوقات اس قدر جلن ہوتی ہے کہ معمولی کپڑا بھی چھو جائے تو مریض تڑپ اٹھتا ہے۔

www.pdfbooksfree.pk

مریض پاؤں پھیلا کر چلتا ہے، چہرہ پریشان حال ہوتا ہے۔

نوٹ: اگر علاج توجہ سے نہ کیا جائے تو قرحہ پیدا ہو جاتا ہے اور مزمن حالت اختیار کر جاتا ہے یعنی سوزاک کا مادہ خون میں سرایت کر جاتا ہے اور وجود پر پھنسی پھوڑے نکلنے لگتے ہیں۔

**نبض کی ایک حالت:**

اس مرض میں نبض باریک اور آری کے دندانوں کی مانند انگلیاں قدرے دبانے سے معلوم ہوتی ہے اور نبض میں سرعت یقینی ہوتی ہے۔ خصوصاً دونوں ہاتھوں کی آخری انگلی پر قرع شدید ہوتی ہے۔

**علاج:** حسب ضرورت نسخہ جات میں سے تجویز فرما کر علاج کیجئے۔

## 812- اکسیر سوزاک

**عنایت:** جناب شفاء الملک حکیم دلبر حسین خان صاحب پٹیالہ (ہند)۔

**ھوالشافی:** دانہ الائچی کلاں، ست بیروزہ، کباب چینی، طباشیر، کبوذ ہر ایک ایک تولہ، کوزہ مصری، روغن صندل ہر ایک چار تولہ۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو نہایت باریک پیس لیجئے اور بعد میں روغن صندل ڈال کر سنبھال کر رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** دو ماشہ صبح و شام ہمراہ دودھ خام دیجئے۔

**فائدہ:** سوزاک میں مفید الاثر دوا ہے۔

## 813- سوزک

**عنایت:** جناب شمس الحکماء حکیم شیر محمد صاحب بابا لکالہ ضلع فیصل آباد۔

**ھوالشافی:** لوبان کوڈیہ ایک تولہ، روغن صندل ایک تولہ۔

**ترکیب تیاری:** لوبان کو نہایت باریک کر کے روغن ڈال کر یک جان کر لیجئے۔

**ترکیب استعمال:** یہ صرف ایک خوراک ہے ہمراہ شیر گاؤ ایک پاؤ دیجئے۔

**فائدہ:** پہلی خوراک ہی سے پیپ جلن خارج وغیرہ کو آرام آ جائے گا۔

**نوٹ:** دوا کھانے کے آدھ گھنٹے بعد آٹھ تولہ گھی گرم کر کے پلا دیجئے اور مزید تین گھنٹے تک پانی نہ دیجئے۔ صرف چار یوم تک روزانہ ایک خوراک دیجئے۔



## 814- تریاق سوزاک

**عنایت:** جناب حکیم سید عبدالقادر شاہ بخاری تونسوی صاحب جی شریف شاہ پور۔

**ھوالشافی:** سکہ ایک تولہ، قلمی شورہ دو تولہ۔

**ترکیب تیاری:** سکہ کو کڑاہی میں ڈال کر آگ پر رکھئے گرم ہونے پر قلمی شورہ کی چٹکی دیتے رہئے اور نیم کی لکڑی سے ہلاتے رہئے جب شورہ ختم ہو جائے تو کڑاہی اُتار کر باریک پیس لیجئے اور کپڑ چھان کر کے سنبھال لیجئے۔

**ترکیب استعمال:** ایک رتی ہمراہ دودھ کی لسی صبح و شام دیجئے۔

**فائدہ:** سوزاک نیا ہو یا پرانا دونوں کے لئے نہایت جید الاثر دوا ہے۔

## 815- تریاق سوزاک

**عنایت:** جناب حکیم لالہ سری رام صاحب کائیں نور انبالہ (ہند)۔

**ھوالشافی:** چوب چینی، ریوند چینی، کباب چینی، دارچینی، دانہ الائچی خورد، پھلی کیکر، ست سلاجیت، ست بروزہ، مصطگی رومی، بورہ صندل سفید، قلمی شورہ، جوکھار، کشتہ قلعی ہر ایک ایک تولہ، روغن صندل اعلیٰ درجہ دو تولہ۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو نہایت باریک کر لیجئے اور روغن صندل میں چرب کر کے سنبھال کر رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** تین ماشہ صبح تین ماشہ شام ہمراہ شیر تازہ دیجئے۔

**فائدہ:** سوزاک کے لئے تیر بہدف ہے چند خوراکوں سے پیپ ریشہ بند ہو کر حیض اور درد میں سکون ہو جاتا ہے۔

## 816- سوسی

**عنایت:** جناب حکیم گوری لعل صاحب گوراگڑ اندور (ہند)۔

**ھوالشافی:** سلاجیت، لوبان سفید، بیروزہ سفید، موصلی سفید آملہ، کشتہ قلعی ہر ایک ایک تولہ، نبات سفید پانچ تولہ۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو نہایت باریک پوڈر بنا کر سنبھال کر رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** تین ماشہ صبح و شام ہمراہ دودھ گائے دیجئے۔

**فائدہ:** سوزاک نیا ہو یا پرانا از حد مفید ہے۔

www.pdfbooksfree.pk

## 817- اکسیر سوزاک

**عنایت:** جناب حکیم مرید سلطان صاحب گولڑہ شریف اسلام آباد۔
**ھوالشافی:** ہلدی خام پانچ کلو شیر گاؤ سات کلوگرام۔
**ترکیب تیاری:** ہلدی کو دودھ میں ڈال دیجئے اور یہاں تک رکھئے کہ دودھ خشک ہوجائے پھر بذریعہ پتال جنتر روغن کشید کیجئے اس روغن کو سنبھال کر محفوظ رکھئے۔
**ترکیب استعمال:** دو سے تین بوند صبح وشام ہمراہ دودھ دیجئے۔
**فائدہ:** نہایت مفید تجربہ شدہ دوا ہے سوزاک کو جڑ سے اکھاڑ کر پھینک دیتی ہے۔

## 818- دوائے سوزاک

**عنایت:** جناب حکیم سید غلام مصطفیٰ شاہ صاحب پوش درگاہ ہیولا۔
**ھوالشافی:** (1) توتیا اخضر چار ماشہ' کافور چار ماشہ' الائچی خورد نو ماشہ' پلاس پاپڑہ' کرہ ہرایک نو ماشہ
(2) کھتہ' پلاس پاپڑہ' کباب چینی' قلمی شورہ' الائچی خورد ہرایک ایک تولہ' کوزہ مصری چار تولہ۔
**ترکیب تیاری:** نمبر1 ادویات کو ایک بوتل 750 ملی لیٹر میں ڈال کر ایک مکمل دن دھوپ میں رکھئے بعدہ اس کا زلال سنبھال کر رکھئے۔
نمبر2 ادویات کو باریک پوڈر بنا کر سنبھال کر رکھئے۔
**ترکیب استعمال:** نمبر1 ادویات کو بطور پچکاری احلیل میں کیجئے۔
نمبر2 ادویات کو نو ماشہ صبح' دوپہر' شام ہمراہ شیر گاؤ آب ملا سے دیجئے۔
**فائدہ:** سوزاک کہنہ میں جید الاثر لاجواب دوا ہے سوزش وجلن کے ساتھ ساتھ درد بھی رفع ہوکر سکون ملتا ہے۔

## 819- سفوف سین

**عنایت:** جناب حکیم پنڈت دیوراج صاحب پٹیالہ (ہند)۔
**ھوالشافی:** انبہ ہلدی پانچ تولہ' نبات سفید سات تولہ' حجر الیہود ایک تولہ۔
**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو نہایت باریک پیس لیجئے اور سنبھال کر رکھئے۔
**ترکیب استعمال:** چار ماشہ صبح وشام ہمراہ شیر گاؤ آدھ کلو دیجئے۔
**فائدہ:** یہ پوڈر نیا یا پرانا سوزاک ختم کرنے میں بے حد مفید ہے اور تجربہ شدہ ہے۔

www.pdfbooksfree.pk



## 820- روغن زندگی

**عنایت:** جناب حکیم میراں بخش صاحب ڈیرہ اسماعیل خان۔
**ھوالشافی:** بیروزہ ایک پاؤ' کافور دس تولہ' ریت خالص چھ تولہ' شہد دو تولہ' توتیا سبز ایک رتی۔
**ترکیب تیاری:** سب ادویات کو ملا کر ڈول جنتر کے ذریعے تیل نکال لیجئے اور حفاظت سے رکھئے۔
**ترکیب استعمال:** ایک ماشہ عرق بادیان کیساتھ صبح وشام دیجئے۔
**فائدہ:** جدید وقدیم سوزاک کے لئے نہایت مفید الاثر دوا ہے۔

## 821- اکسیر سوزاک

**عنایت:** جناب حکیم احمد علی صاحب نارووال سیالکوٹ۔
**ھوالشافی:** سرب ڈلی ایک تولہ' گندھک آملہ سار ایک تولہ۔
**ترکیب تیاری:** سرب کو کڑاہی میں ڈال کر آگ پر رکھئے پگھل جانے پر گندھک باریک پوڈر بنا کر چٹکی دیتے رہئے جب خاک ہوجائے تو تیار ہے۔
**ترکیب استعمال:** دو رتی دوا بیری کے پتے میں لپیٹ کر صبح وشام دے دیجئے۔
**فائدہ:** نئے و پرانے سوزاک کے لئے نہایت مفید الاثر دوا ہے۔

## 822- سوزاک آف

**عنایت:** جناب حکیم و ڈاکٹر دوست محمد صابر ملتانی صاحب غوث پور۔مدینۃ الاولیاء ملتان شریف۔
**ھوالشافی:** کشتہ سنگجراحت کنوار گندل والا' جوہر لوبان' ست کبابہ' ست صندل ہرایک ایک تولہ' نیلا تھوتھا کافوری چھ ماشہ' ست بیروزہ دو تولہ۔
**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو نہایت باریک پوڈر بنالیجئے اور سنبھال کر رکھئے۔
**ترکیب استعمال:** تین رتی سے پانچ رتی دن میں تین مرتبہ ہمراہ لسی خام سے دیجئے۔
**فائدہ:** اس کی پہلی خوراک ہی سے سوزاک میں فائدہ ہوتا ہوا محسوس کریں گے اس سے بہتر نسخہ ملنا بہت مشکل ہے لاجواب دوا ہے۔

## 823- دوائے رحمت

**عنایت:** حاذق الحکماء جناب حکیم خورشید عالم صاحب سرگودھا شہر۔

**ھوالشافی:** ست گلوت سلاجیت' ست اسپغول' کشتہ قلعی' الائچی خورد' تالمکھانہ' بھکمان ہم
اصل السوس' صندل سرخ' بہمن سرخ' بہمن سفید' طباشیر ہر ایک ایک تولہ' ست بیروزہ سات تولہ
چینی سفید برابر وزن۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو نہایت باریک مثل غبار پوڈر بنا لیجئے اور محفوظ رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** نو ماشہ صبح شام ہمراہ شیر گاؤ شیریں دیجئے۔

**فائدہ:** جریان' احتلام' رقت منی' درد کمر' تھکان' سوزاک وغیرہ میں نہایت مفید دوا ہے۔

## 824- سفوف اعلیٰ

**عنایت:** جناب حکیم و ڈاکٹر نصیر الدین اندرون موچی دروازہ لاہور۔

**ھوالشافی:** زرد چوب چار تولہ' آملہ مقشر چار تولہ' نبات سفید آٹھ تولہ۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو نہایت باریک پیس لیجئے اور سنبھال کر محفوظ رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** سات ماشہ صبح و شام ہمراہ آب سادہ دیجئے۔

**فائدہ:** پرانے سوزاک کے لئے اکسیر ہے۔

## 825- حب سوزو

**عنایت:** جناب حکیم نذیر احمد صاحب فزیشن طبیہ کالج لاہور۔

**ھوالشافی:** کباب چینی' تخم خرفہ' طباشیر' الائچی خورد' بیروزہ' سلاجیت' رال سفید' روغن صندل برابر وزن۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو نہایت باریک کرکے روغن ملا کر حبوب نخودی تیار کر لیجئے۔

**ترکیب استعمال:** ایک گولی صبح' دوپہر' شام ہمراہ شربت صندل دیجئے۔

**فائدہ:** معمول مطب دوا ہے عرصہ پندرہ سال سے زیر استعمال ہے ہمیشہ کامیابی ہوتی ہے درد اور پیپ تو پہلے دن ہی ختم ہو جاتی ہے۔ کورس ڈیڑھ ہفتہ۔

## 826- حب سازو

**عنایت:** جناب حکیم سید محمود شاہ صاحب گونڈاپور شمالی ارکاٹ (ہند)۔

**ھوالشافی:** سرد چینی' طباشیر' قلمی شورہ' زبدۃ البحر' ہر ایک چھ ماشہ' الائچی خورد' زیرہ سفید ہر ایک ایک تولہ' گندھک آملہ سار نو ماشہ' سیماب مصفیٰ دو ماشہ' ورق نقرہ تین ماشہ' بیروزہ تین تولہ' روغن بیروزہ ایک تولہ' روغن صندل سفید ایک تولہ۔

**ترکیب تیاری:** پہلے تمام خشک ادویات کو باریک کر لیجئے پھر روغنیات ملا کر حبوب مثل اہو

www.pdfbooksfree.pk



بنا کر سنبھال کر رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** دو گولی صبح و شام ہمراہ شیر گاؤ دیجئے۔

**فائدہ:** سوزاک نیا ہو یا پرانا ہر لحاظ سے مفید و لاجواب دوا ہے۔

## 827- دوائے سکون

**عنایت:** جناب حکیم ابو سعید محمد عبداللطیف صاحب کمالگراں مدینۃ الاولیاء ملتان شریف۔

**ھوالشافی:** ست بیروزہ' خسلو چن' دانہ ہیل خورد' دانہ ہیل کلاں' کباب چینی ہر ایک چھ ماشہ' کوزہ مصری دو تولہ' روغن صندل ایک تولہ۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو نہایت باریک مثل پوڈر بنا کر محفوظ رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** تین ماشہ صبح تین ماشہ شام ہمراہ شیر گاؤ دیجئے۔

**فائدہ:** نئے اور پرانے دونوں قسم کے سوزاک کے لئے لاجواب دوا ہے۔

## 828- دوائے سوزاک

**عنایت:** جناب حکیم خدا بخش عطار صاحب بھوانہ جھنگ۔

**ھوالشافی:** (1) گندھک آملہ سار' منسل' صدف صادق' سم الفار ہر ایک دو تولہ' قلمی شورہ چار تولہ' چونہ قلمی سولہ تولہ' گودہ کنوار گندل بقدر ضرورت۔

(2) گل ارمنی' رال سفید' کباب چینی' دانہ الائچی خورد' دانہ الائچی کلاں' قلمی شورہ' شب یمانی کتھ ہر ایک دو تولہ' طباشیر' گیرو' بیروزہ ہر ایک ایک تولہ۔

**ترکیب تیاری:** دوا نمبر 1 تمام ادویات کو ایک دن کامل گودہ کنوار گندل میں خوب کھرل کرکے گل حکمت کرکے آٹھ کلو اوپلوں کی آگ دیجئے' سرد ہونے پر باریک پیس کر شیشی میں حفاظت سے رکھئے۔

دوا نمبر 2 تمام ادویات کو نہایت باریک پوڈر بنا کر سنبھال کر رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** دوا نمبر 1 روزانہ صبح نہار منہ ایک رتی ہمراہ مکھن دیجئے۔

دوا نمبر 2 روزانہ شام تین ماشہ ہمراہ لسی خام دیجئے۔

**فائدہ:** سوزاک کے لئے مجرب اور لاجواب دوا ہے چند دنوں میں ہی سوزاک کو جڑ سے ختم کر دیتی ہے۔

## 829- شب یمانی پلز

**عنایت:** جناب حکیم حبیب احمد صاحب بشمبر سہارنپور (ہند)۔

**ھوالشافی:** پھٹکڑی ایک تولہ' قلمی شورہ ایک تولہ' دانہ الائچی خورد ایک تولہ' کوزہ مصری چار

تولہ۔

**ترکیب تیاری:** پہلی دونوں دواؤں کو گل حکمت کر کے تین کلو اوپلوں میں پھونک دیجئے جل بتاشہ پھول جائے گی باریک کر کے دیگر ادویات ڈال کر پوڈر تیار فرمالیجے۔

**ترکیب استعمال:** ایک ماشہ صبح و شام ہمراہ لسی خام دیجئے یا شدت مرض میں دن میں تین وقت ہمراہ لسی دے دیجئے۔

**فائدہ:** سوزاک کے لئے لاثانی دوا ہے پہلے دن ہی پیپ ریشہ بند ہوجائے گا اور درد میں سکون ہوجائے گا۔

## 830- حب عزیز

**عنایت:** جناب حکیم غلام حیدر صاحب سکھر دارالاسلام سندھ۔

**ھوالشافی:** مرداسنگ ایک تولہ' قند سیاہ کہنہ دو تولہ۔

**ترکیب تیاری:** دونوں دواؤں کو باریک پیس کر حب نخودی تیار کر لیجے۔

**ترکیب استعمال:** دو گولی صبح و شام ہمراہ مناسب بدرقہ دیجئے۔

**فائدہ:** سوزاک کے لئے لاجواب دوا ہے۔

## 831- دوائے سوزن

**عنایت:** جناب حکیم نواب الدین صاحب رسول پور شیخوپورہ۔

**ھوالشافی:** گندہ بیروزہ مصفی دو تولہ' نخود بریاں ایک تولہ' بخ سنکھا ہولی پانچ تولہ' کنجراحت کا گنج' کھتہ سفید' گل ارمنی' زیرہ سفید' جوکھار' سرد چینی ہر ایک تین ماشہ' رال چھ ماشہ' سرمہ سفید ایک تولہ' سنگ سرماہی سات ماشہ' گل درخت سفیدہ سو عدد' قلمی شورہ' سمندر سوکھ' گوند کتیرا ہر ایک سات ماشہ' روغن صندل' روغن کباب چینی ہر ایک بیس تولہ' روغن گندہ بیروزہ سو بوند۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو نہایت باریک پیس لیجے اور روغنیات ملا کر سنبھال کر رکھے۔

**ترکیب استعمال:** ایک ماشہ صبح و شام ہمراہ شربت بزوری دیجئے۔

**فائدہ:** سوزاک قرحہ پیپ کے لئے لاجواب دوا ہے پشت در پشت صدری و خاندانی نسخہ ہے۔

## 832- کشتہ نیلا تھوتھا

**عنایت:** جناب حکیم بشیر احمد صاحب ہانسی حصار (ہند)۔

**ھوالشافی:** کافور دس تولہ' طوطیا سبز دو تولہ۔

**ترکیب تیاری:** کافور کے درمیان طوطیا رکھ کر گل حکمت کر کے چار کلو اوپلوں کی آگ دیجئے



سرد ہونے پر باریک کر لیجے۔

**ترکیب استعمال:** دو چاول ہمراہ السکہ صبح و شام دیجئے۔

**فائدہ:** سوزاک کہنہ کے لئے شرطیہ حکمی دوا ہے نیز ہر قسم کی بواسیر میں شرطیہ علاج ہے۔

## 833- اکسیر سوزاک

**عنایت:** جناب حکیم قاضی محفوظ الدین صاحب قصبہ سہنہ گوزگالوہ۔

**ھوالشافی:** ست بیروزہ' دانہ الائچی خورد' طباشیر' سرد چینی' آرد نخود بریاں' کھتہ سفید' روغن صندل سفید' ہم وزن۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو باریک کر کے روغن ملا کر سنبھال کر حفاظت سے رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** تین ماشہ صبح و شام ہمراہ شربت بزوری اور شربت صندل سے دیجئے۔

**فائدہ:** نئے سوزاک کے لئے نہایت مفید دوا ہے۔

## 834- تریاق سوزاک

**عنایت:** جناب حکیم مظفر حسین سری گوبند پورہ جموں و کشمیر۔

**ھوالشافی:** زخم حیات چھ ماشہ' تخم خربزہ سات ماشہ' خارخسک سات ماشہ۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو پانی میں سردائی کی طرح گھوٹیں۔

**ترکیب استعمال:** صبح و شام پلا دیا کریں جب کہ یہ صرف ایک خوراک ہے۔

**فائدہ:** پیشاب کی جلن' سوزش درد کافور ہوجائے گا سوزاک ختم ہوجائے گا۔ متواتر چار ہفتے استعمال کریں۔

## 835- اکسیر سوزاک

**عنایت:** جناب حکیم غلام رسول صاحب ملکوال گجرات۔

**ھوالشافی:** پھٹکڑی سفید بارہ تولہ' بیروزہ بارہ تولہ۔

**ترکیب تیاری:** دونوں دواؤں کو باریک کر کے گل حکمت کر کے رات کو تنور میں رکھئے صبح نکال کر باریک کر لیجے۔

**ترکیب استعمال:** ایک ماشہ صبح' دوپہر' شام ہمراہ لسی خام دیجئے۔

**فائدہ:** نئے اور پرانے سوزاک کے لئے مفید دوا ہے قرحہ کے لئے ہمراہ خیساندہ بادام سے دیجئے گا۔

www.pdfbooksfree.pk

## 836- دوائے صندل

**عنایت:** جناب حکیم محمد یوسف صاحب سنگھوئی جہلم۔

**ھوالشافی:** مصطگی رومی' الائچی خورد' بیروزہ خشک' ہرایک دو تولہ' روغن صندل ڈیڑھ تولہ۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو باریک کرکے روغن ملا لیجئے اور سنبھال کر رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** ایک ماشہ سے دو ماشہ صبح شام ہمراہ آب تازہ سے دیجئے۔

**فائدہ:** سوزاک ہر قسم میں مفید الاثر دوا ہے۔

## 837- دافع سوزاک

**عنایت:** جناب حکیم پیارے لال صاحب اگروال سیالکوٹ۔

**ھوالشافی:** سنگجراحت اڑھائی تولہ' شب یمانی شگفتہ بیس تولہ' گیرو اٹھارہ ماشہ' سندھور اٹھارہ ماشہ' گل مدار بیس تولہ۔

**ترکیب تیاری:** پہلے سنگ جراحت کو گل مدار میں گل حکمت کرکے پندرہ کلو اوپلوں کی آگ دیجئے سرد ہونے پر نکال کر دیگر ادویات ڈال کر کھرل کیجئے اور مثل غبار تیار کرکے سنبھال کر رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** چار رتی صبح وشام مکھن یا ملائی میں لپیٹ کر دیجئے۔

**فائدہ:** انشاء اللہ عزوجل قرحہ چند روز میں مندمل ہوجائے گا پیپ وغیرہ ختم ہوکر سوزاک کا نام ونشان تک نہ رہے گا سینکڑوں مرتبہ کا تجربہ شدہ نسخہ ہے۔

## 838- شورہ پلز

**عنایت:** جناب حکیم نتھو لال صاحب ہری بھون لودھیانہ۔

**ھوالشافی:** دانہ الائچی کلاں' قلمی شورہ برابر وزن۔

**ترکیب تیاری:** دونوں دواؤں کو خوب کھرل کیجئے اور سنبھال کر رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** نو ماشہ صبح وشام ہمراہ آب خالص دیجئے۔

**فائدہ:** سوزاک کے تمام نسخہ جات کا سرتاج نسخہ ہے۔

## 839- دوائے خاص برائے سوزاک

**عنایت:** جناب حکیم سالک رام صاحب پونڈری کرنال (ہند)۔

**ھوالشافی:** ست بیروزہ دو تولہ' کتھہ سفید دو تولہ' سہاگہ شگفتہ تین ماشہ' مصطگی رومی ایک تو

www.pdfbooksfree.pk



کانچ ایک تولہ' طباشیر ایک تولہ۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کا باریک پوڈر بنا کر حفاظت سے رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** تین ماشہ صبح وشام ہمراہ شربت نیلوفر دیجئے۔

**فائدہ:** سوزاک جدید میں مفید دوا ہے۔

## 840- دوائے سازون

**عنایت:** جناب حکیم زکی الدین صاحب ویلور شمالی ارکاٹ۔

**ھوالشافی:** خرمہرہ سوختہ' ہزاردانی' سنگ جراحت' بیروزہ' موم سفید' ہم وزن۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو نہایت باریک مثل پوڈر بنالیجئے۔

**ترکیب استعمال:** تین ماشہ صبح وشام ہمراہ شربت فالسہ دیجئے۔

**فائدہ:** سوزاک نیا ہو یا پرانا اعلیٰ درجہ کا اکسیری زوردار نسخہ ہے' قرحہ کو ختم کرتا ہے۔

## 841- سوزاکولین

**عنایت:** جناب حکیم ندیم اختر صاحب اوکاڑہ چھاؤنی۔

**ھوالشافی:** لوبان کوڑیہ دو تولہ' پھلی کیکر خام ایک تولہ' روغن صندل بقدر ضرورت۔

**ترکیب تیاری:** پہلی دونوں ادویات کو نہایت باریک پیس لیجئے اور روغن سے حبوب نخودی بنا کر رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** ایک گولی صبح ایک شام ہمراہ لسی خام یا شربت نیلوفر دیجئے۔

**فائدہ:** انشاء اللہ عزوجل سوزاک کا مریض جلد صحت یاب ہوجائے گا۔

## 842- سفوف آرام

**عنایت:** جناب حکیم محمد سلیم صاحب میر پور آزاد کشمیر۔

**ھوالشافی:** کافور دیسی' سنگ جراحت' ریوند چینی' قلمی شورہ' طباشیر' شب یمانی شگفتہ۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو نہایت باریک پیس لیجئے اور حفاظت سے رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** ایک ماشہ صبح ایک ماشہ شام ہمراہ دودھ کی لسی یا شربت بزوری سے استعمال کیجئے۔

**فائدہ:** دوا کے چند دنوں کے استعمال سے سوزاک جڑ سے ختم ہوجاتا ہے پہلے دن ہی پیپ اور درد بند ہوجاتا ہے ہر لحاظ سے مریض آرام محسوس کرتا ہے بڑی پایا کی دوائی ہے۔

## 843- سازولین

عنایت: جناب حکیم محمد عزمان نقشبندی پٹیالہ (ہند)۔

ہوالشافی: طباشیر پانچ تولہ' دانہ الائچی خورد پانچ تولہ' کتیرا دو تولہ' موصلی سفید [illegible] خشک چھ تولہ' دم الاخوین دو تولہ' گل ارمنی دو تولہ' رب السوس' گل مختوم' گل انار' [illegible] مغز چہار' ریوند چینی ہرایک دو تولہ' لوبان سفید سلاجیت' ست بروزہ' کشتہ قلعی در بھنگ ہرایک [illegible] تولہ' روغن صندل خالص بارہ تولہ۔

ترکیب تیاری: تمام ادویات کو نہایت باریک مثل غبار پوڈر بنالیجئے آخر میں روغن صندل [illegible] کر محفوظ رکھیں۔

ترکیب استعمال: چار ماشہ صبح وشام ہمراہ شربت صندل یا شربت بزوری دیجئے۔

فائدہ: پرانے سے پرانا سوزاک اور زخم وغیرہ کو چند یوم میں نیست و نابود کردیتا ہے بے مثال لاثانی دوا ہے تجربہ کرکے رب عزوجل کی عنایات کا مظہر ملاحظہ فرمائیے۔

## 844- دوائے سوزاکی

عنایت: جناب حکیم کرم داد خان پشاور شہر۔

ہوالشافی: سرمہ سفید دو تولہ' سنگ جراحت دو تولہ' سنگ یہود ایک تولہ' رس گھیکوار [illegible] رس ہرن کھری دس تولہ' بھاتل دس تولہ

ترکیب تیاری: تمام ادویات کو آب گھیکوار میں کھرل کرکے ٹکیہ بنا کر کوزہ میں بند کرکے گل حکمت کرلیجئے پھر دس کلو اوپلوں کی آگ دیجئے پھر اسی طرح آب ہری کھری میں کھرل کرکے آگ دیجئے پھر اسی طرح آب بھاتل بوٹی دس تولہ میں کھرل کرکے گل حکمت کرکے دس کلو اوپلوں کی آگ دیجئے نہایت نفیس دوا برآمد ہوگی پیس کر سنبھال کر رکھئے۔

ترکیب استعمال: ایک رتی سے دو رتی ہمراہ لسی خام سے دن میں تین مرتبہ دیجئے۔

فائدہ: سوزاک' قرحہ سوزاک' سنگریزہ' مثانہ و گردہ میں اعلیٰ درجہ کی بے مثال دوا ہے۔

## 845- کھتہ پلز

عنایت: جناب حکیم محمد طاہر صاحب ساہیوال۔

ہوالشافی: کھتہ سفید ایک تولہ' پوست ریٹھا ایک تولہ' خارخسک ایک تولہ' زیرہ سفید ایک [illegible] کشتہ صدف ایک تولہ' آب کیلا ایک پاؤ۔

ترکیب تیاری: تمام ادویات کو آب کیلا میں خوب کھرل کیجئے یہاں تک کہ آب کیلا [illegible] ہوجائے پھر حب نخودی تیار کرلیجئے۔

www.pdfbooksfree.pk



ترکیب استعمال: دو سے تین گولی صبح' دوپہر' شام ہمراہ لسی خام دیجئے۔

فائدہ: ہر قسم کا سوزاک ختم ہوجائے گا۔

## 846- دوائے سنیاسی

عنایت: جناب حکیم گرونا تھ سنگھ سنیاسی الہ آباد (ہند)۔

ہوالشافی: سینگ گائے' سینگ بھینس ہرایک دس تولہ' روئی سنبل بقدر ضرورت۔

ترکیب تیاری: تمام ادویات کو روئی سنبل میں لپیٹ کر روغن سرسوں میں تر کرکے آگ لگا کر راکھ کو باریک پیس کر سرمہ بنالیجئے۔

ترکیب استعمال: دونوں آنکھوں میں ایک یا تین تین سلائی لگایئے۔

فائدہ: انشاء اللہ عزوجل ایک ہفتہ کے استعمال سے سوزاک پرانا ہو یا نیا ہمیشہ کے لئے دم دبا کر بھاگ جائے گا۔

# سلسل البول/ بے ارادہ پیشاب نکل جانا

## (Incontinence of Urine)

### تعریف مرض:

اس بیماری میں مثانہ میں پیشاب روکنے کی قوت کمزور پڑجاتی ہے۔

### اسباب:

پیشاب کے بلا ارادہ خارج ہونے کے اسباب میں کمزوری مثانہ یا خراش مثانہ' مثانہ کا ڈھیلا ہو جانا' جنرل کمزوری یا فالج ہوتا ہے بچوں میں پیٹ کے کیڑے' کانچ نکلنا وغیرہ بھی اسباب ہیں عموماً زیادہ عمر والے احباب کو یہ عارضہ ہوتا ہے ذیابیطس اور مزاج کا سرد ہونا یا سخت سردی کے موسم میں بھی یہ تکلیف ہوجاتی ہے۔

### علامات:

پیشاب بلا ارادہ قطرہ قطرہ خارج ہوتا رہتا ہے مریض سویا ہوا ہو یا جاگ رہا ہو پیشاب جتنا گردوں سے آتا ہے اتنا ہی خارج ہوجاتا ہے بس مریض کو ایسے محسوس ہوتا ہے کہ اس کے کپڑے بھیگ رہے ہیں۔

**علاج:**

درج ذیل مجربات میں سے منتخب فرما کر علاج کریں۔

## 847- دوائے ازراقی

**عنایت:** مسیح الملک جناب حکیم شمس الدین صاحب جوکنانوالی گجرات۔

**ھوالشافی:** ازراقی مدبر، گوگل، مغز نیم ہم وزن۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو خوب باریک کر کے نخودی حبوب تیار کر لیجے۔

**ترکیب استعمال:** ایک گولی صبح و شام ہمراہ شیر گاؤ دیجئے۔

**فائدہ:** مقوی باہ، سلسل البول، بواسیر ریحی وغیرہ میں مفید الاثر دوا ہے۔

## 848- حب شالی

**عنایت:** جناب حکیم زبیر احمد صاحب بکھروی شاہ پور۔

**ھوالشافی:** فلفل سیاہ دو ماشہ، زنجبیل تین ماشہ، کندر، سعد کوفی، جفت بلوط، قسط شیریں، مصطگی رومی، فلفل دراز ہر ایک پانچ ماشہ، شہد خالص سات ماشہ۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو نہایت باریک کر کے شہد میں ملا کر حبوب بنا لیجے۔

**ترکیب استعمال:** چھ ماشہ صبح، شام ہمراہ شیر گاؤ دیجئے۔

**فائدہ:** سلسل البول، قبض، گیس وغیرہ میں مفید ہے۔

## 849- سفوف درباری

**عنایت:** جناب حکیم رام لعل صاحب شاہ پور۔

**ھوالشافی:** تل سفید پانچ تولہ، سفید سپاری، خولنجاں، سیوس اسپغول ہر ایک اڑھائی تولہ۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو نہایت باریک پوڈر بنا لیجئے اور محفوظ رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** تین ماشہ صبح و شام ہمراہ آب تازہ دیجئے۔

**فائدہ:** زیادتی پیشاب اور سلسل البول کے مریضوں کے لئے خصوصیت سے فائدہ مند ہے۔

## 850- اکسیر مقدم

**عنایت:** جناب حکیم محفوظ عالم قریشی صاحب کوٹلور شاہ آباد۔

**ھوالشافی:** گلنار فارسی، مصطگی رومی، طباشیر ہر ایک تین تولہ، ثعلب مصری، تخم خشخاش، زرنباد، کندر، جفت بلوط ہر ایک چار تولہ، شکر سفید برابر وزن۔



**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو نہایت باریک کر لیجے اور سنبھال کر رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** پانچ ماشہ صبح و شام ہمراہ آب تازہ دیجئے۔

**فائدہ:** سرعت انزال کثرت البول سلسل البول میں میزائل بہدف ہے

## 851- اکسیر سلسل البول

**عنایت:** جناب حکیم امام الدین صاحب کپورتھلہ (ہند)۔

**ھوالشافی:** کافور دو تولہ، طباشیر ایک تولہ، شنگرف رومی ایک تولہ۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو نہایت باریک پیس لیجے اور پانی کی مدد سے نخودی گولیاں تیار کر لیجے۔

**ترکیب استعمال:** ایک گولی صبح ایک شام ہمراہ آب تازہ دیجئے۔

**فائدہ:** جو مریض ضبط پیشاب کی ہمت نہیں رکھتا اس کے لئے ایک نعمت نسخہ ہے جو سلسل البول کو جڑ سے ختم کر دیتا ہے۔

## 852- جامع النفع

**عنایت:** جناب حکیم شیخ غلام رسول صاحب گولڑہ شریف اسلام آباد۔

**ھوالشافی:** گڑ پرانا دس تولہ، روغن گاؤ دس تولہ، سفوف ڈیلا دس تولہ۔

**ترکیب تیاری:** پہلے دونوں جزو کو آگ پر رکھ کر پت پکا لیجے پھر پوڈر ڈال کر خوب ملا لیں اور سنبھال کر رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** روزانہ رات سوتے وقت دو تولہ کھا لیا کیجئے۔

**فائدہ:** انشاء اللہ عزوجل تین دن کے استعمال سے سلسل البول کا خاتمہ ہو جائے گا کئی مریضوں پر تجربہ شدہ ہے۔

## 853- حب مثانہ

**عنایت:** جناب حکیم رنجیت سنگھ مظفر نگر بازار نواب گنج۔

**ھوالشافی:** گندھک آملہ سار ایک تولہ، پارہ ایک تولہ، کھتہ سفید چھ ماشہ، قرنفل چھ ماشہ۔

**ترکیب تیاری:** پہلے گندھک و پارہ کی کجلی تیار کر لیجے پھر دیگر ادویات باریک کر کے ملا لیجے پھر زردی بیضہ سے حبوب ایک رتی برابر بنا لیجے۔

**ترکیب استعمال:** ایک گولی رات سوتے وقت تازہ پانی سے دیجئے۔

**فائدہ:** سلسل البول اور تقطیر البول کے لئے نہایت فائدہ مند ہے۔

نسخہ نمبر 793 ملاحظہ فرمائیے۔

www.pdfbooksfree.pk

## 854- معجون ماسک البول

**عنایت:** جناب حکیم محمد ارشاد صاحب لال حویلی راولپنڈی۔

**ھوالشافی:** ہلیلہ سیاہ، پوست بلیلہ کابلی (بریاں روغن گاؤ)، کھتہ سفید ہر ایک نو تولہ، تخم بلوط دو تولہ، کندر دو تولہ، ثعلب مصری ساڑھے چار تولہ، کہربا شمعی چھ تولہ، حب الآس سولہ تولہ، مویز منقی اکیس تولہ، عرق گلاب بقدر مناسب کشتہ بیضہ مرغ دو تولہ۔

**ترکیب تیاری:** تمام خشک ادویات کو باریک پوڈر بنالیجئے پھر عرق گلاب میں گوندھ کر بطریقہ معروف معجون تیار کرلیجئے۔

**ترکیب استعمال:** سات ماشہ صبح وشام ہمراہ شربت صندل کے ہمراہ دیجئے۔

**فائدہ:** بستر پر پیشاب نکل جانا، قطرہ قطرہ آنا، بلا ارادہ آنا، سلسل البول، منی سیلان وذی سیلان کے لئے نہایت مفید ہے۔

# بول الدم/ خونی پیشاب

## (Haemeturia)

### تعریف مرض:

اس بیماری میں پیشاب میں خون آتا ہے کبھی بجائے پیشاب کے خالص خون بھی آتا ہے۔

### اسباب:

بعض اوقات گردوں میں پتھریوں کے باعث زخم ہوکر خون آنے لگتا ہے بعض اوقات گردوں کے مقام پر چوٹ لگنے سے بھی خون آتا ہے بعض اوقات بواسیری خون بند ہونے سے بھی گردوں سے خون آنے لگتا ہے حیض کا خون بند ہونے پر بھی پیشاب میں خون آنے لگتا ہے نہایت خشک ادویات واغذیہ کا کثرت استعمال بھی اخراج خون کا سبب بنتا ہے مثلاً شنگرف اور ازراقی وغیرہ۔

### علامات:

اگر گردوں اور مثانہ میں معمولی زخم ہوں تو پیشاب کیساتھ خون مل کر آتا ہے لیکن اگر زخم بڑے اور گہرے ہوں تو پیشاب سے پہلے خون آتا ہے یا بعد میں زیادہ مقدار میں خون آتا ہے

www.pdfbooksfree.pk



بعض اوقات خون زیادہ مقدار میں جمع ہوکر حاجت کا احساس پیدا کرتا ہے جس پر خالص خون ہی اخراج پاتا ہے۔

### خون کہاں سے آرہا ہے؟

- اگر مثانے سے آئے تو پیشاب میں مل کر آتا ہے۔
- اگر گردوں سے آئے تو خون کے منجمد ٹکڑے پائے جاتے ہیں اور گردوں کے مقام پر درد لازمی ہوتا ہے۔
- جب خون غدہ نخامیہ سے آتا ہے تو پیشاب کرنے سے پہلے آتا ہے عضو تناسل میں ہیجان محسوس ہوتا ہے اور مقدار میں بہت کم آتا ہے۔
- اگر خون احلیل سے آئے تو بغیر پیشاب کے ہی خارج ہوتا رہتا ہے۔

### علاج:

حسب ضرورت نسخہ جات میں سے تجویز فرما کر علاج کیجئے۔

## 855- خیساندہ خاص

**عنایت:** جناب حکیم محمد اشفاق صاحب شاہدرہ لاہور۔

**ھوالشافی:** گل سرخ دو تولہ، گل بنفشہ ایک تولہ، زیرہ سفید ایک تولہ، کوزہ مصری بقدر مناسب۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو ایک کلو پانی میں بھگو دیجئے صبح مل چھان کر کوزہ مصری بقدر مناسب ڈال کر سنبھال کر رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** ایک کپ چھوٹا صبح، دوپہر، شام پلادیجئے۔

**فائدہ:** پیشاب کے راستے خون بند کرنے میں زود اثر دوا ہے انشاء اللہ عزوجل آٹھ دن میں کلی صحت نصیب ہوجائے گی۔

**پرہیز:** گوشت، گرم مصالح جات، سرخ مرچ وغیرہ سے پرہیز ضروری ہے۔

## 856- اکسیر حابس الدم

**عنایت:** جناب حکیم غلام یسین صاحب دنیا پوری دنیا پور ملتان۔

**ھوالشافی:** دم الاخوین، سنگ جراحت، پھٹکڑی، کہربا شمعی ہر ایک دس دس گرام۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو نہایت باریک مثل پوڈر بنالیجئے اور سنبھال کر رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** ایک ایک ماشہ صبح، دوپہر، شام ہمراہ شربت انجبار دیجئے۔

**فائدہ:** انشاء اللہ عزوجل پہلی خوراک ہی سے خون آنا موقوف ہوجائے گا چند دنوں میں مرض نابود ہوجائے گا۔

# متفرق نسخہ جات

## 857- اکسیر حبس البول

**عنایت:** جناب حکیم جیون داس صاحب جھنگ شہر۔

**ھوالشافی:** ریوند چینی ایک تولہ' شیرہ خارخسک' شیرہ خیارین' شیرہ تخم خربزہ' شیرہ تخم کاہنی ہرایک ایک تولہ' شربت بزوری تین تولہ۔

**ترکیب تیاری:** ریوند چینی کو الگ باریک کرلیجئے دیگر شیرجات شربت بزوری میں ملا کر رکھیے۔

**ترکیب استعمال:** پہلے ایک تولہ ریوند چینی کا پوڈر کھا کر اوپر سے دیگر مرکب شربت پلادیجئے۔

**فائدہ:** جب کسی دوا سے پیشاب نہ کھل رہا ہو تو اس وقت اس دوا کی ایک خوراک ہی کافی ہے۔

## حرقت البول

نسخہ نمبر 701 ملاحظہ فرمائیے۔



باب 20:

# ناک کے امراض

**ماہیت:**

ناک قوت شامہ کا خاص آلہ ہے۔ یہ چہرے کے عین درمیان بالائی لب کے اوپر مثلث شکل میں واقع ہے اس کے دو حصے ہوتے ہیں:

(1) بیرونی حصہ

(2) اندرونی حصہ

ناک میں دو سوراخ ہوتے ہیں انہیں نتھنے کہتے ہیں۔ ان کے درمیان ایک دیوار ہوتی ہے نتھنوں کی اندرونی جانب بال ہوتے ہیں جبکہ بیرونی سطح صاف ہوتی ہے ناک کے نتھنوں کے اندرونی جانب ایک جھلی ہوتی ہے جس سے ہلکی ہلکی رطوبت مترشح ہوتی رہتی ہے جو ناک کو تر رکھتی ہے ناک میں تین ہڈیاں ہوتی ہیں اور پانچ کریاں (نرم ہڈیاں) ہوتی ہیں۔

ناک کا ایک سوراخ باہر جب کہ دوسرا اندر حلق میں کھلتا ہے جب انسان کوئی چیز کھا نہیں سکتا تو غذا محلول کی صورت میں بذریعہ نالی اسی اندرونی راستے سے معدے میں پہنچائی جاتی ہے۔ نالی کی اندرونی سطح میں جو لعاب دار جھلی ہوتی ہے اس میں ریشے ہوتے ہیں جو ناک کے عصب شامہ کے ساتھ تعلق رکھتے ہیں جو سونگھنے اور پرکھنے میں معاونت کرتے ہیں۔

# نکسیر / رعاف

## (Epistaxis)

**تعریف مرض:**

ناک کے راستے کبھی ایک طرف تو کبھی دونوں طرف سے خون آنے کو نکسیر کہتے ہیں۔

**اسباب:**

دماغ میں خون کا اجتماع' ناک یا سر پر چوٹ لگنا' خون شدید صفراوی یا دموی بخار' سانپ کا ڈسنا' حیض کی بندش' بواسیری خون کی رکاوٹ' سرسام شدید' دموی مزاج یا سوداوی مزاج میں یا موسم گرما میں اکثر نکسیر پھوٹ جاتی ہے۔

www.pdfbooksfree.pk

**علامات:**
کبھی ایک تو کبھی دونوں نتھنوں سے قطرہ قطرہ تو کبھی دھار باندھ کر خون خارج ہوتا ہے کبھی کچھ وقت کے بعد نکسیر یعنی خون آنا بند ہوجاتا ہے تو کبھی دیر تک مسلسل جاری رہتا ہے اگر نکسیر کا سبب کثرت خون دماغ ہو تو نکسیر سے پہلے سر میں بوجھ یا ہلکا درد محسوس ہوتا ہے پھر عام حالت سے زائد خون کا اخراج ہوتا ہے کبھی کبھی خشکی کے باعث ناک کھجانے سے یا ہلکی خارش سے بھی نکسیر پھوٹ پڑتی ہے جو قطرہ قطرہ کی صورت میں ہوتی ہے۔

**علاج:**
حسب ضرورت نسخہ جات میں سے دوا تجویز فرما کر علاج کیجئے۔

## 858- اکسیر نوزو

**عنایت:** جناب حکیم پنڈت ارجن دیو شرما صاحب بلوٹ شریف ڈیرہ اسماعیل خان۔
**ہوالشافی:** دال نخود چھ ماشہ، شیر گاؤ تین تولہ، شکر سرخ چھ ماشہ۔
**ترکیب تیاری:** روزانہ رات دال کو دودھ میں ڈال دیجئے صبح دال کو گھوٹ کر شکر ملا کر تیار کیجئے۔
**ترکیب استعمال:** صبح نہار منہ اس دوا کو مزے مزے سے چاٹیں۔
**فائدہ:** نکسیر بند ہوجائے گی اگر دو دن استعمال کریں تو ایک سال نکسیر نہ ہو اگر دس یوم استعمال کریں تو پانچ سال تک نکسیر نہ ہو اگر بیس دن استعمال کریں تو انیس سال تک نکسیر نہ ہوگی انشاء اللہ عزوجل تجربہ شدہ میزائل بہدف دوا ہے۔

## 859- دوائے نکسیر

**عنایت:** جناب حکیم غلام محمد صاحب بڑانہ جھنگ۔
**ہوالشافی:** مردار سنگ پاؤ۔
**ترکیب تیاری:** نہایت باریک کر کے بوتل میں سنبھال کر رکھئے۔
**ترکیب استعمال:** بطور نسوار استعمال کیجئے۔
**فائدہ:** نکسیر کے لئے سو فیصد لاثانی مجرب المجرب دوا ہے۔

## 860- بلڈ کیئر

**عنایت:** جناب حکیم ہیرا لال صاحب کوٹہ راجپوتانہ (ہند)۔
**ہوالشافی:** جدید دور میں مختلف گروپس کے خون۔

www.pdfbooksfree.pk



**ترکیب تیاری:** ہر گروپ کے خون کو ایک مٹی کے برتن میں خشک کر کے سنبھال کر رکھئے۔
**ترکیب استعمال:** جس گروپ کا خون ہوگا اسی گروپ والے کو بطور نسوار دیجئے۔
**فائدہ:** صرف ایک مرتبہ کے استعمال سے ہمیشہ کے لئے نکسیر آنا بند ہوجائے نہایت مفید تجربہ شدہ ہے۔ (تخریج حکیم محمد عبدالوحید عطاری)

## 861- رعافی

**عنایت:** جناب حکیم رحیم بخش صاحب پاک دروازہ مدینۃ الاولیاء ملتان شریف۔
**ہوالشافی:** شب یمانی شگفتہ پاؤ، آب کیلا آدھ کلو، بال شتر دو تولہ۔
**ترکیب تیاری:** پہلے شب یمانی کو آب کیلا میں خشک کیجئے پھر بال شتر جلا کر اس میں شامل کر کے محفوظ رکھئے۔
**ترکیب استعمال:** بطور نسوار چند مرتبہ استعمال کیجئے۔
**فائدہ:** نکسیر والے کو پہلے ہی دن آرام آجاتا ہے لاجواب دوا ہے۔

## 862- ضماد نکسیر

**عنایت:** جناب حکیم ارشد صاحب پروفیسر طبیہ کالج لاہور۔
**ہوالشافی:** ملتانی مٹی ایک تولہ، برادہ صندل سفید تین ماشہ، دھنیا خشک تین ماشہ، کافور ایک ماشہ۔
**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو عرق گلاب میں نہایت باریک پیس کر رکھئے۔
**ترکیب استعمال:** تالو کے مقام سے بالوں کو دور کر کے لیپ کیجئے اوپر کھدر کے کپڑے کی گدی رکھ دیجئے اور پانی سے تر کر دیا کریں۔
**فائدہ:** نکسیر کو بند کرنے میں بے مثل ضماد ہے تجربہ شدہ ہے۔

## 863- دوائے نکسیر

**عنایت:** جناب حکیم محمد شفیع صاحب خانیوال مدینۃ الاولیاء ملتان شریف۔
**ہوالشافی:** کتھہ سفید، پھٹکری شگفتہ، کاغذ سوختہ برابر وزن۔
**ترکیب تیاری:** تینوں کو ملا کر سنبھال کر رکھئے۔
**ترکیب استعمال:** بطور نسوار استعمال کیجئے۔
**فائدہ:** نکسیر میں نہایت لاجواب ہے خواہ پرنالے کی طرح خون آرہا ہو فوراً بند ہوجائے گا۔

## طغرے

* پھٹکری کو عرق گلاب میں پیس کر دو دو قطرے ناک میں ٹپکانے سے فوراً نکسیر رک جاتی ہے جادو کی دوا ہے لازمی آزمائیے۔
* ملتانی مٹی کا تالو پر ضماد کرنا یا پیشانی پر ضماد کرنا نکسیر بند کرنے میں اپنی مثال آپ ہے۔
* تخم ریحان چھ ماشہ ہمراہ لسی خام استعمال کیجئے چند روز کے استعمال سے نکسیر جو کسی دوا سے نہ جاتی ہو ہمیشہ ہمیشہ کے لئے بند ہو جائے گی۔
* جو شریف کے ستو شکر میں ملا کر روزانہ استعمال کیجئے پانچ روز کا استعمال ساری عمر کے لئے سکون نصیب ہوگا۔

# سونگھنے کی قوت زائل ہونا

اگر سونگھنے کی قوت زائل ہو جائے تو یہ نسخہ استعمال کیجئے:

## 864- اکسیر قوت شافہ

**عنایت:** جناب حکیم عبدالرحیم صاحب رنچھوڑ لائن کراچی۔

**ھوالشافی:** پوست سہانجنہ بقدر ضرورت۔

**ترکیب تیاری:** اس چھال کو سایہ میں خشک کر کے باریک پیس لیجئے اور سنبھال کر رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** چھ ماشہ صبح و شام گائے کے دودھ کے ساتھ استعمال کیجئے۔

**فائدہ:** اس کے استعمال سے قوت شامہ لوٹ آتی ہے نہایت مفید تجربہ شدہ ہے۔

## پینس

اس مرض میں ناک سے چھیچھڑے نکلتے ہیں بدبودار رطوبات کا اخراج اور کبھی کیڑے بھی نکلتے ہیں۔

## چند نسخہ جات

## 865- اکسیر پینس

**عنایت:** جناب حکیم محمد عیسیٰ صاحب جعفرآباد بی بلوچستان۔

**ھوالشافی:** کباب چینی چھ ماشہ، الائچی خورد چھ ماشہ، روغن کنجد ایک تولہ۔



**ترکیب تیاری:** پہلی دونوں ادویات کو نہایت باریک پیس لیجئے اور روغن کنجد میں ملا کر کریم سی بنا کر سنبھال کر رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** روزانہ دن میں تین مرتبہ ناک میں لگائیے۔

**فائدہ:** تمام کیڑے خارج ہو جائیں گے بدبو ناک ختم ہو جائے گی مجرب ہے۔

## 866- دافع کیڑے ناک

**عنایت:** جناب منظور حسین سنیاسی صاحب چلتا پھرتا (ہند)۔

**ھوالشافی:** کتے کی کھوپڑی کی ہڈی پاؤ، مشک کافور ایک تولہ۔

**ترکیب تیاری:** کتے کی ہڈیوں کو جلا کر راکھ بنا لیجئے اور کافور ملا کر دونوں کو نسوار کی طرح باریک کر لیجئے۔

**ترکیب استعمال:** ذرا سی نسوار لے کر سانس کے ذریعے اوپر چڑھائیں۔

**فائدہ:** ایک گھنٹے کے اندر اندر تمام کیڑے خود بخود خارج ہو جائیں گے نہایت لاجواب نسخہ ہے جو ایک سنیاسی صاحب نے محبت سے عطا فرمایا۔

## طغرہ

* نیازبو کے پتوں کا رس دو قطرے ناک میں ٹپکائیے تمام کیڑے مرجائیں گے اور خارج ہو جائیں گے۔

www.pdfbooksfree.pk

باب 21:

# مردانہ پوشیدہ امراض

اکثر امراض مردانہ بچپن کی نادانیوں کے باعث جنم لیتی ہیں یہ امراض مردوں اور عورتوں میں ملتے ہیں مگر مردوں میں کثرت سے پائے جاتے ہیں چھوٹی عمر میں (مادہ منویہ) منی جیسی نہایت ہی قیمتی سرمایہ فضول سمجھ کر بازاری عورتوں کی قربت جلق و اغلام بازی میں بے دریغ ضائع کر کے مصنوعی لذت حاصل کی جاتی ہے چند لمحات کی یہ لذت مستقبل کے خوفناک امراض کا سبب بنتی ہے بعض اوقات معشوق کی غیر موجودگی میں اس کا خیالی تصور جما کر دماغ کے شہوانی مرکز میں تحریک پیدا کر کے یا معشوق کے جنسی اعضاء کو تصورات میں سمیٹ کر اس مرکز میں تحریک پیدا کر کے انتشار اور پھر انزال سے لذت اور سرور حاصل کیا جاتا ہے یہ عموماً مشت زنی (ہاتھ سے انزال)، اغلام بازی (مرد کے ذریعے انزال) یا حیوانات سے فعل بد کے ذریعے مقصد حاصل کیا جاتا ہے۔

دوسرے الفاظ میں بندہ اپنے آپ کو خود دھوکہ دیتا ہے اور آخر کار دماغ اور اعصاب دھوکہ کھانے سے انکار کر دیتے ہیں یعنی پھر ایک وقت آتا ہے کہ ان خیالات سے سرور اور لذت نہیں ملتی تو دماغ نئی نئی ترکیبیں سوچتا اور ایجاد کرتا ہے اسی تذبذب میں دماغ کند ہو جاتا ہے اور دغدغہ بنانے سے انکار کر دیتا ہے شہوانی مرکز میں بھی ضعف پیدا ہو جاتا ہے حتیٰ کہ امساک اور انتشار مفقود ہو کر ملاپ کی فطری لذت سے محروم ہو کر غیر فطری جنسی لذت حاصل کرنے والا اپنے آپ کو زندہ درگور سمجھنے لگ جاتا ہے بے شمار امراض جنم لیتے ہیں انسان کمزوریوں کا منبع نظر آتا ہے یعنی وقتی لذت طویل غم کا باعث بنتی ہے۔ لذت ختم ہو جاتی ہے مگر گناہ رہ جاتا ہے۔

## جریان / اسپرمے ٹوریا

## (Spermatorrioea)

جریان کے معنی کسی رقیق مواد کا بہنا ہے اصطلاح طب میں منی کے بغیر ارادہ بلا ضرورت کے بہنے کو جریان کہتے ہیں۔

ماہیت:

اسپرمے ٹوریا دو یونانی الفاظ کا مرکب ہے اسپرم کے معنی تخم یا بیج کے ہیں جب کہ ٹوریا

www.pdfbooksfree.pk



کے معنی "بہنا" ہے چونکہ منی جسم انسانی کے لئے تخم کی حیثیت رکھتی ہے اسی لئے اسے جریان منی کہتے ہیں دیہاتی احباب اسے دھات کے نام سے موسوم کرتے ہیں عموماً منی کا اخراج بوقت مباشرت ہوتا ہے اسے انزال کہتے ہیں چونکہ جریان کی صورت میں منی بغیر مباشرت بغیر ارادہ اور اکثر بغیر انتشار ہی کے اخراج پا جاتی ہے بلکہ بہہ جاتی ہے لہٰذا اسے سیلان بھی کہتے ہیں۔ حضرت عیسیٰ علیہ السلام سے تقریباً چھ سو سال پہلے حکیم بقراط گزرے ہیں آپ کی یعنی حکیم بقراط کی کتب میں بھی جریان کا ذکر آیا ہے۔

اسباب:

کثرت مباشرت، جلق، شہوت انگیز باتیں کرنا یا نظارے کرنا یا مناظر دیکھنا کمزوری خزانہ منی، کثرت منی وغیرہ تر چیزیں اور سرد چیزوں کا کثرت استعمال یا بلغم پیدا کرنے والی چیزوں کا کثرت استعمال جریان کے اسباب ہیں۔

علامات:

مرض جریان عموماً پیشاب و پاخانہ اور جذبات کی شدت کے وقت ہوتا ہے جب مرض میں شدت ہوتی ہے اعضائے جنسی زیادہ ذکی الحس ہو جاتے ہیں تو پاجامہ وغیرہ کی رگڑ یا خوبصورت لڑکی یا صرف تصور ہی سے اخراج ہو جاتا ہے جب کچھ عرصہ اسی حالت میں بیت جاتا ہے تو ضعف و نقاہت پیدا ہو جاتی ہے جسمانی کمزوری، دماغی کمزوری، خیالات کا منتشر رہنا، پنڈلیوں میں ہلکا ہلکا درد ہونا، صبح جاگنے میں تکلیف یعنی سستی ہونا، کثرت سے بھول جانا، سر کا بوجھل رہنا، سانس پھول جانا، کسی کام میں دل نہ لگنا، قوت ارادی کمزور پڑ جاتی ہے، سر میں بوجھ بسا اوقات درد محسوس ہوتا ہے، کمر و پشت اور پیٹ و سینہ میں اکثر عصبی درد رہتا ہے ہاضمہ خراب اور ڈکاریں آتی ہیں، ڈراؤنی خوابیں آتی ہیں، رنگت زرد سیاہی مائل ہو جاتی ہے خصیتین میں کبھی کبھی ہلکا پھلکا درد ہوتا ہے پاؤں کے تلوں میں جلن، قوت باہ کمزور پڑ جاتی ہے، دائمی دردسر، سر چکرانا، ضعف بصارت، مرگی، خصیوں، ضعف ہضم حتیٰ کہ سل و دق تک نوبت پہنچ جاتی ہے۔

علاج:

حسب ضرورت نسخہ جات میں سے دوا تجویز فرما کر علاج کیجئے۔

### 867- حب شباب

**عنایت:** استاد الاطباء جناب حکیم غلام رسول بکھر شاہ پور۔

**ھوالشافی:** برادہ چاندی تین ماشہ، سیماب نو ماشہ، کشتہ بیضہ مرغ ستائیس ماشہ، شیر برگد بقدر مناسب۔

**ترکیب تیاری:** پہلے برادہ اور سیماب خوب کھرل کیجئے یہاں تک کہ گرد بن جائے پھر گوند تھوڑا تھوڑا ڈالتے جائیں اور کھرل کرتے جائیں یہاں تک کہ تمام کشتہ کھرل میں جذب ہوجائے پھر شیر مدار ڈال کر حبوب نخودی بنالیجئے۔

**ترکیب استعمال:** شہد پانچ تولہ' گھی پانچ تولہ' زردی بیضہ مرغ ایک عدد' چھلکا اسپغول چھ ماشہ' دودھ پاؤ پہلے ایک گولی کھا کر چھلکا منہ میں ڈال کر پھر دیگر آمیزہ شدہ پی لیجئے۔

**فائدہ:** سرعت انزال' احتلام' جریان' ضعف باہ کے لئے نہایت مفید دوا ہے۔

## 868- جریانین

**عنایت:** زبدۃ الحکماء جناب حکیم محمد الیاس خان صاحب پروفیسر طبیہ کالج دہلی (ہند)۔

**ھوالشافی:** فلفل دراز' الائچی خرد' گندھک آملہ سار' کشتہ سکہ' جند بیدستر ہرایک ایک تولہ' شہد بقدر ضرورت۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو نہایت باریک کر لیجئے اور شہد کی مدد سے نخودی گولیاں بنا کر سنبھال لیجئے۔

**ترکیب استعمال:** دو گولی روزانہ بوقت صبح ہمراہ شیر گاؤ دیجئے۔

**فائدہ:** جریان کے لئے اکسیر الاثر دوا ہے آزمایئے اور فائدہ اٹھایئے۔

## 869- جرنو

**عنایت:** زبدۃ الحکماء جناب حکیم غلام محی الدین صاحب ڈھڈی تھل جہلم۔

**ھوالشافی:** تج' تالمکھانہ' کرکس' موچرس' بیج بند' عقرقرحا' گوند کتیرا' الائچی خورد' طباشیر' تم سرپالہ' موصلی سفید' موصلی سیاہ' موصلی سنبل' بہمن سرخ' بہمن سفید' تودری سرخ' تودری سفید ہرایک تین تولہ' تخم ریحان دس تولہ' گل انار چالیس تولہ' ثعلب مصری چھ تولہ' شربت خشخاش چار کلو۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو نہایت باریک پوڈر بنا کر شربت میں بطریقہ معروف ملا کر تیار کرلیجئے۔

**ترکیب استعمال:** صبح وشام چھ چھ ماشہ ہمراہ شیر گاؤ آدھا کلو کھلا دیجئے۔

**فائدہ:** جریان واحتلام کے لئے نہایت مفید ہے منی کو صالح اور بکثرت پیدا کرتا ہے اعضائے رئیسہ کو طاقت عطا کرتا ہے۔

## 870- جریانی

**عنایت:** جناب حکیم سید واجد حسین صاحب اکبرآبادی اندوراسٹیٹ (ہند)۔

www.pdfbooksfree.pk



**ھوالشافی:** پوست بیضہ مرغ ایک تولہ' سیماب دو تولہ' نبات سفید دو تولہ۔

**ترکیب تیاری:** پہلے پوست بیضہ مرغ کو ایک گھڑی کامل کھرل کیجئے پھر پارہ ڈال کر ایک دن رات کامل کھرل کیجئے پھر نبات سفید کی چٹکی چٹکی ڈال کر خوب کھرل کیجئے تاکہ پارہ نابود ہوجائے تیار ہے۔

**ترکیب استعمال:** ایک چھ ماشہ ہمراہ مکھن صبح کھلا دیجئے۔

**فائدہ:** جریان کے لئے نہایت کامیاب ہے ممسک ومقوی ہے۔

**پرہیز:** گرم وترش چیزوں سے پرہیز لازمی ہے۔

## 871- اکسیر جریان

**عنایت:** جناب حکیم ابوالحسن محمد احسان الحق صاحب پروفیسر طبیہ کالج امرتسر (ہند)۔

**ھوالشافی:** طباشیر' اصل السوس' تالمکھانہ' پکھان بید' دانہ الائچی سفید' کشتہ قلعی' ست سلاجیت' صندل سفید ہرایک دس تولہ' شکرتری' کشتہ سکہ ہرایک چھ تولہ۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو نہایت باریک کھرل کرلیجئے اور پوڈر سنبھال کر رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** چھ ماشہ صبح وشام ہمراہ شیر گاؤ دیجئے۔

**فائدہ:** جریان وغیرہ میں نہایت کامیاب بھروسہ کی دوا ہے۔

## 872- حب عنبر خاص

**عنایت:** حاذق الحکماء جناب حکیم رفیق احمد صاحب کلکتہ (ہند)۔

**ھوالشافی:** مصطگی رومی' قرنفل' جند بیدستر ہرایک ایک تولہ' عنبر اشہب دو تولہ' ثعلب مصری' خولنجاں' پنیر مایہ' سترا عرابی ہرایک تین تین تولہ' ایکسٹریکٹ ڈامیانہ ایک اونس' ایکسٹریکٹ نکس وامیکا چھ ماشہ' فرائی سلفاس ایک تولہ۔

**ترکیب تیاری:** پہلے عنبر کو روغن بلسان چار تولہ میں پگھلائیں پھر دیگر ادویات کو نہایت باریک کرکے شامل فرمالیجئے اور نخودی حبوب تیار کرلیجئے۔

**ترکیب استعمال:** ایک گولی صبح ایک شام ہمراہ شیر گاؤ دیجئے۔

**فائدہ:** جریان' سرعت انزال' رقت منی کے لئے نہایت اعلیٰ تجربہ شدہ دوا ہے۔

## 873- تریاق جریان

**عنایت:** جناب حکیم سید عماد الحسن شاہ صاحب کانپور شہر۔

**ھوالشافی:** نخود بریاں' اصل السوس مقشر' طباشیر' بیخ گل عباسی کہنہ برابر وزن۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو نہایت باریک کرلیجئے اور سنبھال کر رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** ایک تولہ شہد پانی میں ملا کر اس سے تین ماشہ دوا صبح وشام لیجئے۔
**فائدہ:** جریان نیا ہو یا پرانا کے لئے بے مثال دوا ہے۔

## 874- سیماب پلز

**عنایت:** جناب حکیم ابوظفر محمد عبدالخالق صاحب راولپنڈی۔
**ہوالشافی:** قلعی ایک تولہ، سیماب چھ ماشہ، بیش مدبر تین ماشہ، فلفل ابیض دو تولہ۔
**ترکیب تیاری:** قلعی کو پہلے پگھلائیں پھر سیماب ڈال کر خوب کھرل کیجئے پھر دیگر دوائیں ملا کر خوب زوردار ہاتھوں سے کھرل کیجئے اور سنبھال کر محفوظ رکھئے۔
**ترکیب استعمال:** دو چاول سے تین چاول ہمراہ ملائی دیجئے مرض کی نوعیت کو ملحوظ رکھتے ہوئے دن میں دو مرتبہ بھی دے سکتے ہیں۔
**فائدہ:** جریان کے لئے خصوصیت سے مفید ہے۔

## 875- جرنول

**عنایت:** جناب حکیم غلام محمد سائیں صاحب جموں وکشمیر۔
**ہوالشافی:** پھلی کیکر (جن میں دانہ نہ بنا ہو) ایک کلو، ستاور ایک کلو۔
**ترکیب تیاری:** دونوں کو خوب اچھی طرح باریک پوڈر بنالیجئے اور سنبھال کر رکھئے۔
**ترکیب استعمال:** تین سے چھ ماشہ صبح وشام ہمراہ شیر گاؤ شیریں دیجئے۔
**فائدہ:** جریان المنی اور ہر قسم کے جریان میں خصوصاً مجلوقین کے لئے آب حیات ہے
(تخریج حکیم محمد عبدالوحید عطاری)۔

## 876- جریانین

**عنایت:** جناب حکیم محمد صدیق احمد صاحب مچھی ہٹہ لاہور۔
**ہوالشافی:** گوند کیکر، گوند کتیرا، نشاستہ، کشنیز مقشر، تالمکھانہ، آرد سنگھاڑا ہر ایک چھ تولہ، نبات سفید چار سو گرام۔
**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو خوب باریک پیس کر سنبھال کر رکھئے۔
**ترکیب استعمال:** چھ ماشہ صبح وشام ہمراہ شیر شیریں دیجئے۔
**فائدہ:** جریان واحتلام کے لئے بے مثال دوا ہے۔

## 877- جرنالسٹ

**عنایت:** جناب حکیم شہاب الدین چک نمبر 282 گ ب فیصل آباد۔



**ہوالشافی:** رال سفید دس تولہ، شب یمانی چار تولہ۔
**ترکیب تیاری:** دونوں ادویات کو نہایت باریک پیس لیجئے۔
**ترکیب استعمال:** دو ماشہ صبح وشام ہمراہ شیر گاؤ استعمال کروائیے۔
**فائدہ:** جریان، احتلام، رقت، سرعت کی اشتہا، کمزوری، سستی کے لئے نہایت جید الاثر دوا ہے۔

## 878- معجون مجلوقین

**عنایت:** جناب حکیم ابوالکرم محمد ابراہیم صاحب جندالی مظفر پور (ہند)۔
**ہوالشافی:** تج، تالمکھانہ، موصلی سفید، موصلی سیاہ، اٹنگن، ستاور، شقاقل مصری، بہمن سرخ، بہمن سفید ہر ایک ایک تولہ، الائچی کلاں، دارچینی، بوپھلی، ثعلب مصری، طباشیر، ترپھلہ ہر ایک دو تولہ، مغز بادام مقشر تین تولہ، عسل خالص ایک کلو۔
**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو نہایت باریک کر کے شہد خالص میں بطریقہ معروف معجون تیار کرلیجئے۔
**ترکیب استعمال:** چھ ماشہ صبح وشام ہمراہ شیر گاؤ شیریں سے لیجئے۔
**فائدہ:** جلق واغلام کے باعث کمزوری، جریان واحتلام، سرعت انزال، قوت باہ کے لئے نہایت مفید دوا ہے۔

## 879- سفوف جدید

**عنایت:** جناب حکیم پنڈت دیوی دیال صاحب ٹوہانہ ضلع حصار (ہند)۔
**ہوالشافی:** تخم کونچ ایک کلو، تالمکھانہ ایک کلو، کوزہ مصری دو کلو۔
**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو نہایت باریک پوڈر بنالیجئے اور سنبھال کر رکھئے۔
**ترکیب استعمال:** ایک تولہ صبح وشام ہمراہ شیر گاؤ دیجئے۔
**فائدہ:** جریان واحتلام کا نام ونشان ختم ہو جائے گا نہایت مفید ومجرب دوا ہے۔

## 880- جریانل

**عنایت:** جناب حکیم عبدالغنی صاحب نورجمال ضلع گجرات۔
**ہوالشافی:** قلعی مصفی، سیسہ مصفی، سیماب مصفی ہر ایک دس گرام، سردچینی، طباشیر، دانہ الائچی خورد، تج ہر ایک تیس گرام۔
**ترکیب تیاری:** پہلے دو اجزاء کو کڑاہی میں ڈال کر پگھلائیں پھر سیماب ڈال کر خوب کھرل کیجئے بعدہ دیگر ادویات باریک کر کے خوب کھرل کیجئے کہ مثل غبار ہو جائے۔
**ترکیب استعمال:** 1000 ملی گرام صبح وشام ہمراہ شیر شیریں دیجئے۔

www.pdfbooksfree.pk

**فائدہ:** ہر قسم کے جریان کے لئے نہایت لاجواب دوا ہے۔

## 881- کشتہ مرجان

**عنایت:** جناب حکیم چندو لال صاحب کیتھل (ہند)۔

**ہوالشافی:** مرجان پچاس گرام، شیر برگد ستر گرام۔

**ترکیب تیاری:** مرجان کو شیر برگد میں خوب کھرل کیجئے اور ٹکیہ بنا کر خشک کرکے ایک کوزہ میں گل حکمت کرکے دس کلو اوپلوں کی آگ دیجئے سفید رنگ کا شگفتہ پوڈر ملے گا سنبھال رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** پانچ سو ملی گرام، صبح وشام خالی پیٹ ہمراہ دودھ دیجئے۔

**فائدہ:** جریان کے لئے نہایت مفید الاثر کشتہ ہے نیز دماغی کمزوری کو دور کرتا ہے۔

## 882- ممسکی

**عنایت:** جناب حکیم سید عبدالرحمٰن قادری صاحب پونہ (ہند)۔

**ہوالشافی:** نخود سیاہ بریاں سو گرام، آب کنڈیاری (چھوٹ کٹائی) پاؤ، مغز پستہ دس تولہ، جائفل، مصطگی رومی، دارچینی ہر ایک چھ تولہ شہد قدرے مناسب۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو نہایت باریک کر لیجئے اور شہد کی مدد سے حبوب نخود بنا کر سنبھال کر رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** دو گولی صبح دو گولی رات ہمراہ شیر نیم گرم دیجئے۔

**فائدہ:** جریان قدیم و جدید میں لاثانی دوا ہے سرعت انزال کے لئے خاص نسخہ ہے قدر کیجئے اور دعائے مدینہ سے نوازیئے۔

## 883- دوائے جادو

**عنایت:** جناب حکیم غلام رسول انصاری صاحب سہگاں دروازہ جالندھر (ہند)۔

**ہوالشافی:** تخم خرفہ، کشنیز خشک، اسپغول مسلم ہم وزن۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو پوڈر بنا لیجئے اور سنبھال کر رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** چھ ماشہ صبح وشام ہمراہ آب تازہ دیجئے۔

**فائدہ:** ہزاروں مریضوں کو امراض جریان و احتلام و سرعت انزال سے نجات دے کر کامیاب کیا ہے آپ بھی آزمایئے تجربہ شرط ہے۔



## 884- دوائے کندن

**عنایت:** جناب حکیم دُر برہان صاحب تونسہ شریف ڈیرہ غازی خان۔

**ہوالشافی:** ثعلب مصری پانچ تولہ، موصلی سفید دس تولہ، تخم ریحان مسلم پانچ تولہ، کشتہ مثلث ایک ماشہ۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو نہایت باریک کرکے پوڈر بنا لیجئے جب کہ تخم ریحان مسلم ہی مکس کر لیجئے اور سنبھال کر رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** چار ماشہ صبح وشام ہمراہ شیر نیم گرم دیجئے۔

**فائدہ:** جریان و احتلام، سرعت انزال دور کرکے قوت امساک حقیقی پیدا کرتا ہے۔ قوت باہ بڑھاتا ہے مسمن بدن اور محمر لون ہے درد پشت زائل کرتا ہے واقعی مفید و لاثانی نسخہ ہے۔

## 885- دوائے جریان

**عنایت:** جناب حکیم حافظ محمد امیر صاحب بھاسہ گوالیار (ہند)۔

**ہوالشافی:** موصلی سفید، موصلی سیاہ، سیوس اسپغول، زنجبیل، گل منڈی ہر ایک دو تولہ، نبات سفید چار تولہ۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو نہایت باریک پیس لیجئے اور محفوظ رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** ایک تولہ صبح ہمراہ شیر گاؤ نیم گرم دیجئے۔

**فائدہ:** دافع جریان اور مقوی ہے۔

## 886- جرناٹو

**عنایت:** جناب حکیم محمد امین صاحب جہان آباد شاہ پور۔

**ہوالشافی:** ریش برگد تین تولہ، شیر برگد پچاس گرام، شقاقل مصری، طباشیر، الائچی خورد، ثعلب مصری ہر ایک ایک تولہ، کوزہ مصری چھ تولہ۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو نہایت باریک مثل پوڈر کر لیجئے۔

**ترکیب استعمال:** تین ماشہ صبح وشام ہمراہ شیر گاؤ دیجئے۔

**فائدہ:** جریان منی کے لئے نہایت مفید الاثر دوا ہے۔

## 887- سفوف جرن

**عنایت:** جناب حکیم شیر زمان صاحب ڈب میانوالی۔

**ہوالشافی:** گوند کیکر، گوند کتیرا، تالمکھانہ، شقاقل مصری، گوند سہانجنہ، گوند ڈھاک، گوند سنبل،

www.pdfbooksfree.pk

کوند بادام، تودری سرخ، تودری سفید، گوکھرو کلاں، تخم کاسنی ہرایک ایک تولہ، …
تولہ۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو نہایت باریک سفوف بنالیجئے اور سنبھال کر رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** ایک تولہ صبح وشام ہمراہ شیر گاؤ کھلا دیجئے۔

**فائدہ:** جریان اور رقت منی کے لئے نہایت مفید دوا ہے۔

## 888- معجون جریان

**عنایت:** جناب حکیم حاکم سنگھ صاحب فیروز پور شہر (ہند)۔

**ہوالشافی:** ستاور، ثعلب مصری، تودری سرخ، تودری سفید، موصلی سفید، موصلی سیاہ، بہمن … وسفید، تمر ہندی، شقاقل مصری، تخم سروالی، مغز ریٹھا، مغز کدو، مغز اخروٹ، ہرایک ایک تولہ، … سیب پندرہ تولہ، عرق کیوڑہ پاؤ، آب انار شیریں ایک پاؤ، کوزہ مصری ڈیڑھ کلو۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو باریک پیس لیجئے اور بطریقہ معروف معجون تیار کر لیجئے۔

**ترکیب استعمال:** ایک تولہ صبح وشام ہمراہ شیر شیریں دیجئے۔

**فائدہ:** چند دنوں میں رقیق منی کو غلیظ کر دیتی ہے جریان وسرعت انزال کا نام ونشان … ہے۔

## 889- اعصابی

**عنایت:** جناب حکیم رام ناتھ صاحب ڈرگ روڈ سندھ۔

**ہوالشافی:** سائٹریٹ آف آئرن اینڈ کیفین چالیس گرین، اسٹرکنیا پچیس منم، شربت … چھ ڈرام، پانی بارہ اونس۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو ملا کر حل کر لیجئے۔

**ترکیب استعمال:** صبح وشام دو دو چمچ لیجئے۔

**فائدہ:** درد کمر، جریان اور تقویت اعصاب کے لئے نہایت مفید دوا ہے۔

## 890- سفوف پوشیدہ

**عنایت:** جناب حکیم چراغ الدین صاحب سرگودھا۔

**ہوالشافی:** سنگ جراحت چھ تولہ، پھل مکھانہ، موصلی سفید، ست سلاجیت ہرایک دو تولہ، … سفید چھ تولہ۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو نہایت باریک مثل پوڈر بنالیجئے اور سنبھال کر رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** تین ماشہ صبح تین ماشہ شام ہمراہ لسی خام استعمال کیجئے۔

www.pdfbooksfree.pk



**فائدہ:** جریان واحتلام اور تقویت اعضاء رئیسہ کے لئے کامیاب دوا ہے۔

## 891- حب رحمت

**عنایت:** جناب حکیم پنڈت رماشنکر ترپاٹھی صاحب لاہور۔

**ہوالشافی:** کشتہ نقرہ، جلوتری، زعفران، ریگ ماہی ہرایک ایک تولہ، سمندر سوکھ، جوز بوا ہر ایک نو ماشہ، زہر مہرہ دو ماشہ، مشک خالص ڈیڑھ ماشہ۔

**ترکیب تیاری:** مشک نقرہ، زعفران، زہر مہرہ کو عرق گلاب میں کھرل کیجئے پھر دیگر ادویات کوٹ کر ملا کر حبوب نخودی بنالیجئے۔

**ترکیب استعمال:** دو گولی صبح وشام ہمراہ شیر گاؤ دیجئے۔

**فائدہ:** ضعف باہ، اساک وجریان کے لئے مفید الاثر دوا ہے۔

## 892- کشتہ تانبہ

**عنایت:** جناب حکیم مرزہ ظفریاب صاحب پروفیسر طبیہ کالج دہلی (ہند)۔

**ہوالشافی:** مغز تخم ارنڈ دس تولہ، دودھ پاؤ، مغز جمال گوٹہ دو تولہ، پھٹکڑی دو تولہ، تانبہ تین ماشہ۔

**ترکیب تیاری:** پہلے مغز جمال گوٹہ اور پھٹکڑی ہرایک کو کوٹ کر تانبہ کے اوپر تلے لیپ کر دیجئے پھر مغز ارنڈ کو دودھ میں خوب گھوٹیں اور اس کے نغدہ میں لیپ کیا ہوا سکہ رکھ کر گل حکمت کر کے چالیس کلو اوپلوں کی آگ دیجئے۔ سرد ہونے پر نکال کر پوڈر بنا کر سنبھال کر محفوظ رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** نصف رتی مکھن یا ملائی میں رکھ کر دیجئے۔

**فائدہ:** مقوی باہ واعصاب ہے دافع جریان اور اعلیٰ درجہ کا ممسک ہے۔

## 893- جرنانک

**عنایت:** جناب حکیم نیاز احمد صاحب منگلور سہارنپور (ہند)۔

**ہوالشافی:** ستاور دس تولہ، سنگ جراحت دس تولہ، کوزہ مصری بیس تولہ۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو نہایت باریک پیس لیجئے اور سنبھال کر رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** ایک تولہ صبح ایک تولہ شام ہمراہ شیر گاؤ دیجئے۔

**فائدہ:** نئے اور پرانے جریان کے لئے بے مثال دوا ہے اس کے استعمال سے ہاضمہ خراب نہیں ہوتا نہایت مفید دوا ہے۔

## 894- تریاق جریان

**عنایت:** جناب حکیم شیخ قمر الدین آزاد صاحب مکھڈ شریف کمیل پور (ہند)۔

**ھوالشافی:** مغز تمر ہندی شگفتہ صمغ عربی موصلی سفید ہر ایک دو دو تولہ سنگھاڑا خشک مازو سبز ثعلب مصری ہر ایک ایک تولہ کشتہ قلعی چھ ماشہ نبات سفید برابر وزن۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو نہایت باریک مثل پوڈر بنالیجئے اور سنبھال کر رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** چھ ماشہ صبح و شام ہمراہ شیر گاؤ دیجئے۔

**فائدہ:** جریان و احتلام سرعت انزال کے لئے نہایت مفید دوا ہے۔

## 895- اکسیر ثالم

**عنایت:** جناب حکیم لال چند صاحب امام باڑہ راولپنڈی۔

**ھوالشافی:** گوند کتیرا کھتہ سفید کشتہ قلعی تالمکھانہ سپستان خس کندر اصل السوس گلنار ریوند خطائی کنجد سیاہ برگ حنا کباب چینی ست گلو سلاجیت دانہ الائچی خورد دانہ الائچی کلاں طباشیر نشاستہ برابر وزن شکر سفید ہم وزن۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو لے کر خوب باریک پوڈر بنالیجئے اور سنبھال کر رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** ایک تولہ صبح و شام ہمراہ شیر گاؤ دیجئے۔

**فائدہ:** مقوی باہ ممسک ہے جریان و احتلام اور ضعف کمر میں اکسیر لاثانی دوا ہے۔

## 896- دوائے ریڈ

**عنایت:** جناب حکیم پنڈت برہمانند صاحب روپڑ انبالہ (ہند)۔

**ھوالشافی:** دم الاخوین انجبار گیرو سنگ جراحت گوند کتیرا طباشیر سرمہ سفید صدف مرواریدی برابر وزن۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو نہایت باریک پیس کر سنبھال لیجئے۔

**ترکیب استعمال:** ایک ماشہ ہمراہ عرق گاؤ زبان دن میں تین مرتبہ دیجئے۔

**فائدہ:** ہر قسم کے جریان خون کے لئے لاجواب دوا ہے خواہ خون جہاں سے مرضی آرہا ہو اکسیر صفت دوا ہے۔

## 897- جریانک

**عنایت:** جناب حکیم ہربنس رائے صاحب منڈی گوبند گڑھ نابھہ (ہند)۔

**ھوالشافی:** موصلی سفید تالمکھانہ گوند کتیرا ہر ایک ایک تولہ اسپغول مسلم ایک تولہ شکر سفید

www.pdfbooksfree.pk



پانچ تولہ۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو باریک کر کے پوڈر بنالیجئے اور سنبھال کر رکھئے۔ ✓

**ترکیب استعمال:** ایک تولہ صبح و شام ہمراہ دودھ گائے دیجئے۔

**فائدہ:** جریان و احتلام کے لئے لاجواب دوا ہے۔

## 898- حب ممسک

**عنایت:** جناب حکیم فضل الدین صاحب بیربل شریف شاہ پور۔

**ھوالشافی:** مغز تمر ہندی دس تولہ تخم خرما دس تولہ شیر برگد پاؤ۔

**ترکیب تیاری:** دونوں ادویات کو شیر برگد میں خوب کھرل کیجئے اور حبوب نخودی تیار کر کے حفاظت سے رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** دو گولی صبح و شام ہمراہ شیر گاؤ دیجئے۔

**فائدہ:** چند دنوں میں قدرتی امساک پیدا کر دیتی ہے جریان کا قلع قمع کر دینے میں اپنی نظیر آپ ہے۔

## 899- شاہ تاج

**عنایت:** جناب حکیم امام بخش صاحب بڑانہ جھنگ۔

**ھوالشافی:** پھلی ببول موچرس صمغ پلاس مازو ہر ایک ایک تولہ مغز حب القطن پانچ تولہ جوزمائل تین تولہ فلفل اسود ایک تولہ تمر ہندی بریاں ایک تولہ شنگرف رومی تین ماشہ۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو نہایت باریک کھرل کر کے پانی کی مدد سے حبوب نخودی بنا کر حفاظت سے رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** ایک سے دو گولی دن میں دو یا تین مرتبہ ہمراہ عرق بادیان یا شیر گاؤ نیم گرم دیجئے۔

**فائدہ:** ضعف باہ سرعت انزال جریان احتلام رقت مادہ منویہ میں اور تولید مادہ میں موثر الاعظم دوا ہے۔ (تخریج شدہ حکیم محمد عبدالوحید عطاری)

## 900- ھرملی

**عنایت:** جناب حکیم عالم شاہ صاحب گھوڑ پالہ گجرات۔

**ھوالشافی:** تخم حرمل نیم بریاں دس تولہ کوکنار دس تولہ تل سیاہ دس تولہ قند سیاہ کہنہ بیس تولہ۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو نہایت باریک مثل پوڈر بنا کر سنبھال کر رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** دو ماشہ سے تین ماشہ دن میں دو مرتبہ ہمراہ شیر گاؤ دیجئے۔

**فائدہ:** لاجواب نسخہ ہے مقوی باہ اور ممسک ہونے کے علاوہ کمزوری وغیرہ دور کر دیتا ہے۔

## 901- معجون آن

**عنایت:** جناب ڈاکٹر و حکیم عطا محمد چشتی گولڑوی بندیال شاہ پور۔

**ہوالشافی:** شقاقل مصری، ثعلب مصری، ہر ایک دو تولہ، تخم شلغم، تخم پیاز، تخم گندنا، تودری زرد، تودری سفید، بہمن سرخ و سفید، موصلی سفید و سیاہ، موصلی سنبل، دارچینی، زنجبیل، ستاور، تخم ہالون، تخم گزر، ہر ایک دس گرام، بیج بند، تالمکھانہ، گوند ڈھاک ہر ایک دس گرام، مغز بادام شیریں، مغز اخروٹ، مغز پستہ، مغز چلغوزہ، مغز فندق، کنجد سفید ہر ایک پانچ تولہ، شکر تین پاؤ۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو خوب الگ گرینڈ کر لیجئے مغزیات کو الگ باریک پیس لیجئے پھر چینی کا قوام تیار کر کے تمام ادویات ملا کر معجون تیار کر لیجئے اور سنبھال کر رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** دس گرام صبح و شام ہمراہ دودھ نیم گرم کھلا دیجئے۔

**فائدہ:** مجلوق، سست از سر نو چست اور مردانگی قوت کا حامل ہو جاتا ہے جریان کو ختم کر دیتا ہے اس کا مسلسل استعمال نامرد کو مرد بنا کر زندگی کا لطف دوبالا کر دیتا ہے۔

## 902- دوائے دلبر

**عنایت:** جناب حکیم بشیر احمد انصاری صاحب سرسوی حصار (ہند)۔

**ہوالشافی:** سم الفار سفید دو ماشہ، دانہ الائچی خورد تین ماشہ، کھتہ سفید چار ماشہ، اصل السوس پانچ ماشہ، آب ادرک پچاس گرام۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو نہایت باریک مثل غبار بنا کر آب ادرک میں خوب کھرل کیجئے اور دانہ مونگ برابر گولیاں تیار کر لیجئے۔

**ترکیب استعمال:** ایک گولی صبح ناشتے کے بعد دودھ سے لے لیجئے۔

**فائدہ:** بہت ہی مقوی باہ اور ممسک ہے ایک بار لازمی آزمائیے۔

**پرہیز:** تمام بادی اور تیل والی مرچ مصالحہ جات وغیرہ سے پرہیز کیجئے۔

**غذا:** دودھ گھی مکھن زیادہ استعمال کیجئے۔

## 903- کشتہ قلعی

**عنایت:** جناب حکیم سید محمود علی شاہ صاحب کھرالہ ضلع نماڑ سی پی (ہند)۔

**ہوالشافی:** قلعی ایک تولہ، گورکھ پان ایک پاؤ، اوپلے دس کلو۔

**ترکیب تیاری:** قلعی کو گورکھ پان کے نغدے میں دے کر دس کلو اوپلوں کی آگ دیجئے سرد

www.pdfbooksfree.pk



ہونے پر نہایت عمدہ کشتہ حاصل کیجئے۔

**ترکیب استعمال:** ایک رتی ہمراہ بالائی دن میں دو وقت لیجے۔

**فائدہ:** جریان کے لئے نہایت مفید دوا ہے۔

## 904- حب مشکی

**عنایت:** جناب حکیم محمد حسین قریشی صاحب بٹالہ گورداسپور (ہند)۔

**ہوالشافی:** مشک خالص دو ماشہ، ورق طلاء ایک ماشہ، ورق نقرہ تین ماشہ، زعفران چار ماشہ، ماہی شیر سات ماشہ، بسباسہ آٹھ ماشہ، کشتہ قلعی چھ ماشہ، عرق تنبول ایک پاؤ۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو عرق تنبول میں خوب کھرل کیجئے اور ایک ایک رتی کی گولیاں بنا لیجئے۔

**ترکیب استعمال:** ایک گولی صبح ایک شام ہمراہ ملائی استعمال کیجئے۔

**فائدہ:** تقویت باہ اور جریان و احتلام کے لئے نہایت مفید دوا ہے۔

## 905- کشتہ مرکب

**عنایت:** جناب حکیم محمد اسحاق صاحب گڈپہ مدراس (ہند)۔

**ہوالشافی:** برادہ فولاد، آب لیموں بارہ تولہ، سیماب ایک ماشہ، سم الفار ایک ماشہ، شنگرف ایک ماشہ، ہڑتال ورقیہ ایک ماشہ، رس گھیکوار بقدر مناسب۔

**ترکیب تیاری:** پہلے برادہ فولاد کو عرق لیموں میں خوب کھرل کیجئے جب پانی ختم ہو جائے تو دیگر ادویات ڈال کر لعاب گھیکوار سے کھرل کیجئے اور ایک کلو اوپلوں کی آگ دیجئے اسی انداز میں بارہ مرتبہ آگ دیجئے اور ہر دفعہ ایک ایک ماشہ دیگر ادویات کا اضافہ کرتے جائیے آخر میں پیس کر سنبھال کر رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** نصف چاول ہمراہ مکھن استعمال کیجئے۔

**فائدہ:** قوت باہ اور امساک کے لئے نہایت مفید دوا ہے جریان و احتلام کا خاتمہ کر دیتی ہے۔

## 906- جریانم

**عنایت:** زبدۃ الحکماء جناب حکیم منظور حسین صاحب وائس پرنسپل طبیہ کالج امرتسر (ہند)۔

**ہوالشافی:** اجوائن خراسانی دو تولہ، ریونت دو تولہ، کشتہ مرجان ایک تولہ، کشتہ قلعی چھ ماشہ، آب بھنگ پاؤ۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو آب بھنگ میں تین یوم تک خوب کھرل کیجئے اور رتی رتی کی حبوب بنا لیجئے۔

**ترکیب استعمال:** ایک گولی صبح ایک گولی شام ہمراہ آب تازہ دیجئے۔

**فائدہ:** انشاء اللہ عزوجل چند روز کے استعمال سے جریان کا قلع قمع ہوجائے گا۔

## 907- کشتہ سہ دھاتہ

**عنایت:** زبدۃ الحکماء جناب حکیم عبدالرحیم صاحب نظام آباد گوجرانوالہ۔

**ہوالشافی:** قلعی، جست، سکہ ہرایک دو دو تولہ، اجوائن خراسانی پاؤ۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو ایک کڑاہی میں ڈال کر پگھلایئے پھر اجوائن خراسانی کی چٹکی دیتے رہئے جب تمام اجوائن ختم ہوجائے پھر اسے ایک پاؤ دہی کے پانی میں کھرل کیجئے پھر ایک قرص بنا کر گل حکمت کرکے دس کلو اوپلوں کی آگ دیجئے یہ عمل یعنی ہر دفعہ دہی کے پانی میں کھرل کرکے مزید تین مرتبہ کیجئے۔ زرد رنگ کا کشتہ تیار ہوجائے گا سنبھال کر رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** ایک رتی صبح ایک رتی شام ہمراہ شیر گاؤ دیجئے۔

**فائدہ:** جریان احتلام وغیرہ میں انتہاء کی مفید دوا ہے۔

## 908- سفوف خدمت

**عنایت:** جناب حکیم جوہرالدین گوہر صاحب مظفر گڑھ۔

**ہوالشافی:** ثعلب مصری، موصلی سفید، مغز تخم تمر ہندی نیم بریاں، بہمن سفید، سنگ جراحت ہرایک ایک تولہ، مغز بادام شیریں تین تولہ، کشتہ قلعی چھ ماشہ، کشتہ مرجان چھ ماشہ، نبات سفید چار ماشہ۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو نہایت باریک پیس لیجئے اور سنبھال کر رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** چھ ماشہ صبح وشام ہمراہ شیر شیریں دیجئے۔

**فائدہ:** جریان، احتلام، سرعت انزال، ضعف باہ کے لئے نہایت مفید دوا ہے۔

**پرہیز:** تیل والی اور ترش نیز جماع سے پرہیز واجب ہے۔

## 909- کشتہ قلعی

**عنایت:** جناب حکیم عبدالرحمن صاحب داہلے پسرور سیالکوٹ۔

**ہوالشافی:** قلعی پانچ تولہ، کرنجوا پندرہ تولہ، پرانا گڑ تین پاؤ۔

**ترکیب تیاری:** قلعی کے پترے بنا کر کرنجوے کا نغدہ بنا کر اس کے درمیان رکھ دیجئے اور اوپر کپڑا لپیٹ کر اوپر کوئلہ رکھ دیجئے تین دن تک سرد ہوگا قلعی شگفتہ ملے گی پیس کر سنبھال کر رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** دو رتی ہمراہ مسکہ استعمال کروایئے۔

**فائدہ:** جریان رقت و سرعت کے لئے نہایت مفید دوا ہے۔

www.pdfbooksfree.pk



## 910- کشتہ سنکھ

**عنایت:** جناب حکیم گلاب سنگھ صاحب جہلم شہر۔

**ہوالشافی:** سنکھ چار تولہ، بوچھلی ایک کلو۔

**ترکیب تیاری:** بوچھلی کا نغدہ بنا کر اس میں سنکھ دے دیجئے اور ایک کوزہ گلی میں گل حکمت کرکے دس کلو اوپلوں کی آگ دیجئے سرد ہونے پر نکال کر باریک کرلیجئے اور سنبھال کر رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** چار رتی صبح وشام ہمراہ لسی خام دیجئے۔

**فائدہ:** جریان کے لئے خصوصیت کے ساتھ مفید اور مجرب ہے۔

## 911- اکسیر ثعلبی

**عنایت:** جناب حکیم مخدوم نور محمد صاحب لنگر مخدوم جھنگ۔

**ہوالشافی:** موصلی سفید بارہ تولہ، ثعلب پنجا چھ تولہ، ثعلب مصری چھ تولہ، تخم ریحان چھ تولہ۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو نہایت باریک کرلیجئے اور سنبھال کر رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** نو ماشہ صبح وشام ہمراہ شیر گاؤ دیجئے۔

**فائدہ:** جریان احتلام سرعت انزال کے لئے نہایت ہی مفید ہے قوت امساک بڑھاتا ہے اعضائے رئیسہ کو طاقت دیتا ہے نہایت مفید دوا ہے۔

## 912- جرنوز

**عنایت:** عمدۃ الحکماء جناب حکیم محمد ادریس آزاد صاحب فنڈاور ضلع بجنور (ہند)۔

**ہوالشافی:** بوچھلی پانچ تولہ، ستاور پانچ تولہ، بہمن سفید تین تولہ، دارچینی تین تولہ، قند سفید پندرہ تولہ۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو نہایت باریک پوڈر بنالیجئے اور سنبھال کر رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** چھ ماشہ صبح وشام ہمراہ شیر گاؤ دیجئے۔

**فائدہ:** احتلام سرعت اور جریان میں خاصہ اہمیت کا حامل بے نظیر میزائل بہدف نسخہ ہے۔

## 913- جریانی

**عنایت:** جناب حکیم محمد غوث صاحب سینڈور اسٹیٹ ضلع بلہاری مدراس (ہند)۔

**ہوالشافی:** کشتہ صدف مرواریدی، درگل خیرا، گوند کتیرا، سازج ہندی، کشتہ قلعی و بنگ ہرایک پانچ تولہ۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو خوب ملا کر سنبھال کر رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** ایک گرام صبح و شام ہمراہ شیر گاؤ دیجئے۔

**فائدہ:** سرعت انزال کی اعلیٰ درجہ کی دوا ہے۔ جریان کا خاتمہ کرنے میں اصول ہے۔

## 914- حب شفائی

**عنایت:** جناب حکیم علاؤ الدین صاحب میاں وڈا امرتسر (ہند)۔

**ہوالشافی:** کشتہ چاندی پانچ ماشہ، ریگ ماہی، جلوتری، زعفران، ہر ایک دو ماشہ، جوزبوا، سمندر سوکھ ہر ایک نو ماشہ، زہر مہرہ ایک ماشہ، مشک خالص ڈیڑھ ماشہ، عرق گلاب بقدر مناسب۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو نہایت باریک کر کے عرق گلاب کی مدد سے حبوب نخودی بنالیجئے اور سنبھال کر رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** ایک گولی رات کو سوتے وقت ہمراہ شیر گاؤ دیجئے۔

**فائدہ:** تقویت باہ کے لئے مفید دوا ہے جریان کو ختم کر کے امساک پیدا کرنے میں بے نظیر ہے۔

## 915- کشتہ بیضہ مرغ

**عنایت:** جناب حکیم میاں حاکم علی صاحب شرقپور کلاں شیخوپورہ۔

**ہوالشافی:** پوست بیضہ مرغ مصفیٰ ایک کلو، عرق لیموں دو کلو۔

**ترکیب تیاری:** دونوں کو ملا کر اچھی طرح گل حکمت کر کے اینٹوں کے بھٹے میں دبے دیجئے۔ سرد ہونے پر نکال کر خوب کھرل کیجئے اور سنبھال کر رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** دو رتی صبح و شام ہمراہ مکھن استعمال کیجئے۔

**فائدہ:** جریان اور احتلام میں آزمودہ دوا ہے۔

## 916- دوائے یخت ور

**عنایت:** جناب حکیم چونی لعل گپتا صاحب پلکھوا میرٹھ (ہند)۔

**ہوالشافی:** تخم سداب، انیسوں، گلنار فارسی برابر وزن۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو نہایت باریک کھرل کر لیجئے اور محفوظ رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** دو ماشہ صبح و شام ہمراہ آب باسی لیجئے۔

**فائدہ:** جریان کے لئے اکسیر صفات کا حامل مجرب نسخہ ہے۔

## 917- اکسیر جریان

**عنایت:** جناب حکیم سید آل نبی رضوی صاحب فرخ آباد یوپی (ہند)۔



**ہوالشافی:** خرمہرہ ہائے خورد پانچ تولہ، برگ نیم ایک پاؤ، زخم حیات ایک پاؤ، اوپلے دس کلو۔

**ترکیب تیاری:** دونوں بوٹیوں کا نغدہ بنا کر خرمہرہ اس میں ملفوف کر دیجئے اور دس کلو اوپلوں کی آگ دیجئے سرد ہونے ہونے پر باریک پیس کر سنبھال لیجئے۔

**ترکیب استعمال:** چار رتی سے پانچ رتی ہمراہ شہد ملا یا پانی کھلا دیجئے۔

**فائدہ:** جریان منی اور بواسیر خونی اور پیچش میں نہایت مفید دوا ہے۔

## 918- دوائے جریان

**عنایت:** جناب حکیم چذت کندن لعل صاحب چنوتاں جیند (ہند)۔

**ہوالشافی:** کشتہ قلعی تین تولہ، بوپھلی پانچ سو گرام، کوکنار سو گرام۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو نہایت باریک پیسکر سنبھال کر رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** تین سے چھ ماشہ صبح و شام ہمراہ آب تازہ دیجئے۔

**فائدہ:** جریان کو ختم کرتا ہے نہایت مفید دوا ہے۔

## 919- کشتہ مثلث

**عنایت:** جناب حکیم سید نذر حسین صاحب ریلوے روڈ جہلم۔

**ہوالشافی:** جست، سکہ، قلعی ہر ایک ایک تولہ، پوست (کوکنار) دس تولہ۔

**ترکیب تیاری:** پہلی تینوں ادویات کو کڑاہی میں پگھلائیے پھر پوست کی چٹکی دیتے جائیے یہاں تک کہ تمام پوست جل کر راکھ ہو جائے پھر ایک دن دہی میں کھرل کر کے ٹکیہ بنا کر خشک کیجئے پھر کوزہ گلی میں بند کر کے بیس کلو اوپلوں کی آگ دیجئے سرد ہونے پر سفید رنگ کا کشتہ برآمد ہوگا اسی طرح تین مرتبہ آنچ دیجئے زردی مائل ہو جائے گا سنبھال کر رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** دو سے تین رتی ہمراہ مکھن یا ملائی دیجئے۔

**فائدہ:** جریان و احتلام کو نابود کر دیتا ہے مقوی مغلظ منی و ممسک اعلیٰ درجہ کا ہے۔

## 920- معجون مقوی

**عنایت:** جناب حکیم صالح محمد صاحب میر پور خاص باب الاسلام سندھ۔

**ہوالشافی:** مغز بادام شیریں، مغز چلغوزہ، مغز اخروٹ، مغز فندق، مغز کدو، مغز کاہو، افیون، بھنگ، جوزبوا، بسباسہ، تمام ادویات ایک ایک تولہ، عنبر اشہب ایک ماشہ، مشک خالص ایک ماشہ، قند سفید سہ چند۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو باریک کر لیجئے اور قند سفید کا قوام بنا کر تمام ادویات ملا دیجئے آخر میں مشک اور عنبر عرق گلاب میں کھرل کر کے شامل فرما کر معجون کا قوام بنا کر سنبھال کر

www.pdfbooksfree.pk

رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** ایک ماشہ صبح وشام ہمراہ شیر گاؤ دیجئے۔

**فائدہ:** جریان اور امساک کے لئے لاجواب دوا ہے۔

## 921- سفوف جریان

**عنایت:** جناب حکیم فضل الرحمٰن عاصم صاحب تھکال بالا پشاور۔

**ہوالشافی:** گوند کیکر' کرکس' گوند ڈھاک' مصطگی رومی' ہم وزن شیر بڑ بقدر مناسب۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو نہایت باریک کر لیجئے اور شیر بڑھ میں تر و خشک کر کے سنبھال کر رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** چھ ماشہ صبح وشام ہمراہ شیر گاؤ دیجئے۔

**فائدہ:** جریان احتلام اور سرعت کے لئے نہایت جید الاثر دوا ہے کمر درد میں مفید ہے۔

**پرہیز:** گرم اور ثقیل و ترش اغذیہ سے پرہیز واجب ہے۔

## 922- اکسیر جریان

**عنایت:** جناب حکیم پنڈت بیردل صاحب راجدوارہ رام پور (ہند)۔

**ہوالشافی:** تالمکھانہ' تمر ہندی بریاں' بیج بند الائچی خورد' شقاقل مصری' طباشیر۔

**ترکیب تیاری:** تمام خشک ادویات کو پوڈر بنا کر کشتہ جات ملا کر سنبھال کر رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** چار ماشہ صبح چار ماشہ شام ہمراہ شیر گاؤ دیجئے۔

**فائدہ:** جریان کے لئے نہایت فائدہ مند ہے اعصاب کو طاقت دیتا ہے دماغی طاقت کے لئے اکسیر ہے مادہ کو گاڑھا کرتا ہے نہایت مفید الاثر دوا ہے۔

## 923- اکسیر مغلظ

**عنایت:** جناب حکیم نارام گپتا صاحب سہارنپور (ہند)۔

**ہوالشافی:** ثعلب مصری' موچرس' بہمن سفید' تالمکھانہ' موصلی سفید' موصلی سیاہ' ستاور' سمندر سوکھ' تخم قنب' طباشیر نقرہ' ہرایک ایک تولہ' سلاجیت اصلی چھ ماشہ' کشتہ قلعی چھ ماشہ' کشتہ شلث چھ ماشہ۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو پوڈر بنا کر کشتہ جات ملا کر سنبھال کر رکھیں۔

**ترکیب استعمال:** دو ماشہ صبح دو ماشہ شام ہمراہ شیر گاؤ کھلا دیجئے۔

**فائدہ:** جریان کہنہ و جدید رقت منی' ذکاوت حس اور احتلام میں نہایت مفید الاثر دوا ہے۔



## 924- جرجون

**عنایت:** جناب حکیم عظیم بخش صاحب کاٹھ گڑھ ہوشیار پور (ہند)۔

**ہوالشافی:** ستاور' سنگ جراحت' ہرایک پانچ تولہ' قند سفید دس تولہ۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو پوڈر بنا لیجئے۔

**ترکیب استعمال:** ایک تولہ صبح وشام ہمراہ شیر گاؤ کھلا دیجئے۔

**فائدہ:** جریان احتلام اور سیلان الرحم میں اکسیری دوا ہے۔

## 925- حب الخاص

**عنایت:** جناب حکیم رام ناتھ کوچر صاحب کمڈیاں لاہور۔

**ہوالشافی:** شنگرف رومی' لونگ' جوزبائل' جلوتری' اجوائن خراسانی' اجموڈ' سمندر سوکھ' کائنچ ہرایک ایک تولہ' تالمکھانہ' تج ہرایک چھ ماشہ۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو نہایت باریک کھرل کر کے نخودی حبوب تیار کر لیجئے۔

**ترکیب استعمال:** ایک گولی روزانہ مکھن یا ملائی میں کھلا دیجئے۔

**فائدہ:** دافع سرعت انزال' جریان منی اور قوت باہ کے لئے بے نظیر دوا ہے۔ ضرور بنا کر استفادہ حاصل کیجئے۔

## 926- حب زندگی

**عنایت:** جناب حکیم سید علی مبارک صاحب مبارک محل آگرہ (ہند)۔

**ہوالشافی:** اجوائن خراسانی' موصلی سفید' داڑھی برگد' کشتہ قلعی' مصطگی رومی' برابر وزن' شیر برگد بقدر مناسب۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو نہایت باریک مثل پوڈر بنا کر شیر برگد میں گوند کر حبوب نخودی بنا کر سنبھال کر رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** ایک گولی صبح ایک گولی شام ہمراہ شیر گاؤ دیجئے۔

**فائدہ:** جریان کا خاتمہ کر کے منی کو غلیظ اور سپرم پیدا کرتی ہے نیز قوت امساک حقیقی پیدا کرتی ہے۔

## 927- حب جریانٹو

**عنایت:** جناب حکیم رحمت علی صاحب چاہٹر کے جالندھر (ہند)۔

**ہوالشافی:** تخم سرس' تخم تمر ہندی' ثعلب مصری' مصطگی برابر وزن' شیر برگد بقدر مناسب۔

www.pdfbooksfree.pk

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو پوڈر بنا کر شیر برگد سے حبوب نخودی تیار کر کے سنبھال کر رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** تین حب صبح‘ تین حب شام ہمراہ شیر گاؤ استعمال کیجئے۔

**فائدہ:** جریان کو ختم کرنے میں لاثانی دوا ہے مادہ منویہ کو گاڑھا کر کے قوت باہ پیدا کرتی ہے۔
(تخریج حکیم محمد عبدالوحید عطاری)۔

## 928- کشتہ قلعی سیمابی

**عنایت:** جناب حکیم قاضی خان صاحب رتوچھہ جہلم۔

**ہوالشافی:** پارہ پانچ تولہ‘ سم الفار دو تولہ‘ قلعی دس تولہ‘ شیر مدار دس تولہ‘ سنائی‘ برگ حشیش‘ برگ حنا‘ اجوائن‘ بھلانوہ‘ ہر ایک ایک پاؤ۔

**ترکیب تیاری:** پہلے قلعی کو پگھلا کر پارہ ڈال کر خوب کھرل کیجئے پھر سم الفار ملا کر شیر مدار میں یہاں تک کھرل کیجئے کہ شیر مدار ختم ہوجائے تو ٹکیہ بنا کر خشک کیجئے اب پہلے سنائی پھر مہندی پھر اجوائن پھر برگ حشیش اور آخر میں بھلانوہ رکھ کر اوپر ٹکیہ رکھ دیجئے پھر اوپر اسی ترتیب سے نصف ادویات رکھ کر خوب گل حکمت کر کے خشک کیجئے اور پچیس کلو اوپلوں کی آگ دیجئے سرد ہونے پر خوب کھرل کر کے سنبھال کر رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** دو سے تین رتی ہمراہ مکھن یا بالائی استعمال کروائیے۔

**فائدہ:** مقوی باہ‘ دافع جریان‘ رقت منی اور سرعت انزال کے لئے نہایت مفید و مجرب و آزمودہ ہے ایک بار آزمائیں گے تو ہمیشہ کے لئے اس کے گرویدہ ہوجائیں گے۔

## 929- سروالی پلز

**عنایت:** جناب حکیم سراج الدین صاحب راجہ جنگ لاہوری۔

**ہوالشافی:** تمر ہندی خستہ‘ تخم سروالی‘ ستادر برابر وزن شیر برگد بقدر مناسب۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو خوب باریک کر کے شیر برگد میں حبوب نخودی تیار کر لیجئے۔

**ترکیب استعمال:** تین گولی صبح‘ تین گولی شام ہمراہ شیر گاؤ استعمال کیجئے۔

**فائدہ:** جریان منی دائمی میں اکسیر صفات کا حامل ہے۔

**پرہیز:** بادی‘ ترش‘ قند سیاہ‘ لحم و بقر وغیرہ۔

## 930- اکسیر جریان

**عنایت:** جناب حکیم عبدالصمد صاحب بھٹی پول گھور (ہند)۔

**ہوالشافی:** صمغ عربی‘ زرد چوب‘ نشاستہ‘ بہدانہ‘ شہد خالص ہر ایک ایک تولہ‘ کشنیز خشک دو



تولہ‘ چھلی کیکر دو تولہ‘ آرد نخود بریاں چھ ماشہ‘ تالمکھانہ چھ ماشہ۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو نہایت باریک کر لیجئے اور آخر میں شہد ملا کر سنبھال کر رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** ایک ایک ماشہ دوا ہمراہ شیر گاؤ صبح و شام استعمال کیجئے۔

**فائدہ:** جریان کو ختم کردینے میں مفید الاثر دوا ہے‘ معمول مطب ہے۔

## 931- حب مقوی

**عنایت:** جناب حکیم طاہر حسین عارفی صاحب پیر دروازہ بھوپال (ہند)۔

**ہوالشافی:** ازاراقی مدبر‘ مویز منقی‘ مغز بادام شیریں ہر ایک اڑھائی تولہ‘ کشتہ فولاد‘ کشتہ چاندی‘ کشتہ قلعی ہر ایک تین ماشہ‘ شہد بقدر مناسب۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو خوب کھرل کر کے پیس لیجئے اور شہد کی مدد سے حبوب نخود بنا کر سنبھال کر رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** روزانہ صبح و شام ایک ایک گولی ہمراہ شیر گاؤ استعمال کروائیے۔

**فائدہ:** نہایت مفید دوا ہے جریان کا خاتمہ کرتی ہے مقوی باہ ہے۔

## 932- حب جریان

**عنایت:** جناب حکیم سلطان محمود صاحب گوجرہ۔

**ہوالشافی:** سمندر سوکھ‘ بیج بند‘ سریالہ‘ تخم بھنگ ہر ایک پانچ تولہ‘ کشتہ قلعی‘ کشتہ چاندی ہر ایک دو ماشہ۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو خوب باریک کر لیجئے اور حبوب نخودی بنا لیجئے۔

**ترکیب استعمال:** تین گولی صبح و شام ہمراہ شیر گاؤ کھلا دیجئے۔

**فائدہ:** سرعت انزال اور جریان میں مفید دوا ہے۔

## 933- دوائے انمول

**عنایت:** جناب حکیم محمد عمران قادری صاحب قلعہ گوجر سنگھ۔

**ہوالشافی:** جوہر کافور چھ تولہ‘ ایکسٹریکٹ بیلا ڈونا چھ تولہ‘ کشتہ قلعی در بھنگ چھ ماشہ‘ کشتہ سہ دھاتہ چھ تولہ‘ رب کوکنار چھ تولہ۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو رب کوکنار میں ملا کر خوب کھرل کیجئے اور رتی رتی کی گولیاں بنا کر اوپر ورق چاندی چڑھا دیجئے۔

**ترکیب استعمال:** ایک گولی صبح بعد ناشتہ اور ایک گولی سہ پہر شیر نیلوفر دیجئے۔

**فائدہ:** ذکاوت حس‘ سرعت انزال‘ جریان‘ احتلام‘ رقت منی کے لئے نہایت مفید دوا ہے ہر قسم کی

www.pdfbooksfree.pk

سیلان رطوبت کے لئے آب حیات ہے۔ اکیس یوم تک استعمال کریں۔

## 934- جریانولل

**عنایت:** جناب حکیم محمد امغر رحمانی صاحب چک نمبر 190 دہاڑی۔

**هوالشافی:** قلعی مصفی ایک تولہ' پارہ ایک تولہ' سفیدہ کاشغری دو تولہ' بیروزہ مصفی چار تولہ' ثعلب مصری چار سو گرام۔

**ترکیب تیاری:** قلعی اور پارہ کو چھل بند کیجئے پھر سفیدہ کاشغری ملا کر خوب کھرل کیجئے کہ مثل غبار بن جائے پھر دیگر ادویات باریک کر کے ڈال دیجئے اور سنبھال کر رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** دو ماشہ صبح وشام ہمراہ شیر گاؤ استعمال کروائیے اوپر سے پچاس گرام مکھن لازماً کھلا دیجئے۔

**فائدہ:** جریان وسیلان منی رقت' سرعت انزال' احتلام' ضعف اعضاء رئیسہ اور ذکاوت حس کا تریاق ہے سلسل البول میں بھی نہایت کامیاب ہے۔ کمزوری سے پیدا شدہ جملہ علامات کو ختم کرتی ہے رنگت کو نکھارتی اور باافراط منی پیدا کرتی ہے شب روز کا معمول مطب نسخہ ہے آپ ضرور آزمائیے اور دعائے مدینہ دیجئے۔

## 935- کشتہ قلعی

**عنایت:** جناب سنیاسی خدا بخش صاحب چھانگا مانگا جنگل پتوکی۔

**هوالشافی:** قلعی دو تولہ' پوست بیضہ مرغ دو تولہ' کھیکھوار پچاس گرام۔

**ترکیب تیاری:** قلعی کو پگھلائیں اور بیضہ مرغ باریک کردہ کا پوڈر چٹکی سے ڈالتے جائیں جب پہلی چٹکی جل جائے تو دوسری چٹکی ڈالیں اسی طرح تمام بیضہ مرغ کا پوست ختم کر دیجئے پھر ایک پورا دن آب کھیکھوار میں کھرل کیجئے اور ٹکیہ بنا کر بیس کلو اوپلوں کی آگ دیجئے سفید رنگ کا نفیس کشتہ برآمد ہوگا سنبھال کر حفاظت سے رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** ایک سے دو رتی مکھن یا ملائی کے ہمراہ استعمال کیجئے۔

**فائدہ:** جو صاحبان جریان کا علاج کرواتے کرواتے تھک گئے ہوں وہ یہ دوا استعمال کریں انشاء اللہ عزوجل صدری نسخہ کے باعث شفایاب ہوجائیں گے۔

## 936- جریانل

**عنایت:** جناب حکیم احمد یار خان صاحب گرداسپور (ہند)۔

**هوالشافی:** پوست آملہ' برگ حشیش' ہلدی' رسونت ہر ایک دو تولہ' کافور' جائفل ہر ایک ایک تولہ' ورق ایک تولہ' افیون دو ماشہ' سلاجیت دو تولہ' کشتہ قلعی دو تولہ' کشتہ چاندی پانچ ماشہ۔

www.pdfbooksfree.pk



**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو نہایت باریک پیس لیجئے اور سنبھال کر رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** ایک ماشہ دن میں دو مرتبہ ہمراہ شیر شیریں سے دیجئے۔

**فائدہ:** جریان' احتلام' سوزاک نیا تو بالکل ختم کر دیتا ہے ایک اسراری نسخہ ہے کمال چیز ہے ضرور آزمائیے۔

## 937- تریاق جریان

**عنایت:** جناب حکیم محمد مشتاق قادری صاحب کراچی۔

**هوالشافی:** پوست ہلیلہ زرد' پوست بہیڑہ' پوست آملہ' ثعلب مصری' موصلی سفید' ست اسپغول برابر وزن۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو نہایت باریک کھرل کر لیجئے اور سنبھال کر رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** ایک تولہ رات سوتے وقت دودھ کے ساتھ استعمال کیجئے۔

**فائدہ:** قبض کا خاتمہ کرتا ہے جریان کا قلع قمع کرتا ہے نہایت مفید دوا ہے جراثیم پیدا کرنے کے علاوہ قدرتی امسا کی قوت بھی پیدا کرتا ہے۔

## 938- گلاب پلز

**عنایت:** جناب حکیم محمد سلطان صاحب میاں چنوں ساہیوال۔

**هوالشافی:** گل سرخ پچاس گرام' بیج بند پچاس گرام' دانہ الائچی کلاں پچاس گرام' ہلیلہ سیاہ بریاں' روغن زرد سو گرام۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو نہایت باریک کھرل کر لیجئے اور سنبھال کر رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** پانچ ماشہ صبح وشام ہمراہ شیر گاؤ نیم گرم دیجئے۔

**فائدہ:** دل کی دھڑکن اور دماغی کمزوری کو دور کرتا ہے عام جسمانی کمزوری کو ختم کر کے چہرے کی رنگت نکھارتا ہے قبض کشا اور اعلیٰ درجہ کا دافع جریان ہے۔

## 939- اکسیر جریان

**عنایت:** جناب حکیم شاہ نواز صاحب راجپوتانہ (ہند)۔

**هوالشافی:** تخم دھتورہ نو ماشہ' ریوند چینی چھ ماشہ' سونٹھ تین ماشہ' گوند ببول تین ماشہ۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو کوٹ کر پانی کی مدد سے حبوب نخودی بنا لیجئے۔

**ترکیب استعمال:** ایک گولی روزانہ رات سوتے وقت گرم دودھ میں دس گرام دیسی گھی ملا کر استعمال کیجئے۔

**فائدہ:** جریان و احتلام اور امساک میں مفید دوا ہے دردوں کو ختم کرتی ہے۔

## 940- نبات پلز

**عنایت:** جناب حکیم محمد نواز قادری صاحب مدراس (ہند)۔

**ہوالشافی:** مازو بے سوراخ ایک تولہ' پوست انار ایک تولہ' کافور تین ماشہ' شب یمانی بریاں چھ ماشہ' نبات سفید تین تولہ۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو نہایت باریک کھرل کر لیجئے اور سنبھال کر رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** ایک ماشہ صبح و شام ہمراہ آب تازہ دیجئے۔

**فائدہ:** یہ نہایت مختصر اور قلیل نسخہ ہے مگر بلا مبالغہ اکسیر ہے جریان کا خاتمہ کرتا ہے ضرور آزمائیے۔

## 941- اکسیر جریان

**عنایت:** جناب حکیم غلام مجتبیٰ قادری صاحب بریلی شریف (ہند)۔

**ہوالشافی:** کیکر کی کچی پھلیاں خشک ایک کلو' تالمکھانہ پاؤ' بہو پھلی پاؤ' کشتہ قلعی سو گرام' طباشیر سو گرام' ستاور پاؤ۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو نہایت باریک پیس لیجئے اور سنبھال کر رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** دو ماشہ صبح و شام ہمراہ شیر گاؤ دیجئے۔

**فائدہ:** بار بار پیشاب آنا بند ہوجاتا ہے گردے مضبوط ہوجاتے ہیں۔ منی' مذی' ودی وغیرہ کا اخراج رک جائے گا۔ جریان کی وجہ سے کمزوری رفع ہوجاتی ہے' جسم موٹا ہوجاتا ہے نہایت مفید دوا ہے ضرور بنا کر استعمال کیجئے اور شہرت حاصل کیجئے۔

## 942- ستاور پلز

**عنایت:** جناب حکیم مرزہ عطا محمد صاحب پنڈی راجپوتاں لاہور۔

**ہوالشافی:** ستاور ایک کلو' تخم ریحان ایک کلو' موصلی سفید ایک کلو' تخم کونچ پانچ کلو' کشتہ قلعی ایک کلو' کشتہ چاندی ایک پاؤ۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو نہایت باریک کھرل کر کے ٹکیہ بنا لیجئے اور روغن گاؤ میں بریاں کیجئے پھر پیس کر نخودی حبوب تیار کر کے سنبھال لیجئے۔

**ترکیب استعمال:** دو گولی صبح و شام ہمراہ شیر گاؤ دیجئے۔

**فائدہ:** جریان' احتلام' ذکاوت حس' جسمانی کمزوری' دماغی کمزوری اور دیگر امراض میں لاجواب دوا ہے۔



### طغرے

- کشتہ قلعی میں ایک رتی صبح و شام ہمراہ مکھن دیجئے مفید الاثر دوا ہے۔
- شب یمانی شگفتہ آدھ ماشہ صبح و شام نہایت جید الاثر دوا ہے۔
- کشتہ بیضہ مرغ ایک رتی صبح و شام ہمراہ مکھن دیجئے نہایت مفید دوا ہے۔
- آب ترپھلا پلانا مفید ہے۔

# مغلظ منی نسخہ جات

بعض اوقات مادہ منویہ کو گاڑھا کرنے کی ضرورت پیش آتی ہے اس کے پیش نظر نسخہ جات حاضر خدمت ہیں۔ حسب ضرورت بنا کر استعمال کیجئے۔

## 943- اکسیر مغلظ

**عنایت:** جناب حکیم محمد ابراہیم نقشبندی صاحب فیروز پور مترل ضلع مدینۃ الاولیا ملتان شریف۔

**ہوالشافی:** کونپل برگد' بیج بھنڈی' سپستان' کیلا خام دو دو تولہ' قند سفید بارہ تولہ' کشتہ قلعی تین ماشہ۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو نہایت باریک پیس لیجئے اور کشتہ ملا کر سنبھال کر رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** چھ ماشہ صبح' چھ ماشہ شام ہمراہ شیر گاؤ دیجئے۔

**فائدہ:** تجربہ شدہ اکسیر الاثر مغلظ منی دوا ہے آزمائیے اور دعائیں دیجئے۔

## 944- اکسیر تھنک

**عنایت:** جناب حکیم جان محمد صاحب ردولی شریف ضلع بارہ بنکی (ہند)۔

**ہوالشافی:** ناریل ایک عدد' تخم ہالیون چار تولہ' شکر سفید ہم وزن۔

**ترکیب تیاری:** ناریل میں سوراخ کر کے تخم ہالیون اس میں ڈال کر گل حکمت کریں اور خشک ہونے پر ہلکی آنچ پر بریاں کیجئے ایک اندازہ کے مطابق جب پوست ناریل جل جائے تو ٹھنڈا کر لیجئے اور دونوں کو خوب باریک کر کے شکر ملا کر سنبھال رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** روزانہ صبح نہار منہ ایک تولہ ہمراہ شیر گاؤ استعمال کیجئے۔

**فائدہ:** مادہ منویہ کو چند روز میں گاڑھا کرتا ہے۔ صفراوی مزاج والوں کے لئے نہایت محرک و مقوی باہ ہے۔ رطوبت غریزی بکثرت پیدا کرتا ہے۔

**پرہیز:** تمام گرم غذاؤں سے پرہیز ضروری ہے۔

www.pdfbooksfree.pk

## 945- سفوف لعل شاہ

**عنایت:** جناب حکیم سید لعل شاہ برق صاحب دروازہ گنج پشاور۔

**ھوالشافی:** سنگھاڑا' مصطگی رومی' موصلی سفید' موصلی سیاہ' کرکس' بیج بند' تخم سروالی' سمندر جھاگ' کشتہ قلعی' کشتہ چاندی' کشتہ مرجان ہرایک برابر وزن' کوزہ مصری برابر وزن۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو خوب باریک پیس لیجئے اور کشتہ جات ملاکر سنبھال کر رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** ایک تولہ دوا صبح و شام نہار منہ ہمراہ شیر گاؤ دیجئے۔

**فائدہ:** مادہ منویہ کو گاڑھا کرنے کے لئے نہایت بے مثال دوا ہے احتلام کو ختم کرتی ہے پیشاب کی جلن دور کرتی ہے مقوی و محرک دماغی طاقت خوب بڑھاتی ہے برسوں کی بھولی بسری چیزیں یاد آجاتی ہیں جسم کو موٹا اور صحت مند بناتی ہے۔ اکتالیس یا اکیس روز روزانہ استعمال کیجئے۔

## 946- سفوف اعظم

**عنایت:** حکیم چراغ علی صاحب بیگوالہ ضلع سیالکوٹ۔

**ھوالشافی:** اندرجو شیریں' مصطگی رومی' الائچی خورد' ہرایک چھ تولہ' تالمکھانہ' ثعلب مصری' موصلی سفید و سیاہ' بہمن سرخ' بہمن سفید' گوکھرو' تخم کونچ ہرایک دس تولہ' تخم اونٹکن آٹھ تولہ' آرد سنگھاڑا بیس تولہ' مغز تخم تمر ہندی تین تولہ' کوزہ مصری پچاس تولہ۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو نہایت باریک پیس لیجئے اور سنبھال کر رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** چھ ماشہ صبح چھ ماشہ شام ہمراہ شیر گاؤ دیجئے۔

**فائدہ:** گرم مزاج والوں کیلئے لاثانی تحفہ ہے مادہ منویہ کو گاڑھا کرتا ہے اور ضعف باہ میں مفید ہے۔ احتلام و جریان میں منافع بخش دوا ہے۔

## 947- اکسیر اکمل

**عنایت:** جناب حکیم محمد فضل حق انصاری صاحب دہلی دواخانہ سیالکوٹ۔

**ھوالشافی:** آرد سنگھاڑا' ثعلب مصری' موصلی سفید' تالمکھانہ' دانہ الائچی خورد' موچرس' شقاقل مصری ہرایک دو تولہ' بوپھلی سات تولہ' قند سفید اکیس تولہ۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو نہایت باریک مثل پوڈر بنا لیجئے اور سنبھال کر رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** چھ ماشہ صبح و شام ہمراہ آب تازہ استعمال کیجئے۔

**فائدہ:** مادہ منویہ کی جملہ شکایات کو حکمی طور پر فائدہ کرتا ہے رقت سرعت انزال اور احتلام کے دفیعہ کے لئے مجربات و معمولات سے ہے۔

www.pdfbooksfree.pk



## 948- حب کندن

**عنایت:** جناب حکیم گنگا رام صاحب احمد پور شرقیہ بہاولپور۔

**ھوالشافی:** اجوائن خراسانی' کباب چینی' عقرقرحا' ریگ ماہی تر' زعفران' خولنجان' جزبوا ہرایک سات تولہ' افیون خالص پانچ تولہ' مشک خالص چار تولہ' سلاجیت چھ تولہ' کشتہ فولاد چھ تولہ' کشتہ چاندی چھ تولہ' شہد بقدر مناسب۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو الگ الگ نہایت باریک پیس لیجئے اور شہد کی مدد سے حبوب نخودی بنا کر اوپر سونے کے ورق لپیٹ لیجئے اور سنبھال کر رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** ایک ایک گولی صبح و شام ہمراہ شیر گاؤ استعمال کیجئے۔

**فائدہ:** مقوی باہ' ممسک لاجواب اعضاء رئیسہ کو نہایت طاقت ور بناتا ہے رنگ کو سرخ کرتا ہے جوانی کو حقیقی شباب سے ہمکنار کرتا ہے۔ چار نکاح کرنے کی قوت پیدا کرتا ہے۔ نوابوں اور زیروں کا خاص نسخہ ہے آپ بھی آزمائیے۔

## 949- حب عنبرین

**عنایت:** جناب حکیم سید نظام الدین صاحب بنیرہ میواڑ (ہند)۔

**ھوالشافی:** عنبر اشہب اعلیٰ ایک تولہ' مشک خالص ایک تولہ' لوبان کوڑیہ ایک تولہ' مصر زرد ایک تولہ' آب ادرک بیس تولہ' آب کریلا بیس تولہ۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو آب ادرک اور آب کریلا میں خوب کھرل کیجئے یہاں تک کہ حبوب بننے کے قابل ہو جائے تو حب دانہ مونگ برابر بنا کر سنبھال کر رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** ایک گولی روزانہ صبح بعد ناشتہ لیجئے ہمراہ نیم گرم دودھ۔

**فائدہ:** تقویت کے لئے نہایت مفید ہے' بدن کو سرخ کرتا ہے۔ مغلظ منی' مولد خون اور مشتہی اعلیٰ درجہ کا ہے نہایت کامیاب دوا ہے۔

## 950- حب میلان

**عنایت:** جناب حکیم میلا رام صاحب بھاسکر قدیم بازار گورداسپور (ہند)

**ھوالشافی:** ازراقی مدبر' عقرقرحا' شنگرف' زرنیخ' مومیائی' سلاجیت زعفران' افیون' جدوار خطائی تمام برابر وزن شہد بقدر مناسب۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو خوب باریک کھرل کرکے شہد سے حبوب نخودی بنا کر سنبھال کر رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** ایک گولی صبح ایک شام ہمراہ شیر گاؤ دیجئے۔

**فائدہ:** نہایت مفید اعلیٰ درجہ کی مقوی باہ صالح خون پیدا کرتی ہے بجلی کی مانند تیز اور زوداثر ہے نہایت اعلیٰ درجہ کی مغلظ منی ہے۔

# 951- معجون نشاط

**عنایت:** جناب حکیم چراغ الدین صاحب ہوشیار پور (ہند)۔

**ھوالشافی:** بہمن سرخ وسفید' حب آلاس' ہرایک دو تولہ' جفت بلوط' خولنجاں عقرقرحا ہرایک ایک تولہ' تخم ترب چار تولہ' نصیتہ الثعلب' جوزبوا' کندر' اقاقیا' خبث الحدید' تخم شبت' سعد کوفی ہرایک ایک تولہ' شہد چھبیس تولہ' چینی سفید پانچ تولہ۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو خوب باریک پیس لیجئے پھر شہد اور چینی کا قوام بنا کر تر کوزہ ادویات ڈال کر معجون تیار کر لیجئے اور سنبھال کر رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** چھ ماشہ صبح وشام ہمراہ شیر گاؤ کھلا دیجئے۔

**فائدہ:** مغلظ منی اعلیٰ درجہ' مقوی معدہ' مقوی باہ ہے مادہ منویہ بکثرت پیدا کرتی ہے جوانی کی حفاظت کرتی ہے' تجربہ شدہ ہے۔

# احتلام

**ماہیت:**

احتلام عربی زبان کا لفظ ہے جس کے معنی خواب دیکھنا یا خواب میں جنسی لذت حاصل کرنے کے ہیں عوام اپنی اپنی زبان میں اسے تعبیر کرتے ہیں مثلاً شیطان آنا' بدخوابی' کپڑے خراب ہونا وغیرہ۔

**اسباب:**

فاسد خیالات کی کثرت' سوزش وخراش جنسی اعضاء' کثرت مباشرت' کھلے ماحول یعنی (بے راہ روی) کے ماحول میں رہنا' پیٹ کے کیڑے' بدہضمی' قبض' نرم بستروں پر سونا' رات کو دیر سے سونا' شکم سیری' تیز مصالحہ جات کا کثرت استعمال' چٹ پٹی غذاؤں کا کثرت استعمال' گانے باجے سننا' انٹرنیٹ کا غلط استعمال' ٹی وی کے فحش وعریانی مناظر دیکھنا وغیرہ۔

**علامات:**

نیند میں خواب کی حالت میں اور بعض اوقات بغیر خواب کے انزال ہوجاتا ہے عموماً شروع شروع میں خواب کے ساتھ انتشار کی حالت میں لذت محسوس کرتے ہوئے احتلام ہوجاتا

www.pdfbooksfree.pk



ہے مگر مرض کی شدت کی صورت میں بے خبری میں بغیر خواب کے اور بغیر انتشار کے ہر روز یا بعض اوقات دو دو مرتبہ احتلام ہوجاتا ہے۔

جسمانی یا دماغی شدید محنت پر بے دم ہونا' خیالات کا منتشر رہنا' حافظہ شدید کمزور' قوت ارادی غیر متحکم' بسا اوقات دردسر' کمر میں درد اکثر عصبی درد کبھی سینہ میں کبھی چہرہ میں کبھی رانوں میں تو کبھی پنڈلیوں میں بعض اوقات پیشاب کی نالی میں جلن خصیتین میں ہلکا ہلکا درد ساعت متاثر ہوتی ہے چہرہ زرد جسم کمزور آنکھیں اندر دھنسی ہوئی آنکھوں کے گرد حلقے مزاج میں چڑچڑاپن آلات تناسل کی کمزوری خصیتین کا سکڑ جانا عضو کا سکڑ جانا' ڈرپوک' بزدل اور کمزور ہونا' ناامید ہونا' ضعف بصارت' ضعف ہضم' بعض اوقات مرگی' جنون' مالیخولیا' تنہائی پسندی وغیرہ وغیرہ کی علامات ظاہر ہوتی ہیں۔

# 952- اکسیر احتلام

**عنایت:** جناب حکیم محمد محسن علی خان نیازی صاحب مظفر نگر۔

**ھوالشافی:** بہمن سرخ' بہمن سفید' عقرقرحا' خارخسک' تخم اوٹنگن' موصلی سفید' بہیدانہ' گوند کیکر' موچرس' ثعلب مصری' پھلی ببول' کشتہ قلعی' زعفران ہرایک برابر وزن۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو نہایت باریک کرکے کشتہ ملا کر سنبھال کر رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** تین ماشہ صبح وشام ہمراہ شیر گاؤ کھلا دیجئے۔

**فائدہ:** احتلام کے لئے نہایت اعلیٰ درجہ کی معمولی مطب دوا ہے مادہ منویہ کو غلیظ کرتی ہے اور دماغ کو طاقت دیتی ہے۔

# 953- خاصی

**عنایت:** جناب حکیم عطا محمد صاحب بڑانہ جھنگ۔

**ھوالشافی:** بوپھلی پانچ تولہ' سبوس اسپغول دو تولہ' مغز املی خورد پانچ تولہ' موصلی سفید پانچ تولہ' مصطگی رومی ایک تولہ' کشتہ عقیق چھ ماشہ' کشتہ مرجان چھ ماشہ' کشتہ قلعی چھ ماشہ' نبات سفید آٹھ تولہ۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو نہایت باریک کرکے کشتہ جات ملا کر سنبھال کر رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** ایک تولہ صبح ایک تولہ شام ہمراہ شیر گاؤ دیجئے۔

**فائدہ:** دل و دماغ کو طاقت دیتی ہے جریان احتلام اور امساک میں مفید الاثر دوا ہے جسم میں رطوبات کا اضافہ کرتی ہے مادہ منویہ میں اضافہ کرتی ہے گاڑھا کرتی ہے سرعت انزال کی دشمن دوا ہے مقوی بھی ہے۔

## 954- احتلامی

**عنایت:** جناب حکیم عبدالکریم صاحب پکا باغ جالندھر (ہند)۔
**ہوالشافی:** تخم قنب، کندر، جفت بلوط، گلنار برابر وزن۔
**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو خوب پوڈر بنا کر حبوب نخودی تیار فرما لیجئے اور محفوظ کر لیجئے۔
**ترکیب استعمال:** تین گولی روزانہ رات سوتے وقت ہمراہ آب تازہ لیجئے۔
**فائدہ:** احتلام کے لئے بے حد مفید دوا ہے جسم میں الکلائن پیدا کرتی ہے۔

## 955- راحت جان

**عنایت:** زبدۃ الحکماء جناب حکیم احمد شاہ صاحب بصیر پور اوکاڑہ۔
**ہوالشافی:** تالمکھانہ، بیخ بند، گوکھرو، مازو، مائیں، اندر جو، گل دھاوا، موچرس، سمندر سوکھ، پوست بیخ بانسہ ہر ایک ایک تولہ، اقاقیا دو تولہ، مصری چار تولہ۔
**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو نہایت باریک پوڈر بنا لیجئے اور محفوظ کر لیجئے۔
**ترکیب استعمال:** سات ماشہ صبح وشام ہمراہ شیر گاؤ شیریں دیجئے۔
**فائدہ:** احتلام اور لیکوریا کے لئے نہایت مجرب دوا ہے۔

## 956- سکون

**عنایت:** جناب حکیم نور محمد صاحب صدر بازار راولپنڈی۔
**ہوالشافی:** مغز توری تلخ، مغز تمر ہندی، افتیمون برابر وزن۔
**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو نہایت باریک کر کے حبوب نخودی لعاب صمغ عربی میں بنائیے خشک ہونے پر سنبھال لیجئے۔
**ترکیب استعمال:** ایک گولی صبح ایک شام ہمراہ آب تازہ یا لسی خام دیجئے۔
**فائدہ:** احتلام وغیرہ میں تریاقی نسخہ ہے۔

## 957- نرآمہ

**عنایت:** زبدۃ الحکماء جناب حکیم احسان علی صاحب چاند پور بجنور (ہند)۔
**ہوالشافی:** بہمن سرخ، بہمن سفید ایک ایک تولہ، سبوس اسپغول پانچ تولہ، ثعلب مصری ایک تولہ، صمغ عربی چھ ماشہ، مغز تمر ہندی دو تولہ، قند سفید برابر وزن۔
**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو پوڈر بنا کر سنبھال لیجئے۔
**ترکیب استعمال:** نو ماشہ صبح وشام ہمراہ شیر گاؤ کھلا دیجئے۔



**فائدہ:** احتلام کے لئے نہایت مفید دوا ہے جسمانی طاقت بحال کرتی ہے مادہ منویہ کثرت سے پیدا کرتی ہے۔

## طغرے

- فرائی ایٹ کونین سائٹراس دس گرین ہمراہ آب تازہ رات سوتے وقت لیجئے۔
- گوند کتیرا دو ماشہ ایک پاؤ دودھ میں بھگو کر نہار منہ میٹھا ڈال کر پی لیجئے۔
- کونپل ڈھاک اور گڑ برابر وزن لے کر نخودی حبوب بنا کر صبح وشام کھائیے۔
- پوٹاشیم برومائیڈ اور کلورل ہائیڈریٹ برابر وزن پندرہ گرین لے کر رات کو پانی سے کھا لیجئے۔
- کیمفر مونو برومائیڈ پانچ گرین کی ٹکیہ رات کو پانی سے لیجئے۔

## 958- حب احتلام

**عنایت:** زبدۃ الحکماء جناب حکیم محمد اعظم نقشبندی صاحب سردار آباد فیصل آباد۔
**ہوالشافی:** پوٹاشیم برومائیڈ، تخم جوز مائل، مرچ سیاہ ہر ایک ایک تولہ، کافور چھ ماشہ، کشتہ قلعی چھ ماشہ۔
**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو خوب باریک کر کے لعاب صمغ عربی سے نخودی حبوب تیار کر لیجئے اور اوپر ورق چاندی چڑھا دیجئے۔
**ترکیب استعمال:** رات سوتے وقت ایک گولی ہمراہ آب تازہ دیجئے۔
**فائدہ:** پہلے دن ہی سے احتلام رک جاتا ہے ذکاوت حس کے لئے چوٹی کا نسخہ ہے۔ آٹھ یا دس دن ہی کافی ہیں۔

## 959- حب رحمت

**عنایت:** جناب حکیم عبدالخالق صاحب شاہدرہ لاہور۔
**ہوالشافی:** زرنبی عمدہ ایک تولہ، کوکنار ایک تولہ، میٹھا تیلیہ مدبر ایک تولہ، شیر برگد چھ تولہ۔
**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو لے کر خوب باریک کر کے شیر برگد میں خوب کھرل کیجئے جب گولی باندھنے کے لائق ہو جائے تو حبوب نخودی بنا لیجئے۔
**ترکیب استعمال:** ایک گولی صبح ایک گولی سہ پہر ہمراہ شیر گرم سے کھلا دیجئے۔ امساک کے لئے ایک گولی بوقت شب استعمال کیجئے۔
**فائدہ:** جریان احتلام، ذکاوت حس، سرعت انزال، رقت اور سرعت میں نہایت مفید دوا ہے مایوس مریضوں کے لئے پیام شفا ہے لازمی بنا کر استعمال کیجئے حیرت انگیز فوائد برآمد ہوں گے۔

www.pdfbooksfree.pk

## 960- سفوف احتلام

**عنایت:** جناب حکیم محمد رفیق صاحب کلکتہ (ہند)۔

**ھوالشافی:** شقاقل مصری' موصلی سفید' موصلی سیاہ' تالمکھانہ' ستاور' عقرقرحا' ثعلب مصری ہرایک ایک تولہ' کوزہ مصری سات تولہ۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو نہایت باریک پیس لیجئے اور سنبھال کر رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** نو ماشہ صبح نو ماشہ سہ پہر ہمراہ شیر گاؤ نیم گرم۔

**فائدہ:** احتلام کے لئے بہترین اثرات کی حامل دوا ہے سہل الحصول اور سستا علاج ہے۔

# ذکاوت حس

ذکاوت حس کے معنی ہیں احساسات میں تیزی یہ اصطلاح خصوصاً جنسی تحریک کے لئے بولی جاتی ہے۔ حقیقت بھی یہی ہے کہ جسم کے اندر جس قدر احساسات پیدا ہوتے ہیں ان کا تعلق اعصاب سے ہے۔

**اسباب:**

جنسی خیالات کو بار بار ذہن میں لانا' بے راہ روی کا شکار ہونا' اعصاب کے اندر تحریک پیدا ہونا' ذہن کے ایک خاص حصہ میں سوزش کے باعث خیالات میں انتشار پیدا ہونا وغیرہ وغیرہ۔ جلق' کثرت مباشرت' اغلام میں مبتلا رہنا وغیرہ۔

**علامات:**

شوق مباشرت بہت زیادہ ہوتا ہے جب کہ قوت مباشرت بہت کم ہوتی ہے ہر وقت جنسی خیالات میں مست رہنا وطیرہ بن جاتا ہے مادہ منویہ بکثرت پیدا ہوتا ہے اعضائے رئیسہ کمزور ہوجاتے ہیں سستی و کاہلی زیادہ ہوجاتی ہے کام کاج سے دل اچاٹ ہوجاتا ہے بعض اوقات ہلکی قبض ہوجاتی ہے بعض اوقات اسہال شروع ہوجاتے ہیں نظام انہضام کمزور ہوجاتا ہے بعض اوقات صرف خیالات میں ہی مادہ منویہ خارج ہوجاتا ہے عضو تناسل میں استرخا پیدا ہوجاتا ہے سختی میں کمی آجاتی ہے عضو تناسل کمزور اور ڈھیلا ہوجاتا ہے حق زوجیت پورا کرنے سے قاصر رہتا ہے۔

**اصول علاج:**

ذکاوت حس کو ختم کرنا' جریان کو ختم کرنا اور مقوی و محرک اغذیہ کا استعمال ہی مریض کو

www.pdfbooksfree.pk



مت سے ہمکنار کرسکتا ہے۔

## 961- اکسیر ذکاوت حس

**عنایت:** جناب حکیم رحمت علی صاحب احمد آباد (ہند)۔

**ھوالشافی:** تخم خرفہ' تخم کاہو' مغز خیارین' مغز کدو' مغز کشنیز' برادہ صندل سفید' طباشیر' گل نیلوفر ہرایک ایک تولہ' نبات سفید تین تولہ۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو نہایت باریک کرکے پوڈر بنالیجئے اور سنبھال کر رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** سات ماشہ تازہ پانی سے صبح وشام دیجئے۔

**فائدہ:** ذکاوت حس کو دور کرکے جریان کا خاتمہ کردیتا ہے گرمی مثانہ اور حرقت البول میں مفید ہے۔

## 962- اکسیر ذکاوت حس

**عنایت:** جناب حکیم محمد مشتاق قادری صاحب جیکب آباد سندھ۔

**ھوالشافی:** جنگ ہرڑ چار تولہ' آملہ چار تولہ' کشتہ فولاد دو تولہ۔

**ترکیب تیاری:** پہلی دونوں دواؤں کو خوب پوڈر کرلیجئے اور کشتہ ملا کر سنبھال لیجئے۔

**ترکیب استعمال:** ایک ماشہ صبح دوپہر شام ہمراہ آب تازہ یا دودھ پتی دیجئے۔

**فائدہ:** ذکاوت حس کو حالت اعتدال پر لاتا ہے اور جسم میں قوت پیدا کرتا ہے خون کی کمی کو دور کرتا ہے۔

# سرعت انزال

**تعریف مرض:**

مباشرت کے وقت طبعی مدت سے کم وقت میں مادہ منویہ کے اخراج کو سرعت انزال سے تعبیر کرتے ہیں یہ ایک ایسا عارضہ ہے جو فعل مباشرت کی تکمیل میں رکاوٹ کا باعث بنتا ہے۔

**طبعی انزال:**

دوران مباشرت انزال کی طبعی مدت عموماً دو تین منٹ سے پانچ تا دس منٹ ہوسکتی ہے لہٰذا تندرست آدمی کے لئے یہ مدت بہت ہی مناسب ہے اس سے زیادہ مدت کے طلب گار لذت اور سرور کے خواہش مند ہوتے ہیں جو انتہائی نقصان دہ ہے۔ بعض افراد میں ایک منٹ یا

ڈیڑھ منٹ مدت ہوتی ہے لہٰذا یہ مدت بھی طبعی ہے جب کہ اس سے کم یا اس سے بہت
مدت غیر طبعی ہے۔

## غیر طبعی انزال:

طبعی مدت" سے پہلے منی کا اخراج غیر طبعی انزال کہلاتا ہے مثلاً دخول کے ساتھ ہی منی کا اخراج ہوجائے یا دخول سے بیشتر ہی انزال ہوجائے یا صرف مباشرت کے خیال خوبصورت شکل دیکھ کر ہی انزال ہوجائے یہی صورتیں سرعت انزال میں شمار کی جاتی ہیں نہایت ہی خطرناک ہیں۔

بعض اوقات طبعی مدت سے بہت زیادہ دیر بعد انزال ہو خواہ یہ دوا یا مرض یا اپنی حرکات کے باعث ہو یہ بھی نہایت خطرناک صورت ہے کیونکہ اس سے اعضائے مخصوصہ ضعف، استرخاء اور پیدائش منی میں خرابیاں پیدا ہوجاتی ہیں نیز عورت کے رحم میں ورم خون اور دیگر امراض جنم لیتی ہیں۔

## اسباب:

کثرت ملاپ یا جلق، حدت و حرارت منی، کمزوری اعضائے رئیسہ پیشاب کی نالی سوزش، ورم غدہ مذی، گردوں میں حرارت کی زیادتی یا ورم گردہ، سوزاک، خصیتین کی سوزش وگردوں میں سوزش وغیرہ۔

## علامات:

مباشرت میں دخول سے فوراً بعد یا دخول سے پہلے باہر ہی یا پھر خیال مباشرت سے خوبصورت چہرہ دیکھ کر ہی انزال ہوجاتا ہے۔ بعض اوقات کامل انتشار بھی نہیں ہوتا اور طبعی لذت نہیں ملتی عورت کی تسکین پوری نہیں کرپاتا اور مرد زندگی کو موت پر ترجیح دیتا ہے جو کہ حرام ہے

## علاج:

درج ذیل نسخہ جات میں سے حسب ضرورت استعمال کیجئے۔

## 963- اکسیر مقوی

**عنایت:** جناب رئیس الحکماء حکیم ناصر الدین احمد خان صاحب رئیس اعظم دھلی (ہند)۔

**ھوالشافی:** فلفل سیاہ، فلفل دراز، سم الفار سفید، افیون، سہاگہ، ہرایک ایک تولہ، عرق
دس تولہ۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو عرق کیوڑہ میں خوب کھرل کیجئے اور دانہ خشخاش برابر

www.pdfbooksfree.pk



تیار کرلیجئے۔

**ترکیب استعمال:** ایک گولی بعد غذا ملائی میں لپیٹ کر کھائیے۔

**فائدہ:** بھوک خوب لگتی ہے مقوی باہ ہے اعلیٰ درجہ کی ممسک ہے سرعت انزال میں نہایت مفید دوا ہے۔

## 964- امساکولین

**عنایت:** ممتاز الاطباء جناب حکیم محمد عاقل صاحب شریف منزل دھلی (ہند)۔

**ھوالشافی:** پارہ مصفی ایک تولہ، سم الفار سفید ایک تولہ، افیون ایک تولہ۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو خوب کھرل کیجئے یہاں تک کہ چار یوم کھرل کریں کہ پارہ نابود ہوجائے اور سنبھال کر رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** آدھ چاول ہمراہ مسکہ گاؤ کھلائیں۔

**فائدہ:** امساک کے لئے نہایت کامیاب دوا ہے قوت باہ کو چار چاند لگ جاتے ہیں۔

## 965- حب جیم

**عنایت:** جناب حکیم تکمیل خان صاحب محراب پور نواب شاہ باب الاسلام سندھ۔

**ھوالشافی:** جائفل، جلوتری، افیون، مازو، گل سرخ، سپاری مصطگی، زعفران، ناگیسر، موچرس، دانہ الائچی کلاں، طباشیر، اجوائن خراسانی، ہرایک برابر وزن۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو نہایت باریک کرکے اسپغول کے لعاب میں حبوب دانہ مونگ کے برابر بنالیجئے اور خشک ہونے پر سنبھال کر رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** وقت خاص سے ایک گھنٹہ پہلے تین یا چار گولیاں ہمراہ شیر گاؤ کھلا دیجئے۔

**فائدہ:** نہایت فائدہ مند دوا ہے جو امساک کی گھڑیوں کو جلا بخشتی ہے۔

**نوٹ:** بوقت ضرورت ایک گھنٹہ پہلے تین گولی شیر گاؤ کھلا دیجئے۔

## 966- حب سرعتی

**عنایت:** جناب حکیم محمد ریاضت حسین چین پور شاہ آباد (ہند)۔

**ھوالشافی:** زعفران، کبابہ، دارچینی، عقرقرحا، ریگ ماہی، مشک، مایہ شتر اعرابی، عنبر اصلی، کشتہ فولاد، سلاجیت برابر وزن، شہد بقدر ضرورت۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو عرق کیوڑہ میں خوب کھرل کیجئے اور نخودی حبوب بنا کر سنبھال کر رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** بوقت ضرورت دو گھنٹے پہلے ایک گولی ہمراہ شیر گاؤ کھلا دیجئے۔

**فائدہ:** اعلیٰ درجہ کی ممسک دوا ہے اس کا کوئی نسخہ ثانی نہیں۔

## 967- حب عشرت

**عنایت:** رئیس الاطباء جناب حکیم محمد حبیب اللہ صاحب گولڈ میڈلسٹ اجمیر شریف (ہند)۔

**ہوالشافی:** لوبان کوڑیہ تین ماشہ' جدوار خطائی نو ماشہ' جوز بوا پانچ ماشہ' شنگرف چھ ماشہ' موصلی کالی تین ماشہ مغز جوز ہندی چھ ماشہ' مغز پستہ چھ ماشہ' زعفران الفار چھ ماشہ' عرق گلاب بقدر ضرورت چھوہارے حسب ضرورت۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو عرق گلاب میں خوب کھرل کیجئے اور پھر چھوہاروں کی گٹھلی نکال کر ان میں بھر دیجئے اوپر آٹا لپیٹ کر بھوبھل میں دبا کر خوب بریاں کیجئے پھر نکال کر کوٹ کر نخودی حبوب تیار کر لیجئے سنبھال کر رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** ایک گولی روزانہ رات سوتے وقت ہمراہ شیر گاؤ شیریں کھلا دیجئے۔

**فائدہ:** مولد خون' مقوی باہ' محرک اعصاب' مشتہی ومقوی اعضائے رئیسہ ممسک لاجواب ہے۔

**پرہیز:** مرغن غذائیں خوب استعمال کیجئے۔ (تخریج شدہ حکیم محمد عبدالوحید عطاری)

## 968- حب سرعت

**عنایت:** جناب حکیم سید اعجاز حسین صاحب گوگاؤ ضلع نماڑ (ہند)۔

**ہوالشافی:** جائفل' جفت بلوط' خولنجاں' افیون ہم وزن۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو خوب باریک کھرل کر کے نخودی حبوب تیار کر لیجئے اور سنبھال کر رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** وقت خاص سے دو گھنٹے پہلے ایک گولی ہمراہ شیر گاؤ کھلا دیجئے۔

**فائدہ:** سرعت انزال کے لئے لاجواب دوا ہے۔

## 969- حب امساکی

**عنایت:** جناب حکیم نور احمد قریشی صاحب بٹالہ گورداسپور (ہند)۔

**ہوالشافی:** شنگرف رومی' مرچ سیاہ' فلفل دراز' پھٹکڑی سفید' برابر وزن' شہد بقدر ضرورت۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو نہایت باریک کھرل کر کے شہد سے نخودی حبوب تیار کر لیجئے۔

**ترکیب استعمال:** ایک گولی بوقت عصر دودھ گھی نیم گرم سے کھلا دیجئے۔

**فائدہ:** جنسی کمزوری کو ختم کرتی ہے اور امساک پیدا کرتی ہے نہایت مفید اور کامیاب ہے۔

www.pdfbooksfree.pk



## 970- کشتہ طلا پلز

**عنایت:** جناب حکیم امام الدین صاحب ڈجکوٹ فیصل آباد۔

**ہوالشافی:** (1) طلا خالص تین ماشہ' تیزاب گندھک ایک تولہ۔

(2) افیون' مشک' اسگندنا گوری ہر ایک تین تین ماشہ۔

**ترکیب تیاری:** پہلے طلاء کے باریک باریک پترے کر کے کاٹ لیجئے اور آتشی شیشی میں ڈال کر اوپر تیزاب گندھک ڈال کر نیچے ہلکی ہلکی آنچ دیجئے جب تیزاب خشک ہو تو طلا سفید کشتہ برآمد ہوگا اگر پہلی مرتبہ کشتہ نہ ہو تو دوسری مرتبہ پھر تیزاب ڈال دیجئے اور ہلکی آنچ دیجئے کشتہ حاصل کر کے 2 نمبر ادویات کو خوب باریک کر کے اس میں مذکورہ کشتہ ملا کر حبوب فلفل سیاہ برابر بنا کر سنبھال کر محفوظ رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** روزانہ ایک گولی علی الصبح نہار منہ ہمراہ مسکہ استعمال کیجئے۔

**فائدہ:** قوت باہ و امساک کے لئے مخصوص لاجواب دوا ہے جس کی مثال نہیں آزمایئے ضرور۔

## 971- امسک

**عنایت:** ابوالحکمت جناب حکیم غلام محمد صاحب سید مٹھا لاہور۔

**ہوالشافی:** مصطگی رومی' فلفل گرد' عود ہلدی' زعفران' دارچینی' پوست ترنج ہر ایک دو تولہ' جند بیدستر چار ماشہ' افیون پچاس گرام۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو خوب کھرل کیجئے اور فلفل سیاہ برابر حبوب تیار کر لیجئے اور سنبھال کر محفوظ رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** بوقت ضرورت ایک سے تین گولیاں ہمراہ شیر گاؤ کھلا دیجئے۔

**فائدہ:** امساک کے لئے نہایت لاجواب دوا ہے۔ سرعت انزال کا خاتمہ کر دیتی ہے قوت شباب کو چار چاند لگا دیتی ہے۔

**نوٹ:** تلخی محسوس کریں تو دودھ دیسی گھی ملا دیجئے۔

## 972- دوائے نشاط

**عنایت:** زبدۃ الحکماء جناب حکیم سید محمد تقی صاحب کریم نگر (ہند)۔

**ہوالشافی:** اونگن' افیون خالص' تخم فرنجمشک' قرنفل' جوز بوا' زعفران خالص ہر ایک تین گرام' جند بیدستر' مایہ شتر اعرابی' بزرالبنج' مشک خالص' ورق نقرہ ہر ایک دو گرام' ورق طلاء ایک گرام' شیر برگد بقدر ضرورت۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو شیر برگد میں خوب کھرل کیجئے اور حبوب بننے پر دانہ مونگ

برابر گولیاں بنالیجئے۔

**ترکیب استعمال:** ایک گولی صبح ایک گولی شام ہمراہ عرق عنبر پانچ تولہ عرق ماء اللحم بارہ تولہ دیجئے۔

**فائدہ:** نشاط اور سرور کا نایاب مرکب ہے مقوی و محرک نسخہ ہے نہایت امساک پایا جاتا ہے اس کے استعمال سے مایوس سے مایوس انسان کو خوش کرنے میں لاجواب ہے پہلی خوراک ہی جادو اثر ہے۔

## 973- امساکی

**عنایت:** جناب حکیم ظہور الحسن صاحب ناہھ (ہند)۔

**ھوالشافی:** پارہ مصفیٰ، سم الفار، افیون ہم وزن۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو آٹھ پہر خوب کھرل کیجئے اور سنبھال کر محفوظ رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** نصف چاول مکھن میں یا ملائی میں ملا کر استعمال کیجئے۔

**فائدہ:** سرعت انزال اور تقویت باہ کے لئے مخصوص لاجواب دوا ہے اگر جماع کرتے کرتے تھک جائیں تو کوئی ترش چیز کھالیجئے۔

## 974- حب باہ

**عنایت:** جناب حکیم سردار علی قادری بغدادی صاحب لال کڑتی بازار راولپنڈی۔

**ھوالشافی:** گندھک آملہ سار ایک ماشہ، پارہ بیس ماشہ، کھتہ سرخ دس ماشہ، لونگ دس ماشہ، دانہ الائچی کلاں ڈیڑھ ماشہ، زعفران ڈیڑھ ماشہ، زردی بیضہ مرغ دو عدد، شہد خالص ڈیڑھ تولہ۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو خوب کھرل کرلیجئے جب کہ گندھک و پارہ کی الگ کجلی تیار کرلیجئے پھر شہد ملا کر حب بقدر نخودی تیار کرلیجئے۔

**ترکیب استعمال:** ایک گولی ہمراہ شیر گاؤ صبح و شام دو وقت دیجئے۔

**فائدہ:** مقوی باہ ممسک مغلظ و مولد منی ہے تقویت باہ کے لئے خصوصیت سے فائدہ مند ہے۔

## 975- اکسیر باہ

**عنایت:** جناب حکیم سید گل احمد شاہ صاحب سیدو شریف سوات۔

**ھوالشافی:** شنگرف ایک تولہ، زردی بیضہ مرغ آٹھ عدد، کستوری خالص ایک تولہ۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو خوب کھرل کیجئے جب گولیاں بنانے کے لائق ہو جائے تو نخودی حبوب بنا کر محفوظ کرلیجئے۔

**ترکیب استعمال:** ایک گولی صبح ایک شام ہمراہ شیر گاؤ دیجئے۔

www.pdfbooksfree.pk



**فائدہ:** قوت باہ کے بڑھانے میں بہت مفید اور مجرب ہے اور سرعت انزال کا خاتمہ کرتی ہے حرارت عزیزی قائم رکھتی ہے پرلے درجے کی مقوی باہ دوا ہے۔

## 976- اکسیر لازم

**عنایت:** جناب حکیم حافظ نور محمد صاحب متھا جائی میانوالی۔

**ھوالشافی:** جوہر ازراقی ایک ماشہ، ریوند خطائی دو تولہ، شہد بقدر ضرورت۔

**ترکیب تیاری:** دونوں کو خوب گرینڈ کر کے شہد کی مدد سے دانہ مونگ برابر حبوب تیار کرلیجئے۔

**ترکیب استعمال:** موسم سرما میں ایک گولی رات سوتے وقت شیر گاؤ روغن زرد ملا استعمال کیجئے۔

**فائدہ:** مقوی باہ و امساک کے لئے بے حد مفید دوا ہے۔

## 977- اکسیر اعلیٰ

**عنایت:** جناب حکیم ایس اے ماجد صاحب بکی پور پٹنہ (ہند)۔

**ھوالشافی:** سم الفار سفید ایک تولہ، مرغ جوان دیسی ایک عدد۔

**ترکیب تیاری:** تمام سم الفار مرغ کو کھلا دیجئے جب مرنے لگے تو ذبحہ کردیجئے پھر سینہ کا گوشت خشک کر کے پوڈر بنا کر سنبھال لیجئے جب کہ دیگر گوشت دفن کردیجئے۔

**ترکیب استعمال:** تین رتی پوڈر ایک پاؤ قیمہ بکرا میں ملا کر خوب کھالیجئے۔

**فائدہ:** تقویت باہ اور امساک کے لئے اکسیر الاثر دوا ہے عمر رسیدہ اشخاص کو تقویت عطا کرتا ہے۔

**نوٹ:** گھی گاؤ خوب استعمال کیجئے۔

## 978- اکسیر باہ

**عنایت:** زبدۃ الحکماء جناب حکیم سردار بخش صاحب ٹھٹی لمی شاہ پور۔

**ھوالشافی:** عنبر ایک تولہ، مشک خالص ایک تولہ، سرکہ انگوری خالص ایک بوتل۔

**ترکیب تیاری:** پہلی دونوں ادویات کو سرکہ انگوری میں ڈال کر چالیس یوم تک دھوپ میں رکھیں بعدہ مقطر کرلیجئے اور سنبھال کر رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** تین چھ ماشہ رات سوتے وقت پی کر اوپر سے گرم دودھ نوش فرمایئے۔

**فائدہ:** قوت باہ کے لئے بھروسہ کی دوا ہے مشیروں اور وزیروں کے استعمال کی چیز ہے۔

**نوٹ:** دوا کے بعد پانی ہرگز استعمال نہ کیجئے۔

## 979- حب امساکو

**عنایت:** جناب حکیم عبدالرحیم صاحب کوٹ دادن مظفر گڑھ۔

**ہوالشافی:** لوبان کوڈیہ چھ ماشہ، شنگرف رومی چھ ماشہ، شیر برگد اڑھائی تولہ، افیون تین ماشہ

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو شیر برگد میں خوب کھرل کیجئے یہاں تک کہ گولی بننے کے قابل ہوجائے نخودی گولیاں بنا کر محفوظ رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** ایک گولی ہمراہ شیر گاؤ رات کو سوتے وقت کھا لیا کیجئے۔

**فائدہ:** امساک کے لئے بہت مفید دوا ہے قوت باہ بڑھاتی ہے۔

## 980- حب ممسک

**عنایت:** جناب حکیم قاضی نقیر محمد صاحب لیہ ضلع مظفر گڑھ۔

**ہوالشافی:** شنگرف رومی، لوبان کوڈیہ، کافور، افیون خالص برابر وزن۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو خوب کھرل کیجئے حتیٰ کہ حبوب بنانے کے قابل ہوجائے پھر نخودی گولیاں بنالیجئے اور سنبھال کر رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** ایک گولی روزانہ ہمراہ شیر گاؤ دیجئے۔

**فائدہ:** سرعت انزال کا خاتمہ کر کے حقیقی شباب پیدا کرنا اس کا ادنیٰ سا کرشمہ ہے۔

## 981- ممسک لاجواب

**عنایت:** حکیم امرچند صاحب نولکھا زیرہ فیروزپور (ہند)۔

**ہوالشافی:** شنگرف، لونگ، زعفران، افیون، ہینگ، جلوتری برابر وزن، آب پیاز بقدر ضرورت۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو باریک پیس کر آب پیاز میں تین یوم تک کھرل کیجئے اور حبوب نخودی بنا کر سنبھال کر رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** ایک گولی سادہ پانی کے ساتھ صبح و شام استعمال کیجئے۔

**فائدہ:** سرعت انزال کو جڑ سے اکھاڑ پھینکتی ہے نہایت مفید دوا ہے۔

## 982- تریاق سرعت

**عنایت:** جناب حکیم منشی دیوی دیال صاحب گنجاہ ضلع گجرات (ہند)۔

**ہوالشافی:** مغز املی دو تولہ، الائچی خورد، ست بروزہ، تخم زردک مدبر، شیر بوہڑ ہر ایک ایک تولہ، کشتہ قلعی در بھنگ چھ ماشہ، شہد بقدر مناسب۔



**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو خوب باریک پیس کر شیر بوہڑ اور شہد میں حبوب بنا کر سنبھال لیجئے۔

**ترکیب استعمال:** دو گولی صبح و شام ہمراہ شیر گاؤ دیجئے۔

**فائدہ:** سینکڑوں مرتبہ کا آزمودہ و مجرب نسخہ ہے سرعت انزال کا خاتمہ کر دیتا ہے کبھی خطا نہیں گیا۔

## 983- ملذذ آفتاب

**عنایت:** جناب حکیم صدرالدین صاحب کھچیاں شیخوپورہ۔

**ہوالشافی:** عنبر چار رتی، کستوری چار رتی، عقرقرحا چھ ماشہ، گل عقرقرحا، گلو لونگ، دارچینی ہر ایک ایک چھ ماشہ، پنجابی کبوتر صحرائی دو ماشہ، موم سفید ایک تولہ، زہرہ گوش دو عدد، شہد خالص تین تولہ۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو خوب گرینڈ کر لیجئے پھر زہرہ گوش اور شہد ملا کر سنبھال کر رکھ لیجئے۔

**ترکیب استعمال:** بوقت ضرورت نصف رتی نیچے اور اوپر لگا کر مشغول ہوجائیں۔

**فائدہ:** اعلیٰ درجہ کا لذت افزا ہے شدید شہوت آتی ہے جس عورت کے پاس یہ ملذذ لگا کر جائے ہمیشہ کے لئے غلام ہوجائے سرور کے لمحات کو طوالت عطا کرتا ہے سرعت انزال کا خاتمہ کر دیتا ہے۔

## 984- حب ممسک عنبری

**عنایت:** حکیم عبداللطیف صاحب سیالکوٹ۔

**ہوالشافی:** افیون، زعفران، مشک خالص، عنبر اشہب ہر ایک ایک ماشہ، عرق لیموں کاغذی بقدر ضرورت۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو عرق میں خوب کھرل کیجئے اور دانہ موٹھ برابر گولیاں بنا لیجئے۔

**ترکیب استعمال:** ایک سے دو گولی ضرورت سے دو گھنٹے پہلے استعمال کیجئے۔

**فائدہ:** حسب خواہش امساک پیدا کرتی ہیں قوت کو مضبوط اور اس میں تحریک بھی پیدا کرتی ہیں مقوی و ممسک اعلیٰ درجہ کی ہیں۔

## 985- امساکولین

**عنایت:** جناب حکیم عبدالمجید صاحب کریم پورہ سیالکوٹ۔

**ہوالشافی:** کبابہ، دارچینی، عقرقرحا، ریگ ماہی، خولنجاں، زعفران، جوز بوا ہر ایک چھ ماشہ، افیون

www.pdfbooksfree.pk

تین ماشہ، قرنفل تین ماشہ، مشک خالص دو ماشہ، ورق نقرہ دو ماشہ، ورق طلاء ایک ماشہ، عرق کریلا بقدر ضرورت۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو عرق کریلا میں خوب کھرل کیجئے اور پھر حبوب نخودی بنا کر لیجئے اور محفوظ فرمالیجئے۔

**ترکیب استعمال:** ایک سے دو گولیاں ہمراہ عرق ماء اللحم دن میں دو مرتبہ صبح وشام دیجئے۔

**فائدہ:** تقویت باہ اور امساک کے بڑھانے میں خصوصیت سے مفید اور مجرب ہے۔

## 986- ممسک بے نظیر

**عنایت:** جناب حکیم محمد ایوب خان صاحب سرائے میراں شاہ بنوں۔

**ہوالشافی:** شنگرف رومی دو تولہ، آب پیاز پچاس گرام، چڑے دو عدد، روغن زرد آدھ کلو، زعفران پانچ ماشہ، افیون خالص چھ ماشہ۔

**ترکیب تیاری:** خشک ادویات کو آب پیاز میں خوب کھرل کیجئے پھر ایک چڑے کے پیٹ میں ڈال کر سی دیجئے اور روغن زرد میں بریاں کیجئے پھر دوسرے چڑے میں یہی عمل کیجئے اور کوٹ چھان کر سنبھال کر رکھئے۔

**نوٹ:** پہلے چڑے کو آلائش وغیرہ سے پاک کر لیجئے۔

**ترکیب استعمال:** ایک رتی صبح وشام ہمراہ مسکہ دیجئے۔

**فائدہ:** امساک کی لاجواب دوا ہے لذت وقوت بے انتہا پیدا ہوتی ہے جوانی کو مستانی کر دیتی ہے سرعت انزال کے پرخچے اڑا دیتی ہے۔ (تخریج حکیم محمد عبدالوحید عطاری)

## 987- اکسیر مقوی وممسک

**عنایت:** حکیم سید وجیہہ الحسن صاحب گکرولی مظفر نگر (ہند)۔

**ہوالشافی:** شنگرف رومی دو تولہ، جوزبوا، بزرالنج، مائیں، افیون، عقرقرحا، حرمل، مصطگی، زعفران ہرایک ایک تولہ۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو خوب تحق بلیغ کیجئے پھر سنبھال کر محفوظ کر لیجئے۔

**ترکیب استعمال:** نصف ماشہ روزانہ ملائی میں رکھ کر کھلا دیجئے اوپر سے شیر گاؤ نیم گرم پلا دیجئے۔

**فائدہ:** تقویت باہ کے لئے خاص الخاص چیز ہے اور سخت امساک لاتا ہے۔

## 988- زعفرانی پلز

**عنایت:** جناب حکیم سید محمد یوسف صاحب کولوٹولہ اسٹریٹ کلکتہ (ہند)۔

www.pdfbooksfree.pk



**ہوالشافی:** چرس کشمیری چھ ماشہ، زعفران چھ ماشہ، دارچینی، ثعلب مصری، الائچی خورد، مغز بادام، مغز پنبہ دانہ، ناریل، بہمن سرخ، بہمن سفید ہر ایک اڑھائی تولہ، جوزبوا ڈیڑھ تولہ، صندل سفید، تودری سرخ، تودری سفید، ہر ایک دو تولہ، جند بید ستر پانچ تولہ، قند سفید، شہد خالص سہ چند۔

**ترکیب تیاری:** تمام خشک ادویات کو خوب باریک کر کے شہد و قند سفید کا قوام بنا کر دیگر ادویات ملا کر بطریقہ معروف معجون تیار کر لیجئے اور سنبھال کر رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** پانچ ماشہ رات سوتے وقت ہمراہ دودھ دیجئے۔

**فائدہ:** نہایت مقوی باہ و مغلظ منی دوا ہے امساک کی گھڑیوں کو خوب طول دیتی ہے خوب انتشار پیدا کرتی ہے چند روزہ استعمال سے جوانی لوٹ آتی ہے نہایت بھروسہ کا نسخہ ہے۔
(تخریج جناب حکیم عبدالوحید عطاری)۔

## 989- حب افلاطون

**عنایت:** زبدۃ الحکماء جناب حکیم عبدالجبار خان صاحب محلہ خیراللہ شاہ صاحب پلی بھیت (ہند)۔

**ہوالشافی:** سم الفار سفید ایک تولہ، شنگرف ایک تولہ، افیون خالص ایک تولہ، زردی بیضہ مرغ اکیس عدد۔

**ترکیب تیاری:** روزانہ ایک عدد زردی انڈا ادویات میں خوب کھرل کرتے جائیں اس طرح اکیس دن تک کیجئے پھر حبوب نخودی تیار فرمالیجئے اور سنبھال کر محفوظ رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** روزانہ ایک گولی ہمراہ شیر گاؤ روغن زرد ملا دیجئے۔

**فائدہ:** نہایت اعلیٰ مقوی باہ اور سرعت انزال کا تریاق دوا ہے جوانی بہاروں پر آ جاتی ہے نامرد بھی مرد کامل بن کر چار نکاح کرنے پر اصرار کرتے ہیں۔

**نوٹ:** مرغن غذائیں بکثرت کھلائیے۔

## 990- حب طاغوتی

**عنایت:** جناب حکیم ہری سنگھ صاحب گلیانہ گجرات (ہند)۔

**ہوالشافی:** پارہ ایک تولہ، سفیدی بیضہ مرغ ایک عدد۔

**ترکیب تیاری:** دونوں کو تین پہر کھرل کیجئے پھر ایک چڑے کو ذبح کر کے آلائش سے پاک کر کے پیٹ میں دوا ڈال کر سلائی کر دیجئے اور سلائی پر لگا کر بھون کر سرخ کیجئے پھر ہڈیاں نکال کر دوا کو خوب باریک کر لیجئے اور شہد کی مدد سے حبوب نخودی بنا کر سنبھال لیجئے۔

**ترکیب استعمال:** ایک گولی صبح ایک شام ہمراہ شیر گاؤ دیجئے۔

**فائدہ:** نہایت اعلیٰ درجہ کی مقوی ہے سرعت انزال کا خاتمہ کرتی ہے اعلیٰ پایا کا نسخہ ہے۔

## 991- اکسیر بابا

**عنایت:** جناب حکیم مرزہ عبدالغنی صاحب ڈرکشارم ایسٹ گوداوری (ہند)۔

**هوالشافی:** جائفل، کھتہ سفید، لونگ، افیون، تخم خشخاش، گلنار برابر وزن، آب کریلا بقدر ضرورت۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو آب کریلا میں دو دن خوب کھرل کیجئے اور حب نخودی تیار کر کے سنبھال کر رکھیے۔

**ترکیب استعمال:** ایک گولی پان میں رکھ کر چبایئے اور نزدیک جایئے۔

**فائدہ:** تقویت باہ اس قدر پیدا ہو کر عقل دنگ رہ جائے بے حد انتشار پیدا ہوتا ہے عورت نہ ملے تو بے قراری ہو جاتی ہے اور سرعت انزال دم دبا کر نکل جاتا ہے۔

## 992- حب شیخ

**عنایت:** جناب حکیم ایم شیخ احمد صاحب سلیم (ہند)۔

**هوالشافی:** خصیۃ الثعلب، مصطگی رومی، لاکھ دانہ ہر ایک برابر وزن، شیر بڑ بقدر ضرورت۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو شیر بوہر میں کھرل کیجئے اور نخودی حبوب تیار کر کے محفوظ فرما لیجئے۔

**ترکیب استعمال:** ایک گولی ہمراہ شیر گاؤ روزانہ استعمال کیجئے۔

**فائدہ:** سرعت انزال کا خاتمہ کرنے میں نہایت جید الاثر دوا ہے۔ اکتالیس یوم متواتر استعمال کریں۔

## 993- حب کمال

**عنایت:** جناب وید جانکی داس صاحب پٹیالہ (ہند)۔

**هوالشافی:** چھوہارا ایک عدد، دودھ آک ایک تولہ، افیون ایک ماشہ، پارہ مصفیٰ چھ ماشہ، آرد ماش پانچ تولہ۔

**ترکیب تیاری:** پارہ اور افیون کو دودھ میں خوب کھرل کر کے چھوہارے کی گٹھلی نکال کر اس میں بھر دیجئے اور اوپر سوت کا دھاگہ لپیٹ کر اوپر آرد ماش کو لیپ کر کے غلولہ بنا لیجئے پھر بھوبل تیز میں دے دیجئے جب غلولہ سرخ ہو جائے تو نکال کر چھوہارا نکال کر خوب کھرل کیجئے اور دانہ مونگ برابر حبوب بنا کر سنبھال لیجئے۔

**ترکیب استعمال:** ایک گولی ہمراہ شیر گاؤ روزانہ استعمال کیجئے۔

www.pdfbooksfree.pk



**فائدہ:** بے نظیر دوا ہے جو مقوی و ممسک ہے ایک مرتبہ کھانے سے ساری زندگی آرام سے گزر جاتی ہے نہایت بھروسہ کا نسخہ ہے۔

## 994- ملذذ و ممسک

**عنایت:** جناب حکیم حسن بھائی صاحب دھوراجی کالھیاواڑ (ہند)۔

**هوالشافی:** سہاگہ خام بیٹ صحرائی کبوتر، کافور، چوبہ عود خالص ہر ایک ایک ماشہ، عقرقرحا، خاکستر موئے سر عورت ایک ماشہ، بھیر بوٹی بریاں در روغن گاؤ دو ماشہ، عطر گلاب تین بوند، شہد ایک تولہ۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو نہایت باریک کر کے شہد اور عطر ملا کر سنبھال کر رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** قبل از جماع ایک رتی عضو تناسل پر مالش کر کے مشغول ہوں۔

**فائدہ:** امساک میں چوٹی کا نسخہ جو بے حد ممسک ہے جس عورت سے جماع کیا جائے ساری زندگی غلام بن جائے خوب دونوں کو لطف و سرور آئے۔

## 995- فریفتگی طلاء

**عنایت:** جناب حکیم فتح محمد پنجگرائیں راجوری جموں و کشمیر۔

**هوالشافی:** عقرقرحا، لونگ، مومیائی زفت، عطر حنا عطر نرگس، گلاب و خرس برابر وزن۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو خوب باریک پیس کر عطریات ملا کر سنبھال کر رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** بوقت ضرورت ایک رتی عضو پر مالش کر کے مشغول ہوں۔

**فائدہ:** نہایت مقوی باہ اور ممسک و ملذذ اور منزل ہے ملذذ اس قدر ہے کہ رحم خود بخود اس کی طرف آ جاتا ہے کئی عورتیں اس نسخہ کے استعمال سے حاملہ ہو گئیں ہیں نہایت مفید و مجرب ہے۔

## 996- حب ممسک

**عنایت:** جناب حکیم محمد فضل الرحمٰن خان صاحب نالہ گڑھ انبالہ (ہند)۔

**هوالشافی:** افیون چار رتی، زعفران اصلی ایک ماشہ، جوزبوا چھ رتی، قرنفل چھ رتی، جند بیدستر ایک ماشہ، تج قلمی ایک ماشہ، اجوائن خراسانی، اجوائن دیسی، عقرقرحا، بسباسہ ہر ایک ایک ماشہ، تخم دھتورہ تین دانہ، چھوہارا ایک عدد۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو خوب کھرل کیجئے اور چھوہارے کی گٹھلی نکال کر اس میں بھر کر اوپر آٹا لپیٹ کر غلولہ تیار کیجئے پھر راکھ گرم میں غلولہ رکھ کر سرخ ہونے پر نکال کر سرد ہونے پر چھوہارا نکال کر باریک پوڈر بنا لیجئے اس کی چار خوراکیں بنا کر سنبھال لیجئے۔

**ترکیب استعمال:** مباشرت سے دو گھنٹے پہلے ایک خوراک کھلا کر شیر گاؤ آدھ کلو نوش

فرمالیجئے۔

**فائدہ:** کوئی سائیڈ ایفیکٹ نہیں نہایت لاجواب دوا ہے اعلیٰ درجہ کی ممسک اور مقوی دوا ایک مرتبہ ضرور استعمال کیجئے۔

**نوٹ:** یہ مقدار ادویات ایک خرما کے لئے ہے اسی حساب سے زیادہ تیار کر سکتے ہیں۔

## 997- حب ارسطو

**عنایت:** جناب حکیم چوہدری مہاراج کرشن صاحب بھائیہ لالیاں جھنگ۔

**ہوالشافی:** زعفران خالص' سہاگہ چوکیا' بزرالبنج ہر ایک چھ ماشہ' آب پوست کوکنار بقدر ضرورت۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو آب پوست کوکنار میں خوب سخت بلیغ کیجئے اور نخودی حبوب بنا کر کے محفوظ فرمالیجئے۔

**ترکیب استعمال:** ایک گولی مباشرت سے دو گھنٹے پہلے لے لیجئے۔

**فائدہ:** سرعت انزال کو جڑ سے اکھاڑ پھینکتی ہے۔

## 998- سٹڈ

**عنایت:** جناب حکیم پنڈت بابورام صاحب روڈ کہ کلاں جالندھر (ہند)۔

**ہوالشافی:** عروسک تین ماشہ' خراطین تین ماشہ' خاکستر موئے عورت ایک ماشہ' عطر گلاب ۲ رتی' عطر موتیا خالص دو رتی۔

**ترکیب تیاری:** خشک ادویات کو خوب پیس کر عطریات ملا کر طلاء سنبھال کر رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** بوقت ضرورت ایک رتی لگا کر مشغول ہوجایئے۔

**فائدہ:** لذت وامساک میں چار چاند لگا دینا اس کا ادنیٰ سا کرشمہ ہے ایک مرتبہ آزمایئے۔

## 999- حب جمالی

**عنایت:** جناب حکیم شمس الدین صاحب کوچہ حصدری مل دہلی دروازہ لاہور۔

**ہوالشافی:** ازراقی مدبر' جدوار خطائی' مومیائی خالص' افیون' شنگرف ہر ایک ایک تولہ' قرنفل' زعفران بیر بہوٹی' جوزبوا' کافور ہر ایک چھ ماشہ' شیر برگد پندرہ تولہ۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو خوب باریک کھرل کر کے شیر برگد میں کھرل کیجئے جب گولیاں بنانے کے قابل ہوجائیں تو نخودی حبوب تیار کرلیجئے اور سنبھال کر رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** ایک گولی وقت مباشرت سے دو گھنٹہ پہلے ہمراہ شیر گاؤ کھلا دیجئے۔

**فائدہ:** سرعت انزال میں لاجواب دوا ہے جب تک ترشی نہ کھائے تو انزال نہ ہو نہایت مم

www.pdfbooksfree.pk



مجرب دوا ہے۔

## 1000- حب اعظم

**عنایت:** جناب حکیم غلام قادر صاحب نیو گنیش گنج لکھنو (ہند)۔

**ہوالشافی:** قرنفل گلدار' افیون' دارچینی' جلوتری' زعفران' جوزبوا' سمندر سوکھ' مصطگی رومی' بیر بہوٹی برابر وزن' آب برگ تنبول بقدر ضرورت۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو خوب کھرل کر کے آب برگ تنبول میں حبوب نخودی بنا لیجئے اور محفوظ رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** ایک گولی روزانہ شیر گاؤ استعمال کیجئے۔

**فائدہ:** نہایت اعلیٰ درجہ کی مقوی باہ دوا ہے سرعت انزال کا خاتمہ کرتی ہے۔

## 1001- حب احمر

**عنایت:** جناب حکیم زین العابدین اعوان صاحب پروکیانوالہ فیصل آباد۔

**ہوالشافی:** مغز تخم تمر ہندی ایک تولہ' سمندر سوکھ' پوست اسپغول' تالمکھانہ' تج' طباشیر ہر ایک چھ ماشہ' شیر برگد بقدر ضرورت۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو خوب باریک کر کے شیر برگد میں نخودی حبوب تیار کرلیجئے اور سنبھال کر رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** تین گولیاں صبح' دوپہر' شام ہمراہ شیر گاؤ کھلا دیجئے۔

**فائدہ:** سرعت انزال' جریان' احتلام میں نہایت جید الاثر دوا ہے متعدد مرتبہ کی تجربہ شدہ دوا ہے۔

## 1002- روغن اعلیٰ

**عنایت:** حکیم عباد علی خان صاحب پٹی بجواڑہ ہوشیار پور (ہند)۔

**ہوالشافی:** شیر گاؤ ایک کلو' زعفران خالص ایک تولہ' سم الفار سفید ایک تولہ۔

**ترکیب تیاری:** دونوں دواؤں کو خوب کھرل کر کے دودھ میں حل کر کے ضامن لگایئے پھر مکھن حاصل کر کے گھی بنا لیجئے اور سنبھال کر رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** روزانہ دو بوند شیر گاؤ میں ملا کر استعمال کیجئے۔

**فائدہ:** تقویت باہ کے لئے مجرب ممسک اور ملذذ اعلیٰ درجہ کا ہے۔

## 1003- طلاء محبت

**عنایت:** جناب حکیم سید صفات احمد صاحب چونا منڈی لاہور۔

**ھوالشافی:** مغز ازراقی ایک تولہ' آب کو کنار پانچ تولہ۔

**ترکیب تیاری:** ازراقی کو آب کو کنار میں بھگو دیجئے جب نرم ہو جائے تو گھوٹ کر گولیاں بنا کر لیجئے اور سنبھال کر رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** بوقت ضرورت ایک گھنٹہ پہلی پانی میں گھس کر پتلا سا لیپ کر دیجئے۔

**فائدہ:** جب تک دھوئیں گے نہیں انزال نہیں ہوگا۔

## 1004- حب ممسک

**عنایت:** جناب حکیم محمد خلیل صاحب نصیر پور نزد تخت ہزارہ ضلع شاہپور۔

**ھوالشافی:** کافور' زعفران' افیون' جوز بوا' جوز ماثل' برابر وزن شہد بقدر ضرورت۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو مثل غبار پوڈر بنالیجئے پھر شہد میں حبوب نخودی تیار کر لیجئے اور سنبھال کر رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** ایک گولی مباشرت سے دو گھنٹے پہلے استعمال کیجئے۔

**فائدہ:** تجربہ شدہ دوا ہے جو سرعت انزال کا خاتمہ کر دیتی ہے۔

## 1005- حب خاص

**عنایت:** جناب حکیم لدھارام صاحب سنڈھا پاٹھ جھنگ۔

**ھوالشافی:** تخم جوز ماثل دو تولہ' اجوائن خراسانی ایک تولہ' تخم بھنگ دو تولہ' کو کنار ایک تولہ پانی ایک کلو' مویز منقی کلاں آٹھ تولہ۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو ایک کلو پانی میں خوب جوش دیجئے جب پانی آدھ کلو رہ جائے تو نیچے اتار کر سرد کر لیجئے اور چھان کر اس میں مویز منقی کلاں ڈال کر ہلکی آنچ پر رکھیں اور چمچ سے ہلاتے جائیے تاکہ نیچے نہ لگے جب پانی خشک ہو جائے تو اتار کر منقی سنبھال کر رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** ایک منقی ہمراہ شیر گاؤ روغن بادام ملا سے ایک گھنٹہ مباشرت سے پہلے استعمال کیجئے۔

**فائدہ:** دوا استعمال کر کے قدرت کا تماشا دیکھئے اعلیٰ درجہ کا امساک پیدا ہوگا کھٹی چیز یا نمک کا کر جان چھوڑانا پڑے گی بڑی ہی مفید دوا ہے۔



## 1006- لاثانی طلاء

**عنایت:** جناب حکیم محمد مظفر صاحب دولت گنج بھلیہ گوالیار (ہند)۔

**ھوالشافی:** پتہ خرگوش دو عدد' پتہ مہوکا ایک عدد' پتہ مرغ دو عدد' قضیب ریچھ سوہاں کردہ نو ماشہ' عقرقر حا چھ ماشہ' عنبر اشہب دو ماشہ' سہاگہ دو ماشہ' سرکہ ایک تولہ۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو خوب کھرل کر کے سرکہ ملا کر پیس کر مرہم تیار کر لیجئے اور سنبھال کر رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** بوقت ضرورت ایک رتی عضو تناسل پر لیپ کر دیجئے۔

**فائدہ:** امراؤ و روٗسا کے لئے نہایت مفید جید الاثر ممسک و محرک لاجواب طلاء ہے۔ استعمال کر کے قدرت خدا کا تماشا دیکھئے۔

## 1007- ممسک قلندری

**عنایت:** جناب حکیم محمد اشفاق قادری صاحب محلہ سوداگراں باب المدینہ کراچی۔

**ھوالشافی:** سیماب مصفی تین ماشہ' گندھک آملہ سار تین ماشہ' افیون' جوز ماثل' جلوتری' جوز بوا' زعفران' کباب چینی خشک ہر ایک ایک ماشہ۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو خوب باریک کر لیجئے سیماب و گندھک کی الگ کجلی تیار فرمالیجئے ملا کر عرق گلاب میں خوب کھرل کر کے شہد کی مدد سے حبوب نخودی تیار کر لیجئے۔

**ترکیب استعمال:** ایک گولی صبح ایک شام کھانے کے بعد ہمراہ شیر گاؤ سے کھالیجئے۔

**فائدہ:** مقوی باہ و ممسک اعلیٰ درجہ کی ہے سرعت انزال کا خاتمہ کرنا اس کا معمولی سا کام ہے۔

## 1008- روشن امساکی

**عنایت:** جناب حکیم محمد واجد صاحب ڈی جی خان۔

**ھوالشافی:** تخم کونچہ' تالمکھانہ' کوزہ مصری بھکوا ہر ایک برابر وزن۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو باریک پیس لیجئے اور خوب حفاظت سے رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** تین ماشہ صبح و شام ہمراہ شیر گاؤ شیریں بعد طعام دیجئے۔

**فائدہ:** گرم مزاج کے حامل حضرات کے لئے ایک نئی روشنی ہے مادہ منویہ کو گاڑھا کرنا' سرعت انزال کا خاتمہ کرنا' پیشاب وغیرہ کی جلن ختم کرنا اس کا ادنیٰ سا کمال ہے۔ اکیس یوم کھلائیں۔

**نوٹ:** دیر تک کھلانے سے ضعف باہ پیدا کرتا ہے۔

www.pdfbooksfree.pk

## 1009- حب جوش

**عنایت:** جناب حکیم محمد حمزہ خان صاحب کابل افغانستان۔

**ہوالشافی:** شنگرف ایک ماشہ، تخم قنب نو ماشہ، کوکنار چھ ماشہ، افیون نو ماشہ، تخم اونٹکن سات ماشہ، عقرقرحا چھ ماشہ، زعفران چھ ماشہ، مویز منقی ایک تولہ، جند بیدستر نو ماشہ، جوزبوا چھ ماشہ، شیر برگد بقدر ضرورت۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو نہایت باریک کھرل کیجئے اور شیر برگد میں حبوب دو رتی بنالیجئے اور سنبھال کر رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** ایک گولی صبح ایک شام استعمال کیجئے۔

**فائدہ:** بے انتہا صالح خون پیدا کرتی ہے چہرے کو بارعب اور پرکشش بناتی ہے نہایت اعلیٰ درجہ کی مقوی باہ و ممسک بے نظیر ہے۔

## 1010- دوائے کشش

**عنایت:** جناب طبیبہ عائشہ پروین علی گڑھ (ہند)۔

**ہوالشافی:** افیون خام ایک تولہ، مغز بادام دس تولہ، شہد خالص پندرہ تولہ، کشتہ ازراقی دو ماشہ، روغن جوز ماثل دو ماشہ، روغن قنب چھ ماشہ، ورق طلاء چار ماشہ، مشک خالص چار ماشہ، عنبر اشہب چار ماشہ، مروارید ناسفتہ چار ماشہ، یاقوت رمانی چار ماشہ، زمرد سبز چار ماشہ، عرق بید مشک بقدر ضرورت۔

**ترکیب تیاری:** پہلے مغز بادام کو خوب باریک کر کے شہد میں ملا لیجئے بعدہ دیگر اشیاء کو عرق بید مشک میں زوردار ہاتھوں سے آٹھ گھنٹے تک کھرل کر کے شامل فرمالیجئے اور نہایت نفیس ڈبی میں محفوظ فرما دیجئے۔

**ترکیب استعمال:** ایک ماشہ بوقت رات مباشرت سے دو گھنٹے پہلے زیر حلق فرمالیجئے۔

**فائدہ:** جسم کے اندر بجلی کی سی مانند جوانی ابھرتی ہوئی محسوس ہوتی ہے عیش و عشرت کی گھڑیاں کو طویل کرتی ہے سرعت انزال کو جڑ سے نابود کر دیتی ہے تجربہ خود بتائے گا۔

## 1011- حب سمش

**عنایت:** جناب حکیم محمد راشد طفیل صاحب کوٹ لکھپت لاہور۔

**ہوالشافی:** جائفل، جاوتری، افیون، مازو بے سوراخ، مصطگی رومی، ناگیسر، موچرس، عقرقرحا، سپاری دکنی، دانہ الائچی خورد، طباشیر، اجوائن خراسانی، زعفران ہر ایک ایک تولہ، تخم جوز ماثل سیاہ آٹھ ماشہ، لعاب بہیدانہ بقدر ضرورت۔

www.pdfbooksfree.pk



**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو خوب باریک مثل پوڈر بنالیجئے اور لعاب بہیدانہ میں حبوب نخودی بنالیجئے۔

**ترکیب استعمال:** مستقل فائدہ کے لئے ایک گولی روزانہ ہمراہ شیر گاؤ کھلا دیجئے۔
ہنگامی فائدہ کے لئے مباشرت سے دو گھنٹے پہلے دو گولی ہمراہ شیر گاؤ کھلا دیجئے۔

**فائدہ:** نہایت اعلیٰ درجہ کی ممسک دوا ہے تجربہ شرط اول ہے۔

## 1012- دوائے سرعت انزال

**عنایت:** جناب حکیم عبدالمنان ارشد صاحب کوٹ لکھپت لاہور۔

**ہوالشافی:** موچرس پانچ تولہ، عقرقرحا چھ ماشہ، شیر برگد دو تولہ۔

**ترکیب تیاری:** دونوں ادویات کو شیر برگد میں کھرل کر کے نخودی حبوب بنا کر سنبھال کر رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** دو گولیاں صبح و شام ہمراہ شیر گاؤ کھلا دیجئے۔

**فائدہ:** نہایت مفید طبی وقت تک سرعت انزال کا خاتمہ۔

**نوٹ:** نمکین چیز سے پرہیز کیجئے۔

## 1013- دوائے سنیاسی

**عنایت:** جناب سنیاسی خدا بخش صاحب جنگل مڑیالہ ملتان شریف۔

**ہوالشافی:** بوپھلی، سنکھا ہولی، موچرس، کرکس برابر وزن۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو نہایت باریک پیس کر سنبھال لیجئے۔

**ترکیب استعمال:** دو ماشہ صبح و شام ہمراہ شیر گاؤ نیم گرم دیجئے۔

**فائدہ:** جنگلی بوٹیوں میں زبردست کمال پنہاں ہے سرعت انزال جیسی شرمندہ کرنے والی مرض کو قطعی دور کر دیتی ہے طبعی امساک پیدا کرتی ہے۔

## 1014- حب عش عش

**عنایت:** جناب حکیم سلطان محمود اچکزئی کوئٹہ بلوچستان۔

**ہوالشافی:** جائفل، جلوتری، تخم جوز ماثل، ملٹھی، پارہ مصفیٰ، عقرقرحا، لونگ، افیون، زعفران، جند بیدستر ہر ایک ایک تولہ، شہد بقدر ضرورت۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو نہایت باریک پیس کر شہد کی مدد سے نخودی حبوب تیار فرمالیجئے۔

**ترکیب استعمال:** وقت خاص سے قبل ایک گولی ہمراہ شیر گاؤ کھلا دیجئے۔

**فائدہ:** متواتر ایک ہفتہ استعمال کرنے سے سرعت کا خاتمہ ہوجاتا ہے۔

## 1015- دلیرون

**عنایت:** جناب حکیم محمد عرفان قادری صاحب بیرون دلی دروازہ لاہور۔

**ہوالشافی:** عقرقرحا تین ماشہ، تخم ریحان دو تولہ، چینی دو تولہ۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو خوب باریک کرکے سنبھال لیجئے۔

**ترکیب استعمال:** تین ماشہ وقت خاص سے دو گھنٹے پہلے دودھ کے ساتھ کھالیجئے۔

**فائدہ:** بظاہر اس کے اجزاء معمولی لگتے ہیں مگر حقیقت میں اللہ عزوجل نے اس میں ایسی تاثیر رکھ دی ہے کہ حیرت گم ہو جاتی ہے۔ طبعی قوت و امساک پیدا ہوتا ہے۔ نہایت مفید دوا ہے مگر شرط ہے، آزمائیں اور دعائے مدینہ دیجئے۔

# مردانہ کمزوری/ضعف باہ

# (Sexual Debility)

**ماہیت:**

نامردی، ضعف باہ اور عنانت تینوں الفاظ میں وسیع معنی پنہاں ہیں یعنی معمولی کمزوری سے لے کر مادرزاد نامردی تک کے تمام درجات اس میں شامل ہیں مگر اس میں تین صورتیں اہمیت کی حامل ہیں:

(1) ایسی کمزوری کہ مباشرت و مواصلت اور جماع کی قابلیت ختم ہوجائے۔

(2) مباشرت کا شوق یا خواہش کا مفقود ہونا یا کم ہوجانا۔

(3) قوت تولید کا نقص یعنی اولاد پیدا کرنے کے قابل نہ ہونا اس میں مباشرت کی قابلیت تو موجود ہوتی ہے مگر اولاد پیدا کرنے کی قوت نہیں ہوتی۔

ان تینوں صورتوں کو بھی ضعف باہ میں شمار کیا جاتا ہے۔

**اسباب:**

کثرت مباشرت، جلق، اغلام، کثرت احتلام، کثرت جریان منی، عضو تناسل کے ذاتی نقائص، خصیہ کا ورم، مادہ منویہ کی کمی، شدید جسمانی مشقت، موٹاپا، نشہ آور چیزوں کا کثرت استعمال، ذہنی و نفسیاتی اثرات، خصیوں کے سائز میں فرق آنا، مادہ منویہ کا رقیق ہونا، شوق مباشرت کا ختم ہوجانا وغیرہ وغیرہ۔

www.pdfbooksfree.pk



**علامات:**

عضو مخصوص کا ڈھیلا ہونا جس سے قوت مباشرت ناقص یا بالکل ختم ہوجاتی ہے کبھی معمولی سا تناؤ آتا ہے تو کبھی تناؤ بالکل نہیں آتا کبھی مباشرت کی طرف رغبت ہی نہیں ہوتی مریض سست، کمزور، پست ہمت، ڈرپوک اور اس میں چڑچڑاپن آجاتا ہے نظر کمزور، ہاتھ پاؤں سرد، کمر اور پنڈلیوں میں درد، نبض ضعیف، لین، بطی ہوتی ہے نیند کی کمی، ہاضمہ کی خرابی، آنکھوں کے گرد حلقے، اعصاب کے استرخاء کے باعث آلہ تناسل کی پشت کی وریدیں نمایاں ہوجاتی ہیں عضو میں ٹیڑھا پن ہوتا ہے وغیرہ وغیرہ۔

**علاج:**

حسب ضرورت نسخہ جات میں سے دوا تجویز فرما کر علاج کیجئے۔

## 1016- سفوف باہ

**عنایت:** جناب حکیم محمد زاہد صاحب بیرون پاک گیٹ مدینۃ الاولیا ملتان شریف۔

**ہوالشافی:** تالمکھانہ، بیج بند، تخم اوٹنگن، ایک ایک تولہ، ثعلب مصری، موصلی سفید، موصلی سیاہ، شقاقل مصری ہر ایک دو تولہ، پھول مکھانہ، آرد سنگھاڑا ہر ایک چار تولہ، کرکس چھ تولہ، چینی سب کے برابر۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو خوب باریک کھرل کیجئے اور سنبھال کر محفوظ رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** نو ماشہ صبح وشام ہمراہ شیر گاؤ استعمال کیجئے۔

**فائدہ:** منی بکثرت اور صالح پیدا کرتا ہے۔ بچپن کی غلط کاریوں کے باعث عضو تناسل کے سکڑاؤ کو دور کرتا ہے، جرثومے بکثرت پیدا کرتا ہے، طاقت کو برانگیختہ کرتا ہے، پیشاب کی نالی کی جلن اور درد کافور کرتا ہے، منی کی رقت اور حدت کو ختم کرتا ہے، سرعت انزال کا خاتمہ کرتا ہے، ضعف باہ کو نابود کرتا ہے۔ غرض نہایت مفید سفوف ہے، ضرور قدر کیجئے۔

## 1017- مقوی پھیرنی

**عنایت:** جناب حکیم فضل الٰہی صاحب امرتسر (ہند)۔

**ہوالشافی:** بہمن سفید، ثعلب مصری، موصلی سفید ہر ایک پانچ تولہ، تخم ریحان تین تولہ چینی بقدر ضرورت۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو باریک کرلیجئے جب کہ تخم ریحان مسلم ہی مکس فرمالیجئے اور سنبھال لیجئے۔

**ترکیب استعمال:** چھ ماشہ دوا کی کھیر بنا کر استعمال کیجئے۔

**فائدہ:** نہایت مفید مقوی باہ دوا ہے منی بکثرت اور صالح پیدا ہوتی ہے کھوئی ہوئی طاقت بحال ہوجاتی ہے مجرب و آزمودہ دوا ہے۔

## 1018- امرتی

**عنایت:** جناب حکیم حافظ محمد کلیم اللہ صاحب نیا بازار دھلی (ہند)۔

**ھوالشافی:** موصلی سفید تین تولہ' ثعلب مصری تین تولہ' طباشیر ایک تولہ' گوند کتیرا ایک تولہ' سنگھاڑا دو تولہ' تالمکھانہ دو تولہ' الائچی خورد ایک تولہ' کوزہ مصری پاؤ۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو خوب باریک مثل پوڈر بنالیجئے اور سنبھال کر محفوظ رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** چھ ماشہ سے نو ماشہ صبح وشام ہمراہ شیر گاؤ نیم گرم دیجئے۔

**فائدہ:** منی کے جملہ نقائص کو دور کر کے صالح منی بکثرت پیدا کرتی ہے جن کے ہاں لڑکیاں ہی لڑکیاں پیدا ہوتی ہوں ان کے لئے نہایت مفید و مجرب دوا ہے۔

## 1019- معجون زعفرانی

**عنایت:** جناب حکیم محمد ارشد صاحب کان پور (ہند)۔

**ھوالشافی:** جوزبوا' قرنفل' الائچی کلاں' سنبل الطیب' آملہ' دارچینی' عقرقرحا ہر ایک ایک تولہ' زعفران ہر ایک تین ماشہ' عنبر اشہب دو ماشہ' ورق نقرہ بیس عدد' ورق طلاء بیس عدد' شہد خالص ار چند۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو خوب باریک پیس لیجئے زعفران عنبر اشہب اور اوراق کو الگ خوب کھرل کیجئے شہد کی مدد سے معجون تیار کر لیجئے۔

**ترکیب استعمال:** تین ماشہ ہمراہ شیر گاؤ روزانہ ایک وقت استعمال کیجئے۔

**فائدہ:** ضعف باہ کا خاتمہ کرتی ہے نہایت مفید و مجرب دوا ہے۔ ایک ہفتہ کا استعمال کافی ہے۔

## 1020- حب باہ

**عنایت:** جناب حکیم محمد بشیر احمد صاحب کلکتہ (ہند)۔

**ھوالشافی:** لونگ' جائفل' جلوتری' عقرقرحا' کباب چینی' شنگرف رومی' کشتہ فولاد' دارچکنا' بیر بہوٹی ہر ایک پانچ تولہ' شہد بقدر ضرورت۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو خوب باریک کر کے شہد کی مدد سے حبوب نخودی تیار فرمائیے اور سنبھال کر رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** ایک گولی صبح ایک شام ہمراہ شیر گاؤ کھلا دیجئے۔

www.pdfbooksfree.pk



**فائدہ:** قوت مردمی پیدا کرنے کے لئے بے نظیر دوا ہے ضعف باہ کا خاتمہ کرتی ہے۔

## 1021- اکسیر سنیاسی

**عنایت:** حکیم محمد اقبال صاحب پٹیالہ (ہند)۔

**ھوالشافی:** شنگرف رومی دو تولہ' کشتہ بیضہ مرغ پچاس گرام' شیر مدار تین کلو گرام۔

**ترکیب تیاری:** پہلے شنگرف کو ریشمی کپڑے میں باندھ کر شیر مدار تین کلو میں لٹکا کر نیچے ہلکی ہلکی آنچ دیجئے جب تمام دودھ جذب ہوجائے تو پھر ڈلی پر کشتہ بیضہ مرغ شیر مدار میں تر کر کے لپیٹ دیجئے اور گل حکمت کر کے مضبوط کپڑوٹی کیجئے خشک ہونے پر چولہے پر چڑھا کر چار پہر تک خوب تیز آگ دیجئے پھر درمیانی اور پھر تیز کر دیجئے سرد ہونے پر کشتہ سفید برآمد ہوگا نہایت احتیاط سے سنبھال کر محفوظ رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** ایک چاول سے دو چاول تک مکھن یا شہد میں کھلائیں۔

**فائدہ:** نہایت مفید و لاجواب جنسی طاقت پیدا کرنے والا لاجواب نسخہ ہے جس کی مثال نہیں ملتی سنیاسی لوگ اس نسخہ سے ہزاروں نامردوں کو مرد بنا چلے لوگ مارے مارے ڈھونڈتے ہیں مگر ملتے نہیں آپ بھی تجربہ ضرور کر کے اطلاع دیجئے۔

## 1022- جوان آئیل

**عنایت:** جناب حکیم حضرت پیر سید شاہ محمد" (ہند)۔

**ھوالشافی:** بیضہ کنجشک خانگی بقدر ضرورت (جس نے پہلی مرتبہ انڈے دیئے ہوں)۔

**ترکیب تیاری:** ایک گڑھا جو تین فٹ چوڑا تین فٹ لمبا اور چھ فٹ گہرا کھودیں اس گڑھے میں تین فٹ گھوڑے کی لید ڈال کر اس میں انڈے الگ الگ دفن کر دیجئے اور پر مٹی ڈال کر گڑھا بند کر دیجئے چالیس یوم کے بعد ان انڈوں کو حاصل کیجئے تو انڈوں کے اندر سیاہ رنگ کا تیل ملے گا اگر کسی انڈے میں تیل نہ ملے تو چند یوم اور رکھ کر تیل حاصل کیجئے پھر فی انڈے کے حساب سے روغن جائفل اور روغن لونگ چار چار رتی ملا کر سنبھال کر محفوظ رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** روزانہ ایک مرتبہ ایک چھوٹا قطرہ ایک پان میں لگا کر چبا لیجئے۔

**فائدہ:** سات دن کے استعمال سے مدت العمر کمزوری باہ کی شکایت نہیں کرے گا۔

**پرہیز:** بادی اور ترش اغذیہ سے پرہیز کیجئے۔

**کورس:** سات خوراکیں کافی ہیں البتہ دس یوم تو کھلا ہی دیجئے۔

## 1023- حب باہ

**عنایت:** جناب حکیم مسیح الملک ثانی محمد جمیل خان صاحب رئیس اعظم دھلی (ہند)۔

**ہوالشافی:** سم الفار سفید' ہڑتال ورقیہ' شنگرف رومی برابر برابر وزن رس لیموں بقدر ضرورت۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو رس لیموں میں خوب کھرل کیجئے اور چار دن تک کھرل کیجئے اور دانہ مونگ برابر حبوب بنا کر سنبھال لیجئے۔

**ترکیب استعمال:** آدھا حصہ گولی کا صبح وشام ہمراہ شیر شیر نیم گرم کھلائیے۔

**فائدہ:** تقویت باہ کے لئے لاجواب نسخہ ہے۔

**نوٹ:** دودھ گھی بکثرت استعمال کروائیے۔

## 1024- حب شنگرفی

**عنایت:** جناب حکیم محمد حسین صاحب جہلم۔

**ہوالشافی:** شنگرف تین ماشہ' زعفران تین ماشہ' کستوری ایک رتی' اسٹرکنیا سلفیٹ نصف رتی۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو خوب کھرل کیجئے اور دانہ مونگ برابر گولیاں تیار فرمالیجئے۔

**ترکیب استعمال:** ایک گولی مکھن یا ملائی میں رکھ کر روزانہ تناول فرمالیجئے۔

**فائدہ:** بے حد ممسک اور مقوی باہ ہے۔

**نوٹ:** دودھ گھی بکثرت استعمال کیجئے۔

## 1025- کشتہ سونا خالص

**عنایت:** جناب حکیم عبدالقادر خان صاحب ریاست کپورتھلہ (ہند)۔

**ہوالشافی:** خالص تیزابی سونا ایک تولہ (برادہ کرلیجئے)' عرق گلاب سہ آتشہ بقدر ضرورت۔

**ترکیب تیاری:** خالص سونے کو نہ گھسنے والی کھرل میں ڈال کر عرق گلاب میں متواتر تین دن کھرل کرکے ٹکیہ بنا کر دس کلو اوپلوں کی آگ دیجئے سکورہ کو گل حکمت ضرور کیجئے اور اسی طرح تقریباً سات مرتبہ آنچ دیجئے برادہ نہایت نفیس رنگ کا کشتہ ملائم برآمد ہوگا سنبھال کر محفوظ رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** آدھ چاول سے ایک چاول روزانہ مکھن یا ملائی میں رکھ کر تناول فرمائیے۔

**فائدہ:** حقیقی حرارت عزیزی پیدا کرتا ہے مقوی باہ ومحرک ہے اعضاء رئیسہ کو طاقت عطا کرتا ہے امراض قلب میں نہایت جید الاثر دوا ہے۔

**نوٹ:** اوپر سے دودھ گھی بکثرت استعمال کیجئے۔

## 1026- حب کامل

**عنایت:** جناب حکیم احمد علی صاحب طبیہ کالج علی گڑھ (ہند)۔

**ہوالشافی:** سیماب چار ماشہ' گندھک آملہ سار چار ماشہ' ست سلاجیت ایک تولہ' زعفران نو ماشہ' قرنفل گلدار چار ماشہ' پنیر مایہ شتر اعرابی ایک تولہ' دارچینی چار ماشہ' زردی بیضہ مرغ ایک عدد۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو خوب باریک مثل پوڈر بنالیجئے گندھک وسیماب کو الگ کھرل کرکے کجلی تیار کرکے زردی بیضہ مرغ میں سب کو کھرل کرلیجئے اور نخودی حبوب بنا کر سنبھال لیجئے۔

**ترکیب استعمال:** ایک گولی ہمراہ شیر گاؤ استعمال کیجئے۔

**فائدہ:** قوت باہ خوب پیدا کرتی ہے ممسک اور محرک اعلیٰ درجہ کا ہے۔

**نوٹ:** مرغن غذائیں اور مقوی غذائیں خوب استعمال کیجئے۔

## 1027- حب پسند

**عنایت:** جناب حکیم مرزہ محمد حنیف بیگ صاحب تیموری ملہالوی جہلم۔

**ہوالشافی:** جند بید ستر' بیر بہوٹی' سلاجیت ہر ایک چار ماشہ' مشک خالص' عنبر اشہب' کشتہ فولاد' کشتہ شنگرف' کشتہ چاندی ہر ایک دو ماشہ' گولڈ کلورائیڈ ایک رتی' ایکسٹریکٹ نکس وامیکا ایک رتی' ایکسٹریکٹ کوکا آدھ رتی' پل فاسفورس آدھ رتی' یوہم بین آدھ رتی' آب ادرک بقدر ضرورت۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو آب ادرک میں خوب کھرل کیجئے تین یوم تک خوب کھرل کیجئے پھر روح کیوڑہ میں ایک دن کھرل کیجئے پھر قدرے شہد ملا کر ایک ایک رتی برابر گولیاں بنالیجئے اوپر ورق طلاء چڑھالیجئے اور سنبھال کر رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** ایک گولی صبح وشام ہمراہ شیر گاؤ دیجئے۔

**فائدہ:** اپنے ہاتھوں جوانی برباد کرکے مایوس ہونے والوں کے لئے نوید شباب ومسرت ہے حقیقی طاقت پیدا ہوتی ہے نہایت لاجواب دوا ہے کامل واکمل نسخہ ہے جسم میں ناقابل برداشت قوت پیدا ہوتی ہے۔

**نوٹ:** غذائیں مرغن اور گھی ودودھ خوب دیجئے۔

## 1028- کشتہ سم الفار

**عنایت:** جناب حکیم غلام جیلانی صاحب رئیس امرتسر (ہند)

**ہوالشافی:** سم الفار سفید تین تولہ' آب کنوار گندل اور آب ادرک (الگ الگ) بقدر

www.pdfbooksfree.pk

ضرورت۔

**ترکیب تیاری:** سم الفار سفید کو ایک دن آب گھیکوار میں کھرل کیجئے جب کہ دوسرے دن آب ادرک میں کھرل کیجئے اور قرص بنا کر خشک کرلیجئے دو پیالے برابر لے کر ان میں رکھ کر بطریقہ خاص جوہر اڑائیے پھر دونوں پیالوں کی دوا لے کر وزن کیجئے جتنی سم الفار کم ہواتنی اور ملا کر بدستور ایک ایک یوم کامل الگ الگ پانیوں میں کھرل کیجئے اور بطریقہ خاص جوہر اڑائیے اسی طرح جتنی سم الفار وزن میں کم ہواتنی مزید ڈال کر ایسا ہی کیجئے حتی کہ پانچ مرتبہ ایسا کیجئے اور پھر تمام دوا کو سنبھال کر رکھ لیجئے۔

**ترکیب استعمال:** آدھ چاول سے ایک چاول مکھن یا بلائی میں رکھ کر دیجئے۔

**فائدہ:** بوڑھوں کو جوان اور جوانوں کو نوجوان بناتا ہے اندرونی طاقتوں کو اعضاؤں کو ازسرنو درست اور بہتر کرتا ہے کہ بندے کو تعجب ہوتا ہے سیروں کی مقدار میں اناج اور گھی و دودھ ہضم ہونے لگتا ہے چند دنوں میں مردانہ قوت عود کر آتی ہے ضعف اعصاب اور اعضاء رئیسہ مفقود ہوجاتا ہے ایک مرتبہ استعمال کرکے اللہ عزوجل کی قدرت کا مشاہدہ ضرور کیجئے یقیناً حیرت کو بھی حیرت ہوگی۔

## 1029- حب رنگون

**عنایت:** زبدۃ الحکماء جناب حکیم سید اسماعیل احسن صاحب رنگون برما۔

**ھوالشافی:** قرنفل، بالچھڑ، اندرجوشیریں، کلونجی، مصطگی، بیش، قسط تلخ، بسباسہ، تخم جوزماثل، عقرقرحا، خراطین، بیر بہوٹی، جند بید ستر ہر ایک ایک تولہ، دارچینی ریگ ماہی نو نو ماشہ، بلادر چھ ماشہ۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو خوب باریک مثل غبار کھرل کرلیجئے اور نخودی حبوب تیار کرلیجئے۔

**ترکیب استعمال:** ایک گولی صبح ایک شام ہمراہ شیر گاؤ دیجئے۔

**فائدہ:** ممسک ومحرک ومقوی باہ شدید ہیں آزمائیے اور دعائیں دیجئے۔

## 1030- بامراد

**عنایت:** جناب حکیم ناصرالدین صاحب بستی سنواں فیروز پور (ہند)

**ھوالشافی:** ہڑتال ورقیہ، گندھک آملہ سار، شنگرف، سم الفار، بیش، ہلیلہ، بلیلہ، فلفل سیاہ، زنجبیل ہر ایک چھ ماشہ، آب ادرک بقدر ضرورت۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو آب ادرک میں خوب کھرل کیجئے تقریباً چار یوم کامل کھرل

www.pdfbooksfree.pk



کر کے حب نخودی بنا لیجئے اور سنبھال کر رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** روزانہ ایک گولی ہمراہ شیر گاؤ دیجئے۔

**فائدہ:** نامرد کے لئے بامراد دوا ہے ضعف باہ کا خاتمہ کرتی ہے خاص الخاص اکسیری نسخہ ہے۔

## 1031- چاؤ بھاؤ

**عنایت:** جناب حکیم تاج الدین صاحب کرولی پیراں جہلم۔

**ھوالشافی:** بیر بہوٹی، پوست بیخ کنیر سفید، لونگ، بسباسہ، ہر ایک تین تولہ، زعفران ایک تولہ، جدوار چار تولہ، روغن کنجد ایک پاؤ۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو خوب باریک کرکے روغن کنجد میں ڈال کر تین یوم تک منہ بند کرکے دھوپ میں رکھیں پھر ہلکی آنچ پر پکائیے جب اجزاء جل جائیں تو فلٹر کرکے زعفران نہایت باریک کھرل کرکے ملا کر روح کیوڑہ شامل کرکے سنبھال کر رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** ایک ماشہ دودھ ایک پاؤ میں شامل کرکے روزانہ رات سوتے وقت پی لیجئے۔

**فائدہ:** نہایت مجرب ومفید دوا ہے قوت باہ بڑھاتی ہے چہرہ بارونق اور سرخ کرتی ہے امساک طلی پیدا ہوتا ہے بلڈ پریشر کو کنٹرول کرتی ہے۔ ضعف دماغ واعصا کو دور کرتی ہے۔

(تخریج شدہ حکیم محمد عبدالوحید عطاری)

## 1032- اکسیر جمال

**عنایت:** جناب حکیم لالہ وزیر چند نندہ صاحب بسوہلی ضلع گورداسپور (ہند)

**ھوالشافی:** لہسن چالیس تولہ، روغن گاؤ چالیس تولہ، کوزہ مصری ایک کلو، زعفران ایک تولہ، جند بید ستر ایک تولہ، ورق نقرہ ایک دفتری، ورق طلاء ایک دفتری۔

**ترکیب تیاری:** لہسن کو چھیل کر باریک کرکے روغن میں شامل کرکے تین دن کے لئے بند کر دیجئے۔ پھر مصری کا قوام تیار کرکے زعفران جند بید ستر کو روح کیوڑہ میں بمعہ اوراق کھرل کرکے قوام میں شامل کیجئے اور ساتھ ہی روغن والا قوام بھی شامل کرکے بطریقہ معروف معجون بنا لیجئے۔

**نوٹ:** آگ ہلکی ہونی چاہیے۔

**ترکیب استعمال:** چھ ماشہ صبح وشام ہمراہ شیر گاؤ کھلائیے۔

**فائدہ:** نامردوں کو مرد بناتی ہے بے اولادوں کو اولاد عطا کرتی ہے مطب کا مایہ ناز نسخہ ہے مقوی وممسک لاجواب ہے آپ ایک مرتبہ آزمائیں گے تو ہمیشہ کے لئے گن گائیں گے۔

## 1033- حب زعفرانی

**عنایت:** جناب حکیم فقیر محمد صاحب سنیاسی مٹھلک شاہ پور۔

**ہوالشافی:** پتری فولاد دو تولہ' زعفران ایک تولہ' ازراقی مدبر دو تولہ' فلفل سیاہ چھ ماشہ سلاجیت ایک تولہ' روغن سم الفار تین ماشہ۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو خوب کھرل کر کے نخودی حبوب تیار کر لیجیے اور سنبھال کر رکھیے۔

**ترکیب استعمال:** ایک گولی روزانہ ملائی میں لپیٹ کر کھا لیجیے۔

**فائدہ:** مقوی باہ و ممسک نہایت مفید دوا ہے۔

**نوٹ:** مرغن غذائیں اور دودھ گھی بکثرت کھائیے۔

## 1034- اکسیر اعلیٰ ترین

**عنایت:** جناب حکیم مشتاق حسن صاحب برکت منزل شاہ جہاں پور (ہند)

**ہوالشافی:** پارہ مصفیٰ' افیون' سم الفار ہر ایک دو تولہ۔

**ترکیب تیاری:** تینوں چیزوں کو نہایت باریک یہاں تک کھرل کیجیے کہ پارہ نابود ہو جائے تقریباً سولہ یوم تک کھرل کیجیے اگر آب ادرک میں کھرل کریں تو نہایت بے مثال دوا تیار ہوگی سنبھال کر رکھیے۔

**ترکیب استعمال:** نصف چاول کھانے کے بعد روزانہ ایک مرتبہ بالائی میں رکھ کر کھا لیجیے۔

**فائدہ:** قوت باہ کے لئے نہایت سریع الاثر بے مثال دوا ہے ایک خوراک ہی اثر دکھاتی ہے ایک ہفتہ سے زائد کھانے کی حاجت نہیں رہتی تجربہ شدہ عدیم المثل دوا ہے۔ آپ ایک مرتبہ ضرور بنائیے۔

**نوٹ:** پیاس لگے تو دودھ گھی بکثرت استعمال کیجیے مرغن غذائیں لیجیے۔

## 1035- روغن مقوی

**عنایت:** جناب حکیم محمد صدیق صاحب لوہا منڈی سرہند شریف۔

**ہوالشافی:** شنگرف رومی ایک تولہ' زردی بیضہ مرغ دو عدد۔

**ترکیب تیاری:** دونوں کو خوب کھرل کر کے کڑاہی میں پکائیے کچھ وقت کے بعد روغن الگ ہونا شروع ہو جائے گا شیشی میں سنبھال کر رکھیے۔

**ترکیب استعمال:** ایک قطرہ ہمراہ شیر گاؤ میں ملا کر استعمال کیجیے۔

www.pdfbooksfree.pk



**فائدہ:** نہایت عجیب الاثر مجرب دوا ہے مقوی باہ ہے ممسک ہے۔

## 1036- عرق ماء اللحم خاص

**عنایت:** جناب حکیم سید محمد ریاض الحسن خان جیلانی صاحب شاہ کوٹ شیخوپورہ۔

**ہوالشافی:** گوشت جوان بکرا دس کلو' سیب پانچ کلو' سنگترہ پانچ کلو' ابریشم مقرض پانچ سو گرام' گاؤ زبان ایک پاؤ' گل گاؤ زبان ایک پاؤ' عرق بید مشک ایک کلو' شیر بکری پانچ کلو۔

**ترکیب تیاری:** پہلے گوشت کی یخنی پکائیے اور دیگر ادویات کو بھگو دیجئے پھر بطریقہ معروف عرق کشید کیجئے اور سنبھال کر رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** پانچ تولہ سے سات تولہ صبح و شام لیجئے۔

**فائدہ:** کمزور اور ناتواں کے لئے انمول تحفہ ہے طبیعت میں فرحت و تازگی اور سرور کی کیفیت پیدا کرتا ہے ضعف باہ کو ختم کرتا ہے نہایت مفید اور اکسیر صفت ہے۔

## 1037- حب خاص

**عنایت:** جناب حکیم عبدالحکیم صاحب ودلوکی ضلع سیالکوٹ۔

**ہوالشافی:** سم الفار سفید ایک تولہ' کھتہ سفید تین تولہ' کستوری خالص ایک ماشہ۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو خوب کھرل کیجئے اور دانہ موٹھ برابر حبوب بنا کر سنبھال کر رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** ایک گولی علی الصبح ہمراہ مکھن یا ملائی استعمال کیجئے۔

**فائدہ:** قوت باہ کے لئے اکسیر صفات کی حامل ہیں۔

**پرہیز:** گرم ترش اور کثرت جماع سے پرہیز واجب ہے۔

## 1038- اکسیر باہ

**عنایت:** جناب حکیم شیخ غلام محمد نظامی صاحب مری روڈ راولپنڈی۔

**ہوالشافی:** سم الفار' افیون' زعفران' ورق نقرہ' ورق طلاء' جدوار خطائی' کستوری' عنبر اشہب برابر وزن' شیر بکری بقدر ضرورت۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو شیر بکری میں خوب کھرل کر کے باجرہ کے برابر گولیاں بنا لیجئے۔

**ترکیب استعمال:** ایک گولی پانچ تولہ مکھن میں لپیٹ کر تناول فرمائیے۔

**فائدہ:** قوت باہ نہایت زیادہ پیدا ہوتی ہے نہایت سریع الاثر لاجواب دوا ہے۔

**نوٹ:** دوا کھانے سے پہلے مرغن غذائیں دیسی گھی میں تر بتر ضرور کھائیے۔

## 1039- ضماد مقوی

**عنایت:** جناب حکیم شیخ ابوالقاسم صاحب حیدرآباد دکن (ہند)۔

**ہوالشافی:** خراطین خشک دو ماشہ، مغز کنجشک نر خانگی ایک عدد۔

**ترکیب تیاری:** دونوں کو خوب باریک پیس لیجئے اور سنبھال کر رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** عضو مخصوص پر ضماد کر لیجئے اور خشک ہونے پر مباشرت کا فعل کیجئے۔

**فائدہ:** نہایت مفید الاثر دوا ہے تقویت پیدا ہوتی ہے۔

## 1040- حب عنبر مومیائی

**عنایت:** جناب حکیم محمد اسماعیل صاحب محمد آنہ ضلع گجرات۔

**ہوالشافی:** مومیائی، مصطگی، مروارید ناسفتہ، طباشیر، قرنفل، بسباسہ، جوزبوا، بہمن سفید، بہمن سرخ، دارچینی، شقاقل مصری، جدوار ہر ایک چھ ماشہ، عنبر، مشک ہر ایک ایک ماشہ، روغن پستہ بقدر ضرورت، ورق طلاء پانچ عدد، عرق بید مشک بقدر ضرورت۔

**ترکیب تیاری:** مروارید و مشک و عنبر کو عرق بید مشک میں خوب کھرل کیجئے مومیائی کو روغن پستہ میں حل کیجئے اور دیگر ادویات کو نہایت باریک پوڈر بنا کر حب نخودی تیار فرمالیجئے اور سنبھال کر رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** ایک گولی صبح ایک شام ہمراہ شیر گاؤ سے لیجئے۔

**فائدہ:** تقویت باہ کے لئے نہایت مفید دوا ہے اعضاء رئیسہ کو تقویت دیتی ہے مباشرت کے بعد کی کمزوری کو زائل کرتی ہے قوت میں کمی نہیں ہونے دیتی مقوی باہ و ممسک بینظیر ہے۔

## 1041- تقویت اعظم

**عنایت:** جناب حکیم ممتاز احمد صاحب جبل پور (کینٹ) (ہند)۔

**ہوالشافی:** عقیق عمدہ خالص، مرجان، یاقوت، مروارید، ورق طلاء، ورق نقرہ ہر ایک ایک تولہ، عرق گلاب سہ آتشہ، عرق بید مشک، عرق کیوڑہ ہر ایک آدھ کلو آب کریلا پاؤ۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو عرقیات میں پھر آب کریلا میں خوب کھرل کر کے شہد کی مدد سے رتی رتی کی حبوب تیار کر لیجئے اور سنبھال کر رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** ایک گولی ہمراہ بالائی استعمال کیجئے۔

**فائدہ:** تقویت اعصاب کے لئے نہایت لاجواب ہے دل و دماغ کو طاقت ور کرتی ہے ضعف باہ کا خاتمہ کرتی ہے تروتازگی پیدا کرتی ہے نہایت مفید الاثر لاجواب دوا ہے۔



## 1042- قوت باہ

**عنایت:** جناب حکیم حیات خان صاحب آٹھ نیر ضلع بتول (ہند)

**ہوالشافی:** لکڑی کیریر (جو بیس سال پرانی کٹی ہوئی ہو)۔

**ترکیب تیاری:** اس کے چھوٹے چھوٹے پیس کاٹ کر بذریعہ تپال جنتر روغن کشید کر کے محفوظ رکھ لیجئے۔

**ترکیب استعمال:** چار رتی صبح و شام مکھن یا ملائی میں یا گلقند میں استعمال کیجئے۔

**فائدہ:** قوت باہ خوب پیدا کرتا ہے نہایت ممسک اور اعلیٰ درجہ کی جید الاثر دوا ہے۔ سات یوم تک استعمال کیجئے۔

## 1043- سم الفاری

**عنایت:** جناب حکیم سید غلام مرتضیٰ شاہ صاحب ٹنڈو خان محمد باب الاسلام سندھ۔

**ہوالشافی:** سم الفار سفید ایک تولہ، نمک شیشہ آٹھ تولہ۔

**ترکیب تیاری:** دونوں کو آٹھ پہر تک خوب کھرل کیجئے اور سنبھال کر رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** ایک چاول سے نصف رتی تک بتاشہ میں استعمال کیجئے۔

**فائدہ:** مقوی باہ ہے خوب لغوظ لاتا ہے دافع امراض معدہ ہے نہایت بھروسہ کی دوا ہے۔

**نوٹ:** بعدہ مرغن غذائیں اور دودھ گھی بکثرت لیجئے۔

## 1044- ثعلب پلز

**عنایت:** ابوالظفر جناب حکیم محمد اسد اللہ صدیقی صاحب تحصیل بازار لاہور۔

**ہوالشافی:** شیر میش پانچ کلو، موصلی سفید، موصلی سیاہ، تالمکھانہ، ثعلب مصری ہر ایک چھ ماشہ۔

**ترکیب تیاری:** شیر میش کو ہلکی آنچ پر رکھئے یہاں تک ابالیں کہ آدھ حصہ رہ جائے پھر دیگر ادویات الگ پوڈر بنا کر سنبھال کر رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** یہ تمام ادویات ایک وقت کھا کر اوپر سے آہستہ آہستہ سارا دودھ پی لیجئے۔

**فائدہ:** تیس یوم تک روزانہ ایسا کرنے سے کسی بھی قسم کی دوا کھانے کی حاجت نہیں رہتی اس سے بدن موٹا، طاقت ور اور جنسی قوت عود کر آتی ہے نہایت مفید اور تجربہ شدہ نسخہ ہے۔

**پرہیز:** بادی اور ترشی سے پرہیز کیجئے۔

www.pdfbooksfree.pk

## 1045- روغن باہ

**عنایت:** جناب حکیم محمد علی صاحب بٹالہ گورداسپور (ہند)۔

**ہوالشافی:** سم الفار سفید ایک تولہ، شنگرف ایک تولہ، بیخ اونٹ کٹارہ دو تولہ، سفوف رتن جوت ایک تولہ، شیر گاؤ پانچ کلو۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو دودھ میں خوب ابالیں پھر جامن لگا کر مکھن نکال کر گھی بنا لیں اور سنبھال کر رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** پانچ قطرے آدھا کلو دودھ میں ڈال کر پی لیجئے۔

**فائدہ:** تقویت باہ کے لئے مخصوص ہے بدن کو بڑھاتا ہے بھوک خوب لگتی ہے دودھ ہضم ہوتا ہے چہرہ سرخ کرتا ہے اور نہایت مفید تجربہ شدہ نسخہ ہے۔

**نوٹ:** دودھ گھی بکثرت استعمال کیجئے۔

## 1046- کشتہ شنگرف

**عنایت:** جناب حکیم حافظ مقبول احمد انصاری صاحب کسمنڈی کلاں لکھنو (ہند)۔

**ہوالشافی:** شنگرف پانچ تولہ، آب لہسن پاؤ، لہسن آدھ پاؤ، بھنگ آدھ پاؤ۔

**ترکیب تیاری:** شنگرف کو آب لہسن میں خوب کھرل کر کے ٹکیہ بنا کر لہسن و بھنگ کے نغدہ میں دے کر پچیس کلو اوپلوں کی آگ دیجئے سفید کشتہ برآمد ہوگا سنبھال کر محفوظ رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** ایک سے دو چاول ہمراہ مکھن دیجئے۔

**فائدہ:** نامردی، ضعف باہ کے لئے نہایت جید الاثر دوا ہے۔

## 1047- تریاق مقوی باہ

**عنایت:** جناب حکیم محمد رمضان صاحب سیلوان کنڈیاں۔

**ہوالشافی:** زعفران، دارچینی، جائفل، افیون، کستوری، عقرقرحا، شنگرف، قرنفل ہر ایک ایک تولہ، مروارید دو تولہ، روغن سم الفار دو تولہ، شہد بقدر ضرورت۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو خوب باریک کر لیجئے اور شہد کی مدد سے رتی رتی کی حبوب تیار فرما کر سنبھال کر رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** ایک گولی ہمراہ روغن ماہی دس قطرے نیم گرم شیر گاؤ سے دیجئے۔

**فائدہ:** نہایت مفید اور محرک دوا ہے ضعف باہ کا خاتمہ کرتی ہے اعصاب کو طاقتور بناتی ہے دوبارہ جوانی پیدا کرتی ہے خوب بھوک لگتی ہے چہرہ بارونق اور سرخ کرتی ہے چار نکاح کروانے کو جی چاہتا ہے۔



## 1048- کامل واکمل

**عنایت:** جناب حکیم محمد یعقوب خان صاحب قصور شہر۔

**ہوالشافی:** کشتہ طلاء، کشتہ نقرہ، جواہر مہرہ ہر ایک تین ماشہ، کشتہ فولاد، کشتہ بیضہ مرغ ہر ایک چھ ماشہ، جوہر ازراقی چار رتی، جوہر سم الفار چار رتی، عرق گلاب سہ آتشہ، عرق کیوڑہ سہ آتشہ ہر ایک ایک پاؤ۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو عرقیات میں خوب کھرل کیجئے اور خشک ہونے پر سنبھال لیجئے۔

**ترکیب استعمال:** ایک چاول سے دو چاول ہمراہ لبوب کبیر شیر گاؤ سے تناول فرمالیجئے۔

**فائدہ:** دنیا طب میں واحد نسخہ ہے جو نامردی کو ہمیشہ کے لئے ختم کردے نہایت لاجواب نسخہ ہے ضعف باہ کا حقیقی مخالف ہے ہزاروں مریضوں پر تجربہ شدہ ہے الحمدللہ عزوجل ساٹھ سالہ مریض نامرد مجلوق بھی از سر نو مرد ہو گیا ہے نہایت کامل واکمل نسخہ ہے۔

## 1049- دوائے جناب عالی

**عنایت:** جناب حکیم مخدوم صالح محمد صاحب چھنی رہان شاہ پور۔

**ہوالشافی:** بیش دس تولہ، آب لیموں بقدر ضرورت، سم الفار سات تولہ، روغن بید انجیر پانچ کلو۔

**ترکیب تیاری:** بیش کو آب لیموں میں صلایہ کیجئے پھر اسے سم الفار پر لیپ کر دیجئے اوپر آردماش چڑھا دیجئے خشک ہونے پر غلولہ تیل میں ڈال کر نیچے ہلکی آنچ مثل چراغ جلا کر جلا دیجئے آگ آٹھ پہر جلانی ہے غلولے کو الٹ پلٹ بھی کرتے رہئے۔ قائم ہو جائے تو بہتر ورنہ دوبارہ کیجئے اور سنبھال کر رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** دانہ خشخاش برابر روزانہ مرغن غذاؤں کے ساتھ کھلا دیجئے۔

**فائدہ:** یہ ایک نایاب تحفہ ہے خواہ کیسا ہی گیا گزرا مریض ہو دو ہفتہ میں اصلی حالت پر آجائے گا جو اس نسخہ کو بنائے گا فوائد کا خود اندازہ کرے گا۔ صرف اکیس یوم استعمال کریں۔

## 1050- اکسیر مردم

**عنایت:** جناب حکیم محمد اسماعیل صاحب گوجرانوالہ۔

**ہوالشافی:** چھکنی، زنجبیل خشک برابر وزن۔

**ترکیب تیاری:** دونوں ادویات کو خوب باریک مثل پوڈر بنالیجئے اور نہایت احتیاط سے رکھئے۔

www.pdfbooksfree.pk

**ترکیب استعمال:** چھ ماشہ صبح و شام ہمراہ شیر گاؤ دیجئے۔

**فائدہ:** نہایت مفید اور کم لاگت کا نسخہ ہے مگر ہیروں میں تولنے کے قابل ہے۔ ہر قسم کی نامردی کے لئے اکسیر ہے۔ مادرزاد نامردی کے لئے نہایت اکسیر ہے۔ ایک ہفتہ میں مکمل آرام کرتی ہے۔

## 1051- روغن مجلوق

**عنایت:** جناب حکیم محمد صادق صاحب مترانوالی سیالکوٹ۔

**ھوالشافی:** قرنفل پانچ تولہ' جائفل پانچ تولہ' زعفران ایک تولہ' مشک نافہ تین ماشہ' کم از کم ایک تولہ' زردی بیضہ مرغ تین عدد۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو خوب کھرل کیجئے اور حبوب جنگلی بیر برابر بنا کر بذریعہ پاتال جنتر روغن کشید کیجئے۔

**ترکیب استعمال:** ایک بیخ صبح حلوہ میں لگا کر کھلائیں۔

**فائدہ:** ضعف باہ کا خاتمہ کرتی ہے سرعت انزال کو نابود کرتی ہے لغوظ خوب پیدا کرتا ہے۔

**نوٹ:** مرغن غذائیں دودھ گھی بکثرت استعمال کیجئے۔

## 1052- معجون شباب آور

**عنایت:** جناب حکیم سید سعادت مندہاشمی صاحب گجرات۔

**ھوالشافی:** کستوری خالص' عنبر اشہب ہر ایک دو ماشہ۔ زنجبیل' دارچینی' قلمی شورہ' ثعلب مصری' شقاقل مصری' جائفل' جلوتری' اندر جو شیریں' مصطگی رومی' زعفران' فلفل دراز' بوزیدان' کر سرخ' بہمن سفید' بہمن سرخ' ہیلون' تخم گاجر' حب القلقل ہر ایک پانچ ماشہ' برگ بھنگ چار تولہ' شہد خالص تین چھٹانک۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو خوب باریک پیس لیجئے مشک و عنبر کو عرق کیوڑہ میں کھرل کر لیجئے پھر دیگر ادویات شہد میں شامل فرما کر بطریقہ معجون بنا لیجئے اور سنبھال کر رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** ایک ماشہ تک دن میں دو مرتبہ ہمراہ شیر گاؤ کھلا دیجئے۔

**فائدہ:** مقوی باہ' سرور افروز' نامردی کیلئے نہایت مفید ہے شہوت کو خوب تندی دیتی ہے جو شخص عورت سے مباشرت کرنے سے عاجز ہو اس کیلئے انمول تحفہ ہے۔

## 1053- سفوف صحت

**عنایت:** جناب حکیم جے رام داس صاحب ایچ ڈی ایم راجستی دروازہ پشاور۔

**ھوالشافی:** عقرقرحا' موصلی سفید برابر وزن' شکر سفید سب کے برابر۔

www.pdfbooksfree.pk



**ترکیب تیاری:** تمام دواؤں کو خوب باریک پیس کر سنبھال لیجئے۔

**ترکیب استعمال:** نو ماشہ صبح و شام ہمراہ شیر گاؤ دیجئے۔

**فائدہ:** مادہ منویہ کو گاڑھا کرنے کے ساتھ ساتھ ضعف باہ کا خاتمہ کرتی ہے' مردانہ صفات پیدا کرتی ہے۔

## 1054- لعوق عقرقرحا

**عنایت:** جناب حکیم محمد اقبال حسین صاحب محلہ چاکسو بکسوراں جے پور (ہند)۔

**ھوالشافی:** عقرقرحا ایک تولہ شہد تین تولہ۔

**ترکیب تیاری:** عقرقرحا کو نہایت باریک پیس کر شہد میں لعوق سا بنا لیجئے۔

**ترکیب استعمال:** روزانہ صبح تین انگل چاٹ لیجئے۔

**فائدہ:** خون صالح پیدا کرتا ہے رنگ سرخ کرتا ہے تقویت باہ کے لئے انمول چیز ہے۔

## 1055- اکسیر جوانی

**عنایت:** جناب حکیم سید ولایت علی شاہ صاحب میانہ گوندل گجرات۔

**ھوالشافی:** سم الفار سفید ایک تولہ' گلیسرین خالص دس تولہ' کشتہ فولاد شنگرفی ایک تولہ' کشتہ سہ دھاتہ دو تولہ' ورق نقرہ ایک تولہ' زعفران کشمیری ایک تولہ' کشتہ طلاء چھ ماشہ' مشک تبتی چھ ماشہ۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو خوب پوڈر بنالیجئے سم الفار کو گلیسرین میں ڈال کر کوئلوں پر رکھئے جب حل ہو جائے تو دیگر ادویات باریک شدہ ملا کر مضبوط کارک لگا دیجئے۔

**نوٹ:** سم الفار اور گلیسرین کو آگ پر جوش نہ آنے دیا جائے ورنہ سم الفار کا جوہر لطیف اڑ جائے گا۔

**ترکیب استعمال:** ایک رتی مکھن میں دیجئے۔

**فائدہ:** اس کی تین خوراکوں سے نامرد بھی مرد بن جاتا ہے قوت ہاضمہ مضبوط اور سیروں گھی دودھ آسانی سے ہضم کر لیتا ہے اعلیٰ درجہ کا مولد و مصفی خون نسخہ ہے اعضائے رئیسہ کو قوت عطا کرتا ہے۔

**نوٹ:** مرغن غذائیں دودھ گھی بکثرت استعمال کروائیے۔

## 1056- جوانی مستانی

**عنایت:** حکیم شریف علی خان صاحب سیانگ کانگ بنگ کوک سیام (ہند)۔

**ھوالشافی:** شنگرف رومی' قند سیاہ برابر وزن۔

**ترکیب تیاری:** دونوں ادویات کو نہایت باریک پیس کر ایک ایک گرام کی حبوب تیار کر لیجئے

اور سنبھال کر رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** ایک گولی ہمراہ پانچ تولہ روغن زرد کھلا دیجئے۔

**فائدہ:** اس قدر قوت پیدا ہوتی ہے کہ ضبط مشکل ہو جاتا ہے حیرانگی ہوتی ہے۔

## 1057- کبوتر والا

**عنایت:** جناب حکیم بہادر چند صاحب کمنہ لدھیانہ (ہند)

**ہوالشافی:** عروسک سات عدد' سیماب سات ماشہ' خراطین سات ماشہ۔

**ترکیب تیاری:** تینوں ادویات کو خوب باریک پیس کر سات عدد حبوب بنالیجئے اور سنبھال کر رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** ایک گولی روزانہ صبح ایک کبوتر کو کھلا دیجئے اور شام کو ذبح کر کے روغن زرد میں بریاں کر کے ہلکے مصالح جات ڈال کر تناول فرمالیجئے۔

**فائدہ:** طاقت وقوت کے بڑھانے میں لاجواب ہے نامرد بھی مرد کامل ہو جاتا ہے استعمال سے کیجئے اور دعائے مدینہ دیجئے۔

**نوٹ:** اسی طرح روزانہ سات دنوں تک سات کبوتر کھالیجئے۔

## 1058- کشتہ شنگرف

**عنایت:** جناب حکیم محمد منظور احمد صاحب ہیرانوالہ خوشاب۔

**ہوالشافی:** شنگرف رومی دو تولہ' افیون خالص چھ ماشہ' بھلاویں بیس تولہ' ملکنگنی دس تولہ۔

**ترکیب تیاری:** افیون کو زردی بیضہ مرغ میں کھرل کر کے شنگرف پر لیپ دیجئے پھر دیگر دونوں دواؤں کا نغدہ بنا کر اس میں رکھ کر کڑاہی کے نیچے ہلکی آنچ جلا دیجئے جب بھلاویں کا تیل نکل کر جل جائے تو سرد ہونے پر اتار کر شنگرف نکال لیجئے اور سنبھال کر رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** دو چاول صبح وشام ہمراہ مکھن دیجئے دودھ گھی بکثرت لیجئے۔

**فائدہ:** نہایت اعلیٰ مقوی باہ اور مسمن بدن دوا ہے امساک بے حد پیدا ہوتا ہے چہرہ سرخ اور جوانی میں تیزی آجاتی ہے خون صالح پیدا ہوتا ہے غذا جزو بدن بنتی ہے نہایت مفید الاثر دوا ہے۔

## 1059- معجون عشرت

**عنایت:** جناب حکیم رنگرو سنگھ صاحب کوسلی رہتک (ہند)۔

**ہوالشافی:** فلفل سیاہ' مرچ سفید' اجوائن دال ہر ایک اڑھائی تولہ' افیون خام ایک تولہ' زعفران نو ماشہ' چھڑیلہ پانچ ماشہ' فرفیون پانچ ماشہ' جائفل ڈیڑھ تولہ' جلوتری اڑھائی تولہ' مشک



خالص تین ماشہ' کافور بھیم سینی تین ماشہ' مشک بالا چھ ماشہ' خالص شہد دو گنا۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو خوب باریک پیس کر شہد میں ملا کر غلہ میں چالیس یوم تک دفن کر دیجئے بعدہ نکال کر شیشیوں میں بند کر کے سنبھال لیجئے۔

**ترکیب استعمال:** ایک ماشہ تک ہمراہ شیر گاؤ روزانہ صبح دیجئے۔

**فائدہ:** تقویت بدن کے لئے ازحد مفید ہے قوت مردمی کے لئے انمول تحفہ ہے۔

## 1060- کشتہ سم الفار

**عنایت:** جناب حکیم سید احمد شاہ صاحب بھیکم پور ضلع علی گڑھ (ہند)۔

**ہوالشافی:** سم الفار سفید ایک تولہ' سم الفار زرد ایک تولہ' عرق پیاز' عرق ادرک ہر ایک ایک پاؤ' تھوم ایک کلو۔

**ترکیب تیاری:** دونوں سم الفار کو پہلے عرق پیاز پھر عرق ادرک میں خوب کھرل کیجئے پھر ٹکیہ بنا کر تھوم کے نغدہ میں دے کر خفیف سی بھوبھل میں آنچ دیجئے پھر نکال کر خوب کھرل کر کے سنبھال لیجئے۔

**ترکیب استعمال:** ایک چاول مکھن میں لپیٹ کر کھالیجئے اوپر سے پچاس گرام روغن زرد کھالیجئے۔

**فائدہ:** نامرد کو مرد بنا دیتی ہے ضعیفوں کو عالم شباب دکھا دیتی ہے ناتوانوں کو میدان گھوڑسوار میں لے آتی ہے ایسے آتی ہے کہ جانے کا نام نہیں لیتی سرعت کا ہمیشہ کیلئے خاتمہ کر کے ہی دم لیتی ہے۔

## 1061- طلاء خوردبین

**عنایت:** جناب حکیم محمد افضل صاحب برانہ جھنگ۔

**ہوالشافی:** ہیرا ہینگ' جلوتری' ہر ایک ایک تولہ' نارجیل کہنہ تین تولہ' سم الفار سفید' شنگرف' افیون' جوزبوا ہر ایک تین ماشہ' ازراقی مدبر چار رتی' تلخ روہو پانچ تولہ۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو خوب باریک کر کے تلخ روہو میں کھرل کیجئے پھر حبوب بنا کر سایہ میں خشک کر کے بذریعہ تپال جنتر روغن کشید کیجئے اور سنبھال کر رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** تین بوند سے پانچ بوند تک دودھ یا ملائی میں رکھ کر تناول فرمالیجئے یہ طلاء عضو مخصوص پر مالش بھی کیجئے۔

**فائدہ:** نہایت مقوی اور محرک دوا ہے قوت لغوظ بے انتہا پیدا ہوتی ہے لائق تحسین دوا ہے۔

www.pdfbooksfree.pk

## 1062- دوائے قوت باہ

**عنایت:** فخر الحکماء جناب حکیم محمد یعقوب ہاشمی صاحب چوک کٹڑہ سفید امرتسر (ہند)۔

**ھوالشافی:** بسباسہ، لونگ، الائچی خورد، بہمن سفید، بہمن سرخ، شقاقل مصری، مخولنجاں، زعفران، موچرس، چرس ہرایک چار ماشہ، ورق طلاء، مشک، عنبر، ورق نقرہ ہرایک چھ رتی، کوزہ مصری دو تولہ، شہد بقدر ضرورت۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو خوب کھرل کیجئے اور شہد کی مدد سے حبوب دو رتی تیار فرما کر محفوظ رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** ایک گولی صبح ناشتے کے بعد ہمراہ شیر گاؤ دیجئے دودھ گھی بکثرت دیجئے۔

**فائدہ:** قوت باہ اور ضعف باہ کے لئے نہایت جید الاثر مجرب دوا ہے۔

## 1063- اکسیر کبیر

**عنایت:** جناب حکیم ملک علی اکبر صاحب عطار بازار تختی ملاخاں لاہور۔

**ھوالشافی:** مصطگی رومی، نارجیل دریائی، زعفران کشمیری ہرایک چار تولہ، نبات سفید، شہد ہرایک پانچ پندرہ تولہ۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کی حسب ضرورت معجون تیار کر لیجئے اور سنبھال کر رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** چھ ماشہ صبح و شام ہمراہ شیر گاؤ دیجئے۔

**فائدہ:** قوت باہ کے لئے نہایت مفید و مجرب ہے ارواح کو تقویت عطا کرتی ہے مادہ منویہ کو بکثرت پیدا کرتی ہے۔

## 1064- کشتہ فولاد

**عنایت:** جناب حکیم محمد اسماعیل صاحب باغبانپورہ لاہور۔

**ھوالشافی:** برادہ فولاد بیس تولہ، شیر گھیکوار تین چھٹانک، سیماب اڑھائی تولہ۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو شیر گھیکوار میں چار پہر خوب کھرل کیجئے اور ٹکیہ بنا کر خشک ہونے پر ظرف گلی میں رکھ کر منہ بند کر کے نصف کلو جنگلی اوپلوں کی آگ دیجئے اسی طرح اکادن مرتبہ آگ دیجئے اور سنبھال کر رکھئے نہایت نفیس کشتہ برآمد ہوگا۔

**ترکیب استعمال:** دو چاول سے ایک رتی مکھن میں دیجئے۔

**فائدہ:** مولد خون، مقوی اعضائے رئیسہ و تناسل، مشتہی ہاضم، مسمی، نہایت مفید اور جید الاثر دوا ہے۔

www.pdfbooksfree.pk



# طلاء

حسب ضرورت طلاؤں میں سے تجویز فرما کر کام میں لائیے۔

## 1065- طلا مجلوق

**عنایت:** جناب حکیم اختر حسین انصاری صاحب پہاڑ گنج دہلی (ہند)۔

**ھوالشافی:** زعفران، بسباسہ، جوزبوا، خراطین مصفی، کُٹھ تلخ، کنیر سفید ہرایک ایک تولہ، بیر بہوٹی چھ ماشہ، سم الفار ایک ماشہ، قرنفل تین ماشہ، زردی بیضہ مرغ چار عدد، پیاز نرگسی ایک عدد۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو خوب باریک مثل پوڈر بنا لیجئے اور سرکہ کی مدد سے حبوب تیار کر لیجئے اور سنبھال کر رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** روزانہ سرکہ میں گھس کر لگائیے۔

**فائدہ:** مجلوق اور نامرد کے لئے نہایت مفید ہے طاقت ازسرنو پیدا کرتا ہے لنغوظ خوب بڑھاتا ہے۔ اکتالیس یوم تک استعمال کریں۔

## 1066- طلا نر

**عنایت:** جناب حکیم ابوالفیض محمد عبدالمجید خان صاحب حیدرآباد دکن۔

**ھوالشافی:** سم الفار سفید، تخم دھتورہ سیاہ، برادہ ازراقی، بیر بہوٹی، جائفل ہرایک دو تولہ، لونگ، گونگچی سفید، عقرقرحا، ہرایک ایک تولہ، ہینگ ایک تولہ، بیخ کنیر، مالکنگنی ہرایک نو ماشہ، زردی بیضہ مرغ دو عدد، چربی سانڈہ ایک تولہ۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو خوب کھرل کیجئے اور حبوب کنارہ دشتی بنا کر بذریعہ تپال جنتر روغن کشید کیجئے۔

**ترکیب استعمال:** قدرے روغن لیکر حشفہ اور سیون چھوڑ کر مالش کیجئے اور پر برگ ارنڈ باندھ لیجئے۔

**فائدہ:** مجلوق کے لئے نہایت مفید ہے صرف اکتالیس یوم تک استعمال کرنے سے تمام نقص دور ہو کر فربہ و لمبا اور ضعف ختم ہو جاتا ہے نہایت مفید طلاء ہے۔

**احتیاطی تدابیر:** اگر آبلہ پڑ جائے تو قینچی سے کتر دیجئے زرد رنگ کا پانی خارج ہوگا خشک کر کے روغن زرد لگائیے جب زخم اچھا ہو جائے تو پھر بدستور طلاء بطریقہ سابقہ لگا دیجئے اسی طرح ہر دفعہ کیجئے۔

## 1067- طلاء کمال

**عنایت:** جناب حکیم پیر مدنی صاحب ترپلی جان مدراس (ہند)۔

**ھوالشافی:** سم الفار سفید چھ ماشہ، بیر بہوٹی ایک تولہ، چربی شیر ایک تولہ، مسکہ گاؤ پانچ تولہ، شیر مدار دو تولہ۔

**ترکیب تیاری:** پہلی دونوں ادویات کو شیر مدار میں خوب کھرل کیجئے پھر چربی شیر ملا کر کھرل کر کے مسکہ میں ملا کر خوب یک جان کر لیجئے اور تیز دھوپ میں رکھ کر رکابی کو ذرا ترچھا کر کے رکھ دیجئے تیل الگ ہو جائے گا سنبھال کر شیشی میں رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** رات سوتے وقت سیون اور حشفہ چھوڑ کر مالش کر کے برگ پان یا ارنڈ باندھ لیجئے۔

**احتیاطی تدابیر:** جب پھنسیاں پیدا ہو جائیں تو طلاء لگانا موقوف فرما کر مسکہ ایک سو مرتبہ دھویا ہوا لگایئے پھنسیاں درست ہونے پر پھر طلاء لگانا شروع کر دیجئے۔

**فائدہ:** سستی کمزوری کے لئے بے حد مفید ہے تمام کمزوریوں کو دور کر دیتا ہے۔

## 1068- طلاء جوگی

**عنایت:** جناب حکیم مفتی محمد ابراہیم صاحب جوڑہ چھتراں ضلع گورداسپور (ہند)۔

**ھوالشافی:** مرغ سیاہ جوان (جس نے جفتی نہ کی ہو) گدھے کا قارورہ، برابر وزن۔

**ترکیب تیاری:** دونوں کو خوب اچھی طرح ملا کر رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** مرد کو لٹا کر قضیب پر لگا دیجئے اور خشک ہونے پر دوسرا لیپ کر دیجئے پھر اوپر تیسرا لیپ کر دیجئے۔

**احتیاطی تدابیر:** پہلی دفعہ لیپ کرنے پر سوزش اور آماس آ جائے گا پھر دوسرے پر کچھ بھی تکلیف نہ ہو گی حتی کہ تیسرے لیپ پر کچھ بھی احساس نہ ہو گا شہوت خوب غلبہ کرے گی مگر مباشرت نہیں کرنی ہے۔

**فائدہ:** دوسرے دن مشغول ہوں انشاء اللہ عزوجل یہ ہی لیپ کافی ہے تمام نقائص رفع ہو جائیں گے۔

## 1069- طلاء احمدیہ

**عنایت:** حکیم عبدالمالک صاحب بھورا بیٹی ڈھاکہ بنگال۔

**ھوالشافی:** جونک مصفی، خراطین مصفی، بیر بہوٹی ہر ایک چھ ماشہ، روغن زیتون خالص تین تولہ، سرکہ دو تولہ۔

www.pdfbooksfree.pk



**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو روغن میں خوب جلا لیجئے پھر سرکہ دو تولہ شامل فرما کر سنبھال کر رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** بوتل ہلا کر روزانہ رات سوتے وقت حشفہ و سیون چھوڑ کر عضو مخصوص پر مالش کیجئے اور برگ پان یا ارنڈ باندھ دیجئے۔

**فائدہ:** عضو مخصوص کی تمام کمزوریوں کو دور کرتا ہے ضعف باہ کو ختم کرتا ہے شہوت کو برانگیختہ کرتا ہے۔

## 1070- طلاء خاص

**عنایت:** جناب حکیم محمد صفی اللہ خان صاحب پٹنہ۔

**ھوالشافی:** شنگرف ایک تولہ، سم الفار ایک ماشہ، بسباسہ تین ماشہ، بیر بہوٹی تین ماشہ، مغز جمالگوٹہ دس عدد، مسکہ گاؤ پانچ تولہ۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو خوب کھرل کر لیجئے پھر مسکہ ڈال کر یک جان کر لیجئے اور سنبھال کر رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** دو رتی عضو مخصوص پر لگا کر اوپر برگ ارنڈ باندھ لیا کیجئے۔

**احتیاطی تدابیر:** صبح گرم پانی سے دھوئیں اگر دانے نکل آئیں تو مسکہ گاؤ لگایئے۔

**فائدہ:** مجلوقوں کے لئے از حد مفید ہے اور تجربہ شدہ ہے۔

## 1071- طلاء رحمت

**عنایت:** جناب حکیم محمد عبداللہ قادری نوشاہی امرتسر (ہند)۔

**ھوالشافی:** ریگ ماہی، لوبان کوڈیہ، بیر بہوٹی، خراطین خشک مصفی ہر ایک دو تولہ، زردی بیضہ مرغ بارہ عدد، روغن چنبیلی تین چھٹانک۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو روغن میں خوب کھرل کیجئے تقریباً ایک ہفتہ کھرل کیجئے۔

**ترکیب استعمال:** رات سوتے وقت مالش کر کے اوپر برگ پان باندھ لیجئے۔

**فائدہ:** عضو مخصوص کے جملہ نقائص کے لئے بے حد مجرب اور بلاضرر ہے۔

## 1072- طلاء مسیحا

**عنایت:** جناب حکیم محمد احسن سیکروی صاحب فیض باغ دہلی (ہند)۔

**ھوالشافی:** گندھک آملہ سار، شنگرف، سم الفار سفید، ہڑتال ورقی، سیماب، لوبان کوڈیہ، سونا مکھی، مصطگی رومی، ملسل ہر ایک ایک تولہ، زردی بیضہ مرغ بائیس عدد۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو نہایت باریک پیس کر زردی بیضہ مرغ میں خوب کھرل کیجئے

اور بذریعہ تپال جنتر روغن کشید کیجئے اور سنبھال کر رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** حشفہ اور سیون چھوڑ کر رات سوتے وقت مالش کیجئے اور اوپر برگ ارنڈ باندھ لیجئے۔

**فائدہ:** مجلوقوں کے لئے بہت مفید ہے اور کئی سال سے میرے تجربہ میں ہے نہایت مفید الاثر دوا ہے۔

**نوٹ:** چھالے پیدا ہو جائیں تو مسکہ لگائیے۔

## 1073- روغن سکندری

**عنایت:** جناب حکیم وید چھجو شاہ دوموری لاہور۔

**ھوالشافی:** میٹھا تیلیہ، کھوپچی سفید، جمالگوٹہ برادہ ازراقی ہرایک دو تولہ، ہڑتال ورقی ایک تولہ، بیخ کنیر سفید، اسگند ناگوری، تج، ہزل ہرایک چار تولہ، چرونجی، ناخن گھوڑا ہرایک دس تولہ، دودھ بھینس چھ کلو۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو دودھ میں ڈال کر ابالیں جب دودھ چار کلو رہ جائے تو جامن لگائیے پھر مکھن نکال کر گھی بنالیجئے اور سنبھال کر رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** رات کے وقت دو یا تین بوند مالش کرکے برگ پان باندھ لیجئے۔

**فائدہ:** مجلوقوں کے لئے نہایت مفید ہے اس سے بڑھیا روغن ملنا ناممکن ہے۔

## 1074- طلاء کجی

**عنایت:** جناب حکیم سندر سنگھ صاحب فرید کوٹ ضلع فیروز پور (ہند)۔

**ھوالشافی:** ازراقی مدبر، شنگرف، مغز جمالگوٹہ، مکھن برابر وزن۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو خوب باریک کرکے مکھن میں ملا کر خوب کھرل کیجئے کہ مانند کریم بن جائے۔

**ترکیب استعمال:** حشفہ اور سیون چھوڑ کر ایک رتی کی خوب مالش کیجئے اور برگ ارنڈ باندھ لیجئے۔

**فائدہ:** کمزوری، کجی، کوتاہی وغیرہ میں نہایت مفید الاثر دوا ہے۔

## 1075- طلاء عرفانی

**عنایت:** جناب حکیم معین الدین صاحب چھتاری (ہند)۔

**ھوالشافی:** زعفران خالص، پوست بیخ مدار، عاقرقرحا، دارچینی، قرنفل برابر وزن۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو آب ستیاناسی میں خوب کھرل کیجئے اور محفوظ رکھ لیجئے۔

www.pdfbooksfree.pk



**ترکیب استعمال:** بوقت ضرورت لعاب دہن ملا کر عضو پر ضماد کیجئے۔

**فائدہ:** مقوی باہ ہے عضو تناسل کی کمزوری اور سستی دور کرتا ہے عضو کو مسمن اور دراز بھی کرتا ہے۔

## 1076- طلاء اکبر

**عنایت:** جناب حکیم سید اکبر علی صاحب چونڈہ سیالکوٹ۔

**ھوالشافی:** افیون چار ماشہ، جوزبوا پانچ ماشہ، دارچینی پانچ ماشہ، عاقرقرحا سات ماشہ، پیاز نرگس گیارہ ماشہ، پوست بیخ خربزہ بائیس ماشہ، خراطین مصفی پانچ ماشہ، جونک خشک پانچ ماشہ، آب لہسن، آب ادرک بقدر ضرورت۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو آب لہسن اور آب ادرک میں خوب کھرل کیجئے اور حبوب دانہ نخود کے برابر بنا کر سنبھال لیجئے۔

**ترکیب استعمال:** بوقت ضرورت ایک ایک حب لعاب میں گھس کر طلاء کیجئے۔

**فائدہ:** تقویت باہ کے لئے نہایت مفید ہے کجی کوتاہی لاغری سستی کو دور کرتا ہے نہایت مفید دوا ہے۔

## 1077- طلاء مجلوق

**عنایت:** جناب حکیم ایس کے دیوان صاحب ناگپور شہر۔

**ھوالشافی:** فرفیون چھ ماشہ، عاقرقرحا، قرنفل، دارچینی ہرایک نو ماشہ، روغن زیتق چار تولہ، شیر مدار ایک تولہ۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو خوب میدہ بنا کر روغن میں کھرل کیجئے نیز شیر مدار بھی ڈال کر خوب کھرل کیجئے اور سنبھال کر رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** حشفہ اور سیون چھوڑ کر مالش کرکے برگ ارنڈ باندھ دیجئے۔

**احتیاطی تدابیر:** پھوڑے پھنسیاں نکلنے پر دوا لگانا موقوف کرکے روغن چنبیلی لگانا شروع کردیجئے اور بعدہ درست ہونے پر دوا پھر لگانا شروع کردیجئے۔

**فائدہ:** نہایت مفید طلاء ہے سات روز میں عضو سخت اور طاقتور ہو جاتا ہے۔

## 1078- طلاء بٹالہ

**عنایت:** جناب حکیم دیوی داس پی صاحب بٹالہ گورداسپور (ہند)۔

**ھوالشافی:** بیر بہوٹی، قرنفل، جائفل، مالکنگنی، برادہ دندان فیل، جمالگوٹہ، مقشر، سرگرگٹ تازہ، چربی خوک صحرائی، چربی سانڈہ، مستی شتر، ہستی ہرایک تین تولہ، پوست بیخ کنیر سفید ایک تولہ، سروالی

دس تولہ' سم الفار سیاہ چھ ماشہ' عقرب سیاہ دو تولہ۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو نہایت باریک کھرل کر کے حبوب جنگلی بیر برابر بنا کر بذریعہ تپال جنتر تیل کشید کیجئے اور سنبھال کر رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** حشفہ اور سیون چھوڑ کر روزانہ مالش کیجئے۔

**فائدہ:** ہر قسم کی تکلیف دور ہوگی چھالا نہیں ڈالتا دانے نہیں بناتا نہایت مفید اور سریع الاثر دوا ہے۔ اکیس دن کافی ہے۔

## 1079- طلاء باہ

**عنایت:** جناب حکیم سید عبدالعزیز صاحب پاٹے پور مظفر پور (ہند)۔

**ہوالشافی:** مغز جمالگوٹہ بارہ عدد' سم الفار سفید چار ماشہ' عروسک ایک تولہ' شنگرف ایک تولہ' مسکہ گاؤ چھ ماشہ۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو خوب کھرل کیجئے اور مکھن میں ملا کر سنبھال کر رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** روزانہ رات سوتے وقت حشفہ اور سیون چھوڑ کر لگایئے اور اوپر برگ ارنڈ باندھ دیجئے۔

**فائدہ:** بادی اور دیر ہضم غذاؤں سے پرہیز کیجئے۔

## 1080- طلائے مجلوق

**عنایت:** جناب حکیم گردھاری صاحب بھاگو وال ضلع گجرات (ہند)۔

**ہوالشافی:** بیر بہوٹی' خراطین' ازبطی' گندھک آملہ سار' پوست درخت کنیر سفید ہر ایک چار تولہ' جائفل' لونگ' دارچینی' عقرقرحا' گھونگچی سفید ہر ایک دو تولہ' جلوتری' زعفران' جمالگوٹہ' مغز تخم ارنڈ' سم الفار سفید ہر ایک ایک تولہ' دودھ مدار بقدر ضرورت۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو خوب باریک پیس کر شیر مدار میں کھرل کر کے نخودی حبوب بنا کر خشک کر لیجئے اور بذریعہ تپال جنتر روغن کشید کیجئے اور سنبھال کر رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** حشفہ اور سیون چھوڑ کر طلاء کیجئے اور برگ پان باندھ لیجئے۔

**نوٹ:** سرد پانی سے بچایئے۔

**فائدہ:** یہ طلاء نامرد وازکار رفتہ ومجلوق کے لئے آب حیات ہے ہر طرح کی کمزوری وسستی دور کرتا ہے نہایت جید الاثر لاثانی دوا ہے۔

## 1081- طلاء عشرت

**عنایت:** جناب حکیم عبدالرحمٰن قریشی صاحب اسلام پورہ فیصل آباد۔

www.pdfbooksfree.pk



**ہوالشافی:** دلو خشک' خراطین' جند بیدستر' عقرقرحا' بیر بہوٹی' ہر ایک ایک تولہ' پوست بیخ مدار سفید' ماکنگنی' جائفل ہر ایک نو ماشہ' عنبر اشہب' مشک خالص ہر ایک دو ماشہ' عطر گلاب' عطر حنا' چربی سانڈہ' چربی ریچھ ہر ایک چھ ماشہ۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو خوب باریک مثل غبار کر لیجئے پھر دیگر ادویات ملا کر عطریات ملا کر خوب کھرل کر کے سنبھال کر رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** حشفہ اور سیون چھوڑ کر قدرے طلاء کیجئے اوپر برگ پان یا برگ ارنڈ باندھ لیجئے۔

**فائدہ:** عضو مخصوص کے جملہ امراض وعوارضات کو رفع کرتا ہے کجی و استرخام وعدم لغوظ وہمواری وغیرہ کیلئے اعلیٰ درجہ کا مقوی و تجربہ شدہ نسخہ ہے۔

## 1082- طلاء شباب

**عنایت:** جناب حکیم محمد عبدالرحمٰن صاحب کوٹلہ مغلیاں ڈی جی خان۔

**ہوالشافی:** اسپند یک پاؤ' ہیراہینگ ایک تولہ' بیر بہوٹی پانچ تولہ' مغز جمالگوٹہ' مغز تخم بید انجیر' چربی شیر' قرنفل' جلوتری' چربی سانڈہ ہر ایک ایک تولہ۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو خوب کھرل کر کے بذریعہ تپال جنتر روغن کشید کیجئے اور سنبھال کر رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** روزانہ سات کو مالش کر کے اوپر برگ ارنڈ باندھ لیجئے۔

**فائدہ:** سستی و کاہلی دفع کرتا ہے عضو کو سخت بناتا ہے نہایت مفید و جید الاثر دوا ہے۔

## 1083- طلاء نوبہار

**عنایت:** جناب حکیم سید رفیق احمد صاحب جوہر پھاسو بلند شہر (ہند)۔

**ہوالشافی:** قرنفل چھ ماشہ' مغز بادام شیریں' مغز پستہ' چربی شیر' چربی غوک' برساتی کلاں' بیر بہوٹی' مصطگی رومی' خراطین مصفیٰ' ناگیسر ہر ایک ایک تولہ' عطر حنا چھ ماشہ۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو خوب باریک مثل پوڈر بنا لیجئے اور عطر ملا کر سنبھال کر رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** بوقت ضرورت عضو تناسل پر ہلکا سا لیپ کر کے اوپر برگ ارنڈ یا برگ پان باندھ دیجئے۔

**فائدہ:** نہایت مفید الاثر دوا ہے ہر طرح کی کمزوری کو دور کرتا ہے تجربہ شدہ ہے۔ اکیس یوم متواتر استعمال کریں۔

## 1084- طلاء رئیس

**عنایت:** جناب حکیم مولوی سردار احمد خان صاحب بلند شہر۔

**ہوالشافی:** پوست بیخ کنیر سفید پانچ تولہ' کروٹن آئیل ایک تولہ' روغن نارجیل دو تولہ' مرار گاؤ دو عدد' آب چرپٹہ آدھ کلو۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو خوب باریک کرکے آب میں ملا کر ہلکی آنچ پر رکھئے جب پانی جل جائے تو کشید کرکے سنبھال کر رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** حشفہ و سیون چھوڑ کر روزانہ مالش کیجئے اور برگ ارنڈ باندھ دیجئے۔

**فائدہ:** مجلوق کے لئے آب حیات ہے ضعف باہ کا خاتمہ کرتا ہے نہایت مفید و جید الاثر دوا ہے۔ دس یوم تک کافی ہے۔

## 1085- طلاء نواز شریف

**عنایت:** جناب حکیم قاضی محمد احمد صاحب خاکی مانسہرہ ہزارہ۔

**ہوالشافی:** ایک بینگن اس کے اندر چالیس عدد قلفل دراز چبھو دیجئے روغن کنجد آدھ کلو' کینچوے مصفی ایک پاؤ' لہسن مقشر سو گرام۔

**ترکیب تیاری:** پہلے بینگن کو چند دن پڑا رہنے دیجئے تاکہ زرد ہوجائے جو پانی خارج ہو اسے بھی سنبھال کر رکھئے پھر اسے روغن کنجد میں ڈال کر ہلکی آنچ دیجئے بعدہ خراطین بھی ڈال کر خوب جلا کر رکھ دیجئے بعدہ لہسن شامل کرکے خوب کھرل کر دیجئے یک جان کریم بن جائے گی سنبھال کر رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** روزانہ رات ایک ماشہ عضو پر مالش کرکے برگ ارنڈ باندھ دیجئے۔

**فائدہ:** مجلوق ازکارفتہ' ست اور مایوس العلاج کے لئے آب حیات ہے کمزوری اور سستی کو دور کرتا ہے کجی لاغری کوتاہی رفع کرکے تیزی و تندی پیدا کرتا ہے۔ نہایت بھروسہ کی دوا ہے۔ اکتالیس یوم متواتر استعمال کیجئے۔

## 1086- طلاء احمر

**عنایت:** جناب حکیم غلام حسین صاحب محلہ میاں قطب الدین راولپنڈی۔

**ہوالشافی:** شنگرف' ہڑتال ورقی' اڑاقی' سم الفار سفید' میٹھا تیلیہ ہر ایک چھ ماشہ' مغز ارنڈ ایک تولہ' ملکنی ایک تولہ' عقرقرحا' خراطین' عرو سک' پپلا مول' جلوتری' جائفل' قرنفل' خرمہرہ ہر ایک ایک تولہ' زردی بیضہ مرغ آٹھ عدد۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو نہایت باریک پیس کر زردی بیضہ مرغ ملا کر بذریعہ پاتال جنتر

www.pdfbooksfree.pk



روغن کشید کیجئے اور سنبھال کر رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** تین قطرے روغن مالش کرکے اوپر برگ ارنڈ یا برگ پان باندھ لیجئے۔

**نوٹ:** اگر پھنسیاں نمودار ہوں تو مکھن لگایئے اور تین دن کے بعد پھر روغن مالش کیجئے۔

**فائدہ:** مجلوق کیلئے اکسیر ہے کجی' لاغری' کوتاہی وغیرہ کو ختم کرکے عضو طاقتور مضبوط' مسمن اور دراز کرتا ہے۔

## 1087- ایٹمی طلاء

**عنایت:** جناب حضرت علامہ حکیم امین الدین صاحب سابقہ وائس پرنسپل طبیہ کالج دھلی (ہند)۔

**ہوالشافی:** شنگرف رومی دو تولہ' جمالگوٹہ دو تولہ' سم الفار سفید تین تولہ' موم خالص چار تولہ مسکہ گاؤ بارہ تولہ۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو پہلے نہایت باریک مثل پوڈر بنا لیجئے بعدہ دیگر ادویات ملا کر تقریباً آٹھ دن گرینڈ کیجئے اور سنبھال کر رکھئے۔

**فائدہ:** استرخاء' ضعف اعصاب کو دور کرتا ہے۔ مجلوقوں کے لئے تحفہ انمول ہے۔

## 1088- طلاء احسن

**عنایت:** جناب حکیم سید غلام باری ہاشمی صاحب کلانور گورداسپور (ہند)۔

**ہوالشافی:** مصطگی رومی چھ ماشہ' بیر بہوٹی' جند بیدستر' مغز بادام تلخ' گھونگچی سرخ' گھونگچی سفید' سونٹھ ہر ایک تین ماشہ' روغن زیتون پانچ تولہ' روغن بلسان دو تولہ' پتہ مینڈک دو تولہ' عطر اگر تین ماشہ۔

**ترکیب تیاری:** تمام خشک ادویات کو نہایت باریک مثل غبار بنا کر روغنیات اور دیگر ادویات ملا کر سنبھال کر رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** تھوڑی سی مقدار لے کر عضو پر مالش کیجئے اور برگ پان یا ارنڈ باندھ لیجئے۔

**فائدہ:** عضو تناسل کے خم کو دور کر دیتا ہے نہایت مفید الاثر لاثانی نسخہ ہے۔

## 1089- طلاء کامیاب

**عنایت:** جناب حکیم سراج الدین صاحب ہیرانوالہ جھنگ۔

**ہوالشافی:** سم الفار پانچ تولہ' سوڈا کاسٹک پانچ تولہ' شیر بڑ ایک کلو' پانی پانچ کلو۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو ملا کر آگ پر رکھئے جب پانی اُڑ جائے تو ٹھنڈا کرکے جما لیجئے اور سنبھال کر رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** ایک ماشہ دوا اور ایک تولہ روغن چنبیلی ملا کر بطور طلاء استعمال کیجئے۔

**فائدہ:** عضو تناسل کی تمام خرابیوں کو دور کرنے کے لئے نہایت ہی کامیاب دوا ہے۔ ایسے نسخے کبھی ہزاروں سال بعد ہاتھ آتے ہیں قدر کیجئے اور انعامات لیجئے۔

## 1090- طلاء دراز گوش

**عنایت:** جناب حکیم سید عطاء غوث صاحب بہاری پور بریلی شریف (ہند)۔

**ہوالشافی:** ہڑتال طبقی، سیماب مردہ سنگ، سم الفار ہر ایک ایک تولہ، درد بول خر ایک کلو، عرق کیلی بارہ تولہ، روغن گاؤ سات تولہ۔

**ترکیب تیاری:** پہلے چاروں ادویات کو خوب کھرل کیجئے اور بعدہ دراز بول خر میں کھرل کیجئے پھر عرق ڈال کر مزید تین یوم کھرل کیجئے بعدہ روغن گاؤ ملا کر کھرل کیجئے اور سنبھال کر رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** ایک دن کے وقفے سے ایک دن رات سوتے وقت ایک رتی عضو پر مالش کیجئے اور برگ پان باندھ لیجئے۔

**فائدہ:** عضو تناسل کو دراز اور موٹا کرتا ہے سخت طاقتور بناتا ہے جیسے دراز گوش۔

## 1091- ضماد مجلوق

**عنایت:** جناب حکیم صفدر علی خان نور پور ترنتارن ضلع امرتسر (ہند)۔

**ہوالشافی:** شنگرف رومی، سیماب، ہڑتال ورقیہ، کچلہ ہر ایک ایک تولہ، سنکھیا سفید چھ ماشہ، شیر مدار بقدر ضرورت۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو شیر مدار میں چھ یوم کھرل کیجئے پھر سنبھال کر محفوظ کر لیجئے۔

**ترکیب استعمال:** ایک سے ڈیڑھ رتی حشفہ اور سیون چھوڑ کر ضماد کیجئے۔

**فائدہ:** نہایت مفید معمول مطب نسخہ ہے مجلوق کے لئے آب حیات ہے۔

**نوٹ:** تین دن کے اندر اندر چھالہ بن جائے تو سفید پانی نکال کر بعد میں مکھن لگائیے۔

## 1092- طلاء کڑاکا

**عنایت:** جناب حکیم محمد علی صاحب اندرون مالوہ سنٹر انڈیا (ہند)۔

**ہوالشافی:** جند بیدستر چار ماشہ، عقرقرحا آٹھ ماشہ، فرفیون چھ ماشہ، مویز منقی چھ ماشہ، دارچینی آٹھ ماشہ، لونگ دو دانہ، آب لہسن، آب ادرک بقدر ضرورت۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو خوب کھرل کر کے دونوں آب میں خوب کھرل کیجئے اور نخودی حبوب تیار کر کے سنبھال لیجئے۔

**ترکیب استعمال:** روزانہ رات کو ایک گولی آب میں گھس کر حشفہ اور سیون بچا کر طلاء

www.pdfbooksfree.pk



شامی لقمانی فارمولے

کیجئے اور برگ ارنڈ باندھ دیجئے۔

**فائدہ:** عضو مخصوص کی جملہ خرابیوں کو ختم کر کے اعصاب کو طاقت عطا کرتا ہے خون کی آمد کو بڑھاتا ہے اور طاقت افزا طلاء ہے۔

**پرہیز:** سرد پانی سے پرہیز واجب ہے۔

## 1093- طلائے بے نظیر

**عنایت:** جناب حکیم سید معین الدین صاحب سکندر آباد یوٹین پلی نیسن نلین (ہند)۔

**ہوالشافی:** مغز تخم پلاس، جائفل، مغز تخم ارنڈ، مالکنگنی، موئے سرانسان ہر ایک ایک تولہ، قسط تلخ ہر ایک چھ ماشہ، تخم جوز ماثل دو ماشہ، آب برگ ارنڈ سرخ بقدر ضرورت۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو آب برگ ارنڈ میں خوب کھرل کر کے بذریعہ تپال جنتر روغن کشید کیجئے اور سنبھال کر رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** تھوڑا سا طلاء عضو پر ضماد کر کے برگ ارنڈ باندھ لیجئے۔

**فائدہ:** دس یوم کے استعمال سے طاقت لوٹ کر آئے گی جملہ خرابیاں دور ہوں گی نہایت مفید مجرب ہے۔

## 1094- طلاء نامرد

**عنایت:** جناب حکیم میر سعادت علی شاہ صاحب چوک سپاں حیدر آباد دکن (ہند)۔

**ہوالشافی:** مغز ارنڈ، رائی، حرمل تازہ ہر ایک ایک تولہ، بیر بہوٹی تین ماشہ، روغن دارچینی دو ماشہ، روغن چنبیلی دو ماشہ۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو کھرل کر کے روغنیات ملا کر خوب کھرل کیجئے اور سنبھال کر رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** رانوں قضیب اور خصیہ پر خوب مالش کیجئے۔

**فائدہ:** تقویت باہ و مجلوق کے لئے نہایت مفید ہے عضو تناسل کو فربہ کرتا ہے قوت باہ بڑھاتا ہے۔

## 1095- طلاء طاقتور

**عنایت:** جناب حکیم اللہ داد صاحب چھٹہ سونا رٹی (بنگال)۔

**ہوالشافی:** سم الفار سفید، سیماب، بیر بہوٹی ہر ایک دو تولہ، زردی بیضہ مرغ بارہ عدد۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو چھ یوم تک خوب کھرل کیجئے اور بذریعہ تپال جنتر روغن کشید کیجئے۔

**ترکیب استعمال:** حقنہ اور سیون چھوڑ کر مالش کرکے اوپر برگ پان باندھ لیجئے۔

**فائدہ:** اعصاب کے اندر بجلی کی سی لہریں پیدا کرتا ہے نہایت مفید الاثر دوا ہے۔

**نوٹ:** سرد پانی سے پرہیز کیجئے۔

## 1096- طلاء نایاب

**عنایت:** جناب حکیم آسانند صاحب پہاڑپور ڈیرہ اسماعیل خان۔

**ہوالشافی:** اسگندھ ناگوری، انبہ ہلدی، افیون ہر ایک آٹھ ماشہ، پوست بیخ کیکر سفید آٹھ ما[شہ] ست بول خر بقدر ضرورت۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو خوب باریک کرکے ست بول خر میں کھرل کیجئے اور سات حصوں میں تقسیم کرکے سنبھال لیجئے۔

**ترکیب استعمال:** روزانہ ایک حصہ ست بول خر میں ملا کر طلاء کیجئے۔

**فائدہ:** مجلوق کے جملہ عوارضات کو دور کرکے کامل مرد بنا دیتا ہے مجلوق خواہ دس بارہ سال سے کیوں نہ ہو نہایت مفید ہے۔

**نوٹ:** سات دن میں نہایت بے قراری ہو جائے گی اگر عورت قریب نہ ہو تو عرق لیموں میں کپڑا تر کرکے لپیٹ دیں تاکہ سختی زائل ہو جائے۔

## 1097- طلاء باہ

**عنایت:** جناب حکیم احمد علی خان صاحب کاکوری ضلع لکھنو (ہند)۔

**ہوالشافی:** گل کنجد تازہ ایک تولہ، سم الفار سفید ایک تولہ، شیر گاؤ ایک کلو۔

**ترکیب تیاری:** دونوں ادویات کو باریک کرکے دودھ میں ملا کر خوب ابالیں پھر ضامن لگا کر گھی تیار کرکے سنبھال کر رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** رات کو عضو پر مالش کرکے برگ ارنڈ باندھ لیجئے۔

**فائدہ:** قوت باہ پیدا کرتا ہے عضو تناسل کی تمام خرابیوں کو ختم کرتا ہے نہایت مفید الاثر دوا ہے۔

## 1098- طلاء عجیب

**عنایت:** جناب حکیم محمد عبدالمجید خان صاحب ریاست جاوڑہ (ہند)۔

**ہوالشافی:** بچھناک ایک تولہ، عقرقرحا چھ ماشہ، سندھور تین ماشہ، شیر مدار چار تولہ، روغن [illegible] چار تولہ۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو ایک کڑاہی میں ڈال کر نیم کے ڈنڈے سے جس کے بر[illegible]

www.pdfbooksfree.pk



پر تاب لگا ہوا ہو جو گر جائیں تا کہ کامل الحق ہوجائے پھر سنبھال کر رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** حقنہ اور سیون چھوڑ کر مالش کرکے برگ ارنڈ یا برگ پان باندھ لیجئے۔

**فائدہ:** جو عنین واز کار رفتہ کے لئے نہایت جید الاثر اکسیر ہے۔ بارہ یوم استعمال کروائیں۔

**نوٹ:** اگر بور پیدا ہوجائیں تو روغن گاؤ یا روغن چنبیلی لگائیے۔

## 1099- طلاء جادو

**عنایت:** جناب حکیم عبدالرؤف ندوی صاحب نمکچی پشاور۔

**ہوالشافی:** میٹھا تیلیہ، ازراقی، جمالگوٹہ، کھوپچی سفید ہر ایک ساڑھے تین تولہ، استخوان ماہی سوختہ ایک تولہ، لاکھ سرخ ایک تولہ، خراطین مصفی سات عدد، بیر بہوٹی ایک تولہ، شیر چربی چار تولہ۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو خوب باریک کھرل کرکے حبوب تیار کیجئے اور بذریعہ تپال جنتر روغن کشید کیجئے۔

**ترکیب استعمال:** تین قطرے حشفہ اور سیون چھوڑ کر مالش کرکے برگ ارنڈ باندھ لیجئے۔

**فائدہ:** عضو تناسل کی تمام خرابیوں کو رفع کرکے عضو کو طاقت ور بناتا ہے مردانہ صفات پیدا کرتا ہے۔ اکیس یوم تک استعمال کریں۔

## 1100- طلاء طوفانی

**عنایت:** زبدۃ الحکماء جناب حکیم ملک محمد شریف صاحب مسجد تحصیل والی فیصل آباد۔

**ہوالشافی:** گندھک آملہ سار ایک تولہ، شنگرف ایک تولہ، سم الفار سفید نو ماشہ، بھون پھلی نو ماشہ، جمالگوٹہ دو تولہ، جائفل دو تولہ، لوبان کوڈیہ تین تولہ، ہڑتال ورقیہ ایک تولہ، نوشادر چھ ماشہ، تخم ارنڈ دو تولہ، قرنفل دو تولہ، زعفران تین تولہ، جلوتری دو تولہ، بیر بہوٹی تین تولہ، خراطین خشک پانچ تولہ، پتہ سانڈہ اکیس تولہ، پتہ شیر گداختہ دو تولہ، پتہ خرس دو تولہ، ریگ ماہی دو تولہ، ملکنگنی دو تولہ، دارچینی دو تولہ۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو خوب باریک پیس کر حبوب نخودی بنا کر بذریعہ تپال جنتر روغن کشید کیجئے اور سنبھال کر رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** تھوڑا سا روغن مالش کرکے اوپر برگ ارنڈ باندھ لیجئے۔

**فائدہ:** بے ضرر طلاء ہے جلق، سستی اور کمزوری کے لئے مفید ہے ہزاروں مریضوں پر تجربہ شدہ ہے کسی قسم کی تکلیف بھی نہیں ہوتی۔

نسخہ نمبر 643 ملاحظہ فرمائیے۔

نسخہ نمبر 1059 ملاحظہ فرمائیے۔

## 1101- طلاء بیش بہا

**عنایت:** جناب حکیم ولدار نسیم بھٹی صاحب مہاشٹر (ہند)۔

**ہوالشافی:** کارڈلور آئیل ایک تولہ، ہرکاپاس آئیل تین ماشہ، پیپرمنٹ آئیل چھ ماشہ، دارچینی تیل چھ ماشہ، شنگرف رومی تین ماشہ، زعفران تین ماشہ۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو خوب اچھی طرح کھرل کر کے محفوظ رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** رات سوتے وقت عضو پر چند قطرے حشفہ اور سیون چھوڑ کر مالش کیجئے اور برگ ارنڈ باندھ لیجئے۔

**فائدہ:** چند روز کے استعمال سے بے حس اعصاب اور کمزور نسوں میں جان پڑ جاتی ہے مرجھایا ہوا عضو تناسل تروتازہ ہو کر از سر نو کام کے قابل ہو جاتا ہے اور نوخیز لڑکے کی طرح ادا کی خواہش پر تندی و تیزی و سختی پیدا ہو کر ڈیوٹی سرانجام دینے کے لئے تیار ہو جاتا ہے۔

# ملذذ نسخہ جات

## 1102- ملذذ عطار

**عنایت:** جناب حکیم محمد لطیف صاحب بی اے جھنگ۔

**ہوالشافی:** آب زہرہ، مرغ سفید ایک عدد، گل مولسری چند ایک، عطر گلاب خالص، عطر کیوڑہ، عطر حنا، عطر عنبر ہر ایک چھ ماشہ، خراطین مصفی تین ماشہ، عطر اگر غرقی دو ماشہ، موم شہد دو ماشہ۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو خوب کھرل کیجئے اور عطریات کو ملا کر خوب یک جان کر کے محفوظ رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** بوقت ضرورت استعمال کیجئے۔

**فائدہ:** لطف و سرور کی پرکیف گھڑیوں میں خوب اضافہ ہوتا ہے فریق ثانی ہمیشہ کے لئے غلام بن جاتا ہے۔

## 1103- ملذذ خاص

**عنایت:** جناب حکیم احسن التوحید صاحب آریہ ضلع پوڈینہ بہار (ہند)۔

**ہوالشافی:** کافور دیسی سہاگہ برابر وزن، شہد خالص بقدر ضرورت۔

**ترکیب تیاری:** دونوں ادویات کو خالص شہد میں اس قدر کھرل کیجئے کہ بس پیدا ہو جائے



سنبھال کر محفوظ رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** بوقت ضرورت استعمال کیجئے۔

**فائدہ:** نہایت اعلیٰ درجہ کا ملذذ ہے۔ عورت کو خوب سکون عطا کرتا ہے لطف کو بھی چکھڑیاں لگ جاتی ہیں۔

## 1104- ملذذ ہاشمی ✓

**عنایت:** جناب حکیم جیلانی ہاشمی صاحب ویکس مدینۃ الاولیاء ملتان شریف۔

**ہوالشافی:** سونٹھ، عقرقرحا، بیر بہوٹی ہر ایک ایک ماشہ، خراطین مصفی دو ماشہ، شہد خالص بقدر ضرورت۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو خوب باریک پیس کر شہد ملا کر سنبھال کر رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** قدرے طلاء کر کے خشک ہونے پر مشغول مباشرت ہوں۔

**فائدہ:** نہایت لذت پیدا ہوتی ہے عورت پیچھے پیچھے آتی ہے کسی اور کی طرف توجہ نہیں کرتی عجیب چیز ہے۔

## 1105- ملذز اعلیٰ ✓

**عنایت:** جناب حکیم عبدالحمید صاحب کنجر مظفرگڑھ۔

**ہوالشافی:** مغز املی ایک تولہ، مازو بے سوراخ ایک تولہ، ہیرا ہینگ چار رتی، سہاگہ چار رتی، عقرقرحا چھ ماشہ۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو خوب کھرل کیجئے اور مثل غبار بنا لیجئے اور سنبھال کر رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** بوقت ضرورت پندرہ منٹ پہلے چٹکی پانی میں ملا کر عضو پر ضماد کیجئے اور خشک ہونے پر مباشرت کیجئے۔

**فائدہ:** نہایت اعلیٰ درجہ کا ملذذ نسخہ ہے لذت کو چار چاند لگا دیتا ہے فریق ثانی ہمیشہ کے لئے گرویدہ ہو جاتا ہے۔

## 1106- ملذز عیش

**عنایت:** جناب حکیم محمد اسماعیل صاحب کڑیالہ گجرات۔

**ہوالشافی:** عنبر اشہب، مشک خالص ہر ایک ڈیڑھ ماشہ، عقرقرحا، زعفران، دارچینی، سہاگہ، کافور ہر ایک تین ماشہ، بیر بہوٹی چھ ماشہ، عطر گلاب، عطر خس، عطر موتیا، عطر کیوڑہ، خالص تازہ خس ہر ایک ایک تولہ۔

**ترکیب تیاری:** تمام خشک ادویات کو خوب کھرل کر کے عطریات ملا کر سنبھال کر رکھیں۔

www.pdfbooksfree.pk

**ترکیب استعمال:** بوقت ضرورت کام میں لائیے۔

**فائدہ:** نہایت عجیب لطف آمیز چیز ہے۔ نہایت بھروسہ کی چیز تجربہ شدہ ہے۔

## 1107- طلاء ملذذ

**عنایت:** جناب حکیم محمد یعقوب علی صاب شیر کوٹ بجنور (ہند)

**ھوالشافی:** بیر بہوٹی، خراطین، چرس، اسگند ناگوری، جائفل، زعفران، عطر کیوڑہ، عطر گلاب، عطر حنا، عطر مولسری ہر ایک تین ماشہ، افیون نو ماشہ، مشک خالص ایک ماشہ، شہد خالص تین تولہ۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو خوب باریک کر کے عطریات شامل کر لیجئے اور سنبھال کر رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** بوقت ضرورت چار رتی طلاء کیجئے۔

**فائدہ:** تمام ملذذ نسخوں کا سرتاج ہے نہایت مفید اور ٹھیک ٹھاک لطف عطا کرتا ہے۔

# ضعف اعضاء رئیسہ

ضعف اعضاء رئیسہ کے لئے درج ذیل نسخہ نمبر ملاحظہ فرمائیے:

1- نسخہ نمبر 630 ملاحظہ فرمائیے۔

2- نسخہ نمبر 790 ملاحظہ فرمائیے۔

3- نسخہ نمبر 909 ملاحظہ فرمائیے۔

4- نسخہ نمبر 1062 ملاحظہ فرمائیے۔



باب 22:

# معدہ کے امراض

معدہ غذا کی نالی کے نیچے پھیلا ہوا ایک مخروطی شکل کا عضو ہے جو اردو کے حرف "ل" کے مشابہہ ہوتا ہے معدے میں دو سوراخ ہوتے ہیں ایک سوراخ بڑا جسے ثقبہ الفواد کہتے ہیں جو غذا کی نالی کے آخری سرے اور قاع المعدہ سے ملتا ہے۔ دوسرا سوراخ معدے کے زیریں جانب حصہ بواب پر بارہ انگشتی آنت سے جڑا ہوتا ہے۔

**محل وقوع:**

معدہ پیٹ کے اوپر والے حصے میں بائیں جانب عمودی حالت میں ہوتا ہے یہ حجاب حاجز کے نیچے ہوتا ہے پیچھے شریان اعظم اور ریڑھ کی ہڈی کا ستون ہوتا ہے بائیں طرف پیچھے طحال ذرا نیچے اسی جانب بانقراس ہوتا ہے دونوں طرف گردے اور سامنے قولون مستعرض ملتا ہے۔

**ساخت:**

معدے کو تین حصوں میں تقسیم کیا گیا ہے:

(1) قاع المعدہ Fundus

(2) جسم معدہ Body

(3) بواب معدہ Pyloric

معدے کے باہر صفاقی جھلی کا غلاف ہوتا ہے معدے کی ساخت میں چار طبق پائے جاتے ہیں:

(1) بیرونی طبق

(2) عضلاتی طبق

(3) بلغمی جھلی کی زیریں تہہ

(4) غشائی طبق

معدہ کے اندر دو طرح کی رطوبات مترشح ہوتی ہیں:

(1) تیزابی رطوبت

(2) کھاری رطوبت

www.pdfbooksfree.pk

# درد معدہ

| اُردو نام | عربی نام | انگریزی نام |
|---|---|---|
| درد معدہ | وجع المعدہ | گیسٹریلجیا |

**تعریف مرض:**

مقام معدہ پر شدید درد ہوتا ہے درد معدہ، وجع المعدہ، وجع الفواد درد شکم، کارڈی الجیا وغیرہ اسی مرض کے مختلف نام ہیں۔

**اسباب:**

عموماً درد نازک اندام لڑکیوں کو بدہضمی یا قبض کے باعث ہوا کرتا ہے کثرت چائے نوشی، تمباکو کا زیادہ استعمال وغیرہ سے بھی یہ عارضہ لاحق ہوجاتا ہے۔ بسااوقات نفخ شکم، زخم معدہ، السر، اپنڈی سائٹس، سنگ گردہ و مثانہ و مرارہ، درد دل وغیرہ کے باعث بھی ایسا ہوجاتا ہے۔

**علامات:**

پیٹ میں ریاح کی کثرت کے باعث پسلیوں کے نیچے کھچاؤ محسوس ہوگا پیٹ پھولا ہوا ہوگا قراقر اور سینے میں جلن بھی ہوگی اور اگر ساتھ عضلات میں تشنج ہو تو شدید درد دورہ کرتا ہے۔ زخم معدہ کے باعث درد ہو تو معدہ کے مقام کو دبانے سے درد میں شدت پائی جائے گی بھوک کی حالت میں درد تیز ہوگا تیز مصالحہ جات وغیرہ مرض میں اضافے کا باعث بنے گا۔ پاخانے میں خون سیاہی مائل یا کبھی قے بھی آئے گی۔ دیگر امراض میں علامات مرض کے مطابق ہوں گی۔

**علاج:**

حقیقی سبب معلوم کر کے علاج معالجہ کیجئے یا حسب ضرورت نسخہ جات میں سے دوا تجویز فرما کر علاج کیجئے۔

## 1108- اکسیر معدہ

**عنایت:** جناب حکیم میر نور الٰہی صاحب یونانی فزیشن ہندوستانی خیراتی شفاخانہ لاہور۔

**ہوالشافی:** سوڈیم بائیکاب، زنجبیل، ریوند خطائی ہرایک برابر وزن۔



**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو خوب باریک کھرل کر کے سنبھال کر رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** ایک ماشہ دن میں تین مرتبہ ہمراہ آب تازہ دیجئے۔

**فائدہ:** سوء ہضم، نفخ معدہ، درد معدہ میں نہایت ہی جید الاثر دوا ہے۔

## 1109- اکسیر شفائی

**عنایت:** جناب حکیم سید عبدالقادر شاہ صاحب امین گاؤں ضلع لاڑکانہ باب الاسلام سندھ۔

**ہوالشافی:** پوست ہلیلہ زرد، پوست بلیلہ، پوست آملہ، فلفل دراز، فلفل سیاہ، زنجبیل، سہاگہ خام، نوشادر، نمک سیاہ ہرایک پچاس گرام، حلتیت بریاں چھ ماشہ، پوست بیخ مدار تازہ دس تولہ۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو خوب باریک پیس لیجئے اور حبوب نخودی بنا کر سنبھال کر رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** دو سے تین گولی بعد طعام دن میں تین مرتبہ دیجئے۔

**فائدہ:** سوء ہضم، درد شکم، درد معدہ، قراقر ہیضہ میں نہایت جید الاثر دوا ہے۔

# ضعف سوئے ہضم

## بدہضمی/ ڈس پپسیا

**تعریف مرض:**

اس مرض میں معدے کے فعل ہضم میں فرق واقع ہوجاتا ہے مگر بناوٹ میں کسی قسم کی خرابی واقع نہیں ہوتی۔

**اسباب:**

کھانے پینے میں لاپرواہی غذا اچھی طرح نہ چبانا، عرصہ تک ایک ہی قسم کی غذا کا استعمال، کثرت مصالحہ جات کا استعمال، جگر آنتوں یا لبلبہ کی رطوبات کی خرابی، قبض، ناقص غذا کا استعمال، پیپ سین یا گیسٹرک جوس کی کمی و بیشی صفرا وغیرہ کی زیادتی، رنج و غم خرابی خون، آلات ہضم کی قوتوں کی کمزوری، عصبی خرابی یا عضلاتی خرابی یا کیکٹونشوز کی خرابی یا سوزش کے باعث عارضہ لاحق ہوتا ہے وغیرہ وغیرہ۔

**علامات:**

معدے کے ہضم میں فرق آجاتا ہے درد گرانی، بے چینی، ترش ڈکاریں، کبھی دست کبھی

www.pdfbooksfree.pk

قبض' بدبودار ڈکار' ہتھیلیاں جلنا تلوے جلنا وغیرہ علامات پیدا ہوتی ہیں۔ پرانی بدہضمی میں مقام معدہ پر ہلکا ہلکا درد شروع ہوجاتا ہے دم کشی' کھٹے ڈکار آتے ہیں۔ پیشاب میں مادے بیٹھ جاتے ہیں۔ سستی' کاہلی پلے پڑ جاتی ہے۔ شدید کمزوری آنا شروع ہوجاتی ہے۔ بے چینی' گھبراہٹ' ہاتھوں اور پاؤں میں کھجلی شروع ہوجاتی ہے۔

**علاج:** حسب ضرورت نسخہ جات میں دوا تجویز فرما کر علاج کیجئے۔

## 1110- ہاضمو

**عنایت:** جناب حکیم خدا بخش صاحب حسین پور آڑی والا مدینۃ الاولیا ملتان شریف۔

**ہوالشافی:** کاسنی' المسلمین' پاپڑا' گل سرخ' تخم خربوزہ پانچ پانچ تولہ' ترپھلا دس تولہ' چرائتہ' زرشک' گلو ہر ایک چار تولہ' افتیمون دو تولہ' گل گاؤزبان تین تولہ' مصری ایک کلو۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو چار کلو پانی میں بھگو دیجئے' صبح خوب بوائل کیجئے آدھا رہنے پر کوزہ مصری ایک کلو ملا کر شربت کا قوام بنایئے اور سنبھال کر رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** روزانہ دن میں تین مرتبہ ایک ایک تولہ ہمراہ پانی دیجئے۔

**فائدہ:** بدہضمی' ضعف معدہ کے لئے نہایت لاجواب دوا ہے یرقان کا خاتمہ کرتی ہے جگر کے افعال کو درست کرتی ہے۔

## 1111- تریاق معدہ

**عنایت:** جناب حکیم سید محمد اسرار اللہ صاحب جھمرہ فیصل آباد۔

**ہوالشافی:** گندھک آملہ سار' جوہر نوشادر' ہر ایک ایک تولہ' سرکہ انگوری آب مولی پانچ تولہ۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو دونوں پانیوں میں خوب کھرل کیجئے اور سنبھال کر رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** ایک رتی ہمراہ مکھن کھالیا کیجئے۔

**فائدہ:** معدہ کو طاقت عطا کرتی ہے غذا کو ہضم کرتی ہے امراض معدہ میں جید الاثر دوا ہے۔

## 1112- حب عزیز

**عنایت:** جناب حکیم عبدالعزیز بیل ہٹ ھریٹ سیون شریف لاڑکانہ باب الاسلام سندھ۔

**ہوالشافی:** پوست بیخ مدار' فلفل سیاہ' قرنفل' انگور برابر وزن' عرق پودینہ بقدر مناسب۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو خوب باریک پیس کر عرق کی مدد سے حبوب تیار کر لیجئے اور سنبھال کر رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** دو دو گولی دن میں تین مرتبہ ہمراہ آب تازہ دیجئے۔



**فائدہ:** ہیضہ کے لئے لاجواب اکسیر ہے نفخ شکم' بدہضمی' بلغمی کھانسی وغیرہ کے لئے تریاقی اثرات کی حامل ہے۔

## 1113- ہاضمین

**عنایت:** جناب حکیم محمد علی آزاد صاحب مومن مارکیٹ بنگلور شہر (ہند)۔

**ہوالشافی:** گل مدار چار تولہ' اجوائن دیسی چار تولہ' نمک لاہوری' نمک سیاہ' نمک سانبھر ہر ایک ایک تولہ' فلفل سیاہ دو تولہ' آب لیموں بقدر مناسب۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو خوب باریک پیس کر آب لیموں میں نخودی حبوب تیار فرما کر محفوظ رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** دو سے تین گولیاں دن میں تین مرتبہ ہمراہ آب تازہ استعمال کیجئے۔

**فائدہ:** معدہ کو طاقت عطا کرتا ہے ضعف ہضم کو دور کرتا ہے ہیضہ میں نہایت مفید ہے۔

## 1114- اکسیر شکم

**عنایت:** جناب حکیم خواجہ محمد اسماعیل صاحب کوس اپالیم آرتی (ہند)۔

**ہوالشافی:** فلفل سیاہ' ناگیسر' تالیس پتر' سیندھا نمک' سونچل نمک' کھاری نمک ہر ایک ایک تولہ' پپلا مول' بانچھڑ' دارچینی' فلفل دراز' زیرہ سفید' انار دانہ ہر ایک دو تولہ' کشنیز' املی کالی' زنجبیل' دانہ الائچی کلاں' بیر ترش' اجمود' ناگرموتھا ہر ایک تین تولہ' کوزہ مصری باون تولہ۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو خوب باریک مثل پوڈر بنا کر حفاظت سے رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** تین سے چار ماشہ دن میں تین مرتبہ ہمراہ آب تازہ بعد طعام دیجئے۔

**فائدہ:** خوب بھوک بڑھاتا ہے قوت ہاضمہ نہایت مضبوط بناتا ہے نہایت ہی لاجواب نسخہ ہے ضرور کیجئے۔

## 1115- اکسیر صحت

**عنایت:** جناب حکیم محمد خان صاحب جیکب آباد عطار آباد باب الاسلام سندھ۔

**ہوالشافی:** نمک سانبھر' نمک سونچل ہر ایک' ایک پاؤ' فلفل سفید سات تولہ' نوشادر' زنجبیل' فلفل سیاہ' پودینہ خشک ہر ایک تین تولہ' تخم کرفس تین تولہ۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو خوب باریک مثل پوڈر بنا کر سنبھال کر رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** روزانہ دن میں تین مرتبہ دو دو ماشہ ہمراہ عرق سونف لیجئے۔

**فائدہ:** مقوی معدہ' ہاضم طعام' محلل ریاح' مولد خون اور صحت مند بننے کے لئے اکسیر ہے۔

www.pdfbooksfree.pk

## 1116- اکسیر فیض

**عنایت:** جناب حکیم حافظ فیض احمد صاحب رمانہ جھنگ۔
**ھوالشافی:** نمک اندرائن پانچ تولہ' سرکہ پندرہ تولہ' انار دانہ بریاں زرشک' کشنیز مصفی نیم بریاں ہر ایک سات تولہ۔
**ترکیب تیاری:** نمک کو توے پر ڈال کر اوپر سے سرکہ ڈال کر جذب کرائیں اور پھر دیگر ادویات باریک کھرل کر کے طلاء کر کے سنبھال کر رکھئے۔
**ترکیب استعمال:** روزانہ دن میں تین مرتبہ بعد غذا تین تین ماشہ لیجئے ہمراہ آب تازہ۔
**فائدہ:** محلل ریاح' مقوی معدہ ہے خوب بھوک لگتی ہے ہضم خوب کرتا ہے مفید دوا ہے۔

## 1117- ہاضمین

**عنایت:** جناب حکیم عبدالرحمٰن صاحب سرہالہ کلاں ہوشیار پور (ہند)۔
**ھوالشافی:** نمک طعام' نمک سیاہ' نمک سونچل' نمک سیندھا' نوشادر ٹھکری ہر ایک سات سات تولہ' اجمود کرفس' اجوائن' مرچ سیاہ' سونٹھ' لونگ' زیرہ سیاہ' جائفل' جلوتری ہر ایک دو تولہ' سرکہ انگوری بقدر ضرورت۔
**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو سرکہ انگوری میں بھگو کر خشک کر کے خوب باریک پیس لیجئے اور سنبھال کر رکھئے۔
**ترکیب استعمال:** دو ماشہ دن میں تین مرتبہ بعد طعام ہمراہ آب تازہ دیجئے۔
**فائدہ:** معدہ کو تقویت عطا کرتا ہے قوت ہاضمہ کو بڑھاتا ہے ریاح کو تحلیل کرتا ہے نہایت مفید و مجرب کمال نسخہ ہے۔

## 1118- کشتہ شنگرف

**عنایت:** جناب حکیم غلام مصطفیٰ صاحب دلیوالہ میانوالی۔
**ھوالشافی:** شنگرف پچاس گرام' پیاز بڑا سائز پانچ عدد۔
**ترکیب تیاری:** شنگرف کو پیاز کے سنٹر میں رکھ کر اوپر آٹا چڑھا دیجئے اور انگاروں پر رکھ کر بریاں کریں آٹا سرخ ہونے پر دوسرے پیاز میں رکھ کر ایسا ہی کیجئے حتیٰ کہ پانچوں پیازوں میں رکھ کر مدبر کیجئے پھر نکال کر سنبھال کر پیس کر رکھئے۔
**ترکیب استعمال:** ایک چاول صبح و شام مکھن میں لپیٹ کر تناول فرمالیجئے۔
**فائدہ:** موسم سرما کا لاجواب نسخہ ہے چہرے کو سرخ کرتا ہے خوب طاقت پیدا کرتا ہے نہایت اعلیٰ مصفی ہاضمی نسخہ ہے ضعف اشتہا و طعام وغیرہ کے لئے نہایت اکسیر الاثر دوا ہے۔

## 1119- حب ہاضم

**عنایت:** جناب حکیم پنڈت دیوی داس صاحب واہگہ مرکز الاولیا لاہور۔
**ھوالشافی:** نمک سیندھا' نمک شیشہ' نمک سونچل' نمک سیاہ' نوشادر' سہاگہ سفید' سفید مرچ' سیاہ مرچ' دراز مرچ' پودینہ خشک ہر ایک چھ چھ تولہ' آب لیموں برابر مقدار۔
**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو آب لیموں میں خوب بھگو کر خشک کر لیجئے اور حبوب نخودی بنا کر سنبھال کر رکھئے۔
**ترکیب استعمال:** ایک سے دو گولی بوقت ضرورت تازہ پانی سے لیجئے۔
**فائدہ:** کاسر ریاح و مقوی معدہ ہے نہایت اعلیٰ دوا ہے جو معدہ کی تمام امراض کا قلع قمع کرتی ہے۔

## 1120- اکسیر معدہ

**عنایت:** ابوالشفا جناب حکیم سید شاہ محمد صاحب چیت پوہ کلکتہ (ہند)۔
**ھوالشافی:** مصطگی رومی' دانہ الائچی خورد' طباشیر ہر ایک چھ ماشہ' مصری اٹھارہ ماشہ۔
**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو خوب باریک پیس کر سنبھال کر رکھئے۔
**ترکیب استعمال:** تین ماشہ دن میں تین مرتبہ ہمراہ آب تازہ لیجئے۔
**فائدہ:** تیزابیت دور کرتی ہے زائد رطوبات معدہ کو ختم کرتی ہے معدہ کو مضبوط اور خوب بھوک لگاتی ہے اکسیر دوا ہے۔

## 1121- اشتہائی

**عنایت:** جناب حکیم احمد میاں صاحب سورت شریف (ہند)۔
**ھوالشافی:** شنگرف مدبر ایک تولہ' فلفل سیاہ چھ ماشہ' بیش سفید دو ماشہ' آب کندش بقدر ضرورت۔
**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو آب کندش میں خوب بارہ گھنٹے تک کھرل کیجئے اور سنبھال کر رکھئے۔
**ترکیب استعمال:** ایک چاول مقدار صبح و شام سادہ پان میں لگا کر کھلائیے۔
**فائدہ:** خوب بھوک لگاتا ہے نہایت قابل اطمینان دوا ہے جوڑوں کے دردوں کو ختم کرتا ہے جسم طاقت ور بناتا ہے سنگ سرخ کرتا ہے۔

نوٹ نمبر 103 ملاحظہ فرمائیے۔
نوٹ نمبر 104 ملاحظہ فرمائیے۔

www.pdfbooksfree.pk

# 1122- نورانی چورن

**عنایت:** جناب حکیم محمد انس نورانی صاحب پشاور۔

**هوالشافی:** پوست بلیلہ زرد، نوشادر ولائتی ہر ایک اڑھائی تولہ، تخم الائچی کلاں ایک تولہ، فلفل دراز، فلفل سیاہ، نمک سیاہ، نمک طعام، سونٹھ، دارچینی، گیرو، پودینہ، انار دانہ ہر ایک دو تولہ، ست پودینہ تین ماشہ۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو خوب باریک کر کے ست پودینہ میں ملا کر سنبھال کر رکھیے۔

**ترکیب استعمال:** دو سے تین ماشہ دن میں تین مرتبہ بعد طعام ہمراہ آب تازہ دیجیے۔

**فائدہ:** درد شکم، ورم معدہ، ضعف جگر کو دور کرتا ہے ضعف معدہ کو ختم کر کے غذا کو جزو بدن بناتا ہے فتور ہضم کے باعث پیدا ہونے والی اکثر امراض کو ختم کرتا ہے۔

# 1123- تریاق معدہ

**عنایت:** جناب حکیم محمد راشد صاحب چک نمبر 228 وہاڑی۔

**هوالشافی:** ہینگ، نوشادر، سہاگہ، کاکڑا سنگی، مرچ سیاہ، سونٹھ، فلفل دراز، نمک سانبھر، نمک لل، نمک سوچل، نمک طعام، اجوائن دیسی، باؤ بڑنگ، پوست ہلیلہ زرد، پوست بلیلہ، پوست آملہ برابر وزن۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو آب گھیکوار میں خوب کھرل کیجیے اور نخودی حبوب تیار کر کے سنبھال کر رکھیے۔

**ترکیب استعمال:** کھانے کے بعد صبح دوپہر شام ایک ایک گولی ہمراہ آب تازہ دیجیے۔

**فائدہ:** سوء ہضم، دافع ریح درد معدہ میں نہایت جید الاثر دوا ہے۔

## طغرے

- نمک سیاہ ایک ماشہ آب تازہ سے لیجیے سوء ہضم میں نہایت مفید ہے۔
- سوڈیم بائی کارب چھ رتی نیم گرم پانی سے لیجیے تریاق معدہ ہے۔
- ست پودینہ چار چاول برابر چینی میں ملا کر دینا یہی حکم رکھتا ہے۔



# ہچکی / فواق

(Hiccough)

**تعریف مرض:** ایک ایسا مرض ہے جو معدہ و آنتوں کی خراش کے باعث پیدا ہوتا ہے جس طرح پھیپھڑے کسی غیر چیز کو رفع کرنے کے لئے حرکت کرتے ہیں اسی حرکت کا نام کھانسی ہے بالکل اسی طرح فم معدہ کی حرکت کا نام ہچکی ہے۔ اس مرض میں کبھی فم معدہ تو کبھی پورا معدہ متاثر ہوتا ہے۔

**اسباب:** تیز مصالح جات کا کثرت استعمال، صفراء کا زیادہ مقدار میں فم معدہ پر گرنا، بدہضمی، جگر کے افعال میں تبدیلی یا ناقص افعال، ثقیل غذاؤں کا کثرت استعمال، کثرت ریاح، ہسٹریا بعض اعصابی امراض، ورم معدہ وغیرہ۔

**علامات:** ہچکی عام اور ظاہری مرض ہے کبھی کبھی ہچکی اس قدر شدید ہوتی ہے کہ ایک منٹ میں پچاس یا ساٹھ بار حرکت ہوتی ہے کسی بھی چیز کے پینے اور کھانے میں تکلیف کا سامنا کرنا پڑتا ہے کسی دم چین نہیں آتا۔

**علاج:** حسب ضرورت نسخہ جات میں سے دوا تجویز فرما کر علاج فرمائیے۔

# 1124- اکسیر ہچکی

**عنایت:** جناب حکیم خدا بخش صاحب چک نمبر 69 ضلع ساہیوال۔

**هوالشافی:** پودینہ خشک، زنجبیل، الائچی سفید، مصطگی سب برابر وزن چینی بقدر ضرورت۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو خوب باریک پیس لیجیے اور سنبھال کر رکھیے۔

**ترکیب استعمال:** دو ماشہ دن میں تین سے چار مرتبہ ہمراہ آب تازہ لیجیے۔

**فائدہ:** خواہ کتنی ہی پرانی اور سخت ہچکی لگی ہوئی ہو صرف چند خوراکوں سے شفا ہوگی انشاء اللہ عزوجل۔

www.pdfbooksfree.pk

## 1125- تریاق ہچکی

**عنایت:** جناب حکیم چوہدری ہربنس راج صاحب ہریانہ ہوشیار پور (ہند)

**ھوالشافی:** اصلی السوس مقشر ایک تولہ' مصری چھ ماشہ۔

**ترکیب تیاری:** دونوں ادویات کو خوب باریک پیس لیجئے اور سنبھال کر رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** پانچ ماشہ دن میں تین مرتبہ ہمراہ آب تازہ دیجئے۔

**فائدہ:** مایوسی کی حد تک پہنچے ہوئے مریضوں کو شفا بخش کر اپنا لوہا منواتی ہے نہایت مفید اور تجربہ شدہ دوا ہے۔

## 1126- دوائے ہچکی

**عنایت:** جناب حکیم محمد حذیفہ عطاری صاحب مدینۃ الاولیاء ملتان شریف۔

**ھوالشافی:** ریش ناریل (بقدر ضرورت)' نبات سفید برابر وزن۔

**ترکیب تیاری:** ریش ناریل کو جلا کر راکھ بنا کر سنبھال کر رکھئے اور نبات سفید برابر وزن ملا کر رکھ لیجئے۔

**ترکیب استعمال:** دو ماشہ دن میں تین مرتبہ ہمراہ آب تازہ دیجئے۔

**فائدہ:** ہچکی کے لئے ایک لاجواب اور بے نظیر نسخہ پیش خدمت ہے یہ نسخہ چوٹی کے نسخہ جات سے بھی بازی لے گیا ہے ایک تاریخی نسخہ ہے تجربہ میں کثیر فوائد کا حامل ثابت ہو چکا ہے۔

### طغرہ

* ست پودینہ چند قطرے ہچکی کو نابود کر دیتے ہیں۔

# قے / متلی / اُبکائی

# (Vomiting)

**تعریف مرض:**

اس مرض میں غیر ہضم شدہ غذا بذریعہ قے خارج ہو جاتی ہے یا معدہ ذکی الحس ہونے کی وجہ سے تکلیف دے اشیاء کو فوراً احساس کر کے اس کو رفع کرنے کی کوشش کرتا ہے اگر معدہ قوی ہو تو فوراً اس تکلیف دہ چیز کو نکال دیتا ہے اگر قدرے کمزور ہو تو یا تکلیف دہ چیز کی اذیت کم ہو تو خفیف حرکت کرتا ہے اس حرکت میں تکلیف دہ چیز خارج نہیں ہوتی اسکا نام ابکائی ہے



اور اگر معدہ نہایت کمزور ہو تو صرف متلی ہی ہوتی ہے۔

**اسباب:** سرد اور مرطوب اشیاء کا کثرت استعمال' کثرت بلغم کے باعث معدہ کمزور ہونا' کثرت صفرا کے باعث معدہ میں سوزش کا پیدا ہو کر متلی و قے آنا' غذائی خرابی' زہریلی اشیاء کا استعمال' ادویاتی' الیون و سنکھیا کا استعمال' بعض اوقات شدید بخار' غلیظ ہوا میں سانس لینے یا بس ریل ہوائی جہاز میں سفر کرنے سے بھی یہ عارضہ لاحق ہو جاتا ہے۔

**علامات:** ہضم کی خرابی سبب ہو تو معدہ میں نفخ اور ریاح کی زیادتی' صفرا کی کثرت سے ہو تو منہ کا ذائقہ کڑوا ہوگا قے میں زرد رنگ کا مواد ہوگا غذائی بے اعتدالی ہو تو پہلے جی متلاتا ہے پھر چکر وغیرہ آتی ہے اگر معدہ کی سوزش کے باعث ہو تو کھانے کے فوراً بعد درد شروع ہو جاتا ہوگا اور بار بار قے آتی ہوگی۔

**علاج:** حسب ضرورت نسخہ جات میں سے تجویز فرما کر علاج کیجئے۔

## 1127- حب شکم

**عنایت:** جناب حکیم شاہد ایوب صاحب بند روڈ مرکز الاولیاء لاہور۔

**ھوالشافی:** ہیرا ہینگ چار تولہ' سہاگہ شگفتہ چار تولہ' سونٹھ چھ تولہ' مرچ سیاہ نو تولہ' فلفل دراز نو تولہ' آب گھیکوار بقدر ضرورت۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو خوب کھرل کیجئے اور آب گھیکوار میں نخودی حبوب بنا کر سنبھال کر رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** دو گولی صبح و دوپہر شام ہمراہ آب تازہ یا نیم گرم دیجئے۔

**فائدہ:** بدہضمی' قراقر معدہ' نفخ معدہ' ترش ڈکاریں' جی متلانا اور قے کے لئے اکسیر صفت ہے۔ کم خرچ بالا نشین دوا ہے۔

## 1128- شربت شافی

**عنایت:** جناب حکیم محمد داؤد اختر صاحب باب الاسلام سندھ۔

**ھوالشافی:** عرق سونف چوبیس اونس' ٹارٹرک ایسڈ چوبیس رتی' چینی پندرہ تولہ' تیزاب گندھک ولایتی چوبیس بوند' عدہ رنگ ایک ماشہ۔

www.pdfbooksfree.pk

**ترکیب تیاری:** عرق کے اندر پہلے شربت تیار کر لیجئے بعدہ شربت میں تیزاب گندھک ملا کر سنبھال کر رکھ لیجئے۔

**ترکیب استعمال:** جوان کے لئے نصف اونس بچوں کے لئے بقدر مناسب عمر دیجئے۔

**فائدہ:** ہیضہ، قے، دست، بدہضمی، ضعف معدہ، تلخ معدہ، بخار کی شدت کے باعث حلق اور منہ کا خشک ہونا، بار بار پیاس لگنا، الکلائن کی زیادتی اپھارہ، نم معدہ کا درد وغیرہ میں لاجواب ہے۔

## 1129- اکسیر قے

**عنایت:** جناب حکیم محمد عظیم خان صاحب پٹیالہ (ہند)۔

**ھوالشافی:** کوزہ مصری ایک تولہ، نمک سینڈھا تین ماشہ، ٹارٹرک ایسڈ ایک ماشہ۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو خوب باریک کر کے سنبھال کر رکھ لیجئے۔

**ترکیب استعمال:** ایک چٹکی منہ میں رکھ کر چوسیں دن میں تین مرتبہ۔

**فائدہ:** حاملہ عورتوں کی قے کے لئے خصوصیت سے مفید دوا ہے۔

## 1130- دافع قے

**عنایت:** جناب حکیم نور محمد صاحب بندیاں لودھیانہ (ہند)۔

**ھوالشافی:** پرانا ٹاٹ بقدر حاجت۔

**ترکیب تیاری:** پرانے ٹاٹ کو جلا کر راکھ بنا لیجئے اور برتن میں ڈال کر برتن کو پانی سے بھر دیجئے۔

**ترکیب استعمال:** زلال لے کر پیتے رہیے۔

**فائدہ:** متلی، قے، ابکائی وغیرہ کو فوراً تسکین دے دیتی ہے نہایت مفید دوا ہے۔

# نفخ شکم/ اپھارہ

# (Flatulence)

**تعریف مرض:** اس بیماری میں معدہ و امعاء میں گیس بھر جاتی ہے کبھی اپھارہ اور بدبودار ریاح خارج ہوتی ہے۔



**اسباب:** بدہضم غذاؤں کا کثرت استعمال، غم و غصہ، رنج و فکر، کھانے کے فوراً بعد سو جانا، زیادہ دیر سے ہضم ہونے والی غذاؤں کا کثرت استعمال، بلغم رطوبات کی کثرت، سیر کی عادت چھوڑ دینا وغیرہ وغیرہ۔ پینا پانی کا

**علامات:** دونوں طرف پسلیوں کے نیچے کھچاوٹ محسوس کرنا، قراقر کی آوازیں آنا، کبھی درد بھی محسوس کرنا، کھٹی ڈکاریں اور بھوک کی کمی، سینہ پر جلن کا احساس، دل کی دھڑکن زیادہ محسوس کرنا، اکثر بھول جانا، کبھی کبھی چکر آنا، گھبراہٹ بے چینی محسوس کرنا، مرض کی شدت کے باعث قبض، بواسیر کا اظہار ہونا وغیرہ وغیرہ۔

**علاج:** حسب ضرورت نسخہ جات میں سے تجویز فرما کر علاج کیجئے۔

## 1131- کاسر ریاح

**عنایت:** جناب حکیم محمد سلیمان قادری صاحب جھنگ۔

**ھوالشافی:** نمک سیاہ، نمک سینڈھا، نمک طعام، نمک سونچل، ہلیلہ سیاہ، آملہ، سونٹھ، فلفل سیاہ، فلفل دراز، اجوائن، شیطرج، لونگ، دارچینی، الائچی کلاں، عود ہندی، مصطگی رومی، جلوتری، جائفل ہر ایک برابر وزن لیموں کا رس بقدر ضرورت۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو خوب باریک پیس کر آب لیموں میں نخودی گولیاں تیار کر لیجئے۔

**ترکیب استعمال:** دو سے تین گولیاں دن میں تین مرتبہ ہمراہ آب تازہ دیجئے۔

**فائدہ:** معدے کو طاقت عطا کر کے ہاضمہ کی قوت بڑھاتی ہے ریاح کو ختم کرتی ہے ہیضہ کو دفع کرتی ہے دماغ کو طاقت بخشتی ہے سدوں کو کھولتی ہے اعضائی سستی و کاہلی دور کرنے میں لاجواب ہے۔

## 1132- سفوف شفا

**عنایت:** جناب حکیم عبدالغفور صاحب سورج پور بلند شہر (ہند)

**ھوالشافی:** فلفل سیاہ، نوشادر، ہرمچی ہر ایک ایک تولہ، تخم دھتورہ چھ ماشہ، کشتہ فولاد تین ماشہ۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو خوب کھرل کر کے سنبھال کر رکھئے۔

www.pdfbooksfree.pk

**ترکیب استعمال:** ایک رتی دن میں تین مرتبہ ہمراہ آب تازہ استعمال کیجئے۔

**فائدہ:** معدہ کے جملہ امراض کے لئے نہایت ہی کامل و اکمل نسخہ ہے۔

### 1133- اکسیر معدہ

**عنایت:** جناب حکیم چندر لال صاحب ورماں بھاگل کوارٹر شملہ (ہند)

**ہوالشافی:** انار دانہ ترش ایک تولہ، زنجبیل، زیرہ سفید، زیرہ سیاہ، ساق دانہ، پوست بلیلہ زرد، پوست ہلیلہ، نمک سنگ ہر ایک چار ماشہ۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو خوب کھرل کر کے سنبھال کر رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** چار ماشہ بعد طعام دن میں تین مرتبہ ہمراہ آب تازہ لیجئے۔

**فائدہ:** جملہ امراض معدہ کیلئے نہایت مفید الاثر دوا ہے۔

## کرم شکم

### 1134- اکسیر کرم

**عنایت:** جناب حکیم سید محمد لقمان قادری صاحب آستانہ اجمیر شریف (ہند)

**ہوالشافی:** شیر نارجیل دس تولہ، چینی اڑھائی تولہ، فلفل سیاہ ایک تولہ، فلفل دراز ایک تولہ۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو باریک کر کے شربت بنا لیجئے۔

**ترکیب استعمال:** روزانہ بوقت صبح پیا کیجئے۔

**فائدہ:** تمام کرم نکل جائیں گے۔ تین یوم استعمال کریں۔

## دردفم معدہ

### 1135- تریاق وجع الفواد

**عنایت:** جناب حکیم فیاض احمد صدیقی صاحب پانی پت کرنال (ہند)

**ہوالشافی:** شیر شتر ڈیڑھ کلو، نمک لاہوری آٹھ تولہ، زعفران چھ ماشہ۔

**ترکیب تیاری:** شیر شتر کو ہانڈی میں ڈال کر نمک ڈال کر زعفران ملا کر خوب پکائیے جب گاڑھا ہو جائے تو اتار کر صرف کوئلوں پر پکائیے حلوا ہونے پر سایہ میں خشک کیجئے اور سنبھال کر رکھئے۔



**ترکیب استعمال:** دو ماشہ دن میں تین مرتبہ آب تازہ دیجئے۔

**فائدہ:** وجع الفواد میں یہ نسخہ ایک معجزہ ہے سینکڑوں مریضوں پر آزمایا گیا ہے کبھی تیر خطا نہیں گیا اگر دورہ پڑتا ہو تو ایسے وقت میں بھی جادو اثر نسخہ ہے فوراً مریض ہوش میں آ جاتا ہے۔

## ہیضہ

## (Cholera)

**تعریف مرض:**

ہیضہ ایک مہلک اور متعدی مرض ہے جو نہایت باریک نباتی کرم سے پیدا ہوتا ہے جن کو کالرا اجیائی کہتے ہیں۔

**اسباب:**

ہیضہ کے درج ذیل تین اسباب اہمیت کے حامل ہیں:

(1) فساد آب وہوا

(2) غذائی فساد

(3) غذائی استعمال میں خرابی

عموماً ہیضہ کی بیماری پھیل جاتی ہے لو کا لگنا، میلا کچیلا رہنا، گندا پانی پینا، بے اعتدال کھانا پینا، ہیضہ کے دنوں میں جلاب آور ادویات کا استعمال کرنا وغیرہ وغیرہ اسباب عام ہیں۔

**علامات:**

طب یونانی میں ہیضہ کی علامات تین درجات میں تقسیم کیا گیا ہے۔

**پہلا درجہ:**

پہلے درجے میں قے و دست بکثرت آتے ہیں جو پہلے گاڑھے پھر پتلے پیچ کی طرح ہوتے ہیں ہاتھ پاؤں میں تشنج ہو جاتا ہے مریض گھبراہٹ محسوس کرتا ہے۔

**دوسرا درجہ:**

دوسرے درجے میں قے اور دست کم ہو جاتے ہیں آنکھیں اندر کو دھنس جاتی ہیں نبض کمزور لب اور مسوڑھے نیلگوں ہو جاتے ہیں جسم ٹھنڈا اور چہرہ بے رونق ہو جاتا ہے مریض شدت پیاس سے تڑپ اٹھتا ہے ادھر پانی پیتا ہے تو ادھر قے کے ذریعے نکال دیتا ہے بعض اوقات نیند

www.pdfbooksfree.pk

نابود ہو جاتی ہے۔

**تیسرا درجہ:**
آنکھیں اندر دھنس جاتی ہیں پیاس بدستور قائم رہتی ہے نبض اٹک اٹک کر چلتی ہے چہرہ نیم مردہ اور ٹھنڈا ہوتا ہے سخت گھبراہٹ اور بے چینی ہوتی ہے درجہ حرارت بالکل نیچے آجاتا ہے اگر مریض پر توجہ نہ دی جائے تو عام طور پر تین گھنٹے میں مریض راہ عدم اختیار کر لیتا ہے اس حالت میں اگر درجہ حرارت بحال ہونے لگے تو اکثر اوقات بخار تک پہنچ جاتا ہے نبض کی حرکات درست ہونے لگتی ہیں آنکھوں میں تازگی چہرہ پر رونق ہونے لگتا ہے اور آہستہ آہستہ صحت بحال ہونے لگتی ہے۔

**علاج:**
حسب ضرورت نسخہ جات میں سے تجویز فرما کر علاج کیجئے۔

## 1136- حب شکم

**عنایت:** جناب حکیم سید محمد رضا حسین صاحب سنبھال مراد آباد (ہند)۔

**ھوالشافی:** بھالکونہ مدبر، تخم ارنڈ، پوست ہلیلہ زرد ہر ایک سات ماشہ، جوکھار، سہاگہ بریاں، چوب چینی، فلفل سیاہ ایک ایک تولہ۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو خوب باریک کر کے فلفل سیاہ برابر حبوب بنا کر سنبھال لیجئے۔

**ترکیب استعمال:** ایک گولی ہمراہ عرق سونف دن میں دو مرتبہ دیجئے۔

**فائدہ:** قبض، درد شکم، ہیضہ کے لئے نہایت مفید دوا ہے۔

## 1137- حب امرت

**عنایت:** جناب حکیم کوپراج پنڈت دیشراج شاستری صاحب سرگودھا۔

**ھوالشافی:** ہیرا ہینگ، مرچ سیاہ، اجوائن ہر ایک ایک تولہ، عرق لیموں بقدر ضرورت۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو عرق لیموں میں چار پہر کھرل کیجئے اور دانہ مونگ برابر گولیاں بنائیے۔

**ترکیب استعمال:** ایک گولی ہر تین گھنٹے بعد ہمراہ عرق سونف دیجئے۔

**فائدہ:** ہیضہ کے لئے جید الاثر دوا ہے سرعت انزال کا بھی خاتمہ کرتی ہے۔

## 1138- اکسیر ہیضہ

**عنایت:** جناب حکیم گل محمد قریشی صاحب قدیم بازار میانوالی۔

www.pdfbooksfree.pk



**ھوالشافی:** لونگ، تخم مرچ سرخ، موم زرد ہر ایک ایک تولہ۔

**ترکیب تیاری:** پہلی دونوں ادویات کو خوب پوڈر بنا کر موم کو گرم کر کے اس میں ملا کر نخودی حبوب تیار کر لیجئے اور سنبھال کر رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** روزانہ دن میں پانچ سے چھ مرتبہ ایک ایک گولی ہمراہ عرق بادیان سے دیجئے۔

**نوٹ:** اگر گھبراہٹ محسوس کریں تو پانی میں بٹھا دیجئے اوپر سر میں پانی ڈالئے جب سردی لگنے لگے تو پانی سے نکال دیجئے۔

**فائدہ:** جب ہیضہ کے باعث تشنج واقع ہو یا حرارت جسم بند ہو جائے تو جید الاثر دوا ہے۔

## 1139- دافع ہیضہ

**عنایت:** جناب حکیم حافظ غلام حیدر صاحب سیتاپور اودھ (ہند)۔

**ھوالشافی:** افیون چھ ماشہ، کافور دو تولہ، ہیرا ہینگ ایک تولہ، تخم مرچ سرخ چار تولہ، آب ادرک بقدر ضرورت۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو آب ادرک میں خوب کھرل کیجئے اور نخودی حبوب بنا کر سنبھال کر رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** ہر تین گھنٹے بعد ایک ایک گولی ہمراہ عرق بید مشک دیجئے۔

**فائدہ:** صرف دو خوراک ہی کافی ہیں تجربہ شدہ ہے ہیضہ کو ختم کرتی ہے قدرتی حرارت بحال رکھتی ہے۔

## 1140- تریاق ہیضہ

**عنایت:** جناب حکیم الہی بخش صاحب حجرہ شاہ مقیم ساہیوال۔

**ھوالشافی:** ہلدی دو تولہ، چونہ ایک تولہ، عرق پیاز خالص بقدر ضرورت۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو کھرل کر کے آب پیاز میں حبوب نخودی برابر گولیاں تیار کر لیجئے۔

**ترکیب استعمال:** دو سے تین گولی آب پیاز خالص میں تین تولہ کے ہمراہ دن میں تین مرتبہ دیجئے۔

**فائدہ:** پہلی خوراک ہی سے فائدہ ہوگا ہیضہ کے لئے جید الاثر دوا ہے۔

**نوٹ:** بعض اوقات مرض کی شدت کے باعث ہر گھنٹہ بعد بھی ایک گولی دی جا سکتی ہے۔

# 1141- اکسیر شیخ

**عنایت:** جناب حکیم شیخ محمد حسین صاحب پیر گوٹھ خیر پور میرس باب الاسلام سندھ۔

**ھوالشافی:** سہاگہ سیاہ، زعفران، مرکی، برابر وزن عرق گلاب خالص بقدر ضرورت۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو عرق گلاب میں خوب کھرل کیجئے اور نخودی گولیاں بنالیجئے اور سنبھال کر رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** روزانہ چار مرتبہ ہمراہ عرق بادیان ایک ایک گولی دیجئے۔

**فائدہ:** ہیضہ کے لئے نہایت مفید الاثر دوا ہے ہیضہ کے تمام درجات میں مفید ہے۔

**نوٹ:** ہیضہ کے دنوں میں حفظ ماتقدم ایک گولی روزانہ بھی دے سکتے ہیں۔

# 1142- حب ہیضہ

**عنایت:** جناب حکیم کندن لعل صاحب شکار پور باب الاسلام سندھ۔

**ھوالشافی:** حلتیت ایک ماشہ، گندھک آملہ سار، قلمی شورہ، چونا، بجی کھار، ہر ایک دو رتی، کافور 1/4 رتی، آب لیموں بقدر ضرورت۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو آب لیموں میں خوب کھرل کیجئے اور نخودی حبوب بنا کر حفاظت سے رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** ہر تین گھنٹے بعد ایک گولی عرق سونف دیجئے۔

**فائدہ:** متعدد مرتبہ کی تجربہ شدہ ہے ہیضہ کی لاثانی دوا ہے جو ہر درجہ میں تریاقی صفات کی حامل ہے۔

# 1143- اکسیر پیاز

**عنایت:** جناب حکیم حزنجی لعل صاحب سلمنہ فیروز پور (ہند)۔

**ھوالشافی:** پیپنہ، پیاز، رانگا، نارجیل دریائی، برابر وزن، عرق گلاب بقدر ضرورت۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو خوب عرق گلاب میں کھرل کر کے نخودی حبوب تیار فرما کر سنبھال لیجئے۔

**ترکیب استعمال:** دو گولی ہر ایک گھنٹے بعد ہمراہ عرق بادیان دیجئے۔

**فائدہ:** ہزاروں مرتبہ کا تجربہ شدہ ہے کبھی خطا نہیں گیا۔ ہیضہ کو ختم کرتا ہے۔



# 1144- مشکل ٹائم

**عنایت:** جناب حکیم محمد عمر بن عبدالعزیز صاحب راولپنڈی۔

**ھوالشافی:** کافور، ست اجوائن، ست پودینہ برابر وزن۔
(2) روغن سونف، روغن الائچی، ست لیموں، پیپرمنٹ آئل، عرق گلاب ہر ایک ایک تولہ، زعفران پانچ تولہ۔

**ترکیب تیاری:** نمبر 1 ادویات کو ایک بوتل میں ڈال کر ذرا دھوپ میں رکھئے روغن بن جائے تو سنبھال لیجئے اور اس پر نمبر 1 لکھ دیجئے۔
نمبر 2 ادویات کو ایک بوتل میں ڈال دیجئے زعفران عرق گلاب میں کھرل کر کے اسی میں شامل فرما کر نمبر 2 کی چٹ لگا دیجئے۔

**ترکیب استعمال:** چینی پر نمبر 1 کے دو قطرے نمبر 2 چار قطرے ڈال کر روزانہ تین خوراک دیجئے۔

**فائدہ:** یہ ہیضہ کا وہ تریاقی نسخہ ہے جس کا مقابلہ کوئی نہیں کر سکتا اس کی ایک خوراک سے اللہ عزوجل کی رحمت آن گلے لگا لیتی ہے خواہ ہیضہ وبائی ہو یا عارضی ہر حالت میں جادو اثر دوا ہے اس کا تیار رہنا ہر مطب کے لئے ضروری ہے۔

## طغرے

* لونگ تین ماشہ کو دو کلو پانی میں خوب ابال لیجئے وقفہ وقفہ سے پانچ پانچ تولہ پلاتے رہئے دست، قے، پیاس بند ہو کر ہیضہ ختم ہوگا۔
* ثابت لیموں کو پانی میں گھوٹکر پلانا دست و قے کو بند کرنے میں بے مثل دوا ہے۔
* ہیضہ میں تشنج ہو جائے تو روغن جائفل کی بدن پر مالش کیجئے اکسیر ہے۔

www.pdfbooksfree.pk

باب 23:

# مقعد کے امراض

## بواسیر

| اُردو نام | طبی نام | انگریزی نام |
|---|---|---|
| بواسیر | بواسیر مقعد | پائلز |

**تعریف مرض:**

مقعد کے مقام پر خارش اور مسے ہوجانے کو بواسیر کے نام سے تعبیر کرتے ہیں اس کی درج ذیل دو اقسام معروف ہیں:

**اقسام بواسیر:**

بواسیر کی دو بڑی اقسام ہیں:

(1) بادی بواسیر

(2) خونی بواسیر

## بادی بواسیر

**تعریف مرض:**

مقعد کے مقام پر مسے پیدا ہوجاتے ہیں ہلکا درد اور خارش ہوتی ہے مگر خون خارج نہیں ہوتا اسے بادی بواسیر کے نام سے تعبیر کرتے ہیں۔

**اسباب:**

سرد مقام پر زیادہ رہنا' اکثر بیٹھ کر کام کاج کرنا' سرد اشیاء کا کثرت استعمال' عضلات کے اندر تحریک پیدا ہونا' قبض اور گیس کا پیدا ہونا' ثقیل اور دیر ہضم غذائیں زیادہ کھانا' وقت بے وقت کھانا' سوداوی خلط پیدا ہو کر آنتوں کو متاثر کرنا وغیرہ وغیرہ اسباب میں شامل ہیں نیز کثرت جماع' خارش مقعد' جنسی خیالات میں اکثر گم رہنا' کھٹی اشیاء کا کثرت استعمال وغیرہ اسباب میں شامل ہے۔

www.pdfbooksfree.pk



**علامات:**

مقعد کے مقام پر خارش اور درد محسوس ہوتا ہے مردانہ قوت قدرے کمزور ہوجاتی ہے کبھی کبھی جلن بھی محسوس ہوتی ہے سوء ہضم کی شکایت ہوجاتی ہے منہ کا ذائقہ خراب ہوجاتا ہے سینہ اور معدہ میں ہلکی جلن محسوس ہوتی ہے نیند کا اکثر غلبہ رہتا ہے بدن سست ہوجاتا ہے سو کر اٹھنے پر بدن بھاری لگتا ہے چہرے کا رنگ زردی مائل مریض کی بھوک کم ہوجاتی ہے بسا اوقات بے خوابی' دردسر یا کنپٹیوں میں بوجھ محسوس ہوتا ہے کبھی متلی یا درد قولنج کا احساس بھی ہوتا ہے۔

**علاج:**

حسب ضرورت نسخہ جات میں سے تجویز فرما کر علاج کیجئے۔

### 1145- بی نل

**عنایت:** جناب حکیم ایشر سنگھ صاحب بیدی شکار پور باب الاسلام سندھ۔

**ھوالشافی:** ترپھلا' گوگل' ہلدی' موم سفید برابر وزن۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو خوب اچھی طرح پوڈر بنا کر موم کو پگھلا کر ملا کر یک جان کر لیجئے اور حبوب نخودی بنا کر سنبھال کر رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** دو گولی صبح دوپہر شام ہمراہ دیسی گھی ملا دودھ دیجئے۔ بادی بواسیر کے لئے کالی مرچ کے پوڈر سے ملا کر دن میں تین مرتبہ ہمراہ آب تازہ دیجئے۔

**فائدہ:** خونی و بادی بواسیر کا ہمیشہ کے لئے خاتمہ کر دیتی ہے صرف چند دنوں میں اپنا جادو اثر چلا کر مریض جانب صحت رواں دواں ہوجاتا ہے۔

**پرہیز:** دیر ہضم ثقیل اور گرم اشیاء سے پرہیز واجب ہے خصوصاً دال مونگ نہ کھائیے۔

### 1146- معجون بواسیر

**عنایت:** جناب حکیم محمد صبح صادق صاحب لڈ پوالہ شاہ پور۔

**ھوالشافی:** آرد تخم بکائن آدھ کلو' روغن زرد پاؤ' شہد دو چند۔

**ترکیب تیاری:** پہلے آرد تخم بکائن کو روغن زرد میں بریاں کیجئے اور پھر شہد ملا کر بطریقہ معروف معجون تیار کیجئے۔

**ترکیب استعمال:** چھ ماشہ صبح و شام ہمراہ شیر گاؤ نیم گرم دیجئے۔

**فائدہ:** بواسیر خونی یا بادی دونوں میں نہایت مفید ہے خاندانی مجرب المجرب نسخہ ہے۔

## 1147- اکسیر بواسیر

**عنایت:** جناب حکیم محمد عبدالحق صاحب [illegible] گجرات۔

**ھوالشافی:** [illegible] کف دریا، مرچ سیاہ، ہلیلہ سیاہ، [illegible] سوختہ [illegible] ہر ایک [illegible] عرق لیموں دس تولے۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو عرق لیموں میں کھرل کر کے نخودی حبوب تیار کر لیجیے اور سنبھال کر رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** ایک گولی صبح و شام ہمراہ آب تازہ دیجئے۔ ایک گولی لعاب دہن میں گھس کر مسے پر لیپ کر دیجئے۔

**فائدہ:** بواسیر خونی و بادی مسوں والی ہو یا سادہ سب کو ختم کر کے [illegible] خون کا جاری ہونا بند ہو جاتا ہے۔ عجیب الاثر مجرب [illegible] ہے۔

## 1148- حب بواسیر

**عنایت:** جناب حکیم غلام رسول صاحب [illegible]

**ھوالشافی:** [illegible]

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو خوب باریک کر کے پانی کی مدد سے نخودی حبوب تیار کر لیجیے اور سنبھال کر رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** ایک گولی صبح ایک شام ہمراہ آب تازہ [illegible] ایک گولی لعاب دہن میں گھس کر مسوں پر لیپ کر دیجئے۔

**فائدہ:** خونی و بادی بواسیر میں [illegible] ہے۔

## 1149- پی آف

**عنایت:** جناب حکیم [illegible]

**ھوالشافی:** [illegible]

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو خوب باریک کر کے پانی کی مدد سے نخودی حبوب تیار کر لیجیے اور حفاظت سے رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** ایک گولی صبح [illegible] شام [illegible]

**فائدہ:** [illegible]



## 1150- پی کان

**عنایت:** جناب حکیم عبدالمجید صاحب [illegible]

**ھوالشافی:** ریوند خطائی دس تولے، آب مولی [illegible] تخم [illegible]

**ترکیب تیاری:** دونوں دواؤں کو باریک کر کے آب مولی میں [illegible] اور نخودی حبوب تیار کر کے سنبھال کر رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** [illegible] دو گولی صبح و شام ہمراہ [illegible]

**فائدہ:** خونی و بادی بواسیر میں [illegible] (حکیم محمد عبدالمجید [illegible])

## 1151- تریاق بواسیر

**عنایت:** جناب حکیم حافظ [illegible]

**ھوالشافی:** [illegible]

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو باریک کر کے [illegible] حفاظت سے رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** دو گولی صبح و شام ہمراہ آب تازہ دیجئے۔

**فائدہ:** بواسیر خونی و بادی میں مجرب [illegible] ہے۔

## 1152- [illegible] آف

**عنایت:** جناب حکیم [illegible]

**ھوالشافی:** [illegible]

**ترکیب تیاری:** [illegible]

**ترکیب استعمال:** [illegible]

**فائدہ:** بواسیر خونی و بادی میں [illegible]

## 1153- حب بواسیر

**عنایت:** جناب حکیم [illegible]

www.pdfbooksfree.pk

**ہوالشافی:** پوست ریٹھہ، جوکھار، تخم نیم، ریوند چینی ہر ایک ایک تولہ، آب مولی ایک پاؤ۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو آب مولی میں خوب کھرل کیجئے اور حبوب نخودی بنا کر سنبھال کر رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** ایک گولی صبح ایک شام ہمراہ شیر گاؤ دیجئے۔

**فائدہ:** بواسیر خونی و بادی میں سو فیصد مجرب و کامیاب دوا ہے۔

**نوٹ:** دودھ گھی زیادہ استعمال کیجئے۔

## 1154- اکسیر بواسیر

**عنایت:** جناب حکیم گل احمد ہوتی صاحب مردان ضلع پشاور۔

**ہوالشافی:** پوست ریٹھہ سوختہ، سفید تخم ستیاناسی ہر ایک ایک تولہ، کشتہ فولاد چھ ماشہ۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو مثل غبار بنائیے اور سنبھال کر رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** ایک ماشہ صبح و شام ہمراہ مکھن و بالائی دیجئے۔

**فائدہ:** ہر قسم کی بواسیر کو دور کرنے میں اکسیر صفت دوا ہے صرف پندرہ یوم سے اس نامراد مرض سے چھٹکارا حاصل کیا جا سکتا ہے۔

**پرہیز:** بادی اشیاء اور گرم اشیاء سے پرہیز واجب ہے۔

## 1155- بم بم بواسیر

**عنایت:** جناب وید پنڈت سنت امر سنگھ صاحب واگھ کلاں لودھیانہ (ہند)

**ہوالشافی:** گندھک آملہ سار مصفیٰ، رسونت مصفیٰ، مغز ریٹھا، جوکھار، مغز نیم، مغز بکائن، کشتہ سونا مکھی سب برابر وزن آب گکرونده برابر وزن۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو خوب باریک کر کے آب گکرونده میں خوب کھرل کیجئے اور نخودی گولیاں بنا کر سنبھال کر رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** ایک گولی سے دو گولی صبح و شام ہمراہ مکھن دیجئے۔

**فائدہ:** ہر قسم کی بواسیر کے لئے اکسیر ہے چالیس اور ایک اکتالیس یوم کے استعمال سے بواسیر نظر نہیں آتی ایک مرتبہ ضرور تجربہ کیجئے۔

## 1156- روغن بواسیر

**عنایت:** جناب حکیم تراب حسین صاحب بلندشی (ہند)

**ہوالشافی:** نوشادر، قلمی شورہ، مقل زرد ہر ایک پچاس گرام، صدف پچیس گرام۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو آتشی بوتل میں ڈالکر بذریعہ تیال جنتر روغن کشید کیجئے اور



سنبھال کر رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** ایک ایک قطرہ صبح و شام ہمراہ مکھن میں رکھ کر دیجئے۔

**فائدہ:** ہر قسم کی بواسیر کو جڑ سے اکھاڑ دیتا ہے کسی نسخہ میں اتنی طاقت نہیں دیکھی جتنی مانند بجلی اس دوا میں ہے امراض معدہ کو ختم کر کے نہایت مضبوط بناتا ہے معدہ و جگر اور آنتوں کو قوت بخشتا ہے نہایت مفید اور جید الاثر کامیاب دوا ہے۔

## 1157- کشتہ سنگجراح

**عنایت:** جناب حکیم ابوالبشیر محمد ابراہیم صاحب کماں ضلع ساہیوال۔

**ہوالشافی:** سنگجراحت دو تولہ، عرق جل نیم آٹھ تولہ، جل نیم کا نغدہ آدھا کلو، آب مولی آٹھ تولہ۔

**ترکیب تیاری:** سنگجراحت کو عرق جل نیم میں کھرل کر کے ٹکیہ بنا کر نغدہ میں دے کر چھ کلو جنگلی اوپلوں میں پھونک دیجئے سرد ہونے پر نکال کر آب ترب آٹھ تولہ میں کھرل کر کے پھر نغدہ گل میں بند کر کے دس کلو اوپلوں کی آگ دیجئے سرد ہونے پر پیس کر سنبھال کر رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** دو سے چار رتی ہمراہ مکھن و بالائی دیجئے۔

**فائدہ:** بواسیر ہر قسم کو ختم کرنے میں اکسیر ہے۔

## 1158- حب بواسیر

**عنایت:** جناب حکیم سید محمد اکبر حسین صاحب موچیانوالہ ضلع گجرات۔

**ہوالشافی:** مغز نیم، مغز بکائن، تخم گندنا، گوگل، رسونت، مویز منقی برابر وزن۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو خوب باریک کر کے مویز منقی کے ذریعے حبوب نخودی تیار کر کے سنبھال کر رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** دو گولی صبح دو گولی شام ہمراہ آب تازہ دیجئے۔

**فائدہ:** بواسیر خونی و بادی کے لئے نہایت مفید الاثر کامیاب دوا ہے۔

## 1159- حب کرشمہ

**عنایت:** جناب حکیم محمد سراج الحق صاحب بمبئی (ہند)۔

**ہوالشافی:** مغز نیم، مغز بکائن، رسونت مصفیٰ ہر ایک ایک تولہ، چاکسو، گوگل، کتھہ سفید، خاکستر پوست ریٹھہ ہر ایک چھ ماشہ، آب مولی پاؤ۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو خوب باریک پیس کر آب مولی میں کھرل کیجئے اور نخودی حبوب بنا کر سنبھال کر رکھئے۔

www.pdfbooksfree.pk

**ترکیب استعمال:** ایک گولی صبح وشام ہمراہ مکھن دیجئے۔

**فائدہ:** صرف پندرہ دن کے استعمال سے بواسیر کے تمام عوارض ختم ہوجاتے ہیں مسے گر جاتے ہیں نہایت مفید ہے۔

## 1160- ٹرائس نل

**عنایت:** جناب حکیم محمد اشرف شاکر صاحب مرکز الاولیاء لاہور۔

**ہوالشافی:** نوشادر ایک تولہ، سہاگہ ایک تولہ، کشتہ جست ایک تولہ، سم الفار ایک ماشہ۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو کسی لوہے کی ڈبیہ میں بند کرکے ایسی جگہ دفن کیجئے کہ ہر وقت اوپر آگ روشن رہے تین دن بعد نکال کر دیکھیں تو روغن ملے گا سنبھال کر رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** ایک قطرہ دوا لے کر چار قطرہ روغن پستہ میں ملا کر مسے ہائے بواسیر پر لیپ کردیجئے۔

**فائدہ:** چند دنوں کے استعمال سے مسے غائب ہوجائیں گے اور جو زخم ہوجائیں تو پیاز کو دیسی گھی میں جلا کر لگاتے رہئے بہت جلد صحت یاب ہوجائیں گے۔

## 1161- تریاق بواسیر

**عنایت:** جناب حکیم محمد شبیر قادری صاحب اجمیر شریف (ہند)

**ہوالشافی:** حنظل سولہ عدد، پانی سولہ کلو گرام، پوست ہلیلہ زرد، نمک سیاہ، ہلدی ہر ایک دو تولہ، مصطگی رومی دو تولہ، جوہر نوشادر تین تولہ، آب گھیکوار بقدر مناسب۔

**ترکیب تیاری:** پہلے حنظل کو پانی میں خوب ابالیں حتیٰ کہ ایک کلو رہ جائے تو مل چھان کر دیگر ادویات باریک شدہ اس میں ملا کر آب گھیکوار کی مدد سے حبوب تیار کرلیجئے اور سنبھال کر رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** دو گولی صبح وشام ہمراہ آب تازہ دیجئے۔

**فائدہ:** انشاء اللہ عزوجل پندرہ یوم کے استعمال سے بواسیر کا خاتمہ ہوجائے گا۔

**پرہیز:** تمام گرم اور خشک غذاؤں سے پرہیز ضروری ہے۔

## 1162- دافع بواسیر

**عنایت:** جناب حکیم محمد دلاور صاحب کوٹلو پشاور۔

**ہوالشافی:** گوگل مصفی پانچ تولہ، مرچ سیاہ پانچ تولہ، سونٹھ اڑھائی تولہ، آنولہ اڑھائی تولہ، تمہ دس عدد تازہ۔

**ترکیب تیاری:** تمہ کا رس نکال کر تمام ادویات کو باریک کرکے اس میں شامل کرکے پکائیے

www.pdfbooksfree.pk



جب گولی باندھنے کے قابل ہوجائے تو حبوب نخودی باندھ لیجئے اور سنبھال کر رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** تین گولی صبح وشام ہمراہ نیم گرم دودھ دیجئے۔

**فائدہ:** بادی بواسیر کے لئے بھی ایک نسخہ ہی کافی ہے ہر طرح کی شکایت کو دفع کرتا ہے۔

# بواسیر خونی

**تعریف مرض:** مقعد کے اندرونی یا بیرونی جانب سے ظاہر ہوکر پاخانے کے بعد یا پہلے خون آتا ہے۔

**اسباب:** صفرادی اور سوداوی اخلاط میں احتراق کے باعث یا گرم وخشک غذاؤں کا کثرت استعمال بواسیر کے اسباب میں شامل ہے۔ دیر ہضم غذاؤں کا کھانا، گوشت پوست بکثرت استعمال کرنا، مصالح دار غذاؤں کا کثرت استعمال، آنتوں کی قوت دافع کی کمزوری، جلاب آور ادویات کا کثرت استعمال وغیرہ اسباب میں شامل ہے۔

**علامات:** اکثر گیس اور قبض ہوجاتی ہے بسا اوقات تین تین دن تک حاجت نہیں ہوتی زور لگانا پڑتا ہے ہلکا سیاہی مائل سرخ خون پاخانے سے پہلے یا بعد میں خارج ہوتا ہے کبھی تھوڑا تھوڑا پاخانہ دن میں تین چار مرتبہ آتا ہے اور ہر مرتبہ خون بھی آتا ہے کبھی زیادہ تو کبھی خون کم آتا ہے مریض کمزوری اور سستی کاہلی محسوس کرتا ہے۔ بیرونی مسوں میں درد ہوتا ہے جب مرض ترقی کرجاتا ہے تو مسوں کا حجم بڑھ جاتا ہے اور خروج المقعد کا عارضہ بھی لاحق ہوجاتا ہے بسا اوقات خون کے کثرت اخراج کے باعث مریض بے ہوش ہوجاتا ہے رنگ اکثر زرد ہوجاتا ہے نبض بھی سست اور کبھی سریع ہوجاتی ہے۔

**علاج:** حسب ضرورت نسخہ جات میں سے تجویز فرما کر علاج کیجئے۔

## 1163- دوائے خونی بواسیر

**عنایت:** جناب حکیم عبدالرشید خان صاحب بہاولپور۔

**ہوالشافی:** برگ نیم تازہ ایک کلو، پانی پانچ کلو، رسونت دس تولہ، کشتہ گاؤدنتی دو تولہ۔

**ترکیب تیاری:** برگ نیم کو پانی میں خوب جوش دیجئے جب پانی آدھا کلو رہ جائے تو رسونت

ڈال کر خوب پکائیے جب گاڑھا ہو جائے تو کشتہ کا وزنی دو تولہ ملا کر حبوب نخودی تیار کر کے محفوظ رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** دو گولی سیوس اسپغول کے ساتھ ہمراہ شربت انجبار دن میں تین مرتبہ دیجئے۔

**فائدہ:** خاص الخاص معمول مطب نسخہ ہے بواسیر خونی کا خاتمہ کر دیتا ہے نہایت ہی جید الاثر دوا ہے۔

## 1164- حب بواسیر خونی

**عنایت:** جناب حکیم اختر حسین صدیقی صاحب احمد آباد (ہند)۔

**ھوالشافی:** بیخ انجبار پانچ تولہ الائچی خورد پانچ ماشہ' طباشیر دو ماشہ' کافور دو ماشہ' دارچینی ایک تولہ' گوند کیکر ایک تولہ۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو خوب باریک کر کے نخودی حبوب بنا کر سنبھال کر رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** ایک گولی دن میں تین مرتبہ ہمراہ روغن زرد پانچ تولہ دیجئے۔

**فائدہ:** بواسیر خونی کیلئے اسی فیصد مجرب دوا ہے اطمینان سے استعمال کیجئے۔

## 1165- بواسیری کشتہ

**عنایت:** جناب حکیم عبداللطیف صاحب طبیب خاص راج گڑھ (ہند)۔

**ھوالشافی:** سونا مکھی پانچ تولہ' برگ حنا تازہ ایک کلو' رسونت بیس تولہ۔

**ترکیب تیاری:** سونا مکھی کو برگ حنا کے نغدہ میں دے کر پانچ کلو اوپلوں کی آگ دیجئے سرد ہونے پر سرخ رنگ کا کشتہ برآمد ہوگا اس میں بیس تولہ رسونت ملا کر حبوب نخودی تیار کر لیجئے اور سنبھال کر رکھیں۔

**ترکیب استعمال:** ایک گولی صبح' دوپہر' شام ہمراہ آب تازہ دیجئے۔

**فائدہ:** بواسیر خونی کو ختم کرنے میں بے حد مفید دوا ہے نہایت سستی اور آسان ہے۔

## 1166- حب خاص

**عنایت:** جناب حکیم ٹھاکر روپ لعل صاحب منچن آباد بہاولپور۔

**ھوالشافی:** گندھک آملہ سار' مغز نیم' مغز بکائن' رسونت' چاکسو ہر ایک پانچ تولہ' کشتہ فولاد ایک تولہ' آب مولی آدھ کلو۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو خوب باریک کر کے آب مولی میں کھرل کیجئے اور نخودی حبوب تیار کر کے سنبھال کر رکھئے۔



**ترکیب استعمال:** دو گولی دن میں تین مرتبہ ہمراہ آب اکی دیجئے۔

**فائدہ:** بواسیر خونی کو ہمیشہ کے لئے ختم کر دیتی ہے بعض دیگیں کا خاتمہ کرتا ہے اکسیر ہے۔

## 1167- حب مالک

**عنایت:** جناب حکیم جوگندر پال صاحب روپڑ ضلع انبالہ (ہند)۔

**ھوالشافی:** تخم مولی' تخم کوہنی' اسگند ناگوری' رسونت' کہنہ پانچ پانچ' گڑا مچھال' کسمال ہر ایک تولہ' مغز نیم پانچ تولہ' مغز بکائن پانچ تولہ' شہد بقدر ضرورت۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو خوب باریک کر کے شہد کی مدد سے نخودی حبوب تیار کر لیجئے اور سنبھال کر رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** ایک گولی دن میں تین مرتبہ ہمراہ دودھ دیجئے۔

**فائدہ:** بواسیر خونی و بادی میں اکسیر ہے۔

**پرہیز:** بادی' ثقیل اور گرم و خشک غذاؤں سے پرہیز واجب ہے۔

## 1168- معجون واحد

**عنایت:** جناب حکیم سید عبدالواحد صاحب پسرور ضلع سیالکوٹ۔

**ھوالشافی:** ہلیلہ سات ماشہ' بادیان سات ماشہ' آملہ کھمز ہر ایک دو تولہ' مقل ایک تولہ' شہد خالص سہ چند۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو خوب باریک کر کے شہد میں ملا کر معجون تیار کر لیجئے۔

**ترکیب استعمال:** پانچ ماشہ دن میں تین مرتبہ ہمراہ شیر نیم گرم دیجئے۔

**فائدہ:** بواسیر کو نابود کرنے میں نہایت مفید دوا ہے۔

## 1169- دوائے پائلز

**عنایت:** جناب حکیم سید وکیل احمد صاحب حیدرآباد دکن (ہند)

**ھوالشافی:** آب مولی' آب شیشم' آب نیم برابر وزن' رسونت برابر رب۔

**ترکیب تیاری:** تمام پانیوں کو آگ پر رکھ کر رب تیار کر لیجئے اور برابر وزن رسونت ڈال کر نخودی حبوب بنا کر سنبھال کر رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** دو گولی صبح و شام ہمراہ آب تازہ استعمال کیجئے۔

**فائدہ:** بواسیر کو جڑ سے ختم کر دیتا ہے نہایت جید الاثر تیر بہدف نسخہ ہے۔

www.pdfbooksfree.pk

## 1170- دوائے بواسیر

**عنایت:** رئیس الاطباء جناب حکیم ... صاحب ...

**ھوالشافی:** آملہ، ہلیلہ، مقل، مغز ... ہم وزن۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو خوب باریک کر کے پانی کی مدد سے گولیاں بقدر نخود بنا کر استعمال کریں۔

**ترکیب استعمال:** ایک سے دو حب دن میں تین وقت ہمراہ شیر گاؤ نیم گرم دیجئے۔

**فائدہ:** جملہ اقسام بواسیر میں از حد مجرب و مفید ہے۔

## 1171- اکسیر بواسیر

**عنایت:** جناب حکیم چوہدری ... صاحب مرید شریف (جہلم)۔

**ھوالشافی:** مغز کرنجوہ پانچ تولہ، شہد خالص حسب ضرورت۔

**ترکیب تیاری:** مغز کو باریک کر کے شہد میں ملا کر معجون تیار فرما کر احتیاط سے محفوظ رکھیں۔

**ترکیب استعمال:** پانچ ماشہ دن میں تین مرتبہ ہمراہ شیر گاؤ نیم گرم دیجئے۔

**فائدہ:** انشاء اللہ عزوجل چند دنوں کے اندر اندر مسے مرجھا کر ختم ہو جائیں گے بواسیر کو ختم ہو جائے گا مجرب المجرب ہے۔

## 1172- حب بواسیر

**عنایت:** جناب حکیم رحمت اللہ صاحب ... کوٹ ... (جہلم)۔

**ھوالشافی:** گیرو، مقل، مغز ... آب ... بقدر مناسب۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو خوب کھرل کر کے آب ... کی مدد سے گولیاں حب ... کر لیجئے اور محفوظ رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** ایک ایک گولی دن میں تین مرتبہ ہمراہ شیر گاؤ دیجئے۔

**فائدہ:** بواسیری خون بند کرنے کے لئے نہایت عجیب الاثر مخصوص دوا ہے متعدد مرتبہ تجربہ کیا گیا۔



# بھگندر / نواسیر

# (Fistula)

**تعریف مرض:**

ناسور کی جمع نواسیر ہے اور ناسور سے مراد پرانا زخم ہے جو مقعد کے ... میں ... آ جاتا ہے اور ... بالکل ... ہو جاتا ہے یہ زخم مقعد میں ہو جاتا ہے۔

**اسباب:**

عرصہ دراز تک قبض میں مبتلا رہنا مرغن چیزوں کا کثرت استعمال، کسی تیز دوا کے ... مسلسل ... اپنی خباثت کی وجہ سے آنتوں کے آخری حصہ میں عام طور پر زخم ہو جاتے ہیں اور درست علاج نہ ہونے پر ناسور میں تبدیل ہو کر تکلیف کا باعث بنتے ہیں۔ اقسام:

عام طور سے اس کی تین اقسام ہیں:

(1) آر پار ناسور

(2) صرف باہر تک ہی ہو اندر تک نہ گیا ہو۔

(3) اندر کی جانب منہ ہو اور باہر نہ ہو۔

تیسری قسم کا ناسور سب سے خطرناک ترین ہوتا ہے۔

**تشخیص:**

ناسور میں سلائی ڈال کر اور دوسری طرف مقعد میں انگلی ڈال کر دیکھیں اگر سلائی انگلی کو محسوس ہوتی ہو تو آر پار ہے ورنہ نہیں۔ اگر ناسور ایک طرف کھلتا ہے تو ڈاکٹری اصطلاح میں سائنس کہتے ہیں۔

**علامات:**

شدید درد ہوتا ہے پانی بہتا ہے اگر اس کا اثر آنتوں تک ہو تو پاخانہ بلا ارادہ خارج ہو جاتا ہے۔ اگر آر پار ہو تو پاخانہ اسی راستے سے بھی آ جاتا ہے دن بہ دن مرض بڑھتا ہے۔

**علاج:**

درج ذیل مجربات میں سے منتخب فرما کر علاج کریں۔

www.pdfbooksfree.pk

## 1173- تریاق فسچولا

**عنایت:** رفیق الاطباء رئیس الحکماء جناب حکیم علامہ محمد فاروق عطاری باب المدینہ کراچی۔

**ھوالشافی:** زاج ابیض' سنگجراحت ہرایک پانچ تولہ' سندھور چھ ماشہ' سپیدی دو عدد' مازو دو عدد' عقرقرحا چھ ماشہ' جائفل دو ماشہ' تخم بھجن برابر وزن۔

**ترکیب تیاری:** پہلے راج کو باریک کرکے ایک تہہ لگا دیجئے پھر اوپر سنگ جراحت کی تہہ لگا دیجئے اوپر سپاری باریک کرکے ڈال دیجئے نیچے آگ روشن کیجئے جب جب راج پھٹکڑی پھول جائے تو باقی ماندہ ادویات ملا کر خوب باریک کھرل کیجئے اور تمام ادویات کے برابر تخم بھجن بوٹی باریک کرکے ملا کر سنبھال کر رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** ایک ماشہ صبح وشام ہمراہ مکھن یا ملائی دیجئے۔

**فائدہ:** انشاء اللہ عزوجل بیس دنوں کے اندر اندر کہنہ سے کہنہ ناسور بھی بھر جائے گا نہایت مفید و مجرب نسخہ ہے قدر کیجئے اور دعائے مدینہ سے نوازیئے۔

## 1174- روغن انمول

**عنایت:** جناب حکیم فیصل خان (مرحوم) صاحب گڑھا ٹہل سنگھ وہاڑی۔

**ھوالشافی:** کافور ایک تولہ' کاربالک ایسڈ دو تولہ۔

**ترکیب تیاری:** دونوں کو ملا کر ذرا دھوپ میں رکھیں البتہ شیشی کانچ میں ڈال کر منہ مضبوط بند کرکے دھوپ میں رکھئے روغن بن جائے گا سنبھال لیجئے۔

**ترکیب استعمال:** پہلے نیم کے جوشاندے سے زخم اچھی طرح دھو لیجئے بعدہ ایک فتیلہ روغن میں تر کرکے ناسور میں رکھ دیجئے۔

**فائدہ:** چند یوم کے استعمال سے انشاء اللہ عزوجل زخم مندمل ہو جائے گا ناسور نابود ہو جائے گا۔

## 1175- مرہم بھگندر

**عنایت:** جناب حکیم محمد سعید انور صاحب مدینۃ الاولیاء ملتان شریف۔

**ھوالشافی:** مردار سنگ' ہلدی' گلنار' دم الاخوائن' پھٹکڑی سفید' سرمہ سیاہ' بارہ سنگھا سوختہ' موم سفید ہرایک ایک تولہ' روغن زیتون دس تولہ۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو باریک پیس کر روغن زیتون کو آگ پر گرم کرکے موم کو اس میں پگھلا کر باقی ادویات شامل کرکے خوب گھوٹیں یہاں تک کہ مرہم بن جائے سنبھال کر محفوظ رکھیں۔

**ترکیب استعمال:** مقام ماؤف کو نیم کے جوشاندہ سے دھو کر مرہم کو ویزلین کی مانند لگا دیا

www.pdfbooksfree.pk



**فائدہ:** بھگندر کو نہایت ہی مفید ہے چند دنوں میں کلی شفا مل جاتی ہے۔

## 1176- اکسیر نواسیر

**عنایت:** جناب حکیم کلیم اللہ حیرت صاحب برہان پوری یو پی (ہند)

**ھوالشافی:** رال سفید دو تولہ' سفیدہ کاشغری چار ماشہ' موم سفید چار تولہ' روغن کنجد پانچ تولہ' کیلا چھ ماشہ' سندھور چار ماشہ' مردار سنگ چھ ماشہ' سرکہ پانچ تولہ۔

**ترکیب تیاری:** روغن کنجد کو گرم کرکے اس میں موم کو پگھلائیے اور ساتھ ہی رال ڈال کر ملائیے پھر دیگر ادویات کو خوب باریک کرکے ڈال دیجئے اور تھوڑی دیر ہلکی آنچ دے کر اتار لیجئے اور تھوڑا تھوڑا سرکہ ملا کر خوب گھوٹئے اور سنبھال کر رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** پہلے ناسور کو برگ نیم کے جوشاندے سے دھو دیجئے پھر یہ مرہم لگایئے۔

**فائدہ:** ہر قسم کے ناسور کے لئے خواہ کتنی ہی جگہ پر ہو' نہایت مفید ہے۔

## 1177- روغن بھگندر

**عنایت:** جناب حکیم محمد لطیف صاحب نوشہرہ شاہ پور۔

**ھوالشافی:** گندھک آملہ سار' سیماب ہرایک ایک تولہ' قلمی شورہ تین ماشہ' کوئلہ پتھر چمکدار دو تولہ' روغن تارپین خالص' روغن سرشف ہرایک پانچ تولہ۔

**ترکیب تیاری:** پہلے تمام ادویات کو مثل غبار بنا لیجئے پھر روغنیات میں ملا کر سنبھال کر رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** ایک بتی بنا کر اسے روغنیات سے لتھڑ کر ناسور میں رکھئے۔

**فائدہ:** ہر قسم کے ناسور میں نہایت ہی مفید الاثر دوا ہے آہستہ آہستہ زخم بھر جاتا ہے۔

## 1178- اکسیری مرہم

**عنایت:** جناب حکیم رحمت اللہ صاحب ٹنڈو جان محمد تھرپارکر باب الاسلام سندھ۔

**ھوالشافی:** بارود دیسی ایک تولہ' روغن کنجد دو تولہ۔

**ترکیب تیاری:** روغن کو کڑاہی میں ڈال کر گرم کیجئے اس میں بارود ملا کر خوب حل کیجئے جب مرہم کی مانند ہو جائے سنبھال کر رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** ایک کپڑے کی بتی بنا کر مرہم لگا کر اسے ناسور میں رکھئے۔

**فائدہ:** بدگوشت کا قلع قمع ہو کر زخم مندمل ہو جاتا ہے ناسور کا خاتمہ ہو جاتا ہے۔

## 1179- مرہم آسان

**عنایت:** جناب حکیم محمد ابراہیم صاحب بگہ جالندھر (ہند)۔

**ہوالشافی:** مردہ سنگ، پھٹکری شگفتہ، سہاگہ، تیلیہ شگفتہ، رسکپور ہر ایک دو تولہ، کافور تین تولہ، شنگرف تین تولہ۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو خوب باریک کر کے مثل غبار بنا لیجئے مکھن چند مرتبہ کا دھویا ہوا میں ملا کر مرہم بنا لیجئے اور سنبھال کر رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** روزانہ نیم کے پتوں کے جوشاندہ سے زخم دھو کر مرہم لگایا کیجئے۔

**فائدہ:** ناسور کو ہمیشہ کے لئے ختم کر دیتی ہے متعدد مرتبہ کا آزمودہ ہے۔

## 1180- مرہم عیسیٰ

**عنایت:** جناب حکیم محمد عیسیٰ صاحب گورہٹہ پٹنہ (ہند)۔

**ہوالشافی:** روغن گاؤ خالص ایک پاؤ، موم خالص ایک پاؤ، مردہ سنگ دو تولہ، طوطیا سبز آٹھ ماشہ۔

**ترکیب تیاری:** پہلے روغن کو پگھلایئے اور موم بھی داخل کیجئے پھر دیگر ادویات ڈال کر آگ سے اُتار لیجئے اور سنبھال کر رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** روزانہ بقدر ضرورت پتلا پتلا لیپ کر دیجئے۔

**فائدہ:** بھگندر، دنبل ہر قسم کے ناسور زخم وغیرہ کے لئے نہایت ہی مفید دوا ہے۔



باب 24:

# متفرق نسخہ جات

## زہر افیون کے لئے

افیون کے زہر کو ختم کرنے والے نسخہ جات درج ذیل ہیں:

## 1181- تریاق افیون

**عنایت:** جناب حکیم میر ثامن علی خان صاحب نیساں حیدر آباد دکن (ہند)۔

**ہوالشافی:** ہلدی چھ ماشہ، پانی نیم گرم ایک گلاس۔

**ترکیب تیاری:** ہلدی کو باریک پیس کر پانی میں اچھی طرح حل کر لیجئے۔

**ترکیب استعمال:** پندرہ پندرہ منٹ بعد تین تین گھونٹ میں تقسیم کر کے سارا گلاس پلا دیجئے۔

**فائدہ:** معدہ میں پہنچتے ہی زہر افیون کو دور کر دیتی ہے فوراً آرام آ جاتا ہے سکون مل جاتا ہے۔

## مارگزیدہ کے لئے

## 1182- خدائی تیر

**عنایت:** جناب حکیم و ڈاکٹر کانشی رام صاحب حویلی موہنگر گڑھ مہاراجہ جھنگ۔

**ہوالشافی:** ٹنکچر سٹیل ولایتی اعلیٰ درجہ۔

**ترکیب تیاری:** اسے اصلی حالت میں محفوظ رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** پھاہہ پر لگا کر زخم کو تر کر دیجئے نیز دس بوند ہمراہ پانی دن میں دو مرتبہ پلاتے رہئے۔

**فائدہ:** باؤلے اور غیر بولے کتے کے کاٹنے میں نہایت جید الاثر دوا ہے نہایت آسان اور مفید ہے جلدی تیار ہو جاتی ہے جادو اثر اثرات کی حامل ہے۔

www.pdfbooksfree.pk

## 1183- جانباز

**عنایت:** جناب حکیم محمد عبدالسلام صاحب اسلام نگر بدایوں (ہند)۔

**ھوالشافی:** بیضہ طاؤس ایک عدد، فلفل سیاہ ایک تولہ۔

**ترکیب تیاری:** بیضہ کا ایک سرا توڑ کر اس میں فلفل سیاہ بھر دیجئے اور ٹوٹا حصہ جوڑ کر اوپر موم لگایئے اور ایک سال کے لئے محفوظ جگہ پر رکھ دیجئے پھر سال بعد سارے کو خوب باریک مثل غبار کر لیجئے اور سنبھال کر رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** ایک رتی دوا ناک کے ذریعے نفوح کیجئے۔

**فائدہ:** تمام زہر خارج ہوجائے گا اور مارگزیدہ بفضل خدا تندرست ہوجائے گا۔

## 1184- اکسیر جادو

**عنایت:** جناب حکیم محمد اقبال صاحب گگو منڈی بورے والا وہاڑی۔

**ھوالشافی:** نوشادر ٹھکری پانچ تولہ، چونا دو کلو۔

**ترکیب تیاری:** نوشادر کو چونا کے درمیان رکھ کر بیس کلو لکڑی کی آگ دیجئے سرد ہونے پر نوشادر نکال کر رات کو شبنم میں چینی کی پیالی میں رکھئے روغن بن جائے گا سنبھال لیجئے اسکا رنگ زرد ہوگا۔

**ترکیب استعمال:** کسی بھی چیز کے کاٹے پر لگا دیجئے سانپ کے کاٹے پر پچھنے لگا کر ہر پندرہ منٹ بعد روئی سے لگایئے۔

**فائدہ:** سانپ کا کاٹا ایک گھنٹہ میں صحت یاب ہوجائے گا ہر قسم کے زہر دار جانور بھڑ، بچھو، باؤلہ کتا وغیرہ کے کاٹے کے لئے جادو اثر دوا ہے۔

# زخموں کے لئے

## 1185- مرہم شفا

**عنایت:** زبدۃ الحکماء جناب حکیم اللہ بخش صاحب قلعہ گوجر سنگھ مرکز الاولیاء لاہور۔

**ھوالشافی:** سندھور تین ماشہ، سہاگہ چوکیہ تین ماشہ، موم ولایتی ایک تولہ، مازو سبز دو عدد، روغن کنجد اڑھائی تولہ۔

**ترکیب تیاری:** روغن کنجد کو خوب گرم کر کے مازو ڈال دیجئے سرخ ہونے پر تیل کے اندر ہی پیس دیجئے اور دیگر ادویات ڈال کر مرہم ڈبیہ میں بند کر دیجئے۔

www.pdfbooksfree.pk



**ترکیب استعمال:** مرہم نیم گرم کپڑے پر لگا کر زخموں پر پٹی باندھ دیجئے۔

**فائدہ:** ہر قسم کے زخم مثلاً کلہاڑی، ٹوکا، گنڈاسا، تلوار، خنجر، چاقو کے لئے لاجواب دوا ہے آزمایئے اور دعائے مدینہ سے نوازیئے۔

## 1186- دوائے رحمت

**عنایت:** جناب حکیم مہتہ بندرابن صاحب پنڈ دادن خان جہلم۔

**ھوالشافی:** کتھہ سفید، کافور خالص، مازو سبز، پھٹکڑی شگفتہ برابر وزن۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو خوب باریک کر لیجئے اور سنبھال کر رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** روزانہ برگ نیم سے زخموں کو دھو کر سفوف چھڑک لیجئے۔

**فائدہ:** قروح خبیثہ کو مندمل کرنے میں واقعی بے حد مجرب دوا ہے۔

## 1187- مرہم عطاری ✓

**عنایت:** جناب حکیم محمد ندیم عطاری صاحب سردار آباد (فیصل آباد)۔

**ھوالشافی:** پھٹکڑی سفید چھ ماشہ، کتھہ سفید دو ماشہ، رال سفید دو تولہ، نیلا تھوتھا چھ ماشہ، روغن کنجد دو تولہ، آب خالص دو تولہ۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویات کو باریک کر کے روغن اور پانی میں ڈال کر خوب گھوٹئے تاکہ مرہم بن جائے اور سنبھال کر رکھئے۔

**ترکیب استعمال:** بوقت ضرورت کپڑے پر لگا کر زخموں پر لگایئے۔

**فائدہ:** ہر قسم کے زخموں کے لئے میزائل بہدف مرہم ہے۔

# مساوی اوزان کی ترکیب

## حصہ اوّل

| | | |
|---|---|---|
| 15 ملی گرام | = | ایک چاول |
| 125 ملی گرام | = | 1 رتی |
| 250 ملی گرام | = | 2 رتی |
| 1 گرام | = | 1 ماشہ یا 8 رتی |
| 12 گرام | = | 1 تولہ |
| 25 گرام | = | 2 تولہ |

## حصہ دوم

| | | |
|---|---|---|
| 12 ملی لیٹر | = | 1 تولہ (دو چائے کے چمچ) |
| 25 ملی لیٹر | = | 2 تولہ (دو بڑے چمچ) |
| 60 ملی لیٹر | = | 5 تولہ (چائے کا آدھا کپ) |
| 180 ملی لیٹر | = | 15 تولہ (چائے کا ½1 کپ) |
| 250 ملی لیٹر | = | 20 تولہ (چائے کے دو کپ) |
| 550 ملی لیٹر | = | 40 تولہ (چائے کے چار کپ) |
| 1000 ملی لیٹر | = | 80 تولہ (چائے کے آٹھ کپ) |



## حصہ سوم

بڑے (15 سال سے بڑے) مکمل ایک خوراک لیجئے

بچوں کو ان کی عمر کے مطابق دوا کی خوراک دیجئے...... مثلاً:

| | | |
|---|---|---|
| ایک سال تک بڑوں کی خوراک کا | = | 1/8 حصہ |
| دو سال تک بڑوں کی خوراک کا | = | 1/6 حصہ |
| 4 سال تک بڑوں کی خوراک کا | = | 1/4 حصہ |
| 6 سال تک بڑوں کی خوراک کا | = | 1/3 حصہ |
| 9 سال تک بڑوں کی خوراک کا | = | 1/2 حصہ |
| 12 سال تک بڑوں کی خوراک کا | = | 3/4 حصہ |

www.pdfbooksfree.pk

# علاج بالغذا کے منظوم مدنی پھول

جہاں تک کام چلتا ہو غذا سے — وہاں تک چاہئے بچنا دوا سے
اگر تجھ کو لگے جاڑوں میں سردی — تو استعمال کر انڈے کی زردی
جو ہو محسوس معدے میں گرانی — تو چکھ لے سونف یا ادرک کا پانی
اگر خون کم بنے بلغم زیادہ — تو کھا گاجر، چنے، شلغم زیادہ
جو بدہضمی میں تو چاہے افاقہ — تو کر لے ایک یا دو وقت فاقہ
جو پیچش ہے تو بچ اس طرح کس لے — ملا کر دودھ میں لیموں کا رس لے
جگر کے بل پہ ہے انسان جیتا — اگر ضعف جگر ہے کھا پپیتا
جگر میں ہو اگر گرمی دہی کھا — اگر آنتوں میں خشکی ہے تو گھی کھا
تھکن سے ہوں اگر عضلات ڈھیلے — تو فوراً دودھ گرما گرم پی لے
جو طاقت میں کمی ہوتی ہے محسوس — تو پھر ملتانی مصری کی ڈلی چوس
زیادہ گر دماغی ہے تیرا کام — تو کھایا کر ملا کر شہد بادام
اگر ہو دل کی کمزوری کا احساس — مربہ آملہ کھا اور انناس
جو دکھتا ہے گلا نزلے کے مارے — تو کر نمکین پانی سے غرارے
اگر ہے درد سے دانتوں کے بے کل — تو انگلی سے مسوڑوں پر نمک مل
شفا چاہئے اگر کھانسی سے جلدی — تو پی لے دودھ میں تھوڑی سی ہلدی
جو کانوں میں اگر تکلیف ہووے — تو سرسوں تیل پھاہے سے نچوڑے
جو ٹائیفائیڈ سے چاہے رہائی — بدل پانی کے گنا چوس بھائی
ذیابیطس اگر تجھ کو جو مارے — تو جامن تازہ کھا اور لے نظارے
جو چشتی، نقشبندی، قادری ہے — تو حنفی، شافعی اور مالکی ہے
تو آ جا سنتوں کے اجتماع میں — ہو نفع دین و دنیا کی متاع میں



ہو تیرے دل پہ غم کی یلغار — تو مدنی قافلوں میں کر سفر یار
دل فکر دنیا سے پریشاں — تو کر یاد خدا سے دل کو شاداں
آفت کوئی آ جائے تجھ پر — تو دل سے یا رسول اللہ ﷺ کہا کر
پاک تو ہر دم پڑھا کر — سبھی امراض کی اس سے دوا کر
آل و اصحاب نبی سے — دل آباد کر مت ڈر کسی سے

PAKISTAN VIRTUAL LIBRARY
www.pdfbooksfree.pk
www.pdfbooksfree.pk

# یورک ایسڈ کا پانی سے علاج

ایک دن رات میں 40 گلاس پانی پی لیجئے۔ بے شک پانی گلے تک آ جائے اور پیٹ خوب بھر جائے، گھبرائیں نہیں پانی جلد ہی پیشاب کے ذریعے خارج ہو جائے گا اور ان شاء اللہ عزوجل ایک ہی دن میں فائدہ ہو جائے گا۔

مثلاً یورک ایسڈ کی نارمل رینج 3 تا 7 ہو اور آپ کا بڑھ کر 8 تک پہنچ جائے تو پورے ایک دن رات میں 40 گلاس پانی پینے سے ان شاء اللہ عزوجل 7 ہو جائے گا۔

مزید ایک یا دو دن تک پئیں گے تو یومیہ "1" کے حساب سے ان شاء اللہ عزوجل کمی آتی جائے گی۔

زیادہ پانی پینے سے عارضی طور پر پیشاب زیادہ آئے گا۔ اس سے معدے، آنتوں اور گردے، مثانے وغیرہ کی خوب صفائی ہو جائے گی اور ان شاء اللہ عزوجل ضمناً کئی فاسد مادے خارج ہو جائیں گے۔

پانی کے علاج والے دن کھانا وغیرہ کھانے میں کوئی حرج نہیں مگر یہ طبی اُصول یاد رکھئے کہ کھانے کے فوراً بعد پانی پینے سے بدن پھولتا (یعنی موٹاپا) آتا ہے لہٰذا کھانے کے ایک یا دو گھنٹے کے بعد پانی پینا چاہیے۔



# فہرست امراض و نسخے


| نمبر شمار | نسخے (حروف تہجی کی ترتیب سے) | نسخہ نمبر | صفحہ |
|---|---|---|---|
| 1 | آتشکی درد | [illegible] | 317 |
| 2 | آتشکی | [illegible] | 190 |
| 3 | آتشک | — | 286 |
| 4 | آنتوں کے امراض | — | 310 |
| 5 | آواز کا بیٹھ جانا | — | [illegible] |
| 6 | آتشہ مطب | [illegible] | 501 |
| 7 | امراض چشم | — | [illegible] |
| 8 | اٹھرا | — | [illegible] |
| 9 | اچھارس | [illegible] | [illegible] |
| 10 | احتباس حیض | — | [illegible] |
| 11 | احتلامی | [illegible] | [illegible] |
| 12 | احتلام | — | 408 |
| 13 | اختناق الرحم / ہسٹریا / بائو گولا | — | 309 |
| 14 | اخلاط کی حالتیں | — | [illegible] |
| 15 | ازراقی پلر (101) | [illegible] | |
| 16 | استسقاء | — | [illegible] |
| 17 | اسرار استسقاء | [illegible] | [illegible] |
| 18 | اسراری | [illegible] | [illegible] |
| 19 | اسقاط حمل / اٹھرا | — | [illegible] |
| 20 | اسہال (دست) | — | [illegible] |
| 21 | اسہالی پوروڈر | [illegible] | [illegible] |
| 22 | اسہالی | [illegible] | [illegible] |
| 23 | اسہالی | [illegible] | [illegible] |


www.pdfbooksfree.pk

| | | | |
|---|---|---|---|
| -24 | اشتہائی | (1121) | 473 |
| -25 | اطریفل دماغون | (665) | 285 |
| -26 | اطریفل ملین | (622) | 266 |
| -27 | اعصابی | (889) | 388 |
| -28 | افزائش قوت باہ | (103) | 53 |
| -29 | اکسیر اٹھرا | (746) | 323 |
| -30 | اکسیر احتلام | (952) | 409 |
| -31 | اکسیر اختلاج | (500) | 215 |
| -32 | اکسیر اختناق | (711) | 311 |
| -33 | اکسیر استحاضہ | (732) | 319 |
| -34 | اکسیر استحاضہ | (738) | 321 |
| -35 | اکسیر استرخاء | (640) | 276 |
| -36 | اکسیر استسقاء | (219) | 99 |
| -37 | اکسیر استسقاء | (208) | 95 |
| -38 | اکسیر اسہال | (69) | 42 |
| -39 | اکسیر اطفال | (132) | 66 |
| -40 | اکسیر اطفال | (156) | 72 |
| -41 | اکسیر اعظم | (194) | 89 |
| -42 | اکسیر اعظم | (269) | 120 |
| -43 | اکسیر اعظم | (353) | 154 |
| -44 | اکسیر اعظم | (371) | 162 |
| -45 | اکسیر اعلیٰ ترین | (1034) | 440 |
| -46 | اکسیر اعلیٰ | (104) | 54 |
| -47 | اکسیر اعلیٰ | (691) | 300 |
| -48 | اکسیر اعلیٰ | (749) | 325 |
| -49 | اکسیر اعلیٰ | (977) | 419 |
| -50 | اکسیر اکل | (947) | 406 |

| | | | |
|---|---|---|---|
| | [illegible] | (280) | 124 |
| -51 | اکسیر الذہب | (629) | 270 |
| -52 | اکسیر النساء | (724) | 316 |
| -53 | اکسیر ام الصبیان | (143) | 69 |
| -54 | اکسیر ام الصبیان | (150) | 71 |
| -55 | اکسیر اوتاد | (463) | 202 |
| -56 | اکسیر بابا | (991) | 424 |
| -57 | اکسیر باہ | (1038) | 441 |
| -58 | اکسیر باہ | (597) | 256 |
| -59 | اکسیر باہ | (975) | 418 |
| -60 | اکسیر باہ | (978) | 419 |
| -61 | اکسیر بخار | (317) | 142 |
| -62 | اکسیر بخار | (318) | 142 |
| -63 | اکسیر بخار | (335) | 147 |
| -64 | اکسیر بخار | (351) | 153 |
| -65 | اکسیر برص | (458) | 200 |
| -66 | اکسیر بلغمی دمہ | (539) | 232 |
| -67 | اکسیر بواسیر | (1147) | 488 |
| -68 | اکسیر بواسیر | (1154) | 490 |
| -69 | اکسیر بواسیر | (1171) | 496 |
| -70 | اکسیر بیاض | (25) | 22 |
| -71 | اکسیر بے خطا | (442) | 194 |
| -72 | اکسیر پتھرین | (789) | 346 |
| -73 | اکسیر پتھری | (778) | 343 |
| -74 | اکسیر پرسوت | (750) | 325 |
| -75 | اکسیر پھلبہری | (456) | 200 |
| -76 | اکسیر پھلبہری | (457) | 200 |


www.pdfbooksfree.pk

| | | | |
|---|---|---|---|
| -78 | اکسیر پھانز | (1143) | 490 |
| -79 | اکسیر پتھری | (868) | 378 |
| -80 | اکسیر تپ محرقہ | (362) | 157 |
| -81 | اکسیر تپ | (347) | 150 |
| -82 | اکسیر تھکن | (944) | 405 |
| -83 | اکسیر تالم | (895) | 390 |
| -84 | اکسیر تلبی | (911) | 395 |
| -85 | اکسیر جادو | (1184) | 502 |
| -86 | اکسیر جالا و پھولا | (27) | 23 |
| -87 | اکسیر جان | (688) | 299 |
| -88 | اکسیر جذام | (418) | 182 |
| -89 | اکسیر جریان | (871) | 383 |
| -90 | اکسیر جریان | (917) | 396 |
| -91 | اکسیر جریان | (922) | 398 |
| -92 | اکسیر جریان | (930) | 400 |
| -93 | اکسیر جریان | (939) | 403 |
| -94 | اکسیر جریان | (941) | 404 |
| -95 | اکسیر جگر | (192) | 88 |
| -96 | اکسیر جمال | (1032) | 439 |
| -97 | اکسیر جوانی | (1055) | 447 |
| -98 | اکسیر چشم | (28) | 23 |
| -99 | اکسیر چشم | (6) | 17 |
| -100 | اکسیر چھارو | (157) | 73 |
| -101 | اکسیر حابس الدم | (856) | 373 |
| -102 | اکسیر حبس البول | (857) | 374 |
| -103 | اکسیر حمل | (681) | 294 |
| -104 | اکسیر حمیٰ | (325) | 144 |







| | | |
|---|---|---|
| -105 | اکسیر حیض | (929) |
| -106 | اکسیر خارش | (888) |
| -107 | اکسیر خاص | (408) |
| -108 | اکسیر [illegible] | (409) |
| -109 | اکسیر خشک | (783) |
| -110 | اکسیر خشکی [illegible] | (889) |
| -111 | اکسیر خفقان بارد | (882) |
| -112 | اکسیر خفقان حار | (881) |
| -113 | اکسیر خفقان | (886) |
| -114 | اکسیر خفقان | (889) |
| -115 | اکسیر خنازیر | (298) |
| -116 | اکسیر خنازیر | (402) |
| -117 | اکسیر خنازیر | (415) |
| -118 | اکسیر خناق | (288) |
| -119 | اکسیر داد | (281) |
| -120 | اکسیر داد | (285) |
| -121 | اکسیر دانت | (474) |
| -122 | اکسیر درد شکم | (695) |
| -123 | اکسیر درد گردہ | (765) |
| -124 | اکسیر درد گردہ | (770) |
| -125 | اکسیر دردسر مستقل | (618) |
| -126 | اکسیر دردسر | (615) |
| -127 | اکسیر دردسر | (619) |
| -128 | اکسیر درد شقیقہ | (613) |
| -129 | اکسیر دق | (300) |
| -130 | اکسیر دماغی | (600) |
| -131 | اکسیر دندان | (472) |



www.pdfbooksfree.pk

| | | | |
|---|---|---|---|
| 132- | اکسیر دندان | (476) | 207 |
| 133- | اکسیر دندان | (485) | 209 |
| 134- | اکسیر ڈبہ اطفال | (166) | 75 |
| 135- | اکسیر ڈبہ | (145) | 69 |
| 136- | اکسیر ڈبہ | (148) | 70 |
| 137- | اکسیر ڈبہ | (160) | 74 |
| 138- | اکسیر ذات الجنب | (279) | 124 |
| 139- | اکسیر ذات الجنب | (573) | 245 |
| 140- | اکسیر ذکاوت حس | (961) | 413 |
| 141- | اکسیر ذکاوت حس | (962) | 413 |
| 142- | اکسیر ذیابیطس | (807) | 355 |
| 143- | اکسیر رحمت | (355) | 155 |
| 144- | اکسیر ریگ | (779) | 343 |
| 145- | اکسیر سعال | (550) | 237 |
| 146- | اکسیر سعال | (553) | 237 |
| 147- | اکسیر سلسل البول | (851) | 371 |
| 148- | اکسیر سل | (585) | 250 |
| 149- | اکسیر سندر | (274) | 121 |
| 150- | اکسیر سنگرہنی | (86) | 48 |
| 151- | اکسیر سنگ | (780) | 343 |
| 152- | اکسیر سنگ | (783) | 344 |
| 153- | اکسیر سنگ | (786) | 345 |
| 154- | اکسیر سنیاسی | (1021) | 435 |
| 155- | اکسیر سوالقینہ | (220) | 100 |
| 156- | اکسیر سوزاک | (812) | 358 |
| 157- | اکسیر سوزاک | (817) | 360 |
| 158- | اکسیر سوزاک | (821) | 361 |


www.pdfbooksfree.pk




| | | | |
|---|---|---|---|
| 159- | اکسیر سوزاک | (833) | 365 |
| 160- | اکسیر سوزاک | (835) | 365 |
| 161- | اکسیر سیلان الرحم | (704) | 307 |
| 162- | اکسیر سیلانی | (706) | 308 |
| 163- | اکسیر شفائی | (1109) | 469 |
| 164- | اکسیر شفاء | (549) | 236 |
| 165- | اکسیر شفا | (648) | 279 |
| 166- | اکسیر شکم | (1114) | 471 |
| 167- | اکسیر شوگر | (800) | 353 |
| 168- | اکسیر شوگر | (803) | 354 |
| 169- | اکسیر شہیقہ | (560) | 240 |
| 170- | اکسیر شیخ | (1141) | 484 |
| 171- | اکسیر صحت | (1115) | 471 |
| 172- | اکسیر ضیق النفس | (520) | 225 |
| 173- | اکسیر طاعون | (410) | 179 |
| 174- | اکسیر طحال | (666) | 288 |
| 175- | اکسیر طحال | (670) | 289 |
| 176- | اکسیر طحال | (677) | 291 |
| 177- | اکسیر طمشی | (741) | 322 |
| 178- | اکسیر طمث | (734) | 320 |
| 179- | اکسیر عسر طمث | (719) | 315 |
| 180- | اکسیر عسر ولادت | (693) | 302 |
| 181- | اکسیر فالج | (639) | 275 |
| 182- | اکسیر فالج | (647) | 278 |
| 183- | اکسیر فیض | (1116) | 472 |
| 184- | اکسیر فیور | (322) | 143 |
| 185- | اکسیر قلاع | (515) | 222 |

| | | | |
|---|---|---|---|
| -186 | اکسیر فلارا | (547) | 222 |
| -187 | اکسیر قوت باہ | (844) | 278 |
| -188 | اکسیر قولنج | (121) | 60 |
| -189 | اکسیر قے | (1129) | 478 |
| -190 | اکسیر کار انگل | (284) | 115 |
| -191 | اکسیر کامیاب | (98) | 51 |
| -192 | اکسیر کبد | (1049) | 450 |
| -193 | اکسیر کثرت حیض | (779) | 318 |
| -194 | اکسیر کرشمہ | (294) | 131 |
| -195 | اکسیر کرمانی | (53) | 34 |
| -196 | اکسیر کرم | (1124) | 480 |
| -197 | اکسیر گگرا | (49) | 32 |
| -198 | اکسیر گردہ | (769) | 335 |
| -199 | اکسیر گنٹھیا | (244) | 119 |
| -200 | اکسیر گوشت خورہ | (473) | 284 |
| -201 | اکسیر لاجواب | (727) | 317 |
| -202 | اکسیر لاجواب | (742) | 324 |
| -203 | اکسیر لازم | (976) | 419 |
| -204 | اکسیر لرزہ | (302) | 137 |
| -205 | اکسیر لرزہ | (361) | 157 |
| -206 | اکسیر لقوہ | (643) | 277 |
| -207 | اکسیر لقوہ | (645) | 278 |
| -208 | اکسیر لیکوریا | (692) | 305 |
| -209 | اکسیر لیکوریا | (797) | 308 |
| -210 | اکسیر ماخورہ | (481) | 288 |
| -211 | اکسیر مالیخولیا | (630) | 271 |
| -212 | اکسیر مالیخولیا | (633) | 272 |
| -213 | اکسیر مالیخولیا | (635) | 271 |
| -214 | اکسیر مانع حمل | (751) | 330 |
| -215 | اکسیر [illegible] | (866) | 338 |
| -216 | اکسیر [illegible] | (798) | 351 |
| -217 | اکسیر [illegible] | (715) | 313 |
| -218 | اکسیر [illegible] | (1050) | 445 |
| -219 | اکسیر [illegible] | (389) | 160 |
| -220 | اکسیر [illegible] | (696) | 303 |
| -221 | اکسیر [illegible] | (767) | 337 |
| -222 | اکسیر مروارید | (1108) | 468 |
| -223 | اکسیر مروارید | (1120) | 473 |
| -224 | اکسیر مروارید | (1139) | 480 |
| -225 | اکسیر مسکن حمل | (680) | 294 |
| -226 | اکسیر مفتاح | (923) | 398 |
| -227 | اکسیر مفتاح | (963) | 405 |
| -228 | اکسیر مفرح | (903) | 387 |
| -229 | اکسیر مقوم | (850) | 370 |
| -230 | اکسیر مقوی معدہ | (799) | 351 |
| -231 | اکسیر مقوی و ممسک | (967) | 422 |
| -232 | اکسیر مقوی | (696) | 283 |
| -233 | اکسیر مقوی | (796) | 349 |
| -234 | اکسیر مقوی | (963) | 414 |
| -235 | اکسیر ملیریا | (520) | 163 |
| -236 | اکسیر ملیریا | (515) | 161 |
| -237 | اکسیر منقی دماغ | (509) | 154 |
| -238 | اکسیر ناسور | (277) | 123 |
| -239 | اکسیر نایاب | (440) | 193 |



www.pdfbooksfree.pk

| | | | |
|---|---|---|---|
| -240 | اکسیر نزلہ | (652) | 281 |
| -241 | اکسیر نزلہ | (658) | 283 |
| -242 | اکسیر نزلہ | (661) | 284 |
| -243 | اکسیر نزول الماء | (37) | 27 |
| -244 | اکسیر نسیان | (610) | 262 |
| -245 | اکسیر نفاس | (745) | 323 |
| -246 | اکسیر نمونیا | (567) | 243 |
| -247 | اکسیر نمونیا | (571) | 244 |
| -248 | اکسیر نواسیر | (1176) | 499 |
| -249 | اکسیر نوزو | (858) | 376 |
| -250 | اکسیر ہچکی | (1124) | 475 |
| -251 | اکسیر ہسٹریا | (709) | 310 |
| -252 | اکسیر ہیضہ | (1138) | 482 |
| -253 | اکسیر یرقان | (207) | 95 |
| -254 | اکسیر یرقان | (221) | 101 |
| -255 | اکسیر آتشک | (427) | 189 |
| -256 | اکسیر آتشک | (430) | 190 |
| -257 | اکسیر آتشک | (434) | 191 |
| -258 | اکسیر آتشک | (439) | 193 |
| -259 | اکسیر جالا و پھولا | (16) | 20 |
| -260 | اکسیر صداع | (620) | 266 |
| -261 | اکسیری بام | (239) | 108 |
| -262 | اکسیری تریاق درد | (281) | 124 |
| -263 | اکسیری جلاب | (128) | 62 |
| -264 | اکسیری دوا | (292) | 130 |
| -265 | اکسیری دوا | (91) | 49 |
| -266 | اکسیری روغن | (198) | 90 |
| -267 | اکسیری روغن | (36) | 27 |
| -268 | اکسیری روغن | (522) | 226 |
| -269 | اکسیری مرہم | (1178) | 499 |
| -270 | اکسیری منجن | (486) | 210 |
| -271 | امراض پشت کے نسخے | — | 125 |
| -272 | امرت دھارا | (623) | 267 |
| -273 | امرت گوش | (759) | 331 |
| -274 | امرتی | (1018) | 434 |
| -275 | امساکولین | (964) | 415 |
| -276 | امساکولین | (985) | 421 |
| -277 | امساکی | (973) | 418 |
| -278 | امسک | (971) | 417 |
| -279 | امنگ | (684) | 295 |
| -280 | ایٹمی طلاء | (1087) | 459 |
| -281 | بادی بواسیر | — | 486 |
| -282 | بال گرنا بند | (176) | 80 |
| -283 | بالوں کے امراض | — | 79 |
| -284 | باہراد | (1030) | 438 |
| -285 | بانجھ پن | — | 292 |
| -286 | بثور رحم | — | 324 |
| -287 | بچوں کے امراض | — | 65 |
| -288 | بخارون | (316) | 142 |
| -289 | بخارین | (314) | 141 |
| -290 | بدہضمی / ڈس پیپسیا | — | 469 |
| -291 | برائے اسہال دموی | (64) | 41 |
| -292 | برائے پیچش | (89) | 49 |
| -293 | برائے دردسر | (621) | 266 |


www.pdfbooksfree.pk

| | | | |
|---|---|---|---|
| -294 | برائے یرقان اصفر | (225) | 102 |
| -295 | برسٹنگ آئل | (189) | 86 |
| -296 | برشعشا | (75) | 44 |
| -297 | برص | — | 198 |
| -298 | برین ویل | (607) | 260 |
| -299 | بلڈ کیئر | (860) | 376 |
| -300 | بم بم بواسیر | (1155) | 490 |
| -301 | بنسلوچن پلز | (327) | 145 |
| -302 | بنوں ٹوتھ پوڈر | (477) | 207 |
| -303 | بواسیر خونی | — | 493 |
| -304 | بواسیری کشتہ | (1165) | 494 |
| -305 | بواسیر | — | 486 |
| -306 | بول الدم/ خونی پیشاب | — | 372 |
| -307 | بھگندر/ نواسیر | — | 497 |
| -308 | بی گان | (1150) | 489 |
| -309 | بی نل | (1145) | 487 |
| -310 | بی آف | (1149) | 488 |
| -311 | بیاض چشم | (24) | 22 |
| -312 | پاسبان شربت | (505) | 218 |
| -313 | پائیورین | (468) | 205 |
| -314 | پتھری توڑ | (782) | 344 |
| -315 | پچکاری چشم | (12) | 19 |
| -316 | پرسوت | — | 325 |
| -317 | پرویو | (223) | 102 |
| -318 | پڑیائے جادو | (730) | 319 |
| -319 | پستانوں کا ڈھیلا ہونا | — | 85 |
| -320 | پستانوں کے امراض | — | 82 |
| -321 | | | 83 |
| -322 | پوڈرا اکسیری | (234) | 107 |
| -323 | پھٹی | (407) | 178 |
| -324 | پھنسی، پھوڑا، برن، بائل، ایب سس | — | 176 |
| -325 | پھولا گو | (30) | 24 |
| -326 | پھولائل | (22) | 22 |
| -327 | پیپ کان/ بہرہ پن/ ورم کان/ زخم کان | — | 330 |
| -328 | پیٹ کے کیڑے | — | 60 |
| -329 | پیچش | — | 45 |
| -330 | پین بام | (624) | 267 |
| -331 | پین گاؤن | (769) | 338 |
| -332 | پین آف | (257) | 115 |
| -333 | پین آف | (470) | 205 |
| -334 | پینس | — | 378 |
| -335 | تپ دق | — | 159 |
| -336 | تحفہ احمد شاہی | (532) | 229 |
| -337 | تحفہ نایاب | (705) | 308 |
| -338 | تحفہ | (694) | 302 |
| -339 | تریاق اختناق الرحم | (714) | 312 |
| -340 | تریاق استسقاء طبلی | (213) | 97 |
| -341 | تریاق استسقاء لحمی | (214) | 97 |
| -342 | تریاق استسقاء | (209) | 96 |
| -343 | تریاق اسقاط | (687) | 298 |
| -344 | تریاق اسنان | (482) | 208 |
| -345 | تریاق اطفال | (134) | 66 |
| -346 | تریاق اطفال | (142) | 69 |
| -347 | تریاق اعلیٰ | (367) | 160 |

www.pdfbooksfree.pk

| | | | |
|---|---|---|---|
| 348- | تریاق افیون | (1181) | 501 |
| 349- | تریاق اسہال | (251) | 113 |
| 350- | تریاق الم | (566) | 242 |
| 351- | تریاق الم | (92) | 49 |
| 352- | تریاق [illegible] | (29) | 24 |
| 353- | تریاق اسہال | (286) | 126 |
| 354- | تریاق باہ | (595) | 256 |
| 355- | تریاق بخار | (308) | 139 |
| 356- | تریاق بخار | (343) | 150 |
| 357- | تریاق برص | (460) | 201 |
| 358- | تریاق بواسیر | (1151) | 489 |
| 359- | تریاق بواسیر | (1161) | 492 |
| 360- | تریاق پتھری | (787) | 346 |
| 361- | تریاق پھوڑا | (17) | 20 |
| 362- | تریاق چھالا | (18) | 20 |
| 363- | تریاق جذام | (419) | 183 |
| 364- | تریاق جریان | (873) | 383 |
| 365- | تریاق جریان | (894) | 390 |
| 366- | تریاق جریان | (937) | 403 |
| 367- | تریاق جنڈس | (229) | 104 |
| 368- | تریاق چھارو | (162) | 74 |
| 369- | تریاق خارش | (398) | 174 |
| 370- | تریاق خنازیر | (413) | 181 |
| 371- | تریاق درد گردہ | (772) | 339 |
| 372- | تریاق درد | (273) | 121 |
| 373- | تریاق دق الاطفال | (152) | 71 |
| 374- | تریاق دق | (377) | 164 |


www.pdfbooksfree.pk




| | | | |
|---|---|---|---|
| 375- | تریاق دیدان | (123) | 61 |
| 376- | تریاق سرعت | (982) | 420 |
| 377- | تریاق سل | (583) | 250 |
| 378- | تریاق سنگرہنی | (67) | 42 |
| 379- | تریاق سنگرہنی | (97) | 51 |
| 380- | تریاق سوداوی | (382) | 167 |
| 381- | تریاق سوزاک | (814) | 359 |
| 382- | تریاق سوزاک | (815) | 359 |
| 383- | تریاق سوزاک | (834) | 365 |
| 384- | تریاق شقیقہ | (627) | 269 |
| 385- | تریاق شوگر | (810) | 356 |
| 386- | تریاق صداع | (614) | 264 |
| 387- | تریاق ضیق النفس | (524) | 227 |
| 388- | تریاق طحال | (674) | 290 |
| 389- | تریاق طحال | (676) | 291 |
| 390- | تریاق فالج | (650) | 279 |
| 391- | تریاق فیچولا | (1173) | 498 |
| 392- | تریاق کبد | (202) | 92 |
| 393- | تریاق کثرت حیض | (733) | 320 |
| 394- | تریاق ککرا | (50) | 32 |
| 395- | تریاق ککرہ | (45) | 31 |
| 396- | تریاق کھانسی | (536) | 231 |
| 397- | تریاق کیرا | (662) | 284 |
| 398- | تریاق گردہ پتھری | (790) | 347 |
| 399- | تریاق گردہ | (776) | 340 |
| 400- | تریاق گوشت خورہ | (475) | 207 |
| 401- | تریاق لیکوریا | (700) | 306 |

| | | | |
|---|---|---|---|
| -402 | تریاق لیور | (195) | 89 |
| -403 | تریاق ماخورہ | (487) | 210 |
| -404 | تریاق سپارکی | (365) | 158 |
| -405 | تریاق مرگی | (637) | 274 |
| -406 | تریاق معدہ | (1111) | 470 |
| -407 | تریاق معدہ | (1123) | 474 |
| -408 | تریاق مقوی باہ | (1047) | 444 |
| -409 | تریاق ملیریا | (331) | 146 |
| -410 | تریاق نقرس | (276) | 123 |
| -411 | تریاق نسو نیا | (569) | 244 |
| -412 | تریاق نسو نیا | (576) | 246 |
| -413 | تریاق وجع الفؤاد | (1127) | 480 |
| -414 | تریاق وجع المفاصل | (258) | 113 |
| -415 | تریاق ہچکی | (1127) | 476 |
| -416 | تریاق ہیضہ | (1140) | 483 |
| -417 | تریاقی آنکھ | (420) | [illegible] |
| -418 | تریاقی والی | (4) | [illegible] |
| -419 | تسکینی ایڈاپ | (7) | [illegible] |
| -420 | [illegible] | — | [illegible] |
| -421 | تقویت اعظم | [illegible] | [illegible] |
| -422 | [illegible] | [illegible] | [illegible] |
| -423 | [illegible] | [illegible] | [illegible] |
| -424 | [illegible] | [illegible] | [illegible] |
| -425 | [illegible] | [illegible] | [illegible] |
| -426 | [illegible] | [illegible] | [illegible] |
| -427 | [illegible] | [illegible] | [illegible] |
| -428 | [illegible] | [illegible] | [illegible] |





| | | | |
|---|---|---|---|
| [illegible] | جامع النسخ | (852) | 371 |
| [illegible] | چاچا | (1183) | 502 |
| [illegible] | چڑھائی | (422) | 184 |
| [illegible] | جراثیم اور پھپھوند دار بخار کی حقیقت | — | [illegible] |
| [illegible] | جوبن | [illegible] | [illegible] |
| [illegible] | [illegible] | [illegible] | [illegible] |
| [illegible] | [illegible] | [illegible] | [illegible] |
| [illegible] | [illegible] | [illegible] | [illegible] |
| [illegible] | [illegible] | [illegible] | [illegible] |
| [illegible] | [illegible] | [illegible] | [illegible] |
| [illegible] | [illegible] | (869) | [illegible] |
| [illegible] | [illegible] | — | [illegible] |
| [illegible] | [illegible] | [illegible] | [illegible] |
| [illegible] | [illegible] | [illegible] | [illegible] |
| [illegible] | [illegible] | [illegible] | [illegible] |
| [illegible] | [illegible] | [illegible] | [illegible] |
| [illegible] | [illegible] | [illegible] | [illegible] |
| [illegible] | [illegible] | (868) | [illegible] |
| [illegible] | [illegible] | (876) | [illegible] |
| [illegible] | [illegible] | (870) | [illegible] |
| [illegible] | [illegible] | (913) | [illegible] |
| [illegible] | [illegible] | — | [illegible] |
| [illegible] | [illegible] | [illegible] | [illegible] |
| [illegible] | [illegible] | [illegible] | [illegible] |
| [illegible] | [illegible] | [illegible] | [illegible] |
| [illegible] | [illegible] | — | [illegible] |
| [illegible] | [illegible] | [illegible] | [illegible] |


www.pdfbooksfree.pk

| | | | |
|---|---|---|---|
| -456 | جوارش مراقیہ | (110) | 56 |
| -457 | جوان آئیل | (1022) | 435 |
| -458 | جوانی مستانی | (1056) | 447 |
| -459 | جوڑوں کے امراض | — | 106 |
| -460 | جوشاندہ حیض کشا | (718) | 314 |
| -461 | جوشاندہ دمہ | (527) | 228 |
| -462 | جوشاندہ دمہ | (546) | 234 |
| -463 | جوشاندہ قلت | (781) | 344 |
| -464 | جوشاندہ مرگی | (636) | 273 |
| -465 | جوشاندہ مسقط | (753) | 327 |
| -466 | جوہر قادری | (429) | 189 |
| -467 | جوہر لقمانی | (777) | 340 |
| -468 | جوہر آتشک | (433) | 191 |
| -469 | جوہر اعظم | (390) | 170 |
| -470 | چائلڈ کیئر | (139) | 68 |
| -471 | چاؤ بھاؤ | (1031) | 439 |
| -472 | چنبل | — | 184 |
| -473 | چند نسخہ جات | — | 378 |
| -474 | چھپاکی | — | 173 |
| -475 | حب احتلام | (958) | 411 |
| -476 | حب احمر | (1001) | 427 |
| -477 | حب احمر | (323) | 144 |
| -478 | حب ارسطو | (997) | 426 |
| -479 | حب ازراقی | (268) | 119 |
| -480 | حب ازراقی | (588) | 254 |
| -481 | حب استحاضہ | (742) | 322 |
| -482 | حب استسقاء | (210) | 96 |


www.pdfbooksfree.pk




| | | | |
|---|---|---|---|
| -483 | حب استقرار حمل | (690) | 299 |
| -484 | حب اسہال بند | (55) | 38 |
| -485 | حب اسہال | (65) | 41 |
| -486 | حب اطمینان | (775) | 340 |
| -487 | حب اعظم | (1000) | 427 |
| -488 | حب اعلیٰ | (87) | 48 |
| -489 | حب افزائش عقل | (602) | 258 |
| -490 | حب افلاطون | (989) | 423 |
| -491 | حب اکبر | (653) | 281 |
| -492 | حب اکسیری | (424) | 185 |
| -493 | حب الخاص | (925) | 399 |
| -494 | حب امرت | (1137) | 482 |
| -495 | حب امرت | (115) | 57 |
| -496 | حب امساکو | (979) | 420 |
| -497 | حب امساکی | (969) | 416 |
| -498 | حب اوجاع | (254) | 114 |
| -499 | حب اوجاع | (283) | 125 |
| -500 | حب اُم الصبیان | (169) | 76 |
| -501 | حب باہ | (1020) | 434 |
| -502 | حب باہ | (1023) | 435 |
| -503 | حب باہ | (974) | 418 |
| -504 | حب بخارون | (360) | 157 |
| -505 | حب بخار | (307) | 139 |
| -506 | حب بختاور | (238) | 108 |
| -507 | حب برص | (454) | 199 |
| -508 | حب برص | (455) | 199 |
| -509 | حب بلادر | (376) | 163 |

| | | | |
|---|---|---|---|
| -510 | حب بواسیر خونی | (1164) | 494 |
| -511 | حب بواسیر | (1148) | 488 |
| -512 | حب بواسیر | (1153) | 489 |
| -513 | حب بواسیر | (1158) | 491 |
| -514 | حب بواسیر | (1172) | 496 |
| -515 | حب پسند | (1027) | 437 |
| -516 | حب پیچش | (161) | 74 |
| -517 | حب پیچش | (76) | 45 |
| -518 | حب پیچش | (78) | 46 |
| -519 | حب پیچش | (94) | 50 |
| -520 | حب تپ جدید | (309) | 139 |
| -521 | حب تپ | (324) | 144 |
| -522 | حب تپ | (326) | 145 |
| -523 | حب تپ | (359) | 156 |
| -524 | حب جانبر | (304) | 138 |
| -525 | حب جدید | (126) | 62 |
| -526 | حب جریانو | (927) | 399 |
| -527 | حب جریان | (932) | 401 |
| -528 | حب جمالی | (999) | 426 |
| -529 | حب جواہر | (492) | 213 |
| -530 | حب جوش | (1009) | 430 |
| -531 | حب جوگی | (510) | 219 |
| -532 | حب جیم | (965) | 415 |
| -533 | حب حابس | (54) | 37 |
| -534 | حب حابس | (68) | 42 |
| -535 | حب حمیٰ | (301) | 137 |
| -536 | حب حیضی | (736) | 320 |

www.pdfbooksfree.pk



| | | | |
|---|---|---|---|
| -537 | حب خاص | (1005) | 428 |
| -538 | حب خاص: | (1037) | 441 |
| -539 | حب خاص | (1166) | 494 |
| -540 | حب خاص | (525) | 227 |
| -541 | حب خاندانی | (107) | 55 |
| -542 | حب خراسانی پلز | (354) | 154 |
| -543 | حب خفقان | (498) | 215 |
| -544 | حب دائمی قبض | (113) | 57 |
| -545 | حب دائمی نزلہ | (655) | 282 |
| -546 | حب درد | (248) | 112 |
| -547 | حب درد | (260) | 116 |
| -548 | حب دق الاطفال | (147) | 70 |
| -549 | حب دق | (368) | 161 |
| -550 | حب دماغون | (587) | 283 |
| -551 | حب دمہ | (519) | 225 |
| -552 | حب دمہ | (526) | 227 |
| -553 | حب دمہ | (538) | 231 |
| -554 | حب ڈبہ | (140) | 68 |
| -555 | حب ڈبہ | (151) | 71 |
| -556 | حب ذات الریہ | (575) | 246 |
| -557 | حب رحمت | (891) | 389 |
| -558 | حب رحمت | (959) | 411 |
| -559 | حب رنگون | (1029) | 438 |
| -560 | حب ریزش | (654) | 282 |
| -561 | حب زعفرانی | (1033) | 440 |
| -562 | حب زندگی | (926) | 399 |
| -563 | حب سازو | (826) | 362 |

| | | | |
|---|---|---|---|
| -564 | حب سحر اثر | (578) | 247 |
| -565 | حب سرخبادہ | (173) | 77 |
| -566 | حب سرخ | (262) | 117 |
| -567 | حب سرخ | (649) | 279 |
| -568 | حب سرعتی | (966) | 415 |
| -569 | حب سرعت | (968) | 416 |
| -570 | حب سرفہ | (551) | 237 |
| -571 | حب سرنجاں | (265) | 118 |
| -572 | حب سعال | (548) | 236 |
| -573 | حب سعال | (552) | 237 |
| -574 | حب سمش | (1011) | 430 |
| -575 | حب سوزو | (825) | 362 |
| -576 | حب سونوخس | (346) | 151 |
| -577 | حب سہانجنہ | (282) | 125 |
| -578 | حب سین | (702) | 307 |
| -579 | حب شافی | (119) | 59 |
| -580 | حب شافی | (296) | 133 |
| -581 | حب شالی | (848) | 370 |
| -582 | حب شباب | (867) | 381 |
| -583 | حب شفائی | (914) | 396 |
| -584 | حب شفاء | (340) | 149 |
| -585 | حب شفاء | (547) | 236 |
| -586 | حب شفیق | (59) | 39 |
| -587 | حب شکم | (1127) | 477 |
| -588 | حب شکم | (1136) | 482 |
| -589 | حب شنگرفی | (1024) | 436 |
| -590 | حب شنگرف | (437) | 192 |


www.pdfbooksfree.pk




| | | | |
|---|---|---|---|
| -591 | حب شوگران | (801) | 353 |
| -592 | حب شوگر | (808) | 355 |
| -593 | حب شہنشاہی | (242) | 110 |
| -594 | حب شیخ | (992) | 424 |
| -595 | حب صافی | (174) | 78 |
| -596 | حب صفراوی تپ | (332) | 146 |
| -597 | حب ضیق النفس | (528) | 228 |
| -598 | حب طاعون | (409) | 179 |
| -599 | حب طاغونی | (990) | 423 |
| -600 | حب طحال | (669) | 289 |
| -601 | حب عزیز | (1112) | 470 |
| -602 | حب عزیز | (830) | 364 |
| -603 | حب عش عش | (1014) | 431 |
| -604 | حب عشرت | (967) | 416 |
| -605 | حب عنبر مومیائی | (1040) | 442 |
| -606 | حب عنبر خاص | (872) | 383 |
| -607 | حب عنبرین | (949) | 407 |
| -608 | حب عافث | (352) | 153 |
| -609 | حب فالج | (641) | 276 |
| -610 | حب فیروز | (58) | 39 |
| -611 | حب کافوری | (255) | 114 |
| -612 | حب کامل | (1026) | 437 |
| -613 | حب کامیاب | (596) | 256 |
| -614 | حب کرشمہ | (1159) | 491 |
| -615 | حب کرشمہ | (542) | 233 |
| -616 | حب کرم کش | (122) | 61 |
| -617 | حب کمال | (993) | 424 |

| | | | |
|---|---|---|---|
| -618 | حب کندن | (948) | 407 |
| -619 | حب گردہ | (761) | 335 |
| -620 | حب گنٹھیا | (243) | 110 |
| -621 | حب لاثانی | (108) | 55 |
| -622 | حب لازم | (556) | 238 |
| -623 | حب لعل طفل | (149) | 70 |
| -624 | حب مالک | (1167) | 495 |
| -625 | حب مثانہ | (853) | 371 |
| -626 | حب مدر حیض | (725) | 316 |
| -627 | حب مدرون | (721) | 315 |
| -628 | حب مرکب | (646) | 278 |
| -629 | حب مرگی | (144) | 69 |
| -630 | حب مشکی | (904) | 393 |
| -631 | حب مصفا | (383) | 167 |
| -632 | حب مفاصلی | (237) | 108 |
| -633 | حب مفاصل | (259) | 116 |
| -634 | حب مقوی | (931) | 401 |
| -635 | حب ملین | (109) | 55 |
| -636 | حب ملین | (114) | 57 |
| -637 | حب ممسک عنبری | (984) | 421 |
| -638 | حب ممسک | (1004) | 428 |
| -639 | حب ممسک | (898) | 391 |
| -640 | حب ممسک | (980) | 420 |
| -641 | حب ممسک | (996) | 425 |
| -642 | حب موتی | (170) | 76 |
| -643 | حب مومیائی | (598) | 257 |
| -644 | حب مومیائی | (660) | 284 |

| | | | |
|---|---|---|---|
| | حب میلان | (950) | 407 |
| -646 | حب نایاب | (358) | 156 |
| -647 | حب نجات | (349) | 152 |
| -648 | حب نزلہ | (657) | 283 |
| -649 | حب وجع المفاصل | (258) | 115 |
| -650 | حب ورم | (205) | 93 |
| -651 | حب ہاضم | (1119) | 473 |
| -652 | حب ہسٹریا | (712) | 311 |
| -653 | حب ہیضہ | (1142) | 484 |
| -654 | حب یحیٰنی | (246) | 111 |
| -655 | حب آتشک | (256) | 115 |
| -656 | حب آتشک | (444) | 195 |
| -657 | حب آتشک | (451) | 197 |
| -658 | حب آرام | (236) | 107 |
| -659 | حب آرام | (445) | 195 |
| -660 | حب آرسینکی | (420) | 183 |
| -661 | حب آرن | (668) | 288 |
| -662 | حرقت البول نسواں | — | 325 |
| -663 | حرقت البول | — | 374 |
| -664 | حلق کے امراض | — | 127 |
| -665 | حمیات اخلاط و یوم | — | 136 |
| -666 | حمیات | — | 135 |
| -667 | حیات رس | (215) | 97 |
| -668 | خارش رحم | — | 324 |
| -669 | خارش | — | 173 |
| -670 | خاصی | (953) | 409 |
| -671 | خدائی تیر | (1182) | 501 |


www.pdfbooksfree.pk

| | | | |
|---|---|---|---|
| -672 | خضاب اسود | (179) | 81 |
| -673 | خضاب جوان | (178) | 80 |
| -674 | خضاب صدیقی | (180) | 81 |
| -675 | خمیرہ گاؤزبان عنبری | (489) | 212 |
| -676 | خنازیر/کنٹھ مالا/بجیراں | — | 180 |
| -677 | خناق | — | 127 |
| -678 | خون بند | (564) | 242 |
| -679 | خیساندہ خاص | (855) | 373 |
| -680 | دادو منجن | (488) | 210 |
| -681 | داد | — | 166 |
| -682 | دافع استسقاء زقی | (212) | 97 |
| -683 | دافع اسقاط | (689) | 299 |
| -684 | دافع بواسیر | (1162) | 492 |
| -685 | دافع درد گردہ | (771) | 339 |
| -686 | دافع سنگرہنی | (99) | 52 |
| -687 | دافع سوزاک | (837) | 366 |
| -688 | دافع قولنج | (120) | 59 |
| -689 | دافع قے | (1130) | 478 |
| -690 | دافع کثرت الدم | (728) | 318 |
| -691 | دافع کیڑے ناک | (866) | 379 |
| -692 | دافع نقرس | (275) | 122 |
| -693 | دافع ہیضہ | (1139) | 483 |
| -694 | دانتوں اور مسوڑھوں کی امراض | — | 203 |
| -695 | درد دانت | — | 203 |
| -696 | درد سر (صداع) | — | 263 |
| -697 | درد فم معدہ | — | 480 |
| -698 | درد کان (وجع الاذن) | — | 329 |
| -699 | درد گردہ ریحی | — | 334 |
| -700 | درد معدہ | — | 468 |
| -701 | درد آئل | (261) | 116 |
| -702 | درد گردہ | — | 334 |
| -703 | دتی کشتہ | (370) | 161 |
| -704 | دل کے امراض | — | 211 |
| -705 | دلیرون | (1015) | 432 |
| -706 | دماغی | (593) | 255 |
| -707 | دمہ | — | 224 |
| -708 | دوائی اولی | (545) | 234 |
| -709 | دوائے اپیکا | (557) | 239 |
| -710 | دوائے احسن | (699) | 306 |
| -711 | دوائے ازراقی | (847) | 370 |
| -712 | دوائے اسہال | (63) | 40 |
| -713 | دوائے اصلی | (228) | 103 |
| -714 | دوائے اعلیٰ | (33) | 25 |
| -715 | دوائے اعلیٰ | (396) | 172 |
| -716 | دوائے افلاطونی | (788) | 346 |
| -717 | دوائے العین | (32) | 25 |
| -718 | دوائے انتخاب | (74) | 44 |
| -719 | دوائے انمول | (521) | 226 |
| -720 | دوائے انمول | (81) | 47 |
| -721 | دوائے انمول | (933) | 401 |
| -722 | دوائے بال | (138) | 67 |
| -723 | دوائے بخار خاص | (334) | 147 |
| -724 | دوائے بواسیر | (1170) | 496 |
| -725 | دوائے بے نظیر | (449) | 196 |



www.pdfbooksfree.pk

| | | | |
|---|---|---|---|
| -726 | دوائے پائلز | (1169) | 495 |
| -727 | دوائے تپ | (333) | 147 |
| -728 | دوائے ثانی | (443) | 194 |
| -729 | دوائے ثانی | (543) | 233 |
| -730 | دوائے جادو | (883) | 386 |
| -731 | دوائے جدید | (319) | 142 |
| -732 | دوائے جریان | (885) | 387 |
| -733 | دوائے جریان | (918) | 397 |
| -734 | دوائے جگری | (232) | 105 |
| -735 | دوائے جناب عالی | (1049) | 445 |
| -736 | دوائے جید | (713) | 312 |
| -737 | دوائے خارش | (400) | 175 |
| -738 | دوائے خارش | (402) | 176 |
| -739 | دوائے خاص برائے پیچش | (84) | 47 |
| -740 | دوائے خاص برائے سوزاک | (839) | 366 |
| -741 | دوائے خاص | (249) | 112 |
| -742 | دوائے خاص | (462) | 201 |
| -743 | دوائے خاص | (511) | 220 |
| -744 | دوائے خنازیر | (414) | 181 |
| -745 | دوائے خونی بواسیر | (1163) | 493 |
| -746 | دوائے خیر | (495) | 214 |
| -747 | دوائے داد | (384) | 168 |
| -748 | دوائے درد | (580) | 248 |
| -749 | دوائے دق | (369) | 161 |
| -750 | دوائے دلبر | (902) | 392 |
| -751 | دوائے دندان | (483) | 209 |
| -752 | دوائے دورہ دمہ | (544) | 234 |

| | | | |
|---|---|---|---|
| | دوائے ذیابیطس | (806) | 355 |
| -753 | دوائے رحمت | (1186) | 503 |
| -754 | دوائے رحمت | (823) | 361 |
| -755 | دوائے ریڈ | (896) | 390 |
| -756 | دوائے سارسپریلا خاص | (397) | 172 |
| -757 | دوائے سازون | (840) | 367 |
| -758 | دوائے سرخ | (60) | 39 |
| -759 | دوائے سرعت انزال | (1012) | 431 |
| -760 | دوائے سعال | (167) | 75 |
| -761 | دوائے سعال | (554) | 238 |
| -762 | دوائے سکون | (827) | 363 |
| -763 | دوائے سل و دق | (374) | 163 |
| -764 | دوائے سل | (586) | 251 |
| -765 | دوائے سنیاسی | (1013) | 431 |
| -766 | دوائے سنیاسی | (846) | 369 |
| -767 | دوائے سوتک | (341) | 149 |
| -768 | دوائے سوزاکی | (844) | 368 |
| -769 | دوائے سوزاک | (818) | 360 |
| -770 | دوائے سوزاک | (828) | 363 |
| -771 | دوائے سوزن | (831) | 364 |
| -772 | دوائے سیاہ | (90) | 49 |
| -773 | دوائے سیلان الرحم | (708) | 309 |
| -774 | دوائے سیمابی | (117) | 58 |
| -775 | دوائے شفا | (272) | 121 |
| -776 | دوائے صافی | (392) | 171 |
| -777 | دوائے صفتی | (271) | 120 |
| -778 | دوائے صفراوی بخار | (364) | 158 |


www.pdfbooksfree.pk

| | | | |
|---|---|---|---|
| -780 | دوائے مندل | (836) | 366 |
| -781 | دوائے طحال | (667) | 288 |
| -782 | دوائے طحال | (672) | 290 |
| -783 | دوائے طمث | (740) | 322 |
| -784 | دوائے قبض | (112) | 56 |
| -785 | دوائے قلب | (491) | 212 |
| -786 | دوائے قوت باہ | (1062) | 450 |
| -787 | دوائے کافوری | (337) | 148 |
| -788 | دوائے کامل | (664) | 285 |
| -789 | دوائے کامیاب | (450) | 197 |
| -790 | دوائے کثیر الامراض | (342) | 150 |
| -791 | دوائے کشش | (1010) | 430 |
| -792 | دوائے ککرے | (47) | 31 |
| -793 | دوائے کندن | (884) | 387 |
| -794 | دوائے گردہ | (766) | 337 |
| -795 | دوائے لاثانی | (267) | 118 |
| -796 | دوائے لاثانی | (447) | 196 |
| -797 | دوائے لکنت | (514) | 221 |
| -798 | دوائے لیور | (320) | 143 |
| -799 | دوائے مانع حمل | (755) | 328 |
| -800 | دوائے مثانہ | (796) | 350 |
| -801 | دوائے مدنی | (339) | 149 |
| -802 | دوائے مفاصلی | (263) | 117 |
| -803 | دوائے مقوی | (611) | 262 |
| -804 | دوائے موتیا بند | (38) | 28 |
| -805 | دوائے نزلہ وزکام | (656) | 282 |
| -806 | دوائے نسواں | (735) | 320 |

| | | | |
|---|---|---|---|
| | دوائے نشاط | (972) | 417 |
| -807 | دوائے نعمت | (100) | 52 |
| -808 | دوائے نعمت | (726) | 317 |
| -809 | دوائے نعم | (163) | 74 |
| -810 | دوائے نکسیر | (859) | 376 |
| -811 | دوائے نکسیر | (863) | 377 |
| -812 | دوائے ہچکی | (1126) | 476 |
| -813 | دوائے ہسٹریا | (710) | 311 |
| -814 | دوائے ہند | (270) | 120 |
| -815 | دوائے یخت ور | (916) | 396 |
| -816 | دوائے آتشک | (435) | 191 |
| -817 | دوائے آتشک | (446) | 195 |
| -818 | دودھ کا جم جانا | — | 84 |
| -819 | دورہ دمہ | (537) | 231 |
| -820 | دورہ نل | (638) | 274 |
| -821 | ڈیابیٹیز نل | (804) | 354 |
| -822 | ذات الریہ/نمونیا | — | 243 |
| -823 | ذکاوت حس | — | 412 |
| -824 | ذیابیطس | — | 351 |
| -825 | راحت جان | (955) | 410 |
| -826 | راحت لوشن | (3) | 16 |
| -827 | راحت | (423) | 185 |
| -828 | راحت | (441) | 194 |
| -829 | رعانی | (861) | 377 |
| -830 | رفیق چشم | (23) | 22 |
| -831 | رفیق چشم | (5) | 17 |
| -832 | رکاوٹ | (752) | 326 |


www.pdfbooksfree.pk

| | | | |
|---|---|---|---|
| -834 | روشن اساکی | (1008) | 429 |
| -835 | روشنایا | (15) | 19 |
| -836 | روغن اعلیٰ | (1002) | 427 |
| -837 | روغن اکسیر دماغ | (609) | 262 |
| -838 | روغن انمول | (1174) | 498 |
| -839 | روغن باہ | (1045) | 444 |
| -840 | روغن برق | (644) | 277 |
| -841 | روغن بواسیر | (1156) | 490 |
| -842 | روغن بھگندر | (1177) | 499 |
| -843 | روغن پھلبہری | (459) | 200 |
| -844 | روغن جامن | (188) | 85 |
| -845 | روغن جمالی | (651) | 280 |
| -846 | روغن خنازیر | (411) | 180 |
| -847 | روغن رحمت | (478) | 207 |
| -848 | روغن زندگی | (820) | 361 |
| -849 | روغن سکندری | (1073) | 454 |
| -850 | روغن کجتال | (299) | 134 |
| -851 | روغن گنج | (175) | 79 |
| -852 | روغن گوش | (756) | 330 |
| -853 | روغن مالش | (233) | 106 |
| -854 | روغن مجلوق | (1051) | 446 |
| -855 | روغن مدینہ | (479) | 208 |
| -856 | روغن مقوی | (1035) | 440 |
| -857 | روغن نقرس | (278) | 123 |
| -858 | روغن نمونیا | (577) | 247 |
| -859 | روغن نوشادر | (673) | 290 |
| -860 | ریٹھا پلز | (774) | 339 |


www.pdfbooksfree.pk




| | | | |
|---|---|---|---|
| -861 | ریگ گردہ اور پتھری گردہ | — | 341 |
| -862 | رینل پین آف | (764) | 336 |
| -863 | زبان اور منہ کے امراض | — | 220 |
| -864 | زجیری ٹانک | (83) | 47 |
| -865 | زخموں کے لئے | — | 502 |
| -866 | زعفرانی پلز | (988) | 422 |
| -867 | زندہ پڑیا | (136) | 67 |
| -868 | زہر افیون کے لئے | — | 501 |
| -869 | سازولین | (843) | 368 |
| -870 | ساقط حمل | (754) | 327 |
| -871 | سپاری پاک | (697) | 305 |
| -872 | ستاور پلز | (942) | 404 |
| -873 | سٹڈ | (998) | 426 |
| -874 | سٹون کرش | (785) | 345 |
| -875 | سر کے امراض | — | 252 |
| -876 | سرعت انزال | — | 413 |
| -877 | سرمہ پھولا چشم | (31) | 24 |
| -878 | سرمہ پھولا | (19) | 20 |
| -879 | سرمہ شافی | (21) | 21 |
| -880 | سرمہ شفا | (9) | 18 |
| -881 | سرمہ منور العین | (20) | 21 |
| -882 | سرمہ موتیا بند | (35) | 27 |
| -883 | سرمہ ولیؒ | (34) | 25 |
| -884 | سرمہ یرقانی | (222) | 101 |
| -885 | سرمہ آشوب چشم | (1) | 15 |
| -886 | سروالی پلز | (929) | 400 |
| -887 | سعال طفل | (165) | 75 |

| | | | |
|---|---|---|---|
| -888 | سفوف احتلام | (960) | 412 |
| -889 | سفوف احمر | (200) | 91 |
| -890 | سفوف احمر | (685) | 207 |
| -891 | سفوف استحاضہ | (744) | 323 |
| -892 | سفوف امداد | (230) | 104 |
| -893 | سفوف اعظم | (946) | 406 |
| -894 | سفوف اعلیٰ | (824) | 362 |
| -895 | سفوف اکبر | (266) | 118 |
| -896 | سفوف اوجاع | (106) | 54 |
| -897 | سفوف بال | (135) | 66 |
| -898 | سفوف باہ | (1016) | 433 |
| -899 | سفوف بخشی | (133) | 66 |
| -900 | سفوف بے مثال | (70) | 43 |
| -901 | سفوف پتھری پھوڑی | (784) | 345 |
| -902 | سفوف پوشیدہ | (890) | 388 |
| -903 | سفوف جدید | (879) | 385 |
| -904 | سفوف جرن | (887) | 387 |
| -905 | سفوف جریان | (921) | 398 |
| -906 | سفوف حمیٰ | (300) | 137 |
| -907 | سفوف حیات | (240) | 109 |
| -908 | سفوف خدمت | (908) | 394 |
| -909 | سفوف دامن | (72) | 43 |
| -910 | سفوف درباری | (849) | 370 |
| -911 | سفوف درویشی | (80) | 46 |
| -912 | سفوف دماغی | (605) | 259 |
| -913 | سفوف رضوی | (88) | 48 |
| -914 | سفوف ریوندی | (199) | 91 |





| | | | |
|---|---|---|---|
| -915 | سفوف زحیر | (85) | 48 |
| -916 | سفوف زرد | (529) | 228 |
| -917 | سفوف سنگرہنی | (73) | 44 |
| -918 | سفوف سنگرہنی | (96) | 51 |
| -919 | سفوف سمن | (819) | 360 |
| -920 | سفوف شافی | (62) | 40 |
| -921 | سفوف شفا | (1132) | 479 |
| -922 | سفوف شوگر | (802) | 353 |
| -923 | سفوف شوگر | (811) | 356 |
| -924 | سفوف صحت | (1053) | 446 |
| -925 | سفوف عبیدی | (512) | 221 |
| -926 | سفوف قبض | (102) | 53 |
| -927 | سفوف قلاع | (516) | 222 |
| -928 | سفوف کرامت | (737) | 321 |
| -929 | سفوف کہربا | (562) | 241 |
| -930 | سفوف لاجواب | (56) | 38 |
| -931 | سفوف لعل شاہ | (945) | 406 |
| -932 | سفوف لیکوآف | (701) | 307 |
| -933 | سفوف محمود | (285) | 126 |
| -934 | سفوف مدار | (574-A) | 246 |
| -935 | سفوف مدرین | (720) | 315 |
| -936 | سفوف نرینہ | (692) | 300 |
| -937 | سفوف ہرڑ | (82) | 47 |
| -938 | سفوف ہمدرد | (57) | 39 |
| -939 | سفوف یرقان اسود | (224) | 102 |
| -940 | سفوف آرام | (842) | 367 |
| -941 | سکون | (956) | 410 |


www.pdfbooksfree.pk

| | | | |
|---|---|---|---|
| -942 | سلسل البول/ بے ارادہ پیشاب نکل جانا | — | 369 |
| -943 | سلطانی منجن | (465) | 204 |
| -944 | سل | — | 249 |
| -945 | سم الفاری | (1043) | 443 |
| -946 | سنگ گردہ | (791) | 347 |
| -947 | سنگرہنی | (95) | 50 |
| -948 | سنون سکون بخش | (484) | 209 |
| -949 | سنون قریشی | (467) | 204 |
| -950 | سنیاسی جادو | (541) | 232 |
| -951 | سوالقنیہ | — | 100 |
| -952 | سوزاک آف | (822) | 361 |
| -953 | سوزاکولین | (841) | 367 |
| -954 | سوزاک | — | 357 |
| -955 | سوزک | (813) | 358 |
| -956 | سوی | (816) | 359 |
| -957 | سونگھنے کی قوت زائل ہونا | — | 378 |
| -958 | سہانجنہ پلو | (464) | 202 |
| -959 | سیلان الدم | (563) | 241 |
| -960 | سیلان الدم | (739) | 321 |
| -961 | سیلان الرحم | — | 303 |
| -962 | سیماب پلو | (874) | 384 |
| -963 | سیمابی | (533) | 230 |
| -964 | سینہ اور پھیپھڑوں کی امراض | — | 224 |
| -965 | شافی ڈراپر | (568) | 243 |
| -966 | شافی ڈراپ | (306) | 139 |
| -967 | شافی | (758) | 331 |
| -968 | شاہ تاج | (899) | 391 |
| -969 | شاہی خضاب | (177) | 80 |
| -970 | شب یمانی پلو | (829) | 363 |
| -971 | شربت اعلیٰ | (534) | 230 |
| -972 | شربت بادام | (506) | 218 |
| -973 | شربت پیچش | (79) | 46 |
| -974 | شربت دینار | (217) | 98 |
| -975 | شربت شافی | (1128) | 477 |
| -976 | شربت شفا | (632) | 271 |
| -977 | شربت صافی | (387) | 169 |
| -978 | شربت گل | (508) | 218 |
| -979 | شربت مدرحیض | (717) | 314 |
| -980 | شربت مدرحیض | (722) | 315 |
| -981 | شربت مسیحا | (141) | 68 |
| -982 | شربت مصفی | (391) | 170 |
| -983 | شربت مفرح | (504) | 217 |
| -984 | شربت مفرح | (507) | 218 |
| -985 | شربت ہیلیتھی | (172) | 77 |
| -986 | شفائی حقہ | (289) | 129 |
| -987 | شفائی غرغرہ | (293) | 130 |
| -988 | شفائی منجن | (480) | 208 |
| -989 | شفائی | (417) | 182 |
| -990 | شفائی | (642) | 277 |
| -991 | شفا | (579) | 247 |
| -992 | شقیقہ وعصابہ | — | 268 |
| -993 | شمسی ٹوتھ پوڈر | (469) | 205 |
| -994 | شنگرف پلو | (252) | 113 |
| -995 | شورہ پلو | (838) | 366 |


www.pdfbooksfree.pk

| | | | |
|---|---|---|---|
| 996- | شہیقہ (کالی کھانسی) | — | 240 |
| 997- | صحت ہال | (146) | 70 |
| 998- | سستی | (350) | 153 |
| 999- | صدائی | (616) | 265 |
| 1000- | ضعف اعضاء رئیسہ | — | 466 |
| 1001- | ضعف امر | (40) | 28 |
| 1002- | ضعف دماغ | — | 283 |
| 1003- | ضعف سوئے ہضم | — | 469 |
| 1004- | ضعف قلب | — | 211 |
| 1005- | ضعف گردہ | — | 348 |
| 1006- | ضماد برص | (461) | 201 |
| 1007- | ضماد پیدائش لبن | (183) | 83 |
| 1008- | ضماد چنبل | (425) | 185 |
| 1009- | ضماد طحال | (671) | 289 |
| 1010- | ضماد قلت لبن | (181) | 82 |
| 1011- | ضماد مجلوق | (1091) | 460 |
| 1012- | ضماد مقوی | (1039) | 442 |
| 1013- | ضماد نکسیر | (862) | 377 |
| 1014- | طاعون پھایہ | (408) | 179 |
| 1015- | طاعون / اگنی روہنی / پلیگ | — | 178 |
| 1016- | طباشیر پلو | (373) | 162 |
| 1017- | طحال (تلی) | — | 287 |
| 1018- | طغرہ | — | 101 |
| 1019- | طغرہ | — | 102 |
| 1020- | طغرہ | — | 109 |
| 1021- | طغرہ | — | 128 |
| 1022- | طغرہ | — | 131 |

www.pdfbooksfree.pk



| | | | |
|---|---|---|---|
| 1023- | طغرہ | — | 216 |
| 1024- | طغرہ | — | 217 |
| 1025- | طغرہ | — | 267 |
| 1026- | طغرہ | — | 269 |
| 1027- | طغرہ | — | 330 |
| 1028- | طغرہ | — | 346 |
| 1029- | طغرہ | — | 379 |
| 1030- | طغرہ | — | 476 |
| 1031- | طغرے | — | 84 |
| 1032- | طغرے | — | 132 |
| 1033- | طغرے | — | 152 |
| 1034- | طغرے | — | 154 |
| 1035- | طغرے | — | 155 |
| 1036- | طغرے | — | 173 |
| 1037- | طغرے | — | 196 |
| 1038- | طغرے | — | 199 |
| 1039- | طغرے | — | 223 |
| 1040- | طغرے | — | 233 |
| 1041- | طغرے | — | 241 |
| 1042- | طغرے | — | 248 |
| 1043- | طغرے | — | 260 |
| 1044- | طغرے | — | 285 |
| 1045- | طغرے | — | 294 |
| 1046- | طغرے | — | 299 |
| 1047- | طغرے | — | 306 |
| 1048- | طغرے | — | 311 |
| 1049- | طغرے | — | 314 |

| | | | |
|---|---|---|---|
| -1050 | ملفرے | — | 319 |
| -1051 | ملفرے | — | 327 |
| -1052 | ملفرے | — | 335 |
| -1053 | ملفرے | — | 349 |
| -1054 | ملفرے | — | 378 |
| -1055 | ملفرے | — | 405 |
| -1056 | ملفرے | — | 411 |
| -1057 | ملفرے | — | 474 |
| -1058 | ملفرے | — | 485 |
| -1059 | ملفرے | — | 99 |
| -1060 | ملفلی تریاق | (137) | 67 |
| -1061 | طلا مجلوق | (1065) | 451 |
| -1062 | طلا نر | (1066) | 451 |
| -1063 | طلاء احسن | (1088) | 459 |
| -1064 | طلاء احمدیہ | (1069) | 452 |
| -1065 | طلاء احمر | (1086) | 458 |
| -1066 | طلاء اکبر | (1076) | 455 |
| -1067 | طلاء باہ | (1079) | 456 |
| -1068 | طلاء باہ | (1097) | 462 |
| -1069 | طلاء بٹالہ | (1078) | 455 |
| -1070 | طلاء بیش بہا | (1101) | 464 |
| -1071 | طلاء جادو | (1099) | 463 |
| -1072 | طلاء جوگی | (1068) | 452 |
| -1073 | طلاء چنبیلی | (186) | 84 |
| -1074 | طلاء خاص | (1070) | 453 |
| -1075 | طلاء خورد بین | (1061) | 449 |
| -1076 | طلاء درازکوش | (1090) | 460 |

www.pdfbooksfree.pk



| | | | |
|---|---|---|---|
| -1077 | طلاء رحمت | (1071) | 453 |
| -1078 | طلاء رئیس | (1084) | 458 |
| -1079 | طلاء شباب | (1082) | 457 |
| -1080 | طلاء طاقتور | (1095) | 461 |
| -1081 | طلاء طوفانی | (1100) | 463 |
| -1082 | طلاء عجیب | (1098) | 462 |
| -1083 | طلاء عرفانی | (1075) | 454 |
| -1084 | طلاء عشرت | (1081) | 456 |
| -1085 | طلاء کامیاب | (1089) | 459 |
| -1086 | طلاء کنی | (1074) | 454 |
| -1087 | طلاء کڑاکا | (1092) | 460 |
| -1088 | طلاء کمال | (1067) | 452 |
| -1089 | طلاء مجاوق | (1077) | 455 |
| -1090 | طلاء محبت | (1003) | 428 |
| -1091 | طلاء مسیحا | (1072) | 453 |
| -1092 | طلاء ملذذ | (1107) | 466 |
| -1093 | طلاء نامرد | (1094) | 461 |
| -1094 | طلاء نایاب | (1096) | 462 |
| -1095 | طلاء نواز شریف | (1085) | 458 |
| -1096 | طلاء نوبہار | (1083) | 457 |
| -1097 | طلائے بے نظیر | (1093) | 461 |
| -1098 | طلائے مجلوق | (1080) | 456 |
| -1099 | طلاء ہ | — | 451 |
| -1100 | عرق العین | (10) | 18 |
| -1101 | عرق چشم | (8) | 18 |
| -1102 | عرق حیات | (77) | 45 |
| -1103 | عرق شفا | (13) | 19 |

| | | | |
|---|---|---|---|
| 1104- | عرق کافوری | (66) | 41 |
| 1105- | عرق نکرا | (51) | 33 |
| 1106- | عرق کیمیا | (201) | 91 |
| 1107- | عرق کیمیا | (378) | 164 |
| 1108- | عرق لاجواب | (675) | 291 |
| 1109- | عرق ماء اللحم خاص | (1036) | 441 |
| 1110- | عرق مبارکی | (310) | 140 |
| 1111- | عرق مشکل کشا | (105) | 54 |
| 1112- | عرق آشوب چشم | (11) | 18 |
| 1113- | عسر ولادت | — | 301 |
| 1114- | عطاری حریرہ | (608) | 260 |
| 1115- | عظم الطحال | — | 287 |
| 1116- | علاج بالغذا کے منظوم مدنی پھول | — | 506 |
| 1117- | علاج عقر | (679) | 293 |
| 1118- | عورتوں کے امراض | — | 292 |
| 1119- | عینک توڑ | (41) | 29 |
| 1120- | غرغرہ | (513) | 221 |
| 1121- | غرغرہ گندہ دہنی | (518) | 222 |
| 1122- | فالج | — | 274 |
| 1123- | فرنگی طلاء | (995) | 425 |
| 1124- | قبھی | (111) | 56 |
| 1125- | قبض | — | 52 |
| 1126- | قرص کہربا | (561) | 240 |
| 1127- | قلت لبن | — | 83 |
| 1128- | قلندری پوڈر | (171) | 77 |
| 1129- | قوت باہ | (1042) | 443 |
| 1130- | قولنج | — | 58 |
| 1131- | قے / متلی / ابکائی | — | 476 |
| 1132- | کاجل الشفاء | (46) | 31 |
| 1133- | کاسر ریاح | (1131) | 479 |
| 1134- | کافور بلچ | (303) | 138 |
| 1135- | کامل واکمل | (1048) | 445 |
| 1136- | کامیاب دوا | (241) | 109 |
| 1137- | کان کے امراض | — | 329 |
| 1138- | کبوتر والا | (1057) | 448 |
| 1139- | کثرت طمث اور استحاضہ | — | 317 |
| 1140- | کثرت لبن | — | 82 |
| 1141- | کحل افلاطون | (44) | 30 |
| 1142- | کحل الشمس | (43) | 30 |
| 1143- | کحل چشتی | (39) | 28 |
| 1144- | کڈنی | (768) | 338 |
| 1145- | کڈون | (773) | 339 |
| 1146- | کرامتی سرمہ | (52) | 34 |
| 1147- | کرامت | (452) | 198 |
| 1148- | کرشماتی سرمہ | (330) | 146 |
| 1149- | کرم شکم | — | 480 |
| 1150- | کرنجوہ پلو | (356) | 155 |
| 1151- | کشتہ ابرک سفید | (344) | 150 |
| 1152- | کشتہ ابرک سیاہ | (345) | 151 |
| 1153- | کشتہ ابرک سیاہ | (379) | 164 |
| 1154- | کشتہ احمر | (338) | 148 |
| 1155- | کشتہ ازراقی | (247) | 111 |
| 1156- | کشتہ اسود | (375) | 163 |
| 1157- | کشتہ ایشت | (231) | 104 |


www.pdfbooksfree.pk

| | | | |
|---|---|---|---|
| -1158 | کشتہ بارہ سنگھا مرکب | (570) | 244 |
| -1159 | کشتہ بارہ سنگھا | (574) | 245 |
| -1160 | کشتہ بارہ سنگھا | (581) | 248 |
| -1161 | کشتہ بیضہ مرغ | (915) | 396 |
| -1162 | کشتہ تانبہ | (892) | 389 |
| -1163 | کشتہ چاندی | (203) | 92 |
| -1164 | کشتہ سم الفار | (1028) | 437 |
| -1165 | کشتہ سم الفار | (1060) | 449 |
| -1166 | کشتہ سم الفار | (438) | 192 |
| -1167 | کشتہ سنکھیا | (264) | 117 |
| -1168 | کشتہ سنکھیا | (394) | 171 |
| -1169 | کشتہ سنکھ | (363) | 157 |
| -1170 | کشتہ سنکھ | (910) | 395 |
| -1171 | کشتہ سنگجراح | (1157) | 491 |
| -1172 | کشتہ سنگجراح | (743) | 322 |
| -1173 | کشتہ سونا خالص | (1025) | 436 |
| -1174 | کشتہ سہ دھاتہ | (907) | 394 |
| -1175 | کشتہ شنگرفی مرکب | (245) | 111 |
| -1176 | کشتہ شنگرفی | (540) | 232 |
| -1177 | کشتہ شنگرف | (1046) | 444 |
| -1178 | کشتہ شنگرف | (1058) | 448 |
| -1179 | کشتہ شنگرف | (1118) | 472 |
| -1180 | کشتہ شنگرف | (253) | 114 |
| -1181 | کشتہ شنگرف | (572) | 245 |
| -1182 | کشتہ صدف مرواریدی | (530) | 229 |
| -1183 | کشتہ صدف | (329) | 146 |
| -1184 | کشتہ طلا پلو | (970) | 417 |

www.pdfbooksfree.pk



| | | | |
|---|---|---|---|
| -1185 | کشتہ طلاء | (372) | 162 |
| -1186 | کشتہ طوطیا | (436) | 192 |
| -1187 | کشتہ فولاد سیمابی | (71) | 43 |
| -1188 | کشتہ فولاد | (1064) | 450 |
| -1189 | کشتہ فولاد | (118) | 59 |
| -1190 | کشتہ قصیص | (535) | 230 |
| -1191 | کشتہ قلعی سیمابی | (703) | 307 |
| -1192 | کشتہ قلعی سیمابی | (928) | 400 |
| -1193 | کشتہ قلعی | (193) | 89 |
| -1194 | کشتہ قلعی | (227) | 103 |
| -1195 | کشتہ قلعی | (797) | 350 |
| -1196 | کشتہ قلعی | (903) | 392 |
| -1197 | کشتہ قلعی | (909) | 394 |
| -1198 | کشتہ قلعی | (935) | 402 |
| -1199 | کشتہ قیتی | (523) | 226 |
| -1200 | کشتہ گاؤدنتی | (311) | 140 |
| -1201 | کشتہ گاؤدنتی | (312) | 140 |
| -1202 | کشتہ گاؤدنتی | (348) | 152 |
| -1203 | کشتہ مار | (287) | 128 |
| -1204 | کشتہ مار | (453) | 199 |
| -1205 | کشتہ مثلث | (919) | 397 |
| -1206 | کشتہ مرجان | (493) | 213 |
| -1207 | کشتہ مرجان | (531) | 229 |
| -1208 | کشتہ مرجان | (881) | 386 |
| -1209 | کشتہ مرکب | (565) | 242 |
| -1210 | کشتہ مرکب | (905) | 393 |
| -1211 | کشتہ نقرہ | (590) | 254 |

| | | | |
|---|---|---|---|
| -1212 | کشتہ نقرہ | (594) | 256 |
| -1213 | کشتہ نقرہ | (606) | 259 |
| -1214 | کشتہ نیلا تھوتھا | (832) | 364 |
| -1215 | کشتہ ہڑتال ورقیہ | (336) | 148 |
| -1216 | کشتہ ہڑتال ورقیہ | (792) | 348 |
| -1217 | کشتہ ہڑتال گاؤدنتی | (313) | 141 |
| -1218 | کشتہ یاقوت جواہردار | (631) | 271 |
| -1219 | ککرون | (48) | 32 |
| -1220 | ککرے | — | 30 |
| -1221 | کن حالات میں حمل گرانا چاہیے | — | 297 |
| -1222 | کنٹھ مالا | — | 132 |
| -1223 | کندن | (395) | 172 |
| -1224 | کوا گرنا | — | 129 |
| -1225 | کھانسول | (168) | 76 |
| -1226 | کھانسول | (558) | 239 |
| -1227 | کھانسی | — | 235 |
| -1228 | کھتہ پلو | (845) | 368 |
| -1229 | کیمیائے استسقاء | (218) | 98 |
| -1230 | گردے اور مثانے کے امراض | — | 332 |
| -1231 | گریمالٹ سیرپ | (159) | 73 |
| -1232 | گلاب پلو | (938) | 403 |
| -1233 | گلیسرین پلو | (291) | 130 |
| -1234 | گنج | — | 79 |
| -1235 | گوشمین | (757) | 330 |
| -1236 | لاثانی طلاء | (1006) | 429 |
| -1237 | لحن داؤدی | (295) | 132 |
| -1238 | لذت بخش | (604) | 259 |
| -1239 | لڑکیاں کی [illegible] | — | 300 |
| -1240 | لعوق عقرقرحا | (1054) | 447 |
| -1241 | لعوق کتڈنی | (763) | 336 |
| -1242 | لقمانی آئیل | (466) | 204 |
| -1243 | لنگڑی کا درد | — | 119 |
| -1244 | لیورا ایکس ٹب | (196) | 90 |
| -1245 | لیورین | (204) | 92 |
| -1246 | مارگزیدہ کے لئے | — | 501 |
| -1247 | ماخورہ | (471) | 206 |
| -1248 | مالش نمونیا | (582) | 248 |
| -1249 | مالیخولیا / وہم وسواس | — | 270 |
| -1250 | متفرق نسخہ جات | — | 374 |
| -1251 | متفرق نسخہ جات | — | 501 |
| -1252 | مثالی دوا | (659) | 283 |
| -1253 | مثانہ | — | 333 |
| -1254 | محافظ حافظہ | (612) | 263 |
| -1255 | مدرین | (716) | 314 |
| -1256 | مردانہ پوشیدہ امراض | — | 380 |
| -1257 | مردانہ کمزوری/ضعف باہ | — | 432 |
| -1258 | مرکبین | (601) | 258 |
| -1259 | مرگی | — | 273 |
| -1260 | مرہم اسود | (403) | 176 |
| -1261 | مرہم اکسیری | (388) | 169 |
| -1262 | مرہم بھگندر | (1175) | 498 |
| -1263 | مرہم جادو | (405) | 177 |
| -1264 | مرہم چاندنی | (747) | 324 |
| -1265 | مرہم خارش | (401) | 175 |

www.pdfbooksfree.pk

| | | | |
|---|---|---|---|
| -1266 | مرہم شفا | (1185) | 502 |
| -1267 | مرہم عطاری | (1187) | 503 |
| -1268 | مرہم عیسیٰ | (1180) | 500 |
| -1269 | مرہم کنٹھ مالا | (297) | 133 |
| -1270 | مرہم آتشک | (448) | 196 |
| -1271 | مرہم آسان | (1179) | 500 |
| -1272 | مساوی اوزان کی ترکیب | — | 504 |
| -1273 | مسقط جنین | — | 326 |
| -1274 | مسہل بے ضرر | (131) | 64 |
| -1275 | مسہل عجیب | (124) | 61 |
| -1276 | مسہل کامل | (125) | 62 |
| -1277 | مسہل مغلاں | (130) | 63 |
| -1278 | مسیحائی | (404) | 177 |
| -1279 | مشاق اطفال | (164) | 75 |
| -1280 | مشاق چشم | (26) | 23 |
| -1281 | مشکل ٹائم | (1144) | 485 |
| -1282 | مصفی خون نسخہ جات | — | 170 |
| -1283 | مصفی ہار | (386) | 168 |
| -1284 | مصفین | (393) | 171 |
| -1285 | مطبوخ اعلیٰ | (216) | 98 |
| -1286 | معجون اعظم | (762) | 336 |
| -1287 | معجون بواسیر | (1146) | 487 |
| -1288 | معجون جریان | (888) | 388 |
| -1289 | معجون دانائی | (599) | 257 |
| -1290 | معجون ریزش | (555) | 238 |
| -1291 | معجون زعفرانی | (1019) | 434 |
| -1292 | معجون سل | (584) | 250 |

| | | | |
|---|---|---|---|
| -1293 | معجون شباب آور | (1052) | 446 |
| -1294 | معجون شوگر فری | (808) | 355 |
| -1295 | معجون عشرت | (1059) | 448 |
| -1296 | معجون عقلی | (803) | 308 |
| -1297 | معجون عنبر | (490) | 212 |
| -1298 | معجون کبد | (191) | 88 |
| -1299 | معجون کثرت دودھ | (184) | 84 |
| -1300 | معجون ماسک البول | (854) | 372 |
| -1301 | معجون مجلوقین | (878) | 385 |
| -1302 | معجون مفرح | (509) | 219 |
| -1303 | معجون مقوی | (920) | 387 |
| -1304 | معجون نجاح | (634) | 272 |
| -1305 | معجون نشاط | (951) | 408 |
| -1306 | معجون تقوی | (497) | 214 |
| -1307 | معجون واحد | (1168) | 495 |
| -1308 | معجون آن | (901) | 382 |
| -1309 | معدہ کے امراض | — | 467 |
| -1310 | مخطط منی نسخہ جات | — | 405 |
| -1311 | مفرح قلب نسخہ جات | — | 217 |
| -1312 | مفید جلاب | (129) | 63 |
| -1313 | مقعد کے امراض | — | 486 |
| -1314 | مقوی پھیرنی | (1017) | 433 |
| -1315 | مقوی چشم | (42) | 29 |
| -1316 | مقوی دماغ | (591) | 255 |
| -1317 | ملذذ اعلیٰ | (1105) | 465 |
| -1318 | ملذذ خاص | (1103) | 464 |
| -1319 | ملذذ عطار | (1102) | 464 |


www.pdfbooksfree.pk

| | | | |
|---|---|---|---|
| -1320 | ملذذ عیش | (1106) | 465 |
| -1321 | ملذذ نسخہ جات | — | 464 |
| -1322 | ملذذ ممسک | (994) | 425 |
| -1323 | ملذذ ہاشمی | (1104) | 465 |
| -1324 | ملذذ آفتاب | (983) | 421 |
| -1325 | ملیریل پوڈر | (305) | 138 |
| -1326 | ملیرین | (357) | 156 |
| -1327 | ممسک بے نظیر | (986) | 422 |
| -1328 | ممسک قلندری | (1007) | 429 |
| -1329 | ممسک لاجواب | (981) | 420 |
| -1330 | ممسکی | (882) | 386 |
| -1331 | میٹھی موج | (116) | 58 |
| -1332 | ناخونہ | — | 33 |
| -1333 | ناقری | (226) | 103 |
| -1334 | ناک کے امراض | — | 375 |
| -1335 | نبات پلو | (940) | 404 |
| -1336 | نرینہ | (678) | 293 |
| -1337 | نرآمہ | (957) | 410 |
| -1338 | نزلہ وزکام | — | 280 |
| -1339 | نزول الماء (موتیابند) | — | 26 |
| -1340 | نسخہ زورآور | (795) | 349 |
| -1341 | نسخہ شمسیہ | (426) | 188 |
| -1342 | نسخہ فقیری | (805) | 354 |
| -1343 | نسخہ لاہوری | (290) | 130 |
| -1344 | نسوار اعلیٰ | (625) | 268 |
| -1345 | نسوار ثانی | (617) | 265 |
| -1346 | نسوار چمن | (663) | 285 |





| | | | |
|---|---|---|---|
| -1347 | نسوار عظیم | (628) | 269 |
| -1348 | نسوار کمال | (626) | 269 |
| -1349 | نسوار مرگی | (154) | 72 |
| -1350 | نسیان (بھول جانا) | — | 261 |
| -1351 | نشتری لوشن | (406) | 177 |
| -1352 | نفث الدم | — | 240 |
| -1353 | نفخ شکم/اپھارہ | — | 478 |
| -1354 | نقرس | — | 122 |
| -1355 | نکسیر/رعاف | — | 375 |
| -1356 | نورانی پوڈر | (731) | 319 |
| -1357 | نورانی چورن | (1122) | 474 |
| -1358 | نورین | (682) | 295 |
| -1359 | ورم جگر/ہیپاٹائٹس | — | 93 |
| -1360 | ہاضمو | (1110) | 470 |
| -1361 | ہاضمین | (1113) | 471 |
| -1362 | ہاضمین | (1117) | 472 |
| -1363 | ہچکی/فواق | — | 475 |
| -1364 | ہمدرد لوشن | (2) | 16 |
| -1365 | ہیضہ | — | 481 |
| -1366 | ہیلتھ کیئر | (153) | 72 |
| -1367 | ہرلی | (900) | 391 |
| -1368 | یرقان | — | 100 |
| -1369 | یمانی کمپاؤنڈ | (328) | 145 |
| -1370 | یورک ایسڈ کا پانی سے علاج | — | 508 |


www.pdfbooksfree.pk

ہومیو پیتھک کتب میں شاندار اضافہ




بچوں کے امراض
ڈاکٹر جاوید اقبال

دانیال
پریکٹس آف میڈیسن



راہ شفاء
ہومیو پیتھک علاج
ڈاکٹر شباہت حسین



کارڈیالوجی



شماص
ڈاکٹر کلارک کی 22 کتابوں کا خلاصہ
ہومیو پیتھک مجربات

مکتبہ دانیال
جلال الدین ہسپتال بلڈنگ چوک اردو بازار
غزنی سٹریٹ اردو بازار لاہور
Ph:042-7660736
0333-4276640

www.pdfbooksfree.pk